

# امام احمد رضا اور عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

تحقیق و تحریر علامہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نجم القادری

مقدمہ ملک محبوب الرسول قادری

قادری رضوی کتب خانہ لاہور

Marfat.com

ایک مردِ مومن کی روح پرور اور ایمان افروز حیاتِ مبارکہ کا منفرد تذکرہ

# امام احمد رضا اور عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تحقیق و تحریر علامہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نجم القادری

مقدمہ ملک محبوب الرسول قادری

قادری رضوی کتب خانہ
گنج بخش روڈ لاہور

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

84157

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ﴾

نام کتاب ______ امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف ______ علامہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نجم القادری

مقدمہ ______ مولانا ملک محبوب الرسول قادری رضوی

پروف ریڈنگ ______ مولانا غلام مختار قادری،

مولانا سالک آفاق رضوی

اشاعت باردوم ______ 1432ھ/2011ء

صفحات ______ 456

زیرنگرانی ______ چوہدری محمد خلیل قادری

تحریک ______ چوہدری محمد ممتاز احمد قادری

ناشر ______ چوہدری عبدالمجید قادری

تعداد ______ 1100

قیمت ______ 300روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

Marfat.com

# بساطِ نجم


میزان حروف...... محمد محبوب الرسول قادری رضوی 5

شرف انتساب 17

پہلا باب: عہد رضا کا منظر، پس منظر 19

- ......عہد رضا کا تاریخی پس منظر 20
- ......عہد رضا کا روحانی پس منظر 33
- ......حضرت رضا بریلوی کا سیاسی ماحول 44
- ......حضرت رضا بریلوی کا مذہبی ماحول 56

دوسرا باب: حضرت رضا بریلوی...... سیرت و سوانح 69

- ......خاندان و اجداد 70
- ......حالات و خدمات 78
- ......افکار و نظریات 90
- ......علمی تحقیقی نوادرات 105
- ......عالمی سطح پر پذیرائی و تاثرات 123

تیسرا باب: تصور عشق پر عمومی بحث 136

- ......عشق حقیقت کے آئینے میں 137
- ......تصور عشق اسلام کی نظر میں 149


Marfat.com

• ......تصورِ عشق، عارفوں، دانشوروں اور شاعروں کی نظر میں 169

چوتھا باب: تصورِ عشق ممتاز شعرا کے حوالے سے 191

• ......میر تقی میر کا تصورِ عشق 192

• ......غالب کا تصورِ عشق 196

• ......اقبال کا تصورِ عشق 201

پانچواں باب: حضرت رضا بریلوی کا تصورِ عشق 209

• ......حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق کے تشکیلی عناصر 210

(والد ماجد، خانگی ماحول، مرشد گرامی، دوست واحباب، قرآن وحدیث، تصوف وسلوک)

• ......حضرت رضا بریلوی کا محبوب، صورت وسیرت 244

• ......حضرت رضا بریلوی کی شخصیت، تصورِ عشق کے حوالے سے 263

• ......حضرت رضا بریلوی کا تصورِ عشق، تصانیف کے حوالے سے 299

چھٹا باب: حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق کے اثرات 345

• ......حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق کی بازگشت ۔ اقبال 346

• ......حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق نے ادب کو کیا دیا۔ 353

• ......حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق نے ملت کو کیا دیا 381

• ......حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق کے عہد مابعد پر اثرات 415

• ......حضرت رضا بریلوی کا تصورِ عشق عالمگیر تحریک، عالمگیر ضرورت 429

Marfat.com

# میزانِ حروف

چیف جسٹس میاں محبوب (فیڈرل شریعت کورٹ آف پاکستان) رقمطراز ہیں۔ برصغیر کی تاریخ میں جب بھی عزم وثبات، فکر وعمل اور محبت ویقین کی تاریخ رقم کی جائے گی۔ تو مولانا احمد رضا خان کا اسم گرامی باب اول میں زریں حروف سے رقم ہوگا۔ تاریخ کیا ہے؟ یہی کہ افراد کے کردار کا تذکرہ اور اقوام کی کاوشوں پر تبصرہ، تاریخ افراد کا بیان کرتی ہے۔ مگر کائنات ارضی میں بعض افراد ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں تاریخ اپنی تعمیر وزینت کے لیے برائے مدد پکارتی ہے۔

تاریخ کے اوراق پارینہ کو حکایتِ جدید اور دائمی زیست انہی پاکیزہ نفس کی بدولت نصیب ہوتی ہے جب روشنی کے ان میناروں سے ہدایت کا نور، ضیاء فرمائی کرتا ہے۔ تو ملائکہ کی محفل میں رشک و حیرانی کا ایک دراز سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور خلیفہ الٰہی کی عظمتوں پر کائنات گواہ بن جاتی ہے۔

مجھے آج کی محفل کے ممدوح امام احمد رضا کی حیات پر گفتگو کرتے ہوئے ان کی ہمہ جہت شخصیت کا تصور سامنے آتا ہے تو ان کی صفات فاضلہ کے انتخاب میں دشواری آتی ہے کہ ان کی زندگی کے کس پہلو کو بیان کروں اور کس کو ترک کروں۔

شکار ماہ کہ تسخیر آفتاب کروں
میں کس کو ترک کروں کس کا انتخاب کروں

ان کی قرآن فہمی سے لیکر شعر گوئی تک کے موضوعات ایک جہان نو لیے ہوئے ہیں۔ وہ مترجم کی حیثیت میں ہوں تو شعور و بیان اور اداؤ زبان کا ایک دبستان جدید نظر آتے ہیں۔ جب محدث کی حیثیت سے دیکھیں تو امام نووی، امام عسقلانی، امام قسطلانی اور امام سیوطی یاد آجاتے ہیں۔ فقہ میں ابو حنیفہ اور ابو یوسف کے کرم توجہ سے کشکول فکر بھرے نظر آتے ہیں۔ علم کلام میں امام رضا، ابو منصور ما تریدی اور اشاعرہ کے آئمہ وقت اور دقت نظری کا نمائندہ ہیں۔ منطق و فلسفہ کا میدان امام کی شہسواریٔ فکر سے پامال ہے اور اربابِ دانشِ یونان، امام احمد رضا کے باجگزار ہیں۔ علوم معقول و منقول کا کونسا ن شعبہ ہے جس میں اعلیٰ حضرت درجۂ اجتہاد پر فائز نہیں ہیں۔ اخلاق وعمل غیرت و

Marfat.com

حمیت ملی ان کی ذات کے نرالے پہلو ہیں۔

اصابت فکر میں عکسِ صدیق ہیں۔ حمیت دین میں دبدبۂ فاروقی سے مزین ہیں۔ حلم وتقویٰ میں رنگِ عثمانی جھلکتا ہے فقر وشجاعت میں یہ فقرِ علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) ہیں۔ اعلیٰ حضرت کی ذات ایثار نفسی میں دین کے لیے ایسی ڈھال ہیں کہ قرون اولیٰ کے مسلمان کے ایمان کی عملی تصویر دکھائی دیتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت کی جامع شخصیت کا ہر پہلو مومنانہ اور ہر انداز مجاہدانہ ہے۔ مسلمانوں کے لیے ہر میدان میں ان کی رہنمائی بروقت اور فراست سے معمور تھی۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں برصغیر کا ہر شہر میدان کارزار بن گیا تھا۔ انگریزوں نے اپنی فتح کے بعد قتل وغارت کا بازار گرم کر دیا تھا۔

علماء ومشائخ کا قتل عام ہوا، شعائر اسلام کی توہین ہوئی اہل اسلام کی املاک ضبط کر لی گئیں۔ یورپ نے اس غارت گری پر ہی اکتفاء نہ کیا۔ بلکہ اس کے مذموم مقاصد میں یہ کوشش بھی شامل تھی کہ مسلمانوں کو ان کی تہذیبی اقدار، دین سے وابستگی، اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے بے پایاں محبت کے جذبے اور الفت جہاد سے محروم کر دیا جائے اور اس قوم رسول ہاشمی ﷺ کو ہر اس شے سے محروم کر دیا جائے جو اس کی بقاء اور علیحدہ تشخص کی ضامن ہے۔

ان حالات کا اجمالی سا جائزہ ہم پر یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح کر دیتا ہے کہ ان حالات میں دین وملت کی پاسداری کا فریضہ ادا کرنا کس قدر مشکل تھا۔

امام احمد رضا کی ہمہ یہ پہلو ذات نے اس مشکل میں کس انداز سے حالات سے پنجہ آزمائی فرمائی۔

جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری کے الفاظ میں ”کہ جس کے مقدر میں تمام داخلی اور مذہبی فتنوں سے نبرد آزما ہونا لکھا تھا۔ اور اس کے لیے یہ فریضہ چنا گیا کہ یہ پیکر حسن وجمال، منبع فضل وکمال، مصدر کرم ونور حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی بارگاہ کی جانب ملت کا رخ کر دیں“۔

ایک اندازے کے مطابق حضرت امام کو ۷۰ کے قریب علوم وفنون پر دسترس حاصل تھی۔ علوم جدید ریاضی، لوگارتھم اور فزکس میں بہت بلند مرتبہ محقق ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر ضیاء الدین وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے آپ سے علوم ریاضی پر گفتگو کے بعد بے ساختہ یہ اعتراف کیا کہ ”علم لدنی کے بارے میں سنا تھا۔ آج اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا“۔ ان کے علمی مقام کی وضاحت کے لیے ایک بہت بڑے تحقیقاتی ادارے کی ضرورت ہے۔

Marfat.com

حضرت امام رضا کو علوم شرعیہ میں بے پناہ دسترس حاصل تھی۔ شجرہ علمی نے ہمیشہ ہی ملت اسلامیہ کی دستگیری فرمائی۔ اکابرین ملت اور زعماءِ قوم اس اعتراف پر متفق ہیں کہ امام احمد رضا علوم کی جامعیت میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔

مفکر اسلام شاعر مشرق فرماتے ہیں۔ ''ہندوستان کے دور آخر میں مولانا احمد رضا خان جیسا طباع اور ذہین فقیہ پیدا نہیں ہوا۔ مولانا اپنی رائے پختہ انداز میں قائم کرتے اور پھر اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔ مولانا احمد رضا اپنے دور کے امام ابو حنیفہ تھے''۔

مولانا کی علمی گہرائی پر جسٹس ملک غلام علی صاحب کی رائے سماعت فرمایئے ''جو علمی گہرائی میں نے ان کے یہاں پائی ہے۔ وہ بہت کم علماء میں پائی جاتی ہے۔ عشق خدا اور رسول ﷺ تو ان کی سطر سطر سے پھوٹتا ہے''۔

عبدالحئی لکھنوی یوں گویا ہیں۔ ''فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر عبور کے سلسلے میں ان کا کوئی بھی ہم عصر ان کا ہم پلہ نہیں''۔ اس پر ان کی کتاب ''کفل الفقیہ'' شاہد ہے شاہ معین الدین ندوی نے یوں اعتراف کیا کہ ''ان کے عالمانہ، محققانہ فتاویٰ مخالفین اور موافقین سب ہی کے لیے قابل مطالعہ ہیں''۔ ڈاکٹر ایوب قادری کے خراج تحسین کا انداز دیکھیے۔ ''اگر چہ فاضل بریلوی تمام علوم متداولہ میں کامل مہارت رکھتے تھے مگر فقہ میں ان کا کوئی مدمقابل نہ تھا''۔

آپ نے ایک علمی نشست میں سورۂ والضحیٰ کی تفسیر مسلسل چھ گھنٹے فرمائی اور آخر میں فرمایا کہ ''ہم نے اس سورۂ مبارکہ کی چند آیات کی تفسیر ۱۸۰ اجزاء میں لکھی تھی۔ باقی عدم فرصت کی بناء پر نہ لکھ سکے''۔

حضرت احمد رضا کی علمی جداگانہ شان یہ ہے کہ آپ سے اکثر سوالات جلیل القدر علماء نے فرمائے ہیں۔ مسئلے کو اس وضاحت سے بیان فرماتے کہ سائل کی تشنگی ختم ہو جاتی ہے اعلیٰ عدالتیں بھی ان سے راہنمائی حاصل کرتی تھیں۔ وصیت کے مسئلے میں ۶۶ صفحات پر مشتمل فتویٰ چیف کورٹ بہاولپور کو ارسال فرمایا تھا۔

وسعت نظری ایسی کہ ایک مرتبہ علماء نے مسلمان تعلیمی اداروں کو سرکاری گرانٹ لینے سے منع کر دیا۔ امام احمد رضا نے اس بندش کو نادرست قرار دیا اور فرمایا کہ گورنمنٹ ہم سے ٹیکس لیتی ہے، ہم کیوں نہ گرانٹ لیں اور اس مسئلے پر ایک مدلل کتاب رقم فرمائی۔

Marfat.com

سیاسی میدان میں گاندھی کے فریب نے تحریک خلافت میں مسلمانوں کو شکست سے دوچار کر دیا تھا۔مولانا بریلوی نے قبل از وقت مسئلہ خلافت کو اجاگر کیا تھا اور ہجرت سے منع فرمایا تھا۔

اسی طرح گائے کے ذبح پر گاندھی نے امتناع کے فتاویٰ حاصل کیے اور شعائر اسلام پر پابندی لگانے کا ایک نیا انداز اختیار کیا۔امام موصوف نے شدت سے اس فکر کا علمی تعاقب کیا۔

امام رضا نے مسلمانوں کی اجتماعی حیات کے لیے جو آئین بنایا،اس کی بنیاد رسول اللہ ﷺ سے وفاداری غیر مشروط طور پر رکھی۔وہ فرہنگی و ہندی چنگیزیت کا مقابلہ مصطفویت ﷺ کے اس نور سے کرنا چاہتے ہیں۔جہاں شرار بولہبیت کا وہم بھی نہ گزر سکے۔اقبال بھی یہی مرض تشخیص کرتے ہیں کہ کفر و طاغوت کی سازش یہی ہے کہ

وہ فاقہ کش جو موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روحِ محمد ﷺ اس کے بدن سے نکال دو

امام احمد رضا نے اس مریضانہ ذہن کی پیدا شدہ سازش کا علاج یہ تجویز کیا کہ۔

ٹھوکریں کھاتے پھرو گے ، ان کے در پہ پڑ رہو
قافلہ تو اے رضا اول گیا ، آخر گیا

اقبال و رضا کا نظریہ رجوع ملت اسلامیہ کے درد کا درماں ہے۔اسی نظریہ پر عمل پیرائی ہماری نجات کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔ملت اسلامیہ کے عظیم فرزند اور مجاہد کبیر مولانا محمد علی جوہر نے اس حقیقت کو کس احسن انداز سے بیان فرمایا ہے۔''اقبال کا کمال یہ ہے کہ اس نے مسلمانوں کے ذہن و فکر کو قرآن کی طرف موڑ دیا۔اور مولانا احمد رضا خان کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے مسلمانوں کے قلوب کو صاحبِ قرآن کی طرف موڑ دیا''۔

مولانا احمد رضا خان کے نزدیک حریتِ ملت اور حریتِ فکر کا مصدر و ماخذ صرف اور صرف ذات رسالت پناہ ﷺ سے وابستگی ہی میں میسر آ سکتا ہے۔کائنات کی ہر قوت اور ہر طاقت قوت عشق مصطفیٰ ﷺ کی طرف رجوع کرتی ہے۔

عشق مصطفیٰ ﷺ کی قوت ہی مرکز ایمان ہے اور ملت و مذہب کی قوت مرکز بارگاہ رسالت پناہ ﷺ سے تعلق ہی سے میسر آتی ہے انہی کی ذات پاک ، انہی کی محبت ، مدار جان اور ایمان ہے ، مرکز سے

Marfat.com

گریز ہمیشہ شکست وریخت کا سبب بنتا ہے۔

امام احمد رضا کے نزدیک حریتِ فکر اور حریتِ وجود صرف اور صرف نسبت عشقیہ سے پیدا ہوتی ہے انہوں نے مسلمانوں کو نسبت عشق کی اس زرہ، استقامت سے مزین کیا ہے کہ جس کے بعد باطل کی کوئی فکر اور طاغوت کا کوئی حربہ جسدِ ملت پر کارگر نہیں ہوسکتا کیونکہ اس وقت قلب ونگاہ اور فکر وعمل اس حسن میں ڈھل جاتا ہے۔

کروں مدح اہل دول رضا پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارہ ناں نہیں

میں یہاں 1983ء کی اپنی ایک ڈائری کے چند اوراق قارئین کرام کے سامنے رکھتے ہوئے مسرت محسوس کرتا ہوں جن میں مشاہیرِ قوم، مقتدر شخصیات اور مختلف طبقۂ وخیال کے سرکردہ راہنماؤں کے تاثرات اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یکجا کیے گئے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

حکیم الامت شاعر مشرق حضرت علامہ ڈاکٹر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ ''ہندوستان کے آخری دور میں ان جیسا طباع اور ذہین فقیہہ پیدا نہیں ہوا۔ میں نے ان کے فتاویٰ کے مطالعہ سے یہ رائے قائم کی ہے اور ان کے فتاویٰ ان کی ذہانت، فطانت، جودتِ طبع، کمالِ فقاہت اور علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عادل ہیں مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے ہیں اس پر مضبوطی سے قائم رہتے ہیں یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور وفکر کے بعد کرتے ہیں۔ انہیں اپنے شرعی فیصلوں اور فتاویٰ میں کبھی کسی تبدیلی یا رجوع کی ضرورت نہیں پڑتی بایں ہمہ ان کی طبیعت میں شدت زیادہ تھی۔ اگر یہ چیز درمیان میں نہ ہوتی تو مولانا احمد رضا خان گویا اپنے دور کے امام ابوحنیفہ ہوتے۔

(مقالات یوم رضا، حصہ سوم بقلم ڈاکٹر عابد علی (ایم۔اے) مہتمم بیت القرآن لاہور)

متنازعہ کتاب بہشتی زیور کے مصنف اشرف علی تھانوی دیوبندی کا کہنا ہے ''ممکن ہے ان کی مخالفت کا سبب واقعی حبِ رسول ﷺ ہی ہو اور غلط فہمی سے ہم لوگوں کو نعوذ باللہ حضور ﷺ کی شان میں گستاخ سمجھتے ہوں''۔ (اشرف السوانح جلد اول ۱۲۸/ رسالہ النور ۱۴۰ بحوالہ طمانچہ ۳۵)

ہفت روزہ چٹان لاہور کے مطابق مولانا اشرف علی تھانوی نے کہا کہ ''میرے دل میں احمد رضاؒ کے لیے احترام ہے۔ وہ ہمیں کافر کہتا ہے کہ لیکن عشق رسول ﷺ کی بناء پر کہتا ہے کسی اور غرض

Marfat.com

سے تو نہیں کہتا''۔ (ہفت روزہ چٹان لاہور ۲۳ اپریل ۱۹۶۲ء)

میرے شہر جوہر آباد سے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی شہرت کے حامل 106 سالہ روحانی بزرگ حضرت سیاحِ حرمین باباجی پیر سید طاہر حسین شاہ مدظلہ العالی اب بھی وہ واقعہ بڑی شرح وبسط کے ساتھ بیان فرماتے ہیں کہ جب 1921ء میں، میں مولانا اشرف علی تھانوی کے پاس ملاقات کے لیے گیا تو وہاں چند علماء بھی موجود تھے کسی نے اعلیٰ حضرت بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی رحلت کی خبر دی تو اشرف علی تھانوی نے فاتحہ کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے۔ باقاعدہ فاتحہ خوانی کی گئی اور دعائے مغفرت بھی۔ دعا کے بعد کسی نے کہا کہ حضرت! وہ تو آپ کو کافر کہتے تھے اور آپ ان کے لیے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔ اس پر مولانا تھانوی نے کہا کہ ''مولانا احمد رضا خان اگرچہ ہمیں کافر کہتے تھے مگر وہ عشق رسول ﷺ کے سبب کہتے تھے ہماری بعض عبادات ان کے نزدیک کفریہ تھیں۔ اگر وہ ان عبارات کو کفریہ سمجھتے ہوئے بھی ہمیں کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔ یہ مولانا احمد رضا کا عشق رسول ﷺ ہے۔ خدا انکے درجات بلند فرمائے''۔

مولانا شبلی نعمانی (مصنف سیرت النبی) کا کہنا ہے کہ ''مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی جو اپنے عقائد میں سخت ہی متشدد ہیں مگر اس کے باوجود مولانا صاحب کا علمی شجر اس قدر بلند درجہ کا ہے کہ اس دور کے تمام عالم دین اس مولوی احمد رضا خان صاحب کے سامنے پرکاہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتے۔ اس احقر (شبلی) نے بھی آپ کی متعدد کتابیں دیکھی ہیں جس میں احکام شریعت اور دیگر بھی ہیں۔

(امام احمد رضا بریلوی اکابر کی نظر میں صفحہ ۲۱ بحوالہ رسالہ الندوہ اکتوبر ۱۹۱۴ء ۱۷)

مشہور دیوبندی عالم شبیر احمد عثمانی کا کہنا ہے کہ مولانا احمد رضا کو تکفیر کے جرم میں برا کہنا بہت ہی برا ہے کیونکہ وہ بڑے عالم دین اور بلند پایہ محقق تھے مولانا احمد رضا خان کی رحلت عالم اسلام کا ایک بہت بڑا سانحہ ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ (ہادی دیوبند۔ صفحہ ۲۱ بابت ذوالحجہ ۱۳۶۹ھ بحوالہ طمانچہ ۴۳)

جماعت اسلامی کے بانی ابوالاعلیٰ مودودی کہتے ہیں کہ ''مولانا احمد رضا خان صاحب کے علم و فضل کا میرے دل میں بڑا احترام ہے فی الواقع وہ علوم دین پر بڑی نظر رکھتے تھے اور ان کی فضیلت کا اعتراف ان لوگوں کو بھی ہے جو ان سے اختلاف رکھتے ہیں''۔

نائب مولانا مودودی جناب ملک غلام علی صاحب کا بیان ہے ''حقیقت یہ ہے کہ مولانا احمد رضا

Marfat.com

خان صاحب کے بارے میں اب تک ہم لوگ سخت غلط فہمی میں مبتلا رہے ہیں ان کی بعض تصانیف اور فتاویٰ کے مطالعہ کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ جو علمی گہرائی میں نے یہاں پائی وہ بہت کم علماء میں پائی جاتی ہے۔ اور عشق خدا اور رسول تو ان کی سطر سطر سے پھوٹا پڑتا ہے"۔

(ہفت روزہ شہاب لاہور ۲۵ نومبر ۱۹۶۲ء)

مولانا کوثر نیازی نے جماعت اسلامی میں اپنے عروج کے زمانہ میں لکھا" بریلی میں ایک شخص پیدا ہوا جو نعت گوئی کا امام تھا اور" احمد رضا بریلوی جسکا نام تھا ان سے ممکن ہے بعض پہلوؤں میں لوگوں کو اختلاف ہو۔ عقیدوے میں اختلاف ہو لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ عشق رسول ﷺ ان کی نعتوں میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہے"۔

(خطاب تقریب اشاعت ارمغانِ نعت کراچی ۱۹۷۵ء صفحہ ۲۹ بحوالہ عاشق رسول صفحہ ۹)

مشہور شیعہ مجتہد سید عباس رضوی کا بیان ہے" ایسے کڑے وقت میں بریلی کے متمول تعلیم یافتہ بزرگ خاندان سے احمد رضا خان صاحب قبلہ کی ذات گرامی نے کارہائے نمایاں انجام دیئے وہ زبردست جہاد اولیٰ کا درجہ رکھتے ہیں انہوں نے تن تنہا اتنے عظیم طوفان کا مقابلہ کیا۔ اقبالؒ جیسے مفکر سے لوہا منوا لا غیروں سے تائید کرائی اکابرین علماء مکہ معظّمہ و مدینہ منورہ سے مہر تصدیق ثبت فرمائی۔ ان کا کلام عشقِ رسول ﷺ میں ڈوبا ہوا ہے اور ہمارے لیے ایک سبق ہے کہ کسی بھی مدرسۂ فکر و خیال کے علماء ہوں مولانا احمد رضا خان صاحب کا نام سن کر گردن نہ سہی دل ضرور خم کر دیتے ہیں۔ اور یہ ادنیٰ اعجاز ہے محبّ اہلبیت کا، سچ تو یہ ہے کہ مولانا احمد رضا خان صاحبؒ جیسے محبّ اہلبیت بزرگ صدیوں کے الٹ پھیر مین بھی پیدا نہیں ہوئے قدرت انکو ایک خاص مقصد کے لیے پیدا کرتی ہے۔ اور یہ خود دین فطرت کی خدمت کے لیے وجود میں آتے ہیں۔

(ماہنامہ المیزان بمبئی۔ امام احمد رضاؒ نمبر۔ ۱۹۷۶ء صفحہ ۵۵۰)

اہل حدیث فاضل ڈاکٹر پروفیسر محی الدین الوائی جامعہ الازہر (مصر) رقمطراز ہیں" جن علمائے ہند نے مروجہ علوم عربیہ و دینیہ کی خدمات میں اعلیٰ قسم کا حصہ لیا ہے۔ ان میں مولانا احمد رضا خان صاحب کا نام سرفہرست نظر آتا ہے علوم عربیہ اسلامیہ کو آراستہ کرنے میں آپکا بہترین ریکارڈ ہے آپ نے جس طرح علوم فقہ، تفسیر، حدیث، کلام اور تصوف وغیرہ علوم فروعات میں تصانیف فرمائی

Marfat.com

ہیں اسی طرح آپ کی بہت سی تصانیف ادب مثلاً صرف، بلاغت، شعر وانشاء میں بھی ہیں نیز علوم عقلیہ مثلاً منطق، ہیت، حساب، فلسفہ وغیرہ علوم پر بھی آپ نے قلم اٹھایا، بیان کیا جاتا ہے کہ مولانا احمد رضا خان صاحب نے صرف ایک ماہ کی قلیل مدت میں پورا قرآن حفظ کر لیا تھا۔ آپکی علمی سرگرمیوں میں تصوف، ارتقاء پرہیز گاری کے بہترین نمونے ہیں جن کی بنا پر آپ بہت جلد سارے ہندوستان میں مشہور ہو گئے اور آپ کے پاس نور معرفت کے پروانے ہر طرف سے آنے لگے آپ عالم محقق ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین نازک خیال شاعر بھی تھے جس پر آپ کے دیوان ''حدائق بخشش''۔ ''حدائق الحطیات و مدح رسول'' بہترین شاہد ہیں۔ اس کے علاوہ فلسفہ، علم فلکیات، ریاضی اور دین وادب میں آپ ہندوستان کے صف اول کے ممتاز شعراء میں تھے۔ آپ کی تصانیف مطبوعہ وقلمی عربی، فارسی، اردو زبانوں میں ایک ہزار سے زائد ہیں''۔

(المیز ان بمبئی امام احمد رضا نمبر۔ ۱۹۷۶ء صفحہ ۵۵۱، ۵۵۴)

تحریک پاکستان کے نامور سپاہی اور ممتاز صحافی جناب میاں عبدالرشید کالم نگار نور بصیرت روز نامہ نوائے وقت کے دل کی آواز سنیئے۔ ''اعلحضرت نے پر آشوب دور میں نبی اکرم ﷺ سے والہانہ عشق ومحبت کی نظم ونثر میں جو قندیلیں روشن فرمائیں، انکی روشنی نے امت کو بے شمار ٹھوکروں سے محفوظ کرنے میں مدد دی اور منزل مقصود کی طرف رہنمائی کی''۔

(اعلحضرت کی شاعری پر ایک نظر صفحہ ۴۹)

بابائے اردو ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب فرماتے ہیں ''وہ جید عالم، متبحر حکیم، عبقری فقیہہ، صاحب نظر، مفسر قرآن، عظیم محدث اور سحر بیاں خطیب تھے۔ لیکن ان تمام درجات رفیع سے بلند ان کا ایک درجہ ہے اور وہ ہے عشق رسول ﷺ کا'' (پیغامات یوم رضا مطبوعہ لاہور صفحہ 35)

پروفیسر افتخار اعظمی باوجود اختلاف مسلک کے رقمطراز ہیں ''احمد رضا خان بریلوی کے مسلک سے اختلاف ممکن ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ غیر معمولی ذہین اور متبحر عالم تھے وہ عالم دین ہونے کی حیثیت سے زیادہ مشہور ہوئے اس لیے ان کی شاعرانہ تخلیقات کی طرف بہت کم توجہ دی گئی حالانکہ ان کا نعتیہ کلام اس لیے پایہ کا ہے کہ انہیں طبقہ اولیٰ کے نعت گو شعراء میں جگہ دی جانی چاہیے انہیں فن اور زبان پر پوری قدرت حاصل ہے ان کے یہاں تصنع اور تکلف نہیں بلکہ بے ساختگی ہے

Marfat.com

کیونکہ رسول پاک ﷺ سے انہیں بے پناہ محبت اور عقیدت تھی اس لیے ان کا نعتیہ کلام شدتِ احساس کے ساتھ ساتھ خلوص جذبات کا آئینہ دار ہے"۔

(ارمغان حرم صفحہ ۱۴.........مولانا احمد رضا کی نعتیہ شاعری مطبوعہ لاہور صفحہ ۱۷)

ماہنامہ فاران کے مدیر اور مشہور شاعر ماہر القادری کا کہنا ہے "مولانا احمد رضا خان بریلوی مرحوم دینی علوم کے جامع تھے، یہاں تک کہ ریاضی میں بھی دستگاہ رکھتے تھے۔ دینی علوم و فضل کے ساتھ شیوہ بیان شاعر بھی تھے اور انکو یہ سعادت حاصل ہوئی کہ مجازی راہ سخن سے ہٹ کر صرف نعتِ رسول ﷺ کو اپنے افکار کا موضوع بنایا۔ مولانا احمد رضا خان کے چھوٹے بھائی مولانا حسن رضا خان بڑے خوش گو شاعر تھے اور مرزا داغ سے نسبتِ تلمذ رکھتے تھے مولانا احمد رضا خان صاحب کی نعتیہ غزل کا یہ مطلع۔

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جب استاد مرزا داغ کو حسن بریلوی نے سنایا تو داغ نے بہت تعریف کی اور فرمایا "مولوی ہو کر ایسے اچھے شعر کہتا ہے"۔ (ماہنامہ فاران کراچی۔ ستمبر ۱۹۷۳ء صفحہ ۴۴،۴۵)

ان تمام تاثرات کو ایک نظر سے اعلیٰحضرت البرکت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کے علم بیکراں، اور بے پناہ عشق رسول ﷺ کا پتہ چلتا ہے، سینکڑوں اہل علم حضرات نے خواہ وہ کسی بھی مسلک اور خیال سے تعلق رکھتے ہوں آپکی تبحر علمی اور فقاہت کا اعتراف کیا ہے۔

یہاں پاکستان کی عدلیہ کا معروف نام چیف جسٹس جناب جسٹس اجمل میاں (سپریم کورٹ آف پاکستان) کے تاثرات بھی پیش کردوں۔ کیونکہ اس کے مطالعہ سے جہاں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان محدث بریلوی قدس سرہٗ سے متعلق ان کے خیالات کا پتہ چلتا ہے وہاں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی خدمات کا ایک آئینہ بھی دکھائی پڑتا ہے تو جناب، ملاحظہ ہوں۔ فاضل جسٹس کے زریں خیالات۔ وہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے حضور یوں رطب اللسان ہیں۔ "امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی ذات سے کون واقفیت نہیں رکھتا؟۔ ان کی ہستی وہ ہے جس نے مسلمانان ہند کی از سر نو شیرازہ بندی کی اور ان کے لیے ایک واضح لائحہ عمل متعین کر کے منزل مقصود سے ہمکنار

Marfat.com

کیا.........روہیل کھنڈ (بریلی، یوپی، بھارت) کے ایک معزز افغان گھرانے میں ۱۰ شوال ۱۲۷۲ھ (بمطابق ۱۴ اجون ۱۸۵۶ء) کو مولانا احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش ہوئی آپ کے والد مکرم نے آپ کا نام نامی اسم گرامی......محمد......رکھا اور جد امجد نے......احمد رضا......اور خود فاضل بریلوی نے......"عبد المصطفےٰ"......کا اضافہ کیا۔

مولانا احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی تیزی کیساتھ تحصیل علم کے مدارج طے کیے روایات کے مطابق آپ نے ۱۸۶۰ء میں قرآن مجید ختم کیا ۱۸۶۸ء میں پہلی عربی تصنیف کی، ۱۸۷۹ء میں شعبان کے مہینے میں آپ کو دستار فضیلت سے سرفراز کیا گیا، آپ نے فتویٰ نویسی کی با قاعدہ اجازت ۱۸۷۶ء میں حاصل کی، آپ علم تفسیر وحدیث، فقہ، منطق، نجوم، جفر، ریاضی، تاریخ اور نعتیہ شعر وشاعری وغیرہ میں ایک کامل استاد کی حیثیت رکھتے تھے۔آپ کو اردو، عربی اور فارسی پر کامل دسترس حاصل تھی، آپ نے اصلاح رسوم پر پوری توجہ مرکوز کی۔

گستاخان رسول ﷺ کی تحریروں پر گرفت کی، آپ کا عظیم کارنامہ یہ تھا کہ علوم اسلامی، فقہ وحدیث کی درس وتدلیس کی اور بے شمار موضوعات پر تصنیف وتالیف کی۔فتنۂ انکار ختم نبوت کی بیخ کنی کی اور تحفظ ناموس رسالت کے لیے شبانہ روز کاوش کی دین وعقائد واعمال کا مجموعہ ہے اور آپ دونوں (عقائد واعمال) پر مجددانہ بصیرت رکھتے تھے۔آپ احکام شریعہ کے تمام جزئیات پر دسترس رکھتے تھے ۔آپ کے فتاویٰ کا مجموعہ "فتاویٰ رضویہ" جو بارہ جلدوں میں ہے اور جس میں فقہ حنفی سے متعلق تمام موضوعات پر جامع بحث کی گئی ہے رہتی دنیا تک آپ کی منفرد شخصیت کی عکاسی کرتی رہے گی۔

آپ کی شخصیت حُبِ رسول ﷺ کی ضیاء پاشیوں سے منور تھی آپ کی نعتیہ شاعری اس کا جیتا جاگتا ثبوت ہے، جس کا ہر مصرعہ اور شعر عشق رسول ﷺ کے نور سے منور ہے علوم قرآن وتفسیر کا نا قابل تردید شاہکار آپ کا ترجمہ قرآن، کنز الایمان ہے جو نہایت سلیس ہونے کے ساتھ ساتھ عام فہم اور ایک عام آدمی کے لیے مشعل راہ ہے۔

"امام احمد رضا اور عشق مصطفےٰ ﷺ" میسور یونیورسٹی میسور سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والے نوجوان سکالر محترم علامہ پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفےٰ نجم القادری کا تاریخی مقالہ ہے آپ ۱۱ جون ۱۹۶۵ء کو پیدا ہوئے۔آپ کا وطن مالوف، ردولی شریف، پوسٹ ہمایوں پور، وایا نان پور، ضلع

Marfat.com

سیتامڑھی، بہار ہے آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی مرحوم عابد حسین صاحب، جد امجد حافظ محمد ادریس صاحب اور حافظ محمد زین الدین صاحب سے حاصل کی جبکہ درس نظامی کی کتب شرح جامی تک۔ گہوارۂ علم وفن جامعہ قادریہ مقصود پور (مظفر پور) انڈیا میں پڑھیں فاضل دینیات ...... مرکز اہلسنت جامعہ رضویہ منظر اسلام ......... بریلی شریف۔ یوپی سے کیا آپ نے تاجدار اہلسنت، نور دیدۂ اعلیحضرت حضور مفتی اعظم ہند، حضرت مولانا الشاہ محمد مصطفےٰ رضا قادری بریلی شریف کے دست حق پر بیعت کا شرف حاصل۔ آپ کے ممتاز اساتذۂ کرام میں استاذ العلماء حضرت، علامہ محمد احسان علی صاحب علیہ الرحمہ (محدث اعظم بہار)، جانشین حضور مفتی اعظم ہند، تاج الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان صاحب قبلہ بریلی شریف، صدر العلماء حضرت علامہ مولانا محمد تحسین رضا خان صاحب قبلہ سابق شیخ الحدیث جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی شریف مناظر اہلسنت فخر بہار حضرت علامہ مفتی محمد اسلم رضوی صاحب (خلیفہ حضور مفتی اعظم ہند بریلی شریف ......... بانی ومہتمم جامعہ قادریہ، مقصود پور۔ مظفر پور...... بہار) جیسی مقتدر شخصیات شامل ہیں آپ نے مختلف اوقات میں جامعہ قادریہ مقصود پور...... (مظفر پور)۔ دارالعلوم فیض الرضا دوری۔ سیتامڑھی، دارالعلوم شاہ جماعت۔ ہاسن۔ سنی دارالعلوم محمدیہ۔ موڈ بیدری۔ منگلور میں تدریسی خدمات سرانجام دیں علامہ ڈاکٹر نجم القادری نے بارا ایجوکیشن بورڈ، مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ سے مولوی، میسور یونیورسٹی، میسور سے ایم اے اردو (1992) اور پھر یہیں سے پی ایچ ڈی (31 دسمبر 2002ء) کی۔ آپ کی تصانیف میں زیر نظر مقالہ ''امام احمد رضا اور عشق مصطفےٰ ﷺ'' کے علاوہ علم، عمل، عشق اور امام احمد رضا چھپ گئی ہے بلکہ ایک کتاب حقوق مصطفےٰ ﷺ کے نام سے بھی چھپ چکی ہے۔ جبکہ تین کتب (۱) اسلام اور مسلمان (۲) قطب الارشاد (۳) اتحاد کا اسلامی تصور مختلف مراحل طے کر رہی ہیں آپ دارالعلوم تاج الاسلام شانتی نگر میسور کے بانی ومہتمم ہیں ڈاکٹر نجم القادری کے مشاغل میں درس و تدریس، امامت وخطابت، تبلیغ دین وسنت شامل ہیں جبکہ وہ سہ ماہی دین ودانش، میسور ''انڈیا'' کے چیف ایڈیٹر بھی ہیں اور رضا اسلامک مشن میسور کے صدر بھی، آپ سے مراسلت کا پتہ یہ ہے'' تاج الاسلام عربک کالج ساتواں کراس متصل مسجد عمار، شانتی نگر، میسور...... انڈیا۔

ڈاکٹر نجم القادری کی تحریر کا کمال یہ ہے کہ وہ بڑی روانی اور آسانی کے ساتھ قاری کے دل ودماغ

Marfat.com

میں جگہ پالیتی ہے اور اس کا سبب موصوف کے انتھک محنتی ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے مشن کے ساتھ مخلص ہونا بھی ہے ان کی تحریروں میں ایک خاص لطف اور حظ ہے جو انکے قاری کو اپنے مطالعہ میں وسعت پر آمادہ کرتا رہتا ہے بلاشبہ ان جیسے لوگ مسلک اہل سنت کا بہترین سرمایہ ہیں ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ سبحانہ' وتعالیٰ ان کے علم وعمل میں مزید برکتیں عطا فرمائے ان کے قلم کو مزید روانی عطا کرے ان کی تحریر کو تاثیر کی قوت بخشے اور ملت کے لیے نفع بخش بنائے۔

اس عظیم خدمت پر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نجم القادری پوری قوم کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے کمال محنت سے نہایت اہم موضوع پر اس انداز میں کام کیا کہ موضوع کا حق ادا کر دیا۔

؎ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

اس کے علاوہ میرے عزیز رفیق اور مخلص ساتھی چوہدری عبدالمجید قادری بھی خاص طور پر شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے انٹرنیشنل غوثیہ فورم کی تحریک پر لبیک کہا اور زیرِ نظر کتاب کی فوری اور شاندار طباعت کا بیڑا اٹھایا، خدا ان کو اس کی بہتر جزا عطا فرمائے آمین۔

۱۹ ربیع الآخر ۱۴۲۵ھ

**محمد محبوب الرسول قادری رضوی**

چیئرمین۔ انٹرنیشنل غوثیہ فورم

چیف ایڈیٹر، مجلّہ **انوارِ رضا** ...... جوہر آباد

پنجاب ...... (پاکستان)

رابطہ کے لیے

092-42-5300353-4

092-454-721787

موبائل: 0300-9429027

Marfat.com

# شرف انتساب

صدف کونین کے اس دریکتا کے نام

- ......جس کا نام نامی اسم گرامی عرش اعظم کی پیشانی کی زینت ہے۔ جن وانساں کے دل کا سرور ہے، حور غلماں کے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ گلزار کے پتے پتے اور ریگزار کے ذرے ذرے میں جس کا نور وظہور ہے۔ غرق محبت ہو کر اگر اس مبارک نام کو زبان پر لائیے تو عطر آگیں مٹھاس سے کام ودہن سرشار ہو جائیں۔

لب پہ آجاتا ہے جب نام جناب منہ میں گھل جاتا ہے شہد نایاب
وجد میں ہو کہ ہم اے جان بے تاب اپنے لب چوم لیا کرتے ہیں

- ......وہ شاہ کار قدرت جس نے خدا کی معرفت کی تبلیغ واشاعت کچھ اس انداز دلربائی اور شان استغنائی سے کی کہ خود اس کی معرفت ہی خدا کی معرفت کی دلیل بن گئی۔

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

- ......اللہ تبارک وتعالیٰ نے جس کی محبت واطاعت کے ساتھ اپنی عبادت کو مشروط کر دیا اور نوید جانفزا سنا دیا کہ غلام مصطفےٰ بن جاؤ محبوب خدا بن جاؤ گے۔

خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے عبد مصطفےٰ
تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

**یعنی**

زباں پہ بار خدا یا یہ کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کے لئے

Marfat.com

انہوں نے شعر وسخن کی وہ جوت جگائی اور نغمۂ محبت کو اس انداز سے چھیڑا کہ مسلمانوں کے دل صاحب قرآن کی طرف پھر گئے وہ عاشق تھے عشق جنون خیز نے انہیں چراغ دکھایا، فیضان محمدی نے ان کی رہبری کی، یہ عشق رسالت ہی کا فیضان ہے کہ انہوں نے اپنا موضوع سخن اپنا آئیڈیل کسی مجازی محبوب کو نہیں بلکہ انہیں بنایا ہے جن کی محبت حاصل کائنات اور دین وایمان کا ماحصل ہے۔ نعت کہنا تلوار کی دھار پر چلنا ہے لیکن حضرت رضا بریلوی اس پر خطر راہ سے جس طرح خضر راہ بن کر گذرے ہیں اس کی مثال نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہے اور جب اس فن کے پارکھ نے آپ کی شاعری کو تنقید و تنقیح کے معیار پر پرکھا ہے تو ندرت بندش، حسن خیال، جدت تراکیب، انوکھی تشبیہات اور نرالے استعارات کی نئی نئی سوغات دیکھ کر انہوں نے بھی یہ اعتراف کیا ہے کہ اس فن میں بھی آپ امامت کے منصب پر فائز ہیں۔ تحدیث نعمت کے طور پر خود فرماتے ہیں۔

ملک سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آگے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

ان کی عظمت کی خوشبو چمن در چمن اور انجمن در انجمن پھیل چکی ہے۔ ان کی علمی وفنی جامعیت نے عالمی جامعات کو متوجہ کر دیا ہے۔ ان کے ذکر وتذکرے کی گونج اب سمندر پار بھی سنی جا رہی ہے وہ جب تک ہماری ظاہری نگاہوں کے سامنے رہے عشق وادب، مذہب وسائنس کی توجہات کا مرکز رہے آج نظروں سے اوجھل ہیں مگر پھر بھی دین ودانش کی بزم کی زینت ہیں۔ آپ کی ہزار کے قریب نادر تصانیف اور تصانیف کا منفرد اسلوب تحقیق، مختلف انداز سے روشنیاں پھیلا رہا ہے۔ گویا وہ کل کی طرح آج بھی دین ودانش اور عشق وادب کی خدمات میں مصروف ہیں۔ جیسے مرقد رضا سے آواز آ رہی ہو۔ ع

ہم پرورش لوح و قلم کرتے رہیں گے

Marfat.com

پہلا باب

# منظر، پس منظر

☆ ............عہد رضا کا تاریخی پس منظر

☆ ............عہد رضا کا روحانی پس منظر

☆ ............رضا بریلوی کا سیاسی ماحول

☆ ............رضا بریلوی کا مذہبی ماحول

Marfat.com

# عہد رضا کا تاریخی پس منظر

حضرت رضا بریلوی کا عہد (1272ھ-1340ھ/1856ء-1921ء) سیاسی مذہبی تاریخی ہر اعتبار سے انقلابی عہد ہے۔ اور اس عہد کا تاریخی پس منظر انتہائی مایوس کن، حوصلہ آزما، صبر فرسا۔ جب ایک پوری تاریخ کا نقشہ بدلا گیا نئے فارمولے تیار کئے گئے اور اس پر عمل درآمد کے لئے حسرتوں، ارمانوں، تمناؤں کا خون کیا گیا۔ تیرہویں اور چودہویں صدی ہجری میں مسلمان تاریخی ادبار کا شکار تھے۔ عثمانی ترکوں کو مغربی استعمار ختم کرنے پر تلا تھا۔ برصغیر کے افق پر ایسٹ انڈیا کمپنی کا ستارہ چمک رہا تھا اور مغل حسرت و یاس کے تاریک سایوں میں کھو رہے تھے۔ عالم عرب کو اندرونی کشمکش کی چکی میں پیسا جا رہا تھا، مشرق سے مغرب تک عالم اسلام غلامی کی بیڑیوں میں جکڑا ہوا تھا۔ مغربی شاطروں نے سیاست کی بساط الٹ دی تھی اور مسلمان حکمراں خزاں کے بکھرے پتوں کی طرح استعماریت کی ہوا کے دوش پر اڑے جا رہے تھے۔ دیو استبداد مشرق کی سیاست کے کھنڈرات پر محو رقص تھا۔ عوام محو حیرت تھے۔ کہ کیا تھا۔ کیا ہو گیا۔ وہ لوگ جنہیں اپنی اور اپنے شہروں سے زیادہ ایمان و اسلام عزیز تھا وہ سوچتے تھے۔ اگر ہماری اجتماعیت کا یہ شیرازہ بکھر گیا تو کیا ہوگا؟ نئے حاکم بھی سوچ رہے تھے کہ جس طرح ممکن ہو مسلمانوں کے دل و دماغ سے مذہب کی الفت نکال دی جائے انہوں نے مسلمانوں کا فکری تجزیہ کیا انہیں محسوس ہوا کہ مسلمان کے دل میں حضور ختمی مرتبت ﷺ کا مقام عالی اس قدر عزیز از جان ہے کہ وہ ناموس محمدی کے تحفظ کے لئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے پروانہ وار نثار ہو جاتے ہیں۔ وہ سب کچھ برداشت کرتے ہیں۔ مگر عظمت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف ذرا سی بات بھی برداشت نہیں کرتے۔

در دل مسلم مقام مصطفیٰ است
آبروئے ما ز نام مصطفیٰ است

پر ایمان رکھتے ہیں۔ محبت نبوی ہی ان کی زندگی ہے۔ یہی محبت ان کے لئے شعاع امید ہے اور اسی محبت کی روشنی میں وہ راہ حیات کی تاریکیوں کو عبور کر جاتے ہیں۔ غیروں نے سوچا حاکموں نے غور کیا کہ عشق مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء کی بہاریں جب تک گل فشاں ہیں تب تک ملت مسلمہ کا

Marfat.com

شیرازہ نہیں بکھر سکتا اس لئے ضروری ہے کہ

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں کبھی
اس کے بدن سے روح محمد نکال دو

اس لئے ضروری ٹھہرا کہ ذات نبی ﷺ کو موضوع بحث بنایا جائے اور اس سلسلے میں شکست خوردہ قوم کے کچھ لوگو کو اپنا ہمنوا بنایا جائے ایسے لوگوں کی تلاش میں مغربی استعمار کامیاب ہو گیا۔ اسے عالم عرب میں بھی ایسے لوگ مل گئے اور برصغیر میں بھی ان کی تلاش بار آور ہوئی۔ پھر کیا تھا۔ مسائل کی فہرست تیار کر لی گئی اور صدیوں کے متفقہ اثاثہ محبت پر انگشت نمائی شروع ہو گئی۔ مثلاً حضور خاتم النبین ہیں کہ نہیں ہیں ......... حضور کو علم غیب تھا کہ نہیں تھا ......... حضور سے توسل واستغاثہ جائز ہے کہ نہیں ہے ......... یارسول اللہ یا نبی اللہ پکارنا روا ہے کہ نہیں ہے ......... حضور کی عظمت ومحبت مدار ایمان ہے کہ نہیں ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

علامہ خالد محمود۔ ایم اے نے ”بیس بڑے مسلمان“ نامی کتاب کے پیش لفظ میں ”دی ارائیول آف برٹش ایمپائر انڈیا“ کے حوالے سے مشنری کے پادری اور کمیشن کے نمائندگان کی رپورٹیں پیش کی ہیں۔ صرف ایک رپورٹ نقل کرتا ہوں جس سے صورت حال کی اچھی غمازی ہوتی ہے۔

> ”یہاں کے باشندوں کی ایک بہت بڑی اکثریت پیری مریدی کے رجحانات کی حامل ہے اگر اس وقت ہم کسی ایسے غدار کو ڈھونڈنے میں کامیاب ہو جائیں جو ظل نبوت کا دعویٰ کرنے کو تیار ہو جائے تو اس کے حلقۂ نبوت میں ہزاروں لوگ جوق در جوق شامل ہو جائیں گے۔ لیکن مسلمانوں میں اس قسم کے دعویٰ کے لئے کسی کو تیار کرنا ہی بنیادی کام ہے ہم اس سے پہلے برصغیر کی تمام حکومتوں کو غدار تلاش کرنے کی حکمت عملی سے شکست دے چکے ہیں“

(بیس بڑے مسلمان۔ علامہ خالد محمود ایم۔ اے۔) (1)

انگریز رپورٹر کی رپورٹ سامنے رکھئے اور صراط مستقیم، جلاء العینین، رسالہ یکروزی، خصوصاً تقویۃ الایمان کا مطالعہ کیجئے انگریزی حکومت وحکمت کی عملی تصویر آپ کے سامنے آجائے گی۔
اس طرح کی غیر محتاط مصنفات غیر ذمہ دار مندرجات سے لیس ہو کر جب سامنے آئیں جن

Marfat.com

سے کسرِ شانِ الوہیت اور قصرِ مقامِ نبوت کا دروازہ کھلتا تھا تو مسلمانوں میں ہیجان برپا ہوگیا۔ خارجی انتشار و خلفشار پہلے سے ہی کیا کم تھا کہ اس داخلی انتشار نے ملی جمعیت کو پاش پاش کر کے رکھ دیا مسلمان ٹکریوں میں بٹ گئے اور یہی انگریز بھی چاہتا تھا۔

انگریز نے شاطرانہ چال اور عیارانہ جال میں مسلمانوں کو پھانسا تھا۔

افسوس کہ دیدہ ور بھی اس کے نتائج کو نہ سمجھ سکے۔ڈاکٹر قمر النساء اپنے تحقیقی مقالہ ''العلامہ فضل حق خیر آبادی'' میں تحریر کرتی ہیں......... پروفیسر محمد شجاع الدین صدر شعبہ تاریخ دیال سنگھ کالج لاہور نے (جن کی وفات 1965ء میں ہوئی ہے) اپنے ایک خط میں پروفیسر خالد بزمی کو لاہور لکھا ہے اور اس کا اعتراف کیا ہے کہ انگریزوں نے کتاب ''تقویۃ الایمان'' بغیر قیمت کے تقسیم کی ہے۔(قلمی نسخہ ص152) (2)

اس کتاب سے پیدا شدہ حالات و واردات کیسے ہولناک تھے۔اس سے علماء کتنے بےچین و مضطرب تھے اور اس کے دفاع و سدباب کی کیا کیا صورتیں بروئے کار لائی جارہی تھیں مولانا ابو الکلام آزاد کی زبانی سنئے۔

''جب مولانا اسماعیل نے تقویۃ الایمان اور جلاء العینین لکھی اور ان کے مسلک کا ملک میں چرچا ہوا تو تمام علماء میں ہلچل پڑ گئی۔ان کے رد میں سب سے زیادہ سرگرمی مولانا منور الدین (مولانا ابوالکام کے والد کے نانا) نے دکھائی۔متعدد کتابیں لکھیں اور 1248ھ والا مشہور مباحثہ جامع مسجد میں کیا۔تمام علمائے ہند سے فتویٰ مرتب کرایا۔پھر حرمین سے فتویٰ منگوایا مولانا منور الدین کی تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے ابتداءً مولانا اسماعیل اور ان کے رفیق اور شاہ صاحب کے داماد مولانا عبدالحیٔ کو بہت کچھ فہمائش کی اور ہر طرح سمجھایا۔لیکن جب ناکامی ہوئی تو بحث ورد میں سرگرم ہوئے۔اور جامع مسجد (دہلی) کا شہرۂ آفاق مناظرہ ترتیب دیا۔جس میں ایک طرف مولانا اسماعیل اور مولانا عبدالحیٔ تھے اور دوسری طرف مولانا منور الدین اور تمام علمائے دہلی (آزاد کی کہانی آزاد کی زبانی، ص56) (3)

یہ عجیب نصیب ہے کہ جب سے یہ کتاب (تقویۃ الایمان) شائع ہوئی ہے (1240/1824ھ) اسی وقت سے اس کا رد لکھا جارہا ہے اور اب تک دو سو پچاس کتابیں لکھی جاچکی ہیں (4) خود مولف کو بھی اس کتاب سے اٹھنے والی شورش کا احساس تھا اس لئے اس کتاب کے

84157

Marfat.com

واردات کے تعلق سے لکھتے ہیں۔

''میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آ گئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے، مثلاً ان امور کو جو شرک خفی تھے شرک جلی لکھ دیا گیا ہے ،ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کتاب کی اشاعت سے شورش ضرور ہو گی...... مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیں گے۔

(ارواح ثلثہ، حکایت 59) (5)

شاہ ولی اللّٰہی خانوادہ وہ خانوادہ ہے جس خانوادہ کا قول وفعل سند وامتیاز اور اعتبار ووقار کا درجہ رکھتا تھا اسی خانوادے کے چشم وچراغ مولانا اسماعیل دہلوی نے جدید نظریات کی تخم ریزی کیا کی کہ فضلائے روزگاران کی تردید میں جٹ گئے اور کھل کر آپ کا تعاقب کیا ،جن میں خود آپ کے دو چچا زاد بھائی مولانا شاہ مخصوص اللہ اور مولانا شاہ محمد موسیٰ بھی شامل ہیں۔

## فسانۂ جہاد:

اس وقت جن کا سکہ پورے ہندوستان میں چل رہا ہے ایک ان میں ولی اللّٰہی خاندان ہے اور دوسرا فضل حق خیر آبادی دبستان ، ولی اللّٰہی خاندان اس وقت چراغ سحری کی طرح ٹمٹما رہا تھا جب کہ خیر آبادی دبستان آسمان علم وادب پر کہکشاں کا جمال بن کر چمک رہا تھا۔ علامہ فضل حق خیر آبادی اور مولانا اسماعیل دہلوی کے درمیان مسئلہ امتناع نظیر پر بحث ہو چکی تھی ،علامہ کے مواخذات نے جامع مسجد کی بھری مجلس میں مولانا دہلوی کو ششدر کر دیا تھا اس لئے مولانا دہلوی اور ان کے متبعین کے دل میں انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی ، چنانچہ عین ایسے موقع پر جب انگریزوں کی مخالفت کی مہم سلگ رہی تھی مولانا دہلوی نے وہ کردار ادا کیا جس کی بہر حال ان سے امید نہیں تھی......... ایک طرف علامہ خیر آبادی کے فتوائے جہاد سے انگریز بےچین تھا تو دوسری طرف جامع مسجد دہلی کی نکبت سے مولانا دہلوی پریشان،

ع دونوں طرف تھی آگ برابر لگی ہوئی

علامہ خیر آبادی سے انتقام کے معاملے میں مولانا دہلوی اور انگریز کے درمیان قدر مشترک

Marfat.com

پائی جارہی تھی ۔ وجہ چاہے کچھ بھی ہو انگریز کا ساتھ دے کر سیاست کی دہلیز پر ملت کا جو خون مولانا دہلوی نے کیا ہے اس کی لالی قیامت تک ان کے دامن کو نمایاں کرتی رہے گی ۔

17 / جنوری 1826ء کو مولانا اسماعیل اپنے پیرو مرشد جناب سید احمد اور مجاہدین کی ایک جماعت کے ساتھ جہاد کے واسطے روانہ ہوئے ۔ مولانا حسین احمد مدنی لکھتے ہیں ۔

''جب سید صاحب کا ارادہ سکھوں سے جنگ کرنے کا ہوا تو انگریزوں نے اطمینان کا سانس لیا اور جنگی ضرورتوں کے مہیا کرنے میں سید صاحب کی مدد کی'' (6)

مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے دسمبر 1826ء کو چارسدہ کے علاقے ہشنت نگر پہنچے۔ یہاں پہنچ کر جو سب سے اہم خدمت انجام دی وہ پیرو مرشد کی امارت و امامت کا اعلان ہے ۔ اور شدت یہ کہ جو ان کی امامت و امارت کا انکار کردے اس کا خون بہانا حلال ہے بلکہ اس کا قتل کافروں کے قتل کی طرح عین جہاد ہے (7)

مکتوبات سید احمد شہید کے مکتوب نمبر 44 / سے معلوم ہوتا ہے کہ اس علاقے کے علماء و فضلاء و صلحا کے مجاہدین کی جماعت سے بدگمان ہونے کی وجہ مولانا اسماعیل اور ان کے رفقاء کی وہابیت و غیر مقلدیت ہوئی بگڑتے حالات اور بدلتی فضا کو دیکھ کر سید احمد صاحب نے ایک اعلام نامہ جاری کیا۔ جعفر تھانیسری لکھتے ہیں۔

سردار خان نے اس کے جواب میں لکھا۔ .......... ''یہ سب آپ کی ابلہ فریبی ۔ آپ کا عقیدہ فاسد اور نیت کاسد ہے .......... پس ہم نے بھی خدا کے واسطے کمر ہمت باندھ لی ہے کہ تم کو قتل کر کے اس زمین کو تم سے پاک کریں گے'' (8)

سرسید بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مولانا اسماعیل و سید احمد کی شہادت مسلمانوں کے ہاتھوں ہوئی ہے۔

''ہندوستان کے گوشہ شمال و مغرب کی سرحد پر جو قومیں پہاڑی رہتی ہیں وہ سنی المذہب حنفی قومیں ہیں چونکہ پہاڑی قومیں ان (سید احمد و مولوی اسماعیل) کے عقائد کی مخالف تھیں ..........

Marfat.com

اس سبب سے اس قوم نے اخیر میں وہابیوں سے دغا کر کے سکھوں
سے اتفاق کرلیا اور مولوی اسماعیل صاحب وسید احمد صاحب کو
شہید کر دیا۔ (مقالات سرسید، حصہ نہم ص 40-139) (9)

## ملاحظہ:

عقیدے کی مخالفت میں سنی المذہب، حنفی مسلمانوں کے ہاتھوں جو وفات واقع ہوئی ہو، اس وفات پر شہادت کے اثرات مرتب ہوں گے یا قتل کے اور متوفی کو مقتول کہیں گے یا شہید اہل نظر پر یہ راز مخفی نہیں، اس لئے یہ فیصلہ ناظرین کے حوالے کر کے ہم آگے بڑھتے ہیں۔

## مدت جہاد:

20/دسمبر 1826ء تا 6/مئی 1831ء کے درمیانی عرصے میں پندرہ جنگیں لڑی گئیں ان میں سے سکھوں کے خلاف باقاعدہ صرف ایک لڑائی ہوئی باقی شبخون مارے گئے، اس کے علاوہ ساری جنگیں مسلمانوں کے خلاف لڑی گئیں، بڑی بیدردی سے مسلم خون بہایا گیا۔ بڑی فراخدلی سے ان کی عورتوں کو تصرف میں لایا گیا اور بڑی جوانمردی سے ان کے املاک کو لوٹا گیا۔ (10)

ان تاریخی حقائق کے بعد وہ مسلمات فرضی ہو جاتے ہیں جو مصنوعی تاریخ کے حوالے سے بیان کی جاتی ہیں۔ اس سلسلے میں غلام رسول مہر نے بڑا اہم کارنامہ انجام دیا ہے۔ بڑی ڈھٹائی سے انہوں نے تاریخی حقائق کو بدلنے کی مہم چلائی ہے۔ اپنی اس جرأت بے باک کا ذکر و اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"میں مجاہدین کی شان و آبرو بہر حال قائم رکھنے کا قائل ہوں۔
اگر چہ وہ بعض سابقہ بیانات وتوجیہات سے عین مطابق نہ ہو"۔
(افادات مہر ص 231) (11)

حضرت رضا بریلوی انہیں تاریخی شواہد کی بنا پر کہتے ہیں

وہ وہابیہ نے جسے دیا ہے لقب شہید و ذبیح کا
وہ شہید لیلیٰ نجد تھا وہ ذبیح تیغ خیار ہے (12)

Marfat.com

## نتائج جہاد:

مولوی اسماعیل دہلوی کے جہاد کا مقصد متعین کرتے ہوئے مولوی حسین احمد مدنی لکھتے ہیں۔

''سید صاحب کا اصل مقصد چوں کہ ہندوستان سے انگریزی تسلط اور اقتدار کا قلع قمع کرنا تھا۔ جس کے باعث ہندو اور مسلمان دونوں ہی پریشان تھے۔ اس بنا پر آپ نے اپنے ساتھ ہندوؤں کو بھی شرکت کی دعوت دی تھی اور صاف صاف انہیں بتا دیا۔ کہ آپ کا واحد مقصد ملک سے بدیسی لوگوں کا اقتدار ختم کرنا ہے اس کے بعد حکومت کس کی ہوگی؟ اس سے آپ کو غرض نہیں ہے جو لوگ حکومت کے اہل ہوں گے ہندو یا مسلمان یا دونوں۔ وہ حکومت کریں گے (13)

اس تبصرہ پر مشہور عالم ونقاد علامہ ارشد القادری کی یہ بصیرت افروز تنقید ملاحظہ ہو۔

''آپ ہی انصاف سے بتائیے کہ مذکورہ حوالہ کی روشنی میں سید صاحب کے اس لشکر کے متعلق سوا اس کے اور کیا رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ وہ ٹھیک انڈین نیشنل کانگریس کے رضا کاروں کا ایک دستہ تھا۔ جو ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (لادینی حکومت) قائم کرنے کے لئے اٹھا تھا۔ (14)

علامہ کی اس تنقید پر فاضل دیو بند عامر عثمانی، ایڈیٹر ماہنامہ تجلی دیو بند نے کھلے دل سے یہ اعتراف کیا کہ۔

''ہم کتنی ہی جانبداری سے کام لیں زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ریمارک میں لفظا تلخی آ گئی ہے۔ لیکن معنوی او منطقی اعتبار سے بھی اس میں کوئی نقص ہے؟ کوئی افتراء ہے؟ کوئی زیادتی ہے؟ کوئی شک نہیں کہ اگر استاد محترم حضرت مدنی کے ارشاد گرامی کو درست مان لیا جائے تو حضرت اسماعیل کی شہادت محض افسانہ بن جاتی ہے، مادی پریشانیوں کو

Marfat.com

رفع کرنے کے لئے غیر ملکی حکومت کے خاتمے کی کوشش کرنا ذرا
بھی مقدس نصب العین نہیں۔ اس نصب العین میں کافر مومن
سب یکساں ہیں۔اس طرح کی کوشش کے دوران مارا جانا اس
شہادت سے بھلا کیا تعلق رکھے گا جو اسلام کی ایک معزز ترین اور
مخصوص اصطلاح ہے اور اس طرح کی کوششوں کے نتیجے میں قید
وبند کی مصیبتیں اٹھانا اجر آخرت کا موجب کیونکر ہوگا۔ (15)

خلاصہ یہ کہ اس تحریک جہاد سے انگریزوں نے مطلوبہ مقاصد حاصل کر لئے مسلمان دو گروہوں میں بٹ گئے۔ سکھ کمزور ہوگئے اور انگریز پورے ملک پر قابض ہوگئے۔اس تاریخی صداقت کی حقیقی صورت کو اتنی بار دانستہ مسخ کرنے کی نامسعود کوشش کی گئی کہ اگر یہ اپنے اندر فولادی قوت نہ رکھتی تو کب کی مٹ گئی ہوتی۔ مگر چونکہ یہی حق اور سچ ہے مزعومات کے بادل گرج برس کر ختم ہو جائیں گے مگر اس کی رعنائی وزیبائی میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ حیرت ہے کہ آج تک اس ضمیر فروشی کی رسم جاری ہے۔ جب بھی اور جیسے بھی موقع ملتا ہے لوگ فرصت کو غنیمت سمجھتے ہوئے بے حمیتی کے مظاہرہ میں جٹ جاتے ہیں اور صداقتوں کے شیشہ پر تیشہ چلانے لگتے ہیں۔

ع...... ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہئے

Marfat.com

# جنگ آزادی میں

## علامہ فضل حق خیر آبادی اور مولانا رضا علی خان بریلوی کا کارنامہ

جب جبر وظلم اپنے شباب پر تھا۔ مسلمان ہر اعتبار سے مشق ستم بن رہے تھے، قتل وغارت کا بازار گرم تھا، بادشاہ دہلی سرگرمیوں کے مرکز بنے ہوئے تھے۔ اور علامہ فضل حق خیر آبادی مرکز نگاہ، منشی جیون لال کا روز نامچہ 16 / اگست 1857ء 2 / ستمبر 1857ء دیکھنے سے علامہ کی باخبری اور انقلابی سرگرمی کا اندازہ ہوتا ہے۔

آخر میں علامہ فضل حق نے ترکش سے آخری تیر نکالا بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں علماء کے سامنے تقریر کی اور استفتاء پیش کیا۔ مفتی صدر الدین خاں ، مولوی عبدالقادر، قاضی فیض اللہ، مولانا فیض احمد بدایونی، وزیر خاں اکبر آبادی، سید مبارک حسین رام پوری نے دستخط کردیئے۔ اس فتویٰ کے شائع ہوتے ہی ملک میں عام شورش بڑھ گئی۔ بادشاہ گرفتار کرکے قلعہ میں بند کردیئے گئے۔ 19 / ستمبر 1857ء کے بعد ہندوستانیوں پر مصائب کے جو پہاڑ ٹوٹے اس کے تصور سے دل لرزتا ہے۔ 1859ء میں فتویٰ جہاد کی پاداش یا جرم بغاوت میں لکھنؤ میں مقدمہ چلایا گیا۔ آپ کے اس اقرار کے بعد کہ وہ فتویٰ صحیح ہے اور میرا ہی لکھا ہوا ہے۔ عدالت نے حبس دوام بعبور دریائے شور (کالا پانی) کا حکم سنایا، بالآخر علامہ فضل حق جزیرۂ انڈمان روانہ کردیئے گئے 12 / صفر 1278ھ 1861ء کو وہیں آپ نے وفات پائی۔ گلشن علم وفضل کا شاداب پھول ، جنگ حریت کا قافلہ سالار فضل حق خیر آبادی ملک وملت کی آن وشان کی خاطر جان جاں آفریں کے سپرد کرتے ہیں.......... یہ تاریخ کا بہت بڑا المیہ ہے کہ مجاہدین حریت کی فہرست آپ کے نام سے خالی ہے اور اگر کہیں ہے بھی تو مدھم مدھم سا.......... سرسید لکھتے ہیں:

”1856ء میں پورے جوش کے ساتھ انگریزوں کے خلاف
جنگ میں حصہ لینے والے وہ سب کے سب علماء کرام شامل
تھے جو عقیدۃً حضرت سید احمد اور حضرت شاہ اسماعیل کے

Marfat.com

شدید ترین دشمن تھے"۔(یعنی علمائے اہلسنت و جماعت) (16)

اس سے یہ بات واشگاف ہو جاتی ہے کہ جنگ آزادی کے مجاہدین علمائے اہلسنت ہیں۔ان علمائے اہلسنت کے قافلہ سالار علامہ فضل حق خیر آبادی ہیں۔آپ کی ذات پورے عہد پر چھائی ہوئی تھی ان کی زندگی یا تو انگریز کے خلاف جہاد میں گذری یا جرم بغاوت کی سزا پانے میں۔

علامہ کی وفات کے صرف نو سال بعد مشہور انگریز مصنف ہنٹر مدرسہ عالیہ کلکتہ کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کے صدر مدرس عبدالحق خیر آبادی کے والد علامہ فضل حق خیر آبادی کے متعلق لکھتا ہے۔

"موجودہ ہیڈ مولوی اس عالم دین کے صاحبزادے ہیں جن کو 1857ء کے غدر نے نمایاں کر دیا تھا اور جنہوں نے اپنے جرموں کا خمیازہ اس طرح بھگتا کہ بحر ہند کے ایک جزیرے میں تمام عمر کے لئے جلاوطن کر دیئے جائیں۔اس غدار عالم دین کا کتب خانہ جس کو حکومت نے ضبط کر لیا تھا۔اب کلکتہ کے کالج میں موجود ہے"۔(17)

حضرت رضا بریلوی کے دادا مولانا محمد رضا علی خاں نے جنگ آزادی میں بڑی سرگرمی دکھائی آپ حیریت پسند تھے۔اہلسنت کے علماء کی جانب سے جب انگریزوں کے خلاف 1857ء میں جہاد کا فتویٰ دیا گیا۔تو آپ نے نہ صرف فتویٰ کی حمایت کی بلکہ جہاد میں بھر پور حصہ لیا۔مجاہدین کی ہر امکانی مدد کرتے اور ان کو گھوڑے بھی مہیا کرتے مجاہدین کو کھانا پہنچانے کی ذمہ داری آپ کے فرزند اور رضا بریلوی کے والد مولانا نقی علی خان پوری کرتے آپ نے جنرل بخت خاں کے ساتھ مل کر بریلی میں انگریزوں کو شکست دی۔جس کے باعث خان بہادر کو بریلی کا حکمراں مقرر کیا گیا۔دوسری طرف انگریز نے اپنی شکست کے باعث مولانا رضا علی خان کے سر قلم کرنے کی بھاری رقم کا اعلان بھی کر دیا۔جس کی رقم اس وقت 500روپے مقرر ہوئی مگر جنرل ہڈسن نہ آپ کو قتل کرا سکا نہ ہی گرفتار کرا سکا۔البتہ آپ کی جاگیریں ضبط ہو گئیں۔اور بہت سے گھوڑے چوری کر لئے گئے۔(ماہنامہ "ترجمان اہلسنت" شمارہ جولائی 1975ء جنگ آزادی نمبر)

مولانا رضا علی خان نے ہی اس خاندان میں مسند افتاء کی بنیاد ڈالی۔جب مختلف باطل فرقوں نے جنم لینا شروع کیا تو آپ نے ہی اس خاندان میں تلوار کے جہاد کے ساتھ ساتھ اس کے خلاف

Marfat.com

قلم سے جہاد کی بھی بنا رکھی ۔جس کو آپ کے لائق پوتے مولانا احمد رضا خان بریلوی نے بھرپور قلمی جہاد کرتے ہوئے پایۂ تکمیل کو پہنچایا اس خاندان سے آج بھی قلمی جہاد کا سلسلہ جاری ہے۔ جسے اس وقت حضرت رضا بریلوی کے پرپوتے تاج الاسلام حضرت علامہ اختر رضا خان صاحب ازہری دامت برکاتہم القدسیہ نہایت ہی متانت وخوش اسلوبی کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔شہزادۂ ریحان ملت حضرت اقدس سبحانی میاں صاحب اور دیگر اکابرین اہلسنت بھی اپنی اپنی مساعی جمیلہ سے اس تحریک فکر واعتقاد کو جاری رکھنے میں ہمہ تن مصروف ہیں......

## حقائق آزادی:

یہ وقت کا کتنا بڑا المیہ ہے کہ آج سیاسی پشت پناہی کا سہارا لے کر ہندوفسطائی طاقتیں جنگ آزادی کے تمام کارنامے اپنے پیشواؤں کے نام نیلام کردینے ،اپنے اکابر کے سر سجا دینے پر تلی ہیں، بڑی خاموشی اور عیاری کے ساتھ منظم اسکیم چل رہی ہے، جب کہ حقیقت یہ ہے کہ جنگ آزادی کا لاوا جب پک رہا تھا اس وقت یہ لوگ انگریزی کاسہ میں مصروف تھے،ڈاکٹر کے، این، پانیکر لکھتے ہیں۔

''ہندو مہا بھا نے آزادی کی تحریک کے دوران فرنگی طاقتوں کا ساتھ دیا تھا، بلکہ ایسے دستاویزات موجود ہیں جن سے یہ بات ثابت ہورہی ہے کہ جب مہاتما گاندھی نے انفرادی ستیہ گرہ شروع کیا تو اس وقت ہندو مہا سبھا اور انگریزوں کے درمیان ملی بھگت قائم تھی'' (روزنامہ سالار، بنگلور۔15 راگست 01ء

اپنی کتاب کی اشاعت روک لئے جانے پر پروفیسر پانیکر نے کہا تھا کہ......''شاید برسر اقتدار طبقہ کو یہ خوف ہوگا کہ جنگ آزادی میں مہا سبھا نے جو رول نبھایا تھا وہ اس طرح کی کتابوں سے فاش ہوجائے گا (ایضا) اور ستم بالائے ستم یہ کہ مسلمانوں کا بھی ایک مخصوص طبقہ اپنی خفت مٹانے کے لئے ایسی ہی سازش میں بڑی لگن اور خلوص سے مصروف ہے،کل انگریز جن کے اکابر کی جیب گرما رہا تھا، پالکی سنوار رہا تھا اور کشتی سجا رہا تھا۔شمس العلماء اور سر، خان بہادر جیسے القابات سے نواز رہا تھا۔ نتیجے میں جنہوں نے جی بھر کے انگریزی آقاؤں کی ستائش کی ہے،

Marfat.com

(خون کے آنسو، امتیاز حق، ننگ دین ننگ وطن، حقائق تحریک بالاکورٹ) آج انہیں انگریز دشمن، محب وطن، جنگ آزادی کے مجاہد کے روپ میں پیش کیا جارہا ہے۔ ہندو ہوں یا مسلمان اگر وہ حالات کے تقاضے سے مجبور ہوکر تاریخی صداقتوں پر پردہ ڈالنے، حقائق آزادی کو مسخ کرنے اور اس طرح ایک من مانی تاریخ گڑھنے کے درپے ہیں تو یہ بڑی بھیانک خیانت، اور ناقابل معافی جرم ہے، ایسی مذموم حرکتوں سے ان کے اکابر کی روح بھی تڑپ رہی ہوگی اور فریادانہ کہہ رہی ہوگی۔ میرے نام پر اپنا کام بنانے والو اتنا بڑا الزام مجھ پر نہ لگاؤ۔ تاریخی سچائیاں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ جنگ آزادی کے اصل ہیرو صرف اور صرف علمائے اہلسنت و جماعت ہیں، جن کے قائد اعظم مجاہد حریت علامہ فضل حق خیرآبادی ہیں۔ غرضیکہ علامہ خیرآبادی، حضرت رضا علی بریلوی، سلطان ٹیپو شہید، سراج الدولہ اور دیگر مخلص محبان وطن نے جذبۂ حریت سے سرشار ہوکر جو چراغ جلایا تھا آج اسی کی روشنی سے پورا ملک جگمگا رہا ہے۔

Marfat.com

# حوالے

## عہد رضا کا تاریخی پس منظر


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | مولانا اسماعیل دہلوی اور تقویۃ الایمان | شاہ ابوالحسین زید فاروقی | ص52 |
| 2 | 〃 〃 | 〃 〃 〃 〃 | ص49 |
| 3 | ردتقویۃ الایمان سے متعلق اہم دستاویز | مولانا بدرالدین احمد | ص11,10 |
| 4 | ابتدائیہ،توحید کے نام پر.......... | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص5 |
| 5 | حکایات اولیاء.............. | مولانا اشرف علی تھانوی | ص103,4 |
| 6 | نقش حیات | مولانا حسین احمد مدنی | ج2،ص13,12 |
| 7 | مکتوبات سید احمد شہید.......... | مکتوب نمبر ۳۱ | ص169 |
| 8 | مولانا اسماعیل دہلوی اور تقویۃ الایمان | شاہ ابوالحسین زید فاروقی | ص96 |
| 9 | امتیاز حق | راجہ رشید محمود | ص127 |
| 10 | ننگ دین ننگ وطن | پروفیسر فیاض کاوش | ص132 |
| 11 | امتیاز حق.......... | راجہ رشید محمود | ص130 |
| 12 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | ص84 |
| 13 | نقش حیات | مولانا حسین احمد مدنی | ج2،ص13 |
| 14 | زلزلہ | علامہ ارشد القادری | ص100 |
| 15 | تبصرہ بر زلزلہ | عامر عثمانی | ص287 |
| 16 | ننگ دین ننگ وطن | پروفیسر فیاض کاوش | ص151 |

ایضا مقالات سرسید، حصہ شا شزدہم۔ برحاشیہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 17 | ہمارے ہندوستانی مسلمان | ترجمہ ڈاکٹر صادق حسین، | ص294 |

طبع دوم،۱۹۵۵،لاہور


Marfat.com

# عہد رضا کا روحانی پس منظر

حضرت رضا بریلوی ہندوستان جنت نشان کی ان عظیم و جلیل روحانی شخصیتوں میں ہیں۔ ملک ہند کا روحانی قافلہ جن پر فخر کرتا رہا ہے اور کرتا رہے گا ............ آپ نے ایک ایسے دور میں آنکھیں کھولیں، ہوش سنبھالا، جب ملک معیشت سے لے کر معاشرت تک، بصیرت سے لے کر بصارت تک، مذہب سے لے کر سیاست تک، اور مادیت سے لے کر روحانیت تک عجیب افراتفری اور کشمکش کا شکار تھا ............ پرانی قدریں مٹ رہی تھیں اور ان کی جگہ نئی قدریں تراشی اور تلاشی جا رہی تھیں ...... جدید وقدیم طرز فکر گلے مل رہے تھے ...... مادیت و روحانیت ایک دوسرے کو خوش آمدید اور الوداع کہہ رہے تھے ...... اس ہونی انہونی تبدیلی پر بعض آنکھوں میں کرب وغم کے قطرے جھلملا رہے تھے تو بعض آنکھوں میں خوشی ومسرت کے دیپ جل رہے تھے۔

غرض کہ 1857ء ایک عظیم انقلاب کی دھمک کا پیغام دے رہا تھا ...... تاہم قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا اس سے پہلے کہ مابعد 1857ء کی تباہ حالیوں کا مرثیہ پڑھا جائے ٹھیک ایک سال پہلے 1856ء میں امام احمد رضا قدرت کا حسین انتخاب بن کر جلوہ فرما ہوئے۔ آپ کی ذات قدرت کی فیاضیوں کا شاہکار تھی ...... 1857ء کے ماحول کی افراتفری سے جو نتائج واثرات مرتب ہونے والے تھے۔ اسلامیات وروحانیات کے ساتھ جو ظالمانہ سلوک ہونے والا تھا۔ بساط سیاست پر جو مہرے کھیلے جانے والے تھے اس کے توڑ کے لئے جتنے فکری وفنی، علمی وادبی، سیاسی وسماجی سوجھ بوجھ اور شعور وآگہی کی ضرورت تھی قدرت نے ان تمام جواہرات سے آپ کو مزین کر دیا تھا۔

آپ نے فکر وشعور سے وہ چراغ جلائے کہ ہندوستان کا گوشہ گوشہ چمک اٹھا اور عالم اسلام نے اس کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے آپ کو مذہبیات وروحانیت کا امام تسلیم کیا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہندوستان میں اسلام کی آمد ونشو ونما انہیں صوفیائے کرام کی مرہون منت ہے جو مختلف دور میں مختلف مقامات سے یہاں آتے رہے اور اپنے اپنے حلقے میں اپنی اپنی وسعت کے بقدر تزکیہ وتجلیہ کے چراغ جلاتے رہے۔ عالم یہ تھا کہ ہندوستان کی آب وہوا ان

Marfat.com

مردان حق کی آہ صبح گاہی اور جلوۂ نیم شبی کی عطر بیزیوں سے مہکی مہکی تھی۔ جہاں کی زمین محبوبان خدا کی عظمتوں کی امین تھی۔ بادہ گساران توحید اور مست مئے حب رسالت کے قال اللہ وقال الرسول کے جانفزا نغمے مردہ رگوں میں حیات ایمانی کی بجلیاں دوڑا رہے تھے عقائد وافکار کی وہ بہاریں کہ بیرون ہند بھی جس کی تازگی وشگفتگی محسوس کی جارہی تھی ہندوستان سچ مچ جنت نشان تھا۔

حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ سات سو برس پہلے کے دینی، روحانی ماحول کا اپنے ایک شعر میں یوں نقشہ کھینچتے ہیں ۔

زہے ملک ، مسلماں خیز و دین جوئے
کہ ماہی سنی خیز داز جوئے

(ترجمہ) واہ ہندوستان کیسا مسلمان خیز اور اسلام کے متلاشیوں کا ملک ہے۔ یہاں تو نہر سے مچھلی بھی نکلتی ہے تو وہ بھی سنی ہوتی ہے۔ (1)

اور تقریباً چار سو برس پہلے کی دینی روحانی فضا کا حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی یوں ذکر فرماتے ہیں.......... ”تمام سکان آں از اہل اسلام بر عقیدہ حقہ اہلسنت و جماعت اند، ونشانے از اہل بدعت وضلالت در آں دیار پیدا نیست۔ وطریقۂ مرضیہ حنفیہ دارند“ (ردروافض۔لاہور93ءص9) (2)

(ترجمہ) ہندوستان کے تمام مسلمان باشندے اہلسنت و جماعت کے سچے عقیدے پر قائم ہیں۔ اور اس ملک میں بدعتیوں اور گمراہوں کا نام ونشاں تک نہیں سب کے سب حنفی ہیں۔ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی بھی اس خیال کی تائید کرتے ہوئے یوں اظہار خیال کرتے ہیں۔

”خلاصہ حال ہندوستان کے مسلمانوں کا یہ ہے کہ جب سے اسلام آیا ہے (چوں کہ اکثر لوگ بادشاہوں کے طریقہ اور مذہب کو پسند کرتے ہیں) اس وقت سے آج تک یہ لوگ حنفی مذہب پر قائم رہے اور اسی مذہب کے عالم، فاضل، قاضی اور مفتی اور حاکم ہوتے رہے“ (ترجمان وہابیہ ص10) (3)

شاید یہی وجہ تھی کہ رعایا سے بادشاہ تک سب ایک سلک عقیدت اور زنجیر محبت میں جڑے

Marfat.com

بندھے تھے۔فکر وخیال، ذہن ودماغ سب اتحاد کی نکہت بیزیوں میں مست تھے۔ بدلتے حالات کے تناظر میں اپنی سیاسی قوت کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے اگر کسی بادشاہ نے جدت طرازی کی کوشش بھی کی تو دین حق کے متوالے اور صراط مستقیم کے دیوانے نے اپنی تمام صلاحیتوں کا عرق نچوڑ کر رکھ دیا مگر صراط مستقیم کو انتشار اور روحانی فضا کو خلفشار سے محفوظ رکھا۔ جہاں گیر کے دور حکومت میں شیخ احمد سرہندی المعروف بہ مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ آگے آئے۔ آپ کی مسلسل کوششوں سے تحریک احیائے دین کا آغاز ہوا۔ چنانچہ اس انقلاب وتبدیلی کے نتیجے میں سیاسی سطح پر جو کوششیں کی گئیں۔ وہ اکبر جہانگیر، شاہجہاں، اور اورنگ زیب عالمگیر کے درباروں کی بدلتی فضاؤں میں مطالعہ کی جاسکتی ہیں۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی کراچی تحریر فرماتے ہیں۔

> ''اکبر بادشاہ آزاد خیالی اور الحاد کا نقطۂ عروج تھا۔ جہانگیر کی تخت نشینی سے اس آزاد خیالی کا زوال شروع ہوتا ہے۔ شاہجہاں اگر چہ ایک پارسا سنی مسلمان تھا اور دربار میں کسی قسم کی ڈھیل برداشت نہیں کرتا تھا تاہم اس نے غیر سنیوں کو بھی مطمئن رکھا۔ اورنگ زیب عالمگیر سنیت کا نشان نصرت تھا''۔ (4)

روحوں کی دنیا میں انقلاب برپا کرنے والے صوفیاء اور ظلمت کدۂ دل سے تیرگی وتاریکی کھرچ کر مجلی کر دینے والے اولیاء ہر دور میں یہاں اپنی جلوت وخلوت کی روشنی سے فکر ونظر کی وادیوں میں عشق وعرفان کی چاندنی بکھیرتے اور روشنی لٹاتے رہے۔ جس سے ایک پرسوز فضا پر کیف ماحول اور پراثر مناظر روحانیت کے سانچے میں ڈھلتے رہے۔ قافلوں کے قافلے، جھنڈ در جھنڈ متلاشیان حق آتے رہے اور تزکیہ باطن وتجلیہ رُوح کا لطف اٹھاتے رہے ویران خانے سجتے رہے۔ نہانخانے سنورتے رہے...... سنگریزے لعل وگہر اور لعل وگہر آفتاب و ماہتاب بنتے رہے...... خلیق نظامی رقم طراز ہیں۔

> ''روحانی دنیا میں جس چراغ کو خواجہ معین الدین چشتی، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، بابا فرید گنج شکر، اور شیخ بہاء الدین زکریا نے باد مخالف کے تیز وتند جھونکوں کے درمیان روشن کیا تھا اس کی ضیاپاشیوں نے ہزاروں تیرہ وتاریک زندگیوں میں اجالا

Marfat.com

کردیا تھا۔ شیخ نظام الدین اولیاء کی خانقاہ سے حقیقت و معرفت کے چشمے ابل رہے تھے محلات شاہی میں اگر مسلمانوں کے جاہ جلال اور شان وشوکت کے نظارے دکھائی دیتے تھے تو غیاث پور میں وہ شاہنشہ بے سروتاج جلوہ افروز تھا جس کے جمال جہاں آرا نے بقول برنی رشک بغداد، غیرت مصر، ہمسر قسطنطنیہ اور موازی بیت المقدس بنادیا تھا (سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات ص216) (5)

آخری مغل تاجدار بہادر شاہ ظفر جو خود بھی طبعاً صوفی تھے اور صوفیوں سے والہانہ عقیدت رکھتے تھے۔ انہیں مشائخ عظام کی درگاہوں سے دلی وابستگی تھی۔ مزارات پر جوش ارادت سے سرشار ہو کر پہنچتے تھے نیاز دیتے نذر پیش کرتے اور نذر پیش کرنے والوں کو تحائف سے نوازتے تھے۔ 10 / جولائی 1840ء میں شہنشاہ اولیاء خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ شریف کی نیاز کے لئے ایک چاندی کا چراغ، ایک نقارہ کا جوڑا ایک اشرفی اور پانچ روپے مہندی لے جانے والے فقراء کو دیئے یہ فقراء ہر سال مہندی لے کر دہلی سے اجمیر شریف پا پیادہ جاتے تھے۔ رئیس احمد جعفری لکھتے ہیں۔

"25 / جولائی 1845ء کو بہادر شاہ حضرت قطب الاقطاب کے مزار کرامت آثار پر رونق افروز ہوئے۔ حضور غریب نواز کی مہندی روانگی کے لئے تیار تھی۔ بادشاہ سلامت نے مبلغ ایک سو روپیہ مرزا بہادر بخش کو مہندی کے لئے مرحمت کئے اور ساتھ لے جانے کا حکم دیا اور خود اولیاء مسجد تک مہندی کی مشایعت کے لئے تشریف لائے پھر اس کو رخصت کر کے مراجعت فرمائی۔ (مہندی اس قافلہ کو کہتے ہیں جو پیدل اجمیر شریف کے عرس میں جاتا تھا) جن فقیروں نے حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے عرس شریف کی یادگار کے طور پر ڈیوڑھی خاص پر خواجہ صاحب کا جھنڈا لگایا تھا بادشاہ سلامت نے ان کو

Marfat.com

ایک سو روپیہ نقد، اور نقرئی چراغ درگاہ شریف میں نذر کے لئے مرحمت فرمایا اور کھانے کے خوان بھیجے ( بہادر شاہ ظفر اور ان کا عہد، رئیس احمد جعفری ) (6)

ان شواہد سے ہندوستاں لی روحانی، عرفانی فضا پر بخوبی روشنی پڑتی ہے۔ اور یہ بات مترشح ہوجاتی ہے کہ پورا ملک مراسم عقیدت واحترام میں انہیں خیالات ونظریات کا پابند تھا۔ جو آج اہلسنت و جماعت کی علامات میں داخل ہیں۔ مثلاً زیارت قبور، ایصال ثواب، محافل عرس، جشن میلا دالنبی ﷺ، نیاز و فاتحہ درود وسلام وغیرہ یہ وہ جلوہ ہائے محبت وعقیدت ہیں جن کی ضیا پاشی سے ملوک ورعایا کے ایوان میں فیضان کی بارش تھی۔ شاہ حسین گردیزی ''اکبر اور ظفر'' کے دربار کی روحانی جھلکیاں یوں پیش کرتے ہیں۔

''اکبر بادشاہ جیسے ملحد کے دور میں بھی عید میلا دالنبی ﷺ میں وہ شاندار جشن عام ہوتا تھا کہ بس دیکھتے رہیے۔ شہر کی تمام سڑکوں کو دولہن کی طرح سجایا جاتا تھا بیچ میں دستر خوان نعمت بچھایا جاتا تھا۔ جس پر ہر خاص و عام کو دعوت طعام کا اذن عام ہوتا تھا آخر میں مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر جو خود اہلسنت و جماعت سے تعلق رکھتے تھے کے عہد میں عید میلا دالنبی ﷺ کے مبارک موقع پر دھوم دھام سے لال قلع میں محفل میلا د شریف کا انعقاد ہوتا تھا۔'' (7)

اس کا صاف مطلب یہ ہوا کہ معمولات سینت جو آج بھی اہلسنت و جماعت کے روایتی نشان ہیں اس دور میں بھی اپنے عروج وشباب کے ساتھ مسلمانوں کے دل ودماغ میں گھر کئے ہوئے تھے۔ اور لوگ اس سے روحانی سکینت اور قلبی طمانیت کا سامان کرتے تھے۔ اس نظریہ وفکر کے سوا کوئی نظریہ نہیں تھا۔ پوری قوم متحد الخیال، متحد العقیدہ اور متحد المعمولات تھی۔ تقریباً ہر غیر جانبدار مورخ نے اس کا اعتراف کیا ہے۔ مولوی ثناء اللہ امرتسری ان حقائق کا کھلے دل سے اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''امرتسر میں مسلم آبادی غیر مسلم آبادی ( ہندو سکھ وغیرہ ) کے مساوی ہے اسی سال قبل قریباً سب مسلمان اسی خیال کے تھے جن کو آج کل بریلوی،

Marfat.com

حنفی خیال کیا جاتا ہے"(شمع توحید ص 45ر)(8)

یہ 1937ء کی صورت حال ہے 1937ء سے اسی (۸۰) سال پہلے 1857ء تھا یہ وہی 1857ء ہے جس کے بعد انگریز نے بکمال غداری ہندوستان پر غاصبانہ قبضہ جمایا اور پھر بکمال عیاری ہندوستان کی اکثریتی جماعتوں میں فتنہ وفساد برپا کر کے انہیں ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا ذلیل منصوبہ بنایا، مسلمانوں کی تفریق، انتشار، ذہنی کجروی، اور ٹولیوں میں بٹنے کے المیہ کو مولانا ابوالحسن علی ندوی یوں بیان کرتے ہیں۔

"سید احمد شہید 1786ء میں شہر رائے بریلی میں پیدا ہوئے۔ شاہ عبدالعزیز سے سلوک وطریقت کی تعلیم حاصل کی اس تحریک کے دو گروہ ہوگئے انہوں نے دونوں گروہوں کے مابین نظریاتی اختلاف کو دور کرنے کی کوشش کی۔ مولوی عبدالحی، کرامت علی اور ان کے پیروکار اہلسنت وجماعت کہلاتے تھے۔ دوسرے گروہ کے سرخیل مولوی اسمٰعیل شہید تھے جو چاروں فقہی اماموں تقلید سے آزاد اہلحدیث کہلاتے تھے"۔(مسلمانوں کے تنزل سے دنیا کو کیا نقصان پہنچا، ص 273-74 (9)

یہ پہلا اتفاق تھا جب ہندوستان کی مذہبی، روحانی زندگی میں آزاد خیالی کا زہر گھولنے کی کوشش کی گئی۔ یہ بھی عجیب بات تھی کہ جس گھر سے مسلک وعقیدہ کی تشہیر ہورہی تھی۔ اسی گھر سے اختلاف کا تیر چلایا گیا۔ جس خانوادے کے جیالے افراد نے خیالات وافکار کی سرحدوں کی حفاظت کے لئے گولہ وبارود فراہم کئے تھے۔ اسی گھر سے چمن روحانیت کی تاراجی کا طوفان اٹھتا ہے۔ فرقہ بندی کی آندھی چلتی ہے اور لوگ مختلف خانوں میں بٹ جاتے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے زمانے سے 1824ء تک ہندوستان کے مسلمانوں میں صرف دو فرقے تھے ............ (1) اہلسنت وجماعت ............ (2) اہل تشیع، ............ اس کے علاوہ تیسرا کوئی اور فرقہ ہندوستان کے مسلمانوں میں تھا ہی نہیں۔ 1824ء

Marfat.com

میں مولانا اسماعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان لکھ کر ہندوستان کے مذہبی، روحانی خاموش سمندر میں اختلاف کا پہلا پتھر پھینکا۔ جس کی لہریں آج تک ختم ہونے کا نام نہیں لیتیں عظیم مورخ وصوفی حضرت مولانا الشاہ ابوالحسن زید فاروقی، دہلوی تحریر فرماتے ہیں۔

''یہ پہلا رخنہ تھا جب شاہ ولی اللٰہی مکتب فکر میں شاہ صاحب کے پوتے اور شاہ عبدالعزیز کے بھتیجے شاہ اسماعیل دہلوی نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی کتاب التوحید کو اردو زبان میں تقویۃ الایمان کے نام سے 1248ھ میں شائع کیا''۔ (10)

تعجب ہے کہ روحانی خانوادے کے چشم و چراغ اور پروردہ و سر برآوردہ ہوتے ہوئے بھی مولانا دہلوی نے روحانیات کے خلاف ایک زبردست مہم چھیڑ دی حالاں کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور دیگر اساطین خاندان نے اپنے علم و عمل سے تصوف کی جو خدمات کی ہیں اور تصوف کے حقیقی خدو خال کو مصنوعی پر و بال سے جیسا صاف اور شگفتہ کیا ہے یہ انہیں حضرات کا حق و حصہ تھا، زمانہ آج بھی ان کی دینی روحانی خدمات کو یاد کر رہا ہے، مگر مولانا اسماعیل دہلوی نے ان حضرات کی محنت شاقہ کا بھی خیال نہ کیا، یہ تک سوچنے کی زحمت نہ کی کہ ان کے اس اقدام و عمل سے کن کن چمن کی تاراجی ہوگی، اس کے مضر اثرات کہاں کہاں ظاہر ہوں گے۔ اور اس سے کیا کیا نتائج برآمد ہوں گے۔ ع

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

حق یہ ہے کہ جو چیزیں روحانی تقویت کا سامان فراہم کرتی تھیں۔ جس سے دلوں میں عشق کی گرمی اور محبت کا گداز پیدا کیا جاتا تھا جسے اکابرین و سلف صالحین نے سینے سے چمٹائے اور کلیجے سے لگائے رکھا۔ مولانا اسماعیل نے کچھ پرواہ کئے بغیر ان تمام معمولات عقیدت و محبت پر اپنے آزاد قلم کی کالک پوت دی۔

پروفیسر ڈاکٹر منظور الدین احمد نے بڑے پتے کی بات کہی ہے۔

''اگر دین کسی معاشرے کی روحانی اساس فراہم کرتا ہے تو اسی معاشرے کی ظاہری ہیئت کو بھی متاثر کرتا ہے۔ عام انسانوں کی

Marfat.com

وابستگی دین سے اس کی ظاہری علامت سے قائم رہتی ہے۔
اس لئے عوام میں رسوم ورواج جو شریعت الٰہی سے متصادم نہ ہوں اوران کے حوالے سے انہیں روحانی سکون اور طمانیت قلب نصیب ہوتو اسے کفریا شرک سے تعبیر نہیں کرنا چاہئے۔
اوراسی لئے میرے خیال میں ذات رسول سے عشق ووارفتگی اورتصوف ، اور دیگر عوامی سطح پر اسلامی روایات و علامات معاشرے میں ہم آہنگی پیدا کرتے اور ان کو مجتمع کرتے ہیں''۔ (11)

مولانا دہلوی نے جس طاقت وقوت اورعزم وحوصلہ سے اپنے نظریات کی اشاعت کے لئے کمر ہمت باندھی تھی اور جیسا طوفان اٹھ کھڑا ہوا تھا اور اس تحریک کو جس طرح انگریزوں کی پشت پناہی حاصل تھی اگر علمائے اہلسنت ان کے سامنے سد سکندری کی طرح ڈٹ نہ جاتے تو شاید اس وقت روحانی برگ وگل کا پتہ لگانا بھی مشکل ہوجاتا، تاہم علمائے حق نے اپنی فکری، تحقیقی اور سیاسی صلاحیتوں کا عرق نچوڑ کر گلشن روحانیت کی سیرابی وشادابی فرمائی جس کی برکتوں سے آج تک روحانی دنیا میں نورانیت اوراجالا ہے۔

## روحانیات کے فروغ میں امام احمد رضا کا حصہ:

حضرت رضا بریلوی کے سن ولادت 1856ء سے تقریباً بتیس سال پہلے 1824ء میں جو طوفان اٹھا تھا، جو ہلاکت خیز سیلاب آیا تھا۔ اس کے اثرات ونتائج آہستہ آہستہ پورے ملک میں سرایت کررہے تھے۔ حضرت رضا بریلوی جو خود سلف صالحین کی روحانی امانتوں کے امین۔ اور روحانی گھرانے کے نور نظر تھے ان نتائج وعواقب اوران کی فتنہ خیزیوں کا اچھی طرح جائزہ لے کر قوم کو ان کی تباہیوں سے بچانے کے لئے فاضلانہ محاکمہ، عالمانہ محاسبہ اور محققانہ تعاقب فرماتے ہیں ایک ایک عنوان پر آپ نے بصیرت سے بھرپور کتابیں تصنیف فرمائیں۔ ہر مضمون کو کتاب وسنت اور عبارات ائمہ واسلاف سے مزین فرماتے ہیں۔ اس طرح دور اخیر میں روحانیات کے تحفظ کے لئے جس طرح کا آپ نے بیڑا اٹھایا حق یہ ہے کہ یہ آپ ہی جیسے صاحب فکر وشعور اور اہل ہمت واستقامت کا حق اور حصہ تھا۔ ہندوستان کی تمام خانقاہیں جوان

Marfat.com

حملوں سے پریشان تھیں حضرت رضا بریلوی نے اپنے 55 رعلوم وفنون سے خانقاہی نظام کو مردہ ہونے سے بچایا۔ اتفاق واتحاد کی بنیادی اساس عظمت مصطفیٰ کے پلیٹ فارم سے آپ نے قوم کو آواز دی روحانیت کا پیغام سنایا اور اس طوائف الملوکی کے دور میں مسلمانوں کو مجتمع کرنے کی مستحسن جدوجہد فرمائی۔ خانقاہی نظام کے پروردہ وآراستہ عظیم مورخ خواجہ حسن نظامی دہلوی جو آپ کے معاصر ہیں اس بات کا برملا اعتراف کرتے نظر آتے ہیں۔

''بریلی کے مولانا احمد رضا خان صاحب جن کو ان کے معتقد مجدد مائۃ حاضرہ کہتے ہیں۔ درحقیقت طبقۂ صوفیائے کرام میں باعتبار علمی حیثیت کے منصب مجدد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے ان مسائل اختلافی پر معرکہ کی کتابیں لکھی ہیں جو سالہا سال سے فرقۂ وہابیہ کے زیر تحریر وتقریر تھیں اور جن کے جوابات گروہ صوفیہ کی طرف سے کافی وشافی نہیں دیئے گئے تھے۔ ان کی تصنیفات وتالیفات کی خاص شان اور خاص وضع ہے یہ کتابیں بہت زیادہ تعداد میں ہیں اور ایسی مدلل ہیں جن کو دیکھ کر لکھنے والے کے تبحر علمی کا جید سے جید مخالف کو اقرار کرنا پڑتا ہے مولانا احمد رضا خان صاحب جو کہتے ہیں وہی کرتے ہیں اور یہ ایک ایسی خصلت ہے جس کی ہم سب کو پیروی کرنی چاہیے۔ ان کے مخالف اعتراض کرتے ہیں کہ مولانا کی تحریروں میں سختی بہت ہے ...... مگر شاید ان لوگوں نے مولانا اسماعیل شہید اور ان کے حواریوں کی دلآزار کتابیں نہیں پڑھیں جن کو سالہا سال صوفیائے کرام برداشت کرتے رہے ان کتابوں میں جیسی سخت کلامی برتی گئی ہے اس کے مقابلے میں جہاں تک میرا خیال ہے مولانا احمد رضا خاں صاحب نے اب تک بہت کم لکھا ہے۔ جماعت صوفیاء علمی حیثیت سے مولانا موصوف کو اپنا بہادر صف شکن سیف اللہ سمجھتی ہے اور انصاف یہ ہے کہ بالکل جائز سمجھتی ہے (12)''

حضرت رضا بریلوی نے اپنے نفس گرم اور آہ سرد سے روحانیت کی ایسی شمع روشن کی کہ پوری دنیا میں اب اس کا اجالا محسوس نگاہوں سے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس شمع علم وعشق کے گرد پروانے منڈلانے لگے...... دیوانے اترانے لگے...... اور ایک نامعلوم شہر شہر محبت وعقیدت میں تبدیل ہوکر مذہبیات وروحانیات کا متحدہ عظیم مرکز ہوگیا۔ تمام روحانی مراکز بریلی کی مرکزیت کے گرد سمٹ آئے حق ہے کہ بریلی، دہلی، لکھنؤ رام پور، خیر آباد، بدایوں، وغیرہ کے دینی وروحانی مراکز کا عظیم

Marfat.com

علمبردار بن گیا۔ اور وہاں سے وہی پیغام نشر ہونے لگا جو کبھی اجمیر کی دھرتی اور بغداد کی وادی سے ہوا تھا، جو کبھی کربلا کی دھوپ اور نجف کی چھاؤں سے ہوا تھا، جو کبھی مدینہ کی سہانی صبح اور مکے کی سعادت آشام شام سے ہوا تھا۔ خان محمد علی خاں آف ہوتی مرکزی وزیر تعلیم حکومت پاکستان تحریر فرماتے ہیں۔

''اعلیٰ حضرت شمع اسلام میں محبت کا تیل ڈالنے میں ساری زندگی مصروف رہے، عرب وعجم میں کئی تحریکیں اٹھیں جن کے فکری ڈانڈے کہیں دور، اسلام سے جدا پگڈنڈیوں سے ملتے تھے مگر دلنواز ونظر فریب نعروں سے ان کے افکار کو مسلمانوں کے سامنے پیش کیا جارہا تھا، حضرت بریلوی ایسی تحریک سے متاثر نہیں ہوئے انہوں نے اسلام کے درخشاں چہرے سے سب غلط افکار کے پردے نوچ پھینکے۔ اسلام اسی آب وتاب سے سامنے آیا جس چمک دمک سے وہ دور نبوت، عہد خلافت، اور دور مجتہدین سے ضیا پاشیاں کرتا تھا (ہفت روزہ افق، کراچی شمارہ 6ر فروری 85ء) (حیات مولانا احمد رضا خان، ص23)

Marfat.com

# حوالے

## عہد رضا کا روحانی پس منظر

| | | |
|---|---|---|
| (1) | محدث بریلوی۔ پروفیسر مسعود احمد مظہری | ص22 |
| (۲) | 〃 〃 〃 | ص22 |
| (3) | البریلویہ کا تحقیقی، تنقیدی جائزہ۔علامہ عبدالحکیم شرف قادری | ص309 |
| (4) | فاضل بریلوی اور ترک موالات، پروفیسر مسعود احمد مظہری | ص31 |
| (5) | معارف رضا، شمارہ یازدہم کراچی | ص176، 177 |
| (6) | ہدیٰ اسلامی ڈائجسٹ، دہلی دسمبر 1995ء | ص23 |
| (7) | حقائق تحریک بالاکوٹ، شاہ حسین گردیزی | ص12، 13 |
| (8) | ننگ دین ننگ وطن، پروفیس فیاض کاوش | ص22 |
| (9) | سرسید اور ان کا عہد، پروفیسر ثریا حسین | ص17 |
| (10) | مولانا اسماعیل دہلوی اور تقویۃ الایمان، شاہ ابوالحسین زید فاروقی | ص9 |
| (11) | امام احمد رضا اور مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار تقدیم | ص7 |
| (12) | معارف رضا، شمارہ یازدہم، کراچی | ص193، 194 |

(5)

Marfat.com

# حضرت رضا بریلوی کا سیاسی ماحول

1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمان صرف جنگ کا میدان ہی نہیں ہارے تھے۔ بلکہ علم وحکمت کا میدان بھی ان کے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔ تاریخ شاہد ہے کہ فرنگیوں نے علماء و مجاہدین آزادی اور اس کے خانوادے کے افراد، نیز اس کے پیروؤں کے ساتھ جابرانہ سلوک کیا۔ مسلمانوں کے ضمیر، غیرت اور جوانمردی کو تہہ و بالا کرنے کے لئے۔ خوف۔ لالچ کا سہارا لے کر فرقوں، اور جماعتوں میں تقسیم کر کے تمام اندیشوں کو ختم کر دیا تاکہ شورش اور بغاوت نہ ہو۔

1919ء میں ترکوں پر انگریزوں کے مظالم کے خلاف ہندوستان میں تحریک خلافت کا آغاز ہوا۔ یہ تحریک پورے ملک میں طوفان کی طرح پھیل گئی۔ بچہ بچہ انگریز حکمرانوں کے خلاف نفرت وعداوت کا شعلۂ جوالہ بن گیا۔ اس ہمہ گیر نفرت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے موہن داس کرم چند گاندھی نے 1920ء میں کانگریس کی طرف سے ترک موالات کا اعلان کر دیا گاندھی کی اس تحریک میں مولویان فرنگی محل اور علی برادران پیش پیش تھے۔

اسی زمانے میں تحریک ہجرت اور تحریک ترک گاؤکشی بھی چلیں۔ ملک بڑے ہی سیاسی بحران سے دوچار تھا۔

حضرت رضا بریلوی خالص مذہبی انسان تھے انہیں کرسی وغیرہ اور جاگیر وریاست یا القاب و خطاب کی سیاست سے کوئی غرض نہ تھی۔ مگر وہ سیاسی، سماجی، تعلیمی، مذہبی کسی بھی رخ سے اور کسی بھی طور پر اپنے دین وایمان پر کوئی چوٹ، حملہ، یا ضرب برداشت نہ کر سکتے تھے وہ حریت پسند تھے۔ انہیں انگریزی حکومت اور انگریزی تہذیب اور طور طریقوں سے سخت نفرت تھی وہ غیرت اسلامی، ملی بیداری، اور قومی خیر خواہی کا پیکر تھے، لہٰذا انہوں نے ہر ایسی تحریک کی مخالفت کی جو اسلام اور مسلمانوں کی دشمن تھی گو کہ بظاہر وہ بڑی خوش نما دکھائی پڑتی تھی، اسی لئے انہوں نے تحریک ہجرت اور ترک گاؤکشی کے معاملے میں دخل اندازی کی اور ان تحریکات کے حامیوں کا رد کیا۔ فتاویٰ جاری کئے اور مسلمانوں کو اپنے مذہب پر قائم رہتے ہوئے صحیح سوجھ بوجھ سے کام لینے اور فتنہ وشر میں مبتلا

Marfat.com

نہ ہونے کی برابر تلقین کرتے رہے.......... تحریک ہجرت کے سلسلے میں انہوں نے فرمایا۔

"رہا دارالاسلام اس سے ہجرت عامہ حرام ہے کہ اس میں مساجد کی ویرانی و بیحرمتی، قبور مسلمین کی بربادی عورتوں، بچوں اور ضعیفوں کی تباہی ہوگی" (1)

کچھ لوگوں نے انگریزوں سے جہاد کرنے کی اسکیمیں بھی بنائیں اس سلسلے میں متعدد مفتیوں سے فتاوے بھی لئے گئے۔

مولانا محمود حسن دیوبندی عالم ہونے کے باوجود یہ فرماتے ہیں۔

"کچھ شبہ نہیں کہ حق تعالیٰ شانہ نے آپ کے ہموطن، اور ہندوستان کی سب سے زیادہ کثیر التعداد قوم (ہنود) کو کسی نہ کسی طریق سے آپ کے ایسے پاک مقصد کے حصول کے لئے موید بنادیا ہے اور میں دونوں قوموں (ہنود و مسلمان) کے اتفاق واتحاد کو بہت مفید اور منتج سمجھتا ہوں۔ اور حالات کی نزاکت کو محسوس کر کے جو کوشش اس کے لئے فریقین کے عمائدین نے کی ہے اور کر رہے ہیں اس کے لئے میرے دل میں بہت قدر ہے۔ (علمائے حق۔ حصہ اول ص 96) (2)

ایک ایسے ہی کانگریسی عالم پر تنقید کرتے ہوئے ڈاکٹر اقبال نے کہا تھا۔

عجم ہنوز نہ داند رموز دیں ورنہ ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است

سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن است چہ بیخبر ز مقام محمد عربی است

بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبی است (3)

جہاد بیشک اسلامی فرائض میں اہم ترین فریضہ ہے۔ لیکن یہ اسی وقت فرض ہوگا۔ جب اس کی شرائط پائی جایں ط اس کی اہم شرائط میں سے سلطان اسلام اور قوت کا موجود ہونا ہے۔ اسی لئے حضرت رضا بریلوی نے کہا تھا۔

"مفلس پر اعانت حال نہیں۔ بے دست و پا پر اعانت اعمال نہیں ولہذا مسلمانان ہند پر حکم جہاد وقتال نہیں۔" (4)

ایک دوسری جگہ قوت وطاقت کے شرط ہونے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"سلطان اسلام جس پر اقامت جہاد فرض ہے۔ اسے بھی کافروں سے پہل حرام ہے۔ جب کہ ان کے مقابلے کے قابل نہ ہو"......... (5)

ظاہر ہے اس وقت ہندوستان میں نہ تو سلطان اسلام موجود تھا اور نہ ہی طاقت پھر جہاد کس برتے پر کیا جاتا۔ کچھ لوگوں نے مولانا بریلوی کے ان فتاویٰ کی بنا پر کہدیا کہ وہ انگریز کے ایجنٹ ہیں۔ حالانکہ یہ

Marfat.com

سراسر الزام اور بے بنیاد اتہام ہے۔ آج وقت اور تاریخ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ایجنٹ کون تھا؟ ہجرت کر کے جانے والوں کا جو حشر ہوا وہ بھی صفحات تاریخ پر نقش ہے۔ رئیس احمد جعفری رقم طراز ہیں۔

''پھر ہجرت کی تحریک اٹھی اٹھارہ ہزار مسلمان اپنا گھر بار جائداد، اسباب غیر منقولہ اونے پونے بیچ کر (خریدنے والے زیادہ تر ہندو ہی تھے) افغانستان ہجرت کر گئے وہاں جگہ نہ ملی واپس کئے گئے۔ کچھ مر کھپ گئے۔ اور جو واپس آئے تباہ حال، خستہ، درماندہ، مفلس، قلاش، تہی دست، بے نوا، بے یار و مددگار...... اگر اسے ہلاکت نہیں کہتے ہیں۔ تو کیا کہتے ہیں۔ (حیات محمد علی جناح ص108) (6)

مولانا کوثر نیازی تحریک ہجرت کے منظر پس منظر پر فاضل بریلوی کے نقاط نظر اور اس کے اثرات و ثمرات کا یوں تجزیہ کرتے ہیں۔

''حیرت ہے کہ جو لوگ انگریز کے زمانے میں ہندوستان کو دارالحرب قرار دینے پر مصر تھے۔ آج ہندو راج میں اسے دارالحرب قرار دینے کا لفظ بھی منہ سے نہیں نکالتے۔ مطلب واضح ہے کہ انگریز کے سامنے ہندو پس پردہ ان فتووں کی تار ہلا رہے تھے۔ جن میں ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا جا رہا تھا۔ تاکہ مسلمان انگریز کے خلاف تلوار اٹھائیں۔ مر کھپ جائیں اور جو باقی بچیں وہ ہجرت کر کے اس سرزمین ہی کو چھوڑ جائیں۔ آج ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا جائے تو ہندو سیکولرزم کا طلسم پاش پاش ہوتا ہے۔ مسلمان جہاد کے نام پر برسر پیکار ہوں یا ہجرت کریں...... اس لئے آج ہندوستان کو دارالحرب قرار دینے والے مفتیان کرام کے وارث مہر بلب ہیں اور اس طرح اپنے عمل سے امام احمد رضا کے فتویٰ کی تائید کر رہے ہیں'' (7)

Marfat.com

# تحریک خلافت وترک موالات

## اور حضرت رضا بریلوی

تحریک خلافت وتحریک ترک موالات پورے ملک میں طوفان کی طرح چھا چکی تھی۔ اور کچھ ایسی فضا سازی کردی گئی تھی کہ ان کے خلاف لب ہلانا یا قلم کو حرکت دینا اپنے آپ کو تقریباً پورے ملک کا دشمن بنالینے کے مترادف تھا۔ ایسے شخص کو ملت اسلامیہ کا دشمن اور برٹش ایجنٹ قرار دیدیا جانا عام سی بات تھی۔ مگر ایسے عالم میں بھی حضرت رضا بریلوی نے کسی بھی مخالفت اور الزام کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے بصیرت ایمانی کا فیصلہ صادر فرمایا اور طوفان کی زد پر دین وایمان اور عشق وعرفان کا چراغ فروزاں رکھا۔ تاریخ شاہد ہے اور مورخین اس اعتراف پر مجبور ہیں۔ کہ زمانے کا بڑے سے بڑا طوفان ان کے پائے استقلال میں لغزش نہ پیدا کرسکا۔ بلکہ ان کی جرأت واستقامت اور ایمانی غیرت نے طوفان کا رخ موڑ دیا۔ اس وقت تو ان پر طرح طرح کے الزامات عائد کئے گئے۔ لیکن طوفانی دور گذر جانے کے بعد غیر متعصب اور دیانتدار مورخین نیز رہنمایان قوم ان کی مومنانہ جرأت واستقامت کو داد دیئے بغیر نہ رہ سکے مولانا سید محمد جعفر شاہ پھلواری جو تحریک ترک موالات میں امام احمد رضا کے مخالفین میں شمار ہوتے تھے۔ لکھتے ہیں۔

"ترک موالات کی تحریک جب زوروں پر رہی مجھے فاضل بریلوی رحمتہ اللہ سے کوئی دلچسپی نہ تھی، ترک موالاتیوں نے ان کے متعلق مشہور کر رکھا تھا نعوذ باللہ وہ سرکار برطانیہ کے وظیفہ یاب ایجنٹ ہیں۔ اور تحریک ترک موالات کی مخالفت پر مامور ہیں ............اس قسم کی خبریں خواہ ایک فیصد بھی اپنے اندر صداقت نہ رکھتی ہوں لیکن عام لوگ کسی تحقیق کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ بلکہ کوئی ثبوت طلب کئے بغیر ایمان لے آتے ہیں ............تحریک ترک موالات کے جوش میں تحقیق کا ہوش نہ تھا۔ اس لئے ایسی افواہوں کو غلط سمجھنے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ لیکن جیسے جیسے شعور آتا گیا مذہبی تعصب اور تنگدلی کا رنگ ہلکے سے ہلکا ہوتا گیا۔ (خیابان رضا محمد مرید احمد چشتی) (8)

Marfat.com

علی برادران یعنی مولانا شوکت علی اور مولانا محمد علی جوہر جو تحریک خلافت اور تحریک ترک موالات کے پیش روؤں میں تھے اور جنہیں گاندھی جی کا دست و بازو سمجھا جاتا تھا۔ جب برسوں بعد ان کی آنکھیں کھلیں اور ملک میں مسلمان کی سیاسی زبوں حالی اور غیروں کی سیاسی جکڑ بندی میں انہیں مقید دیکھا تو مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے خلیفہ مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی کے دست حق پرست پر اپنے ان تمام اقوال وافعال سے توبہ کیں جو ان سے ان تحریکات کے زمانے میں۔ اور گاندھی جی و دیگر غیر اسلامی نظریات کی حمایت میں ان سے سرزد ہوئی تھیں (9)

مولانا محمد علی جوہر کی ایک تقریر سے بھی اخیر میں ان کی گاندھی اور گاندھیائی تحریک سے بیزاری اور تحریک کے مضمرات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ یہ تقریر مولانا محمد علی جوہر نے 25ر دسمبر 1927ء کو پشاور کے ایک اجلاس میں کی تھی۔ مولانا نے فرمایا۔

"ہندو رہنما مہاتما گاندھی ہمیشہ خلافت کے سرمایہ سے دورہ کرتا رہا، ہماری قید کے بعد بھی مہاتما جی نے دورے کے مصارف خلافت کے سرمایے سے لئے، حتیٰ کہ کانگریس کے لئے ایک کروڑ روپے جمع کرنے کے لئے آپ کے دوروں کے مصارف بھی خلافت نے ادا کئے"۔(10)

اسی طرح مولانا عبدالباری فرنگی محلی جنہوں نے ان تحریکات میں بہت سارے اسلامی اصولوں کو بالائے طاق رکھدیا تھا۔ اور گاندھی جی کی حمایت میں اس قدر آگے بڑھ گئے تھے کہ دین اسلام تک کو فراموش کر دیا تھا۔ حضرت رضا بریلوی گاندھی جی سے ان کے تعلقات اور ترک موالات سے متعلق ان کے نظریات پر تنقید کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"انہیں (گاندھی جی کو) رازدار و دخیل کار بنانا حرام قطعی تھا یہ اس سے بھی بدرجہا بڑھ کر ان کے ہاتھ بک گئے انہیں اپنا امام و پیشوا بنالیا۔ ان کو اپنا رہنما بنالیا ہے۔ جو وہ کہتے ہیں وہی مانتا ہوں۔ میرا حال تو سردست اس شعر کے موافق ہے۔

عمرے کہ بآیات وحدیث گزشت
رفتی ونثار بت پرستی کردی (11)

حضرت رضاء بریلوی کی گرفت پر مولانا عبدالباری نے جو نوٹس لیا اس کے عینی شاہد خلیفہ

Marfat.com

مولانا بریلوی۔ مولانا برہان الحق جبل پوری تحریر فرماتے ہیں۔

''مولانا عبدالباری فرنگی محلی کی جانب سے اعلیٰ حضرت اور علمائے حق کے خلاف ایک مضمون شائع ہوا۔ اعلیٰ حضرت کی جانب سے الطاری الداری لھفوات عبدالباری (1339ھ) لکھ کر مولانا عبدالباری کو رجسٹری کی گئی۔ مولانا پر اس کا اچھا اثر ہوا۔'' (12)

حضرت رضا بریلوی کی کوشش مخلصانہ تھی رنگ لا کر رہی۔ اپنے خلیفہ مولانا ظفرالدین بہاری کو ایک مکتوب میں لکھتے ہیں۔

''مبارک، مبارک، مبارک! مولانا مولوی عبدالباری صاحب نے ان ایک سو ایک اوران کے امثال سے توبہ چھاپ دی ملاحظہ ہو اخبار ہمدم 11 / رمضان المبارک، بروز جمعہ 20 / مئی 20 ص 3 / ک 4 '''' میں نے بہت گناہ دانستہ کئے اور بہت سے نادانستہ سب کی توبہ کرتا ہوں۔ اے اللہ میں نے اور قولاً و فعلاً و تقریراً و تحریراً بھی کئے ہیں جن کو میں گناہ نہیں سمجھا تھا، مولوی احمد رضا خاں صاحب نے ان کو کفر یا ضلال یا معصیت ٹھہرایا ان سب سے اور ان کی مانند امور سے جن میں میرے مرشدین، اور مشائخ سے کوئی قدوہ نہیں ہے۔ محض مولوی صاحب موصوف پر اعتماد کر کے توبہ کرتا ہوں۔ اے اللہ میری توبہ قبول کر۔'' (13)

یونہی مولانا ابوالکلام آزاد جنہوں نے ناگپور خلافت کانفرنس کے پنڈال میں جمعہ پڑھایا۔ اور خطبہ میں گاندھی جی کی صداقت وحقانیت کی شہادت دی اور یہاں تک کہا کہ

''کوشش اور لڑائی صرف اماکن مقدسہ اور خلافت کیلئے نہیں ہے بلکہ ہندوستان کو خود اختیاری حکومت دینے کے لئے ہے اگر خلافت کا خاطر خواہ فیصلہ ہو بھی جائے تاہم ہماری جدو جہد جاری رہے گی اس وقت تک کہ ہم گنگا جمنا کی مقدس سرزمین کو آزاد نہ کرالیں'' (14)

حضرت رضا بریلوی نے مولانا آزاد کے اس آزادانہ اور عاقبت نا اندیشانہ کلام پر گرفت کرتے ہوئے لکھا۔

''ترکوں کی حمایت تو محض دھوکے کی ٹٹی ہے۔ اصل مقصد بغلامی ہنود سوراج کی چکی ہے بڑے بڑے لیڈروں نے جس کی تصریح کر دی ہے بھاری بھرکم خلافت کا نام لو عوام بھڑیں۔ چندہ خوب ملے۔ اور گنگا و جمنا کی مقدس زمینیں آزاد کرنے کا کام چلے۔

Marfat.com

اے ' پسر و مشرکاں بزمزم نہ رسی
کیں رہ کہ تو میروی بہ گنگ و جمن است (15)

وہ وقت بھی آیا جب مارچ 1921ء میں جمعیۃ العلماء ہند کا ایک جلسہ خود مولانا آزاد کی زیر صدارت بریلی شریف میں منعقد ہوا۔ اس میں حضرت رضا بریلوی کے تلامذہ وخلفاء نے ان سے ڈٹ کر مواخذہ کیا۔ اور 70 ر سوالات بعنوان ''اتمام حجت تامہ'' شائع کر کے خلافت کمیٹی تک پہنچادیا گیا۔ مولانا آزاد سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ اپنی توبہ کے الفاظ اخبارات میں شائع کرادیں۔ مولانا آزاد نے وعدہ کیا کہ اجلاس کی روداد میں ان تمام غیر اسلامی حرکات سے رجوع کا اعلان شائع کر دیا جائے گا۔ جلسہ کا اختتام شب میں کسی وقت ہوا ہوگا۔ بریلی اسٹیشن پر روانگی کے وقت مولانا آزاد نے اس مجمع سے جو انہیں گھیرے ہوئے تھا۔ کہا۔

''بعض باتیں حقیقت ہیں جن سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اب ہمیں آزادی کا جو مسئلہ حل کرنا ہے اس کے آگے اب تمام باتیں فی الحال زیادہ توجہ کے لائق نہیں ہیں۔ مگر احتیاط بہرحال ضروری ہے''۔ ایک صاحب جو اسٹیشن پر سکٹ بیچتے تھے انہوں نے یہ روداد بیان کی۔ (16)

ان حوالہ جات واقتباسات سے معلوم ہوا کہ حضرت رضا بریلوی کا موقف تحریک خلافت اور ترک موالات کی تحریک میں درست تھا اور ان حضرات، یعنی علی برادران، مولوی عبدالباری مولانا آزاد وغیرہ سے ان کی مخالفت نجی بنیاد پر نہ ہو کر دینی بنیاد پر تھی اور بالآخر وقت نے ثابت کر دیا کہ حضرت رضا بریلوی حق پر تھے اور ان کی سیاسی بصیرت، دینی حمیت اور سماجی سوجھ بوجھ اوروں سے کہیں بڑھ کر تھی۔ اس سلسلے میں جماعت اسلامی ہند کے ترجمان ماہنامہ الحسنات رام پور کا یہ بیان قابل غور ہے۔

'' احمد رضا خان کے آخری دور میں سیاست نے ایک نیا رخ اختیار کر لیا تھا 1338ھ ر 1919ء میں جب تحریک خلافت کا آغاز ہوا احمد رضا خان نے اس سے اختلاف کیا اور ایک رسالہ (''المحجۃ المؤتمنہ فی آیۃ الممتحنہ 1339ھ ء 1920ء'') تحریر کیا اس میں انہوں نے کفار ومشرکین سے اختلاط اور ان کے ساتھ سیاسی اتحاد کے خطرناک نتائج کا تذکرہ کیا ہے، ان کے معتقدین نے ''جماعت رضائے مصطفیٰ'' کے نام سے دوسری تنظیم قائم کی اور اس کے بعد ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' کے نام سے دوسری تنظیم قائم کی گئی...... سیاست کے اس نازک دور

Marfat.com

میں وہ جوش وخروش سے زیادہ سلامت روی کو مسلمانوں کے لئے مفید سمجھتے تھے (17)

حضرت رضا بریلوی کا نظریۂ فکر قرآن و حدیث کے محکم اشارات پر مبنی تھا وہ معاشرے میں قرآن وسنت کی حکمرانی کے متمنی تھے۔ وہ وہی چاہتے تھے جو کتاب وحکمت کا مقتضا ہوتا تھا۔ اور اس سلسلے میں پیغام حق کی تبلیغ وہ برملا کرتے تھے۔ احقاق حق کے باب میں وہ بڑی سے بڑی شخصیتوں سے بھی مرعوب ہونا نہیں جانتے تھے۔ ان کے نزدیک ترک موالات صرف نصاریٰ ہی سے کیوں؟ اللہ اور اس کے رسول کے فرمان کی روشنی میں مشرکین ہند بھی اس میں شامل ہیں۔ یہ کیا؟ کہ نصاریٰ سے ترک موالات اور ہنود سے محبت واتحاد!............ آپ لکھتے ہیں۔

''حضرات لیاڈر نے مسئلہ موالات میں سب سے بڑھ کر اودھم مچائی اوروں میں افراط یا تفریط ایک ہی پہلو پر گئے، اس میں دونوں کی رنگت رچائی، افراط وہ کہ نصاریٰ سے نرمی معاملات بھی حرام قطعی، اور تفریط یہ کہ ہندوؤں سے اتحاد بلکہ ان کی غلامی فرض شرعی'' (18)

تحریک ہجرت، تحریک ترک موالات اور تحریک خلافت جس نے اچھے اچھوں کے ہوش اڑا دیئے تھے۔ اعتدال کی جگہ اشتعال۔ اور سنجیدگی کی جگہ برافروختگی نے لے لی تھی۔ ایسے ماحول میں حضرت رضا بریلوی تھے جو ان تحاریک کے ایک ایک گوشے پر نظر رکھے ہوئے تھے۔ اور اس کے اچھے، برے نتائج واثرات سے مسلمانوں کو باخبر کر رہے تھے۔ ان کی نظر میں تعمق اور ان کی فکر میں تعقل کی جلوہ ریزیاں دیکھنی ہوں تو ان طوفانی تحاریک کے پس منظر میں ان رہنما اصولوں کا جائزہ لیا جائے۔ تحریر فرماتے ہیں۔

''دشمن اپنے دشمن سے تین باتیں چاہتا ہے۔

(1)............ اول............ اس کی موت کہ جھگڑا ہی ختم ہو۔

(2)............ دوم............ یہ نہ ہو تو اس کی جلاوطنی کہ اپنے پاس نہ رہے۔

(3)............ سوم............ یہ بھی نہ ہو سکے تو اخیر درجہ اس کی بے پری کہ عاجز بن کر رہے مخالف نے یہ درجے ان پر طے کر دئے اور ان کی آنکھیں نہیں کھلتیں۔ خیر خواہ ہی سمجھے جاتے ہیں۔

اولاً............ جہاد کے اشارے ہوئے اس کا کھلا نتیجہ ہندوستان کے مسلمانوں کا فنا ہونا تھا۔

ثانیاً............ جب یہ نہ بنی، ہجرت کا بھرا کہ یہ کسی طرح دفع ہوں۔ ملک ہماری کبڈیاں کھیلنے

Marfat.com

کورہ جائے۔ یہ اپنی جائدادیں کوڑیوں کے مول بیچیں۔ یا یونہی چھوڑ جائیں۔ بہر حال ہمارے ہاتھ آئیں۔ ان کی مساجد مزارات اولیاء ہماری پامالی کورہ جائیں۔

ثالثاً ............ جب یہ بھی نہ بنی تو ترک موالات کا جھوٹا حیلہ کر کے ترک معاملت پر ابھارا ہے کہ نوکریاں چھوڑ دو، کسی کونسل کمیٹی میں داخل نہ ہو، مالگذاری، ٹیکس کچھ نہ دو۔ خطابات واپس کردو۔ امر اخیر تو صرف اس لئے ہے کہ ظاہری نام کا دنیوی اعزاز بھی کسی مسلمان کے لئے نہ رہے اور پہلے تین اس لئے کہ ہر صیغہ اور محکمہ میں صرف ہنود رہ جائیں۔ (فاضل بریلوی اور ترک موالات ص 71-70''

حضرت رضا بریلوی کے اس دانشمندانہ، مومنانہ اقدام و انداز کو بعض لوگ انگریزی حمایت پر محمول کرنے لگے۔ ایک طوفان بر پا کیا گیا کہ مولانا احمد رضا تو انگریزوں کے ایجنٹ ہیں۔ حضرت رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں۔

''اہل عقل و دین اول تو غوغائے بے ثمر کو خود ہی عبث جان کر صرف توجہ الی اللہ پر قانع رہیں گے۔ اگر شاید شرکت چاہیں تو انہیں مذہب اہلسنت ہر شے سے زیادہ عزیز ہے۔ مذہب ہی ان کے نزدیک چیز ہے لہذا ایسے لفظ کی چلاہٹ ڈالو جو خلاف مذہب اہلسنت ہو وہ شریک ہوتے ہوں تو نہ ہوں اور کہنے کو موقع مل جائے کہ دیکھئے انہیں مسلمانوں سے ہمدردی نہیں۔ یہ تو معاذ اللہ نصاریٰ سے ملے ہوئے ہیں۔

(دوام العیش۔ امام احمد رضا)

ایک غیر جانبدار ادیب و نقاد ''شوکت صدیقی'' رقمطراز ہیں۔

''ان کے بارے میں وہابیوں کا یہ الزام کہ وہ اگریزوں کے پروردہ تھے، یا انگریز پرست تھے نہایت گمراہ کن اور شر انگیز ہے...... وہ انگریز اور اس کی حکومت کے اس قدر کٹر دشمن تھے کہ لفافہ پر ہمیشہ الٹا ٹکٹ لگاتے تھے اور برملا کہتے تھے کہ ''میں نے جارج پنجم کا سر نیچا کر دیا'' انہوں نے زندگی بھر انگریزوں کی حکمرانی کو تسلیم نہیں کیا۔''

(ہفت روزہ الفتح کراچی، شمارہ 14۔ 21۔ مئی 1976ء ص 17)

اور جب آفتاب صداقت کے چہرے سے غبار چھٹا، لوگوں پر جوش کا چھایا ہوا خمار اترا، ہوش آیا تو حیرت کی کوئی انتہا نہ تھی حضرت رضا بریلوی نے جن خدشات و خطرات کی نشاندہی

Marfat.com

فرمائی تھی، اپنی مومنانہ فراست سے جو پیش بینی کردی تھی اس کے اثرات عالم آشکار ہو چکے تھے، ناکردنی و ناگفتنی کے احساس سے ہر صالح دل درمند بنا ہوا تھا اور ملکی سیاست کا نقشہ بدلا ہوا مگر اب کیا ہو سکتا تھا کاش کہ پہلے ہی حضرت رضا بریلوی کی ملخصانہ تنبیہات کو گوش شنوا سے سنا گیا ہوتا۔ معروف ادیب و نقاد پروفیسر رشید احمد صدیقی، اپنے استاد محترم، اور حضرت رضا بریلوی کے معتمد خلیفہ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف صاحب بہاری صدر شعبۂ سنی دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے حوالے سے یوں حقائق طراز ہیں......

"1921ء کا زمانہ ہے نان کوآپریشن کا سیلاب اپنی پوری طاقت پر ہے گائے کی قربانی، اور موالات پر بڑے بڑے جید اور مستند لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کردیا ہے۔ اس زمانہ کے اخبارات، تقاریر، تصانیف، اور رجحانات کا اب اندازہ کرتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کیا سے کیا ہو گیا، ......اس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ کیا جا رہا ہے وہی سب کچھ ہے یہی باتیں ٹھیک ہیں۔ ان کے علاوہ اور کوئی باتیں ٹھیک ہو ہی نہیں سکتیں۔ کالج میں عجیب افراتفری پھیلی ہوئی تھی (مولانا سید سلیمان اشرف) مرحوم مطعون ہو رہے تھے۔ لیکن چہرہ پر کوئی اثر نہ تھا، اور نہ معمولات میں کوئی فرق، سیلاب گذر گیا جو کچھ ہونے والا تھا وہ بھی ہوا۔ لیکن مرحوم نے اس عہد سراسیمگی میں جو کچھ لکھ دیا تھا بعد میں معلوم ہوا کہ حقیقت وہی تھی، اس کا ایک ایک حرف صحیح تھا، آج تک اس کی سچائی قائم ہے۔"

(گنجہائے گرانمایہ، پروفیسر رشید احمد صدیقی، ص ۳۰۔۳۱۔

حضرت مولانا سید سلیمان اشرف بہاری اور حضرت رضا بریلوی کے درمیان جو قلبی ربط تھا اور حضرت رضا بریلوی کی سحر انگیز شخصیت نے مولانا بہاری پر جو اثر ڈالا تھا ڈاکٹر سید عابد علی ڈائرکٹر ادارہ بیت القرآن لاہور بیان فرماتے ہیں۔

"استاذ محترم سید سلیمان اشرف پر حضرت مولانا بریلوی کا اتنا اثر تھا کہ میں نے مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ کی عظیم شخصیت کا اندازہ دراصل استاذ محترم کی شخصیت ہی سے لگایا۔ مجھے مولانا سید سلیمان اشرف سے شرف تلمذ کے علاوہ ان کا انتہائی قرب بھی رہا اور میں دیکھتا کہ اکثر مولانا بریلوی کا ذکر چھیڑ دیتے اور یوں محسوس ہوتا کہ اکثر ان ہی

Marfat.com

کے تصور میں مگن رہتے حتیٰ کہ استاذ محترم کی طبیعت انہی کے رنگ میں رنگی گئی تھی۔ اور اپنے معتقدات اور ایمانیات میں منطقی استدلال اور علوم عقلیہ میں خوش کلامی اور قوت بیان میں مولانا کے انداز اور کیفیات کو اپنا چکے تھے، غیر اسلامی شعائر کی مذمت میں تشدد اور ہندوؤں کی ہمنوائی کرنے والے لیڈروں اور عالموں کے متعلق سخت گیر رویہ......... یہ سب صفات دونوں بزرگوں میں مشترک تھیں، اسی طرح عشق رسول کے معاملے میں طبیعت کا ایک والہانہ انداز بھی سید صاحب میں حضرت فاضل بریلوی ہی کی طرف سے آیا تھا، لباس اور وضع قطع میں بھی استاد محترم حضرت مولانا (بریلوی) کا تتبع فرماتے حتیٰ کہ مجھے یاد ہے کہ آپ عمامہ بھی اسی انداز کا رکھتے جیسا کہ حضرت مولانا (بریلوی) مرحوم استعمال فرماتے تھے۔"

(مقالات یوم رضا، لاہور 1971ء/امام احمد رضا اور رد بدعات و منکرات ص553/)

حضرت رضا بریلوی کے جس سیاسی دور کے جبر و جور کو ہم نے حقائق کی چھلنی میں چھاننے کی کوشش کی ہے اس سے اتنا ضرور اندازہ ہوتا ہے کہ وہ دور خود فریبیوں اور شورشرابوں کا دور تھا، جذبات سے لوگ اس قدر مغلوب ہو چکے تھے کہ نامور اور قد آور شخصیتیں بھی عواقب سے بے پرواہ ہو چکی تھیں۔

ع چلو اُدھر کو ہوا ہو جدھر کی

کے مصداق قوم وملت خیر وشر اور نفع و ضرر کی پرکھ کئے بغیر محض جبہ و دستار پر فدا ہو رہی تھی۔ تاریخی شواہد گذرے کہ ایسے نازک اور پرخطر ماحول میں تن تنہا حضرت رضا بریلوی کی ذات تھی جو بلاخوف لومت لائم جبل استقامت بن کر مخالف ہوا کی زد پر ڈٹی تھی اور سیاسی خطرناکیوں سے قوم وملت کو بچانے کے لئے قدم قدم پر چراغ شعور جلا رہی تھی۔ ان کی سیاسی بصیرت و شعور کو دیکھتے ہوئے آپ کا سیاسی مدبران کے موقف کی اپنے عمل سے تائید کر رہا ہے۔ گویا کہ:

ہے ان کے عطر بوئے گریباں سے مست گل
گل سے چمن، چمن سے صبا اور صبا سے ہم

Marfat.com

# حوالے

## حضرت رضا بریلوی کا سیاسی ماحول

| | | |
|---|---|---|
| 1 | فتاویٰ رضویہ جلد 6/امام احمد رضا خان | ص2 |
| 2 | فاضل بریلوی اور ترک موالات ڈاکٹر مسعود احمد مظہری | ص 46 |
| 3 | کلیات اقبال۔ مطبوعہ دہلی، | ص352 |
| 4 | دوام العیش، امام احمد رضا، | ص 108 |
| 5 | رسائل رضویہ جلد دوم، امام احمد رضاء | ص 210 |
| 6 | مولانا احمد رضا بریلوی ایک ہمہ جہت شخصیت مولانا کوثر نیازی | ص 45 |
| 7 | // // // | ص 46 |
| 8 | گناہ بے گناہی۔ ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص 60 |
| 9 | حیات صدر الافاضل۔ ادارہ نعیمیہ سواد اعظم لاہور | ص 73 |
| 10 | حیات محمد علی جناح، رئیس احمد جعفری | ص 105 |
| 11 | المحجۃ الموتمنہ۔ امام احمد رضا | ص 184 |
| 12 | اکرام امام احمد رضا۔ مولانا برہان الحق جبلپوری | ص 104 |
| 13 | حیات اعلیٰ حضرت۔ مولانا ظفر الدین جلد 1 | ص302 |
| 14 | شمع ہدایت۔ مفتی محمد عبد الحفیظ مطبوعہ کراچی | ص 94,93 |
| 15 | دوام العیش۔ افتتاحیہ۔ امام احمد رضا | ص 17 |
| 16 | اکرام امام احمد رضا۔ مولانا برہان الحق | ص 110 |
| نوٹ۔ | مزید تفصیل کے لئے۔ ابوالکلام آزاد کی تاریخی شکست (اور) امام رضا اور مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ | |
| 17 | ماہنامہ "الحسنات" رام پور۔ شخصیات نمبر۔ سالنامہ 1979 | ص ۵۴ |
| 18 | المحجۃ الموتمنہ۔ امام احمد رضا | ص ۱۹۷ |

Marfat.com

# حضرت رضا بریلوی کا مذہبی ماحول

انقلاب 1857ء سے قبل چونکہ بادشاہ خود متصلب سنی العقیدہ تھا اس لئے کسی اور نظریۂ جدید کو فروغ پانے کا موقع نہ ملا، 1857ء کے بعد انگریزی حمایت کی وجہ سے نوخیز فرقوں میں جان پڑ گئی، اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کونے سے اس کونے تک آواز سنائی دینے لگی۔

حضرت رضا بریلوی کی پوری زندگی اور آپ کے فتاویٰ سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ آپ نے نہایت شدت کے ساتھ قدیم حنفی طریقوں کی حمایت کی آپ کے آباء واجداد بھی حنفیت پر سختی سے عمل پیرا تھے حضرت رضا بریلوی کے دور میں جو گروہ شدت کے ساتھ حنفیت پر عمل پیرا تھا۔ وہ علمائے بدایوں اور علمائے بریلی کا گروہ تھا۔ آپ کے دور میں کچھ جدید مسائل ایسے پیدا ہو گئے۔ جس کی بنیاد پر مسلمانوں میں شدید کشمکش اور اختلاف پیدا ہو گئے۔ جس کے نتیجے میں بہت سے مناظرے اور بے شمار مجادلے ہوئے۔ اختلاف کے نتیجے میں اس وقت کئی جماعتیں وجود میں آئیں۔(1) بریلوی (2) دیوبندی (3) نیچری (4) وہابی وغیرہ (1)

ان کے قدرے تفصیل نمبروار یوں ہے۔

1......اس جماعت کے مقتداء حضرت رضا بریلوی ہیں۔ جن کے ماننے والوں کی تعداد ہندوستان میں بے شمار ہے آپ کی آسمان چھوتی شہرت ومقبولیت دیکھ کر آپ کے مخالفین نے شہر کی نسبت سے آپ کے معتقدین کو بریلوی کا نام دیا۔

فاضل بریلوی نے چوں کہ اہلسنت و جماعت کے مذہب سے ذرہ برابر انحراف نہیں کیا اس لئے ان کا اصرار تھا کہ درحقیقت وہی سنی ہیں۔ اس طرح سنی اور وہابی کی اصلاحیں عام ہو گئیں، بریلی کی نسبت سے مخالفین نے سنیوں کو بریلوی کہنا شروع کردیا۔

ماہر رضویات ڈاکٹر مسعود احمد مظہری رقمطراز ہیں۔

''احمد رضا نے آفاقیت کے لئے کوشش کی۔ گو ان کا آفاقی پیغام بریلویت کے نام

Marfat.com

سے جانا پہچانا گیا، احمد رضا بریلی کے رہنے والے تھے۔ اس لئے ان کے آفاقی پیغام کو بریلی سے نسبت دی جانے لگی اور بریلویت سے تعبیر کیا جانے لگا۔ دنیا میں لاکھوں کروڑوں ایسے سنی بستے ہیں جو" بریلویت" کی اصلاح تک سے واقف نہیں۔ مگر عقائد وہی رکھتے ہیں جن کی تبلیغ واشاعت احمد رضا نے کی۔ پاک و ہند میں لاکھوں ایسے مسلمان رہتے ہیں جو خود کو بریلوی نہیں کہتے۔ لیکن جب ان کے عقائد وافکار کا مطالعہ کریں گے تو احمد رضا کا ہمنوا پائیں گے تو دراصل" بریلویت" آفاقیت کا دوسرا نام ہے" (2)

2......اس جماعت کے مقتداء مولوی اسماعیل دہلوی۔ مولوی قاسم نانوتوی، مولوی رشید احمد گنگوہی، مولوی اشرف علی تھانوی، اور مولوی محمود الحسن ہیں۔ انقلاب 1857ء کے موقع پر جب کہ انگریز اپنی آتش انتقام کو مسلمانوں کے خون سے بجھا رہا تھا۔ موقع پاکر، مولانا عبید اللہ سندھی کے لفظوں میں:

"مولانا محمد قاسم نانوتوی دہلی کالج کے عربی حصے کو دیوبند ضلع سہارنپور لے گئے اور سرسید احمد خان انگریزی حصے کو علی گڈھ لے گئے۔ مکتب دیوبند نے اپنے اس جدید نقشے پر دینی تعلیم وتدریس کا سلسلہ شروع کیا، تعلیم وتدریس کے ساتھ ساتھ کتابیں بھی تصنیف کی گئیں۔ دبستان دیوبند کے معتقدین ومتوسلین دیوبند سے منسوب ہوکر دیوبندی کے نام سے مشہور ہوئے۔ یہ بھی ہندوستان میں اچھی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ (3)

3......اس ٹیم کے بانی سرسید احمد خاں ہیں (1817ء/ 1898ء) نیچری وہ مسلمان ہیں جو سرسید کے ہم خیال ہیں۔ جب سائنس کی ترقی بام عروج پر پہنچی تو سائنسدانوں نے مباحث میں بہت سے دانشور سے عقل وضمیر کی تائید حاصل کرلی، اسوقت یورپ کے کچھ مسلمان، سائنسدانوں سے متعلق ہوگئے۔ سائنسی فرقہ اتنا زبردست ہو چکا تھا کہ وہ مذہب کی دستگیری کا خواہاں نہیں تھا۔ بلکہ مذہب کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔ اس لئے یورپ میں دوفرقے ہوگئے ایک کا نام مذہبی، دوسرے کا نیچری (مذاہب اسلام ص 691) یہی حال ہندوستان کے مسلمانوں کا ہوگیا ہے۔ جو مذہبی باتوں کو تاویلات کے ذریعہ سائنس کا ہم آہنگ بناتے ہیں۔ وہ نیچری کہلاتے ہیں۔

4......اس جماعت کے محرک ہندوستان میں مولوی سید احمد رائے بریلوی ہیں ان کے

Marfat.com

معتقدوں میں مولوی محمد اسماعیل دہلوی اس جماعت کے عظیم قائد گذرے ہیں، کچھ دنوں کے بعد غیر مقلدیت (وہابیت) میں بھی دو فرقے ہو گئے یک اسماعیلیہ۔ دوسرا اسحاقیہ۔ اسماعیلیہ سے مقصود وہ فرقہ ہے جو بدعات ورسوم کی مخالفت کے ساتھ تقلید شخصی کا بھی تارک ہو۔ جیسا کہ مولوی اسماعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان اور جلاء العینین وغیرہ میں لکھا ہے۔ (آزاد کی کہانی ص 164) (4)

اسحاقیہ سے مقصود وہ فرقہ ہے کہ جو حنفیت اور تقلید سے انکار نہیں کرتا۔ لیکن بدعات ورسوم کا مخالف ہے۔ (آزاد کی کہانی ص 146) لیکن ایک دور ایسا بھی آیا جب اسماعیلیہ غیر مقبول ہو گئے تو مقلدیت حنفیت کی راہ اختیار کر کے اپنے عقائد کی اشاعت کرنے لگے۔ (آزاد کی کہانی ص 165)

یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ 1857ء کے بعد جتنے فرقے ظہور پذیر ہوئے۔ وہ سب وہابیت ہی کی کوکھ کے رہین منت ہیں! اسی بطن سے سب نے جنم لیا ہے۔ سب اسی گود کی پیداوار نظر آتے ہیں۔

مولانا ابوالکلام آزاد فرماتے ہیں!

''والد مرحوم (مولانا خیر الدین) کہا کرتے تھے کہ گمرہی کی موجودہ ترتیب یوں ہے۔ پہلے وہابیت، پھر نیچریت، کے بعد تیسری قدرتی منزل جو الحاد قطعی کی ہے اس کا ذکر وہ نہیں کرتے تھے اس لئے کہ وہ نیچریت ہی کو الحاد قطعی سمجھتے تھے۔ لیکن میں تسلیم کرتے ہوئے اتنا اضافہ کرتا ہوں کہ تیسری منزل الحاد ہے۔ اور ٹھیک مجھے یہی پیش آیا۔ سرسید مرحوم کو بھی پہلی منزل وہابیت ہی کی پیش آئی تھی۔ (آزاد کی کہانی ص 381) (5)

Marfat.com

# گردش روزگار
# اور
# حضرت رضا بریلوی کا منصفانہ کردار

حضرت فاضل بریلوی کو اپنے دینی اور تہذیبی ورثے میں سواد اعظم ملا۔ انہوں نے اس کو قلب سے لگایا۔ اپنے ذہن کو اس سے ہم آہنگ کیا اور اس کی خدمت کے لئے اپنے قلم کو رواں کر دیا۔ ان کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ دین مبین اور سواد اعظم جس پر نسلاً بعد نسلٍ مسلمانان عالم بالعموم اور مسلمان ہند بالخصوص قائم تھے۔ اس پر جارحانہ حملہ کرنے والوں کے خلاف قلمی اور علمی جہاد فرمایا۔ ان میں منفی طرز نہیں تھا وہ دلائل اور معقولات کے ذریعہ اپنی بات رکھتے تھے کوئی پھر بھی ہٹ دھرمی کرے تب ان کا قلم شمشیر بن جاتا...... مولانا اسماعیل دہلوی کی تقویت الایمان سے اٹھنے والے طوفان ابھی کچھ سرد ہی پڑے تھے کہ پھر وہی طوفان روپ بدل کر مسلمانان ہند کے سروں پر منڈلانے لگا، تحذیر الناس، براہین قاطعہ، حفظ الایمان، فتاویٰ رشیدیہ مختلف اوقات میں لکھی گئیں۔ ان تمام کتابوں میں تقویۃ الایمان، صراط مستقیم، رسالہ یکروزی کی روح کو موثر و متحرک دیکھا جاسکتا ہے۔ 1824ء میں جدید نظریات کی جو داغ بیل ڈالی گئی اور جو پودا لگایا گیا تھا مگر ملکی حالات نا مساعد ہونے کی وجہ سے بار آور نہ ہوسکا تھا 1857ء کے بعد ہی سے اس کی باز آبازکاری ہو رہی تھی۔ اور اب انیسویں صدی کی آخری دہائی میں جدید ثمرات سامنے آرہے تھے۔

جب جدت طرازیوں، فکری بے راہ رویوں، آزاخیالیوں نے مذہبی دنیا میں تہلکہ مچایا۔ ذات خدا و مصطفیٰ کے تعلق سے نئی نئی موشگافیاں زور پکڑنے لگیں، دینی روحانی ماحول اتھل پتھل کا شکار ہونے لگا تو مسلم قوم وملت میں اضطرابی لہر پیدا ہوئی۔ ملک کے مختلف حصے سے ان کتاب اور صاحب کتاب کے سلسلے میں استفتے آنے شروع ہوئے تو ایسے صبر شکن دور میں حضرت رضا بریلوی نے علمائے ملت اسلامیہ کے منتشر شیرازے کو مجتمع کیا اور بڑے ہی عزم واحتیاط کے ساتھ اپنے علم و فضل کو تحریک کی شکل دیدی۔ اندیشہ تھا کہ آئے دن کی نئی نئی نکتہ آفرینیاں کہیں اسلامی تعلیمات کو مسخ

Marfat.com

نہ کردیں اور مسلمانوں کو سیاسی ناکامی کے بعد کہیں مذہبی پسپائی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔ یہ تھے وہ سنگین حالات جو امام احمد رضا کے لئے چیلنج بن گئے تو آپ نے دفاعی مورچہ بندی کی تمام ذمہ داری سنبھال لی۔ سو سے زیادہ (جدید تحقیق کے مطابق) علوم وفنون کو اپنی مضبوط گرفت میں لینے والی فکر ونظر سمٹ سمٹا کر تقدیس الٰہی کی صیانت، ناموس رسالت کی حفاظت، ابطال بدعت و ضلالت اور فروغ کتاب وسنت میں لگ گئی۔ اس سلسلے میں آپ نے کم وبیش دو سو کتابیں تصنیف کیں اور ہزار ہا دلائل سے احقاق سنت وابطال بدعت کیا۔

حکمت تبلیغ کے پیش نظر صلاح وفلاح کی فضا بنانے اور افہام وتفہیم کی راہ نکالنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی کم وبیش بیس سال تک اپنی مختلف تحریروں کے ذریعہ مصنفین ومؤلفین کو دعوت اصلاح وفلاح دیتے رہے۔ پھر خطوط ارسال کئے۔ متعدد رجسٹریاں بھیجیں، نمائندے بھیجے۔ تحقیق وتنقیح کے تمام تقاضے ادا کئے مگر جواب میں سوائے خاموشی کے اور کچھ نہیں ملا۔ (6)

آپ نے جو یہ رنگ بے اعتنائی دیکھا تو بیحد آزردہ خاطر ہوئے۔ مگر اتمام حجت کے بعد وہ کر ہی کیا سکتے تھے۔ ''اگر کوئی شخص اعتقادیات کی ان حدود کو پھلانگ جاتا ہے۔ جو اصولی ہیں۔ تو ایسے شخص پر حکم شرع نافذ کرنا خود شریعت کا مطالبہ ہے۔ البتہ یہ فیصلہ کرنا ہر کہہ ومہ کا کام نہیں۔ بلکہ اس کا اپنا دائرہ کار ہے اس کے لئے وفور علم و درک کے ساتھ ساتھ غیر معمولی شعور وفہم محتاط انداز فکر، کامل چھان بین، جچی تلی قوت فیصلہ اور محکم قوت ارادی کی ضرورت ہوتی ہے، جو عظیم شخصیت ان اوصاف کی حامل ہو، دین کی حفاظت، اور ملت کی ہدایت اس کے اہم واعظم فریضہ سے ہو جاتا ہے، اس پر ضروری ہو جاتا ہے کہ پوری ملت اور دین کی ہر ضرورت پر کڑی نظر رکھے، کہ کہیں سے دین میں کوئی رخنہ اور ملت میں کوئی فتنہ نہ جنم لے، اگر کدھر سے بھی کسی بھی ضرورت دینی کا انکار ہو رہا ہو یا اس کی تحقیر ہو رہی ہو تو اس کی منصبی ذمہ داریوں سے ہے کہ رحمانی اشارات، نبوی ارشادات، اور فقہی احکامات کے معیار پر اس کو پرکھے اور بلا خوف لومۃ لائم شریعت مطہرہ کا فیصلہ سنادے۔ اگر اصولی و بنیادی معاملات میں یہ پابندیاں قید و بند کی یہ سختیاں نہ ہوتیں تو لوگوں کی آزاد طبیعت نے دین کو بازیچۂ اطفال بنا کے رکھدیا ہوتا۔ اسلام کا اصلی چہرہ مسخ کر دیا ہوتا، اور ایک نیا اسلام، لیٹیسٹ دھرم وجود میں آ گیا ہوتا، مگر یہ وہ دین ہے جسے اس کی تمام ضروریات اور لوازمات کے ساتھ اپنی اصلی حالت میں قیامت تک باقی رہنا ہے، اسی لئے اس کی

Marfat.com

حفاظت کی ذمہ داری خدا نے بندوں کے کمزور کاندھوں پر نہ رکھ کر اپنے قدرت والے مضبوط ہاتھ میں رکھا ہے (انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون) ہاں خدائے قدیر اپنے دین کی حفاظت فرماتا ہے اپنے مخصوص بندوں کے ذریعہ، یہ اسی رحمانی حفاظت کی کرامت ہے کہ زمانۂ اقدس سے لے کر اب تک نہ جانے کتنے طوفان اٹھے، کتنی آندھیاں چلیں، مصائب و آلام کے پہاڑ توڑے گئے، رخنہ ڈالنے، فتنہ برپا کرنے کی انتھک منظم کوششیں کی گئیں، مگر تاریخ شاہد ہے کہ جب بھی ایسے حالات پیدا ہوئے ہیں تو کوئی مردِ حق، مردِ مجاہد طوفان حوادث کے سامنے آہنی دیوار بن کر کھڑا ہوا ہے اور مسکراتے ہوئے شدائد کا استقبال کر کے دین کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا ہے، امام حسین، امام احمد ابن حنبل، امام اعظم وغیرھم کے کارنامے اس تعلق سے انمنٹ مثالیں ہیں، دور کیوں جایئے ابھی ماضی قریب میں مرزا غلام احمد قادیانی نے جب باب نبوت میں داخلے کی جسارت کی تو حکومتی سطح پر اس کا نوٹس لیا گیا اور سخت شرعی مواخذہ کیا گیا، اگر باب نبوت میں داخلہ پر مواخذہ ہوسکتا ہے تو فتح باب پر کیوں نہیں ہوگا، سلمان رشدی نے شیطانی آیات لکھ کر، اور تسلیمہ نسرین نے عورتوں کے حقوق کا سہارا لے کر جب فتنہ کرنا چاہا تو عالمی سطح پر اس کی مذمت کی گئی اور فتوے کی دھمک سے لوگوں کے دل دہل گئے۔ آئندہ جب بھی کوئی کسی نئے فتنے کو آواز دے گا تو اس کی مذمت کی جائے گی، اس قوم کی فطرت میں دین کی محبت شامل ہے۔

یہ سب شریعت کے محکم اصول کی برکتیں ہیں کہ دین بادِ خزاں کے جھونکوں سے محفوظ ہے۔ یہ سب خدامانِ دین کی دین سے محبتیں ہیں کہ اسلام آج بھی سدا بہار چمن ہے۔ دین میں رخنہ پڑنے کے وقت دینی ذمہ دار شخصیتوں پر حالات چیلنج بن جاتے ہیں ایسے موقعہ پر احقاقِ حق اور ابطالِ باطل فرض قطعی ہو جاتا ہے اور کتمان واخفاء اعراض واغماض حرام قطعی، حالات کچھ ایسے ہی تھے جب حضرت رضا بریلوی نے بعض علماء کی بعض عبارات پر نوٹس لیا تھا، اور حکم شرع نافذ کیا تھا، علمائے حرمین طیبین نے جس کی تصدیق وتوثیق کی تھی، خود آپ کے حریفوں نے بھی، آپ کی اس جرأت حقانی کی تائید وتحسین کی ہے۔ آپ کے اس عادلانہ اقدام کی تفصیل کے لئے آپ کی تصنیف المعتمد المستند، اور حسام الحرمین کا مطالعہ کرنا چاہئے.......... قارئین کے ذہن میں یہ خلجان برپا ہوگا کہ آخر وہ شرعی فیصلہ کیا تھا۔

ع ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

اس لئے اس ہیجان کی عقدہ کشائی ہم مولانا بریلوی کی زبانی نہیں خود مولانا تھانوی اوران

Marfat.com

کے متبعین کی زبانی کرتے ہیں۔ جسے ان کے معتقد جناب خورشید علی خانصاحب (جواس روایت کے عینی شاہد ہیں) جب بریلی ایس۔ڈی،او، بن کرتشریف لائے تو بیان کیا۔واضح رہے کہ جن علماء کے خلاف حضرت رضا بریلوی نے مواخذۂ شرعی کیا ہے ان میں سرفہرست والاصفات مولانا تھانوی ہی کی ذات ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بریلی سے مولانا اشرف علی تھانوی کے کسی مرید نے حضرت رضا بریلوی کے وصال پر مسرت کا تار دیا۔تار جب تھانہ بھون پہونچا جناب موصوف خورشید علی خانصاحب (جواس وقت وہاں محکمہ نہر میں وزیر تھے) نے تار کا مضمون پڑھ کرسنایا تو مولانا اشرف علی تھانوی کے چہرے پرغم کے آثار نمودار ہوئے اورانہوں نے انا للہ و انا الیہ راجعون ، پڑھا۔حاضرین میں سے ایک نے مولانا تھانوی سے کہا کہ انہوں نے آپ کی تکفیر کی اورآپ ان کی موت پرانا للہ پڑھتے ہیں تو مولانا تھانوی صاحب نے جواب دیا کہ''وہ عشق رسول مقبول میں ڈوبے ہوئے تھے''انہوں نے جوکچھ میری نسبت لکھاوہ اپنی جگہ صحیح تھا،اگر میں ان کی جگہ ہوتااوروہ میری جگہ ہوتے اوران کے قلم سے وہ الفاظ سرزد ہوئے ہوتے تو میں بھی ان کی تکفیر ہی کرتا،(سیرت اعلحضرت مع کرامات ) ص 143'' مولف حضرت مولانا حسنین رضا خانصاحب برادر زادہ،خلیفہ مولانا احمد رضا بریلوی''اساطین دیوبند نے بھی مولانا بریلوی کے اس محاکمہ کی تائید کی ہے مولانا مرتضیٰ حسن دربھنگی تحریر فرماتے ہیں۔

''اگر خانصاحب (مولانا بریلوی) کے نزدیک بعض علمائے دیوبند ایسے ہی تھے جیسا کہ انہوں نے سمجھا تو خانصاحب پران علمائے دیوبند کی تکفیر فرض تھی اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہوجاتے۔کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے(اشدالعذاب،ص ۱۱ مرتضیٰ حسن دربھنگی،مطبوعہ دیوبند)''

محمد بہاءالحق قاسمی لکھتے ہیں''آپ (حضرت رضا بریلوی) بھی اصولی حیثیت سے معیار تکفیر کے تعین میں فقہائے امت کے ہمنوا تھے''(اسوۂ اکابر،محمد بہاءالحق قاسمی ص ۲۰ مطبوعہ لاہور ۶۲ء)

## ............: حاصل باب :............

صوفیوں بزرگوں کا چمن،سنتوں،رشی منیوں کا مسکن ہندوستان ہمیشہ جنت نشان رہا ہے، صوفیوں، بزرگوں کی جماعت نے اگر روحانیت کی انجمن سجائی ہے تو رشی منیوں کے گروہ نے اپنے اعتبار سے تپسیا کراکر دلوں کو جگانے اور باطن کو جگمگانے کی کوشش کی ہے، گردش ایام سے

Marfat.com

اگر روحین مردہ ہوتی رہیں تو ان صوفیا و اولیاء روحانیت کے تاجداروں کی نظروں کی برکتوں سے زندگی ملتی رہی، روحین تازہ دم ہوتیں رہیں، اجڑنا اور بسنا، کھلنا اور مرجھانا اس جنت نشان کا شروع ہی سے مقدر رہا ہے۔ اس پر بادِ صبا کے سبک جھونکے بھی چلے ہیں اور بادِ سموم کی تیز آندھی بھی آئی ہے۔ مگر یہ اجڑ اجڑ کر بستا ہی رہا اور بکھر بکھر کر نکھرتا ہی رہا.............. ایک وقت وہ تھا جب یہاں صرف ''سنی'' ہی تھے دوسرا اور کوئی اس کے مدمقابل، اس کے معمولات میں مزاحم نہ تھا، ہر فرد سنی تھا ہر طرف سنیت کا بول بالا اور اجالا تھا۔ اسی دور کی تصویر کشی حضرت امیر خسرو نے کی ہے کہ ''ہم اس ملک کے رہنے والے ہیں جس ملک کے دریا کی مچھلی بھی سنی ہے'' اس کے شفاف سنی چہرہ پر بدعت کا داغ کیسے لگا اس واقعے سے بخوبی روشنی پڑتی ہے۔

شہنشاہ جہانگیر کی بیوی نور جہاں نے جو عقیدۃً ''شیعہ تھی اپنے عقیدہ و افکار کی تبلیغ کے لئے ایران سے شیعہ عالم عبداللہ شوستری کو بلایا عبداللہ شوستری نے نہایت ہی خاموشی اور بردباری سے اپنے نظریات کی اشاعت کی، اس نے ایک کتاب لکھی جس میں ایک جملہ تھا ''زعمرم خویش بیزارم کہ ایں نام عمر دارد'' میں اپنی عمر سے اس لئے بیزار ہوں کہ اس کا نام عمر ہے۔ اس جملے میں بڑی چابکدستی اور فن کاری سے خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شخصیت پر حملہ کیا مگر

ع تاڑنے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں

شہنشاہ جہانگیر نے عبداللہ شوستری سے اس جملے کی توضیح و توجیہ چاہی۔ شوستری نے دیکھا کہ جان کی بھی امان خطرے میں ہے تو اس نے سچ سچ بتا دیا۔ اس پر جہانگیر نے تلوار کھینچ لی۔ ادھر پیچھے سے نور جہاں نے دامن تھام لیا اور کہا بادشاہ سلامت میری محبت کا واسطہ عبداللہ شوستری کی خطائیں معاف کر دیں، ان کی جان کو امان دیدیں، شہنشاہ جہانگیر نے کہا۔

''جان من جان دادہ ام ایمان نہ دادہ م''

نور جہاں میں تم پر جان تو دے سکتا ہوں مگر ایمان نہیں دے سکتا۔ یہ کہا اور شوستری کو دو ٹکڑا کر دیا.............. نور جہاں کی حمایت سے شوستری نے عقیدے کا جو جال بچھایا تھا کچھ لوگ اس میں گرفتار بھی ہو چکے تھے، تاریخی اعتبار سے یہ پہلا اتفاق تھا جب ہندوستان میں شیعیت کی بنیاد پڑی، رافضیت نے قدم جمایا۔ اور اب یہاں دو فرقے ہو گئے ''سنی اور ''شیعہ'' 1824ء تک پورے ہندوستان میں صرف یہی دو فرقے تھے تیسرا کوئی فرقہ بنام اسلام موجود نہیں تھا.............. 1824ء تک انگریز تجارت کے بہانے ملک کی معیشت پر قبضہ جما چکے تھے...... انگریزوں نے

Marfat.com

ہندوستان کا معاشی اعتبار سے تو جائزہ لیا ہی تھا، روحانی اور مذہبی اعتبار سے بھی اس نے سنجیدہ مطالعہ کیا اور اس نتیجے پر پہونچا کہ یہاں کے مسلمانوں کو دینی لحاظ سے مسخر کرنا آسان نہیں ہے، تلوار کے زور سے ان کے سر کو تو جھکایا جاسکتا ہے مگر ان کے دل کو جھکانا سہل نہیں۔ اس لئے کہ مسلمانوں کے دلوں میں اس کے نبی اور نبی کے منسوبات ومتعلقات کی محبت جاگزیں ہے۔ ان کے قلب کے آبگینہ پر اللہ رسول اور قرآن کی محبت مرتسم ہے۔ اس لئے یہاں حکومت کا جو خواب ہم دیکھ رہے ہیں اس کی مستحکم تعبیر کے لئے لوح دل سے ان نقوش محبت کو مٹانا ضروری ہے۔ ان کے دل میں ان چیزوں کی نفرت کا بیج بونا ضروری ہے جن سے محبت کی کرن پھوٹتی ہے۔ عقیدت کے چشمے جاری ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ وہ قوم جو فاقہ کی حالت میں بھی نبی کی محبت کے خلاف موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرانے کا حوصلہ رکھتی ہے۔ بس ان کے لئے یہی ایک صورت ہے کہ شہد کے پڑیا میں انہیں زہر دیدیا جائے۔ ان کو ان کے نبی سے دور کردیا جائے، مگر پہلے ان کو منسوبات ومتعلقات نبی سے دور کرنا ہوگا۔ وہ زینہ ہی نہیں رہے جس سے یہ کاشانہ نبی تک پہنچ سکیں، چراغ راہ بجھادیئے جائیں نشان راہ مٹادیئے جائیں۔ قلندر لاہوری ڈاکٹر محمد اقبال نے ایک ہی شعر میں اس دور کے پس منظر کی پوری تصویر کشی کردی ہے۔ انگریز یہ چاہتا تھا کہ ۔

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں کبھی
روح محمد اس کے بدن سے نکال دو

اس منصوبے کی تعمیل اور اس حکمت کی تکمیل کے لئے انگریزوں کو مسلمانوں ہی کی جماعت سے کچھ ایسے افراد کی ضرورت ہوئی جو خاندانی ایک اعتبار سے مستند اور شخصی اعتبار سے معتمد ہو تاکہ اس کے پیغام کا اعتبار ہو، اس کی زبان وبیان کا وزن ہو لوگ اس کی بات بغور سنیں اور قریب آئیں۔ ........۱۸۲۴ء میں مولانا اسماعیل دہلوی نے محمد ابن عبدالوہاب نجدی کی کتاب "کتاب التوحید" جو عربی میں تھی اس کو اردو کے قالب میں "تقویۃ الایمان" کے نام سے ڈھالا، اور پھر وقفے وقفے سے دوسری کتابیں۔ صراط مستقیم جلاء العینین، رسالہ یکروزی وغیرہ بھی لکھیں۔ اس طرح نجدی افکار ونظریات کی درآمد بڑی حکمت اور تدبیر سے کی گئی۔ دوسرے لفظوں میں یہ دوسرا اتفاق تھا جب مذہبی بنیاد پر ایک تیسرے فرقے نے جنم لیا، یعنی وہابیت کی تخم کاری ہوئی۔ گویا کہ اب تین فرقے ہوگئے۔ ۱۔ سنی۔ ۲۔ شیعہ۔ ۳۔ وہابی۔ (1857ء کے بعد کی جتنی بھی نومولود

Marfat.com

جماعتیں ہیں وہ سب شجر وہابیت کی شاخیں ہیں )........ پھر کیا ہوا تفصیل کے گل وخار سے ابھی ابھی آپ اصل باب میں گذرے ہیں۔ مختصر یہ کہ تمام معمولات محبت پر، مراسم عقیدت پر شرک و بدعت کی سیاہی پوتنے کی کوشش کی گئی، نشانات الفت کو مٹانے اور چراغ راہِ منزل کو بجھانے کی تحریک شروع ہوگئی۔ ہر وہ چیز جس سے عظمت مصطفیٰ کا سراغ ملتا تھا حرام وکفر کہہ کر شجر ممنوعہ قرار دیدی گئیں۔ 1857ء تک نجدی نظریہ افتاں خیزاں، گرتے پڑتے آگے بڑھنے پھلنے پھولنے کی کوشش کرتا رہا۔ 1857ء کے بعد اس نے خوب فروغ پایا جب پورے ملک میں انگریزوں کی حکمرانی کا پرچم لہرانے لگا۔ انگریزوں نے تقویۃ الایمان کا انگریزی ترجمہ کروا کر پورے ملک میں بلا قیمت اس کو تقسیم کروایا۔ اس طرح آسانی کے ساتھ تقویۃ الایمان کے مضمرات کے قریب خاص و عام کو آنے کا موقع میسر آیا۔ چوں کہ اس جدید نظریہ کے حاملین ائمہ اربعہ میں سے کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے اور یہاں کے مسلمان شروع ہی سے تقلید کے عادی تھے اس لئے موقع کی مصلحت سے اس میں دو گروہ ہو گئے، مقلد، غیر مقلد، تقلید کی بنی بنائی سازگار فضا تھی لہٰذا وہ گروہ زیادہ کامیاب رہا جس نے تقلید کے لبادے میں اپنے آپ کو پیش کیا...... انیسویں صدی ختم ہوتے ہوتے کئی کتابیں سامنے آئیں جن میں افکار تو وہی تھے البتہ الفاظ وانداز جداگانہ، اگر آپ کو میری اس بات میں ذرہ برابر بھی شک ہو تو تقویۃ الایمان، صراط مستقیم، رسالہ یکروزی اور جلاء العینین پڑھنے کے بعد، تحذیر الناس، حفظ الایمان، براہین قاطعہ اور فتاویٰ رشیدیہ کا مطالعہ کر ڈالئے۔ میرے جملوں کی صداقت سر چڑھ کر بولے گی۔ 1857ء کے تاریخی انقلاب سے ایک سال پہلے 1856ء میں بریلی میں احمد رضا فکری انقلاب کا آفتاب بن کر طلوع ہوئے 1870ء یعنی صرف چودہ سال کی عمر میں تمام علوم دینیہ، وعصریہ، فنون اسلامیہ وسائنسیہ میں مہارت حاصل کر کے فراغت پائی اور اپنے بزرگوں کی امانت سینے میں چھپائے، چودہ سو برس سے چلی آرہی دینی سلسلۃ الذہب کی نورانی کڑیوں کو مضبوطی سے تھامے تصنیف وتالیف میں جٹ گئے، آپ نے ہر اس موضوع کو اپنی فکر وتحریر کا عنوان قرار دیا جسے وقت اور حالات نے چیلنج کر دیا تھا، آپ نے ہر اس نظریہ کے جواب میں کتابیں لکھیں جس سے کوئی نشان محبت مٹتا تھا یا جس سے متاع محبت کے گم ہو جانے کا اندیشہ تھا یا جس سے عظمت رسالت کے مجروح ہو جانے کا خطرہ تھا، یوں تو آپ کی ہزار کے قریب تصانیف میں سے ہر تصنیف قرآن وحدیث اور اقوال ائمہ وفقہاء کا شاندار مرقع ہے لیکن جب آپ نے دفاع پر قلم اٹھایا ہے اس وقت کی بات ہی کچھ اور ہے، نور وسرور کی پھلجھڑیاں چھوڑتا ہوا آپ کا قلم گذر گیا ہے۔ قلم کا وہ

Marfat.com

تیور دیکھنے کے لائق ہے۔ ہر وہ گلہائے عقیدت ومحبت جسے انگریزی ریشہ دوانیوں نے ناجائز و خرافات کہہ کر مسل دیا تھا اپنی فکری قوت سے آپ نے اسے بچایا، ہر وہ بدعت جو مزاحم شریعت تھی اس کا قلع قمع کیا اور ہر وہ سنت جو مرور زمانہ سے مردہ ہو رہی تھی آپ نے زندہ فرمایا۔

جب سیاسی پلیٹ فارم سے اسلامیات کی روح مجروح کرنے کی تحریک چلی اور اس تحریک نے طوفان کی شکل اختیار کر لی امام احمد رضا نے اس وقت بھی خلاف شرع تحریکات کا پیچھا نہیں چھوڑا اور المحجۃ الموتمنہ لکھ کر سیاست دانوں کے اقدام میں لغزش ڈال دی...... غرض کہ آپ کے دور میں جس محاذ سے بھی اسلام اور مقصد اسلام کو چیلنج کیا گیا تو آپ نے ہر محاذ پر دینی وعصری علوم کے دلائل سے اسلام کی حقانیت کو ثابت فرمایا۔ مذہب کے شبستان سے لے کر سیاست کے میدان تک، اور سیاست کے میدان سے لے کر سائنسی ایوان تک صرف احمد رضا نظر آتے ہیں جنہوں نے اپنے وجود کو خطرے میں ڈال کر حالات کا رخ موڑا مگر بہر صورت کاشانۂ اسلام میں شگاف نہ پڑنے دیا معاصرانہ چشمک نے آپ کو مطعون بھی کیا، الزام واتہام کے نشتر سے بھی آپ کا دل گھائل کیا گیا حکومت کی حمایت کا سہارا لے کر پاؤں میں بیڑیاں ڈلوانے کی بھی سازش رچی گئی، جب علمی میدان میں لوگ نبرد آزمانہ ہو سکے تو یہ سب اوچھے حربے بھی استعمال کئے، اپنے ایک شعر میں درد دل کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

سنیت سے کھٹکے سب کی آنکھ میں
پھول ہو کر ہو گئے کیا خار ہم

مگر پھر اپنے آپ کو تسلی دیتے ہوئے دل کی تسکین کا سامان بھی کرتے ہیں۔

فصل گل، سبزہ، صبا، مستی شراب
چھوڑیں کس دل سے در خمار ہم

آپ نے اپنے کردار وعمل سے یہ ثابت کر دکھایا کہ دنیا کی ہر دولت، ہر نعمت ہم سے چھوٹ سکتی ہے مگر مصطفیٰ پیارے کی چوکھٹ کی نسبت نہیں چھوٹ سکتی۔ آپ کا خیال تھا کہ۔

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

خلاصۂ کلام یہ کہ جب اکبر نے دین الٰہی کے نام سے مخالف دین تحریک چلائی تو خدا نے

Marfat.com

اپنے دین کی حفاظت فرمائی حضرت مجدد الف ثانی کے ذریعہ 1824ء میں جب گلشن دین مصطفےٰ پر باد سموم کے جھونکے چلے، تو خدا نے اپنے دین یک حفاظت فرمائی علامہ فضل حق خیر آبادی کے ذریعہ اور جب بیسویں صدی میں ناموس رسول پر حملے ہوئے تو خدا نے اپنے دین کی حفاظت فرمائی امام احمد رضا کے ذریعہ۔

یہ بھی قسمت کی عجیب کرشمہ سازی ہے کہ اسلام کے نام پر اسلام کو اور مسلمانوں کے بھیس میں مسلمانوں کو جو اذیتیں پہونچائی گئیں ہیں اس کے سامنے تمام اذیتیں ہیچ ہیں، تاریخ آشنا نگاہیں اس حقیقت سے نا آشنا نہیں کہ اسلام اور مسلمانوں کو جو نقصان ان مارہائے آستین سے پہونچا اس کے سامنے وہ نقصان ہیچ ہے جو تاتاریوں کی بربریت سے پہونچا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اپنے مخلص وپاکباز بندوں کے ذریعہ سے اگر ان مدعیان اصلاح وتجدید کا راز فاش نہ کرتی تو معلوم نہیں ان کی کوششیں کیا کیا گل کھلاتیں...... علمائے حق کے مسلسل جہاد اور پیہم تگ ودو نے ہر دور میں اسلام و مسلمان کی آن بچائی ہے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا ''ہر فرعونے راموسیٰ'' کے بمصداق مفسد ملت کی سرکوبی مصلح امت سے ہوتی رہے گی۔

## معاون کتابیں:

(رسائل نعیمیہ، رسائل رضویہ، سنت خیر الانام، امتیاز حق۔ خون کے آنسو۔ لالہ زار، زیروزبر)

Marfat.com

# رضا بریلوی کا مذہبی ماحول

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خان | ص107,106 |
| 2 | اجالا | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | ص37,36 |
| 3 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خاں | ص107 |
| 4 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص108 |
| 5 | سوانح اعلحضرت | مولانا محمد بدر الدین | ص190 |
| 6 | المیزان کا امام احمد رضا نمبر اپریل 98ء | | ص246 |

............ ● :معاون کتابیں:...... ● ......

ماہنامہ ترجمان اہلسنت کا جنگ آزادی نمبر۔ جولائی 1975ء......انقلاب 57ء کا دوسرا رخ مرتبہ شیخ حسام الدین......فضل حق خیر آبادی اور سن 57ء......حکیم سید محمود احمد برکاتی......خون کے آنسو، علامہ مشتاق احمد نظامی ......البریلویہ کا تنقیدی تحقیقی جائزہ علامہ عبدالحکیم شرف قادری..........امتیاز حق، راجا رشید محمود......تحقیق الفتویٰ علامہ فضل حق خیر آبادی۔

Marfat.com

دوسرا باب

# حضرت رضا بریلوی
# سیرت وسوانح

☆..........خاندان واجداد

☆..........حالات وخدمات

☆..........افکار ونظریات

☆..........علمی وادبی نگارشات

☆..........عالمی سطح پر پذیرائی وتاثرات

Marfat.com

# خاندان واجداد

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی کا خاندان ہمیشہ عزت وعظمت کا مفتخر نشان رہا ہے۔ آپ کا تعلق پٹھانوں کے مشہور قبیلہ یوسف زئی سے تھا سلسلۂ نسب یہ ہے۔

(1) امام احمد رضا خاں (2) ابن علامہ نقی علی خاں (3) ابن امام العلماء رضا علی خاں (4) ابن حافظ کاظم علی خاں (5) ابن محمد اعظم خاں (6) ابن سعادت یار خان (7) ابن سعید اللہ خاں (شجاعت جنگ بہادر)

اس خاندان کے مورث اعلیٰ شہزادہ سعید اللہ خان صاحب ولی عہد حکومت قندھار کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ سوتیلی ماں کا دور دورہ ہوا تو انہوں نے اپنے بیٹے کے لئے ولی عہدی کی جگہ حاصل کرنے کے سلسلے میں باپ بیٹوں میں اتنا نفاق کرا دیا کہ شہزادہ سعید اللہ خاں صاحب ترک وطن پر مجبور ہو کر قندھار سے لاہور آ گئے۔ لاہور کے گورنر نے دربار دہلی کو شہزادے کی آمد کی اطلاع دی۔ اس کے جواب میں ان کی مہمان نوازی کا حکم ہوا اور لاہور کا شیش محل ان کی رہائش کے لئے عطا ہوا ان کی شاہی مہمان نوازی ہونے لگی، انہیں اپنے مستقبل کے لئے کچھ کرنا ضروری تھا وہ جلد ہی دہلی آ گئے، چند ہی دنوں میں وہ فوج کے کسی بڑے عہدے پر ممتاز ہو گئے۔ اور ان کے ساتھیوں کو بھی فوج میں مناسب جگہیں مل گئیں۔

جب روہیل کھنڈ میں کچھ بغاوت کے آثار نمودار ہوئے تو باغیوں کی سرکوبی ان کے سپرد ہوئی۔ اس بغاوت کے فرو کرنے کے بعد ان کو روہیل کھنڈ کے صدر مقام ''بریلی'' میں قیام کرنے اور امن وامان قائم رکھنے کا حکم ہو گیا۔ یہاں انہیں صوبہ دار بنا دیا گیا۔ جو گورنر کے مترادف ہے۔ آپ کی سیاسی بصیرت اور انتظامی صلاحیت نے شہنشاہ مغلیہ کو بڑا متاثر کیا۔ ان کو ایک جاگیر عطا ہوئی جو غدر 1857ء میں ضبط کر لی گئی۔ (1)

## (2) سعادت یار خان (وزیر مالیات محمد شاہ، دہلی)

سعید اللہ خاں صاحب جب پیرانہ سالی کی وجہ سے ملازمت سے دستکش ہوئے تو انہوں

Marfat.com

نے اپنی آخری عمر یاد الٰہی میں متوکلانہ گذار دی۔ اس وقت ان کے صاحبزادے سعادت یا خاں و زیر دربار دہلی ہو چکے تھے۔ انہوں نے دہلی میں اپنی وزارت کی دو نشانیاں چھوڑیں۔

(1) بازار سعادت گنج

(2) اور سعادت خان کی نہر

ان کی مہر وزارت خاندان میں بہت دنوں تک محفوظ تھی۔ اپنے وقت کی باوقار ہستیوں میں آپ کا شمار تھا (2)

## (3) محمد اعظم خاں:۔

آپ سلطنت مغلیہ کی وزارت اعلیٰ کے عہدے پر فائز تھے۔ بعد میں سلطنت کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو گئے، ترک دنیا فرمائی اور عبادت و ریاضت میں ہمہ وقت مشغول رہنے لگے۔ آپ کی ذات والا صفات سے قندھار کے دس خانوادے میں علم و فضل اور اوراد و وظائف کا بول بالا شروع ہوا۔ آپ بریلی کے محلہ معماران میں اقامت گزیں رہے وہیں آپ کا مزار پاک بھی ہے۔ صاحب کرامت بزرگوں میں تھے (3)

## (4) حافظ کاظم علی خاں:۔

حافظ کاظم علی خاں شہر بدایوں کے تحصیل دار تھے۔ دو سو سواروں کی بٹالین آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھی۔ آپ کو سلطنت مغلیہ نے آٹھ گاؤں جاگیر میں پیش کیا تھا آپ کے عہد میں جب مغلیہ حکومت پر زوال کے آثار ظاہر ہوئے بغاوتوں کا شور اور خودمختاری کا زور بڑھنے لگا۔ تو آپ لکھنؤ آ گئے۔ اودھ کی سلطنت میں بھی نمایاں کارنامے انجام دیئے۔ یہاں بھی جاگیریں عطا ہوئیں۔ 1854ء میں جب کانگریس نے دیہی جائیدادیں ضبط کیں تو یہ بھی ضبط کر لی گئیں (4)

## (5) مولانا رضا علی خان:۔

حضرت رضا بریلوی کے جدامجد حضرت مولانا رضا علی خاں اپنے زمانے کے بے مثل عالم اور ولی کامل گزرے ہیں۔ آپ ہی کے وقت سے حکمرانی کا رنگ ختم ہو کر فقر و درویشی کا رنگ غالب آ گیا۔ تلوار کی جگہ قلم نے لے لی۔ اب اس خاندان کا رخ ملک کی حفاظت سے دین کی حمایت کی طرف

Marfat.com

ہوگیا۔وہ اپنے دور میں مرجع فتاویٰ رہے۔انہوں نے خطبہ جمعہ وعیدین لکھے جو آج کل خطب علمی کے نام سے ملک بھر میں رائج ہیں۔آپ نے وہ خطبے اپنے شاگرد مولانا علمی کو دیدیئے۔البتہ خطب علمی میں اشعار مولانا علمی کے ہیں مولانا رضا علی خان کی علمی حیثیت کو ہندوستان کے معروف مورخ مولوی حکیم عبدالحئی لکھنوی متوفی (1314ھ) نے اپنی مشہور تالیف نزہتہ الخواطر میں ان الفاظ میں سراہا ہے۔

''مولانا محمد رضا علی خانے 23/برس کی عمر میں علوم منقولہ و معقولہ سے فراغت حاصل کی اپنے ہم عصروں میں بہت ممتاز ہوئے۔اور علم فقہ میں بڑی مہارت حاصل کی''

(نزہتہ الخواطر، ج7/ص179)(5)

مولانا رضا علی خاں بریلوی حریت پسند تھے۔اہلسنت کے علماء کی جانب سے جب انگریزوں کے خلاف 1857ء میں جہاد کا فتویٰ دیا گیا تو آپ نے نہ صرف فتویٰ کی حمایت کی بلکہ بھرپور جہاد میں حصہ لیا۔(6)

آپ ساحرالبیان واعظ تھے،نرم کلامی، سبقت سلامی، زہد وقناعت حلم وتواضع،تحریر وتقریر آپ کی خصوصیات سے تھا.......... 1224ھ میں پیدا ہوئے 2/جمادی الاولیٰ 1282ھ کو رحلت فرمائی(7)

حضرت رضا بریلوی نے اپنے جدامجد مولانا رضا علی خاں بریلوی کی ولادت ختم درس،اور وصال کے متعلق جو تاریخیں کہی ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| جدی کان عالما | لم یر مثلہ النظر | |
| قلت فکیف تہتدی | قال رضاء نا القمر | 1224ھ |
| قلت ختام درسہ | قال اخار الدرر | 1224ھ |
| قلت فعام نقلہ | قال مجد اعز | 1282ھ |

الا ان اولیاء اللّٰہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون 1282ھ (8)

(6)

Marfat.com

# مولانا نقی علی خان:

آپ ہی کو اعلیحضرت امام احمد رضا بریلوی کے والد گرامی ہونے کا شرف حاصل ہے، ماہ رجب 1246ھ 1830ء محلہ ذخیرہ بریلی شریف میں پیدا ہوئے، اپنے والد ماجد امام العلماء حضرت مولانا رضا علی خان سے علوم دینیہ کی تحصل و تکمیل کی۔ 1294ھ/ 1877ء میں اپنے فرزند ارجمند حضرت رضا بریلوی کے ساتھ حضرت مولانا شاہ آل رسول مارہروی قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دونوں حضرات شرف بیعت وخلافت سے مشرف ہوئے۔ حضرت شیخ نے تمام سلاسل جدیدہ وقدیمہ کی اجازت وخلافت اور حدیث کی سند عطا فرمائی۔ 1295ھ/ 1878ء میں حرمین شریفین کی زیارت اور حج کی سعادت حاصل کی اسی موقع پر حضرت سید احمد زینی دحلان سے تبرکاً سند حدیث حاصل کی۔ (9)

آپ کے مختصر حالات حضرت رضا بریلوی ''رسالہ **جواهر البيان فى اسرار الاركان**' میں تحریر کئے ہیں ایک جگہ لکھتے ہیں۔

> ''جو دقت انظار، وحدت افکار، حضرت حق جل وعلا نے انہیں عطا فرمائی ان دیار و امصار میں اس کی نظیر نظر نہ آئی، عقل معاش ومعاد دونوں کا بروجہ کمال اجتماع بہت کم سنا۔ یہاں آنکھوں سے دیکھا............اس ذات گرامی کو خالق عزوجل نے سلطان رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیہ کی غلامی وخدمت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداء پر غلظت وشدت کے لئے بنایا تھا۔(10)

حافظ الملک حافظ رحمت خاں بہادر کے نبیرہ نواب نیاز احمد خاں ہوش فرماتے ہیں۔

> ''اکثر اشخاص کو تعلیم علم کا شوق دلاتے ہیں، اپنا وقت دینیات کے پڑھانے میں بہت صرف فرماتے ہیں، ہنگام کلام علوم کا دریا بہہ جاتا ہے۔ العالم اذا تکلم فھو بحر یموج کا مضمون انہیں کی ذات پر صادق آتا ہے۔
>
> کیا عجب مدرسہ علم میں اس عالم کے
> شمس آکر سبق شمسیہ پڑھتا ہوا گر (11)

آپ کثیر التصانیف بزرگ گذرے ہیں، آپ کی ہر تصنیف آپ کے تبحر علمی کا منہ بولتا ثبوت

Marfat.com

ہیں، انداز بیان ناصحانہ اور دلنشیں ہے، پر سوز لب ولہجہ قاری کے دل و دماغ دونوں کو اپیل کرتا ہے، آپ کی پچیس تصانیف میں سے دو" سرور القلوب فی ذکر المحبوب" اور" الکلام الاوضح فی تفسیر الم نشرح" نے خاصی شہرت پائی۔ انگریزی اقتدار کی بیخ کنی کے لئے علمائے اہلسنت نے جو کمیٹی بنائی تھی۔ آپ اس کے فعال رکن تھے، انگریزوں کے خلاف جنگ کرنے کے لئے مجاہدین کو مناسب مقامات پر گھوڑے اور دیگر سامان پہنچانے کی ذمہ داری آپ کے سپرد تھی، جس کو آپ نے بحسن و خوبی انجام دیا۔

(حیات مفتی اعظم ہند، مرزا عبدالوحید بیگ ص 37) (12)

آپ کے تلامذہ کے اسمائے گرامی معلوم نہ ہو سکے لیکن صرف آپ کے فرزندان ارجمند امام احمد رضا محدث بریلوی، مولانا حسن رضا بریلوی، اور مولانا محمد رضا بریلوی کے نام ہزاروں شاگردوں کی فہرست پر بھاری ہیں۔ حضرت رضا بریلوی اپنے والد اور جد امجد کا تذکرہ اس طرح فرمایا ہے۔

"احمد ھندی رضا ابن نقی ابن رضا"

51 ربرس پانچ مہینہ کی عمر میں ذی القعدہ 1297ھ میں انتقال فرمایا۔

آپ کی ولادت ووفات پر حضرت رضا بریلوی نے جو مادہ ہائے تاریخ نکالے ان میں سے چند یہ ہیں۔

(1)............نقی الشاب علی الشان............1246ھ

(2)............ھو اجل محققی الافاضل ............1246ھ

(3)............ان موتته العالم موتته العَالم ............1297ھ

(4)............خاتم اجل الفقھا ............1297ھ

(13)

Marfat.com

## (7) والدہ:

حضرت رضا بریلوی کی والدہ مغلیہ خاندان کی بڑی غیور، انتہائی ہوشمند خاتون تھیں، مولانا نقی علی خاں اپنے خاندان واحباب میں سلطان عقل مشہور تھے، اور اعلیٰ حضرت کی والدہ وزیر عقل کہلائیں ............................................................................ (14)

آپ کی چھ اولاد ہوئی، تین صاحبزادے۔ (1) حضرت مولانا احمد رضا خاں (2) حضرت حسن رضا خاں (3) حضرت محمد رضا خاں، اور تین صاحبزادیاں تھیں۔ (15)

## (8) مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی

آپ حضرت رضا بریلوی کے برادر اوسط ہیں۔ 19/ اکتوبر 1859ء مطابق ۲۶/ ربیع الاول ۱۲۷۶ھ کو پیدا ہوئے آپ اپنے وقت کے جید عالم وفاضل ہونے کے ساتھ ساتھ صاحب تصانیف کثیرہ اور اپنے عہد کے معروف ومقبول شاعر بھی تھے۔ کالی داس گپتا رضاء لکھتے ہیں ......

"نعت گوئی میں اپنے برادر بزرگ مولوی احمد رضا خاں سے مستفیض ہیں۔ اور عاشقانہ رنگ میں بلبل ہندوستان داغ دہلوی سے تلمذ تھا" ............................................. (16)

مولانا حسرت موہانی تحریر فرماتے ہیں ہیں ..............................................

"شعر وسخن کا شوق حضرت حسن کو ابتدا ہی سے تھا کچھ روز تک بطور خود مشق کرتے رہے اس کے بعد مرزا داغ کو اپنا کلام دکھانا شروع کردیا اور ایک مدت تک رام پور میں رہ کر استاذ کے گلشن سخن سے گلچینی فرماتے رہے۔ یہاں تک کہ بجائے خود استاد مستند قرار پائے"۔ (اردوئے معلیٰ، علی گڈھ) (17)

مولانا حسن رضا بریلوی کا پوری دنیائے سنیت پر یہ عظیم احسان ہے کہ انہوں نے اپنے برادر معظم حضرت رضا بریلوی کی تمام داخلی وخارجی ذمہ داری اپنے سر لے کر اپنے بھائی کو ہمیشہ افکار دنیا سے محفوظ رکھا۔ امام احمد رضا نے جو عظیم علمی سرمایہ چھوڑا ہے اس میں حضرت حسن بریلوی کا جذبۂ خلوص شامل ہے۔ تزک مرتضوی، نگارستان لطافت، بے موقع فریاد کا مہذب جواب، آئینہ قیامت، دین حسن، وسائل بخشش، مثنوی، ذوق نعت، ثمر فصاحت، صمصام حسن، آپ کی چند مشہور ومقبول کتابیں ہیں۔

جس میں "ذوق نعت" آسمان شہرت کا روشن ستارہ معلوم ہوتی ہے۔ اس کتاب کی طباعت اول کے وقت حضرت رضا بریلوی نے منظوم داد تحسین پیش فرمائی، چند اشعار یہ ہیں۔

Marfat.com

قوت بازوئے من ، سنی نجدی فگن
حاج وزائر حسن ، سلمہ ذوالمنن
نعت چہ رنگین نوشت شعر خوش آئیں نوشت
شعرگو دیں نوشت دور زہر ریب وظن
کلک رضا سال طبع گفت بہ افضال طبع (1326)
زآنکہ ز اقوال طبع کلک بود نغمہ زن

علم وفضل کے بیش بہا موتی لٹا کر شعر وسخن کی زلف برہم سنوار کر 1326ھ میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔ (18)

## (9) مولانا محمد رضا خاں

حضرت رضا بریلوی کے برادر اصغر مولانا محمد رضا خاں کا ذکر تذکروں میں نہیں ملتا۔ تاہم اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ آپ علوم دینیہ کے ماہر عالم اور مفتی ہوئے ہیں۔ امام احمد رضا جیسے نابغۂ روزگار، عبقری شخصیت کا علم فرائض کے تعلق سے آپ پر اعتماد کر لینا ہی ان کے علم وفضل کی بلندی کے لئے سند افتخار ہے۔

حضرت ملک العلماء فرماتے ہیں۔

''فرائض کا مسئلہ زیادہ تر حضرت مولانا مولوی محمد رضا علی خاں صاحب عرف ننھے میاں کے حوالے ہوتا'' (19)

آپ کی اکلوتی بیٹی کا نکاح حضرت رضا بریلوی نے اپنے چھوٹے فرزند مفتیٔ اعظم ہند مولانا محمد مصطفیٰ رضا خاں سے کیا تھا۔ (20)

Marfat.com

# حوالے

## خاندان واجداد

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | سیرت اعلیٰحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا خاں | ص40 |
| 2 | 〃 | 〃 | ص41 |
| 3 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خاں | ص116 |
| 4 | سیرت اعلیٰحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا خاں | ص41 |
| 5 | معارف رضا ج13 | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی | ص197 |
| 6 | 〃 | 〃 | ص197 |
| 7 | المیزان کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء.............. | ص596 |
| 8 | حیات مولانا احمد رضا | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص85 |
| 9 | مقدمہ سرور القلوب | بحوالہ تذکرہ علمائے ہند | ص530' |
| 10 | حیات اعلیٰحضرت | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری ج1 | ص6-7 |
| 11 | تقریظ سرور القلوب | مولانا نقی علی خاں | ص4 |
| 12 | معارف رضا ج13 | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی | ص199 |
| 13 | حیات اعلیٰحضرت ج1 | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری | ص10 |
| 14 | سیرت اعلیٰحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا خاں | ص54 |
| 15 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خان | ص118 |
| 16 | قاری دہلی کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء | ص456 |
| 17 | حسن بریلوی نمبر، ماہنامہ سنی دنیا بریلی | اگست 1994 | ص7 |
| 18 | معارف رضا ج13 | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی | ص200 |
| 19 | حیات اعلیٰحضرت ج1 | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری | ص68 |
| 20 | 〃 | 〃 | ص18 |

Marfat.com

# حالات وخدمات

## اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

آپ اپنے شہر بریلی کے محلہ جسولی میں اپنے آبائی مکان میں دس شوال المکرم 1272ھ روز شنبہ، وقت ظہر مطابق 14 / جون 1856ء پیدا ہوئے۔ اپنا سن ولادت اس آیت کریمہ سے آپ نے استخراج فرمایا۔ اولئک کتب فی قلوبھم الایمان و ایدھم بروح منه

12 ھ 72

حسن اتفاق کہ اس وقت آفتاب منزل غفر میں تھا جو اہل نجوم کے نزدیک بہت ہی مبارک ساعت ہے اسی کی طرف آپ نے اپنے ایک شعر میں اشارہ کیا ہے۔

دنیا ہزار ، حشر جہاں ہیں غفور ہیں
ہر منزل اپنے ماہ کی منزل غفر کی ہے (1)

## اسم گرامی

آپ کا پیدائشی نام محمد ہے اور تاریخی نام المختار (1272ھ) جد امجد مولانا رضا علی خاں علیہ الرحمہ (م 1282ھ / 1866ء) نے آپ کا نام احمد رضا تجویز فرمایا، جس نام سے آپ مشہور ہیں، بعد میں آپ نے اپنے اسم شریف کے ساتھ عبدالمصطفیٰ کا اضافہ فرمایا، اپنے نعتیہ دیوان میں ایک جگہ فرماتے ہیں۔

خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے عبد مصطفےٰ
تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

## بسم اللہ خوانی

یہ تو معلوم نہیں ہوسکا کہ بسم اللہ خانی کس عمر میں ہوئی لیکن اس قدر یقین ہے کہ بہت کم عمری میں ہوئی ہوگی اس لئے کہ چار سال کی عمر میں آپ نے قرآن مجید ناظرہ ختم کرلیا تھا، بسم

Marfat.com

اللہ خوانی کے وقت عجیب واقعہ پیش آیا، استاد نے بسم اللہ کے بعد، الف، با، تا، ثا جس طرح پڑھایا جاتا ہے پڑھایا آپ پڑھتے رہے۔ جب لا (لام، الف) کی نوبت آئی تو آپ خاموش رہے استاد نے دوبارہ کہا میاں ''لام الف'' آپ نے فرمایا یہ دونوں حرف تو پڑھ چکے۔ اب یہ دوبارہ کیوں؟ جد امجد مولانا رضا علی خاں موجود تھے بولے بیٹے استاد کا کہا مانو حضرت نے تعمیل کی اور جد امجد کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا، وہ فراست سے سمجھ گئے کہ بچے کو شبہ ہو رہا ہے کہ حروف مفردہ میں ایک مرکب لفظ کیسے آ گیا فرمایا بیٹا شروع میں تم نے جو الف پڑھا ہے وہ دراصل ہمزہ ہے اور یہ درحقیقت الف ہے۔ لیکن الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور ساکن کے ساتھ ابتداء ناممکن ہے۔ اس لئے ایک حرف یعنی لام اول میں ملا کر اس کا تلفظ بتانا مقصود ہے، آپ نے عرض کیا تو پھر کوئی ایک حرف ملا دینا کافی تھا۔ لام کی کیا خصوصیت ہے، جد امجد نے فرمایا لام اور الف میں صورۃً سیرۃً مناسبت خاص ہے ظاہراً لکھنے میں بھی دونوں کی صورت میں ایک سی ہوتی ہے۔ (لایا لا) اس وجہ سے کہ لام کا قلب الف ہے اور کا قلب لام ہے، یعنی یہ اس کے بیچ میں ہے وہ اس کے بیچ میں۔ گویا۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تاکس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری (2)

# تعلیم و تربیت

رسم بسم اللہ خوانی کے بعد اعلیٰ حضرت کی تعلیم و تربیت کا سلسلہ جاری ہو گیا چار برس کی ننھی سی عمر میں جب دوسرے بچے اپنے وجود سے بھی بے خبر رہتے ہیں۔ قرآن مجید ناظرہ ختم کر لیا۔ چھ سال کی عمر میں ربیع الاول شریف کے جلسے میں بہت بڑے مجمع سے خطاب کیا۔ (3)

آپ زبردست قوت حافظہ کے مالک تھے ایک بار جو کتاب دیکھ لیتے دوبارہ دیکھنے کی نوبت نہ آتی۔ مضمون ہمیشہ کے لئے حافظہ میں محفوظ ہو جاتا۔ خود فرماتے ہیں۔

''میرے استاد جن سے میں ابتدائی کتاب پڑھتا تھا جب مجھے سبق پڑھا دیا کرتے ایک دو مرتبہ دیکھ کر کتاب بند کر دیتا۔ جب سبق سنتے تو حرف بحرف لفظ بہ لفظ سنا دیتا روزانہ یہ حالت دیکھ کر سخت تعجب کرتے ایک دن مجھ سے فرمانے لگے ''احمد میاں'' یہ تو کہو تم آدمی ہو یا جن۔ مجھ کو پڑھاتے دیر لگتی ہے مگر تم کو یاد کرتے دیر نہیں لگتی'' (4)

چھ برس ہی کی عمر میں آپ نے معلوم کر لیا تھا کہ بغداد شریف کدھر ہے۔ پھر اس وقت سے دم

Marfat.com

آخر تک بغداد شریف کی جانب پاؤں نہیں پھیلایا۔ ترجمان شمارہ پنجم تا دہم ص 90

## شان مطالعہ:

آپ کی امتیازی خصوصیات سے ہے کہ جو کتاب پڑھتے یا زیر مطالعہ رکھتے اس پر حسب ضرورت حاشیہ بھی تحریر فرماتے جاتے ............ لکھتے ہیں ............

''حاشیہ نویسی کا سلسلہ زمانہ طالب علمی سے اب تک جاری ہے کیوں کہ اس وقت میرا یہ دستور رہا کہ جب کوئی کتاب پڑھی اگر وہ میری ملک میں ہے تو اس پر حواشی لکھ دیئے۔ اگر اعتراض ہوسکتا ہے تو اعتراض لکھ دیا۔ اور اگر مضمون پیچیدہ ہے تو اس کی پیچیدگی دور کردی (1) مسلم الثبوت، (2) صحیح بخاری کے نصف اول۔ (3) صحیح مسلم (4) جامع ترمذی (5) رسالہ قطبیہ (6) امور عامہ (7) اور شمس بازغہ (8) پر اکثر حواشی اس وقت لکھے جب کہ طلب علم کے زمانے میں اپنے سبق کے لئے مطالعہ کرتا تھا۔(5)

## جامع العلوم

حضرت رضا بریلوی نے جن علوم وفنون کی تحصل اپنے اساتذہ اور ذاتی مطالعہ سے کی ان کی تعداد بقول ان کے 59 ہے۔ یہ تمام تفصیلات حضرت رضا بریلوی نے اس عربی سند اجازت میں دی ہے جو انہوں نے حافظ کتب حرم شیخ اسماعیل خلیل مکی کو 1324ھ میں عطا کی۔ رضا بریلوی نے اس میں اپنے مندرجہ ذیل علوم وفنون کا ذکر کیا ہے۔

(1) علم قرآن، (2) علم حدیث، (3) اصول حدیث، (4) فقہ حنفی، (5) کتب فقہ جملہ مذاہب، (6) اصول فقہ، (7) جدل مہذب، (8) علم تفسیر، (9) علم العقائد والکلام (10) علم نحو، (11) علم صرف، (12) علم معانی، (13) علم بیان، (14) علم بدیع (15) علم منطق، (16) علم مناظرہ (17) علم فلسفہ، (18) علم تکسیر، (19) علم ہیأۃ، (20) علم حساب، (21) علم ہندسہ،

مندرجہ بالا اکیس علوم کے بارے میں لکھتے ہیں۔

''یہ اکیس علوم ہین جنہیں میں نے اپنے والد قدس سرہ الماجد سے حاصل کیا۔''

Marfat.com

ان علوم وفنون کے بعد مندرجہ ذیل دس علوم وفنون کا ذکر کرتے ہیں۔

(22) قرأت، (23) تجوید، (24) تصوف، (25) سلوک، (26) اخلاق، (27) اسماء الرجال، (28) سیر، (29) تاریخ، (30) لغت (31) ادب مع جملہ فنون۔ ان دس علوم کے بارے میں لکھا ہے۔

میں نے اساتذہ سے بالکل نہیں پڑھا پر نقاد علماء کرام سے مجھے
ان کی اجازت حاصل ہے۔

پھر ان علوم وفنون کا ذکر کیا۔

(32) ارثما طیقی، (33) جبر و مقابلہ، (34) حساب سیتی، (35) لوغارثمات (36) علم التوقیت، (37) مناظر و مرایا، (38) علم الاکر، (39) زیجات، (40) مثلث کروی، (41) مثلث مسطح، (42) ہیئات جدیدہ، (43) مربعات، (44) جفر، (45) زائرجہ، (46) نظم عربی، (47) نظم فارسی، (48) نظم ہندی، (49) نثر عربی، (50) نثر فارسی، (51) نثر ہندی، (52) خط نسخ (53) خط نستعلیق (56) حساب، (57) ہیئت، (58) ہندسہ (59) تکسیر

مندرجہ بالا 59/ علوم وفنون کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

"اللہ کی پناہ میں نے یہ باتیں فخر اور خواہ مخواہ کی خودستائی کے طور پر بیان نہیں کیا ہے بلکہ منعم کریم کی عطا فرمودہ نعمت کا ذکر کیا ہے"۔

ان 59/ علوم وفنون میں سے 28/ سے متعلق لکھتے ہیں کہ
"محض رب تعالیٰ کے الہامی فیض سے حاصل کیا ہے" (6)

پروفیسر مجید قادری اپنے مقالہ "قرآن، سائنس اور امام احمد رضا" میں تحریر فرماتے ہیں۔
"امام احمد رضا محدث بریلوی جن کو تمام علوم وفنون (عقلیہ ونقلیہ / جدیدہ وقدیمہ) میں 55/ سے زیادہ علوم وفنون پر مکمل دسترس حاصل تھی، راقم الحروف نے علوم جدیدہ کے حوالے سے جو کتب ورسائل اور فقہی مسائل میں جدید علوم کے جزئیات مطالعہ کئے ہیں۔ اس سے مزید مندرجہ ذیل علوم وفنون کی شاخوں کا اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح آپ کے علوم وفنون کی تعداد 70/ تک جا پہنچی ہے۔

Marfat.com

(1) علم طبیعات (2) علم صوتیات (3) علم نور (4) علم کیمیا (5) علم طب (6) علم الادویہ (7) علم معاشیات (8) علم اقتصادیات (9) علم تجارت (10) علم شماریات (11) علم ارضیات (12) علم جغرافیہ (13) علم سیاسیات (14) علم بین الاقوامی امور (15) علم معدنیات (16) علم اخلاقیات"......(7)

جناب سید ریاست علی قادری نے ایک سو پانچ علوم وفنون کا تعارف اور فہرست پیش کیا ہے۔ ملاحظہ ہو معارف رضا 1991ء شمارہ یازدہم ص 234-235

اور حیرت یہ ہے کہ حضرت امام بریلوی نے ان تمام علوم وفنون میں قلمی یادگار چھوڑا ہے۔ کسی بھی علم وفن کو آپ نے تشنۂ تحریر نہیں رہنے دیا۔ جدید علوم وافکار کے حاملین وماہرین کی تجسس وتتبع کا سلسلہ جاری ہے۔ جس سے علم وفن کی اس تعداد میں مزید اضافے کے امکانات روشن ہیں۔

## سال فراغت

حضرت رضا بریلوی اپنی بے نظیر ذکاوت اور محیر العقول ذہانت کی وجہ سے بہت جلد علوم عقلیہ ونقلیہ کی تحصیل وتکمیل سے فارغ ہو گئے۔ چنانچہ خود لکھتے ہیں۔

"میں نے جب پڑھنے سے فراغت پائی اور میرا نام فارغ التحصیل علماء میں شمار ہونے لگا یہ واقعہ نصف شعبان 1286ھ کا ہے اس وقت میں تیرہ سال، دس ماہ پانچ دن کا تھا۔ اسی روز مجھ پر نماز فرض ہوئی تھی اور میری طرف شرعی احکام متوجہ ہوئے تھے"۔ تاریخ فراغت کلمۃ غفور "1286" اور "تعویذ 1286" ہے۔ (8)

## اساتذہ

جن حضرات سے آپ نے اکتساب علم کیا یا سند حدیث وفقہ حاصل کی ان کی تعداد صرف 8 رہے جو یہ ہیں۔

(1) شاہ آل رسول مارہروی............................(م 1297ھ/1879ء)

(2) مولانا محمد نقی علی خان............................(م 1297ھ/1880ء)

(3) شیخ احمد بن زین دحلان مکی............................(م 1299ھ/1881ء)

Marfat.com

(4) شیخ عبدالرحمان سراج مکی.................(م 1301ھ/1883ء)

(5) شیخ حسین بن صالح.................(2-13ھ/1884ء)

(6) مولانا عبدالعلی رام پوری.................(م 1303ھ/1885ء)

(7) شاہ ابوالحسین احمد النوری.................(م 1324ھ/1906ء)

(8) مرزا غلام قادر بیگ.................(م 1301ھ/1883ء)

## حیرت انگیز قوت حافظہ

حضرت محدث سورتی، پیلی بھیتی سے آپ نے عقود الدریہ مطالعہ کو لی، شب سے لے کر صبح تک دو جلدوں کا مطالعہ فرمایا۔ حضرت محدث صاحب کے پوچھنے پر کہ کیا ایک مرتبہ دیکھ لینا کافی ہو گیا تو آپ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے امید ہے کہ دو تین مہینے تو تک جہاں کی عبارت کی ضرورت ہوگی فتاوئی میں لکھ دوں گا اور مضمون تو انشاء اللہ عمر بھر کے لئے محفوظ ہو گیا (9)

## تصنیف وتالیف

امام احمد رضا بریلوی پونے چودہ سال کی عمر میں جب علوم کی تحصیل سے فارغ ہوئے اور سند و دستار فضیلت سے سرفراز ہوئے (14/شعبان المعظم 1286ھ) اسی دن رضاعت کے ایک مسئلے کا جواب لکھ کر والد ماجد کی خدمت میں پیش کیا جو بالکل صحیح تھا۔ اسی دن سے فتوئی نویسی کا کام آپ کے سپرد کر دیا گیا۔ اس دن سے آخر عمر تک آپ مسلسل لکھتے رہے اور اپنی تصنیفات کا عظیم انبار اور گرانقدر سرمایہ امت مسلمہ کو دے گئے۔ آج جب کہ آپ کے وصال کو پون صدی سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے ابھی تک آپ کی تمام تصانیف چھپ کر منظر عام پر نہ آ سکیں۔ الدولۃ المکیہ (1323ھ/1906ء) میں خود امام احمد رضا نے اپنی تصانیف کی تعداد دو سو سے زائد بیان کی۔ آپ کے صاحبزادے حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا نے حاشیہ میں وضاحت فرمائی۔ "یعنی وہابیہ کے رد میں ورنہ بحمد اللہ تعالیٰ چار سوئے زائد ہیں"۔ (الدولۃ المکیہ ص 11/امام احمد رضا) 1327ھ/1909ء میں مولانا ظفر الدین بہاری نے ایک فہرست المجمل المعد دلتالیفات المجدد ترتیب دی۔ جس میں 350/تصانیف کا اجمالی تذکرہ کیا۔ اور ساتھ ہی یہ تصریح فرمادی "میں نہیں کہتا کہ سب اسی قدر ہیں۔ بلکہ یہ صرف وہ ہیں جو اس وقت کے استقراء میں میرے پیش نظر ہیں۔ فضل خدا سے امید واثق کہ تفحص تام۔ اور تمام قدیم وجدید بستوں پر نظر عام کی جائے تو کم وبیش پچاس رسالے اور

Marfat.com

نکلیس (المجمل المعدد) مجلس رضا لاہور ص 1938ء میں مولانا ظفر الدین بہاری نے "حیات اعلیٰ حضرت" لکھی اس میں وہ فرماتے ہیں "اعلیٰحضرت کی تصانیف چھ سو سے زائد ہیں" (10)

ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین بہاری کے صاحبزادے پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار الدین آرزو علی گڈھ تحریر فرماتے ہیں۔

"1944ء میں اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی کہ ان کے مسودات درست کئے جائیں مفتی اعظم مولانا مصطفیٰ رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 1404ھ/ 1981ء) کے اصرار پر ملک العلماء بریلی تشریف لے گئے اور تین ماہ وہاں رہ کر بہت محنت وتوجہ سے منتشر مسودات مرتب کئے۔ (11)

1944ء کی اسی مرتب مسودات کو بنیاد بنا کر ڈاکٹر صاحب موصوف تحریر فرماتے ہیں۔ اب تصانیف کی تعداد ایک ہزار کے قریب پہنچتی ہے جو پچاس سے زائد علوم وفنون پر مشتمل ہیں (12) جناب سید ریاست علی قادری لکھتے ہیں۔

"پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب (پرنسپل گورنمنٹ ڈگری سائنس کالج ٹھٹھ سندھ پاکستان) نے اپنی تصانیف "حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی" میں 844 کتب وحواشی کا تذکرہ کیا ہے۔ موصوف "بلوگرافیکل انسائیکلوپیڈیا آف امام احمد رضا خاں" ترتیب دے ہیں۔ جو تکمیل کے آخری مرحلے میں ہے"۔ (امام احمد رضا کی حاشیہ نگاری ص 7) (13) ان متعدد روایات پر مبنی فہرست کتب کی روشنی میں علامہ عبدالحکیم شرف قادری یہ مبنی بر حقائق تبصرہ ثبت قرطاس کرتے ہیں۔

"ان حالات میں ہم دعوئی سے یہی کہہ سکتے ہیں کہ امام احمد رضا کی تصانیف و رسائل کی تعداد آٹھ سو چوالیس ہے تا وقتیکہ اس سے زیادہ نگارشات کی فہرست سامنے نہ آجائے (14)"

## خدمت خلق

حضرت رضا بریلوی اس امر پر اعتقاد رکھتے تھے کہ حضرات انبیائے کرام علیہم السلام اور حضور اقدس ﷺ تبلیغ وہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے۔ اور علماء کرام ورثۃ الانبیاء ہیں۔ اسی طرح اس پر بھی یقین کامل رکھتے تھے۔ علماء کے ذمہ دو فرض ہیں۔ ایک تو شریعت مطہرہ پر پورے طور پر

Marfat.com

عمل کرنا۔ دوسرا فرض مسلمانوں کو ان کی دینی باتوں سے واقف بنانا۔ حضرت رضا بریلوی کی زندگی ان دونوں فرائض کا انمول ترین مرقع معلوم ہوتی ہے۔ لوگوں کو دینی بات بتانے انوار شریعت اور افکار طریقت سے سجانے سنوارنے میں آپ نے اپنی زندگی صرف فرمادی خدمت خلق تو آپ کی زندگی کا روشن باب ہے۔ اپنے عیش و آرام پر ہمیشہ آپ نے خدمت خلق کو ترجیح دی۔ 1286ھ/ 1870ء کو آپ نے چودہ سال کی عمر میں علوم عقلیہ و نقلیہ سے فارغ ہوئے۔ اس دن سے اخیر عمر تک مسلسل یہ گرانقدر ذمہ داری ادا کرتے رہے۔ آپ کا وصال 25 / صفر 1340ھ 1921ء کو ہوا اس طرح آپ کی فتویٰ نویسی کا عرصہ سن ہجری کے اعتبار سے چون (54) سال بنتا ہے اس چون سال میں ملک و بیرون ملک سے آئے ہوئے سوالات کے جوابات کمال دیانتداری سے دیتے رہے۔ حیرت یہ ہے کہ کبھی ٹال مٹول یا پہلو تہی سے کام نہیں لیا نہ یہ کہا کہ اس کا جواب پھر کسی وقت دوں گا۔ اور نہ الفاظ جواب میں کبھی کوئی لفظ شک کا استعمال کیا (15)

شب و روز کی ختستہائے شاقہ سے طبیعت متاثر بھی رہتی تھی۔ بخار، دردسر کو تو گویا آپ سے عقیدت تھی۔ کئی بار زبردست علیل ہوئے۔ جس کا ذکر الملفوظ شریف میں کئی جگہ ہے۔ ایک علالت کے ذکر پر حضور مفتی اعظم ہند (شہزادہ اصغر حضرت رضا بریلوی) حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"اللہ اکبر کام اس حالت علالت میں بھی نہ چھوٹتا۔ اسی مرتبہ کا واقعہ ہے کہ دوات سینۂ اقدس پر رکھوالی اور لیٹے لیٹے ہی تحریر فرمایا۔" (16)

ان تمام خدمات میں قابل ذکر پہلو یہ بھی ہے کہ کبھی بھی کسی سے کوئی فیس نہ طلب کی پوچھنے والوں نے آپ سے آپ کی فیس پوچھی بھی۔ جو جواب آپ نے دیا ہے اس کی سطر سطر سے خلوص کے چشمے بہہ رہے ہیں۔ ایک مسئلے کے جواب کے بعد رقمطراز ہیں۔

"یہاں بحمد اللہ تعالیٰ فتویٰ پر کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ بفضلہ تعالیٰ تمام ہندوستان و دیگر ممالک مثل چین، وافریقہ، وامریکہ، وخود عرب شریف، وعراق سے استفتے آتے ہیں۔ اور ایک وقت میں چار چار سو فتوے جمع ہو جاتے ہیں بحمد اللہ تعالیٰ حضرت جد امجد، قدس سرہ العزیز کے وقت سے اس 1337ھ تک اس دروازے سے فتوے جاری ہوئے اکانوے برس اور خود فقیر غفرلہ کے قلم سے فتوے نکلتے ہوئے بعونہ تعالیٰ اکاون برس ہونے آئے یعنی اس صفر کی 14 / تاریخ کو پچاس برس چھ مہینے گذرے۔ اس نو کم سو برس میں کتنے ہزار فتوے لکھ گئے۔ بارہ مجلد تو صرف اس فقیر کے فتاویٰ کے ہیں بحمد اللہ تعالیٰ یہاں کبھی

Marfat.com

ایک پیسہ نہ لیا گیا۔ بعونہ تعالیٰ ولہ الحمد معلوم نہیں کون لوگ ایسے پست فطرت، دنی ہمت ہیں جنہوں نے یہ صیغہ کسب کا اختیار کر رکھا ہے۔ جس کے باعث دور دور کے ناواقف مسلمان کئی بار پوچھ چکے ہیں۔ کہ فیس کیا ہوگی بھائیو۔ ما اسئلکم علیہ من اجر ان اجری الا علی رب العالمین ۔ میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو سارے جہاں کے پروردگار پر ہے اگر وہ چاہے (17)

## نظام الاوقات

قوم کی ہر اہم ضرورت اور حاجت پر آپ کی نظر تھی۔ اور اسی اعتبار سے نسخے تجویز فرمایا کرتے ان کی اس طرح کی بہت ساری خدمات میں سے نقشہ اوقات الصلوٰۃ بھی بہت بڑی خدمت ہے۔ نماز کے صحیح اوقات کے لئے اس سے پہلے کوئی بھی نقشہ کسی بھی مکتب فکر میں موجود نہیں تھا۔ امام احمد رضا نے اس پر سب سے پہلے توجہ فرمائی آج برصغیر کی تمام مساجد میں آویزاں نقشۂ اوقات الصلوٰۃ آپ کے فیضان علمی اور خدمات قومی کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں۔

ڈاکٹر سید عبداللہ طارق تحریر فرماتے ہیں۔

''روزمرہ کی عملی زندگی میں بھی امام صاحب کی خدمات سے ان کے مخالفین کے لئے بے نیاز ہونا ممکن نہیں ہے برصغیر ہندو پاک کی ہر مسجد میں نقشہ نظام اوقات صلوٰۃ سے استفادہ کرنے والے بیشتر حضرات شاید اس سے بے خبر ہیں کہ یہ نظام اوقات امام احمد رضا خاں کی دین ہے۔ (18)

## شادی

عزت مآب عالیجناب فضل حسن صاحب کی منجھلی صاحبزادی جو آپ کی پھوپھی زادی بھی تھیں شرعی پابندیوں کے ساتھ شادی 1291ھ / 1874ء میں ہوئی موصوفہ صوم وصلوٰۃ کی سختی سے پابند تھیں۔ نہایت خوش اخلاق، بڑی سیر چشم انتہائی مہمان نواز اور بہت ہی سنجیدہ ومتین تھیں۔ اعلیحضرت قبلہ کی ضروری خدمات وہ اپنے ہاتھ سے انجام دیتی تھیں خصوصاً اعلیحضرت کے سر میں تیل ملنا ان کا روزمرہ کا کام تھا جس میں کم وبیش آدھا گھنٹہ کھڑا رہنا پڑتا تھا اور اس شان سے تیل جذب کیا جاتا کہ ان کے لکھنے میں اصلاً فرق نہ پڑے یہ عمل ان کا مسلسل تا حیات

Marfat.com

اعلیحضرت برابر جاری رہا۔ اعلیحضرت قبلہ کے گھر کے لئے ان کا انتخاب بڑا کامیاب انتخاب تھا۔ رب العزت نے اعلحضرت قبلہ کی دینی خدمات کے کے لئے جو آسانیاں عطا فرمائی تھیں ان آسانیوں میں موصوفہ مرحومہ کی ذات گرامی بھی تھی (19)

## اولاد

آپ کو سات اولادیں ہوئیں دو صاحبزادے حجتہ الاسلام حضرت علامہ شاہ حامد رضا قادری قدس سرہ (1292ھ/ 1875ء) (1362/ 1943ء) اور قدوۂ زمانہ حضور مفتی اعظم ہند علامہ شاہ مصطفیٰ رضا قادری قدس سرہ (1402ھ/ 1981ء) اور پانچ صاحبزادیاں مصطفائی بیگم، کنیز حسن، کنیز حسین، کنیز حسنین مرتضائی بیگم جس سے سلسلہ نسب وسیع تر ہو گیا۔

## خلفاء و تلامذہ

حضرت رضا بریلوی کے خلفا و تلامذہ کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے لیکن اس کے باوجود کام کی رفتار دیکھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ ایک کثیر تعداد برسر کار ہے۔ امام احمد رضا نے اپنے خلفاء و تلامذہ کے ذہن و دماغ میں اسپرٹ کا جوہر پیدا کیا تھا۔ اس کی وجہ سے ایک فرد پوری قوم پر بھاری تھا۔ یہی وجہ تھی کہ مختصر وقت میں امام کا غلغلہ پوری دنیا میں بلند ہوا۔ حرمین شریفین میں آپ کے تیس خلفاء اور ہندو پاک میں اکتیس لیکن ان لوگوں نے ہزاروں کا کام کیا اور جو کیا انتہائی پائدار کیا اگر صرف علامہ شاہ عبدالعلیم میرٹھی۔ ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری اور صدر الشریعہ علامہ محمد امجد علی علیہم الرحمہ کے کاموں اور کارناموں کا ہی تفصیلی جائزہ لیا جائے تو ایک دفتر درکار ہے۔ اس کے علاوہ ہر شخص اپنی جگہ ایک انجمن ایک قوم، اور ایک تحریک تھا۔

## آخری تحریر

آپ نے 25/ صفر المظفر 1340ھ بروز جمعہ مبارکہ وصال سے دو گھنٹہ سترہ منٹ پیشتر تجہیز و تکفین وغیرہ سے متعلق ضروری وصایا جو چودہ اہم باتوں پر مشتمل ہے قلمبند کرائے اور آخر میں بارہ بج کر اکیس منٹ پر خود دست اقدس سے حمد و درود شریف کے مندرجہ ذیل کلمات تحریر فرمائے۔

واللہ شهيد وله الحمد و صلى الله تعالى و بارك وسلم على شفيع المذنبين و آله الطيبين وصحبه المكرمين و ابنه وحزبه الى ابد الآبدين آمين و الحمد لله

Marfat.com

## سفر آخرت

25/صفر 1340ھ/مطابق 28/اکتوبر 1921ء کو جمعہ مبارکہ کے دن دو بج کر 38/ منٹ پر عین اذان جمعہ میں ادھر حی علی الفلاح کی پکار سنی ادھر روح پر فتوح نے داعی الی اللہ کو لبیک کہا انا للہ و انا الیہ راجعون ع

ابر رحمت ان کے مرقد پر گہر باری کرے
حشر تک شان کریمی ناز برداری کرے

## اظہار تعزیت

موت العالم موت العالم کے بموجب پوری دنیا نے اس حادثہ کو شدت سے محسوس کیا، خصوصاً برصغیر میں صف ماتم بچھ گئی.......... لاہور کے "پیسہ" اخبار نے اپنے تعزیتی نوٹ میں لکھا۔ "آپ ہندوستان میں علوم اسلامیہ دینیہ کے آفتاب تھے بڑے فاضل اور متبحر و جید عالم، آپ کی وفات سے ہندوستان سے ایک برگزیدہ ہستی اٹھ گئی، جس کی خالی جگہ پر کرنا ناممکن نظر آتا ہے، آپ صادق مسلم کا صادق نمونہ اور پابند شرع تھے، اور ہمیشہ ترویج علوم اسلامیہ میں مصروف رہے۔ آپ سے فیض پانے والوں کا دائرہ بہت وسیع ہے، ہندوستان کے مذہبی حلقوں اور علمائے دین میں آپ کی بڑی قدر و منزلت تھی.......... اس میں کلام نہیں کہ مخالفین تک مرحوم کی اعلیٰ اور بے نظیر قابلیت کے دل سے معترف تھے۔" پیسہ" اخبار۔ لاہور شمارہ 3/نومبر 1921ء ص 2)

Marfat.com

# حوالے

## حالات وخدمات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | حیات اعلیحضرت | مولانا ظفر الدین | ص1 |
| 2۔ | // | // | ص32 |
| 3۔ | سوانح اعلحضرت | مولانا بدر الدین | ص98 |
| 4۔ | حیات اعلحضرت | مولانا محمد ظفر الدین | ص32 |
| 5۔ | رسائل رضویہ | مرتب اختر شاہجہاں پوری | ص315 تا 357 |
| 6۔ | // | // | ص 309 |
| 7۔ | امام اہلسنت | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص10 |
| 8۔ | معارف رضا، | شمارہ نہم 1989ء | ص79,78 |
| 9۔ | حیات اعلحضرت | مولانا محمد ظفر الدین | ص39,38 |
| 10 | // | // | ص13 |
| 11 | جہاں رضا | جلد 5 رشمارہ 49 | ص36/40 |
| 12 | // | // | ص36 |
| 13 | البریلویہ کا تنقیدی تحقیقی جائزہ | علامہ عبد الحکیم شرف قادری | ص200 |
| 14 | // | // | ص200 |
| 15 | سیرت اعلحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا خاں | 101 |
| 16 | الملفوظ | الشاہ مفتی مصطفیٰ رضا خاں | ج4/ص42 |
| 17 | فتاویٰ رضویہ | امام احمد رضا خاں | ج3،ص230 |
| 18 | افکار رضا | شمارہ جولائی تا ستمبر 96ء | ص20 |
| 19 | سیرت اعلحضرت مع کرامات | علامہ حسنین رضا خان | 53,52 |
| 20 | سوانح اعلحضرت | مولانا بدر الدین احمد | 378 |

Marfat.com

Marfat.com

نے قلم اٹھایا اور اسے کتاب وسنت، ائمہ دین، فقہائے اسلام کے ارشادات کی روشنی میں پایہ ثبوت تک پہنچایا۔ آپ کی سیکڑوں تصانیف میں سے کسی کو اٹھا کر دیکھ لیجئے ہر کتاب میں آپ کو یہ انداز مل جائے گا۔ مبلغ اسلام حضرت علامہ سید محمد مدنی کچھوچھوی فرماتے ہیں۔

"غور فرمائیے کہ فاضل بریلوی کسی نئے مذہب کے بانی نہ تھے از اول تا آخر مقلد رہے۔ ان کی ہر تحریر کتاب وسنت اور اجماع و قیاس کی صحیح ترجمان رہی نیز سلف صالحین و ائمہ مجتہدین کے ارشادات اور مسلک اسلاف کو واضح طور پر پیش کرتی رہی۔ وہ زندگی کے کسی گوشے میں ایک پل کے لئے بھی سبیل مومنین صالحین سے نہیں ہٹے"۔

(تقدیم دور حاضر میں بریلوی اہلسنت کا علامتی نشان)

وہ تو سلف صالحین کے طریقوں کے ایسے پرستار اور سخت گیر تھے کہ بستر مرگ سے بھی وہی پیغام نشر کیا۔ جس کی پوری زندگی اشاعت فرماتے رہے۔ فرماتے ہیں۔

"اے لوگو تم پیارے مصطفٰے ﷺ کی بھولی بھیڑیں ہو۔ اور بھیڑیئے تمہارے چاروں طرف ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تمہیں بہکائیں۔ تمہیں فتنے میں ڈال دیں .......... ان کے حملوں سے ایمان کو بچاؤ حضور ﷺ رب العزت جل جلالہ کے نور ہیں۔ حضور سے صحابہ روشن ہوئے۔ صحابہ سے تابعین روشن ہوئے۔ تابعین سے تبع تابعین روشن ہوئے ان سے ائمہ مجتہدین روشن ہوئے۔ ان سے ہم روشن ہوئے۔ اب ہم تم سے کہتے ہیں یہ نور ہم سے لے لو۔ ہمیں اس کی ضرورت ہے کہ تم ہم سے روشن ہو وہ نور یہ ہے کہ اللہ و رسول کی سچی محبت انکی تعظیم اور ان کے دوستوں کی خدمت اور ان کی تکریم۔ اور ان کے دشمنوں سے سچی عداوت جس سے اللہ و رسول کی شان میں ادنیٰ توہین پاؤ۔ پھر وہ تمہارا کیسا ہی پیارا کیوں نہ ہو۔ فوراً اس سے جدا ہو جاؤ۔ جس کو بارگاہ رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو۔ پھر وہ تمہارا کیسا ہی بزرگ معظم کیوں نہ ہو اپنے اندر سے اسے دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو۔ (2)

Marfat.com

گیر ریز ہیں۔" 1912ء میں امام احمد رضا نے غور کیا کہ مسلمانوں کے ساتھ دانستہ تفریق (تعصب) برتا جارہا ہے امام احمد رضا کا منصوبہ اس مسئلے کا حل ہے۔ (4)

آج جب کہ 20 ویں صدی ختم ہونے کو ہے انسانیت کو ایک نئی ابتداء کی ضرورت ہے امام احمد رضا کا پیش کردہ نظام مسلمانوں اور انسانیت کو سیاست، معیشت، معاشرہ اور تہذیب میں نئی شروعات کا موقع فراہم کرے گا۔ انسانیت اور اسلام کے لئے امام احمد رضا کا یہ وہ نظریہ ہے جس سے استفادہ کرنا چاہئے اور جس سے صرف نظر کر کے ایک امن وشانتی اور فوز وفلاح کے انوار سے معمور معاشرے کی تشکیل غیر ممکن ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ امام احمد رضا کے افکار ونظریات کا بغور مطالعہ کیا جائے۔

## تعلیمی نظریہ وفکر

حضرت رضا بریلوی ایک ماہر تعلیم بھی تھے، اسی لئے ندوۃ العلماء کی نصاب کمیٹی کے وہ ایک اہم رکن تھے، بعد میں بعض وجوہ کی بنا پر علٰحدہ ہو گئے۔ وہ خود دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف کے بانی بھی تھے۔ اور بکثرت طلباء کو انہوں نے پڑھایا تھا، تعلیم وتعلم کے نشیب وفراز سے اچھی طرح باخبر تھے۔ انہوں نے تعلیم وتدریس کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرتے ہوئے مقصدیت، اولیت، صداقت، افادیت، للٰہیت، حمیت، حرمت، محبت، سکینت وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے............ملت کی ترقی اور نشو ونما کے لئے تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اس لئے نظام تعلیم اور نصاب تعلیم تشکیل وترتیب دیتے وقت یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ ترقی اور نشو ونما کی نہج کیا ہونی چاہئے۔ نہج کا تعین قومی مزاج، قومی نظریات اور قومی ضرورت کو سامنے رکھ کر کرنا چاہئے۔ اس سلسلے میں فاضل بریلوی کا موقف یہ ہے۔

(1)............اسلام کی تعلیم کو بنیادی حیثیت حاصل ہونی چاہئے اور تعلیم کا محور دین اسلام ہونا چاہئے کیوں کہ ملت اسلامیہ کے ہر فرد کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ وہ کیا ہے اور دین اسلام کیا ہے؟

(2)............مقصدیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ تعلیم کا بنیادی مقصد خدا رسی اور رسول شناسی ہونا چاہئے تا کہ ایک عالمگیر فکر ابھر کر سامنے آئے۔ سائنس اور مفید علوم عقلیہ کی تحصیل میں مضائقہ نہیں مگر ہیئت اشیاء کی معرفت سے زیادہ خالق اشیاء کی معرفت ضروری ہے۔

(3) اولیت پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ابتدائی سطح پر رسول اکرم ﷺ کی محبت وعظمت کا نقش طالب علم کے دل پر بٹھایا جائے کہ اس وقت کا بتایا ہوا پتھر کی لکیر ہوتا ہے۔ حضور ﷺ کی محبت

Marfat.com

کے ساتھ آل واصحاب اور اولیاء و علماء کی محبت و عظمت دل میں پیدا کی جائے۔

(4)............ اولیت کے بعد حضرت رضا بریلوی صداقت پر زور دیتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ پڑھایا جائے وہ حقائق پر مبنی ہو، جھوٹی باتیں انسان کی فطرت پر برا اثر ڈالتی ہیں۔ جس طرح جسم کے لئے صحیح غذا ضروری ہے۔ اسی طرح ذہن اور دماغ کے لئے بھی صحیح غذا ضروری ہے، صحت فکر اسی سے وابستہ ہے۔

(5)............ صداقت کے بعد انہوں نے افادیت پر زور دیا ہے۔ ان کے خیال میں صرف انہیں علوم کی تعلیم دی جائے جو دین و دنیا میں کام آئیں۔ غیر ضروری اور غیر مفید علوم و فنون کو نصاب سے خارج کر دیا جائے اس سے افراد کی توانائی، مال اور عمر تینوں ضائع ہوتے ہیں جو ایک بڑا قومی نقصان ہے۔

(6)............ افادیت کے بعد وہ للٰہیت پر زور دیتے ہیں اور اساتذہ کے لئے لازمی قرار دیتے ہیں کہ ان کے دل میں اخلاص و محبت ہو اور قومی تعمیر کی لگن ہو وہ علم کو کھانے کمانے کا ذریعہ نہ بنائیں بلکہ طلبہ کے لئے ایک اعلیٰ نمونہ ہوں۔

(7)............ للٰہیت کے بعد وہ حمیت و غیرت پر زور دیتے ہیں اور طلباء میں خودداری اور خود شناسی کا جوہر پیدا کرنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ تاکہ وہ دست سوال دراز کرنے کے عادی نہ ہو جائیں اور اپنا یہ جوہر کھو کر معاشرے کے لئے ایک بوجھ اور اسلام کے لئے ایک داغ نہ بن جائیں۔

(8)............ حمیت کے بعد حضرت رضا بریلوی حرمت پر زور دیتے ہیں یعنی طالب علم کے دل میں تعلیم اور متعلقات تعلیم کا احترام پیدا کیا جائے۔

(9)............ حرمت کے بعد وہ صحبت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہیں۔ یعنی طالب علم کو بری صحبت سے بچایا جائے۔ کہ یہی عمر بننے اور بگڑنے کی ہوتی ہے ............ وہ مفید کھیل اور سیر و تفریح کو بھی ضروری قرار دیتے ہیں۔ تاکہ طالب علم کی طبیعت میں نشاط و انبساط باقی رہے اور وہ مسلسل تحصیل علم سے اکتا نہ جائے۔ (10)

آخر میں حضرت رضا بریلوی سکنیت پر زور دیتے ہیں۔ یعنی تعلیمی ادارے کا ماحول پر سکون اور باوقار ہونا چاہئے تاکہ طالب علم کے دل میں وحشت اور انتشار فکر نہ پیدا ہو۔ (امام احمد رضا

Marfat.com

خاں کا نظریہ تعلیم، محمد جلال الدین) (5)

# سائنسی نظریہ وفکر

حضرت موصوف نے سائنسی تحقیقی دنیا میں بھی اہم رول ادا کیا ہے۔ اور نوادرات افکار سے جدید علوم کے دامن کو مالا مال کیا ہے۔ اپنے نظریئے سے پرانے نظریات و اصول کے بخئے ادھیڑے ہیں۔ جو نظریات بھی اسلامی افکار سے متصادم ہوئے حضرت رضا بریلوی نے اس کا عقلی اور نقلی رد فرمایا۔ انہیں بے شمار مسائل میں نظریہ حرکت زمین بھی ہے۔ یہ نظریہ فیثا غورث کا ہے۔ جس کی تائید ریاضیات کے ماہر پروفیسر کاپرنیکس نے کی اور یہ نظریہ پھر سے زندہ ہوا، 1880ء حضرت رضا بریلوی کے عہد میں پروفیسر البرٹ آئین اسٹائن نے ایک تجربہ کیا جس سے اس نظریہ کا رد ہوتا تھا۔ لیکن انہوں نے پھر اس کی ایسی توجیہ کی جس سے یہ ثابت ہو گیا۔ مگر بقول سید محمد تقی یہ سائنس کی تاریخ کی سب سے زیادہ غیر عقلی توجیہ تھی۔ حضرت رضا بریلوی آئین اسٹائن کے ہمعصر ہیں انہوں نے آئین اسٹائن اور دیگر سائنس دانوں کے افکار و خیالات کی گرفت کی اور ایک سو پانچ دلائل سے نظریہ حرکت زمین کو باطل قرار دیا۔ خود فرماتے ہیں۔

> ''بعونہ تعالیٰ فقیر نے رد فلسفہ، جدیدہ میں ایک مبسوط کتاب مسمیٰ بہ نام تاریخی فوز مبین (1338ھ 1919ء) لکھی جس میں ایک سو پانچ دلائل سے حرکت زمین باطل کی اور جاذبیت و نافریت وغیرھا مزعومات فلسفہ ٔجدیدہ پر وہ روشن رد کئے جن کے مطالعے سے ہر ذی انصاف پر بحمدہٖ تعالیٰ آفتاب سے زیادہ روشن ہو جائے کہ فلسفہ ٔجدیدہ کو اصلاً عقل سے مس نہیں'' (الکلمۃ الملہمہ، امام احمد رضا)

اور اب تو ایک سو سے زیادہ آئین اسٹائن کے ناقدین پیدا ہو چکے ہیں۔ ان ناقدین کی قیادت کا سہرا محدث بریلوی ہی کے سر ہے۔

فوز مبین میں ایک مقدمہ ہے جس میں مقررات ہیأۃ جدیدہ کا بیان ہے جس سے مقالے میں کام لیا ہے۔ پھر چار فصلیں ہیں۔ فصل اول میں نافریت پر بحث کی ہے۔ اور اس سے ابطال حرکت زمین پر بارہ دلیلیں قائم کی ہیں۔ فصل دوم میں جاذبیت پر بحث کی ہے اور اس سے حرکت زمین کے بطلان پر پچاس دلیلیں قائم کی ہیں۔ فصل سوم میں خود حرکت زمین کے ابطال پر تینتالیس دلیلیں ہیں۔

Marfat.com

اس طرح مجموعی طور پر 105 ردلائل سے نظریہ حرکت زمین کو باطل کیا ہے۔

ان تمام دلائل میں نوے دلائل حضرت رضا بریلوی کی طبع زاد ہیں فصل چہارم میں ان شبہات کا رد ہے جو ہیأۃ جدیدہ حرکت زمین کے ابطال میں پیش کرتی ہے۔ آخر میں خاتمہ ہے جس میں کتب آسمانیہ سے گردش آفتاب اور سکون ارض کو ثابت کیا گیا ہے۔ حضرت رضا بریلوی کے سائنسی کارناموں میں فوز مبین ایک عظیم شاہکار ہے۔ وہ وفور علم وشعور کے زور سے سائنس ہی کو مسلمان کر دینے کی تمنا اور حوصلہ رکھتے تھے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے حضرت رضا بریلوی کے سائنسی موقف کو واضح کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ

''فلسفۂ جدیدہ کے متعلق مولانا بریلوی کا طرز عمل مقلدانہ نہ تھا۔ بلکہ مجتہدانہ تھا۔ چنانچہ آقائے بیدار بخت (لاہور) کے استاذ پروفیسر حاکم علی (پروفیسر ریاضی، اسلامیہ کالج لاہور) کو لکھتے ہیں ............ محب فقیر! سائنس یوں مسلمان نہ ہوگی۔ اسلامی مسائل کو آیات ونصوص میں تاویلات دوراز کار کر کے سائنس کے مطابق کرلیا جائے یوں تو معاذ اللہ اسلام نے سائنس قبول کی، نہ کہ سائنس نے اسلام، وہ مسلمان ہوگی تو یوں کہ جتنے اسلامی مسائل سے اسے خلاف ہے سب میں مسئلہ اسلامی کو روشن کیا جائے۔

(نزول آیات فرقان، بسکون زمین وآسمان، امام احمد رضا ص 24)

فلسفہ، ہیئت، نجوم، ریاضی اور جدید سائنس کی جملہ شاخوں پر آپ کو کامل مہارت اور درک حاصل تھا۔ آپ کی ذات علوم جدیدہ وقدیمہ، معقول ومنقول کی حسین سنگم تھی، ایسی مجمع البحرین شخصیت آپ کے معاصرین میں اور کوئی نظر نہیں آتی۔ اپنی اسی مہارت کی بنیاد پر آپ چاہتے تھے کہ سائنس کے جسم میں اسلام کی روح ڈالی جائے تاکہ علوم سائنس کی حیرت انگیز ایجادات سے کسی طرح اسلام پر تنقید نہ کی جا سکے۔ بلکہ اسلام کی صداقت وحقانیت مزید اجاگر ہو جائے۔ ماہنامہ سنی دنیا، بریلی شریف نے مبنی برصداقت تبصرہ کیا ہے۔

''باطل نے جس محاذ پر دین وسنیت پر حملہ آور ہونے کی کوشش کی چاہے تھیوریز اور نظریات کا لبادہ اوڑھ کر، چاہے فیشن وتہذیب کا بھیس بدل کر، چاہے فلسفہ اور

Marfat.com

سائنس کا روپ دھار کر امام احمد رضا قدس سرہ نے اسے ہر موڑ پر پسپا کیا اور باطل کے دام فریب کو تار تار کیا۔ امام احمد رضا قدس سرہ نے اس رسالہ (فوز مبین) میں نقلی دلائل سے زمین کی گردش کی نفی کی ہے اور تمام قدیم و جدید فلاسفہ خصوصاً کوپرنیکس، کبلی لونیوٹن، البرٹ، ایف پورٹا، اور آئین اسٹائن وغیرہ کا رد کیا۔ بس اتنا کہتا ہوں کہ فاضل بریلوی کو کیمسٹری، فزکس، جغرافیہ، اسٹرونوی، اور ریاضی کے مختلف شعبوں، ڈائنامکس، اسپٹکس، بائرالجبرا، اور سعولڈ جیومیٹری میں بے پناہ مہارت تھی اور انہوں نے مختلف تھیوریوں مثلاً ماش اینڈ ویٹ، حجم، اسپفک گریویٹی، اٹریکشن زبلیشن گریوشینل فورس، سینٹرل، ٹیبل، سینٹری، فیوگل فورس اور میتھ میٹکس کی مختلف تھیوریوں۔ اور نکات کو آپ نے پیش کیا ہے کہ علوم عقلیہ میں جتنے سبجیکٹ آج کی یونیورسٹیوں میں رائج ہیں ان سب کا محقق دنگ رہ جائے گا (6)

حضرت رضا بریلوی کے سائنسی نظریئے کو سمجھنے کے لئے ان کی درج ذیل کتب کا مطالعہ کافی ہوگا۔ (1) الکلمۃ الملہمہ (2) فوز مبین رد حرکت زمین، (3) نزول آیات فرقان، (4) الکشف شافیا، (5) الجواہر والواقیت

## اصلاحی نظریہ وفکر

حضرت رضا بریلوی نے اپنے دور میں سیاست و مذہب اور سائنس و دین میں تجدید واحیاء کے فرائض انجام دیئے وہ ہر اس شخص کو جو دین میں نئی نئی باتیں داخل کرتا ہے۔ بدعتی قرار دیتے تھے۔ اور اس شخص کا تعاقب کرتے تھے جو ان کی نظر میں تجدید کے بہانے بے راہ روی اختیار کرتا تھا۔ آپ نے معاشرے کی خلاف شرع عادات ورسوم پر تنقید کی ہے اور اس طرح تجدید و اصلاح کی ذمہ داری پوری کی۔

مثلاً (1) اسلامی معاشرے کے بعض افراد فرائض وسنن کو چھوڑ کر صرف مستحبات ومباحات کے پیچھے لگے رہتے ہیں۔ رضا بریلوی کی نظر میں ایسے لوگوں کی نیکیاں شریعت کی نظر میں مردود ہیں (اعز الاکتناہ فی رد صدقۃ مانع الزکوٰۃ، امام احمد رضا) (ص 10-11)

(2) بعض لوگ شریعت وطریقت کو الگ الگ خانوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ رضا بریلوی اس تقسیم کو سختی کے ساتھ رد کرتے ہیں اور طریقت کو عین شریعت قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

Marfat.com

''شریعت کے سوا سب راہوں کو قرآن عظیم باطل و مردود فرما چکا''

(مقال عرفا باعزاز شرع وعلماء، امام احمد رضا ص 7)

(3) عام طور پر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بعض مسلمان بزرگوں کے مزارات پر جا کر سجدہ کرتے ہیں۔ حضرت رضا بریلوی نے غیر اللہ کے لئے سجدۂ عبادت کو کفر و شرک، اور سجدۂ تعظیمی کو حرام قرار دیا ہے، چنانچہ سجدۂ تعظیم کے خلاف اپنے ایک مستقل رسالے میں وہ لکھتے ہیں۔

''سجدہ، حضرت عزت عز جلالہ کے سوا کسی کے لئے نہیں اس کے غیر کو سجدہ عبادت تو یقیناً اجماعاً شرک مہین و کفر مبین اور سجدۂ تحیت حرام و گناہ کبیرہ بالیقین''

الزبدۃ الزکیہ لتحریم سجود التحیہ ،امام احمد رضا ص 7)

(4) آج کل تصویریں لگانے اور مجسمے سجانے کا عام رواج ہو گیا ہے بعض ان پڑھ مسلمان تبرکا براق کی تصویریں بھی لگاتے ہیں حضرت رضا بریلوی نے اس کی سختی سے ممانعت کی ہے البتہ نعلین مبارک اور قبہ شریف کے عکس کو جائز و مستحسن قرار دیا ہے۔

(شفاء الوالہ فی صور الحبیب ومزارہ ونعالہ امام احمد رضا ص 35)

(5) مسلمانوں میں فاتحہ، سوم چہلم، برسی وغیرہ کا رواج عام ہے۔ حضرت رضا بریلوی نے اس کی روح کو جائز قرار دیا ہے، لیکن اس میں غیر ضروری لوازمات کو بے اصل، وہ تعین یوم کو آسانی و سہولت کے لئے جائز سمجھتے ہیں۔ اور اس خیال کو غلط تصور کرتے ہیں کہ متعین دنوں ہی میں زیادہ ثواب ملتا ہے (الحجۃ الفاتحہ، امام احمد رضا ص 14) اسی طرح وہ نیت کو ایصال ثواب کی روح تصور کرتے ہیں اور اس رسم کی تائید نہیں کرتے کہ اہتمام کے ساتھ کھانا سامنے لا کر رکھا جائے ۔ البتہ سامنے رکھنے میں مضائقہ بھی نہیں کہ ایصال ثواب کے بعد فوراً تقسیم کر دیا جائے، میت کی فاتحہ وایصال ثواب میں وہ غربا و مستحقین کو فوقیت دیتے ہیں۔ اور اس کے خلاف ہیں کہ امیروں اور برادری کے لوگوں کو بلا کر اہتمام کے ساتھ کھانا کھلایا جائے۔ الملفوظ حصہ سوم، الشاہ مصطفٰے رضا خاں ص 45

(6) دور جدید کی بدعات میں عورتوں کا بے محابا گھومنا، پھرنا، نامحرموں کے سامنے آنا، میت کے گھر جمع ہو کر کھانا پینا، رہنا سہنا، زیارت قبور کے لئے قبروں پر جانا اور نامحرم پیروں کو محرم سمجھ کر ان کے سامنے آنا عام ہے۔ مولانا بریلوی نے ان بدعات کی مخالفت کی۔

(مروج النساء لخروج النساء امام احمد رضا)

Marfat.com

(7) زیارت قبور کے لئے قبرستان جانے کی عورتوں کو سختی سے ممانعت کی اور یہ رسالہ لکھا۔ جمل النور فی نهی النساء عن زيارة القبور ،مگر حضور اکرم ﷺ کے روضہ مبارک پر حاضری کو مستثنیٰ قرار دیا۔ کیوں کہ عورتوں اور مردوں کا اس دربار میں حاضر ہونا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے ۔(الملفوظ حصہ دوم، ص 110)

(8) صالحین کی قبروں پر چادر چڑھانے کے لئے دریافت کیا تو اس کو مشروط طور پر جائز قرار دیا کہ عوام الناس ان کی طرف متوجہ ہو کر مستفیض ہوں۔ اور وہ بھی صرف ایک چادر، جب پھٹ جائے تو دوسری، نہ یہ کہ لامتناہی سلسلہ کر دیا جائے۔ رسم کے طور پر چادر چڑھانے کو انہوں نے فضول قرار دیا اور لکھا ہے۔ ''جو دام اس میں صرف کریں۔ ولی اللہ کی روح مبارک کو ایصال ثواب کے لئے محتاج کو دیں''۔(امام اہلسنت ص 30)

(10) آلات موسیقی کے ساتھ خانقاہوں حتیٰ کہ مساجد کے قریب مقابر پر قوالیوں کا عام رواج ہے حضرت رضا بریلوی نے اس قسم کی قوالیوں کو ناجائز قرار دیا۔(مسائل سماع، امام احمد رضا ص 24)

حتیٰ کہ ایسے اعراس میں شرکت کی ممانعت کی جہاں مزامیر کے ساتھ قوالی کا اہتمام ہو۔
(احکام شریعت حصہ اول، امام احمد رضا ص 33)

(10) آج کل حضور پرنور ﷺ کے نام نامی کے ساتھ، ص، صلعم، وغیرہ لکھنے کا عام رواج ہو گیا ہے۔ حضرت رضا بریلوی نے اس پر سخت تنبیہ فرمائی۔ اسے مہمل و جہالت و محرومی کا سبب بتایا اور سخت ناجائز قرار دیا اور وضاحت فرمائی کہ اگر قصداً استخفاف شان ہو تو قطعاً کفر ہے ورنہ بے برکتی، کم بختی، زبوں قسمتی میں شک نہیں'' (7)

ان کے فکر و نظر کے صدا بہار گلشن سے یہ چند گل تر پیش ہیں۔ جن سے ان کے افکار و آرا کو سمجھا جا سکتا ہے۔ خلاف شرع رسم و رواج اور بدعات و خرافات کے خلاف تو ان کا قلم شمشیر براں بن جاتا تھا۔ انہوں نے قدم قدم پر قوم کی رہنمائی فرمائی اور غلط روی سے روکا .......... مولانا کوثر نیازی فرماتے ہیں۔

''کیا ستم ظریفی ہے کہ جو رد بدعات میں شمشیر برہنہ تھا اسے خود حامی بدعات قرار دیا گیا۔ ان کے افکار و فتاویٰ کا مطالعہ کیا جائے تو صاف نظر آتا ہے کہ جتنی سخت مخالفت ''خلاف پیغمبر راہ گزینی'' کی انہوں نے کی شاید ہی کسی اور نے کی ہو'' (8)

Marfat.com

# تحقیقی نظریہ وفکر

قدرت نے آپ کو ایسا دراک دل، اور مواج دماغ بخشا تھا کہ ہمیشہ فکر و درک، تحقیق و تدقیق اور شعور و آگہی کے گل بوٹے آپ کے قلم حقیقت رقم سے دامن قرطاس پر بکھرتے ہی رہتے تھے۔ آج جوں جوں چہرۂ لیل و نہار پر پڑی غفلت کی دبیز چادر کے گرد صداقت و حقانیت کا اجالا پھیل رہا ہے۔ شک و تردد کی تاریکیوں میں صبح انقلاب کی دھمک محسوس کی جارہی ہے اور رخ روشن کی تابانی دور تک تسلیم کی جانے لگی ہے۔

اب سے سو برس پہلے جب اردو کا دامن لسانی مسائل اور تحقیقی جواہر پاروں کے لئے دریوزہ گر ہے۔ حضرت رضا بریلوی نے نہ صرف یہ کہ اپنی کتابوں میں تحقیق کا اعلیٰ وارفع معیار پیش کیا بلکہ جو تحقیقی اصول وضع فرمائے وہ دور جدید کے محققین کی نگاہوں کے لئے سرمۂ بصیرت ہے ............ڈاکٹر قمر رئیس بڑے حسرت و یاس کے ساتھ اپنے احساس کو سپرد قرطاس کرتے ہیں۔

"اردو میں کوئی ایسا ادبی نقاد پیدا نہ ہو سکا جسے ہم فخر و اعتماد سے مغرب کے ممتاز ناقدین کی صف میں کھڑا کر سکیں لیکن ایسے مستند عالم اور محقق ضرور ہیں جن کا موازنہ وثوق کے ساتھ دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کے محققوں سے کیا جا سکتا ہے (9)

ہم یہ کہنے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ فخر و اعتماد کے ساتھ جن مستند عالم اور محقق کو دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کے محققوں کی بزم میں پیش کیا جا سکتا ہے کم از کم انیسویں اور بیسویں صدی میں تو ان کی قیادت کا سہرا حضرت رضا بریلوی ہی کے سر ہے۔ اس لئے کہ بقیہ جتنے بھی ہیں دو، چار، یا مبالغے سے کام لیا جائے تو دس، پندرہ سے زیادہ علوم و فنون کے ماہر نظر نہیں آتے اس پر ان کی تصنیفات و مضامین و مقالات گواہ ہیں۔ مگر حضرت رضا بریلوی 59 علوم و فنون (جدید تحقیق کے مطابق 105/ (10) کے ماہر ہیں اور لطف یہ کہ ہر فن میں آپ نے اپنی قیمتی، علمی یادگاریں چھوڑیں ہیں۔ ایسا بھی نہیں ہے کہ بس یونہی انہیں لکھنے کا شوق ہو اور کاغذ سیاہ کر دیا ہو، بلکہ ان کی ہر تحریر سے تحقیق کی خوشبوئے جانواز ٹپکتی ہے۔ اس حقیقت کے وہ رمز شناس تھے کہ "تحقیق محض الفاظ کو گرامر کے اصول کے مطابق جمع کرنے کا نام نہیں، تحقیق صرف اپنی معلومات کے انبار لگا دینے کا بھی نام نہیں لکھتے وقت وہی الفاظ استعمال کرنا چاہئے جو قاری کو بات صحیح طور پر

Marfat.com

سمجھا سکیں۔ اور اصل مدعا بیان کر سکیں تحقیق میں ضروری ہے کہ معلومات اس طور سے سامنے لائی جائیں کہ ان کا منطقی ربط بھی باقی رہے اور قاری کو نتائج اخذ کرنے میں دشواری بھی نہ ہو (11) وہ جو کہتے تھے بہت سوچ کر کہتے تھے، وہ جو لکھتے تھے بہت پرکھ اور سمجھ کر لکھتے تھے جو محقق قرآن و حدیث کے علوم و رموز کا ماہر و نباض ہو، جس کے سامنے تحقیق و تنقید کے تمام اصول و فنون ہوں دیانتداری اس کے قلم کی شان ہونی ہی چاہئے اور اس کی تحریر سے بوئے صداقت آنی ہی چاہئے۔ حضرت رضا بریلوی کی تصنیف کا ہر جملہ گویا کہ میزان اعتدال میں تلا ہوا ہے۔ ان کی کسی بھی کتاب کو سرسری نظر بھی دیکھنے والا دانشور متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا شان تحریر ہی کچھ ایسی دل پذیر ہے کہ معلوم ہوتا ہے تاثیر کی کرن پھوٹ رہی ہے۔ مشہور شامی عالم شیخ عبدالفتاح ابو عذہ سابق پروفیسر الشرعیہ محمد بن سعود یونیورسٹی، ریاض، سعودی عرب، جو عربی زبان و ادب کے ممتاز ادیب و دانشور اور تقریباً پچاس سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں فرماتے ہیں۔

"میں نے جلدی جلدی میں (امام احمد رضا کا) ایک عربی فتویٰ مطالعہ کیا عبارت کی روانی اور کتاب و سنت و اقوال سلف سے دلائل کے انبار دیکھ کر میں حیران و ششدر رہ گیا۔ اور اس ایک ہی فتویٰ کے مطالعے کے بعد میں نے یہ رائے قائم کر لی کہ یہ شخص کوئی بڑا عالم اور اپنے وقت کا زبردست فقیہ ہے" (12)

ان کے شعور کی پختگی، فکر کی بلندی اور تحقیق کی بے مثالی کو اچھے اچھوں اور بڑے بڑوں نے خراج تحسین پیش کیا ہے۔ .......... ڈاکٹر، مفتی محمد مکرم احمد شاہی امام مسجد جامع فتح پوری دہلی اپنے ایک نو خیز مقالے میں فرماتے ہیں۔

"مولانا بریلوی نے اپنی تالیف اور تصانیف، فتاویٰ میں جس تحقیق و تدقیق سے کام لیا ہے وہ ان کا امتیازی وصف ہے۔ ان کی ناقد نظر اور تحقیق پسند طبیعت نے جو تحقیق کا طرز اپنایا ہے اس کے سامنے آج کے محقق اور ریسرچ اسکالر بھی شرمندہ ہو جاتے ہیں" (13)

جدید تحقیق میں جو چیز اساسی حیثیت کی حامل ہے وہ ہے۔ (1) صحت نسخ اور (2) صحت متون، کسی کا کثیر التصانیف ہونا فی نفسہ کوئی خوبی نہیں۔ جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ اسکا اسلوب تحریر و تحقیق کیا ہے۔ وہ رطب و یابس بیان کرنے کا عادی تو نہیں، اپنی فکری جولانی سے کتابوں کے ڈھیر لگا دینا اور باتوں باتوں میں مضامین کے گلستاں سجا دینا اور بات ہے، اور تحقیق و تصحیح متن کی پابندی و

Marfat.com

رعایت کے ساتھ کچھ کہنا اور لکھنا کار دیگر...... حضرت رضا بریلوی نے تحقیق و ریسرچ سے متعلق بعض نکات پیش کیے ہیں۔ یہاں ان میں سے بعض نکات پیش کیے جاتے ہیں۔ جس سے اندازہ ہو جائے گا کہ ان کا معیار تحقیق کتنا بلند ہے د۔ انہوں نے ایک مختصر رسالے میں، صحت نسخ، صحت متون، اتصال سند تداول، احتیاط، استدلال وغیرہ پر بحث کی ہے ذیل میں ان سے چند نکات پیش ہیں۔

(1) **صحت نسخ** :۔ کوئی کتاب یا رسالہ کسی بزرگ کے نام منسوب ہونا اس سے ثبوت قطعی کو مستلزم نہیں، بہت رسالے خصوصاً اکابر چشت کے نام منسوب ہیں۔ جس کا اصلاً ثبوت نہیں۔ (14)

(2) **صحت متون** :۔ کسی کتاب کا ثابت ہونا اس کے ہر فقرے کا ثابت ہونا نہیں ہے بہت سے اکابر کی کتابوں میں الحاقات ہیں جن کا مفصل بیان کتاب الیواقیت والجواہر، امام عارف باللہ شعرانی رحمۃ اللہ میں ہے........... ایضاً۔

(3) **اتصال سند** :۔ (الف)۔ علماء کے نزدیک ادنیٰ درجہ ثبوت یہ تھا کہ ناقل کے لئے مصنف تک سند مسلسل، متصل بذریعہ ثقات ہو...... ایضاً

(ب) اگر ایک اصل تحقیقی معتمد سے مقابلہ کیا ہے تو یہ بھی کافی ہے۔ یعنی اصول معتمدہ، متعددہ سے مقابلہ زیات احتیاط ہے۔ یہ اتصال سند اصل وہ شئے ہے جس پر اعتماد کر کے مصنف کی طرف نسبت جائز ہو سکے...... ایضاً

(4) **تواتر** :۔ (الف)۔ کتاب کا چھپ جانا اسے متواتر نہیں کر دیتا کہ چھاپے کی اصل وہ نسخہ ہے جو کسی الماری میں ملا۔ اس سے نقل کر کے کاپی ہوئی...... ایضاً

(ب) متعدد بلکہ کثیر و وافر قلمی نسخے موجود ہونا ثبوت تواتر کو بس نہیں، جب تک ثابت نہ ہو کہ یہ سب نسخے جدا جدا اصل مصنف سے نقل کئے گئے، یا ان نسخوں سے جو اصل سے نقل ہوئے۔ ورنہ ممکن ہے کہ بعض نسخ محرفہ ان کی اصل ہوں۔ ان میں الحاق ہوا اور یہ ان سے نقل، نقل در نقل ہو کر کثیر ہو گئے...... ایضاً

(5) **تداول** :۔ اور متاخرین نے کتاب کا علماء میں ایسا مشہور و متداول ہونا جس سے اطمینان ہو کہ اس میں تغیر و تحریف نہ ہوئی اسے مثل اتصال، سند جانا (15)

(ب) تداول کے معنیٰ کہ کتاب جب سے اب تک علماء کے درس و تدریس یا نقل و تمسک یا ان کے مطمح نظر رہی ہو۔ جس سے روشن ہو کہ اس کے مقامات و مقالات علماء کے زیر نظر آ چکے۔

Marfat.com

اور وہ بحالت موجودہ اسے مصنف کا کلام مانا کئے ............. ایضاً

(ج) زبان علماء میں صرف وجود کتاب کافی نہیں۔ کہ وجود وتداول میں زمین وآسمان کا فرق ہے ............................ (16)

(6) **احتیاط، نقل و استدلال:** ۔علماء نے فرمایا جو عبارت کسی تصنیف کے نسخے میں ہے اگر صحت نسخہ پر اعتماد ہے، یوں کہ اس نسخے کو خود مصنف یا کسی اور ثقہ نے خاص اصل مصنف سے مقابلہ کیا ہے۔ یا اس نسخے سے جسے اصل پر مقابلہ کیا تھا یوں ہی اس ناقل تک، تو یہ کہنا جائز ہے کہ مصنف نے فلاں کتاب میں یہ لکھا ورنہ جائز نہیں۔ ایضا۔

(ب) اس نسخۂ صحیحہ معتمدہ سے جس کا مقابلہ اصل نسخۂ مصنف یا اور ثقہ نے کیا وسائط زائد ہوں تو سب کا اسی طرح کے معتمدات سے ہونا معلوم ہو تو یہ بھی ایک طریقۂ روایت ہے۔ اور ایسے نسخے کی عبارت کو مصنف کا قول بتانا جائز (17)

ان چند دفعات و نکات میں اصول تحقیق سے متعلق جو نکات حضرت رضا بریلوی نے تحریر فرمائے ہیں۔ جامعیت و مانعیت کی ہم آہنگی کے ساتھ ضابطہ بندی کے جو گل کھلائے اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں کوزے میں سمندر کو بند کردینے کا جو جوہر دکھایا ہے آج جدید علم و ادب میں یہ چیزیں سرمایۂ تحقیق سمجھی جارہی ہیں۔ کوشش بلیغ کے بعد اب ارباب نقد ونظر اس منزل رفیع پر پہونچ ہیں یا پہونچنے والے ہیں۔ جب کہ حضرت رضا بریلوی برسوں پہلے جلوہ ہائے رنگ برنگ دکھا چکے ہیں۔

انہوں نے کبھی لکھائی سنی سنائی بات پر تکیہ نہ فرمایا اصل متون کا خود مطالعہ فرمایا اور جب تک خود مطمئن نہ ہوتے حوالہ نہ دیتے۔ دنیا کا کوئی محقق متن کے لئے یہ اہتمام نہیں کرتا۔ جو امام احمد رضا اہتمام فرماتے تھے۔

ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں، ایم، اے، پی، ایچ، ڈی فرماتے ہیں۔

''ان کے فضل وکمال، ذہانت وفطانت، طباعی ودراکی کے سامنے بڑے بڑے علماء، فضلاء، یونیورسٹی کے اساتذہ، محققین اور مستشرقین نظروں میں نہیں جچتے (18)

Marfat.com

# حوالے

## افکارونظریات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | رہبرورہنما | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص 6 |
| 2۔ | وصایا شریف | علامہ حسنین رضا | ص 22.21 |
| 3۔ | محدث بریلوی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص 88 |
| 4۔ | امام احمد رضا کے 1912 کے منصوبہ کا تجزیہ | ڈاکٹر محمد ہارون، مترجم ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی | ص 13 |
| 5۔ | افکار رضا | قمرالحسن بستوی | ص 118 |
| 6۔ | ماہنامہ سنی دنیا، | مدیر ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی | شمارہ 15ج6 |
| 7۔ | فتاویٰ افریقہ | امام احمد رضا | ص 45-46 |
| 8۔ | مولانا احمد رضا خاں بریلوی ایک ہمہ جہت شخصیت | مولانا کوثر نیازی | ص 37 |
| 9۔ | اصول تحقیق وترتیب متن | ڈاکٹر تنویر علوی | ص 12 |
| 10 | معارف رضا | شمارہ یازدہم 1991 | ص 235 |
| 11۔ | تصنیف وتحقیق کے اصول | ڈاکٹر قاضی عبدالقادر، مطبوعہ اسلام آباد 1992ء | ص 3 |
| 12۔ | امام احمد رضا ارباب علم ودانش کی نظر میں | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص 154 |
| 13۔ | فتاویٰ رضویہ اور فتاویٰ رشیدیہ کا تقابلی مطالعہ۔ | مفتی محمد مکرم احمد دہلوی | ص 85 |
| 14۔ | حجب العوار عن مخدوم بہار | امام احمد رضا | مطبوعہ لاہور ص 201 |
| 15۔ | // | // | مطبوعہ لاہور ص 8,7 |
| 16۔ | // | // | مطبوعہ لاہور ص 4 |
| 17 | // | // | مطبوعہ لاہور ص 5 |
| 18۔ | کلام رضا | اصغر حسین نظیر لدھیانونی | ص 5 |

Marfat.com

# علمی، تحقیقی نوادرات

حضرت رضا بریلوی اپنی علمی وادبی خدمات کے آئینے میں ایسے روشن اور تابناک ہیں کہ علم و ادب کی کسی بزم میں فخر سے ان کا نام لیا، اور کام پیش کیا جاسکتا ہے۔ سات سال میں بچے کی شخصیت کا باطن پختہ ہوتا ہے، امام احمد رضا چھ سال کی عمر میں منبر پر بیٹھ کر میلا د شریف کے مقدس موضوع پر فصیح و بلیغ تقریر فرماتے ہیں۔ تیرہ سال دس ماہ کی مختصر عمر میں علوم دینیہ عقلیہ ونقلیہ سے فراغت پاکر 1286ھ میں مسئلہ رضاعت پر ایک محققانہ فیصلہ لکھ کر فتویٰ نویسی کا آغاز کرتے ہیں۔ اور لگ بھگ پچپن سال تحقیق وتدقیق سے علمائے عرب وعجم کو مسخر کئے رکھا۔ مولانا وارث جمال قادری تحریر فرماتے ہیں!۔

''ان کے علمی کارنامے، وسعت تنوع، مضامین کی بلندی، جودت فکر، اور تعداد کی کثرت کے لحاظ سے ایک پورے اکیڈمی کے صد سالہ خدمات پر بھاری بھرکم ہیں۔ ایک متحرک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا جو کام تھا۔ اعلحضرت امام احمد رضا خاں نے تنہا انجام دے کر اپنی ہمہ گیر و جامع وتابندہ شخصیت کے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں (امام شعر وادب، ص13) (1)

آپ کی نگارشات کے مطالعے سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ آپ کی تصانیف، اردو، عربی ، فارسی تینوں زبانوں کے ادب کے لئے ایک قیمتی ورثہ ہیں۔ علم وادب کے جملہ فنون اور جملہ فنون کی تمام شاخوں کے تعلق سے ناقدین جس چیز کو خوبی تصور کرتے ہیں۔ حضرت رضا بریلوی کے یہاں وہ خوبی دور سے جھلکتی اور چمکتی محسوس ہوتی ہے۔ تعجب ہے کہ علم وادب کے سمندر کا ایک ایسا شناور جس کا جواب ماضی قریب تو کیا ماضی بعید میں بھی مشکل ہی سے نظر آئے۔ ہمارے اردو ادب کے ناقدین، ومورخین، نے ان کے ذکر وتذکرہ سے بڑی بے اعتنائی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پروفیسر مجید اللہ قادری رقم طراز ہیں۔

''اردو ادب کے حوالے سے سرسید احمد خاں (م 1898ء) مولانا ابوالکلام آزاد (م 1958ء) مولانا شبلی نعمانی (م 1914ء) ڈپٹی نذیر احمد (م 1912ء) اور

Marfat.com

مولانا الطاف حسین حالی (م 1914) کو ناقدین حضرات نے نہ صرف اردو ادب کا عناصر خمسہ قرار دیا ہے۔ بلکہ لازمی عنصر بھی، مگر تعجب ہے کہ (نقادوں) کی نظر سے ادیب بے بدل مولانا احمد رضا خاں قادری بریلوی کی کوئی بھی تحریر نظر سے نہیں گذری۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ جتنا ان عناصر خمسہ نے مل کر اردو نثر نگاری کا کام کیا ہے امام احمد رضا نے تن تنہا ان کے مجموعی کام سے زیادہ تحریری یاد گار چھوڑی ہیں، اور ان تمام تحریروں میں انفرادیت یہ ہے کہ عناصر خمسہ کی مجموعہ تحریر میں گنتی کے چند موضوعات کے مدمقابل فاضل بریلوی نے ستر سے زیادہ علوم وفنون کے سو سے زیادہ موضوعات پر اپنے قلم کی جولانیاں دکھائی ہیں" (2)

ہم ان کی ہزار کے قریب تصانیف میں سے یہاں پر صرف دو کا تعارف اور مختصر تبصرہ پیش کرتے ہیں علم وادب کے پارکھ انہی سے اندازہ لگالیں گے کہ حضرت رضا بریلوی کیسے علوم و فنون کے جامع، عظیم محقق، نابغۂ روزگار ادیب، اور بے مثل مصنف ہیں۔

## 1۔ کنز الایمان

(1330ھ/1911ء)

یہ قرآن کریم کا اردو ترجمہ ہے جو دیگر اردو تراجم پر امتیازی شان رکھتا ہے۔ جو مقبولیت کی بلند ترین منزل پر فائز ہے۔ ہندو پاک اور دیگر ممالک میں اس کی اشاعت جس پیمانے پر ہو رہی ہے اس کا مقابلہ دنیا کی دیگر زبانوں کے ترجمے تو کیا خود اردو تراجم میں بھی کوئی ترجمہ نہیں کر سکتا، کنز الایمان کی خوبیاں ایسی نہیں کہ صرف امام احمد رضا کے معتقدین ومریدین ہی مداح ہیں بلکہ جنہیں امام احمد رضا سے مسلکی ہم آہنگی بھی نہیں وہ بھی جب حقیقت بیں نگاہوں سے ترجمہ امام احمد رضا کی زیارت کرتے ہیں اور اس کی تہ بہ تہ خوبیوں سے واقف ہوتے ہیں تو بے ساختہ حقیقت کا اعتراف کرنے میں کوئی تامل نہیں کرتے۔ ذیل میں ایسے ہی دو تاثرات ہدیۂ ناظرین ہیں۔

مولانا کوثر نیازی امام احمد رضا کی حقائق نگاری وآداب آموزی اور محتاط طرز نگارش سے متاثر ہو کر تحریر کرتے ہیں۔

"ادب واحتیاط کی یہی روش امام احمد رضا کی تحریر وتقریر کے ایک ایک لفظ سے عیاں ہے۔ یہی ان کا سوز نہاں ہے۔ ان کا طغرائے ایمان ہے۔ ان کی آہوں کا دھواں

Marfat.com

ہے۔ حاصل کون ومکاں ہے۔ برتر از این وآں ہے۔ باعث رشک قدسیاں ہے۔ راحت قلب عاشقاں ہے۔ سرمۂ سالکاں ہے۔ ترجمہ کنزالایمان ہے"۔ (3)

امیر جمعیت اہلحدیث پاکستان جناب سعید بن عزیز یوسف زئی لکھتے ہیں۔

"اب آیئے اصل مضمون کی طرف جو کہ کنزالایمان کے بارے میں ہے کہ ہمارا اس کے بارے میں کیا نظریہ ہے۔ جہاں تک علمائے دیوبند کا تعلق ہے وہ تو نہایت شدومد سے اس کی مخالفت بلکہ تکفیر تک کرتے ہیں۔ مگر میں نہایت وضاحت کے ساتھ یہ کہوں گا کہ الم سے لے کر والناس تک ہم نے کنزالایمان میں نہ تو کوئی تحریف پائی ہے۔ اور نہ ہی ترجمہ میں کسی قسم کی غلط بیانی، نہ ہی کسی بدعت یا شرک کے کرنے کا جواز پایا ہے۔ بلکہ یہ ایک ایسا ترجمہ قرآن مجید ہے کہ جس میں پہلی بار اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ جب ذات باری تعالیٰ کے لئے بیان کی جانے والی آیتوں کا ترجمہ کیا گیا ہے تو بوقت ترجمہ اس کی جلالت علو تقدس وعظمت و کبریائی، کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ جب کہ دیگر تراجم خواہ وہ اہلحدیث سمیت کسی بھی مکتب فکر کے علماء کے ہوں۔ ان میں یہ بات نظر نہیں آتی ہے۔ اسی طرح وہ آیتیں جن کا تعلق محبوب خدا، شفیع روز جزا، سید الاولین والآخرین امام الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ

زبان پہ بار خدا یا یہ کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کیلئے

سے ہے یا جن میں آپ سے خطاب کیا گیا ہے تو بوقت ترجمہ مولانا احمد رضا خاں صاحب نے یہاں پر بھی اوروں کی طرح صرف لفظی اور معنوی ترجمہ سے کام نہیں چلایا ہے بلکہ صاحب ماینطق عن الھویٰ اور ورفعنا لک ذکرک کے مقام عالیشان کو ہر جگہ ملحوظ خاطر رکھا ہے یہ ایک ایسی خوبی ہے کہ دیگر تراجم میں بالکل ہی ناپید ہے............ کنزالایمان واقعی ایک ایسا ترجمہ قرآن مجید ہے جو کہ ہر ایک متبع رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پڑھنا چاہیے۔ میں یہ بات برملا کہوں گا کہ کنزالایمان کا مطالعہ ہر اس شخص کے حق میں مفید ہے جو کہ جناب رسالتمآب ﷺ کا صحیح معنوں میں اطاعت گذار ہے۔ (آئینہ امام احمد رضا ص 62 تا 68)

Marfat.com

مذکورہ بالا دو فاضل کے (جن کا تعلق امام احمد رضا سے نہ مسلک کا ہے نہ تلمذ وارادت کا) تاثرات محض اسے لئے پیش کئے گئے ہیں کہ تاکہ قرآن عظیم کے ترجمہ صحیح کنزالایمان کی اہمیت پر بطور خاص توجہ دی جائے.............: کنزالایمان کی اہمیت اس سے بھی ظاہر ہے کہ اس کو دنیا کی متعدد زبانوں میں منتقل کیا جاچکا ہے اور کئی ایک زبانوں میں کیا جارہا ہے۔ گویا کہ امام احمد رضا کا ترجمہ قرآن کنزالایمان صرف اردو ہی میں قرآن کا ترجمہ نہیں بلکہ دوسری بہت سی زبانوں میں بھی قرآن کی ترجمانی کا بہترین ذریعہ ہے۔ اب تک اس کے محاسن پر ساٹھ کے قریب کتب و مقالات لکھے جاچکے ہیں (صدرالشریعہ نمبر ماہنامہ اشرفیہ اکتوبر رنومبر 1995ء)

# خصوصیات

(1) اس کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ترجمہ جہاں ایک طرف فنی اعتبار سے مستند ترین ترجمہ ہے۔ تو دوسری طرف مکمل سائیٹیفک ترجمان ہے۔ آپ نے سائنس اور قرآن کو کبھی علیحدہ نہ کیا۔ ترجمہ تو بہت سارے لوگوں نے کیا ہے۔ مگر دیگر مترجمین اس معیار کا ترجمہ نہ کرسکے۔ کیوں کہ ان میں کوئی بھی سائنسی علوم سے واقف کار نہ تھا۔ مگر اعلیحضرت عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ چوں کہ عظیم سائنسداں بھی ہیں لہٰذا آپ کا ترجمہ پڑھ کر جہاں ایک دینی عالم متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا وہیں علوم عقلیہ کا ماہر بھی امام احمد رضا سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ پاتا اور وہ یہ جان کر خوش ہوتا ہے کہ سائنسی قانون جو آج پیش کئے جارہے ہیں ہمارا قرآن 14 رسو سال قبل پیش کرچکا ہے۔ یہاں صرف سورۂ رحمان کی آیت نمبر 17 رکے ترجمے کا تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

" یمعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموت و الارض فانفذوا لاتنفذون الا بسلطن

1) شاہ رفیع الدین، محدث دہلوی (1233ھ/1818ء) اے جماعت جنوں کی اور آدمیوں کی اگر طاقت رکھتے ہوں تم یہ کہ بیٹھ جاؤ بیچ کناروں آسمانوں کے اور زمین کے پاس بیٹھ جاؤ گے تم مگر ساتھ غلبہ کے۔

2) مولوی نذیر احمد دہلوی (1332ھ م 1914ء) اے گروہ انسان اگر تم سے ہوسکے۔ کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے (ہو کر کہیں کو) نکل بھاگو تو نکل دیکھو، مگر کچھ ایسا ہی زور

Marfat.com

ہے تو نکلو (اور وہ تم میں نہ ہے نہ ہو)

3) مولانا اشرف علی تھانوی (1362ھ م 1943ء) اے گروہ جن اور انسان کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمان اور زمین کے حدود سے کہیں اور باہر نکل جاؤ تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو! مگر بدون زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں)

4) مولانا احمد رضا خاں بریلوی (1340ھ م 1921ء) اے جن اور انسان کے گروہ اگر تم سے ہو سکے۔ کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ، جہاں تک جاؤ گے اسی کی سلطنت ہے۔

مندرجہ بالا تراجم میں لفظ سلطان کا ترجمہ مولوی رفیع الدین دہلوی نے ''غلبہ'' کیا ہے۔ مولوی نذیر احمد دہلوی اور مولوی اشرف علی تھانوی نے ''زور'' کیا ہے۔ مگر حضرت رضا بریلوی نے ''سلطنت'' کیا ہے۔ جس نے دور جدید کی خلائی تحقیقات سے پیدا ہونے والی تمام پیچیدگیوں کو یکسر ختم کر دیا۔

نوائے وقت لاہور کے کالم نگار میاں عبدالرشید نے الابسلطان کا ترجمہ ''مگر سلطان کے ذریعہ'' کیا تھا کیپٹن شفیق احمد نے جس کا تعاقب کرتے ہوئے لکھا یہ ترجمہ پڑھ کر ایک دوست نے مجھ سے اس خیال کا اظہار کیا کہ۔ پھر امریکی اور روسی خلائی جہاز زمین کی حدود کو پار کر کے چاند پر کیسے اتر سکتے ہیں؟.............. ایسا خیال دوسرے بھائیوں کو بھی آ سکتا ہے۔ میں نے بطور تحقیق قرآن پاک کے تین چار مستند تراجم دیکھے، مولانا مفتی محمد احمد رضا خاں کا ترجمہ صحیح معلوم ہوا جو قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ انہوں نے بہت پہلے اس آیت کا یوں ترجمہ کیا تھا'' اے جن و انسان کے گروہ اگر تم سے ہو سکے تو آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ، جہاں نکل کر جاؤ گے اسی کی سلطنت ہے'' لفظ الابِسُلطٰن کا ترجمہ اردو میں ''مگر اسی کی سلطنت ہے'' درست ہے لفظ سلطن کا انگریزی ترجمہ ''اتھاریٹی'' یا ''کنٹرول'' ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ انسان جہاں کہیں بھی جا سکے وہ اللہ تعالیٰ کے اختیار و قابو سے باہر نہیں جا سکتا (نوائے وقت لاہور، شمارہ 16 ستمبر 1975ء) کیپٹن شفیق احمد کے تاثرات کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد باقر نے مدیر نوائے وقت کے نام ایک مکتوب میں ''بعنوان'' سورۂ رحمٰن کے ایک آیت کی وضاحت، میں لکھا ہے۔

''مکرمی!

آپ کے موقر جریدے میں کیپٹن شفیق احمد خان صاحب کے توجہ دلانے پر راقم نے عربی لغت کی طرف رجوع کیا تو معلوم ہوا کہ ''سلطان'' کے معنیٰ ''سلطنت'' لغات میں موجود ہیں (قرآن

Marfat.com

ص 422 رچرڈ سن ص 701) لہٰذا سورۂ رحمٰن کی آیت میں اعلیحضرت مولانا شاہ محمد احمد رضا خانصاحب بریلوی نے ''سلطان'' کا ترجمہ ''سلطنت'' کر کے ............ مذکورہ آیت کی تفہیم کو سادہ اور آسان کر دیا ہے۔ یعنی باری تعالیٰ کے ارشاد کا مفہوم یہ ہے کہ تم زمین اور آسمانوں سے کتنا بھی پرے کیوں نہ نکل جاؤ بہر صورت تم میری سلطنت ہی میں رہو گے...... راقم شفیق احمد، خان صاحب کا ممنون ہے کہ انہوں نے دیگر تراجم اور تفاسیر کے مقابلے میں اعلیحضرت کے ترجمے کی طرف توجہ دلا کر ایک مفید خدمت سرانجام دی۔ (نوائے وقت لاہور 30 / ستمبر 1975ء) (4)

اسی لئے کنزالایمان کی یہ خوبی کہ وہ علوم دینیہ کا ترجمان تو ہے، ہی علوم سائنسیہ کی بھی ترجمانی کرتا ہے، ماننا پڑتا ہے کہ ''امام احمد رضا مسلمان سائنسدانوں میں ان چند ہستیوں میں شامل ہیں جن کو دینی اور سائنسی دونوں علوم کا مجدد تسلیم کیا جاسکتا ہے''

(2) کنزالایمان کی دوسری خصوصیت اور خوبی یہ ہے کہ اردو تراجم کے ہجوم میں صرف یہی وہ ترجمہ ہے۔ جس میں شان الوہیت کا لحاظ بھی ہے اور مقام نبوت کا خیال بھی با ایں ہمہ جو لفظی بھی ہے اور با محاورہ بھی۔ الفاظ کے متعدد معانی میں سے ایسے معنیٰ کا انتخاب کیا گیا ہے جو آیات کے سیاق وسباق کے اعتبار سے موزوں ترین ہوں۔ صرف ایک مثال پیش ہے۔

ووجدک ضالا فھدیٰ (پ 30 / سورہ، والضحیٰ)

اس آیت کے اردو تراجم اور مترجمین، نیز ان تراجم کے بطن سے جنم لینے والے شبہات و خدشات پر مولانا کوثر نیازی نے بڑا بے لاگ اور حقیقت افروز تبصرہ کیا ہے ہم وہی تبصرہ من وعن پیش کرنے پر اکتفاء کرتے ہیں۔

> تحریر فرماتے ہیں...... ''ووجدک ضالا فھدیٰ کے ترجمہ کو دیکھو قرآن پاک شہادت دیتا ہے'' ما ضل صاحبکم و ما غویٰ'' رسول گرامی نہ گمراہ ہوئے نہ بھٹکے۔ ''ضل ماضی کا صیغہ ہے مطلب یہ ہے کہ ماضی میں آپ کبھی گم گشتہ راہ نہیں ہوئے۔ عربی زبان ایک سمندر ہے۔ اس کا ایک ایک لفظ کئی کئی مفہوم رکھتا ہے۔ ترجمہ کرنے والے اپنے عقائد وافکار کے رنگ میں ان کا کوئی سا مطلب اخذ کر لیتے ہیں'' ووجد ضالاً'' کا ترجمہ ماضل کی شہادت کو سامنے رکھ کر

Marfat.com

عظمت رسول کے عین مطابق کرنے کی ضرورت تھی مگر ترجمہ نگاروں سے پوچھو انہوں نے آیت قرآنی سے کیا انصاف کیا ہے؟

شیخ الہند مولانا محمود الحسن :۔ترجمہ کرتے ہیں۔''اور پایا تجھ کو بھٹکتا، پھر راہ سمجھائی''۔ کہا جا سکتا ہے کہ مولانا محمود الحسن ادیب نہ تھے ان سے چوک ہوگئی، آیئے ادیب شاعر اور مصنف اور صحافی مولانا عبدالماجد دریا آبادی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ان کا ترجمہ ہے......''اور آپ کو بے خبر پایا سو رستہ بتایا'' مولانا دریا آبادی پرانی وضع کے اہل زبان تھے،ان کے قلم سے صرف نظر کر لیجئے۔

اس دور میں اردوئے معلیٰ میں لکھنے والے اہل قلم حضرت مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کے دروازے پر دستک دیجئے۔ان کا ترجمہ ہے......''اور تمہیں ناواقف راہ پایا پھر ہدایت بخشی''۔ پیغمبر کی گمراہی اور پھر ہدایت یابی میں جو وسوسے اور خدشے چھپے ہوئے ہیں۔انہیں نظر میں رکھئے اور پھر ''کنز الایمان'' میں امام احمد رضا خان کے ترجمے کو دیکھئے۔

بیا و ریدگرا اینجا بود سخن دانے ۔۔۔ غریب شہر سخن ہائے گفتنی دارد

امام نے کیا عشق افروز اور ادب آموز ترجمہ کیا ہے۔فرماتے ہیں......''اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی۔ (5)

ان دو مثالوں ہی سے بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام احمد رضا علوم قرآنی میں غیر معمولی بصیرت رکھتے تھے۔اس لئے انہوں نے ترجمہ ایسا کیا جو تمام تفاسیر معتبرہ کا خلاصہ اور ان کے علو فکری، وسیع النظری کا نچوڑ اور اردو ادب کے سر کا تاج ہے۔

## 2......فتاوی رضویہ

یہ حضرت رضا بریلوی کی ذہانت و فطانت، تبحر علمی، اور تفقہ فی الدین کا عظیم ترین شاہکار ہے جو بارہ ضخیم مجلدات پر مشتمل ہے۔ہر جلد جہازی سائز پر ہے۔ ہر جلد بذات خود ایک عظیم علمی، تحقیقی انسائیکلوپیڈیا ہے۔اور لطف یہ کہ یہ منقولات کے ساتھ ساتھ معقولات کے تمام علوم و فنون کا احاطہ کرتا ہے۔جیسے، ریاضی، جغرافیہ علم توقیت، ارضیات، فلکیات، علم ہئیت ، بینکاری، اقتصادیات، معاشیات علم

Marfat.com

زیجات، وغیرہ علوم وفنون کو محیط ہے، فتاویٰ رضویہ فقہ حنفی پر مشتمل آخری گرانقدر بیش بہا فتاویٰ بلکہ ساری کتب مفتی بہا کا عطر ہے۔ رضا اکیڈمی، بمبئی نے امام احمد رضا کے 75 رویں سالانہ عرس کے موقع پر صفر 1415ھ اگست 1994ء میں پہلی بار بارہ جلدیں ایک ساتھ بہت ہی دیدہ زیب چھاپی ہیں، ہمارے سامنے وہی سیٹ ہے۔ ذیل میں ہر جلد کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

| جلد اول | جہازی سائز | تقطیع<br>12X9½ | صفحات<br>880 | اس جلد میں<br>114 رفتوے ہیں |
|---|---|---|---|---|
| رر دوم | رر | رر رر | 512 | اس جلد میں<br>388 رفتوے ہیں |
| رر سوم | جہازی سائز | تقطیع<br>12X9½ | صفحات<br>815 | اس جلد میں 442 رفتوے ہیں |
| رر چہارم | رر | رر<br>رر | 724 | اس جلد میں<br>954 رفتوے ہیں |
| رر پنجم | رر | رر<br>رر | 799 | اس جلد میں<br>442 رفتوے ہیں |
| رر ششم | رر | رر<br>رر | 536 | اس جلد میں<br>497 رفتوے ہیں |
| رر ہفتم | رر | رر<br>رر | 600 | اس جلد میں<br>375 رفتوے ہیں |
| رر ہشتم | رر | رر<br>رر | 626 | اس جلد میں<br>536 رفتوے ہیں |
| رر نہم | رر | رر<br>رر | 626 | اس جلد میں<br>600 فتوے ہیں |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ؍؍دہم | // | // | 527 | اس جلد میں |
| | | // | | 350؍فتوے ہیں |
| یازدہم | // | // | 343 | اس جلد میں |
| | | | | 121فتوے ہیں |
| دوازدہم | // | // | 300 | اس جلد میں |
| | | // | | 113؍فتوے ہیں |
| | | | 7288 | 4932 |

بعض فتاوے خود ایسے ضخیم وعظیم ہیں کہ مستقل تحقیقی مقالے کی حیثیت رکھتے ہیں، جو سینکڑوں مسائل کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہیں۔ جب کہ ابتدائی 12؍سال کے فتاویٰ اس مجموعہ میں شامل نہیں ہیں اور نہ مکررات کو داخل کیا گیا ہے۔(6)

اس دور میں ہزاروں مسائل جس کا تعلق عبادات سے لے کر معاملات تک پھیلا تھا۔ اور مسلمانوں کے لئے حل طلب تھے۔ حضرت رضا بریلوی نے ان مسائل پر قلم اٹھا کر ایک عظیم تجدیدی کارنامہ انجام دیا ہے کہ قیامت تک پیدا ہونے والے بے شمار اور مستقبل میں ہونے والی ایک سے ایک اعلیٰ ایجاد اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات سے پیدا ہونے والے نتائج کے احکام وعلل کی دریافت کے ایسے رہبر و رہنما اصول وضع فرمادیئے کہ آئندہ مسائل جدیدہ کی وجہ سے فقہا اور مفتیان کو جو مشکلات پیش آئیں گی ان کا حل ان کو اعلحضرت کے ان فتاویٰ میں مل جائے گا۔

طرز تحریر کی خوبی یہ کہ پہلے قرآن پاک سے استدلال کرتے ہیں، پھر احادیث مبارکہ اور اس کے بعد ائمہ دین کے ارشادات سے اپنے موقف کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ عقلی ونقلی دلائل کی فراوانی دیکھ کر قاری کو علی وجہ البصیرت اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔ بعض مسائل پر داد تحقیق دیتے ہوئے آپ نے 12؍سوسالہ فقہی ذخیروں کو کھنگال ڈالا ہے۔ آپ کی سرعت تحریر کا عالم یہ تھا کہ آپ کے مسودات کو نقل کرنے والے بیک وقت چار افراد نقل کرتے جاتے یہ ابھی فارغ بھی نہ ہوتے کہ پانچواں صفحہ تیار ہو جاتا۔

الدولة المکیه بالمادة الغیبه (1323ھ؍1905ء) آپ کی سرعت تحریر کی تاریخی یادگار ہے جسے آپ نے مکہ شریف میں علماء کرام کے علم غیب مصطفےٰ ﷺ کے تعلق سے استفسار پر

Marfat.com

بکمال عجلت اور بحالت بخار صرف آٹھ گھنٹے میں تحریر فرمایا (7)

وہ بھی دو چار صفحہ نہیں 192 صفحات پر مشتمل تحقیقات علمیہ سے لبریز کتاب تصنیف فرما کر علمائے مکہ کو حیرت میں ڈال دیا۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں۔

"حرمین شریفین کے قیام کے زمانے میں بعض رسائل بھی لکھے اور علمائے حرمین نے بعض سوالات کئے تو ان کے جواب بھی تحریر کئے، متون فقہیہ اور اختلافی مسائل پر ان کی ہمہ گیر معلومات، سرعت تحریر اور ذہانت کو دیکھ کر سب کے سب حیران و ششدر رہ گئے"۔

(نزہۃ الخواطر، الجزء الثامن ص 39)

آپ کے مجموعۂ فتاویٰ، فتاویٰ رضویہ شریف کی بے شمار خصوصیات سے اختصار کے ساتھ ہم صرف تین خصوصیت کا ذکر کرتے ہیں۔

(1) شان تحقیق :۔ (الف) شریعت مطہرہ کے احکامات جو امر اور نہی دونوں پر مشتمل ہوتے ہیں علمائے اصولین نے ابتداء میں ان کو پانچ اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| فرض | مستحب | مباح |
| ↓ | ↓ | ↓ |
| حرام | مکروہ | ............ |

بعد ازاں علمائے اصولین نے اس میں مزید توسیع کی اور ان کو پانچ کے بجائے سات اقسام میں اس طرح تقسیم کیا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فرض | واجب | سنت | نفل | مباح |
| ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ |
| حرام | مکروہ | ............ | ............ | ............ |

بعد میں اصولین نے مزید کام کیا اور احکام شرعیہ کی روشنی میں ان کو پھیلا کر نو مدارج میں تقسیم

Marfat.com

کر دیا۔

| فرض | واجب | سنت موکدہ | سنت غیر موکدہ | مستحب | مباح |
|---|---|---|---|---|---|
| ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ |
| حرام | مکروہ تحریمی | مکروہ تنزیہی | ............ | ............ | ............ |

امام احمد رضا محدث بریلوی نے تیرہ سو سالہ دور کے فقہائے کرام کی نہ صرف اصلاح فرمائی بلکہ ان کے دیئے گئے نو مدارج میں مزید اضافہ کر کے گیارہ تک پہنچا دیا۔

| فرض | واجب | سنت موکدہ | سنت غیر موکدہ | مستحب | مباح |
|---|---|---|---|---|---|
| ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ |
| حرام | مکروہ تحریمی | اسأت | مکروہ تنزیہی | خلاف اولیٰ | مباح |

جن میں میزان مقابلہ اپنے کمال اعتدال پر ہے کہ ہر ایک اپنے نظیر کا مقابل ہے اور بیچ میں مباح خالص، احکام کی یہ تمام قسمیں منتشر طور پر کلام فقہاء میں مستعمل ہیں۔ لیکن یکجا اصولی اور میزان کے طور پر ان گیارہ اقسام کا بیان سوائے امام احمد رضا کے کسی اور کے ہاں پورے عالم اسلام میں نہیں ملتا۔'' (فقیہ اسلام ص 289)

(ب) فقہائے کرام کی تصانیف میں ان چیزوں کی تعداد 74/ بیان کی گئی جن سے تیمم جائز ہے۔ جب کہ امام احمد رضا بریلوی نے اس پر 107/ اشیاء کا اضافہ کیا، اور جن چیزوں سے تیمم جائز نہیں ان کی تعداد کتب سابقہ میں 58/ بیان کی گئی تھی، فتاویٰ رضویہ میں ان پر 72/ چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے.......... امام احمد رضا فرماتے ہیں۔

''یہ تین سو گیارہ چیزوں کا بیان ہے 181/ سے تیمم جائز، جن میں 74/ منصوص (کتب ائمہ میں بیان کی گئی) اور 107/ زیادات فقیر، اور 130/ سے ناجائز جن میں 58/ منصوص، اور 72/ زیادات فقیر، ایسا جامع بیان اس تحریر کے غیر میں نہ ملے گا۔ (8)

## (2) مرجع دین و دانش

یہ پہلو بھی لائق توجہ ہے کہ عام طور پر مفتیان کرام کی طرف عوام الناس رجوع کرتے ہیں۔ اور احکام شرعیہ دریافت کرتے ہیں۔ فتاویٰ رضویہ کے مطالعے سے یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ امام

Marfat.com

احمد رضا بریلوی کی طرف رجوع کرنے والوں میں بڑی تعداد ان حضرات کی ہے جو بذات خود مفتی تھے۔ مصنف تھے، جج تھے، وکیل تھے یا دانش گاہ کے اساتذہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ امام احمد رضا بریلوی جواب دیتے وقت ہاں یا نہیں میں بات نہیں کرتے۔ بلکہ دلائل و براہین کے انبار لگا دیتے ہیں۔

(الف)......... سراج الفقہاء مولانا سراج احمد (و 1303ھ) اس عظیم شخصیت کا نام ہے جن سے سینکڑوں علماء نے استفادہ کیا، ایک واقعہ ایسا رونما ہوا جس نے سراج الفقہاء جیسی شخصیت کے ذہن میں عظیم انقلاب پیدا کر دیا تفصیل خود ان کی زبانی

"حسن اتفاق سے مجھے رسالۂ میراث کی تصانیف کے دوران ایک مسئلہ (ذوی الارحام کی صنف رابع کے حکم) میں الجھن پیدا ہوئی، میں نے اس کے حل کے لئے، دیوبند، سہارن پور، دہلی اور دیگر علمی مراکز میں خطوط لکھے کہیں سے بھی تسلی بخش جواب نہ آیا۔ سب نے "سراجی" پر ہی اکتفاء کیا...... میں نے یہ سوچ کر کہ اس میں حرج ہی کیا ہے۔ وہ سوال مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے پاس بھی بھیجدیا۔ ایک ہفتے کے اندر مولانا کی طرف سے جواب آ گیا، انہوں نے مسئلے کو اس طرح حل کیا کہ تمام کتب کے اختلافات اور شکوک وشبہات رفع ہو گئے ......... اس جواب کو دیکھنے کے بعد مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ کے متعلق میرا انداز فکر یکسر بدل گیا اور ان کے متعلق ذہن میں جمائے ہوئے تمام خیالات کے تار و پود بکھر گئے ان کے رسائل اور دیگر تصانیف منگوا کر پڑھے تو مجھے یوں محسوس ہوا کہ میرے سامنے سے غلط عقائد و نظریات کے سارے حجابات آہستہ آہستہ اٹھ رہے ہیں ......... آپ نے جس فن میں قلم اٹھایا اس نے ائمہ کو مبہوت کر دیا......... مجھے سائل فاضل ہداہ اللہ کا خطاب دے کر دعاء کی جو میری ہدایت کا باعث بنی کہ وہابیت جو وہابی استادوں کی شاگردی سے ملی تھی اسی وقت سے جاتی رہی۔ (9)

(ب)......... ڈاکٹر سر ضیاء الدین (وائس چانسلر، مسلم یونیورسٹی علی گڈھ) علم مربعات سے متعلق ایک سوال اخبار دبدبۂ سکندری، رام پور، میں شائع کرایا جس کا مولانا بریلوی نے بروقت جواب شائع کرایا اور اپنی طرف سے ایک اور سوال پیش کر دیا۔ جس کو پڑھ کر سر ضیاء الدین کو تعجب ہوا کہ ایک مولوی نے نہ صرف جواب دیا بلکہ الٹا سوال بھی پیش کر دیا، مولانا بریلوی سے یہ سر ضیاء الدین کا پہلا غائبانہ تعارف تھا، اس کے بعد وہ پروفیسر سید سلیمان اشرف (صدر

Marfat.com

شعبۂ دینیات، مسلم یونیورسٹی علی گڈھ، خلیفہ امام احمد رضا) کے ساتھ ریاضی سے متعلق ایک لاینحل مسئلہ دریافت کرنے مولانا بریلوی کے پاس گئے جس کو مولانا بریلوی نے حل کر دیا۔ ڈاکٹر سر ضیاء الدین صاحب کا تاثر اس واقعہ کے عینی شاہد مولانا برہان الحق کی زبانی سنئے۔ ڈاکٹر صاحب نے مولانا سید سلیمان اشرف صاحب سے کہا۔

''یارا تناز بردست محقق عالم اس وقت ان کے سوا شاید ہی ہو۔ اللہ نے ایسا علم دیا ہے کہ عقل حیران ہے۔ دینی مذہبی، اسلامی علوم کے ساتھ ریاضی، اقلیدس، جبر و مقابلہ، توقیت، وغیرہا میں اتنی زبردست قابلیت اور مہارت کہ میری عقل جس ریاضی کے مسئلے کو ہفتوں غور و فکر کے بعد بھی حل نہ کر سکی حضرت نے چند منٹ میں حل کر کے رکھ دیا'' صحیح معنی میں یہ ہستی نوبل پرائز کی مستحق ہے'' (10)

(ج)......... عدالت عالیہ (بھاول پور) کے جج جسٹس محمد دین نے مناسخہ کا ایک فتویٰ جس پر کئی مفتی اظہار خیال کر چکے تھے۔ آخری فیصلے کے لئے محدث بریلوی کو ارسال کیا۔ اور محدث بریلوی نے اس کا محققانہ اور مفصل جواب ارسال کیا......... خاص بات یہ کہ اس استفتاء کے جواب میں پہلے آٹھ مفتیوں نے فتویٰ صادر کیا اور ہر ایک میں کچھ نہ کچھ اختلاف یا تضاد تھا۔ تو چیف کورٹ، ریاست بھاول پور کے جج جناب محمد دین صاحب نے اس استفتاء اور تمام مفتیوں کے فتووں کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ کے پاس بھجوایا، اور ان الفاظ میں ہدایت کی۔

''یہ سوالات جو ابھی تک تصفیہ طلب ہیں۔ نقول فتاویٰ کے ساتھ مولانا مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی مرسل ہوں اور التماس کی جائے کہ ان تمام فتاویٰ کو ملاحظہ فرما کر اپنی رائے مع اسناد مرحمت فرما دیں، مبلغ پانچ روپے بذریعہ منی آرڈر بھجوا دیئے جائیں (11)

امام احمد رضا کا جواب صفحہ 214/ سے 260/ تک پھیلا ہوا ہے۔ جس کی سطر سطر سے فکر و تحقیق کے چشمے ابل رہے ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے ان تین مثالوں ہی سے اظہر من الشمس ہے کہ امام احمد رضا کی بارگاہ ارباب دین اور اصحاب دانش دونوں کے لئے آخری پناہ گاہ تھی جو عقدے کہیں حل نہیں ہوتے آپ اسے چشم زدن میں حل کر کے اصحاب فکر و نظر کو متحیر کر دیتے تھے۔

## 3 ندرت فکر

امام احمد رضا کی تحریر و تصنیف میں جودت خیال، ندرت فکر کی بہتات بھی ایک عظیم خصوصیت

Marfat.com

ہے۔ ایسے ایسے نوادرات صفحہ قرطاس پر جلوہ ریز ہیں کہ بعض مقامات پر حیرت کو بھی حیرت ہوتی ہوگی۔ کہ جہاں اکابرین کا ذہن نہیں پہنچ سکا امام احمد رضا کی پرواز فکر نے وہاں پہنچ کر علوم وافکار کے تارے توڑے ہیں۔ متقدمین نے جس بحث کو تشنہ چھوڑ دیا تھا۔ امام احمد رضا نے اپنی ذہانت وطباعی سے اس کی تکمیل فرمائی بعض جدید مسائل جہاں امام احمد رضا کے معاصرین (اپنے حلقے میں فقیہ النفس اور حکیم الامت کہلانے والے حضرات) عاجز وساکت رہ جائیں امام احمد رضا کے علوئے فکر نے ان مسائل کو بھی دلائل کے گوہر نایاب سے مزین ومبرہن فرمایا۔ ہم ذیل میں صرف دو مثال پر اکتفاء کرتے ہیں۔

(1) بعض حدیث میں قرآن کو آسمانوں اور زمین اور ان میں رہنے والے سب سے افضل بتایا گیا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا قرآن رسول اللہ ﷺ سے بھی افضل ہے یا نہیں؟ بعض علماء اثبات کے قائل ہیں بعض نفی کے۔ علامہ شامی فرماتے ہیں۔ ظاہر حدیث سے یہی معلوم ہوتا ہیکہ قرآن حضور ﷺ سے بھی افضل ہے اور مسئلہ اختلافی ہے زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ توقف کیا جائے (ردالمختار ۱/120)

امام احمد رضا جد الممتار میں والاحوط الوقف کے تحت فرماتے ہیں۔

(عربی سے ترجمہ)۔ ''توقف کی کوئی ضرورت نہیں میرے نزدیک خدا کی توفیق سے مسئلہ کا حکم واضح ہے اس لئے کہ قرآن سے اگر مصحف یعنی کاغذ اور روشنائی مراد ہے تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ حادث ہے اور حادث مخلوق ہے اور جو بھی مخلوق ہے اس سے نبی ﷺ افضل ہیں اور اگر قرآن سے مراد کلام باری تعالیٰ ہے جو اس کی صفت ہے۔ تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ صفات باری تعالیٰ جمیع مخلوقات سے افضل ہیں اور مخلوق جو غیر خدا ہیں۔ بھلا اس کے (صفت کے) برابر کیونکر ہو جو غیر ذات نہیں۔ اس کا ذکر بلند ہو۔ ہماری اس توجیہ سے دونوں قولوں میں تطبیق بھی ہو جائیگی .......... یعنی جن علماء نے قرآن کو افضل بتایا قرآن نے ان کی مراد کلام الٰہی صفت خداوندی ہے۔ صفات باری تعالیٰ بلاشبہ تمام مخلوق سے افضل ہیں۔ اور جن علماء نے نبی کریم ﷺ کو قرآن سے افضل بتایا قرآن سے ان کی مراد ''مصحف'' ہے جو کاغذ اور روشنائی کا مجموعہ ہے یقیناً سید عالم ﷺ اس سے افضل ہیں (12)

Marfat.com

(2) ............ چاندی کے سکے کی جگہ جب کاغذ کے روپئے نے لے لی تو اس وقت کئی مسئلے اٹھ کھڑے ہوئے۔ مثلاً (1) نوٹ مال ہے یا رسید؟ (2) اگر یہ نصاب کو پہنچ جائے اور اس پر سال بھی گذر جائے تو کیا اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں۔ کیا اسے (3) درہموں دیناروں اور پیسوں کے ساتھ بیچنا جائز ہے؟...... اسی طرح کے اور سوالات بھی چوں کہ نوٹ بالکل نو ایجاد چیز تھی اس لئے مفتیان کرام کی بارگاہ میں استفتے پہنچے۔ بڑے بڑے مفتیان کرام فقہی جزئیات کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ کچھ تھک ہار کر بیٹھ چکے تھے اور کچھ عدم جواز کا فتویٰ دے چکے تھے...... علامہ عبدالحی فرنگی محلی نے اپنے فتویٰ میں عدم جواز پر جو دلیل دی اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ثمن خلقی، یعنی سونا چاندی میں بوجہ موزوں ہونے کے تفاضل حرام ہے اور نوٹ بھی ثمن خلقی یا اس کے حکم میں ہے اس وجہ سے اس میں بھی تفاضل حرام ہے۔ مولانا عبدالحیٔ کی دلیل کا رکن اول یہ ہے کہ نوٹ ثمن خلقی (یعنی سونا چاندی) یا اس کے حکم میں ہے۔ بہر حال نوٹ کا بعینہ سونا چاندی ہونا تو بداہتاً باطل ہے۔

(فتاویٰ عبدالحیٔ جلد دوم فتوی نمبر 26)

یعنی نوٹ کو اس سے کم یا زیادہ رقم کے بدلے نہیں بیچا جا سکتا۔ اور مولانا رشید احمد گنگوہی صاحب نے فتویٰ دیا۔

''نوٹ وثیقہ اوس روپے کا ہے جو خزانۂ حاکم میں داخل کیا گیا ہے۔ مثل تمسک کے اس واسطے نوٹ میں نقصان آ جاوے تو سرکار سے بدلا سکتے ہیں اور اگر گم ہو جاوے بشرط ثبوت اس کا بدل لے سکتے ہیں۔ اگر نوٹ مبیع ہوتا تو ہرگز مبادلہ نہیں ہو سکتا تھا۔ دنیا میں کوئی مبیع بھی ایسا ہے کہ بعد قبض مشتری کے نقصان یا فنا ہو جائے تو بائع سے بدل لے سکیں پس اس تقریر سے آپ کو واضح ہو جائے کہ نوٹ مثل فلوس کے نہیں ہے، فلوس مبیع ہے اور نوٹ نقدین۔ ان میں زکوٰۃ نہیں۔ اگر بہ نیت تجارت نہ ہوں۔ اور نوٹ تمسک ہے، اوس پر زکوٰۃ ہوگی، اکثر لوگوں کو شبہ ہو رہا ہے کہ نوٹ کو مبیع سمجھ کر زکوٰۃ نہیں دیتے، کاغذ کو مبیع سمجھ رہے ہیں کہ یہ غلطی ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج 2 ص 149)(13)

امام احمد رضا محدث بریلوی سے اسی سے متعلق علماء حرم نے 12 سوالات کئے آپ نے قیام مکہ کے دوران ہی ایک دن اور کچھ گھنٹوں میں جواب تحریر فرما کر تاریخی نام کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم (1324ھ) سے موسوم فرمایا۔

Marfat.com

سوال نمبر 1 / کے جواب میں آپ نے فرمایا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ
''نوٹ قیمتی مال ہے۔رسید نہیں۔فتح القدیر میں فرمایا کہ اگر کوئی شخص ایک کاغذ (ہزار روپے مثلاً) کے بدلے بیچے تو بلا کراہت جائز ہے، یہ نوٹ کی ایجاد سے پہلے اس کے بارے میں ایک جزئیہ ہے۔
سوال (2) کے جواب میں آپ نے فرمایا۔
''ہاں! شرائط زکوٰۃ پائے جانے پر اس میں زکوٰۃ واجب ہوگی، کیوکہ یہ ذاتی طور پر مال متقوم ہے''
سوال نمبر (3) اصل کتاب میں نمبر (6) کے جواب میں آپ نے فرمایا۔
''ہاں جائز ہے جیسے عام شہروں میں لوگوں کے درمیان معمول ہے'' (14)
اپنی کتاب میں آپ نے دلائل وشواہد کی وہ روشنی بکھیری ہے کہ مسئلہ کا ہر جز نکھر اور سنور گیا ہے ...... جواب دیکھ کر علمائے مکہ انگشت بدنداں رہ گئے۔اور پوری دنیائے اسلام کے علماء عش عش کر اٹھے۔بیس وجوہ سے علامہ عبدالحئ کے فتویٰ پر تنقید کی اور ان کے دلائل کے تار و پود بکھیر دیئے۔ایک سو بیس وجوہ سے مولانا رشید احمد گنگوہی کے فتویٰ کی تردید کی۔اور ان کے شواہد کا قلع قمع کر دیا۔آج کاغذی نوٹوں کا جہاں کہیں بھی ازادانہ استعمال ہو رہا ہے یہ امام احمد رضا کے اسی فتوہ کی دین ہے۔
ماہر رضویات پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد رقم طراز ہیں۔

''جزئیات فقہ میں فاضل بریلوی کی نظر کتنی گہری تھی، ایک طرف ان کی نگاہ نے اس گوشے کو تلاش کرلیا۔جو خود ان کے استاذ الاستاذہ شیخ جمال علیہ الرحمہ کی نگاہوں سے اوجھل رہا اور دوسری طرف وہ بات پالی جو ہندوستان کے مشہور فقیہ مولوی عبدالحئ فرنگی محل اور رشید احمد گنگوہی نہ پاسکے۔موخر الذکر کے مقام فقاہت کا اس سے اندازہ ہوتا ہے۔کہ مولوی اشرف علی تھانوی نے ان کے بارے میں کہا کہ ''فقیہ النفس تھے'' ایسا فقیہ النفس عالم بھی فاضل بریلوی کے پرواز فکر کے سامنے عاجز نظر آتا ہے۔صاحب نزہتہ الخواطر کا یہ قول اب کسی تشریح کا محتاج نہیں (عربی سے ترجمہ) ''فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر مولانا احمد رضا خاں کو جو عبور حاصل ہے اس کی نظیر شاید ہی کہیں ملے اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے۔نیز ان کی تصنیف جو انہوں نے 1323ھ میں مکہ معظمہ لکھی تھی۔''
(نزہتہ الخواطر، عبدالحئ لکھنوی ج 8 / ص 41) (15)

Marfat.com

پوری کتاب کفل الفقیہ الفاہم خالص فصیح و بلیغ عربی زبان میں ہے۔آپ کے فتاویٰ کی انفرادی شان اور ادب و زبان پر آپ کا احسان یہ بھی ہے کہ جس زبان میں آپ سے سوال ہوا ہے، اسی زبان میں آپ نے جواب دیا ہے، یہاں تک کہ نثر کا جواب نثر، اور نظم کا نظم میں آپ نے التزام رکھا ہے ،اردو، فارسی ، عربی ،انگریزی، چاروں زبانوں میں فتاوے آپ کے مجموعہ فتاویٰ میں موجود ہیں، خالص ہندی زبان میں فتاویٰ دیکھنے میں نہیں آیا، البتہ ہندی کے الفاظ کا برمحل و برجستہ استعمال بکثرت موجود ہے جس سے ہندی زبان پر آپ کی مہارت مترشح ہے، انگریزی زبان کے بارے میں مولانا بریلوی نے خود اپنی تصانیف میں یا ان کے سوانح نگاروں نے کچھ نہیں لکھا، اس لئے اندازہ یہی ہے کہ انگریزی فتوے کسی صاحب نے ترجمہ کئے ہوں گے۔

حضرت رضا بریلوی نے اور کچھ بھی نہیں لکھا ہوتا یہی دو نادر تصنیفیں (1 رکنز الایمان، 2 رفتاویٰ رضویہ) یادگار چھوڑی ہوتیں تو بھی آپ کے نام کو قیامت تک روشن و تابندہ رکھنے کے لئے کافی تھا، آپ کی تصانیف میں یہ دونوں چاند و سورج کا درجہ رکھتی ہیں اور باقی ستاروں کا، اور کمال یہ ہے کہ جو جس فن میں ہے وہ اسی فن کا نمائندگی کر رہی ہے، وہ اسی فن میں معراج کمال دکھا رہی ہے، کنزالایمان کو دیکھئے تو اردو زبان میں اس شان کا ترجمۂ قرآن نظر نہیں آتا اور فتاویٰ رضویہ کو دیکھئے تو اس انداز کا مسائل دینیہ کی باریکیوں کا خزانہ اردو زبان میں عنقاء ہے ......... وہ ترجمۂ قرآن کیا جو قرآن کا ترجمہ ہوتے ہوئے صاحب قرآن کی عظمت کا نقیب و امین نہ ہو، اور وہ فتاویٰ کیا جو مسائل کے پیش کرنے میں دلائل قاطعہ سے عاجز ہو،

وجہ یہ ہے کہ اوروں کی نظریں لفظوں کے ظاہری چہرے مہرے کی دلفریبیوں پر ہی ٹک جاتی تھی جب کہ حضرت رضا بریلوی کی نظریں لفظوں کی تہہ میں چھپے معانی کے سمندر سے مفاہیم کے گوہر تابدار چنتی تھیں۔ منتخب موتی اگر صرف معانی کے اوصاف کا متحمل ہے تو کنزالایمان کی جبین سجادی اور اگر اس سے مسائل کی بھی جوت پڑ رہی ہے تو فتاویٰ رضویہ کے دامن کی زینت بنا دیا ہے۔اس لئے جس طرح کنزالایمان اردو تراجم قرآن کا درشہوار ہے تو فتاویٰ رضویہ مسائل فقیہ کا شاہکار۔ کنزالایمان اگر اردو زبان کا قرآن ہے، تو فتاویٰ رضویہ اردو زبان میں حدیث و فقہ کا تازہ گلستان۔

Marfat.com

# حوالے

## علمی تحقیقی نوادرات


1۔ تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ.........مولانا عبدالمجتبیٰ ص424

2۔ فقیہ اسلام بحیثیت شاعروادیب۔ پروفیسر مجید اللہ قادری ص17,16

3۔ مولانا احمد رضا خاں ایک ہمہ جہت شخصیت.....مولانا کوثر نیازی ص40

4۔ حیات مولانا احمد رضا.........ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری ص104,101

5۔ مولانا احمد رضا بریلوی ایک ہمہ جہت شخصیت.....مولانا کوثر نیازی ص41,40

6۔ فتاویٰ رضویہ.........امام احمد رضا ج1 ص4

7۔ الدولۃ المکیہ // ص 9

8۔ فتاویٰ رضویہ // ج ا ص175

9۔ قاری کا امام احمد رضا نمبر.........اپریل 1989ء ص186,179

10۔ اکرام امام احمد رضا.........مفتی برہان الحق ص60,59

11۔ فتاویٰ رضویہ.........امام احمد رضا ص196

12۔ امام احمد رضا کی فقہی بصیرت.....مولانا محمد احمد مصباحی ص40

13۔ قاری کا امام احمد رضا نمبر.........اپریل 89ء ص204

14۔ فتاویٰ رضویہ.........امام احمد رضا ج7 ص129,126

15۔ امام اہلسنت.........پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری ص19


Marfat.com

# عالمی سطح پر پذیرائی و تاثرات

دنیا کی وہ چند شخصیتیں جو شہرت دوام اور مقبولیت خاص و عام کے منصب پر فائز المرام ہیں ان میں ایک نمایاں اور ممتاز نام حضرت رضا بریلوی کا ہے، تاہم جامعیت علم وفن اور وسعت فکر ونظر کے زاویے سے اگر دیکھا جائے تو بہت کم شخصیتیں نکلیں گی جنہیں امام احمد رضا کے مقابل لایا جا سکے اور جنہیں اتنے علوم وفنون پر مہارت حاصل ہو جتنے علوم وفنون پر امام احمد رضا کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ پھر یہ کہ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ جتنے علوم وفنون پر مہارت حاصل ہو ان تمام میں تصانیف بھی چھوڑی ہوں۔ حضرت رضا بریلوی کا کمال یہ ہے کہ علم وفن کا ہر گوشہ آپ کی تحریر سے پرتنویر ہے۔ وہ ایک درخشاں سورج تھے جدھر نگاہ ڈالی روشنی ہی روشنی ہوگئی۔ وہ ایک مہکتے ہوئے چمن تھے جہاں جہاں خوشبو پہنچی دل ودماغ معطر ہو گئے۔ ان کے خیالات میں مقناطیسیت اور ان کے افکار میں وہ کشش ہے کہ جو بھی قریب آ رہا ہے ان کی بلندئ خیال کو داد دے رہا ہے۔ ان کی خدمات جلیلہ کو خراج تحسین پیش کر رہا ہے...... ان کی حیات ظاہری ہی میں علم ودانش کی فضا ان کی گرویدہ ہو رہی تھی...... کالج ویونیورسیٹی کا علمی ادبی ماحول ان کے ذکر وتذکرے سے گونجنے لگا تھا۔ اب تو یہ آواز افق در افق پہنچ چکی ہے اور تذکار ونغمات رضا سے گلستاں کا گلستاں جھومنے لگا ہے۔ دانشوروں کے گلہائے افکار سے وادی وادی عطر بیز ہو رہی ہے...... ارباب علم ودانش کے افکار وتاثرات پر مبنی کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ ہم ذیل میں ان میں سے صرف چند تاثرات پیش کرتے ہیں۔

## (1) رئیس الخطباء شیخ احمد ابوالخیر بن عبداللہ میرداد ............ مکہ مکرمہ

"وہ تو حقائق کا خزانہ ہے، اور محفوظ خزانوں کا انتخاب۔ معرفت کا آفتاب جو دوپہر کو چمکتا ہے علوم کی ظاہر وباطن مشکلات کھولنے والا جو شخص اس کے علو وفضل سے واقف ہو جائے اس کو کہنا چاہیے کہ اگلے پچھلوں کے لئے بہت کچھ چھوڑ گئے ہیں۔

(عربی سے ترجمہ، فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں) (1)

## (2) محافظ کتب حرم شیخ اسماعیل بن سید خلیل ............ مکہ مکرمہ

"میں اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے اس عالم باعمل، عالم فاضل، صاحب مناقب ومفاخر،

Marfat.com

جس کو دیکھ کر یہ کہا جائے کہ اگلے پچھلوں کے لئے بہت کچھ چھوڑ گئے ہیں۔ یکتائے روزگار وحید عصر، مولانا شیخ احمد رضا خاں کو مقرر فرمایا۔ اور وہ کیوں ایسا نہ ہو کہ علمائے مکہ معظمہ اس کے لئے ان فضائل کی گواہی دے رہے ہیں۔ اگر وہ اس مقام رفیع پر متمکن نہ ہوتا تو علمائے مکہ معظمہ اس کے لئے یہ گواہی نہ دیتے، ہاں ہاں میں کہتا ہوں کہ اگر اس کے حق میں یہ کہا جائے کہ وہ اس صدی کا مجدد ہے تو حق وصحیح ہے"

(فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں) (2)

## (3) شیخ کریم اللہ مہاجر مدنی ........................ مدینہ منورہ

"میں کئی سال سے مدینہ منورہ میں مقیم ہوں۔ ہندوستان سے ہزاروں صاحب علم آتے ہیں۔ ان میں علماء صلحاء اور اتقیاء سب ہی ہوتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ وہ شہر کے گلی کوچوں میں مارے مارے پھرتے ہیں کوئی بھی ان کو مڑ کر نہیں دیکھتا لیکن (فاضل بریلوی کی شان عجیب ہے) یہاں کے علماء اور بزرگ سب ہی ان کی طرف جوق در جوق چلے آرہے ہیں اور ان کی تعظیم وتکریم میں سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

(الاجازت المتنیہ، امام احمد رضا) (3)

## (4) مفتی شافعیہ شیخ احمد علوی ........................ مدینہ منورہ

فاضلوں سے افضل، سب عاقلوں سے زیادہ دانشمند، اگلوں کا فخر، پچھلوں کا پیشوا حضرت احمد رضا خاں بریلوی اللہ تعالیٰ اپنے پوشیدہ لطف سے اس کے ساتھ معاملہ کرے"...... رسالہ الدولۃ المکیہ کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"اور بے شک وہ اس لائق ہے کہ سیاہی اور روشنائی کے بدلے سونے سے لکھی جائے"

(الدولۃ المکیہ امام احمد رضا) (4)

## (5) شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی ........................ بیروت

رسالہ الدولۃ المکیہ کے تعلق سے لکھتے ہیں۔

"میں نے اس کو شروع سے آخر تک پڑھا اور تمام دینی کتابوں میں زیادہ نفع بخش اور مفید پایا۔ اس کی دلیلیں بڑی مستحکم ہیں جو ایک امام کبیر، علامہ اجل ہی کی طرف سے ظاہر ہو سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے مصنف سے راضی رہے اور اپنی عنایتوں سے ان کو راضی کرے" (5)

Marfat.com

## (6) شیخ احمد رمضان..........................شام

''میں نے یہ کتاب (الدولتہ المکیہ) مطالعہ کی اور اس کو حسن بیان اور پختگیٔ برہان میں آفتاب کی مانند چمکتا پایا..................اللہ تبارک وتعالیٰ مولف علامہ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور علمائے اہلسنت و جماعت کی تائید فرمائے'' (6)

(7) ''اس کتاب (الدولتہ المکیہ) کے مولف بڑے صاحب فضل مولانا شیخ احمد رضا خاں ہیں جو اپنے ہم مثلوں میں بہترین اور قدر و منزلت والے ہیں'' (7)

## (8) شیخ عبدالرحمٰن حنفی مدرس جامع ازہر..................قاہرہ مصر

'' مجھے اپنی عمر کی قسم مصنف نے رسالہ میں کافی دلائل ذکر کردیئے ہیں اور حاسد کے لئے تو طویل عبارتیں بھی ناکافی ہوتی ہیں''۔(الدولتہ المکیہ) (8)

## (9) ڈاکٹر پروفیسر محی الدین الوائی جامع ازہر..........مصر

''جن علمائے ہند نے مروجہ علوم عربیہ ودینیہ کی خدمات میں اعلیٰ قسم کا حصہ لیا ہے۔ان میں مولانا احمد رضا خاں صاحب کا نام سرفہرست نظر آتا ہے علوم عربیہ اسلامیہ کو آراستہ کرنے میں آپ کا بہترین ریکارڈ ہے۔(9)

## (10) پروفیسر عزیز اللہ...............................انگلینڈ

''اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی کی تصانیف کے کمالات علمیہ اور خدمات دینیہ پر تحقیقات کی حوصلہ افزائی کرنا اور اس سے عوام وخواص کو صحیح طور پر متعارف کرانا صرف اہلسنت و جماعت ہی کی خدمت کرنا نہیں بلکہ اصل میں آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے دیئے ہوئے صحیح دین کی اشاعت کرنا اور حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کے مذہب کی نمائندگی کرنا ہے''۔ (10)

## (11) ڈاکٹر یعقوب ذکی، پروفیسر ہارڈورڈ یونیورسٹی.....امریکہ

''امام احمد رضا کے فتاویٰ''فتاویٰ رضویہ'' کے نام سے جانے جاتے ہیں جو بارہ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہیں۔فتاویٰ رضویہ فقہ حنفی کا ایک عظیم سرمایا ہے جس طرح فتاویٰ عالمگیری، جو ہندوستان میں

Marfat.com

مسلم عہد حکومت کی ایک عظیم فقہی خدمت ہے......امام احمد رضا ایک متبحر فاضل علوم اسلامی تھے۔ فقہی بصیرت، تبحر علمی، خداداد فکری و قلمی صلاحیت و خدمت کی وجہ سے دنیا نے انہیں مجدد تسلیم کیا"۔(انگریزی ترجمہ) (11)

## (12) حضرت ابراہیم مجددی ..................کابل افغانستان

"مفتی احمد رضا قادری ایک جید عالم اور واقف اسرار طریقت تھے۔ اسلامی علوم کی تشریح میں ان کا عظیم الشان ملکہ اور باطنی حقائق کی توضیح میں ان کے معارف بہت زیادہ ستائش کے لائق ہیں اور فقہی علوم میں ان کی تحقیقات اہلسنت و جماعت کے بنیادی نظریات میں قابل قدر یادگار کی حیثیت رکھتی ہیں"۔ (12)

## (13) مولانا عبدالکریم نعیمی ..................بنگلہ دیش

"بارہویں و تیرہویں دو صدیوں میں دنیائے اسلام میں اعلیٰ حضرت جیسے جامع و مانع متصف بہمہ صفات کوئی عالم پیدا نہیں ہوا.................جلالت علمی و کمال علمی میں آپ کی نظیر نہیں ملتی۔ وسعت علم اور رائے کی پختگی میں پورے دور میں آپ کا کوئی ثانی نہیں"۔ (13)

## (14) پروفیسر محمد رفیع اللہ صدیقی ......کوئز یونیورسٹی ......کینیڈا

"اقتصادی نظریات کی ابتداء 1930ء کے بعد سے ہی ہوئی۔ اور یہ بات کس قدر حیرت انگیز ہے کہ نگاہ مرد مومن نے ان جدید اقتصادی تقاضوں کی جھلک 1912ء ہی میں دکھادی تھی اگر 1912ء سے مولانا احمد رضا خان بریلوی کے نکات پر غور و فکر کیا جاتا اور صاحب حیثیت مسلمانان ہند اس پر عمل کرتے تو ہندوستانی مسلمانوں کی حیثیت معاشی اعتبار سے انتہائی مستحکم ہوتی"(14)

## (15) شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال ..........پاکستان

"ہندوستان کے دور آخر میں ان جیسا طباع و ذہین فقیہ پیدا نہیں ہوا۔ میں نے ان کے فتاویٰ کے مطالعے سے یہ رائے قائم کی ہے اور ان کے فتاویٰ، ان کی ذہانت، فطانت، جودت طبع، کمال فقاہت اور علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عدل ہیں۔ مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے تھے۔ اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔ یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور و فکر کے بعد کرتے

Marfat.com

تھے۔لہٰذا انہیں اپنے شرعی فیصلوں اور فتاویٰ میں کبھی کسی تبدیلی یا رجوع کی ضرورت نہیں پڑی"۔(15)

## (16) ڈاکٹر سید عبداللہ۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور...... پاکستان

"عالم اپنی قوم کا ذہن اور اس کی زبان ہوتا ہے اور وہ عالم جس کی فکر ونظر کا محور قرآن کریم اور حدیث نبوی ہو وہ ترجمان علم وحکمت، نقیب حق وصداقت اور محسن انسانیت ہوتا ہے اگر میں یہ کہوں کہ حضرت مولانا مفتی شاہ احمد رضا خان بریلوی بھی ایسے ہی عالم دین تھے تو یہ مبالغہ نہ ہوگا بلکہ اعتراف حقیقت ہوگا۔"(16)

## (17) ڈاکٹر فرمان فتح پوری، صدر شعبۂ اردو کراچی یونیورسٹی...... پاکستان

"علمائے دین میں نعت نگاری کی حیثیت سے سب سے ممتاز نام مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا ہے...... سادہ وبے تکلف زبان اور برجستہ وشگفتہ بیان ان کے کلام کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ان کے نعتیہ اشعار اور سلام سیرت کے جلسوں میں عام طور پر پڑھے اور سنے جاتے ہیں"(17)

## (18) ڈاکٹر جمیل جالبی وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی کراچی........ پاکستان

"مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی چودہویں صدی ہجری کے بلند پایہ فقیہ، متبحر عالم، بہترین نعت گو، صاحب شریعت وصاحب طریقت بزرگ تھے۔ان کا امتیازی وصف جو دوسرے تمام فضائل وکمالات سے بڑھ کر ہے وہ ہے عشق رسول ﷺ"(18)

(19) مولانا ابوالکلام آزاد ........................ ہندوستان

"مولانا احمد رضا خاں ایک سچے عاشق رسول گذرے ہیں"(19)

## (20) ڈاکٹر ضیاء الدین سابق وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی۔علی گڑھ

"اپنے ملک میں معقولات کا جب اتنا بڑا ایکسپرٹ موجود ہے تو ہم نے یورپ جا کر جو کچھ سیکھا وقت ضائع کیا"(20)

## (21) ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد لکھنو یونیورسٹی...... ہندوستان۔

"مجدد اسلام حضرت مولانا احمد رضا خاں اگر ایک طرف تبحر علمی، زہد وتقویٰ اور روحانی تصرفات کے معیاری نمونہ تھے تو دوسری طرف رسول اکرم سے ان کی بے پناہ محبت وعقیدت بھی مثالی تھی۔انہوں نے اپنی علمی اور دینی صلاحیتوں سے مسلمانوں میں جو ذہنی انقلاب پیدا کیا اس کی

Marfat.com

شہادت ہماری پوری صدی دے رہی ہے"(21)

## (22) مولانا محمد انور شاہ کشمیری..........انڈیا

جب بندہ ترمذی شریف اور دیگر کتب احادیث کی شروح لکھ رہا تھا تو حسب ضرورت احادیث کی جزئیات دیکھنے کی ضرورت پیش آئی تو میں نے شیعہ حضرات واہل حدیث حضرات ودیوبندی حضرات کی کتابیں دیکھیں مگر ذہن مطمئن نہ ہوا بالآخر ایک دوست کے مشورے سے مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی کی کتابیں دیکھیں تو میرا دل مطمئن ہوگیا کہ میں اب بخوبی احادیث کی شروح بلا جھجک لکھ سکتا ہوں،(رسالہ دیوبند،ص 21 ر جمادی الاول 1330ھ)

## (23) مولانا سید سلیمان ندوی..........انڈیا

اس احقر نے جناب مولانا احمد رضا صاحب بریلوی کی چند کتابیں دیکھیں تو میری آنکھیں خیرہ کی خیرہ رہ گئیں، حیران تھا کہ واقعی مولانا بریلوی صاحب مرحوم کی ہیں جن کے متعلق کل تک یہ سنا تھا کہ وہ صرف اہل بدعت کے ترجمان ہیں اور صرف چند فروعی مسائل تک محدود ہیں، مگر آج پتہ چلا کہ نہیں ہرگز نہیں یہ اہل بدعت کے نقیب نہیں بلکہ یہ تو عالم اسلام کے اسکالر اور شاہکار نظر آتے ہیں، جس قدر مولانا مرحوم کی تحریروں میں گہرائی پائی جاتی ہے اس قدر گہرائی تو میرے استاد مکرم جناب مولانا شبلی صاحب اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی علیہ الرحمہ اور حضرت مولانا محمود الحسن صاحب دیوبندی اور حضرت مولانا شیخ التفسیر علامہ شبیر احمد عثمانی کی کتابوں کے اندر بھی نہیں، جس قدر مولانا بریلوی کی تحریروں کے اندر ہے"(ماہنامہ،ندوہ اگست 1913)

## (24) مولانا شبیر احمد عثمانی،دیوبند،انڈیا (شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند)

مولانا احمد رضا خاں کو تکفیر کے جرم میں برا کہنا بہت ہی برا ہے کیونکہ وہ بہت بڑے عالم دین اور بلند پایہ محقق تھے،(رسالہ،ہادی،دیوبند ذوالحجہ 1369)

## (25) مولانا محمد شبلی نعمانی..........اعظم گڈھ۔انڈیا

مولوی احمد رضا خانصاحب بریلوی جو اپنے عقائد میں سخت ہی متشدد ہیں مگر اس کے باوجود مولانا صاحب کا علمی شجرہ اس قدر بلند درجہ کا ہے کہ اس دور کے تمام عالم دین اس مولوی احمد رضا خانصاحب کے سامنے پاسنگ کی بھی حیثیت نہیں رکھتے"(رسالہ ندوہ،اکتوبر 1914)

Marfat.com

## (26) مولانا ابوالحسن علی ندوی..........لکھنؤ انڈیا

وہ (حضرت رضا بریلوی) نہایت کثیر المطالعہ، وسیع المعلومات اور عالم تھے، رواں دواں قلم کے مالک، اور تصنیف وتالیف میں جامع فکر کے حامل تھے..........فقہ حنفی اوراس کی جزئیات پر معلومات کی حیثیت سے اس زمانہ میں ان کی نظیر نہیں ملتی'' (نزہتہ الخواطر، ج8ص41)

## (27) مولانا محمد الیاس صاحب، بانی تبلیغ جماعت......دیوبند، انڈیا

''اگر کسی کو محبت رسول (علیہ التحیہ والتسلیم) سیکھنی ہوتو مولانا بریلوی سے سیکھے'' (فاضل بریلوی اورترک موالات۔ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری، ص مطبوعہ لاہور1972ء)

## (28) پروفیسر مختار الدین احمد آرزو، ڈین فیکلٹی آف آرٹس، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ہندوستان

''آپ کی ذات الحب فی اللہ والبغض فی اللہ کی زندہ تصویر تھی، اللہ ورسول سے محبت کرنے والے کو اپنا عزیز سمجھتے اور اللہ ورسول کے دشمن کو اپنا دشمن سمجھتے۔اپنے مخالف سے کبھی کج خلقی سے پیش نہ آتے کبھی دشمن سے سخت کلامی نہ فرمائی۔ بلکہ حلم سے کام لیا۔لیکن دین کے دشمن سے کبھی نرمی نہ برتی..........آپ نے بعض مردہ سنتوں کو زندہ کیا'' (22)

## (29) ڈاکٹر وحید اشرف، برودہ یونیورسٹی......ہندوستان

مولانا احمد رضا خاں کی شخصیت ایسی پہلو دار اور جامع العلوم ہے کہ آپ کے کسی ایک پہلو پر سیر حاصل بحث کے لئے اس فن کا ماہر ہی عہدہ برآ ہوسکتا ہے۔(23)

## (30) ڈاکٹر حسن رضا خاں ادارہ تحقیقات عربی وفارسی..........پٹنہ

''فتاویٰ رضویہ'' کے صفحات پر عقل ونقل، اور علم وفن کے بے شمار شاخوں میں اعلیٰحضرت کے علمی رسوخ، دقت نظر، اور مہارت وتبحر کی تفصیلات سے گذرتے ہوئے میں بار بار سوچنے لگا کہ ہماری یہ فروگذاشت کیا تاریخ کبھی معاف کرے گی۔ کہ ہم نے چودہویں صدی کی ایک عبقری اور نادرالوجود شخصیت کے مقام وفضل سے اہل علم کی دنیا کو کبھی متعارف نہیں کرایا اور نہ خود دانشوران ہند کو کبھی یہ توفیق ہوئی کہ وہ مسلک کے اختلاف سے پرے ہوکر ایک مسلم الثبوت اور یگانہ روزگار

Marfat.com

شخصیت کے کارناموں کا غیر جانبدارانہ طور پر مطالعہ کرتے اوران کے مقام علم وفضل سے روشناس ہوتے۔حکمت وفن کا گوہر گرانمایہ جہاں بھی ملے وہ بہر حال مردمومن کی میراث ہے"۔

## (31) مولانا غلام مصطفےٰ رضوی ..........بہار ہندوستان

یہ شمع جمال محمدی کا کمال ہے کہ جو پروانہ اس ایک شمع کا سچا دیوانہ ہوجائے اپنی ہستی کو دیدار محبوب کی مستی میں فنا کردے، دنیا سمجھتی ہے کہ وہ مٹ گیا مگر اس شمع کی رحمت بھری کرن اسے مٹنے نہیں دیتی، مٹتے مٹتے اسے انمٹ بنا دیتی ہے۔

مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا    بے نشانوں کا نشاں مٹتا نہیں

مٹتے مٹتے ایسا جانواز بنا دیتی ہے کہ کل تک جو خود پروانہ تھا، تڑپنا مچلنا جس کا مقدر تھا، اب شمع کا روپ دھار لیتا ہے، اوراب خود جلنا مگر دیدۂ اغیار کو بینا کردینا اس کی فطرت ہوجاتی ہے۔ پھر کیا ہے، دنیا اس کے گرد پروانہ وار نثار ہونے لگتی ہے۔

مثل پروانہ پھرا کرتے جس شمع کے گرد
اپنی اس شمع کو پروانہ یہاں کا دیکھو

حضرت بریلوی وہی پروانہ شمع جمال محمدی ہیں جو ماہ رسالت کے لئے پروانہ اور محفل امت کے لئے شمع کی حیثیت رکھتے ہیں۔کل کہتے تھے۔

ہمارے درد جگر کی کوئی دوا نہ کرے
کمی ہو عشق نبی میں کبھی خدا نہ کرے

اورآج جیسے گنبد رضا سے یہ آفاقی پیغام نشر ہو رہا ہے کہ

خاک ہوکر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی (25)

## (32) حضرت نظمی مارہروی ..........یوپی انڈیا

مشعل نوری لئے جب چل پڑے احمد رضا
نور احمد ان کے ہر ہر حال میں شامل رہا

علم ظاہر علم باطن کی امامت مل گئی ...... فضل حق سے مل گیا وصف فنافی المصطفےٰ (26)

Marfat.com

## (33) مرزا عبدالشکور نقشبندی.........................حیدر آباد

احمد رضا کا تازہ گلستاں ہے آج بھی .
خورشید علم ان کا درخشاں ہے آج بھی
سب ان سے جلنے والوں کے گل ہوگئے چراغ
احمد رضا کی شمع فروزاں ہے آج بھی (27)

## (34) انتخاب قدیری.........................مرادآبادی یوپی

مسلک اعلیٰحضرت ہی ہے دین حق اس کی حد سے جو باہر نکل جائے گا
کل بروز قیامت خدا کی قسم دیکھنا وہ جہنم میں جل جائے گا
وارث مصطفےٰ نائب مصطفےٰ عاشق مصطفےٰ شاہ احمد رضا
وقت مشکل کہو المدد یا رضا وقت مشکل اسی وقت ٹل جائیگا (28)

یہ ان عارفوں، عالموں، دانشوروں اور شاعروں کے گوہر خیالات ہیں جو اپنے اپنے فن میں یکتا، فکر میں ممتاز، اور فہم وشعور میں بلند مقارم رکھتے ہیں۔ ان کی ذمہ دار شخصیت، اور حساس طبیعت سے یہ بات بعید از قیاس ہے کہ انہوں نے یونہی، رسمی طور پر قلم اٹھایا اور تاثرات نذر قرطاس کر دیا ہو، نہیں بلکہ تحریر کا تیور، خیالات کا تعمق اور واردات کی گہرائی و گیرائی بتارہی ہے کہ انہوں نے بعد از مطالعہ بسیار و تفحص تام یہ گہرریزی کی ہے، یہ ان کے ضمیر کی آواز اور روح کی پکار ہے۔ ہر خیال اپنی جگہ پر قیمتی نگینہ ہے، رضا بریلوی کی گوناگوں شخصیت نے جس کو جس اعتبار سے متاثر کیا اس نے اسی اعتبار سے اپنے افکار کو ہمارے سامنے رکھا ہے، اگر علوم دینیہ میں تبحر و تعمق دیکھا تو فقیہ اسلام، محدث بریلوی کہا انظار غالیہ کا جائزہ لیا تو مجمع البحرین، امام اہلسنت، علوم عصریہ پر قدرت و مہارت دیکھا تو عبقری مفکر، جامع العلوم کہا، اور شعر و سخن کی مشاطگی دیکھی تو استاد مسلم، امام شعر وادب کہا، اور روحانی بزم میں حاضری ہوگئی اور بربط دل سے عشق رسول کے نغمے ابلتے دیکھا، تو عارف باللہ، عاشق مصطفےٰ، نائب غوی الوریٰ کے معزز لقب سے یاد کیا۔ یوں تو وہ اپنی کثیر الجوانب شخصیت کے ہر پہلو میں مقام امتیاز پر فائز ہیں، تاہم عاشق رسول ہونا یہ وہ خوبی ہے جو تمام خوبیوں کی جامع ہے، مجمع محاسن ہے، جو عاشق رسول ہوگا وہ راز دار حقیقت و معرفت ہوگا، نکتہ دان شریعت و طریقت ہوگا۔ مومن ہی نہیں مومن کامل ہوگا، جو عاشق رسول ہوگا وہ اخلاقیات کے جوہر سے مرصع ہوگا، جو

Marfat.com

عاشق رسول ہوگا اس کا سینہ خوف خدا اور الفت مصطفیٰ کا مدینہ ہوگا، فیضان رسول اس کی جلوت و خلوت کا پہرہ دار ہوگا، جو عاشق رسول ہوگا اس کی ہر تحریر و تقریر اسلام کے میزان میں تلی ہوگی، جو عاشق رسول ہوگا اس کا ہر فیصلہ حق و صداقت کا آئینہ دار ہوگا، جو عاشق رسول ہوگا وہ مومنوں کے لئے بریشم کی طرح نرم اور منافقوں کے لئے فولاد کی طرح سخت ہوگا۔ غرضکہ جو عاشق مصطفیٰ ہوگا وہی حقیقت میں محبوب خدا ہوگا؛ بارگاہ رسول میں ان کے عشق رسول کی مقبولیت دیکھئے کہ ان کے حریف نے بھی ان کو عاشق رسول ہی کہا ہے، اور ان کے شرعی فیصلہ کو عشق رسول ہی پر محمول جانا۔ گویا کہ ع، یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا۔ وہ ایک درخشاں سورج تھے جدھر نگاہ ڈالی روشنی ہی روشنی ہوگئی۔ وہ خلوص ووفا کا لالہ زار تھے جہاں جہاں خوشبو پہونچی بہاروں کی بارات اتر پڑی۔ ان کے افکار میں وہ وسعت اور مقناطیسیت ہے کہ جو بھی قریب آرہا ہے خراج تحسین پیش کر رہا ہے۔ رضا اور رضویات پر دانشوروں نے وہ جوہر دکھائے ہیں، اور بحر رضویات سے ایسے ایسے آبدار موتی باہر نکالے ہیں کہ بعض فکر کی بنجر زمین پر بھی اب احترام وعقیدت کی گلکاری ہونے لگی ہے۔

## حاصل باب: ............

حضرت رضا بریلوی کی سیرت وسوانح بحر بیکراں کی طرح وسعت بکنار ہے، ان کی سیرت کے اتنے گوشے اور حیات کے اتنے پہلو ہیں اور ہر پہلو ایسا تابناک ہے کہ اس سے چند اہم پہلوؤں کا انتخاب یہ خود اہم مسئلہ اور بڑی آزمائش ہے۔ ہر پہلو تقاضا کرتا ہے کہ اس سے مقالات وعنوانات کو چمکایا جائے۔ ع کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا ست ہم نے اپنے اعتبار سے کچھ گوشوں کو چن کر مقالہ کو باوقار کرنا چاہا ہے۔ ہر پہلو اپنی جہ پر مستقل باب ہے اسی لئے اختصار کی قینچی چلاتے چلاتے بھی بات پھیل گئی ہے اور گوشہ در گوشہ نکھرتا اور ابھرتا چلا گیا ہے۔ ............ حضرت رضا بریلوی امیر کبیر گھرانے کے چشم و چراغ تھے، انہیں یہ کہنے کا حق تھا کہ پدرم سلطان بود۔ لیکن انہوں نے تواضع کا دامن نہیں چھوڑا، وہ چاہتے تو پھولوں کی سیج پر سوتے مگر انہوں نے شاہی میں فقیری کو پسند کیا اور فقیری میں شاہی کا لطف اٹھایا۔ اپنا عیش وعشرت، اپنا آرام و چین، اپنی مسرت خوشی سب انہوں نے دین وملت کے لئے وقف کر دیا تھا۔ ان کا پورا وجود خدمت دین وملت کے جذبے میں شرابور تھا۔ ............ ہمارے کالج و جامعات ہمارے علم و فکر کے مراکز ہیں جہاں منتہی تعلیم کی ڈگریوں سے طلباء کو نوازا جاتا ہے، دنیا کی کوئی یونیورسٹی نہیں

Marfat.com

ہے جہاں 59 رعلوم پر درس ہوتا ہو یا جہاں سے کوئی طالب علم کبھی ایسا بھی نکلا ہو جسے چھپن علوم پر بیک وقت مہارت رہی ہو، آدمی دو چار علوم اگر حاصل بھی کر لے تو ایک دو فنون ہی میں درجۂ خصوص پر فائز ہوتا ہے۔ اسپشلیسٹ ہوتا ہے۔ یہ اعزاز صرف حضرت رضا بریلوی کو حاصل ہے کہ بیک وقت 59 رعلوم وفنون میں حذاقت وممارست رکھتے ہیں اور کمال یہ ہے کہ ہر علم میں درجۂ خصوص پر فائز ہیں، ہر فن میں اسپشلیسٹ ہیں۔ ہزار کے قریب آپ کی تصانیف اس دعویٰ کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ جب کہ آپ کا گھر ہی آپ کی یونیورسٹی تھا، حصول علم کے لئے گھر سے باہر آپ نے قدم نہیں رکھا، اس سے آپ کے گھر گھرانے کے علمی ماحول اور فکری بلندی کا ضرور اندازہ ہوتا ہے پھر بھی یہ کہے بغیر کوئی چارہ نظر نہیں آتا کہ آپ کا علم علم لدنی تھا، مدنی فیضان تھا.......... افکار ونظریات کسی بھی شخصیت کے داخلی عوامل کی پہچان ہوتی ہے، تشخص کا عرفان ہوتا ہے، قوم وملت کی تعمیر میں اس سے روشنی حاصل کی جاتی ہے، حضرت رضا بریلوی کے جو افکار ونظریات ہیں اس میں فرد کے لئے بھی سامان فلاح ونجات ہے اور جماعت کے لئے بھی، ملک کے لئے بھی اس میں تدبیر عمل ہے اور ملت کے لئے چراغ راہ بھی، جس مسلکی نظریہ کے وہ موید ہیں وہ وہی نظریہ ہے جو چودہ سو برس سے سینہ بسینہ یا سفینہ بہ سفینہ چلا آ رہا تھا اور شہید اعظم، امام اعظم، غوث اعظم سے ہوتا ہوا آپ تک پہونچا تھا۔ آپ نے اپنے علم عمل اور عشق سے اسی نظریہ کی پرورش وحفاظت فرمائی۔ اور اپنی قوت فکر و عمل سے توانائی بخشی اس میں چار چاند لگایا.......... آپ کا تعلیمی اور اقتصادی نظریہ تو خاصے کی چیز ہیں اور بہت ہی وقیع ہیں، تعلیمی نظریہ کے تاریک اور نہاں گوشوں کو آپ نے اپنے علم اور تجربہ کی ضیاپاشی سے عظمت کا ایسا قطب مینار بنا دیا ہے کہ جو بھی اس کے سایہ میں جائے گا مستنیر اور مستفیض ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اقتصادی نظریہ تو آپ ہی کی ایجاد ہے۔ آپ نے اس نظریہ کے تعلق سے اس وقت نکتہ ریزی کی ہے جب لوگوں نے سوچا بھی نہیں تھا کہ یہ مرکزی عالمی سبجکٹ بننے والا ہے، اب چاہے کوئی کچھ کہے احمد رضا سبقت لے گئے، اولیت کا سہرا انہیں کے سر سجتا ہے۔

کسی دوسری قوم میں اگر اس خوبو کا آدمی پیدا ہوا ہوتا تو لوگوں نے نہ معلوم اسے کیا سمجھا ہوتا، عزت ورفعت کے اونچے مقام پر بٹھایا ہوتا، اپنا آئیڈیل اور رہنما بنا کر عالمی برادری میں اپنا سر اونچا کر لیا ہوتا، اس لئے کہ ایسی ہستیاں روز بروز پیدا نہیں ہوتیں بلکہ ع: بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا۔ حضرت رضا بریلوی کی سیرت وسوانح کا ہر گوشہ ہمیں پکار پکار کے کہہ رہا ہے کہ

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

Marfat.com

## حوالے

# عالمی سطح پر پذیرائی و تاثرات


| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | حسام الحرمین اردو | امام احمد رضا | ص23 |
| (2) | // | // | ص30 |
| (3) | فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص36 |
| (4) | // | // | ص129 |
| (5) | الدولۃ المکیہ | امام احمد رضا | ص180 |
| (6) | // | // | ص181 |
| (7) | // | // | ص187 |
| (8) | امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص133 |
| (9) | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء | ص473 |
| (10) | فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص246 |
| (11) | امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص104 |
| (12) | // | // | ص118-117 |
| (13) | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء | ص358 |
| (14) | // | // | ص483 |
| (15) | امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص79، 80 |
| (16) | // | // | ص82 |
| (17) | // | // | ص83 |
| (18) | // | // | ص86 |
| (19) | // | // | ص90 |
| (20) | // | // | ص81 |


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| (21) | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء | ص459 |
| (22) | // // // | // // // | ص331 |
| (23) | // // // | // // // | ص441 |
| (24) | فقیہ اسلام (مقالہ ڈاکٹریٹ) | ڈاکٹر حسن رضا خان | ص13 |
| (25) | پیغام رضا کا امام احمد رضا نمبر | 1996ء | ص 21,20 |
| (26) | تجلیات امام احمد رضا | قاری امانت رسول | ص163 |
| (27) | // // // | // // // | ص163 |
| (28) | // // // | // // // | // // // // |

Marfat.com

## تیسرا باب

# تصورِ عشق پر عمومی بحث

☆ ............... عشق حقیقت کے آئینے میں

☆ ............... تصورِ عشق اسلام کی نظر میں

☆ ............... تصورِ عشق، عارفوں، دانشوروں
اور شاعروں کی نظر میں

Marfat.com

# عشق!

## حقیقت کے آئینے میں

عشق ہی عشق ہے جہاں دیکھو
ساری دنیا میں بھر رہا ہے عشق

لگتا ہے جب میر نے عشق کا یہ جہانگیر تصور پیش کیا تھا۔ تو پہلے اس نے کائنات کے بطون اور مخلوقات کے اندرون میں حقیقت بیں نگاہوں سے جھانک کر کیفیات عشق کا بھرپور مشاہدہ کرلیا تھا۔ پھر اپنے مشاہدہ کا وہ عطر پیش کیا ہے کہ اختلاف سے بھری دنیا میں تصورات عشق کی اس ہمہ گیری پر آج تک سب نے اتفاق ہی کیا ہے۔ بلبل کی پھول سے محبت ......... چاند سے چکور کی محبت ......... شمع سے پروانے کی محبت ......... رسول سے صدیق کی محبت ایک تسلیم شدہ عالم آشکار حقیقت بن چکی ہے۔

پروانے کو ہے چراغ تو بلبل کو پھول بس
صدیق کے لئے ہے خدا کا رسول بس

عشق اور درد عشق، محبت اور سوز محبت سے دنیا کی کوئی چیز خالی نہیں۔ اور خالی ہو بھی کیسے دنیا کی تخلیق بھی محبت ہی کے بھرپور جذبے کی کرشمہ سازی ہے۔ مخلوق سے مخلوق کی محبت بھی اگر حسن نیت اور طہارت قلب کے ساتھ ہو تو کچھ کم مرتبہ نہیں رکھتی۔ تاہم کمال الفت اور معراج محبت یہ ہے کہ مخلوق خالق سے محبت کرے...... اس بحث میں ہم عشق و محبت کے راز ہائے سربستہ کی بھی نقاب کشائی کریں گے اور مجازی و حقیقی عشق کے رموز و اسرار کا بھی پتہ لگانے کی کوشش کریں گے مگر پہلے لغوی اعتبار سے عشق کا بے لاگ جائزہ لیں گے۔ پھر اصطلاحی اعتبار سے۔

**عشق:** کسی شی کو نہایت دوست رکھنا۔ بعض طبیب کہتے ہیں کہ عشق ایک مرض ہے قسم جنون سے۔ جو شکل حسین دیکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ لفظ ماخوذ ہے "عشقہ" سے (اسے) لبلاب اور عشق پیچان بھی کہتے ہیں اور اس نبات کا قاعدہ یہ ہے کہ جس درخت پر لپٹتی ہے اس کو خشک

Marfat.com

کر دیتی ہے بس یہی حالت عشق کی بھی ہے جس کو ہوتا ہے اس کو خشک اور زرد کر دیتا ہے (1)

**عشق**:۔ حد سے زیادہ محبت (2)

**عشق**:۔ محبت کی زیادتی، پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔ (3)

**عشق**:۔ عشق، عشقا، وعشقا، ومعشقا، تعلق بہ قلبہ، چنانچہ عشق بالشئ کے معنی ہیں:

''لصق بہ'' وہ اس کے ساتھ چمٹ گیا۔ (4)

اردو شاعری میں لفظ عشق لفظ محبت کی بہ نسبت زیادہ استعمال ہوا ہے۔ یہ دونوں عربی کے الفاظ ہیں۔ لیکن قرآن مقدس میں اس لفظ عشق کا کوئی صیغہ وارد نہیں ہوا ہے۔ عشق اور محبت کا موازنہ کرتے ہوئے ابن منظور نے احمد بن یحیٰ کے حوالے سے لکھا ہے۔

**وسئل العباس احمد بن یحیٰ من الحب و العشق ایھما احمد فقال الحب لان العشق فیہ افرط۔**

ابوالعباس احمد بن یحیٰ سے جب سوال کیا گیا کہ محبت اور عشق دونوں میں سے کون زیادہ قابل ستائش ہے۔ تو انہوں نے کہا ''محبت'' کیوں کہ عشق میں انسان حد اعتدال سے تجاوز کر جاتا ہے۔ (5)

ابن منظور نے اس افراط کی یہ توجیہہ پیش کی ہے کہ وہ شدت آرزو اور محبت سے دبلا ہوتا چلا جاتا ہے۔ جیسا کہ ایک جھاڑی ''العشقہ'' جب اسے کاٹ دیا جاتا ہے تو پتلی ہو جاتی ہے۔ اور ''عشقہ'' وہ پودا ہے جو ابتداء میں سرسبز و شاداب ہوتا ہے لیکن پھر پژمردہ ہو جاتا ہے اور زرد پڑ جاتا ہے (ایضا)

لہٰذا معلوم ہوا کہ محبت جب حد اعتدال سے تجاوز کر جائے تو اسے عشق کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ ابن منظور نے لسان العرب میں اس مفہوم کو ان لفظوں میں بیان کیا ہے۔ (ترجمہ) عشق محبت کی زیادتی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عشق محبوب کے ساتھ محبّ کا والہانہ شغف ہے جو محبت کی پارسائی اور غیر پارسائی دونوں طرح ہو سکتا ہے۔ (6)

**محبت**: ۔ اہل لغت کہتے ہیں کہ محبت ''حبہ'' سے ماخوذ ہے اور حبہ کے معنیٰ تخم کے ہیں جو زمین پر گرتا ہے۔ لہٰذا ''حب'' کا نام ''حب'' رکھا گیا۔ چنانچہ اصل حیات اسی میں ہے۔ جس طرح میدان میں بیج کو بکھیرا جاتا ہے۔ اور مٹی میں چھپایا جاتا ہے۔ پھر اس پر پانی برستا ہے۔ آبیاری کی جاتی ہے۔ سورج چمکتا ہے۔ گرم و سرد موسم گذرتا ہے۔ لیکن زمانہ کے تغیرات اسے نہیں بدلتے۔ جب وقت آتا ہے تو وہ تخم اگتا ہے پھل و پھول دیتا ہے۔ اسی طرح جب محبت کا بیج دل میں جگہ پکڑتا ہے۔ تو اسے حضور و غیبت، بلا و ابتلاء، مشقت، راحت و لذت، اور فراق و وصال

Marfat.com

کوئی چیز نہیں بدل سکتی۔ اس معنی میں کسی کا شعر ہے۔

یا من سقام جنونہ لسقام عاشقہ طبیب

جارت المودۃ فاستویٰ عندی حضورک والمغیب

ترجمہ: اے وہ ذات کہ اس کی دیوانگی کا مرض اس کے عاشق کی بیماری کے لئے طبیب ہے۔ محبت کی برقراری میں میرے نزدیک تیرا حضور اور غیبت برابر ہے (7)

**محبت** :۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ حباب سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنیٰ پانی کے جوش کے ہیں۔ اور شدید بارش میں پانی سے جو بلبلے اٹھتے ہیں۔ اسی لئے محبت نام رکھا گیا۔ لان اغثیان القلب عندالاشتیاق الی لقاء المحبوب۔ دوست کا دل دوست کے دیدار کے اشتیاق میں ہمیشہ مضطرب رہتا ہے۔ جس طرح اجسام روح کی مشتاق ہیں۔ یا جسم کا قیام روح کے ساتھ ہے اسی طرح دوستی کا قیام محبت کے ساتھ ہے۔ اور محبت کا قیام محبوب کے وصال اور اس کی رویت میں ہے۔

اذا تمنی الناس روحا وراحۃ

تمنیت ان القاک یا غر حالیا

جس وقت لوگوں نے خوشی وراحت کی تمنا کی تو اے عزیز میں نے یہ خواہش کی کہ میں تجھے ہر کام سے فارغ کردوں۔ یعنی تیرا سارا بوجھ میں خود اٹھالوں۔ (8)

ارباب تصوف نے عشق ومحبت کے مسائل پر معرکتہ الاراء مباحث پیش فرمائے ہیں، ان بحوث سے اندازہ ہوتا ہے کہ عشق ہی سب کچھ ہے اس کے سوا کچھ بھی نہیں ............ **حضرت شبلی** رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''سمیت المحبۃ لانھا تمحو من القلب ماسوی المحبوب محبت اسی لئے نام رکھا گیا ہے کہ وہ دل سے محبوب کے ماسوا کو مٹا دیتا ہے''۔ (9)

**امام غزالی** فرماتے ہیں............ ''محبت نام ہے پسندیدہ چیز کی طرف میلان طبع کا۔ اگر یہ میلان شدت اختیار کرجائے تو اسے ''عشق'' کہتے ہیں (10)

**حضرت شیخ عبدالحق** محدث دہلوی تحریر فرماتے ہیں............ ''جاننا چاہئے کہ محبت اہل ایمان کے دلوں کی زندگی اور اروح کی غذا ہے اور مقامات رضا اور احوال رضا اور احوال محبت میں یہ مقام سب سے بلند اور افضل ترین ہے، اور جو شخص اور جو وقت بغیر محبت کے گذرتا ہے وہ گویا بے روح رہ جاتا ہے............ مواہب لدنیہ میں بعض محققین سے منقول ہے۔ کہ محبت کی حقیقت اہل معرفت کے نزدیک ایک معلوماتی کیفیت ہے۔ جس کی لفظوں میں تعریف

Marfat.com

وتحدید نہیں کی جاسکتی اور نہ ہر کوئی اسے جان سکتا ہے......... بحسب وضع اس کے معنی جھکنے اور کسی ایسی چیز کی طرف دل کے مائل ہونے کے ہیں۔ جو اسے مرغوب وموافق ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ تمام احوال میں محبوب کی موافقت کرنے کا نام محبت ہے (11)

**حضرت بایزید بسطامی** رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ''محبت یہ ہے کہ محبوب پر اپنی ہر چیز کو قربان کر دیا جائے۔ اور اپنے لئے اپنی کوئی چیز باقی نہ رہے اور کہتے ہیں کہ دل سے محبوب کے سوا سب کچھ فنا کر دینے کا نام محبت ہے۔ اور یہی کمال الفت کا اقتضاء ہے تا کہ دل میں غیر کے آنے اور غیر کی محبت رہنے کی جگہ ہی باقی نہ رہے (12)

جب منصور حلاج کو قید میں اٹھارہ دن گذر گئے تو جناب شبلی رحمتہ اللہ نے ان کے پاس جاکر دریافت کیا، اے منصور محبت کیا ہے؟ منصور نے جواب دیا آج نہیں کل یہ سوال پوچھنا جب دوسرا دن ہوا اور ان کو قید سے نکال کر مقتل کی طرف لے گئے وہاں منصور نے شبلی کو دیکھ کر کہا۔ محبت کی ابتداء جلنا، اور انتہا قتل ہو جانا ہے۔ (13)

اصحاب دل ونظر کے ان گوہر خیالات سے محبت وعشق کی گونا گونی اور بوقلمونی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ جس نے محبت کی کیفیت میں خود کو جیسا پایا اس نے محبت کی ویسی ہی تعبیر پیش کر دی۔ ان مختلف خیالات میں کوئی تضاد نہیں بلکہ محبت وعشق کی الگ الگ صفتیں ہیں جو بیان ہوئی ہیں۔ محبت انیک اور روح محبت سب میں ایک ہی ہے۔

عشق ایک نفسیاتی حقیقت ہے، ہر آدمی کی فطرت میں یہ صفت ودیعت کر دی گئی ہے اسی لئے اسلام خواہشات کی تکذیب نہیں کرتا بلکہ اس کی تہذیب وتادیب کا حکم صادر فرماتا ہے حضرت آدم علیہ السلام کی مبارک پسلی سے جب اللہ عزوجل نے حضرت حوا رضی اللہ عنہا کو پیدا فرمایا۔ آدم علیہ السلام نے دیکھا تو دل میں کچھ خیال پیدا ہوا۔ چوں کہ اللہ عزوجل نے حضرت آدم علیہ السلام کے جسم اطہر میں ''شہوت'' بھی پیدا فرما دی تھی، آدم علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ میرا اس سے نکاح کر دے، ارشاد باری ہوا اس کا مہر ادا کرو، عرض کیا۔ مولیٰ اس کا مہر کیا ہے فرمایا میرے حبیب پر دس بار درود پڑھو۔ حضرت آدم علیہ السلام نے درود پاک پڑھا اور اللہ عزوجل نے ان کا نکاح حضرت حوا کے ہمراہ کر دیا (14)

نفسانی خواہشات، باطل تصورات، فاسد نظریات، انسان کے آئینہ دل کو گدلا بلکہ میلا کر دیتے ہیں۔ جب کہ دل کے مقام ومرتبہ کی تفہیم کے لئے اتنا کافی ہے کہ حدیث قدسی میں

Marfat.com

ہے کہ............ ''میری گنجائش نہ آسمانوں میں ہے اور نہ زمین میں لیکن اپنے مومن بندے کے دل میں سماسکتا ہوں۔

ارض وسما کہاں تری وسعت کو پا سکے

میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

اسی لئے اسلامی تعلیمات میں طہارت قلب، صفائی روح، تزکیہ باطن، پاکیزگی نفس پر بھرپور زور دیا گیا ہے۔ اور صوفیاء اسی لئے اپنے ارادتمندوں، مریدوں کو اوراد و وظائف مجاہدہ و چلہ کی مشقت سے گذارتے ہیں۔ تاکہ آئینۂ دل منور ہو جائے۔

حضرت رضا بریلوی بیس سال کی عمر میں جب مرید ہونے کے لئے عارف باللہ حضرت سید آل رسول ماہروی علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت نے دیکھتے ہی مرید بھی کرلیا اور اجازت بھی دیدی۔ وہاں حاضر باشوں میں سے کسی نے خلاف معمول بات دیکھ کر دامن ادب پکڑ کر مچل کر عرض کیا............ ''حضور یہاں تو ریاضت و مجاہدہ کی مشقت سے گذار کر ہی کسی کو مرید کیا جاتا ہے۔ احمد رضا ابھی آئے اور آپ نے مرید بھی کرلیا خلافت بھی دیدی............ ''حضرت نے فرمایا............ ''اور لوگ گندا دل لے کر آتے ہیں۔ اس لئے صفائی کی ضرورت ہوتی ہے یہ تو پاک وصاف، منور و مطہر دل لائے تھے۔ صرف نسبت کی ضرورت تھی (15)!'' اسی انسانی فطرت کے اقتضاء ہی کے لحاظ سے عشق حقیقی اور مجازی کا محاورہ وجود میں آیا ہے۔ عشق اگر ایسا ہے جو شریعت کا مقصود و مطلوب ہے تو حقیقی ہے۔ ورنہ مجازی............ ڈاکٹر وزیر آغا لکھتے ہیں۔

''تصوف میں پہلا درجہ حسن کے ظہور سے متعلق ہے عام زندگی میں بھی بقائے نسل کا سلسلہ اسی جذبے کا مرہون منت ہے۔ جو محبوب کے سراپا کو دیکھ کر عاشق کے دل میں کروٹ لیتا ہے...... محبوب کی یہ کشش محض جسم کی سطح تک رہے تو جنسی کشش کہلائے گی۔ اور اگر اس کی تہذیب ہو جائے تو محبت کی لطافت میں تبدیل ہو جائے گی'' (16)

بعض حضرات عشق مجازی کو عشق حقیقی کا زینہ بھی قرار دیتے ہیں۔ یعنی عشق مجازی تجربہ ہے اور حقیقی منزل مقصود تک رسائی۔ عشق چاہے حقیقی ہو یا مجازی مراد و مدعاء وصال محبوب، لذتوں میں گم ہو جانا، کیفیتوں میں کھو جانا، ظاہر ہے یہ راستہ بہت ہی پر خطر اور پر ضرر ہے قدم قدم پر رہنمائی و رہبری کی ضرورت ہے تاکہ دل کا آئینہ بے غبار بھی رہے اور آدمی دائمی مسرتوں سے ہمکنار بھی ہو جائے۔ اسی لئے صوفیاء نے محبت کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک یہ کہ جنس کی محبت دوسرے

Marfat.com

ہمجنس کے ساتھ ہو ایسی محبت میلان طبع اور نفس پرستی کہلاتی ہے۔ ایسا طالب محبوب کی ذات کا عاشق اور اس پر فریفتہ ہوتا ہے۔ دوسری قسم یہ کہ ایک جنس کی محبت کسی غیر جنس کے ساتھ ہو۔ ایسی محبت میں اپنے محبوب کی کسی صفت پر سکون وقرار حاصل کرنا ہوتا ہے۔ تاکہ وہ اس خوبی سے راحت پائے۔ اور انس حاصل کرے۔ (17)

صوفیٔ باصفا مولانا **جلال الدین رومی** عشق مجازی کی ایک حکایت بیان فرمانے کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔

''عارضی حسن معشوق بنانے کے قابل نہیں ہے۔ عشق اسی ذات سے ہونا چاہئے جولازوال ہے۔ انسان کی ابتداء بھی وہی ہے اور منتہا بھی وہی ہے۔ **اللہ یبدی الخلق ثم یعیدہ ثم الیہ ترجعون**: اللہ ہی شروع میں پیدا کرتا ہے۔ پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا پھر تم اس کے پاس لوٹ کر جاؤ گے۔ اللہ کے وصل کے بعد پھر کسی معشوق کا منتظر نہ بن۔ وہی ظاہر ہے وہی باطن۔ عاشق خدا احوال پر حاکم ہوتا ہے۔ احوال کا محکوم نہیں ہوتا۔ جو شخص احوال کے تابع ہے وہ کامل نہیں۔ فناء الفنا کے درجے پر پہنچ کر احوال اس عاشق کے تابع ہو جاتے ہیں جس حال کی اس کو خواہش ہو وہ پیدا ہو جائے گا۔ وہ چاہے تو موت جیسی تلخ چیز بھی شیریں بن جاتی ہے اور کانٹے پھول بن جاتے ہیں'' (18)

حضرت **میر عبدالواحد بلگرامی** رحمۃ اللہ علیہ نے محبت کی بڑی نفیس توجیہ اور اس تعلق سے بڑا لذیذ نکتہ بیان فرمایا ہے۔ عشق کے تعلق سے بہت سارے راز حضرت نے آشکار فرمائے۔ اور بہت سے نہاں گوشوں کو عیاں کیا ہے۔ فرماتے ہیں...... ''محبت جمیل حقیقی کا خود اپنے جمال کی جانب کلی توجہ اور تفصیل سے میلان کا نام ہے اور وہ چار قسم پر ہے۔ کل سے کل کی جانب میلان، اور وہ جمال ذات کا مشاہدہ ہے آئینہ ذات میں بلا واسطۂ کائنات (2) دوسرے کل سے تفصیل کی جانب توجہ، جیسا کہ ذات یکتا کا اپنے بے شمار ولا تعداد لمعات جمال مظاہر کا مشاہدہ اور اپنی صفات کا مطالعہ، وہ خود اپنے ہی جمال سے عشق کرتا ہے اس کے سوا کچھ اور نہیں (3) تیسرے تفصیل سے تفصیل کی جانب التفات جیسا کہ اکثر انسانی افراد جمال مطلق کا عکس، آثار قدرت کی تفصیلات کے آئینے میں مشاہدہ کرتے ہیں۔ اور اسی جمال مطلق کو اپنا مقصود کلی بنا لیتے ہیں۔ اسی کے وصل کی لذتوں سے خوش ہوتے ہیں۔ اور اس کے فراق میں دردمند پھرتے ہیں۔

Marfat.com

اے حسن تو کردہ جلوہا در پردہ　　　صد عاشق و معشوق پدید آوردہ

از حسن تو لیلیٰ، دل مجنوں بردہ　　　وز شوق تو وامق غم عذرا خوردہ

تیرے ہی حسن نے پردے پردے میں جلوہ نمائی کی۔ اور ہزاروں عاشق و معشوق پیدا فرمادیئے۔ تیرے ہی حسن کی بدولت لیلیٰ نے مجنون کا دل لیا اور تیرے ہی شوق سے وامق کو عذرا کا غم کھانا پڑا۔ (4) چوتھے تفصیل سے کل کی جاب رجوع، چنانچہ بندگان خاص عقل کے سرمایے کو افعال و آثار کے کارخانے سے باہر لے آتے ہیں۔ اور حالات وصفات کے حجابات کو پھاڑ کر اپنی مرادات سے لپٹے ہوئے ہیں۔ اور ان کے دل کی توجہ کا قبلہ گاہ سوائے اس ذات برگزیدہ صفات کے اور کوئی نہیں۔ حضرت ناصر الحق والدین عبید اللہ قدس سرہ نے فرمایا کہ اگر غور سے نظر کرو تو تمہیں معلوم ہوگا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے مراتب وجود میں کسی مرتبہ کو دوست نہیں بنایا۔ اس لئے کہ کسی صاحب جمال کا آئینے سے محبت رکھنا آئینے کی ذات کی وجہ سے نہیں۔ بلکہ اس لئے ہے کہ وہ اس میں اپنے حسن و جمال کا مشاہدہ کرتا ہے اس لئے حقیقتاً یہ محبت اپنی ذات سے محبت ہے۔ ؎

یحبھم و یحبونہ چہ اقرار است　　　بزیر پردہ مگر خویش را خریدار است (19)

شان قدرت کے نظارے ہی کے لئے آئینہ نبوت کی تخلیق عمل میں آئی تھی، کنت کنزاً مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق ..................... یعنی بلفظ غالب ؎

دہر جز جلوۂ یکتائی محبوب نہیں　　　ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود بیں

اس تفصیل کا خلاصہ یہ ہے کہ عشق کا محل ذات باری تعالیٰ ہے۔ کائنات میں جو کچھ حسن و جمال ہے سب اللہ جمیل کا عکس و پرتو ہے۔ لہٰذا وہی ذات محبت کے لائق ہے۔ یہ اسی درد محبت کی ٹیس ہے کہ۔ مولانا روم پکار اٹھتے ہیں۔ ؎

مرحبا اے عشق خوش سودائے ما　　　اے طبیب جملہ علت ہائے ما

یہ اسی سوز عشق کی کسک تھی کہ رضا بریلوی گنگنا اٹھتے .................................. ؎

جان ہے عشق مصطفےٰ روز فزوں کرے خدا

جس کو ہر درد کا مزہ ناز دوا اٹھائے کیوں

تاہم عشق کا یہ بلند مرتبہ ہر کس و ناکس کا حصہ نہیں ہے محبت کا یہ وہ قصر رفیع ہے جس کی بلندی کو دیکھنے اور جھانکنے کے لئے بڑے بڑوں کے سروں سے ٹوپیاں گر پڑتی ہیں۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے 9/مدارج شمار کیے ہیں جس میں نواں درجہ محبت و عشق ہے حضرت کی ترتیب یہ

Marfat.com

ہے۔ (1) میل (2) رغبت (3) طلب (4) ولع (یعنی فریفتگی اور اچھی چیز کی تمنا) (5) صبابہ یعنی مطلوب کے نہ ملنے پر دل تنگ ہونا (6) ہوا (7) شغف (8) اغرام، یعنی طلب مطلوب میں اپنے آپ کو ہلاک کر دینے کے درپے ہو جانا (9) حب مطلق، یا عشق ............ (20)

منازل عشق کی اس صوفیانہ ترتیب کی روشنی میں عشق کے درجہ تک پہنچنے کے لئے پہلے آٹھ منزلوں کو طے کرنا ضروری ہے۔ جب کہ ہر منزل صبر آزما، زہرہ گداز، اور جان جوکھم میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ ان مدارج کے سر کئے بغیر اگر کوئی عشق کا دعویٰ کرے تو وہ اپنی قلعی آپ کھولے گا اپنا منہ آپ چڑھائے گا۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا　　　ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ ''عشق'' کا استعمال جائز ہے کہ نہیں اس میں مشائخ کے اختلافات ہیں۔ عشق کے تعلق سے پچھلے اوراق میں جو اس کی معنوی توجیہ اور اصطلاحی توضیح پیش کی گئی ہے اس کی بھی شقیں غماز ہیں کہ اس لفظ عشق کا استعمال مخلوق کے مناسب ہے خالق کے مناسب نہیں اور یہی احوط و اسلم راستہ ہے کہ خدا کی ذات کے لئے اس لفظ کے استعمال سے احتراز کیا جائے ............ چنانچہ اس سلسلے میں ایک جماعت کا نظریہ یہ ہے کہ بندہ کو حق تعالیٰ کا عشق ہو سکتا ہے۔ لیکن حق تعالیٰ کو کسی سے عشق ہو یہ سمجھنا جائز نہیں۔ ایک جماعت کا نظریہ یہ ہے کہ بندہ کا حق تعالیٰ پر عاشق ہونا بھی جائز نہیں۔ اس لئے کہ حد سے بڑھ جانے کا نام عشق ہے۔ اور حق تعالیٰ محدود نہیں۔ صوفیائے متاخرین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا عشق دونوں جہاں میں درست نہیں ہو سکتا۔ البتہ ادراک ذات کا عشق ممکن ہے مگر حق تعالیٰ کی ذات مدرک نہیں لہٰذا اس کی کسی صفت کے ساتھ ہی عشق و محبت درست ہو سکتا ہے۔ اس کی ذات کے ساتھ درست نہیں ہو سکتا۔ . .

حق تعالیٰ نے اپنی صفات و افعال کے ساتھ جب اپنے اولیاء پر احسان و کرم فرمایا تو بایں وجہ صفات کے ساتھ محبت کرنا درست ہو جاتا ہے، (21) اللہ تعالیٰ کو عاشق اور حضور پر نور ﷺ کو اس کا معشوق کہنا جائز ہے یا نہیں اس تعلق سے حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں ............

''ناجائز ہے کہ، معنیٔ عشق اللہ عزوجل کے حق میں محال قطعی ہیں ایسا لفظ بے ورود ثابت شرعی حضرت عزت کی شان میں بولنا ممنوع قطعی'' (تعلیمات اعلیحضرت ص 33 / بحوالہ فتاویٰ رضویہ جلد دہم) ذات سے نہ سہی صفات ہی سہی، خالق سے نہ سہی مخلوق ہی سے سہی جب عشق کا کانٹا دل میں چبھ جاتا ہے۔ جب محبت اپنے کمال کو پہنچ جاتی ہے تو عاشق محبوب کا بندۂ بے دام بن جاتا

Marfat.com

ہے۔اب تصور محبوب، ذکر محبوب کے بغیر اسے ایک پل بھی کل نہیں ملتا۔اس معرکے کو سر کرنے کے لئے وہ ہر طرح کی قربانی و جانبازی کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ مال و دولت، عزت و عظمت سب نچھاور کر دینے کا حوصلہ پیدا ہو جاتا ہے۔مثلاً حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کی محبت میں اپنا حسن اور مال و دولت قربان کر دیا۔ زلیخا کے پاس ستر اونٹوں کے بوجھ کے برابر جواہر اور موتی تھے جو عشق یوسفی میں نثار کر دیئے۔ جب بھی کوئی کہہ دیتا کہ میں نے یوسف علیہ السلام کو دیکھا ہے تو وہ اسے بیش قیمت ہار دیتی۔ یہاں تک کہ کچھ بھی باقی نہ رہا۔اس نے ہر چیز کا نام یوسف رکھ چھوڑا تھا۔اور فرط محبت میں یوسف علیہ السلام کے سوا سب کچھ بھول گئی تھی۔ جب آسمان کی طرف دیکھتی تو اسے ہر ستارے میں یوسف نظر آتا تھا۔ (22)

یہاں تک کہ محبوب سے نسبت رکھنے والی چیز محبوب سے تعلق رکھنے والا کا ہر کام اسے عزیز از جان ہوتا ہے۔ وہ کتا جو لیلیٰ کے کوچے میں رہتا تھا مجنوں اس کو چومتا اور نوازتا تھا، کبھی شکر آمیز گلاب اسے پلاتا۔ کبھی لپٹ کر جان نثار کرتا کسی شخص نے دیکھا اور کہا اے ناقص پاگل یہ کیسی مکاری ہے جو تو ہمیشہ کرتا ہے۔تو مجنون نے کہا تو مجسم نقش اور صورت ہے۔ اندر آ اور اس کو میری نظر سے دیکھ کہ یہ طلسم مولیٰ کا قائم کیا ہوا ہے یہ لیلیٰ کے کوچے کا محافظ ہے۔

آں سگے کہ گشت در کویش مقیم　　　　خاک پالیس بہ زشیران عظیم

وہ کتا جو اس کے کوچے میں مقیم ہے۔عظیم شیروں سے اس کے پیر کی خاک بہتر ہے (23)

محبوب کی ذات میں فنا ہو جانا، محبوب کے تصور میں گم رہنا۔محبوب کے ذکر و خیال میں کھو جانا بھی محبت کے تقاضے سے ہے۔ مجنوں سے کسی نے پوچھا۔ تیرا نام کیا ہے؟.......... بولا لیلیٰ!.......... ایک دن اس سے کسی نے کہا لیلیٰ مرگئی، مجنوں نے جواب دیا لیلیٰ نہیں مری وہ تو میرے دل میں ہے۔اور میں ہی لیلیٰ ہوں۔ ایک دن جب مجنوں کا لیلیٰ کے گھر سے گذر ہوا۔تو وہ ستاروں کو دیکھتا ہوا گذرنے لگا۔کسی نے کہا نیچے دیکھو شاید تمہیں لیلیٰ نظر آجائے مجنوں نے کہا میرے لئے لیلیٰ کے گھر کے اوپر چمکنے والے ستارے کی زیارت ہی کافی ہے .......... (24)

سچ کہا ہے شاعر مشرق نے۔

دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو　　　　عجب چیز ہے لذت آشنائی

طوفان کے آلام اور موجوں کے شدائد سے وہی صحیح معنی میں باخبر ہو سکتا ہے جو خود بھی طوفان

Marfat.com

کی المنا کی سے گذر چکا ہو، تھپیڑوں کے مدوجزر کا جسے تجربہ ہو چکا ہو، ساحل سمندر تماشہ بینوں کو کیا معلوم کہ اس پر کیا گذری، کیا بیتی، اسی طرح درد محبت کی لذتوں سے وہی لطف اندوز ہوسکتا ہے جو خود اس جانگسل رہگذر سے ہوکر آیا ہو، جسے جادۂ عشق کے سنگریزوں نے لہولہان کیا ہو جو مرد جانبازان زہرہ گداز مراحل سے گذر گیا وہ پھر ناز دوا اٹھانے کی بات نہیں کرتا، اس کی نظر میں آسائش حیات اور لذائذ دنیا کی کوئی وقعت نہیں رہتی وہ تو جلوہ جاناں کی نیرنگیوں میں ایسا گم ہوجاتا ہے کہ جدھر دیکھتا ہے جلوہ محبوب نظر آتا ہے، جدھر جاتا ہے تصور محبوب کی چاندنی اس کا سائبان ہوتی ہے یہاں تک کہ قبر کی تیرگیوں میں بھی وہ جلوۂ محبوب ہی کا اجالا دیکھتا ہے۔

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لیکے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لیکے چلے

اور جب قالب جلوۂ عشق کا نگارخانہ بن جاتا ہے، جسم کی سلطنت پر وہ گوہر مقصود روح بن کر حکومت کرنے لگتا ہے، اب اس کی حرکت وسکون اس کی نہیں ہوتی وہ تو جلوۂ محبوب کی تجلیات ہوتی ہیں۔ اب اس کو کشش غیر کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنے کی بھی مہلت نہیں ہوتی، اس چوکھٹ کی لذت آشنائی شاہی اعزاز سے بھی اسے مستغنی و بے نیاز کر دیتی ہے۔

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

(رضا)

Marfat.com

# حوالے

## عشق! حقیقت کے آئینے میں


| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | لغات کشوری | مطبع نول کشور | ص 492 |
| (2) | فیروز اللغات (اردو) | // // // | // ص482 |
| (3) | مصباح اللغات | // // // | // ص554 |
| (4) | لسان العرب، جلد دہم | مطبوعہ بیروت 1956ء | ص251 |
| (5) | // // // | // // // | // ص256 |
| (6) | المنجد | // // // | // ص7،5 |
| (7) | کشف المحجوب | داتا گنج بخش علی ہجویری | ص440 |
| (8) | // // // | // // // | // ص441 |
| (9) | // // // | // // // | // ص440 |
| (10) | مکاشفۃ القلوب | امام غزالی | ص84 |
| (11) | مدارج النبوت، ج اول | شیخ عبدالحق محدث دہلوی | ص515 |
| (12) | // // // | // // // | // ص516 |
| (13) | مکاشفۃ القلوب | امام غزالی | ص85 |
| (14) | فیضان سنت | مولانا الیاس قادری | ص146 |
| (15) | پیغام رضا کا، امام احمد رضا نمبر | 1996ء | ص16 |
| (16) | اقبال کے تصورات عشق وخرد | ڈاکٹر وزیر آغا | ص168 |
| (17) | کشف المحجوب | داتا گنج بخش علی ہجویری | ص444 |
| (18) | مثنوی مولانا روم | سب رنگ کتاب گھر دہلی | ص143,142 |
| (19) | سبع سنابل شریف<br>حضرت خواجہ میر عبد الواحد | میر عبدالواحد بلگرامی، رضوی<br>کتاب گھر دہلی (ملخصا) | ص244 تا246 |


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| (20) | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی (بحوالہ جذب القلوب) | ص165 |
| (21) | کشف المحجوب | داتا گنج بخش علی ہجویری | ص447تا448 |
| (22) | مکاشفۃ القلوب | امام غزالی | ص84 |
| (23) | مثنوی مولانا روم | مولانا جلال الدین رومی | ص65 |
| (24) | مکاشفۃ القلوب | امام غزالی | ص85 |


Marfat.com

# تصورِ عشق اسلام کی نظر میں

اللہ کی سرتا بقدم شان ہیں یہ — ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں — ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

تخلیق کائنات کا مقصد یہ بیان کیا گیا کہ اللہ کی عبادت و اطاعت کی جائے، اس کی ذات و صفات سے محبت کی جائے۔ بندہ اس کے ذکر وفکر میں ڈوبا رہے، محبت الٰہی میں بندہ اس کمال تک پہنچ جائے کہ اس کی اطاعت کی بجاآوری میں تکلف و مشقت معلوم نہ ہو۔ اللہ سے جتنی زیادہ محبت ہوگی اتنی ہی اس کے احکام کی بجاآوری آسان ہوگی۔ نیز یہ کہ اس کی عطا پر شاکر اور ابتلا پر صابر رہے۔ ایک حرف شکوہ ولفظ شکایت بھی زبان پر نہ لائے۔

حضرت **یحیٰ بن معاذ رازی** رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حقیقة المحبة لا ينقص بالجفاء و لا يزيد بالبر والعطاء۔ حقیقی محبت نہ ظلم سے کم ہوتی ہے اور نہ نیکی وعطاء سے بڑھتی ہے۔ (1)

چوں کہ راہ عشق میں کرم و جفا دونوں برابر ہیں اس لئے محب محبوب کی بلا میں خوش ہوتا ہے، وفا جفا کی مانند اور جفا وفا کی طرح معلوم ہونے لگتی ہے...... حضرت استاد ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ...... **المحبة محو المحب بصفاته و اثبات المحبوب بذاته** ۔محبت وہ ہے کہ وہ اپنی تمام صفتوں کو محبوب کی طلب اور اس کی ذات کے اثبات میں فنا کردے۔ (2)

حضرت **سهیل بن عبدالله تستری** رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ **المحبة معانقة الطاعات و مباينة المخالفات** ۔محبت یہ ہے کہ محبوب کی طاعتوں میں ہی ہم آغوش رہے۔ اور اس کی مخالفتوں سے ہمیشہ بچتا رہے۔ (3)

حضرت **الشاه ابوالحسین احمد نوری** مارہروی فرماتے ہیں کہ...... جاننا چاہئے کہ نسبت بہ خدا دو قسم پر ہے ایک عاشقانہ یعنی اس تعلق کا غلبہ جو عاشق کو معشوق کے ساتھ ہوتا

Marfat.com

ہے۔ پہلی نسبت خلیلی ہے۔ اور دوسری نسبت حبیبی۔ نسبت جیسی نسبت خلیلی یہ ہے کہ طالب کے تمام کام مطلوب کی مرضی کے مطابق انجام پائیں اور نسبت حبیبی یہ ہے کہ مطلوب کے جملہ امور طالب کے موافق وجود میں آئیں (4)

مومنوں کی محبت اللہ کے ساتھ یہ ہے کہ وہ اس کے احکام پر عمل کریں، اس کی عبادت کریں اور اس کی رضا کے طلبگار رہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی مومنوں کے ساتھ محبت یہ ہے کہ وہ ان کی تعریف کرے، انہیں ثواب عطا فرمائے، ان کے گناہوں کو معاف کرے، اور انہیں اپنی رحمت سے حسن توفیق، عفت وعصمت عطا فرمائے حدیث قدسی ہے کہ بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعہ میری نزدیکی چاہتا ہے، یہاں تک کہ میں اسے محبوب بنالیتا ہوں۔ جب وہ میرا محبوب ہو جاتا ہے تو میں اس کے کان، آنکھ، ہاتھ، پاؤں اور زبان بن جاتا ہوں، نیز حضور ﷺ فرماتے ہیں، جب خدا کسی بندے کو محبوب بنالیتا ہے تو جبرئیل امین سے فرماتا ہے اے جبرئیل میں نے فلاں بندے کو محبوب بنالیا ہے تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ جبرئیل بھی اس کو محبوب سمجھنے لگتے ہیں۔ اس کے بعد جبرئیل آسمان والوں سے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فلاں بندے کو محبوب بنالیا ہے۔ اے آسمان والو تم بھی اسے محبوب سمجھو، پھر وہ زمین والوں سے فرماتے ہیں تو زمین والے بھی اسے محبوب سمجھنے لگتے ہیں۔

اس حدیث مبارکہ سے اللہ تعالیٰ کی عنایات ونوازشات، اس کی رحمت ورافت کے بحر بیکراں کو سمجھا جاسکتا ہے۔ کوئی اپنے دامن میں محبت کے پھول سجا کر ذرا اس کی بارگاہ میں پیش ہو کر تو دیکھے۔ وہ کیسا رحیم وکریم اور کیسی نرالی شان کی محبت والا ہے۔ ایسا مہربان کہ اسے اپنے بندوں کی ناکردنی وناشدنی ظلم وزیادتی پر بھی پیار آتا ہے اور اس کی رحمت ومحبت داغ معاصی دھونے کے لئے بیقرار ومضطرب ہو جاتی ہے۔ اس کی معافی کا دامن اپنے خطا کار بندوں کو ڈھانپ لینا چاہتی ہے۔ حضرت شیخ میر عبدالواحد بلگرامی تحریر فرماتے ہیں۔

''اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو خلافت بخشی تو ان میں پہلے (ان کے لائق) معصیت اور لغزش پیدا فرمائی، اگر یہ لغزش ان میں نہ ہوتی تو اسماء اور صفات کا علم ان پر منکشف نہ ہوتا اور وہ لغزش کی وادی سے نہ گذرتے تو یکحم کی تجلّی یہ نہ کی صورت میں ان پر نہ ڈالی جاتی اور اگر ان میں تخم جرم کی اہلیت نہ ہوتی تو امانت کا بوجھ کس طرح اٹھالیتے۔ حضرت آدم کی لغزش فرشتوں کی معصومیت پر بازی لے

Marfat.com

گئی کہ انہیں مسجود ملائکہ بنایا گیا، اور چوں کہ فرشتوں کو گناہ سے کوئی سروکار نہ تھا اس لئے وہ اس سوال کی جرأت کر بیٹھے اور بولے اتجعل فیھا من یفسد فیھا اور یہ جواب پایا کہ انی اعلم مالا تعلمون۔ جو ہم جانتے ہیں تم کیا جانو۔''

کمال صدق محبت بہ بیں نہ نقص گناہ

کہ ہر کہ بے ہنر افتد نظر بعیب کند

تو کمال صدق کو دیکھ، گناہ کے نقص پر نظر نہ ڈال، اس لئے کہ جو بے ہنر ہوتا ہے اسی کی نظر دوسروں کے عیبوں پر پڑتی ہے۔ جب کہ یہی معصیت، رافت و رحمت، اور مغفرت کے خزانوں کی کنجی، اور حسرت وندامت اور معذرت کا وسیلہ ہے (5)

اس میں کوئی دو رائے نہیں اور اس حقیقت سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں کہ معراج بندگی، اعزاز زندگی اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت ہے اللہ کی محبت اللہ کی رحمت و رضا کے حصول کا قوی اور توانا تر ذریعہ ہے اور تخلیق انسانی کا مقصد بھی یہی ہے کہ بندہ خدا سے محبت کرے۔ قرآن کریم کی متعدد آیات اور حدیث نفیس کی بکثرت روایات اس پر شاہد عدل ہیں۔ اس سے کچھ لوگ لغزش فہم وفکر کا شکار ہو گئے اور وہ رسول کی محبت سے ہٹ کر صرف اور صرف خدا کی محبت پر زور دینے لگے، ان کے نزدیک توحید ہی سب کچھ ہے۔ رسالت کی اتنی اہمیت نہیں جتنی اسلام و ایمان کا مراد و مقصود ہے۔ حالانکہ رسول کی محبت سے ہٹ کر خدا کی محبت کی کچھ حیثیت و اہمیت نہیں ہے۔ توحید وہی مقبول بارگاہ ہے جو رسالت کے حسین غلاف میں لپٹی ہوئی ہو، خدا کی وہی محبت کارآمد اور نتیجہ خیز ہے۔ جو در مصطفےٰ سے حاصل ہو۔ محب سے ترقی کر کے محبوب تک پہنچنا حضور کی پوری اطاعت کے بغیر ناممکن ہے۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ۔ **لوکان موسیٰ حیا لما وسعه الا اتباعی** اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو انہیں میری اتباع کے سوا چارہ نہ ہوتا۔ اور کوئی محب محبوبیت کا خواہشمند ہو خدا رسیدہ نہیں ہو سکتا مگر کسی محبوب کے وسیلے سے۔

حضرت **سید مخدوم اشرف** جہاں گیر سمنانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''جان لو کہ ازلی محبت حقیقت مصطفویہ کی کشش میں ایسی ہے۔ جس طرح مقناطیس کی خاصیت لوہے کی کشش میں، جس طرح مقناطیس اپنی صفت یعنی خاصیت کشش کو اپنے متصل لوہے کو بخش دیتا ہے تاکہ وہ دوسرے لوہے کو کھینچ سکے۔ اسی طرح ہر کشش والی چیز کی خاصیت اس کے کشش کردہ میں سرایت کر جاتی ہے۔ روح محمدی

Marfat.com

نے (علی صاحبھا الصلوٰۃ والسلام) جو اللہ تعالیٰ کی محبوب و کشش کردہ ہے۔اہل ایمان کی ارواح کی کشش کی خاصیت محبّ ازلی کے مقناطیس سے بدرجۂ اولیٰ حاصل کی، اور ہزار ہا ارواح مومنین کو دنیا کے گوشوں سے اپنی جانب کھینچ لیا۔اور ان میں سے ہر ایک نے اپنی استعداد کے موافق اس خاصیت سے حصہ پایا اور ارواح تابعین کو اپنی طرف کھینچا۔اس طرح ہر دور کے مشائخ و علماء عارفین تک یہ خاصیت منتقل ہوئی۔اور ہر مرید خود مراد ہو گیا یہ سب حضرت رسول کریم ﷺ کی اتباع کی برکت ہے (6)

حضرت کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ روح محمدی محبت الٰہی کی کشش سے فیضیاب ہوئی اور علماء مشائخ آپ کی اتباع سے ہی فیوض ربانی کے مرکز بنتے اور محبوبیت و ولایت کے منصب پر فائز ہوتے ہیں۔ یہ سب کمالات محمدی کے جلوے ہیں۔جس کی تحصیل آپ کی اتباع کے بغیر ممکن نہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی محبت حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات کی محبت کے ساتھ مشروط ہے۔بغیر حضور کی محبت کے خدا کی محبت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔محبوبیت کے منصب سے سرفراز ہونا تو بہت دور کی بات ہے شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ ؎

مپندار سعدی کہ راہ صفا

تواں رفت جز برپئے مصطفےٰ

اے سعدی تم گمان بھی مت کرو کہ صفا (خدا کی محبت) کا راستہ حضور محمد ﷺ کی پیروی کے بغیر طے کر سکتے ہو۔صاف ظاہر ہے کہ خدا تک وصول کے لئے حضور کی محبت کا حصول لازمی اور بنیادی عنصر ہے۔اسی مفہوم کو حضرت رضا بریلوی نے یوں الفاظ کے پیکر میں ڈھالا ہے۔ ؎

بخدا خدا کا یہی در نہیں اور کوئی مفر مقر

جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

قرآن حکیم کے مقدس ارشادات اور حدیث مبارک کے منور فرمودات جو اس سلسلے میں وارد ہیں ان سے دینیات کا ورق ورق مزین ہے۔چونکہ آپ کی اطاعت و اتباع ہی روح اسلام ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں آپ کی محبت و اطاعت پر بہت زور دیا ہے۔صرف چند آیات پارے اور رکوع کے حوالے کے ساتھ پیش ہیں۔

(1) قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و یغفر لکم ذنوبکم و اللہ غفور

Marfat.com

الرحیم . قل اطیعو اللہ والرسول فان تولو فان اللہ لایحب الکافرین۔(پ۳،ر۱۱)

اے محبوب تم فرمادو کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرماں بردار ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔ اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تم فرمادو کہ حکم مانو اللہ اور رسول کا۔ پھر اگر وہ منہ پھیریں تو اللہ کو خوش نہیں آتے کافر (ترجمہ کنزالایمان)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق اور دوستی قائم کرنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا اتباع ضروری ہے۔ یعنی اگر کوئی اللہ کو محبوب بنانا چاہے تو اس کے رسول کی پیروی کرے اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب بندہ بنالے گا۔ اس کے برعکس جو لوگ رسول اکرم ﷺ کا اتباع نہیں کرتے اور آپ کے طریقہ کار کو نہیں اپناتے تو ان کا دعویٰ محبت جھوٹا ہے۔ کیونکہ ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص کوئی ایسا عمل کرے جس پر ہمارا حکم نہ ہو تو وہ مردود ہے۔ اسی لئے اس آیت میں کہا گیا ہے کہ اگر تم خدا سے محبت رکھنے کے دعویٰ میں سچے ہو تو میری سنتوں پر عمل کرو۔ تو اس وقت وہ تمہارا چاہنے والا بن جائے گا۔ بعض صوفیا کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تیرا چاہنا کوئی بات نہیں، لطف تو اس وقت ہے کہ خدا تجھے چاہنے لگ جائے۔

ہر جفا ہر ستم گوارہ ہے　　اتنا کہدے کہ تو ہمارا ہے

غرض خدا کی محبت کی نشانی یہی ہے کہ ہر کام میں اتباع سنت کو مدنظر رکھا جائے۔ پھر آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے طریقے کی مخالفت کفر ہے۔ یعنی ایسے لوگ خدا کے دوست نہیں ہوسکتے جو نبی اکرم ﷺ کی پیروی نہ کریں۔

**(2) تلک حدود اللہ ومن یطع اللہ ورسولہ یدخلہ جنت تجری من تحتھا الانھر خلدین فیھا و ذالک الفوز العظیم (۴/۱۲)**

یہ اللہ کی حدیں ہیں اور حکم مانے اللہ اور اللہ کے رسول کا، اللہ اسے باغوں میں لے جائے گا جس کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اور یہی ہے بڑی کامیابی (کنزالایمان)

زندگی گذارنے کے ضابطے، قرآنی احکام اور سنت رسول ﷺ کی صورت میں ہر ایک کے سامنے موجود ہیں، جنہیں حدود اللہ کہا گیا ہے اور جو شخص ان حدود میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا تو اسے آخرت میں جنت میں داخل کیا جائے گا اور یہ اطاعت رسول کا انعام ہوگا، رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔ کہ ایک شخص ستر سال تک نیکی کا عمل کرتا رہے لیکن موت سے پہلے اپنی وصیت میں ظلم وستم کر جاتا ہے تو اس طرح اس کا خاتمہ برے عمل یعنی خلاف سنت اعمال پر ہو تو

Marfat.com

وہ جہنمی بن جاتا ہے۔اور ایک شخص ستر سال تک برائی کا عمل کرتا رہتا ہے لیکن اپنی وصیت میں اتباع سنت سے کام لیتا ہے تو اس کا خاتمہ بہتر ہوا۔تو وہ جنت میں جائے گا،معلوم ہوا کہ انسانی کامیابی اسی میں ہے کہ قیامت کے روز انسان بارگاہ الٰہی میں سرخرو ہو اور اس کا طریقہ اللہ تعالیٰ نے یہی بتایا ہے کہ اس کی اور اس کے رسول کی اتباع کی جائے،اور یہی کامیابی کی دلیل ہے۔

(3) قل اطیعو اللہ و اطیعو الرسول فان تولو ا فانماعلیہ ما حمل و علیکم ماحملتم و ان تطیعوہ تھتدو ا وما علی الرسول الا البلاغ المبین (۱۲/۱۸) تم فرماؤ حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا پھر اگر تم منہ پھیرو تو رسول کے ذمہ وہی ہے جو اس پر لازم کیا گیا ہے اور تم پر وہ ہے جس کا بوجھ تم پر رکھا گیا۔اور اگر رسول کی فرماں برداری کرو گے،راہ پاؤ گے۔اور رسول کے ذمہ نہیں مگر صاف پہنچانا ( کنزالایمان ) منافقین کا رویہ یہ تھا کہ آپ کے پاس آ کر قسمیں کھاتے کہ ہم ہر طرح سے آپ کی اطاعت میں ہیں حالانکہ وہ سچے دل سے اطاعت نہیں کرتے تھے، بلکہ ان کی اطاعت زبان کی حد تک محدود تھی، عملی طور پر وہ مومن نہ تھے،ان کے اس طرز عمل پر اللہ تعالیٰ نے انہیں تاکید کی کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو،قرآن اور سنت کے مطابق اپنی زندگی کو بسر کرو اور اگر تم اتباع سنت سے منہ موڑ لو اور اسے چھوڑ دو تو تمہارے اس گناہ کا وبال میرے نبی پر نہیں بلکہ تم پر ہے۔اس لئے ہدایت پر آ جاؤ اور ہدایت صرف اتباع رسول میں ہے بخاری شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے کہ

( عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال والذی نفسی بیدہ لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے (قدرت) میں میری جان ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں بن سکتا جب تک میں اسے اس کے والدین اور اس کی اولاد سے عزیز تر نہ ہوں (7)

بخاری و مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے

عن انس قال قال رسول اللہ ا لا یومن احدکم حتیٰ اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اسے والدین،اولاد،اور دنیا بھر کے لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو (8)

Marfat.com

اس حدیث کے تحت حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں (فارسی سے ترجمہ)

''یعنی مومن کامل کے ایمان کی نشانی یہ ہے کہ مومن کے نزدیک رسول اللہ ﷺ تمام چیزوں اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب و معظم ہوں۔ اس حدیث میں حضور ﷺ کے زیادہ محبوب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ حقوق کی ادائیگی میں حضور ﷺ کو اونچا مانے۔ اس طرح کہ حضور کے لائے ہوئے دین کو تسلیم کرے حضور ﷺ کی سنتوں کی پیروی کرے۔ حضور کی تعظیم و ادب بجالائے۔ اور ہر شخص اور ہر چیز، یعنی اپنی ذات، اپنی اولاد، اپنے ماں باپ، اپنے عزیز و اقارب، اور اپنے مال و اسباب پر حضور کی رضا و خوشی کو مقدم رکھے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ اپنی ہر پیاری چیز، یہاں تک کہ اپنی جان کے چلے جانے پر راضی رہے، لیکن حضور کے حق کو دبتا ہوا گوارہ نہ کرے''۔

(اشعۃ اللمعات، ج ا ص ۴۷)

اور حضرت ملا علی قاری اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

''اس حدیث میں محبت سے مراد محبت ایمانی ہے جو آپ کی بزرگی، قدر و عظمت اور آپ کے احسان و مہربانی کے سبب (قلب مومن میں) پیدا ہوئی ہے۔ محبت ایمانی کا تقاضہ یہ ہے کہ محب اپنے محبوب کی تمام خواہشوں کو دوسرے لوگوں یہاں تک کہ اپنے عزیز، اور خود اپنی ذات کی اغراض پر ترجیح دے۔ اور چونکہ حضور ﷺ محبت کئے جانے کے تمام اسباب یعنی، خوب صورتی، خوش خلقی، کمال بزرگی، اور کمال احسان کے جامع ہیں۔ اور ایسے جامع ہیں کہ آپ کے سوا کوئی دوسرا اس جامعیت کو نہیں پہنچ سکتا لہٰذا آپ ہر مومن کے نزدیک اس کے نفس سے بھی زیادہ محبوب ہونے کے مستحق ہیں۔ تو مومن کے تئیں اس کے غیر سے بدرجۂ اولیٰ آپ محبوب ہوں گے خاص کر اس صورت میں کہ آپ اس محبوب حقیقی یعنی خدائے تعالیٰ کی طرف سے رسول ہیں۔ اور خدا تک پہنچانے والے، اور اس کی بارگاہ جبروت میں عزت و عظمت والے ہیں''...... (مرقاۃ شرح مشکوۃ ج 1 ص 64)

مسلم شریف نے ایک باب ہی باندھا ہے جس کا عنوان ہے۔ باب وجوب محبۃ رسول اللہ ﷺ اکثر الولد والوالد والناس اجمعین و اطلاق عدم الایمان علیٰ من لم یحبہ ھذہ المبحۃ۔

باب، رسول اللہ ﷺ سے بی بی، اولاد، ماں، باپ، اور سب لوگوں سے زیادہ محبت رکھنا واجب ہے اور جس کو ایسی محبت نہ ہو۔ وہ مومن نہیں'' اور اس کے نیچے وہی حدیث ذکر کی ہے جو

Marfat.com

حضرت انس کی روایت، بخاری شریف کے حوالے سے گذری، اس حدیث کے ذیل میں مولانا وحید الزماں، شرح نووی کے حوالے سے تحریر کرتے ہیں۔

'' خطابی نے کہا مراد وہ محبت نہیں ہے جو طبعی ہوتی ہے اور غیر اختیاری، بلکہ مقصود محبت اختیاری ہے، تو مطلب یہ ہے کہ رسول خدا ﷺ کی اطاعت اور آپ کے ارشاد کی تعمیل سب چیزوں سے مقدم رکھے، ماں باپ، بی بی، اولاد، آشنا، یہ سب اگر ناراض ہو جائیں تو قبول کرے، پر خدا اور رسول کی نافرمانی ہرگز اختیار نہ کرے، یہی محبت صادقہ ہے جس پر ایمان کا مدار ہے۔ ابن بطال اور قاضی عیاض نے کہا، محبت تین قسم کی ہوتی ہے، ایک تو محبت بزرگی کی وجہ سے، جیسے بیٹے کو باپ سے ہوتی ہے۔ اور شاگرد کو استاذ سے۔ دوسری محبت شفقت اور پیار کی جیسے ماں ، باپ کو اولاد سے ہوتی ہے۔ تیسری محبت، ہم شکل اور ہم خیال ہونے کی، جیسے دوست آشناؤں سے ہوتی ہے، تو حضور ﷺ نے ان تمام محبتوں کو جمع کیا ہے، ابن بطال نے کہا حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کا ایمان کامل ہو وہ اس بات کا یقین کرے گا کہ رسول اللہ ﷺ کا حق اس پر زیادہ ہے ، اس کے باپ اور بیٹے کے حق سے۔ کیوں کہ رسول اللہ ﷺ کے طفیل سے ہم کو جہنم سے نجات ملی ہے، اور ہم نے گمراہی سے نکل کر ہدایت پائی ہے.......... قاضی عیاض نے کہا رسول اللہ ﷺ کی محبت میں سے یہ بات بھی ہے کہ آپ کی سنت کی مدد کرنا اور آپ کی شریعت پر جو اعتراض کرے اس کا جواب دینا، اور آپ سے ملنے کی آرزو کرنا، اگر چہ جان اور مال سے تصدق ہو جائے اور جب یہ بات معلوم ہوئی تو یہ بات ثابت ہوئی کہ ایمان کی حقیقت پوری نہیں ہوتی بغیر اس محبت کے اور ایمان صحیح نہیں ہوتا جب تک رسول اللہ ﷺ کی قدر و منزلت، ماں، باپ، بزرگ، محسن (سے) زیادہ دل میں نہ ہو اور جس کا یہ اعتقاد نہ ہو۔ وہ مومن نہیں ہے۔ (9)

(4) بخاری و مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک طویل حدیث مروی ہے جس کا پہلا ٹکڑا ہے۔'' قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث من کن فیه وجد بھن حلاوت الایمان من کان اللہ و رسوله احب الیه مما سوا ھما

فرمایا نبی ﷺ نے کہ جس میں تین خصلتیں ہوں وہ ایمان کی لذت پالے گا۔'' اس کی تشریح میں حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں۔

'' جیسے جسمانی غذاؤں میں مختلف لذتیں ہیں۔ ایسے ہی روحانی غذاؤں ایمان و اعمال میں بھی مختلف مزے ہیں۔ اور جیسے ان غذاؤں کی لذتیں وہی محسوس کرسکتا

Marfat.com

ہے جس کے حواس ظاہری درست ہوں، ایسے ہی ان ایمانی غذاؤں کی لذتیں وہی محسوس کر سکتا ہے جس کی روح درست ہو، اور جیسے ظاہری حواس درست کرنے کی مختلف دوائیں ہیں ایسے ہی ان حواس کی درست کرنے والی روحانی دوائیں ہیں۔ اس حدیث میں انہی دواؤں کا ذکر ہے۔ حضور جسمانی وروحانی حکیم مطلق ہیں۔ جو ایمان کی حلاوت پالیتا ہے وہ بڑی بڑی مشقتیں خوشی سے جھیل لیتا ہے جاڑوں کی نماز، جہاد، خنداں پیشانی سے ادا کرتا ہے۔ کربلا کا میدان اس حدیث کی زندہ جاوید تفسیر ہے۔ لذت ہی ہر مشکل کو آسان کرتی ہے۔ اسی سے رضا بالقضا نصیب ہوتی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور سے اللہ والی محبت چاہئے (10)

حضرت **سهيل تستری** علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

''جس نے اپنے تمام احوال میں رسول اللہ ﷺ کی ولایت نہ دیکھی اور خود کو حضور کی ملکیت نہ جانا اس نے سنت کی چاشنی نہ چکھی'' (11)

ان تمام احادیث وتشریحات سے یہ بات حقیقت کے اجالے میں آ گئی کہ اصل حیات مدار ایمان، اور بنیاد نجات حضور ﷺ کی محبت واطاعت ہی کا ثمرہ ونتیجہ ہے۔ یہاں تک کہ حضور ﷺ کو اپنا والی اور اپنی جان کا مالک ماننا ضروری ہے۔ ورنہ ایسا شخص سنت کی لذت سے محروم ہی رہے گا۔ اور جو سنت کی لذت سے محروم رہے اسے محبت کی حلاوت کہاں سے نصیب ہوگی۔ محبت کی حلاوت اور جنت کی سکونت تو صرف غلامان مصطفٰے اور محبان رسول مجتبٰی کے لئے ہے جو حضور ﷺ سے سچی محبت کرے جنت اس کا ٹھکانہ ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی یا رسول اللہ قیامت کب ہوگی؟ حضور نے فرمایا تو نے قیامت کے لئے کتنے اعمال کی تیاری کر رکھی ہے؟ مطلب یہ کہ قیامت کے بارے میں کیوں پوچھتے ہو عمل کرو۔ تاکہ روز قیامت تمہارے کام آئے۔ اس نے عرض کیا۔ ''میں نے قیامت کے لئے نماز، روزہ اور صدقہ وغیرہ اعمال کی کثرت تو کی نہیں ہے۔ البتہ میں خدا کو اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہوں۔ حضور نے فرمایا۔ ''**انت مع من احببت**'' تو اس کے ساتھ ہوگا۔ جس سے تو محبت رکھتا ہے (12)

حضرت صفوان بن قدامہ سے مروی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت کی اور بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ مجھے اپنا دست مبارک دیجئے۔ تاکہ میں آپ کی بیعت کروں۔ حضور نے اپنا دست مبارک مجھے دیا میں نے عرض کیا۔ ''یا رسول

Marfat.com

اللہ احبک'' قال المرءُ مع من اَحب' 'یارسول اللہ میں آپ کو محبوب رکھتا ہوں۔فرمایا آدمی جس سے محبت رکھتا ہے اسی کے ساتھ ہوگا۔ (13)

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص بارگاہ نبوت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا یارسول اللہ آپ میرے نزدیک میرے اہل مال اور اولاد و جان سے زیادہ محبوب ہیں۔جب آپ کی یاد مجھے ستاتی ہے تو صبر نہیں آتا جب تک حاضر ہو کر آپ کے جمال مبارک کو نہ دیکھ لوں۔اور میں جب اپنی موت کو اور آپ کے رحلت فرمائے جانے کو یاد کرتا ہوں اور یہ سوچتا ہوں کہ جب آپ جنت میں داخل ہوں گے تو آپ کو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مقام اعلیٰ وگرامی تر پر فائز کیا جائے گا۔ اور اگر میں جنت میں گیا بھی تو وہاں حضور کی زیارت کیسے میسر آئے گی۔اس پر حق تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمایا من یطیع اللہ و الرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبین و الصدیقین۔(جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے، جن نبیوں اور صدیقوں پر اللہ نے انعام فرمایا) اس کے بعد حضور نے اس شخص کو بلایا اور یہ آیت سنا کر مژدہ دیا.......... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا۔من احبنی کان معی فی الجنتہ'' جو مجھ سے محبت رکھتا ہے وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا (14)

پیارے نبی کے ان پیارے ارشادات کی روشنی میں یہ امر محقق ہوگیا۔کہ جنت آپ کی محبت کے ثمرات و برکات ہیں۔اور یہ کہ آپ اللہ کے ایسے محبوب ہیں کہ جو ان کا محبوب ہو جائے وہ خدا کا بھی محبوب ہو جاتا ہے جبھی تو جنت اس کی قسمت ہو جاتی ہے۔نیز اس سے حضور کے اختیار کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ آپ اپنے جس غلام سے خوش ہو جائیں اسے جنت بخشدیں اور صحابہ کرام کو اپنے پیارے نبی ﷺ سے جو عشق تھا اس کا بھی پتہ چلتا ہے کہ محبوب دو جہاں کے جمال جہاں آرا کے دیدار کے بغیر جنت میں بھی انہیں سکون و قرار نہیں۔حضور اپنے چاہنے والوں کو کتنا نوازتے ہیں کہ جنت کی رفاقت تک عطا فرمادیتے ہیں۔یہ سب صدقہ اور ثمرہ ہے نبی کونین ﷺ کی اطاعت و اتباع کا۔حضرت قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ۔

''حب رسول اس اعتقاد کو کہتے ہیں کہ اجراء سنت میں آپ کی معاونت اور مدد کو لازم جانے،اور سنت کی پیروی کر کے مخالفین سنت کی مخالفت ہی نہیں بلکہ ان کی بیخ زنی کرے۔اور مخالفت سنت سے خوفزدہ رہے (15)

اللہ تبارک وتعالیٰ کو اپنے محبوب سے ایسا پیار ہے کہ آپ کی ایک ایک ادا اور آپ کے ایک

Marfat.com

ایک طریقہ کو شریعت کا قانون بنا کر ہمیشہ کے لئے محفوظ فرما دیا۔ اور ایسا کیوں نہ ہو کہ کل کائنات میں آپ کی ذات سب سے محبوب ترین ہے۔ حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ کنت کنزا مخفیا، میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا فاحببت ان اعرف پس مجھے محبت آئی کہ میری معرفت ہو، میرا عرفان ہو۔ فخلقت الخلق، تو پھر میں نے ایک مخلوق کو پیدا کیا۔ حضور فرماتے ہیں۔ اول ما خلق اللہ نوری، سب سے پہلے اللہ نے میرے نور کو پیدا فرمایا۔ تو حضور ہی اول خلق ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ یہ مخلوق میں نے کیوں پیدا کی ہے؟ کائنات کو کیوں پیدا کیا ہے؟ اس لئے پیدا کیا ہے کہ عرفان کی محبت تقاضا کرتی تھی، اللہ کی محبت اس بات کو چاہتی تھی کہ اس کی معرفت حاصل ہو۔ اور معرفت الٰہی کو سب سے زیادہ اس ذات نے حاصل کیا ہے جو سب سے پہلی مخلوق ہے۔ تو عرفان الٰہی گویا محبت الٰہی کی بنیاد ہے اور اسی محبت عرفان، حب عرفان کی وجہ سے کائنات کو پیدا کیا۔ اور اللہ کی معرفت پوری کائنات میں سب سے زیادہ میرے آقا و مولیٰ ﷺ کو حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے عرفان اس کے لئے پیدا کیا ہے۔ اس عرفان میں سب سے آگے میرا رسول ہے اس لئے سب سے زیادہ محبوب ہے۔ یعنی آپ کا محبوب ہونا اس بنیاد پر ہے کہ اس کائنات کی تخلیق کی وجہ، معرفت الٰہی تھی اور معرفت الٰہی سب سے زیادہ سب سے کامل تر آپ کو حاصل ہوئی۔ اس لئے اللہ کو یہی بات تو محبوب تھی جس کو سب سے زیادہ معرفت ہوئی اللہ نے اسی کو سب سے بڑا محبوب بنا لیا اور لطف بالائے لطف یہ کہ آپ کی محبت کو اصل ایمان قرار دیدیا ہے، پچھلے اوراق میں یہ بات آچکی ہے کہ ایمان نام ہے رسول کی محبت کا۔ کچھ حضرات اس آیت سے دھوکہ کھا گئے والذین آمنو اشد حبا للہ ایمان والے اللہ سے بڑی محبت کرتے ہیں ایمان نام ہے اللہ کی محبت کا اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ اللہ کی محبت سے رسول کی محبت کو جدا نہیں کیا جا سکتا۔ اس دل میں محبت خدا آ ہی نہیں سکتی جس دل میں محبت رسول نہ ہو اس لئے کہ اللہ اور رسول کی محبت میں دوئی اور تفریق کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ اللہ کی اطاعت رسول کی اطاعت، رسول کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔ استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم اللہ اور رسول کی پکار پر حاضر ہو جاؤ جب وہ تمہیں پکاریں، پکارا تھا رسول نے مگر رسول کی پکار کو خدا اپنی پکار فرما رہا ہے۔ و ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ۔ اور جب کنکری پھینکی تو تم نے نہ پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی۔ کنکری پھینکا رسول نے مگر رسول کے پھینکنے کو خدا اپنا پھینکنا فرما رہا ہے۔ و انہ لقول رسول کریم بے شک قرآن رسول کریم کا کلام ہے۔ دنیا جانتی ہے قرآن خدا کا کلام ہے مگر خدا اپنے کلام کو اپنے محبوب کا کلام فرما رہا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس۔ بالکل

Marfat.com

اسی طرح خدا کی محبت رسول کی محبت اور رسول کی محبت خدا کی محبت ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ والذین آمنوا اشد حبا للہ وہ لوگ جو ایمان لا چکے اللہ سے بڑی محبت کرتے ہیں.......... اللہ سے بڑی محبت کون کرتے ہیں وہ جو ایمان والے ہیں، تو ایمان لانے کے بعد خدا کی محبت ملی۔ مگر ایمان کیسے ملا۔ تو جواب ملا۔ ایمان ملا ہے رسول کی محبت سے، تو رسول کی محبت کا نام ہے ایمان۔ خدا کی محبت کا نام ہے ایمان کا نتیجہ، رسول کی محبت ہے جڑ، اللہ کی محبت ہے ثمر ایسا کیسے ہوسکتا ہے کہ رسول کی محبت نہ ہو اور ایمان مل جائے۔ ایمان رسول کی محبت کا نام ہے۔ تو زندگی و بندگی کا حاصل، ایمان و اعمال کی اصل صرف حضور کی کی محبت ہے۔ اور محبت کا مرکز حسن ہے اللہ تعالیٰ نے اٹھارہ ہزار کائنات کو اپنے حسن کا آئینہ بنایا ہے ہر قطرے میں اسی کا حسن چمک رہا ہے تمام اٹھارہ ہزار کائنات خدا کے حسن کی ہی جلوہ گاہ ہے۔ ہر ذرہ خدا کی ہستی کی دلیل ہے۔ لیکن یہ سب خاموش دلیلیں ہیں۔ ایسی خاموش کہ درخت و چاند و سورج وغیرہ کو پوجا جاتا رہا مگر یہ خاموش رہے یہ سب خدا کی ہستی کی دلیل ہیں مگر بولتے نہیں۔ حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''اٹھارہ ہزار کائنات میں خدا کے حسن کے جلوے پھیلے ہوئے ہیں۔ خدا نے ان سارے جلوؤں کو سمیٹ کر ایک انسان کے دامن میں رکھا، انسانیت کا حسن پھیلا ہوا تھا تمام جہاں انسانیت کے حسن کو سمیٹا اور ایک نبی کے دامن میں رکھ دیا۔ نبوت کی کائنات بھی پھیلی ہوئی تھی۔ آدم علیہ السلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء کے اندر وہ حسن سمٹ کر آیا۔ تو جس خدا نے اٹھارہ ہزار کائنات کا حسن سمیٹا اور ایک انسان میں رکھ دیا۔ اور دنیائے انسانیت کا حسن سمیٹا اور نبی کے دامن میں رکھ دیا۔ اور دنیائے نبوت کے حسن کو سمیٹا تو کیا کیا؟ رخسار مصطفےٰ میں رکھ دیا۔

رخ مصطفےٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ ہماری چشم خیال میں نہ دکان آئینہ ساز میں'' (16)

حضور فرماتے ہیں۔ انا مرأۃ جمال الحق ۔ میں حق کے جمال کا آئینہ ہوں۔ محبت کا مرکز حسن ہوتا ہے اور خدا کے حسن کی جلوہ گاہ حضور کی ذات مقدسہ ہے تو اسی مرکز حسن کی طرف محبت جائے گی۔ اور جب تک محبت وہاں نہ جائے محبت پیدا ہو ہی نہیں سکتی۔ پتہ چلا رسول کی محبت خدا کی محبت سے الگ ہو ہی نہیں سکتی۔ خدا کے حسن کی جلوہ گاہ محمد مصطفےٰ کی درسگاہ ہے لہٰذا جب تک حضور کی محبت نہ ہو خدا کی محبت کیسے ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

اب رہی یہ بات کہ حضور کی محبت کی علامتیں اور نشانیاں کیا ہیں؟ تو اس سلسلے میں مختلف عشاقان جمال محمدی نے مختلف نشانیاں تحریر و تجویز کی ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب نے حضور کی محبت کی تیرہ علامتیں ذکر کی ہیں۔ (17)

ان میں سے دو، ایک یہ ہیں

(1) حضور نے فرمایا حبک الشیٔ یعمی و یصم (بخاری، ادب المفرد بسند صحیح)

کسی کو کسی سے محبت ہو جاتی ہے تو وہ محبت اس کو محبوب کا عیب دیکھنے سے اندھا، محبوب کا عیب سننے سے بہرہ کر دیتی ہے،............ اس حدیث مقدس سے محبت کا معیار صحیح معلوم ہوا کہ مدعیٔ محبت کی آنکھ اور کان، محبوب کا عیب دیکھنے اور سننے سے پاک ہو۔ عقل سلیم کے نزدیک بھی محبت کا معیار یہی ہے کیوں کہ محبت مرکز حسن و جمال ہے یہ ممکن ہی نہیں کہ محبت والی آنکھ کو محبوب کی ذات میں کوئی عیب نظر آئے اگر کسی کو محبوب میں عیب نظر آتے ہوں تو وہ اپنے دعویٰ محبت میں جھوٹا ہے، محبت والی آنکھ کو محبوب کا واقعی عیب نظر نہیں آتا اور حضور ﷺ تو بے عیب ہیں۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت مآب میں عرض کرتے ہیں۔

واحسن منک لم ترقط عینی    واجمل منک لم تلد النساء

خلقت مبرا من کل عیب    کانک قد خلقت کما تشاء

یا رسول اللہ ﷺ میری آنکھ نے آپ سا حسین و جمیل اور کوئی نہیں دیکھا۔ کیوں کہ آپ سا حسین و جمیل کسی ماں نے جنا ہی نہیں۔ آپ تو ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں۔ گویا کہ آپ ایسے پیدا کئے گئے ہیں جیسا کہ آپ خود چاہتے تھے۔

مولانا شفیع اوکاروی رقمطراز ہیں۔

"خدا کی قسم! حضور تو محمد ہیں۔ اور محمد کے معنیٰ ہی بے عیب ہیں۔ تو جس نے محمد کے اندر عیب مانا اس نے محمد کو محمد ہی نہیں مانا۔ حضور کو محمد وہی مانتا ہے جو حضور کو بے عیب مانتا ہے (ﷺ) پس ثابت ہوا کہ تمام فرقوں میں وہ فرقہ اپنے دعویٰ محبت میں سچا ہے جو حضور ﷺ کو تمام عیوب و نقائص سے منزہ اور پاک مانتا ہے" (18)

2۔ حضور کی محبت کی دوسری علامت ............ حضور ﷺ فرماتے ہیں۔ من احب شیئا اکثر ذکرہ جس کو جس چیز سے محبت ہوتی ہے وہ اکثر اسی کا ذکر کرتا ہے۔ (زرقانی علی المواہب ج6 ص 314)

Marfat.com

پس جس کو حضور ﷺ سے جتنی زیادہ محبت ہوگی۔ وہ اتنا ہی کثرت سے آپ کا ذکر کرے گا۔ معلوم ہوا کہ آپ کا کثرت سے ذکر کرنا تقاضائے محبت وایمان ہے۔

علامہ محاسبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''حضور ﷺ کی محبت کی علامتوں میں سے یہ ہے کہ آپ کے ذکر شریف کے وقت آپ کی تعظیم کی جائے اور خصوصاً آپ کے نام مبارک کے سننے کے وقت خشوع و خضوع اور عاجزی وانکساری کا اظہار کیا جائے ......... آپ کا محب آپ کے ذکر شریف سے روحانی لذت وسرور پائے۔ اور آپ کے نام مبارک کے سننے کے وقت خوش ہو (زرقانی علی مواہب ص 322,315)

اب ان لوگوں کی حالت کا اندازہ کیجئے جو آپ کے ذکر پاک، فضائل وکمالات، صورت و سیرت کے بیان سے مسرور شاداماں نہیں۔ بلکہ دل تنگ ہوتے ہیں۔ کیا ان کا آپ کے ذکر پاک سے دل تنگ ہونا ایمان ومحبت سے محروم ہونے کی کھلی ہوئی دلیل نہیں جو شخص کسی کو محبوب رکھتا ہے تو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کر کے اپنے دل کو تسکین پہنچاتا ہے ایک شاعر نے محبوب کے ذکر کو مشک سے تشبیہ دی اور کہا کہ مشک جتنی مرتبہ مجلس میں لایا جاتا ہے مجلس کو مہکا دیتا ہے۔ اس لئے محبوب کا ذکر کثرت کے ساتھ کرو۔ مجازی عاشق ومعشوق کا معیار محبت جب اتنا بلند ہے تو محبوب حقیقی ﷺ کے ذکر وتذکرہ اور آپ کی محبت بھری جلوت وخلوت کی باتوں کی کثرت کس قدر سرور افزا، سکون بخش نصیبہ افروز اور سعادت اندوز ہوگی۔ وہ لوگ جن کو ذکر مصطفیٰ کی کثرت نہیں بھاتی عقیدت ومحبت کی مجالس اچھی نہیں لگتی ان پر حضرت رضا بریلوی تنقید کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ذکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے

پھر کہے مردک کہ ہوں امت رسول اللہ کی

(3) حضور کی محبت کی تیسری علامت یہ ہے کہ اس سے دشمنی وعداوت رکھے جو اللہ اور اس کے رسول کا دشمن ہو۔ سنت نبوی کی مخالفت کرنے والے سے کنارہ کشی اختیار کرے اور اس شخص کی صحبت سے بھی احتراز کرے جو دین میں ایسی باتیں ایجاد کرے جو فتنہ وفساد کا سبب بنیں، اور خلاف شریعت باتوں کو گوارہ نہ کرے۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ۔ آپ ان لوگوں کو ایسانہ

Marfat.com

پائیں گے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کہ وہ ان لوگوں سے دوستی رکھیں جو اللہ اور اس کے رسول کے مخالف ہیں۔ نیز ایسے شخص کو مبغوض رکھے۔ جس کو سرکار دو عالم ﷺ نے ناپسند فرمایا ہو۔ صحابہ کرام نے اس باب میں محبت الٰہی اور حب رسول ﷺ کے وہ عملی مظاہرے کئے جن کی نظیر نہیں ملتی۔ مومن کی غیرت ایمانی کا تقاضہ تو یہ ہونا چاہئے کہ بقول اقبال۔

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

غرض کہ عشق رسول ہی محبت خدا ہے، عشق رسول دل کا نور ہے اور روح کی غذا ہے۔ عشق رسول ہی سے کونین کی سعادت ملتی اور حجابات کے پردے اٹھتے ہیں۔ عشق رسول متاع لازوال ہے۔ عشق رسول ایمان کی جان اور عمل کا جمال ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ عشق مصطفٰے کے پیغام سے دنیا کو پھر آشنا کر دیا جائے، نئی نسلوں کی رگوں میں عشق رسول کی بجلیاں دوڑا دی جائیں۔ اور اسی عشق رسول کی تاثیر سے دنیا کی تسخیر کی جائے۔ ؎

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کردے
دہر میں اسم محمد سے اجالا کردے

اسلام کی مراد، دین کا مقصود، اللہ کی رضا، ایمان کی جان محمد عربی ﷺ کی مقدس ذات گرامی ہے۔ اس لئے محبت صرف انہیں سے کی جائے تا کہ سب کچھ مل جائے ؎

اللہ کی سرتا بقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

قرآن وحدیث اور اقوال علماء وعرفا کا ماحصل صرف یہ ہے کہ یہ گنبد نیلوفری اور اس میں آویزاں یہ کروڑوں قندیلیں، یہ کرہ ارضی اور اس کے فلک بوس پہاڑ، اور ان سے ابلتے ہوئے چشمے، بہتی ہوئی ندیاں اور پر شور دریا، ان کی گل فروش وادیاں اور سبزہ زار ڈھلوانیں، یہ ہموار میدان اور ان میں لہلہاتے ہوئے کھیت، اور یہ جنت نگاہ باغات اور پھر ''یہ ہوا کا محیط بیکراں، الغرض یہ کل کائنات اور کائنات کی ساری آرائشوں، زیبائشوں کا کعبۂ آرزو، قبلہ جستجو محبوب خدا علیہ التحیہ

Marfat.com

والثناء کی ہی کی ذات والاصفات ہے، بزم عالم میں بس وہ ہیں اوران کے کرم کی تجلیات اس لئے قلب کا ماویٰ روح کا ملجاء صرف انہیں قرار داد دیا جائے، دین ودنیا کا فریاد رس، حاجت روا انہیں کو سمجھا جائے، شفیع روز جزا، ٹوٹی آسوں کا آسرا انہیں کو مانا جائے۔ یہ ہے اسلامی تصور عشق کا رمز ومغز، لب لباب اور حاصل محصول، ان اسلامی نظریہ عشق کی تصویروں کو تصور میں سجائیے، اور دل تھام کر دیدہ عبرت سے ان نایاب خیالات کا مطالعہ کیجئے'' محمد یا علی جس کا نام ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں'' (تقویۃ الایمان) ''آپ (ﷺ) کا خیال نماز میں آنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے'' (صراط مستقیم) ''آپ کا علم جانوروں، پاگلوں، بچوں اور دیوانوں کی طرح ہے'' (حفظ الایمان) ''شیطان اور ملک الموت کا علم آپ سے زیادہ ہے'' (براہین قاطعہ) ''حضور کے بعد بھی نبی آسکتا ہے'' (تحذیر الناس) ''خدا بھی جھوٹ بولنے پر قادر ہے'' (رسالہ یکروزی) الجہد المقل) شرعی محاکمہ سے ہٹ کر ہم معروضی انداز میں ضرور کچھ کہنا چاہیں گے۔ ان جملوں سے نتائج کی جو روشنی مل رہی ہے اس کے حوالے سے پہلی چیز یہ کہ محبت کے دعویداروں کی زبانی ایسی باتیں ہرگز زیب نہیں دیتیں، کیوں کہ یہ باتیں معاون محبت نہیں، منافیٔ محبت ہیں اس لئے کہ محبت دل نشینی مانگتی ہے نکتہ چینی نہیں، محبت حضوری چاہتی ہے دوری نہیں، محبت حال طلب کرتی ہے قال نہیں۔ محبت نعت گوئی چاہتی ہے، عیب جوئی نہیں، محبت جانثاری مانگتی ہے دل آزاری نہیں

دوسری چیز یہ کہ یہ باتیں مرکز دائرہ کائنات حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی گرامی ذات سے بعد کی طرف مشیر ہیں، جب کہ مرکز سے دوری موت کی علامت ہے، مرکز سے جدائی تباہی کی نشانی ہے، بوئے گل کو گل سے جدا ہو کر بھٹکتے ہی دیکھا گیا ہے۔

اور تیسری چیز یہ کہ ایسے خیالات حضور اقدس ﷺ کے مدارج رفیعہ، اور مراتب عالیہ کو مشتبہ کرتے ہیں اور یہ بین حقیقت ہے کہ جن خیالات سے حضور کی ردائے عظمت داغدار بلکہ تار تار ہو ان سے (نام بھلے ہی سے تقویۃ الایمان، حفظ الایمان کیوں نہ ہو) نہ ایمان کو تقویت مل سکتی ہے: نہ ان سے اسلام کی حفاظت ہوسکتی ہے، مشتبہ ومشکوک کرنیوالے انداز خیال میں استحکام کا جوہر اور استقامت کا عنصر تلاش کرنا، بانجھ سے دودھ مانگنا، یا زمین شور سے سنبل کی امید رکھنا ہے۔ امتی ہو کر نبی کے حق میں ایسی لایعنی باتوں کا طومار دیکھ کر ہر غیرت مند مومن کی پیشانی ٹھنکے گی حضرت رضا بریلوی نے ہر ایسے افکار کا جو اسلامی تصور عشق سے متصادم ہو محاسبہ کیا ہے اور کڑی تنقید کی ہے، آپ فرماتے ہیں ؎

Marfat.com

ذکر رو کے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہوں امت رسول اللہ کی
ظالموں محبوب کا حق تھا یہی
عشق کے بدلے عداوت کیجئے
جس کا حسن اللہ کو بھی بھا گیا
ایسے پیارے سے محبت کیجئے

علامہ اسماعیل حقی صاحب تفسیر روح البیان میں فرماتے ہیں۔ فمن ادعیٰ محبة اللہ و خالف سنت نبینه فهو كذا ب بنص اللہ تعالیٰ لان من احب آخریحب خواصه و المتصلين به وهذا هو قانون العشق (روح البیان) یعنی جو شخص اللہ سے محبت کا دعویٰ کرے، اور نبی کی سنت کی مخالفت کرے اس کے جھوٹے ہونے پر خدا کی کتاب صراحتً کے ساتھ اعلان کرتی ہے، کیوں کہ جو شخص کسی سے محبت کرے گا تو یقیناً وہ اپنے محبوب کے خواص اور اس کے ساتھ تعلق رکھنے والوں سے بھی محبت کرے گا یہی عشق و محبت کا قانون ہے............ اسی لئے حضرت رضا بریلوی نے اپنا سب کچھ انہیں کو جانا، اپنا سب کچھ انہیں کو مانا۔ انہیں کے ذکر، انہیں کی یاد سے اپنی جلوت وخلوت کو آباد رکھا، ان کا احسان یاد کر کر کے یوں تڑپتے ہیں۔

جو نہ بھولا ہم غریبوں کو رضا
یاد اس کی اپنی عادت کیجئے
کر اس کی یاد جس سے ملے چین عندلیب
دیکھا نہیں کہ خار الم ہے خیال گل

یہاں گل کا تصور ہے خار کے الم کے ساتھ، شمع کا تصور ہے دھواں کے کرب کے ساتھ، مگر اس گلشن ہستی میں صرف حضور ہی کی ذات ایسی ہے کہ آپ گلشن نبوت کے ایسے گلاب ہیں کہ گلشن کائنات اسی گلاب کے صدقے میں ہے آپ پھول ہیں مگر کانٹے کی خلش سے بے نیاز۔ آپ شبستان حیات وکائنات کی شمع ہیں۔

لامکاں تک اجالا ہے جس کا وہ ہے
ہر مکاں کا اجالا ہمارا نبی

Marfat.com

آپ شمع مکاں ولا مکاں ہیں مگر دھواں کی اذیت سے بے پرواہ۔ اگر محبت کا مرکز حسن ہے تو اس حسن سے محبت کی جائے جو نقص کے عیب سے مبرا ہے، یہ ڈھلتی چاندنی جو پہر دو پہر کی ہے اس پر جان دینے کی بجائے اس حسن ازل پر ہی سب کچھ لٹایا جائے جس کا حسن روز افزوں مدار ترقی پر ہے۔

وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

محبوب کے چہرے کی تشبیہ چاند سے بہت پرانی اور بہت مشہور بات ہے۔ محبوب کے چہرے کی تشبیہ چاند سے تو شعراء کے دواوین میں ملتی ہے، مگر محبوب کے کئے ناخن کی تشبیہ ہلال نو سے نہیں ملتی یہ حضرت رضا بریلوی کی جدت فکر اور ندرت خیال ہے............ تو اگر وہ محبوب جس کے حسن کا نقطۂ عروج یہ ہے کہ وہ چاند جیسا ہے، چاند جیسی شکل ہونے ہی پر جو محبت کے لائق ہے۔ تو پھر وہ حسین کیسی انوکھی شان اور نرالی آن بان والا ہوگا جس کے پاؤں کا ناخن ہلال نو جیسا ہے، جب ناخن پا پر چاند کی چاندنی شرمندہ ہے تو پھر اس کے چہرۂ والضحیٰ کی کیا کوئی مثال پیش کر سکتا ہے۔ پھر ہم کیوں اس سے محبت کریں جس کا چہرہ چاند جیسا ہے ہم تو اس مہر منیر سے محبت کریں گے جس کا ناخن پا بھی مہ نو جیسا ہے۔ دیکھئے رضا کا انداز والہانہ۔

دل اپنا بھی شیدائی ہے اس ناخن پا کا ۔۔۔ اتنا بھی مہ نو پہ نہ اے چرخ کہن پھول (19)

Marfat.com

# حوالے

# تصورعشق اسلام کی نظر میں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | کشف المحجوب | داتا گنج بخش علی ہجویری | ص451 |
| 2 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص448 |
| 3 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص449 |
| 4 | شریعت وطریقت | شاہ ابوالحسین احمد نوری | ص99 |
| 5 | سبع سنابل شریف | میر عبدالواحد بلگرامی<br>ترجمہ مفتی محمد خلیل برکاتی | ص353 |
| 6 | لطائف اشرفی | حضرت سید مخدوم<br>اشرف جہانگیر سمنانی | ص121,120 |
| 7 | بخاری شریف | امام المحدثین محمد بن<br>اسماعیل بخاری | ص104 |
| 8 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ایضاً |
| 9 | صحیح مسلم، شرح نووی، | مترجم مولانا وحید الزماں | ص136,135 |
| 10 | مرآۃ المناجیح۔ | شارح حکیم الامت<br>مفتی احمد یار خان نعیمی | ص30 |
| 11 | مدارج النبوت، | شیخ عبدالحق محدث دہلوی | ص518 |
| 12 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص520 |
| 13 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص ایضاً |
| 14 | 〃 〃 〃 | 〃 〃 〃 | ص 520 تا<br>522 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | کتاب الشفاء ج دوم، | قاضی عیاض مالکی<br>مترجم مولانا اطہر نعیمی | ص71 |
| 16 | خطبات یوم رضا | مرتبہ مولانا محمد عالم مختار حق | ص16 |
| 17 | عشق رسول | ڈاکٹر محمد طاہر القادری | ص107 تا 130 |
| 18 | ذکر جمیل | مولانا محمد شفیع اوکاڑوی | ص23 |
| 19 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | ص11 تا 66 |

Marfat.com

# تصور عشق

## عارفوں، دانشوروں اور شاعروں کی نظر میں

عشق کے جلوہ ہائے خوش رنگ نے کیسے کیسے لالہ وگل کھلائے ہیں اپنی قوت وسطوت سے کیسی کیسی کرشمہ سازی دکھائی ہے، بے رونق اور بے برگ وبار گلشن میں جس کی آمد نے بہاروں کی کیسی کیسی بارات اتاری ہے۔ اور ہنستے مسکراتے نشیمن کو جس کی آہ وکراہ نے کیسے کیسے خاکستر کیا ہے یہ سب تاریخ کے صفحات پر واقعات کی شکل میں موجود ہیں۔ یہ آگ جہاں سلگ گئی وہاں سے قرار رخصت ہوگیا، سروشمساد کی رعنائیاں نذر خزاں ہوگئیں، تڑپنا، مچلنا اور بے خودی میں رونا مسکرانا دل حزیں کے لئے سامان مسرت بن گئے۔ لطف یہ کہ اندھا ہوتے ہوئے بھی یہ ایسا انکھیارا ہے کہ جو جیسا سخت جان، بلاخیز) نکلا عشق نے اپنی قرابت ورفاقت سے اس کو اتنا ہی حصہ دیا۔ اسی لئے عشق کی تعبیرات وتاویلات میں مختلف اقوال ملتے ہیں۔ یعنی مقام عشق میں جو جس اعتبار ومعیار کا تھا جتنا سوز عشق سے ہمکنار تھا وہ اتنا ہی محظوظ ہوا اور اسی اعتبار سے اس کیف کو محسوس کیا اور پھر مکتوب وملفوظ کی وساطت سے محفوظ کیا۔ ذیل میں عارفوں، دانشوروں اور شاعروں کے چند تاثرات پیش ہیں۔ ایک جلوہ عشق کو مختلف رنگ وآہنگ میں دیکھا جاسکتا ہے۔

کون مقصد کو عشق بن پہنچا      آرزو عشق، مدعاء ہے عشق

### حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم رضی اللہ عنہ

**محبت کے تین اصول ھیں (1) وفا (2) ادب (3) اور مروت**

**وفا:** یہ ہے کہ اللہ کی وحدانیت میں مشغول رہے۔ اپنے دل کو سب سے جدا کرلے۔ اور صرف اسی کے نور ازل سے دل مانوس ہوجائے۔

**ادب:** یہ ہے کہ حفظ اوقات وماسوئی سے انقطاع کرتا رہے۔

Marfat.com

**مروت** : قولاً وفعلاً صدق وصفا کے ساتھ ذکراللہ پر قائم ہو جائے، ظاہر و باطن میں اغیار سے روگردانی کرلے، جب بندہ میں یہ تینوں خصلتیں جمع ہو جاتی ہیں تو لذت وصال پانے لگتا ہے، اور اس کے اندر آتش شوق بھڑک اٹھتی ہے۔ (1)

## شیخ شہاب الدین سہروردی رحمتہ اللہ علیہ

محبت کی دو قسمیں ہیں، ایک محبت عام، دوسری محبت خاص، محبت عام کی تشریح حکم بجالانے سے ہوتی ہے۔ یعنی حکم بجالانا محبت عام ہے۔ بسا اوقات محبت عام مرکز علم سے نعمتوں اور احسانات کے باعث صادر ہوتی ہے۔ ایسی محبت کا مخرج (سرچشمہ) صفات ہیں۔ بعض مشائخ نے محبت کو روحانی مقامات میں سے ایک مقام قرار دیا ہے، ایسی صورت میں یہ عام محبت وہ ہے جس میں انسان کی کوشش اور تدبیر کا دخل موجود ہے۔ یہ تو تھی محبت عام، محبت خاص، ذات کی محبت کا نام ہے جو مشاہدہ روح سے پیدا ہوتی ہے۔ اور اسی محبت میں سکرات لاحق ہوتے ہیں۔ یہ بندۂ حق پر خداوند کریم کی جانب سے خاص احسان وعنایت ہے، اس کا تعلق احوال سے ہے (یہ ایک حال ہے) کیوں کہ یہ محض عطیہ ایزدی ہے۔ اور اس میں بندے کی تدبیر اور کوشش کا کوئی دخل نہیں (2)

## خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ

جو شخص محبت کا دعویٰ کرے اور مصیبت کے وقت فریاد کرے وہ درحقیقت سچا دوست نہیں ہوتا بلکہ جھوٹا ہے اس واسطے کہ دوستی اس بات کا نام ہے کہ جو کچھ دوست کی طرف سے آتے اس پر راضی رہے اور لاکھوں شکر بجالائے۔ (3)

## حضور ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ

آپ وعظ فرما رہے تھے کہ کسی نے اٹھ کر سوال کیا کہ محبت کیا چیز ہے؟۔ آپ نے فرمایا۔ بیٹھ جاؤ جب دریائے محبت جوش میں آئے گا تو بتاؤں گا۔ کچھ دیر کے بعد آپ نے محبت کے بارے میں بیان کرنا شروع کیا تو اس آدمی نے وہی سوال کیا۔ آپ نے فرمایا کی محبت کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ ایک مخلوق کی مخلوق کے ساتھ محبت، اور دوسری مخلوق کی خالق کے ساتھ محبت ......... پہلی قسم کی محبت کے متعلق تم اچھی طرح جانتے ہو۔ اور دوسری قسم کی محبت یہ ہے۔ یہ کہہ کر آپ نے اپنے گریباں میں

Marfat.com

ہاتھ ڈال کر اسے چاک کیا۔ کپڑے پھاڑ ڈالے اور نالہائے آہ وفریاد بلند کر کے سینہ پر ہاتھ مارنا شروع کیا اور فرمایا یہ محبت خالق ہے۔ اس کے سوا اور کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا (4)

## حضرت شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ

یہ امر غور طلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا کچھ عوض مقرر کر رکھا ہے اس عوض کے بدلے میں وہ شئی حاصل ہو جاتی ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محبت الٰہی کا کوئی عوض نہیں رکھا ہے تا کہ وہ قیمت بن سکے اور عوض ہو سکے۔ اور محبت کا عوض محبت ہی سے ادا کیا جا سکے۔ محبت کا بدلہ محبت ہے۔ یہی اس پوری کائنات کا منشاء اور مقصد ہے۔ لہٰذا حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کے بموجب اگر اللہ تعالیٰ کو اپنا لیا ہے۔ تو پھر ہر طرح کے غیر اللہ سے کنارہ کش ہو جانا چاہئے۔ ایضاً

## حضرت سید مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی رحمۃ اللہ علیہ

معرفت الطاف الٰہی کے دروازں میں سے ایک دروازہ ہے۔ اور فیوض لامتناہی کے معدن کا ایک جوہر ہے۔ کون سعادت مند ہے جس کے حال کے تاج میں یہ گراں بہا ہیرا لگتا ہے۔ انتہائی خوش قسمت ہے وہ شخص جس کے دل کے نہاں خانے میں معرفت کا یہ موتی موجود ہے۔

دردر جک دلے کہ بود در معرفت　　آں دل بہ از ہزار جہاں بالیقین

جس دل میں معرفت کا موتی ہے۔ یقیناً وہ ہزار عالم سے بہتر ہے (5)

## حضرت شیخ عبدالواحد زید رحمۃ اللہ علیہ

نقل ہے کہ شیخ عبدالواحد زید ہمیشہ خدائے تعالیٰ سے ڈرتے رہتے۔ اور ہمیشہ روزہ رکھتے۔ دو تین فاقے کرتے اور افطار کے وقت دو تین نوالے کھا لیتے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ آپ اتنا کم کیوں کھاتے ہیں؟ فرمایا کہ مصطفیٰ ﷺ مولیٰ علی اور اپنے مرشد کی پیروی کرتا ہوں۔ کہ ان حضرات کو فاقہ کشی محبوب تھی۔ اور درویش وہی ہے جو قول وفعل میں مصطفیٰ ﷺ علی مرتضیٰ، اور اپنے مرشد کی پیروی کرے، ورنہ اسے درویش نہیں سمجھا جاتا ......... لہٰذا درویش کو چاہئے کہ اپنے مرشد برحق کی پیروی نہ چھوڑے کہ پیر کی پیروی مصطفیٰ ﷺ کی پیروی ہے (6)

Marfat.com

## مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحیٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ

بھائی شمس الدین:.......... جانو کہ دوسری مخلوقات کو محبت سے کوئی لگاؤ نہیں ہے۔ کیوں کہ ان کی ہمتیں بلند نہیں ہیں۔ فرشتوں کا کام جو سیدھے طریقے پر چل رہا ہے وہ اس لئے ہے کہ ان تک محبت کا گذر نہیں ہوا ہے اور یہ اونچ نیچ جو انسان کے ساتھ پیش آیا کرتی ہے اس لئے ہے کہ اس کو محبت سے سروکار ہے.......... تو جس کے دماغ میں ذرا بھی اس کی محبت کی بو پہنچی ہے اس سے کہدو کہ سلامتی سے اپنا دل اٹھالے اور اپنی ہستی کو خیر باد کہدے۔

عشق تو مراچناں خراباتی کرد　　　ورنہ بسلامت وبساماں بودم

تیری محبت نے مجھ کو ایسا برباد کر دیا ہے ورنہ میں بھی کسی وقت سلامتی اور سروسامان والا تھا (7)

## مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا صلاح الدین احمد تحریر فرماتے ہیں "مولانا روم نے عشق کے جس تصور کو اپنے افکار، اپنے جذبات، اپنے عقیدے اور اپنے عمل کا محور بنایا وہ علو انسانیت کا ایک ہمہ گیر اور دل پذیر تصور ہے۔ رومی کی اصطلاح میں عشق کسی محبوبہ پری تمثال کی ہوس آمیز محبت نہیں وہ ایک ایسا لافانی جذبہ ہے جو کائنات کے حسن کو اپنی گرفت میں لیتا اور اس خیر مطلق سے فروغ حاصل کرتا ہے جو خود خالق کائنات کا جمال ہے (8)

## امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

"حسن سے صرف وہی شخص محبت کر سکتا ہے جو اسے دیکھنے پر قادر ہو کیوں کہ حسن کا نظارہ کرنا بجائے خود مسرت ہے۔ بے شک خوبصورت چیزوں کو ان کے حسن کی بنا پر پیار کرنا چاہئے نہ کہ اس مقصد کے لئے جو ان سے حاصل ہو سکتا ہے۔ مثلاً جب ہم سبزہ زاروں اور بہتی ندیوں سے محبت کرتے ہیں تو اس لئے نہیں کہ سبز پتوں کو کھائیں یا (ندیوں کے) پانی کو پیئیں۔ اسی طرح خوبصورت ترشئے، پرندوں اور شاداب پھولوں کو دیکھنا بجائے خود تحصیل مسرت کی ایک صورت ہے اس سے انکار ممکن نہیں، جب حسن کا جلوہ نظر آتا ہے تو قدرتی طور پر اس سے محبت جاگ اٹھتی ہے۔ خدا حسن ہے اور اسی لئے جس پر اللہ تعالیٰ کا حسن منکشف ہوتا ہے۔ وہ مجبور ہے کہ اس سے عشق کرے" (9)

Marfat.com

## حضرت شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ

''ایک شب پروانے ایک جگہ اکٹھے ہوئے، اپنے دلوں میں شمع سے ہمکنار ہونے کی آرزو لئے۔ ان سب نے ایک زبان ہو کر کہا۔ ہمیں کسی ایسے ساتھی کی تلاش کرنی چاہئے جو ہمیں اس کی خبر لا کر دے۔ جس کے لئے ہم اس قدر بے قرار ہیں۔ تب ان میں سے ایک پروانہ ایک دور افتادہ قلعے کی طرف اڑا اور اس نے قلع کے اندر ایک شمع کی روشنی دیکھی۔ وہ واپس آیا اور اس نے دوسروں کو بتایا، پھر شمع کے بارے میں بڑی دانشمندی سے باتیں کرنے لگا۔ مگر پروانے میں سب سے عقلمند پروانے نے کہا۔ یہ پروانہ ہمیں شمع کے بارے میں کوئی معتبر خبر نہیں دے سکتا۔ ایک اور پروانہ شمع کے پاس گیا۔ وہ شمع کے اس قدر قریب چلا گیا کہ اس کے پروں نے شمع کے شعلے کو چھو لیا مگر تپش اتنی زیادہ تھی کہ اسے واپس آنا پڑا واپس آ کر اس نے بھی روشنی کے اسرار پر سے پردہ اٹھایا اور بتایا کہ شمع سے وصال کی نوعیت کیا ہوتی ہے۔ مگر عقلمند پروانے نے کہا تم جو توضیح پیش کر رہے ہو وہ اتنی ہی بیکار ہے۔ جتنی تمہارے ساتھی کی۔ تب تیسرا پروانہ اڑا، اور یہ پروانہ عشق کے نشے میں سرشار تھا وہ گیا اور اس نے جاتے ہی خود کو شمع کے حوالے کر دیا۔ پھر جب وہ شعلے سے ہمکنار ہو گیا۔ تو شمع ہی کی طرح لو دینے لگا۔ جب عقلمند پروانے نے دور سے دیکھا کہ شمع نے پروانے کو خود میں جذب کر لیا ہے۔ اور پروانے کو اپنی روشنی عطا کر دی ہے۔ تو اس نے کہا اس پروانے نے اپنی عشق کی تکمیل کر دی ہے۔ لیکن اس تجربے کو صرف وہی جانتا ہے۔ کوئی اور نہیں جان سکتا۔ (10)

## حضرت خواجہ غریب نواز سلطان الہند رحمۃ اللہ علیہ

اے عزیز! یہ فقیر کہتا ہے کہ کمال عشق یہ ہے کہ اپنی ہستی کو معشوق کی ہستی دیکھے، یعنی اپنی ہستی کا حجاب از رہ عشق عاشق کے دل سے بیزار یعنی دور ہو جائے۔ جس طرح ایک شمع ہزار آئینوں کو دیکھنے سے ہزار شمعیں نظر آتی ہیں مگر دراصل ایک ہی شمع سب میں ہوتی ہے، اسی طرح ایک ہی نور کا جلوہ دو آنکھوں میں ہے، سالہا سال سے یہ فقیر یار کی کمند زلف میں اسیر ہے، اگرچہ بعض سالکان راہ حقیقت فراق میں جلا کرتے ہیں لیکن یہ فقیر عین وصال میں ہلاک ہے۔ عاشق معشوق دو نام ہیں عاشق کا مقام تلوین ہے اور معشوق کا مزاج تمکین، جب عاشق خود کو درمیان میں نہیں دیکھتا تو اسے اپنی ہستی عاشق نظر آتی ہے۔ یعنی خدا از تو بتو نزدیک تر است، بایزید نے ''سبحانی ما اعظم شانی'' فرمایا پس عارف خود کو خود سے دیکھتا ہے۔ خود سے کلام کرتا ہے، خود سے سنتا ہے اور خود سے خود کی طلب کرتا ہے۔ جب طالب لا وجود الا اللہ کا مقام از رہ عشق طے کر لیتا ہے تو سوائے ذات مطلق کے اور

Marfat.com

کچھ نہیں رہتا۔(انیس الارواح)

## شاعر مشرق۔ڈاکٹر محمد اقبال

مولانا صلاح الدین رقم طراز ہیں...... ''یہ سعادت ساڑھے چھ سو برس بعد شاعر مشرق اقبال ہی کے حصے میں آئی کہ اس نے رومی کے فکر فلک رس اور اس کی سیرت باصفا کے امتزاج سے ایک پیکر بے مثال تیار کیا۔ پھر اس کے سوز عشق سے اسے حرارت بہم پہنچائی۔ اس کے حسن نظر سے اسے جلا بخشی اور اس کے نفس آتشیں سے اس میں روح پھونکی...... اسی پیکر کا نام مرد مومن ہے۔ جس کی فطرت مہر نبوت سے مستیز اور جس کی نگاہ فرمودہ تقدیر ہے۔ وہ قلب گداز جو سوز خفی سے پگھل جاتا ہے اور وہ پنجۂ فولاد جو دست قضا سے قوت آزما ہے اسی کے حصے میں آیا ہے۔ اور وہ عشق جس کے فروغ سے کائنات روشن ہے اور وہ عمل جس کا تسلسل گردش ایام پر خندہ زن ہے اسی کو ارزانی ہوا ہے(11)

## ڈاکٹر محمد وزیر آغا

انسان کی ذات کے اندر دو فکری میلانات از منہ قدیم ہی سے موجود رہے ہیں۔ ان میں سے ایک میلان فکر کی جولانیوں کے تابع ہے، اور کسی اسپ تازی کی طرح صفحۂ ہستی پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جانے کا آرزومند ہے۔ جب کہ دوسرا میلان آگے بڑھنے اور پھیلنے کے بجائے ایک نقطے پر مرتکز ہونے پر زور دیتا ہے اور قطرہ میں دجلہ اور جز میں کل کو دریافت کرنے کے لئے کوشاں ہے (ایک کا نام ہے تصوف دوسرے کا فلسفہ) تصوف میں فکر کے ان میلانات کے لئے کثرت اور وحدت کے الفاظ مستعمل رہے ہیں۔ جبکہ فلسفے میں وجود اور موجود کے الفاظ کے تحت اس موضوع پر مباحث کا ایک طویل سلسلہ جاری رہا ہے(12)

## ایک انگریز مفکر، روسو

انسان آزاد پیدا ہوا ہے مگر وہ ہر جگہ پابند سلاسل ہے شہری زندگی کی پیچیدگیوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے عقل کا ہتھیار کارآمد سہی، مگر زندگی کے کسی بھی بڑے بحران میں مبتلا ہونے پر عقل بے کار محض ہو کر رہ جاتی ہے۔ ایسے موقعوں پر جذبہ ہی انسان کی صحیح سمت میں رہنمائی کرنے کا اہل ہے،...... کلچر اور اس کے اثمار ہی نے بنی نوع انسان کے کرب میں اضافہ کیا تھا۔

Marfat.com

ہمیں دماغ کی صلاحیتوں کو توانا کرنے کی بجائے دل کی دنیا اور محسوسات کے عالم پر توجہ صرف کرنی چاہئے کیونکہ جبلت، عقل کے مقابلے میں زیادہ قابل اعتبار شئے ہے(13)

## پروفیسر نکہت شاہجہاں پوری

وہ درد عشق ہی کیا جس سے خوشی و مسرت کے بجائے عاشق کو غم نصیب ہو، محبت ایسی نعمت کو قدر کی نگاہ سے گوشہ دل میں چھپا نہ سکے، یار کی خوشی کو اپنی خوشی سمجھنا اور ہر حیثیت سے بندہ کو تسلیم و رضا بن کر سکون قلب ڈھونڈنا چاہئے، جب محبوب مجازی ہو یا حقیقی اس کی مرضی ہی کی وقعت نہ ہوئی تو محبت میں خلوص کس طرح سمائے گا۔ اور دوست کی نظر کرم کیوں ملتفت ہوگی؟ ایسی محبت تو بازاری قسم کی ہوسکتی ہے۔ جو بولہوسی ہے، عشق صادق نہیں ! ...... سچا محبوب اور سچا عاشق جس مجلس ہم آہنگ و ہم نفس ہوں وہاں رنج و غم اور مایوسی واداسی مکروہات کیوں محسوس ہو(14)

## مارگریٹ سمتھ، انگریز مفکر

عشق کے بارے میں صوفیا کے پاس کہنے کو بہت کچھ ہے یہ (عشق) شراب حیات ہے یہ وجد کی اس حالت تک لے جاتا ہے جو خدا کے قریب موجود رہتی ہے، یہ سچا عشق ہے جو تمام خودغرضانہ مقاصد سے مبرا ہے۔ ان عاشقوں میں سے ایک سے پوچھا گیا کہ وہ کہاں سے آیا ہے اور کہاں کے ارادے ہیں۔ تو اس نے جواب دیا کہ وہ اپنے محبوب کے پاس سے آیا ہے اور محبوب کی طرف جارہا ہے۔ جب پوچھا گیا کہ اسے کس کی تلاش ہے تو جواب ملا کہ اسے اپنے محبوب کی تلاش ہے جب اس سے استفسار کیا گیا کہ اس نے کیا پہن رکھا ہے۔ تو اس نے جواباً کہا کہ محبوب کے برقعے سے خود کو ڈھانپا ہوا ہے اور اس کا چہرہ اس لئے زرد ہے کیوں کہ وہ اپنے محبوب سے جدا ہے، پھر جب اس سے پوچھا گیا کہ وہ کب تک محبوب! محبوب!! کی رٹ لگا تا رہے گا تو اس نے کہا کہ جب تک وہ اپنے محبوب کا چہرہ نہیں دیکھ لیتا وہ اس کے نام کا ورد کرتا چلا جائے گا(15)

## سوامی رام تیرتھ

لوگ باگ سیاروں کی طرح انتہائی شدت کے ساتھ سورج کی طرف سفر کرتے ہیں۔ لیکن کچھ ہی عرصے کے بعد روحانی طور پرست پڑنے کے بعد دائرے میں گھومنے لگتے ہیں اور اس لئے

Marfat.com

کبھی سورج تک نہیں پہنچ پاتے، کچھ مرکزی سچائی کے گرد ایک مدار میں گھومنے لگتے ہیں۔ لیکن ذرا فاصلے پر دوسرے اپنے مدار کو تنگ کرتے جاتے ہیں، رام (یعنی سوامی رام تیرتھ) اس مذہبی نظام شمسی سے ہمیشہ محظوظ ہوا ہے۔ لیکن پوچھتا ہے کہ کون ہے جو پروانے کا کردار ادا کرے کہ روشنی کے گرد گھومتے ہوئے اس کے قریب ہوتا جائے اور پھر اپنی محدود خودی کو روشنی میں جلا کر (خود روشنی بن جائے) تت توام آسی (وہ تم ہو) (16)

## مولانا صلاح الدین احمد

تلاش کی بے تابی ظاہر ہے کہ جو پایائے جمال کو پایان کار اپنی ذات ہی کی طرف مائل کرتی ہے اور اگر اس کی جستجو میں خلوص اس کی نگاہ میں گہرائی اور اس کے عزم میں صلابت ہے تو وہ بالآخر اپنے آپ کو پالیتا اور حسن مطلق سے ہمکنار ہو جاتا ہے (17)

## ابن سینا، مشہور فلسفی

عارف کے لئے پہلا قدم یہ ہے کہ وہ اپنے ارادے کو بروئے کار لا کر روح کی تربیت کرے اور اس کا رخ اللہ کی طرف کر دے، تا کہ وہ وصال کی مسرت سے ہمکنار ہو سکے، دوسرا مرحلہ تربیت ذات ہے۔ جس کا رخ تین چیزوں کی طرف ہوتا ہے۔

۱) عارف کے ذہن سے خدا کے سوا تمام خیالات کو خارج کرنا۔

۲) اس کی شہوانیت کو روح کے عقلی پہلو کے تابع کرنا تا کہ اس کے خیالات اور تصورات ارفع چیزوں کی طرف منتقل ہوں۔

۳) تیسرے مرحلے کا مطلب یہ ہے کہ اب روح حیوانی خواہشات سے آزاد ہو کر اچھے خیالات سے لبریز ہو گئی ہے۔ اور روحانی محبت سے سرشار ہو کر محبوب ازلی کے اوصاف حمیدہ کے تابع ہونے کی کوشش میں ہے (18)

## مشہور ذی علم مستشرق، پروفیسر ہچ اے گب

تاریخ اسلام میں بارہا ایسے مواقع آئے ہیں۔ کہ اسلام کے کلچر کا شدت سے مقابلہ کیا گیا ہے لیکن بایں ہمہ وہ مغلوب نہ ہو سکا۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ صوفیاء کا انداز فکر فوراً اس کی مدد کو آجاتا تھا اور اس کو اتنی قوت و توانائی بخش دیتا تھا کہ کوئی طاقت اس کا مقابلہ نہ کر سکتی تھی (19)

Marfat.com

## پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری

آج اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ قرون اولیٰ کے ان عشاق صحابہ کرام اور صلحائے امت کے تذکرے عام کیے جائیں۔ جنہوں نے اپنی زندگیوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور والہانہ عشق کی بھٹی میں سے گزارتے ہوئے قدم قدم پر ایسے انمٹ نقوش ثبت کیے ہیں کہ رہتی دنیا تک کوئی عاشق ومحب اپنے محبوب کے لئے محبت کی دنیا میں ایسے نذرانے پیش نہیں کر سکتا۔ ان کی ان ہی اداؤں کو آج ہم بھی اپنے لئے نمونہ بنا سکتے ہیں۔ کیوں کہ پریشان امت کے دکھوں کا مداوا حضور کی محبت میں سرشار ہو کر سنت واتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلائے بغیر ناممکن ہے(20)

## صحابی رسول حضرت حسان ابن ثابت رضی اللہ عنہ

واحسن منک لم ترقط عینی　　　واجمل منک تلد النساء

خلقت مبرا من کل عیب　　　کانک قد خلقت کما تشاء

آپ سے زیادہ حسین میری نگاہ نے کبھی نہیں دیکھا، اور آپ سے زیادہ جمیل کسی ماں نے جنا ہی نہیں۔(21)

## صحابی رسول حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ

روحی الفداء لمن اخلاقه شهدت　　　بانه خير مولود من البشر

لولم يكن فيه آيات مبينته　　　كانت بريهته تكفی عن الخبر

میری جان اس پر فدا جن کے اخلاق شاہد ہیں کہ وہ بنی نوع انسان میں افضل ترین ہیں اگر ان صداقت پر مہر تصدیق ثبت کرنے والی نشانیاں نہ ہوتیں تو بھی ان کی واضح شخصیت ان کی صداقت کے لئے کافی تھی۔ (22)

## صحابی رسول حضرت کعب بن زبیر رضی اللہ عنہ

ان الرسول لنور يستضاء به　　　مهند من سيوف الله مسلول

فقد آتيت رسول الله معتذرا　　　والعذر عندرسول الله مقبول

Marfat.com

بے شک رسول اللہ وہ سیف ہیں جس سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ وہ اللہ کی تلواروں میں ایک کھینچی ہوئی تلوار ہیں۔ مجھے مہلت دیجئے، خدا نے آپ کو ہدایت دی، قرآن عطا کیا، اور بیش از بیش نصیحتیں بخشیں۔ (23)

## محمود وراق

تعصی الاله وانت تظهر حبه    هذا محال فی القیاس بدیع

لو کان حبک صادقا لاطعته    ان المحب لمن یحب مطیع

تم خدا کی نافرمانی کرتے ہوئے اس کی محبت ظاہر کرتے ہو، یہ کتنی انوکھی بات ہے جو عقلاً محال ہے۔ اگر تمہاری محبت صادق ہوتی تو تم ضرور اس کی اطاعت کرتے اس لئے کہ محب محبوب کا فرماں بردار ہوتا ہے۔ (24)

## صحابی رسول حضرت خبیب بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ

لست ابالی حین اقتل مسلما    علی ای شق کان فی الله مصرعی

وذلک فی ذات الاله وان یشاء    یبارک علی اوصال شلو ممزع

میں جب محبت رسول میں سرشار مسلمان ہونے کی حالت میں قتل کیا جا رہا ہوں تو اس کی کیا پرواہ کہ کس کروٹ میری جان جا رہی ہے۔ میری یہ شہادت راہ مولیٰ میں ہے، اس لئے اگر اس کی مرضی ہوئی تو میرے ٹکڑے کئے ہوئے جسم کے جوڑ جوڑ کو اپنی رحمتوں سے بہرہ ور کر دے گا۔ (25)

## حضرت امیر حمزہ بن عبد المطلب

فلا واللہ نسلمه بقوم    ولما نقض فیهم بالسیوف

واحمد مصطفی فینا مطاع    فلا تغشوه بالقول العنف (ایضاً)

خدا کی قسم ہم ان کو کافروں کے سپرد نہیں کریں گے اور ابھی تک ہم نے کافروں کے بیچ تلواروں سے فیصلہ نہیں کیا ہے۔ اور احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں برگزیدہ ہیں۔ جن کی اطاعت کی جاتی ہے لہذا تم ان کے سامنے نامناسب لفظ بھی منہ سے نہ نکالنا (ایضاً)

Marfat.com

## حضرت اویس قرنی رحمتہ اللہ علیہ

بلغ الله صلاتی وسلامی ابدا لنبیٍّ عربی مدنی حرمی

شمش فضل وضیاء وسناء اسنی نور بدا بها وسماء الكرام

اے اللہ میرا درود و سلام ہمیشہ پہنچتا رہے اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جو عربی ہیں مدینہ اور حرم شریف کے رہنے والے ہیں۔ فضیلت کے آفتاب اور روشنی اور روشن تر نور کی چمک ہیں نور ماہ کامل ہیں۔ رونق ہیں اور بخشش کے آسمان ہیں (ایضاً)

## حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ

نفسی فداء بقبرانت ساكنه فیه العفاف وفیه الجود والكرم

انت الشفیع الذی ترجیٰ شفاته علی الصراط اذامازلت القدم

میری جان فدا اس قبر مبارک پر جس میں آپ آرام فرما ہیں اس میں عافیت جود و سخا اور عنایات و کرامات میں آپ ایسے شفیع المذنبین ہیں جن کی شفاعت کے ہم امیدوار ہیں جس وقت پل صراط پر لوگوں کے قدم پھسل رہے ہوں گے۔(26)

## شیخ شرف الدین بوصیری رحمتہ اللہ علیہ

مولای صل و سلم دائماً ابدا علیٰ حبیبک خیر الخلق كلهم

هوالحبیب الذی ترجیٰ شفاعته لكل هل من الاهوال مقتحم

اے میرے مولیٰ، اپنے حبیب تمام مخلوق میں سب سے افضل صلی اللہ وعلیہ وسلم پر درود سلام نازل فرما۔ آپ ہی اللہ کے وہ حبیب ہیں۔ جن کی شفاعت کی آس پر خوف و ہراس میں اور قیامت کی شدید گھڑیوں میں لگائی جاتی ہے۔(27)

## حضرت سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ

انت الذی لماتوسل آدم من زلة بک فازوهوا باک

یااكرم الثقلین یاكنزالوریٰ جدلی بجودک وارضنی برضاک (ایضاً)

آپ وہ ہیں کہ جب حضرت آدم نے آپ کا توسل اختیار کیا اپنی لغزش پر تو کامیاب ہوئے

Marfat.com

حالانکہ وہ آپ کے جد بزرگوار ہیں۔اے جملہ مخلوقات سے بزرگ و برتر، اے خلاصہ کائنات، مجھے اپنی بخشش وعطا سے نوازیئے اور اپنی خوشنودی دیجئے۔

## حضرت عبداللہ بن زبعری رضی اللہ عنہ

وعلیک من علم الملیک وعلامة　　نور اغر وخاتم محترم
اعطاک بعد محبته برهانه　　شرفا وبرهان الالهٗ عظیم

ترجمہ: آپ پر اللہ کے علم کی ایک علامت ہے اور وہ ہے واضح نور اور لگی ہوئی مہر اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنا محبوب بنا کر دلیل کے طور پر مرتبہ اور شرف عطا فرمایا اور اللہ کی دلیل بڑی دلیل ہے۔ (28)

## شیخ سعدی شیرازی

نگین ختم رسالت محمد عربی　　شفیع روز قیامت محمد مختار
اگر نہ واسطہ روئے وموئے اوبودے　　خدائے خلق نہ گفتے قسم بہ لیل ونہار

ترجمہ۔رسالت کی انگشتری کے نگینہ محمد عربی ہیں۔قیامت کے دن کے شفیع محمد مختار ہیں ......اگر ان کے رو و مو کا واسطہ نہ ہوتا تو خالق کائنات ان کے لیل ونہار کی قسم نہ یاد فرماتا۔

## فیضی

امی ودقیقہ دان عالم　　بے سایہ وسائبان عالم
بنام زہے کعبہ پاکبازاں　　کہ دل ہائے پاکاں سوئے دوست مائل

ترجمہ۔آپ امی ہیں مگر عالم کے اسرار سے واقف ہیں، خود بے سایہ ہیں لیکن ساری دنیا پر آپ کا سایہ ہے، کیا ہی مبارک نام ہے جو پاکبازوں کا کعبہ ہے ، پارساؤں کا دل اسی دوست حقیقی کی طرف مائل ہے۔

## عبدالرحمٰن جامی

وصلی اللہ علیٰ نور　　کزو شد نورہا پیدا
زمین درجب اوساکن　　فلک ازعشق اوشیدا
اگر نام محمد رانیا وردے شفیع آدم
نہ آدم یافتے توبہ نہ نوح از غرق نجینا

Marfat.com

ترجمہ۔اس نور پر اللہ کی رحمت ہو جس سے تمام نور پیدا ہوئے، زمین انہیں کی محبت میں ساکن اور آسمان انہیں کے نور کا شیدا ہے، اگر نام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو آدم علیہ السلام اپنا سفارشی (وسیلہ) نہ بناتے تو نہ آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوتی اور نہ نوح علیہ السلام طوفان سے نجات پاتے۔

## حافظ شیرازی

یاصاحب الجمال ویاسیدالبشر — من وجھک المنیر لقد نورالقمر
لایمکن الثناء کماکان حقہ — بعدازخدا بزرگ توئی قصہ مختصر

ترجمہ۔اے صاحب جمال اور اے نوع بشر کے سردار آپ کے رخ روشن کی وجہ سے چاند روشن ہے۔آپ کی مدح وثنا جیسا کہ آپ کا حق ہے ممکن ہی نہیں ہے۔قصہ مختصر یہ کہ خدا کے بعد آپ ہی کی ذات دونوں عالم میں بلند ہے۔

## امیر خسرو

نمی دانم چہ منزل بود شب جائیکہ من بودم — بہ ہر سو رقص بسمل بود شب جائیکہ من بودم
خدا خود میر مجلس بود اندر لامکان خسرو — محمد شمع محفل بود شب جائیکہ من بودم

ترجمہ۔میں نہیں جانتا وہ کون سی منزل تھی رات جہاں میں تھا، ہر سو رقص بسمل کا منظر تھا رات جہاں میں تھا، اے خسرو لامکان میں خدا خود میر مجلس تھا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم شمع محفل تھے،

## شمس تبریزی

یارسول اللہ حبیب خالق یکتا توئی — برگزیدہ ذوالجلال پاک بے ہمتا توئی
نازنین حضرت حق صدر وبدر کائنات — نور چشم انبیاء چشم وچراغ ما توئی

ترجمہ۔یارسول اللہ خالق یکتا کے حبیب آپ ہی ہیں، پاک بے مثل رب ذوالجلال کے برگزیدہ وپسندیدہ آپ ہی ہیں۔بارگاہ خداوندی کے نازنین، بزم کائنات کے بدر اور سردار آپ ہی ہیں۔انبیائے کرام کی آنکھ کی روشنی اور ہمارے چشم وچراغ آپ ہی ہیں۔

## قدسی

مرحبا سیدی مکی مدنی العربی — دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
نسبت خود بہ سگت کردم وبس منفعلم — زانکہ نسبت بہ سگ کوئے تو شد بے ادبی

Marfat.com

ترجمہ۔اے میرے مکی مدنی عربی سردار، آپ کی تشریف آوری مبارک ہو، دل وجان آپ پر فدا ہو، آپ کیا ہی مبارک لقب ہیں، میں آپ کے کتے کی طرف اپنی نسبت کر کے بھی شرمندہ ہوں، اس لئے کہ میری غیرت محبت یہ کہتی ہے کہ آپ کی گلی کے کتے کی طرف اپنی نسبت کرنا بھی بے ادبی ہے۔

## غالب دہلوی

ہرکس قسم بآنکہ عزیز است می خورد سوگند کردار بجان محمد است
غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گزاشتیم کان ذات پاک مرتبہ دان محمد است

ترجمہ۔ ہر شخص اس ذات کی قسم کھاتا ہے جو عزیز تر ہو، اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان کی قسم یاد فرمائی ہے۔اے غالب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف خدا ہی پر چھوڑتا ہوں ،اس لئے کہ وہی صحیح معنی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ جاننے والا ہے۔

## جگر مراد آبادی

اے مثل تودرجھاں نگارے یزداں دیگرے نہ آفریدہ
توپر توحسن ذات ازتو، یک شمہ بہ دیگرا ں رسیدہ

ترجمہ۔اے بے مثل ذات، اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرح کوئی دوسرا پیدا ہی نہیں کیا، آپ حسن ذات کا عکس ہیں، دوسروں کو جو کچھ ملا ہے آپ ہی کے صدقے میں کچھ ملا ہے(29)

## رضا بریلوی

زعکست ماہ تاباں آفرید ند زبوئے توگلستان آفریدند
برائے جلوہ یک گلبن ناز ہزار اں باغ وبستان آفریدند

ترجمہ۔آپ کے عکس جمیل سے اللہ تعالیٰ نے روشن چاند کو پیدا کیا، آپ ہی کی جانواز خوشبو سے باغ وبہار کو پیدا کیا، ایک اسی گلبن ناز کے جلوے کی خاطر اللہ تعالیٰ نے ہزاروں گلشن وگلزار کو پیدا کیا۔(30)

Marfat.com

## حضرت بندہ نواز گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ

کروسکلا دل گیان کا انعام دے خوش دھیان کا
چارہ کھلا ایمان کا رکھ باندھ اپنے وارتوں
خوگیر شریعت نعل بند زیں ہے طریقت زیر بند
حق ہے حقیقت پیش بند تنگھ معرفت اختیار توں
تب قید گھوڑا آئے گا تجھ لامکاں لے جائے گا
تب عشق جھگڑا پائے گا خدمارنے تروار توں
شہباز حسینی کھوئے کر بردو جہاں دل دھوئے کر
اللہ آپے یک ہوئے کربت پاوے گا دیدار توں

## شاہ امین الدین اعلیٰ:

ہادی ہدایت جس، اپیں وصل بجرامو اج منہ
ورنہ عاشقاں اغلب تہاں تاریک راہ بایک امیں
جب ایک تھیں دوجا ہوا پوجا ہوا اس حسن کا
تومل احد احمد ہوا بند اپنا توگھٹ ہوا
جن کوئی بھیدیو پورا ہوا دوجگ منے
عالم کہتے ہیں اے امیں اس مرد کو اوچٹ ہوا

## محمد قلی قطب شاہ

چاند سورج روشنی پایا تمہارے نور تھے
آب کوثر کوں شرف ٹھنڈی کے چنی پور تھے
تمہاری یاد بغیر نہیں ہے بزم ورنگین
کہ میرے بھاگ لکھیا ہے اے عیش روزالست
گنگا ابلیا ہے میرے نین کے انجھواں کے بنداں تھے
منجے ڈر کیا تروان ہاردریا کاہے تو وارث
الف ہو رہم عین بن جگ منے ہور سچ ناجانوں میں
کہ میں ہوں خاک تج رہ کا کرومو خاک آباد

Marfat.com

## حکیم مومن خان مومن

چارہ دل سوائے صبر نہیں
سو تمہارے سوا نہیں ہوتا

..................

یہ بے تکلف پھر رہی ہے کشش عاشقاں کو اس کی
وگرنہ ایسی نزاکتوں پر خرام ناز اک قدم نہ ہوتا

..................

تیرے پردے نے کی یہ پردہ دری
تیرے چھپتے ہی کچھ چھپا نہ رہا

## حضرت عبدالعلیم، آسی

تاب دیدار جولائے مجھے وہ دل دینا
منہ قیامت میں دیکھنے کے قابل دنیا

غبار ہو کہ بھی آسی پھروگے آوارہ — جنون عشق سے ممکن نہیں ہے چھٹکارا
نقد ہستی نثار یار کرے — یہ نہیں ہے تو پھر محبت کیا
بدرقہ راہ طلب میں نہیں ہمت کے سوا — راہبر کوئی نہیں جوش محبت کے سوا

## سید علی محمد شاد عظیم آبادی

| | |
|---|---|
| نیاز وناز میں جس دل کو امتیاز نہیں | وہ بارگاہ محبت میں سرفراز نہیں |
| دل کی وسعت کو بڑھایا تیرے دھیان نے | تھا تو قطرہ اس قدر پھیلا کہ دریا ہوگیا |
| ستاروں کی طرح پیشانیاں ان کی چمکتی ہے | میسر ہے جنہیں سجدہ تمہارے آستانے کا |
| محو ہیں اپنی جگہ آسو دگان کوئے دوست | آرزو دل میں ہے دل آنکھوں میں آنکھیں سوئے دوست |

## حسرت موہانی

| | |
|---|---|
| آتے ہیں وہ خیال میں کیوں میرے باربار | عشق خدا نما کی یہی ابتداء ہے کیا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تم پر مٹے تو زندہ جاوید ہو گئے | ہم کو بقا نصیب ہوئی ہے فنا کے بعد |
| نگاہ یار جسے آشنائے راز کر | وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے |

سب اس کے آگے ہیچ دنیا کی راحتیں، پروردگار دے تو غم عشق یار دے (31)

## حاصل باب

عقل و عشق کائنات ہست بود کی انمٹ صداقتیں ہیں۔ انہی سے دماغ میں حرکت و سکون کا لاوا ابلتا ہے۔ عقل بقول اقبال۔ تماشائے لب بام کا منظر پیش کرتی ہے جبکہ عشق اپنی ہی ذات سے پیدا ہونے والی آتش نمرود میں کود کر مجسم روشنی بن جاتا ہے، عقل فرعون عشق موسیٰ عقل نمرود، عشق ابراہیم، عقل بوجہل عشق مصطفیٰ، عقل یزید عشق حسین، عقل شیطان عشق آدم، تاریخ حیات کی آفاقی حقیقتیں ہیں۔

عشق کا وصف یہ ہے کہ وہ عقل کی طرح سیدھی سڑک پر سفر نہیں کرتا بلکہ ایک دائرے کی صورت میں مرکزی نقطے کا طواف کرتا ہے پھر جب وہ دائرے کی لکیر کو توڑتا ہے تو ایک جست سی لگا کر مرکزی نقطے سے ہمکنار ہو جاتا ہے، اور چونکہ عشق عرفان ذات کا سب سے بڑا ذریعہ ہے لہذا یہ عطار کے ڈبے کی طرح ہے بند اور نکہت ریز عشق کی روشنی حواس کے بجائے ذات کے آتش کدے کی مرہون منت ہے، اس لئے بتدریج راستے کو منور نہیں کرتی بلکہ آن واحد میں پوری کائنات کو بقعہ نور بنا دیتی ہے، دنیائے فلسفہ میں عقلی میلانات کو کئی ناموں سے پیش کیا گیا ہے مثلاً اسے منطقی، سائنسی، استقرائی، علمی، یا حقیقت پسندانہ وغیرہ کہا گیا ہے، اور عشقیہ رویہ کو وجدانی عارفانہ، مذہبی اور ماورائی وغیرہ متعدد ناموں سے موسوم کیا گیا ہے۔ خود فراموشی کی یہ کیفیت جس میں انسان ذات باری کے دھیان کے سوا اور سب کچھ اپنے ذہن سے خارج کر دیتا ہے، عشق کی ارتقائی منازل میں سے ایک ہے چنانچہ عشق میں زندگی کی مسلسل روانی سمٹ کر سوز دوام کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ اور محبوب کے خیال کے گرد پروانہ وار طواف کرتے ہوئے ایک نقطے میں پوری کائنات کو دریافت کر لیتی ہے۔ صوفیہ کے مسلک کے مطابق خواہشات، بالخصوص نفسانی خواہشات آئینہ دل کو گدلا کر دیتی ہے، اس قدر کہ اس میں ذات واحد منعکس ہو ہی نہیں سکتی، اس لئے صوفیا ارادتمندوں کو پہلے ریاضت کی مشقتوں سے گزارتے ہیں تا کہ خواہشوں کے ازدہام سے چھٹکارا پا لے،

Marfat.com

اور جب وہ ان مراحل شاقہ سے گزر جاتا ہے ہے از خود نور ازلی کے لئے آئینہ بن جاتا ہے،......

عقل ہو یا عشق دونوں گلشن قدرت کے دو پھول اور خزینہ رحمت کے درمکنون ہیں، ایک کا مقام دماغ ہے تو دوسرے کا مسکن دل، آرائش وکشائش حیات وکائنات سے متمتع وسبکدوش ہونے کے لئے قادر مطلق نے ہر انسان کو ان دونوں نعمتوں سے بہرور کیا ہے۔ ہاں کہیں عقل تیز گام ہے تو عشق نازک خرام، کہیں عقل ناکام ہے تو عشق فائز الحرام، اور کہیں اسکا علی الرغم، تاہم حقیقت یہ ہے کہ عقل اگر سمند بادپا ہے تو عشق اس کی لگام، یہ دونوں جہاں بھی رہتے ہیں اپنی موجودگی سے ماحول کو چکا چوندر کھتے ہیں، اس لئے صوفی ہوں یا شاعر سب نے عقل کی تہذیب ہی کی کوشش کی ہے تکذیب کی نہیں مقام حیرت یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کی ضد بھی ہیں اور ضرورت بھی، عشق بغیر عقل کے جلوہ بالائے بام تک نہیں پہنچ سکتا اور عقل بغیر عشق کے معتبر نہیں ہوسکتی۔ عقل چاہتی ہے کہ ایک ہی پھونک میں شعلہ جوالہ بنادے اور عشق چاہتا ہے کہ وہ جل جل کر بجھتا رہے اور بجھ بجھ کر جلتا ہے، تاکہ وہ مٹ کر بھی انمٹ رہے، جل کر بھی جلتا ہی رہے (روشنی دیتا رہے) وہ موت کو بھی مسیحا بنادے۔ تاہم بات وہی ہے کہ عقل کو عشق کی رہنمائی کی ضرورت ہے اس لئے کہ اگر صحیح سمت میں اس کی جادہ پیمائی ہوئی تب تو خیر ہی خیر ہے، ورنہ فساد وشر کا آتش فشاں، یہی وہ منزل ہے جہاں بیعت وارادت (پیری، مریدی) کی اہمیت وضرورت شدت اختیار کر لیتی ہے، مرشد کامل کا ظاہری ہاتھ اگر مرید ناقص کے ہاتھ میں ہوتا ہے تو باطنی ہاتھ رسول کائنات کے ہاتھ میں، پیر اتصال نسبت کا آخری ذریعہ ہے اسی ذریعہ سے نقص کمال سے بدلتا ہے، اور اسی نسبت سے ذرہ آفتاب بن کر چمکتا ہے۔ اسی لئے بیعت لیتے وقت مرشد صراط مستقیم پر چلنے کا وعدہ لیتے ہیں تو آفات دین ودنیا سے محفوظ رکھنے کی ضمانت بھی دیتے ہیں۔ مرید عقل ہے اور مرشد عشق، اب جو جتنی اور جیسی قوی نسبت والا ہوگا برکات وثمرات اسی اعتبار سے منتج ہوگے، یہی وہ سرچشمہ ہے جہاں سے عشق کے گوناگوں تصورات اور اس کی رنگا رنگ تعبیرات کے سوتے پھوٹتے ہیں، اس معرکہ آرائی میں جو جتنا بامراد ہے اس نے اسی معیار سے اس کی حقیقت کو سمجھا اور سمجھایا ہے...... عارفوں، دانشوروں اور شاعروں نے عشق کا جو تصور پیش کیا ہے اور اس حوالے سے انہوں نے اپنے افکار وانظار کے جو دبستان سجائے ہیں ظاہر ہے کہ ان سب کا احاطہ ممکن نہیں

Marfat.com

ہے تاہم ان کے خوان علم وعشق سے ریزہ چینی کی ہم نے وسعت بھر کوشش کی ہے، پہلے بھی بعض عارفوں کے تصورات عمومی بحث کے ضمن میں آئے ہیں ۔ عشق اور تصورات عشق پر مفکروں اور شاعروں نے بھی اپنے اپنے فکروفن کی جولانی دکھائی ہے،اور نئے انداز میں ڈھالنے اور پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔خوبصورت دل آویز الفاظ کے جسم میں اپنی فکر عالی کی قوت وقدرت سے روح ڈالنے کی سعی محمود بھی اپنائی گئی ہے۔تاہم صوفیائے کرام نے عشق کے باب میں جو کچھ کہدیا ہے اس کا جواب کہاں ، وہ اٹل حقیقت ہے نقش زریں ہے، حرف آخر ہے، چوں کہ یہی جماعت باسعادت ہے جو عشق کے حقیقی رمز سے آشنا،اس کی تلخیوں سے واقف اور جفا میں بھی وفا کے لطف سے مسرور وشاد ماں ہے،یہی وہ لوگ ہیں جو ''اک آگ کا دریا ہےاور ڈوب کے جانا ہے'' کی ہمت افزائیوں سے لیس ہوکر مشکلات کی وادی سے گزر کر، تجربات کی بھٹی میں تپ کر مشاہدات کی دہلیز تک پہنچتے ہیں،انہی عاشقان جمال خدواندی اور فدایان کمال مصطفوی کے کمال محبت اور جمال عشق کا فیضان ہے کہ گلشن عشق ہرا بھرا ہے،خاکی ہوکر نوری سے ہم آغوش ہونے بندہ ہوکر خدا تک پہنچ جانے اور تجھی کو دیکھنا تیری ہی سننا، تجھ میں گم ہونا، جیسے جذبات کی کرن سے مستنیر ہونے کی خواہشات رکھنا انہی نفوس قدسیہ کا حق اور حصہ ہے، کیفیات عشق کی جلوہ باری جہاں کہیں بھی موجود ہیں انہی زندہ دلوں ، روشن ضمیروں کی آہ وکراہ کے فیوض وبرکات ہیں ،اپنے آہ سرد اور نفس گرم سے جونوری قندیلیں انہوں نے فروزاں کی ہیں کائنات محبت میں انہیں سے چراغاں ہے،ان کا سایہ ایک تجلی ہوتا ہے ان کا نقش پا اک چراغ ہوتا ہے وہ جدھر جاتے ہیں روشنی ہی روشنی ہوجاتی ہے......

ہندوستان کے کفر وشرک بھرے ماحول میں عشق وایمان کا اجالا کرنے کے لئے ایک مرد قلندر چیشت سے چلا،اپنی آنکھوں میں اخلاص کی چمک لئے اپنے سر پر عمل کا تاج سجائے، سینے میں شعلہ عشق چھپائے ،قالب پر شریعت کا لبادہ ڈالے ،وارد ملک ہندوستان ہوا، دیکھتے ہی دیکھتے دلوں کی بنجر زمین کو آباد کرتے ، ذہن وفکر کے بند دریچے کو اللہ ہو کی ضرب سے کھولتے ،شبستان دل کو عشق مصطفیٰ کی چاندنی سے منور کرتے ،بستی بستی صحرا صحرا کو جگاتے اور جگمگاتے گزر گیا۔

آج اگر اس غیر منقسم ہندوستان میں اسلام اور اسلام کا غلغلہ، دین اور دین کا ولولہ ہے تو یہ سب اسی معین الملتہ والدین خواجہ غریب نواز ، سلطان الہند چشتی اجمیری کا فیضان کرم فیضان نظر ہے

Marfat.com

......آپ نے جو بزم شریعت سجائی تھی اور محفل طریقت سنواری تھی آپ کے بعد آپ کے خلفاء تلامذہ نے اس کی لو مدھم نہیں ہونے دی، بلکہ انہوں نے چراغ سے چراغ جلائے اور فیضان وعرفان کو خوب عام وتام کیا۔ یہ انہی حضرات کی جلائی ہوئی شمعیں ہیں جو آج انجمن در انجمن پیام محبت نشر کررہی ہیں۔ بجھے بجھے دل اور مرجھائی مرجھائی روح کو عشق کی گرمی اور محبت کی حرارت سے سرشار وشادکام کررہی ہیں، ان چشتی صوفیا کی خدمات اور کارنامے لوح ہند کی پیشانی کا درخشاں جھومر ہیں۔

کہنے کو دانشوروں اور شاعروں نے بھی وادات عشق کے حوالے سے بہت کچھ کہا ہے اور بہت خوب کہا ہے تاہم جو محبت کے ان غوطہ خوروں، دریائے عشق کے ان ناخداؤں یعنی حضرات صوفیاء نے جو تعبیریں پیش کی ہیں، دانشوروں کی دانش اور شاعروں کے شعر میں انہیں کا عکس جھلکتا اور چمکتا محسوس ہوتا ہے، غور کیجئے تو ہر شاعر ومفکر کا شعر وفکر کسی نہ کسی عارف کے قول وکلام کا ترجمان ضرور نظر آئے گا، البتہ ہم اتنا کہہ سکتے ہیں کہ عارف کا قول اگر متن ہے تو یہ اس کی خوبصورت تشریح، عارف کا قول اگر مجمل ہے تو یہ اس کی لائق توضیح، عارف کا قول اگر مبہم ہے تو یہ اس کی عقدہ کشاء عارف کے یہاں اگر جملوں کا کھردراپن ہے تو ان کے یہاں دلفریب لفظوں سے جملوں کی دلکش ترتیب، عارف چوں کہ جسم کی آراستگی کا نہیں روح کی آراستگی کا علمبردار ہوتا ہے اس لئے ان کے یہاں لفظوں پر توجہ نہیں دی جاتی جمال معنی پر دھیان دیا جاتا ہے۔ عقل کی درستگی نہیں عشق کی آراستگی پر توجہ ہوتی ہے۔ تصور عشق کے یہی وہ گلشن وگلزار ہیں جو اپنی بوئے مشک بار سے بے کیف زندگی کو کیف بار اور بے نور بندگی کو مرکز انوار بناتے آرہے ہیں۔ آج بھی ان کی جلوہ طرازی موت کو زندگی اور زندگی کو نمونۂ زندگی کا حوصلہ عطا کرتی ہے۔ ان کی تجلیات کا ایک شمہ جس پر پڑ جاتا ہے اس وہ ذرہ بھی ہے تو آفتاب بن کر جگمگا اٹھتا ہے۔ وہ احمد رضا ہے تو اعلیحضرت بن کر دلوں کے آفاق پر چھا جاتا ہے۔

Marfat.com

# حوالے تصور عشق

## عارفوں، دانشوروں، اور شاعروں کی نظر میں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | منازل ولایت | مولانا عالم فقری | رضوی کتاب گھر دہلی | 32 |
| 2 | // | // | // | 37 |
| 3 | // | // | // | 36 |
| 4 | // | // | // | 31 |
| 5 | لطائف اشرفی، حضرت سید مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی، دانش بکڈپو پوٹانڈہ | | | 32 |
| 6 | سبع سنابل شریف | حضرت میر عبدالواحد بلگرامی | | 408 |
| | ترجمہ | مفتی محمد خلیل خان برکاتی رضوی کتاب گھر | | |
| 7 | مکتوبات صدی | حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری | | 315 |
| | ترجمہ | شاہ نجم الدین فردوسی وشاہ الیاس یاس | | |
| 8 | اقبال کے تصورات عشق وخرد | ڈاکٹر وزیر آغا | | 174-173 |
| 9 | // | // | | 169 |
| 10 | // | // | | 160-159 |
| 11 | // | // | | 184 |
| 12 | // | // | | 3 |
| 13 | // | // | | 29-28 |
| 14 | صحیفہ کمال، پروفیسر نکہت شاہجہاں پوری، ناشر ۲۴ رنکہت منزل محلہ شاہجہاں پور | | | 123 |
| 15 | اقبال کے تصورات عشق وخرد۔ | ڈاکٹر وزیر آغا۔ | | 159-158 |
| 16 | // | // | | 163 |
| 17 | // | // | | 173 |
| 18 | // | // | | 197-196 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 | عشق رسول | ڈاکٹر طاہر القادری | 23 |
| 20 | 〃 | 〃 | 31 |
| 21 | فیض الادب حصہ دوم | مولانا محمد بدر الدین | 131 |
| 22 | تاریخ نعت گوئی میں حضرت رضا بریلوی کا منصب۔ | شاعر لکھنوی | 9 |
| 23 | یادگار رضا۔ | رضا اکیڈمی ممبئی 1994 | 76 |
| 24 | ازہار العرب | ابو عبداللہ محمد بن یوسف، مکتبہ غریب نواز الہ آباد | 8 |
| 25 | ماہنامہ حجاز جدید، | دہلی شمارہ مارچ 1990 | 39 |
| 26 | 〃 | 〃 | 43 |
| 27 | 〃 | 〃 | 44 |
| 28 | 〃 | 〃 | 11 |
| 29 | اقبال اور عشق رسول، رئیس احمد جعفری ناشر کتاب منزل کشمیری بازار لاہور مطبوعہ 1956 | | 42-15 |
| 30 | حدائق بخشش۔ حضرت رضا بریلوی | رضا دار الاشاعت بریلی | 122 |
| 31 | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی مقتبساً | 512,319 |


Marfat.com

چوتھا باب

# تصورِ عشق

ممتاز شعراء کے حوالے سے

☆ ..........میر تقی میر کا تصور عشق

☆ ..........غالب کا تصور عشق

☆ ..........اقبال کا تصور عشق

Marfat.com

# میر تقی میر کا تصورِ عشق

میر تقی میر 1722/23/1135ء میں پیدا ہوئے اور ۲۰/شعبان 1225ھ 20/ستمبر 1810، میں انتقال کیا...... یہ وہ عہد تھا جب مغلیہ سلطنت کا زوال اور انگریزی حکومت کا کمال گلے مل رہا تھا ذاتی اور زمانی حالات نے مل کر میر کو وہ کچھ بنا دیا جو آج ہمیں نظر آ رہا ہے۔ میر کے والد محمد علی متقی (م ۲۱/رجب ۱۱۴۶ھ م 18/دسمبر 1733/درویش صفت انسان تھے۔ اپنے زہد و تقوی کی وجہ سے علی متقی کے خطاب سے موسوم ہوئے ان کی پہلی شادی سراج الدین علی خان آرزو کی بڑی بہن سے ہوئی جن کے بطن سے حافظ محمد حسن پیدا ہوئے۔ دوسری بیوی کے بطن سے دو بیٹے محمد تقی، اور محمد رضی اور ایک بہن (زوجہ محمد حسین کلیم) پیدا ہوئے، یہی محمد تقی بڑے ہو کر خدائے سخن میر تقی میر کہلائے اور اردو زبان و ادب پر ایسے گہرے نقوش ثبت کئے کہ رہتی دنیا تک ان کا نام باقی رہے گا(۱)

میر ایک نہایت غریب گھرانے سے تعلق رکھتے تھے، والد کا انتقال گیارہ سال کی عمر میں ہوا تلاش روزگار میں شاہجہاں آباد آئے، یہاں محمد باسط کے چچا صمصام الدولہ جو علی متقی کے دوستوں میں تھے، روزینہ ایک روپیہ مقرر کر دیا 1739ء میں تین سال کے بعد وہ بھی بند ہو گیا۔ ان کے سوتیلے ماموں سراج الدین علی خان آرزو اردو فارسی کے بڑے شاعر اور استاد تھے، سات سال ان کے یہاں قیام رہا لیکن وہ یہاں آسودہ نہ رہ سکے، ان کے سوتیلے بھائی محمد حسن نے آرزو کو لکھا کہ محمد تقی فتنہ روزگار ہے۔ ہرگز اس کی تربیت نہیں کرنی چاہئے، آرزو نے آنکھیں پھیر لیں مگر بقول ڈاکٹر اعجاز مدنی ”یہ سب ہوائی باتیں ہیں“ (۲)

ذکر میر اور نکات الشعراء دونوں میں میر نے آرزو کو اپنا استاد و مرشد لکھا ہے۔ اور زبان و فن شاعری انہی سے سیکھا۔ یا ان سے ترغیب ملی اس حقیقت کا اعتراف انہوں نے خود کیا ہے، ایک سال تک مرض جنون میں مبتلا رہے، ۱۱۵۲ھ کے بعد ان پر جنون کا حملہ ہوا جو خاندانی مرض تھا۔ ۱۱۵۳ھ سے باقاعدہ شاعری کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ میر رعایت خان اور بخت سنگھ کے ساتھ ۱۱۴۸ھ میں اجمیر مقدس آئے اور غریب نواز کے مزار کی زیارت کی (۳)

Marfat.com

میر پریشانی اور زبوں حالی کی زندہ تصویر تھے، بسیار گردیدم شفیقے نہ دیدم، کے الفاظ سے ان کی اندرونی شکست وریخت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، تاہم میر نے اپنی شاعری کے ذریعہ بہت کچھ آلام روزگار کو آسان کرلیا تھا

بقول ڈاکٹر جمیل جالبی ...... اتنے پہاڑ جیسے غموں کے باوجود میر کی بڑی عمر کا راز یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنی شاعری سے خود اپنے غموں کا تزکیہ کیا ہے (۴)

میر کی سیرت و شخصیت متضاد عناصر سے مل کر بنی تھی ۔ ان کا گھر فقیر درویش کا گھر تھا ۔ باپ متقی وقناعت شعار، سینہ آتش عشق سے روشن اپنے بیٹے محمد تقی کو تلقین عشق کرتے اور کہتے ...... اے بیٹے عشق اختیار کر کہ (دنیا کے) اس کارخانے میں اسی کا تصرف ہے اگر عشق نہ ہوتو نظم کل کی صورت نہیں پیدا ہوسکتی ۔ عشق کے بغیر زندگی وبال ہے دل باختہ عشق ہونا کمال کی علامت ہے ۔

سوز وساز دونوں عشق سے ہیں عالم میں جو کچھ ہے وہ عشق ہی کا ظہور ہے (۵)

یہی وہ ترغیب تھی جس نے میر کی زندگی میں انسان، معاشرے اور فرد کے رشتوں کا سراغ لگایا اور یہی وہ مرکزی نقطہ ہے، جس سے ان کی شاعری کا دائرہ بنتا ہے،

محبت نے ظلمت سے کاڑھا ہے نور نہ ہوتی محبت نہ ہوتا ظہور
عشق ہی عشق ہے نہیں ہے کچھ عشق بن تم کہو کہیں ہے کچھ

میر کے ذہنی ساخت، فطری رجحان، نفسیاتی جائزے کے لئے ان کے عشق کا واقعہ بھی بہت اہمیت کا حامل ہے ۔ احمد حسین سحر نے اپنے تذکرہ میں میر کے عشق کی روایت کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے ۔

مشہور یہ ہے کہ اپنے شہر میں ایک پری تمثال سے کہ ان کی عزیز تھی در پردہ عشق کرتا تھا، غم روزگار سے وہ پہلے افسردہ تھے، غم جاناں نے مل کر انہیں مجنوں کردیا

مجھ کو شاعر نہ کہو میر کہ صاحب میں نے
دردوغم کتنے جمع کئے تو دیوان کیا

محبوب کی ہر ادا ہر بات پر میر کی نظر ہے ۔ محبوب کے جسم، رخسار، قد، بال، ہونٹ، چال، آنکھ، سراپا، ساق، دہن، لباس، رنگ بدن، ہر چیز کو میر عاشق کی نظر سے دیکھتے ہیں، اس کی شوخی، شرارت، ناز وادا، جلوہ آرائی، رعنائی، بے اعتنائی، بے مروتی سخت دلی اور انداز گفتگو کا اپنے مخصوص مزاج کے ساتھ مشاہدہ کرتے ہیں ۔ اور اس طور پر بیان کردیتے ہیں کہ میر کے شعر جیسے ابدی جذبے کا ابدی اظہار بن جاتے ہیں ۔ اس لئے بقول ڈاکٹر جمیل جالبی

"جب تک جذبہ عشق باقی ہے میر کی شاعری بھی زندہ رہے گی" (۶)

Marfat.com

میرے تغیر حال پر مت جا  اتفاقات ہیں زمانے کے
ایک محروم چلے میر ہمیں عالم سے  ورنہ عالم کو زمانے نے کیا نہ دیا
شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے  دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

میر کی شاعری کا ایک رنگ وہ ہے جو حیات بعد ممات پر ایمان کا جانفزا تصور بخشتا ہے یہی وہ عشق ہے جو ہمیں رسول خدا، محبوب کبریا علیہ التحیہ والثناء کی ثنا مولانا روم کی مثنوی، سعدی کی شاعری، اور اقبال کے فکر میں نظر آتا ہے...... میر کی شاعری پر تمام بڑے ناقدوں نے لکھا ہے۔ سید احتشام احمد ندوی نے ایک مضمون میں میر کی شاعری میں تصوف کی ذیلی سرخی کے تحت بہت سی مفید باتیں لکھی ہیں (نگار، جلد ۷۵ رش، جون 1959ء) (7)

تصوف میر کی گھٹی میں پڑا تھا، والد کی نیک صحبت، سید امان اللہ کی رفاقت، عم محترم کی معیت، خاندانی ماحول کا اثر، میر کی نازک طبعیت نے پوری طرح قبول کیا جس کا اندازہ ان کے کلام سے خاطر خواہ ہوتا ہے۔

درد ہی خود ہے خود دوا ہے عشق  شیخ کیا جانے تو کہ کیا ہے عشق
عشق ہی عشق ہے جہاں دیکھو  ساری دنیا میں بھر رہا ہے عشق
عشق معشوق عشق عاشق ہے  یعنی اپنا ہی مبتلا ہے عشق

میر بذات خود صوفی منش ہو یا نہ ہو تاہم اس کے اشعار سے جو اس کا تصور عشق ابھرتا ہے اس سے اس کے صوفیانہ، عاشقانہ مزاج ہونے کا پتہ ضرور چلتا ہے، خاموشی، تنہائی، حصول ذات، عاجزی، استغناء، طمانیت قلب جیسے تصوف کے خالص مضمون نے بعض ناقد کو یہ کہنے پر مجبور کر دیا ہے کہ میر تصوف کے الوالعزم شاعروں میں سے ہیں (۸) میر کے تصورات، جذبات واحساسات ان کے خیالات کی بھٹی میں تپ کر اس میں کوئی شک نہیں کہ الفاظ کندن بن کر نکلتے تھے، اردو غزل کے جسم میں میر نے اپنے فن اور کمال فکر سے جو روح پھونکی ہے اس نے میر کو خدائے سخن بنا دیا ہے۔ تاہم ان کے فکر و خیال، نغمہ و لے، شعر و سخن، نالہ و آہ کا محور و مرکز عشق مجازی ہی کے گرد گھومتا ہے، چاندنی رات میں ایک خوش پیکر کا کرہ قمر سے جھانکنا، جدھر نظر اٹھے اسی رشک قمر کا نظر آنا، اور اسی سے بیخودی کی کیفیت کا پیدا ہو جانا، اپنی کسی عزیز پر فریفتہ وشیدا ہو کر اس کے سراپا کا نقشہ کھینچ دینا، ایک ایک ادا کی تصویر کشی کرنا، بھلا اس تصور کا تصوف اور عشق حقیقی سے کیا رابطہ ہو سکتا ہے۔ جس کی بنیاد ہی غیرت وحمیت کے تابوت پر ہو، اشعار میں عشق حقیقی کا تصور

Marfat.com

پیش کرنا اور بات ہے اور شاعر کا عشق حقیقی کی میزان پر کھرا اترنا اور بات، میر کی شاعری میں شاعرانہ کمال و جمال کی جلوہ ریزیاں اپنے شباب پر ہیں مگر میر کی زندگی میں عشق حقیقی کے جواہر وعناصر کا فقدان بھی ہے......شاعری اور زندگی میں مطابقت دور تک نظر نہیں آتی۔

Marfat.com

# غالب کا تصور عشق

مرزا اسد اللہ خان غالب ۸/رجب المرجب ۱۲۱۲ھ میں پیدا ہوئے اور ۲/ذی قعدہ ۱۲۸۵ھ م 15/فروری 1869ء کو وفات پائی

غالب نے ایک ایسے گھرانے میں آنکھ کھولی تھی جو شجاعانہ بانکپن، اور بے مثل دلیری میں دوسرے خاندانوں پر فائق تھا، غالب بھی اس احساس برتری کے شکار تھے، ذوق پر طنز کرتے ہوئے انہوں نے کہا تھا۔

ع..... سو پشت سے ہے پیشہ آباء سپہ گری

باپ کا سایہ بچپن ہی میں غالب کے سر سے اٹھ گیا تھا، اس لئے ننھیال میں پرورش ہوئی تعلیم تو باقاعدہ مکمل نہ ہو سکی ہاں اتنا پڑھ لیا تھا کہ جو اس وقت کے شرفار کے لئے ضروری سمجھا جاتا تھا،..... تیرہ سال کی بالی عمر میں نواب الہیٰ بخش خاں المعروف کی چھوٹی صاجزادی امراؤ بیگم سے دلی میں شادی ہوئی خوش طبعی سے مرزا اس شادی کو عمر بھر حبس دوام اور پاؤں کی بیڑی کہتے رہے۔ تاہم تجزیہ نگاروں نے لکھا ہے کہ اس شادی نے ان کے ذوق شعری کو بلند کیا، کردار کو پاکیزگی بخشی، نواب معروف بڑے پائے کے شاعر تھے، نوجوان اور ذہین غالب پر سسرال میں رہنے سے سنجیدہ علمی ماحول کا بہت اچھا اثر ہوا وہ رفتہ رفتہ سنبھلے، ان کا انداز سخن بھی بدلا (۹)

غالب اردو فارسی کے عظیم شاعر ہیں، ان کی شعری عظمت کا سورج جس طرح کل روشن تھا۔ آج بھی چمک رہا ہے تاہم ان کی فنی عظمت کو صیقل کرنے اور جلا بخشنے میں غالب کے ایک مخلص دوست، مجاہد حریت سالار سنیت علامہ فضل حق خیر آبادی کا زبردست ہاتھ ہے۔ مرزا کی شعر گوئی کا طرز سب سے جداگانہ تھا۔ طبیعت مشکل پسند واقع ہوئی تھی، علماو فضلاء کی صحبت نے قابلیت میں اور چار چاند لگا دئے تھے، وہ یہ سمجھتے تھے کہ میرے اشعار کے مخاطب یہی باکمال حضرات ہیں۔ اس لئے مرزا نئی ترکیبوں اور مشکل و دقیق الفاظ کے استعمال کے لئے مجبور بھی تھے۔ مرزا کی اس روش سے مفتی صدر الدین خان آزردہ اور ناخوش رہتے تھے، لیکن مرزا کو آزردہ

Marfat.com

کی اس روش کی کوئی پرواہ نہ تھی، لیکن علامہ فضل حق خیر آبادی کے شریک مجلس ہونے اور غزلوں کو سننے اور دیکھنے کے بعد جب مرزا کو سمجھانے کی نوبت آئی کہ یہ اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئیں گے تو مرزا بہت پریشان ہوئے...... حالی لکھتے ہیں۔

مولوی فضل حق کی تحریک سے انہوں نے اپنے اردو کلام میں سے جو
اس وقت موجود تھا دو ثلث کے قریب نکال ڈالا، اور اس کے بعد اس
روش پر چلنا بالکل چھوڑ دیا (یادگار غالب-201) (10)

مولوی اسمعیل دہلوی کے نظریہ امکان نظیر کے جواب میں جب علامہ فضل حق نے ''امتناع النظیر'' پیش کیا تو غالب نے اسی موضوع پر ایک مثنوی لکھ ڈالی جو کلیات غالب میں مثنویات کے سلسلہ میں چھٹی مثنوی ہے، علامہ عبدالشاہد خاں شروانی لکھتے ہیں ''غالب کے انداز بیان کا یہ کچھ کم کمال نہیں کہ ایسے مشکل مسئلہ کو ایسی روانی اور خوبی سے سمجھا دیا۔ علامہ اور دوسرے اہل فضل وکمال کی صحبت نے غالب کو فی الواقع غالب بنا دیا تھا، لکھتے ہیں۔

یک جہاں تا ہست یک خاتم بس است — قدرت حق را نہ یک عالم بس است
خواہد از ہر ذرہ آرد عالمے — ہم بود ہر عالمے را خاتمے
ہر کجا ہنگامہ عالم بود — رحمتہ للعالمینے ہم بود
کثرت ابداع عالم خوب تر — یا بیک عالم دو خاتم خوب تر
در یکے عالم دو تا خاتم مجوئے — صد ہزاراں عالم وخاتم بگوئے
غالب ایں اندیشہ نپذیریم ہمی — خردہ ہم برخویش می گیرم ہمی
اے کہ ختم المرسلینش خواندہ — دانم ازروئے یقینش، خواندہ
ایں الف لامے کہ استغراق راست — حکم ناطق معنئ اطلاق راست
منشاء ایجاد ہر عالم یکے است — گرد وصد عالم بود خاتم یکے است
منفرد اندر کمال ذات است — لاجرم مثلش، محال ذاتی است
زیں عقیدت برنگردم والسلام — نامہ رادری نوردم والسلام

غالب نے ان اشعار میں ابتدائی پانچ شعروں میں اپنی قابلیت سے ایک حل نکالنے کی کوشش کی جس میں دونوں طرف کی بات رہ جاتی تھی، اور یہ کہ خاتم النبین، اللہ جل شانہ نے اس عالم کے لئے بنایا ہے۔ اس عالم میں تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظیر پیدا ہونا محال اور ممتنع بالذات ہے۔ لیکن خدا

Marfat.com

دوسرا عالم بنا کر آدم سے عیسیٰ تک اس عالم کے لئے پیغمبر پیدا کر کے آخر میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کو خاتم النبین بنا سکتا ہے۔ اسی طرح امکان نظیر کی صورت نکل سکتی ہے۔ آخری چھ اشعار میں اس خیال کو رد کرتے ہوئے علامہ کی رائے سے اتفاق کرنا پڑا ہے۔ اور اسی رائے سے اپنی موافقت ظاہر کرتے ہوئے جس مدلل طریقہ سے اسے ثابت کیا ہے یہ غالب ہی کا حصہ ہے (11)

غالب طبیعت اور فطرت کے اعتبار سے صوفیائے کرام کے عقیدت مند تھے، اسی لئے ان کے آستانے کی حاضری کے خواہشمند رہتے تھے، ان کے کلام میں یہ عقیدت ومحبت خوشبو لٹاتی محسوس ہوتی ہے، اسی لئے صوفیاء کرام بھی غالب کو بہت قریب سے چاہتے تھے۔

صفیر بلگرامی لکھتے ہیں کہ...... مارہرہ شریف جب میں پہنچا تو میرے نانا صاحب کو غالب کا بے حد مداح پایا، مارہرہ شریف میں ان کے اور چرچے بہت تھے، یہاں سے صفیر غالب کے شاگر ہوئے (مارہرہ والے قادریہ سلسلہ کے بزرگ اہل طریقت، اور کٹر شریعت کے پابند، تمام اہل سلسلہ مانے جاتے ہیں۔ یہ سب ساوات کرام ہیں۔ ان کی نشست وبرخاست سے خوشبوئے رسول برستی معلوم ہوتی ہے، حضرت رضا بریلوی طریقت وتصوف میں اسی نوری آستانے کے فیض یافتہ ہیں) غالب کا یہاں پسند خاطر ہونا غالب کے سنی ہونے کو ثابت کرتا ہے (۱۲)

غالب کا فن ان کی وجیہہ شخصیت کا عکس جمیل ہے، غالب کے کلام کا بڑا حصہ عشق مجازی پر حاوی ہے۔ لیکن ان کا حکیمانہ انداز، رمز وایماء، دلکش اسلوب، والہانہ تخیل ان کی ہر غزل میں نمایاں ہے۔ مرزا کے شعر میں دل کی دھڑکن سنائی دیتی ہے، تمنا کی خاطر تمنا غالب کا انفرادی انداز ہے...... فرماتے ہیں۔

ہوں میں بھی تماشائی نیرنگ تمنا
مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے

غالب کے کلام پر تنقید کرتے ہوئے اکثر نقادوں نے لکھا ہے کہ غالب نے ایک نہیں کئی مرتبہ عشق کیا ہے، یوں تو وہ حسن لب وبام کے بھی شیدا ہوئے اور ایک شوخ ڈومنی بھی ان کے دل کو لبھائی، مگر محسوس ہوتا ہے کہ وہ اس حسینہ کو کبھی پا نہ سکے، اس لئے اپنے داغ ناتمامی کو انہوں نے اس شمع سے تشبیہ دی ہے، جس کو کسی نے پورا جلنے سے پہلے ہی بجھا دیا۔

اس شمع کی طرح سے جس کو کوئی بجھادے
میں بھی جلے ہوؤں میں ہوں داغ ناتمامی
قہر ہو یا بلا ہو، جو کچھ ہو...... کاش کہ تم میرے لئے ہوتے

Marfat.com

تاہم حمیدہ سلطان کا خیال ہے کہ...... مرزا صاحب کی شاگرد ایک خاتون شاعرہ ترک بھی تھیں، بہت ممکن ہے کہ غالب کے ہر شعر میں جو دل کی دھڑکن سنائی دیتی ہے، وہ ترک کا عطیہ ہو (۱۴)

بازیچہ اطفال ہے دنیا میرے آگے ہوتا ہے شب روز تماشا میرے آگے
اک کھیل ہے اورنگ سلیماں میرے آگے اک بات ہے اعجاز مسیحا میرے آگے

ان جیسے اور دیگر اشعار سے خیال بالا کی تائید بھی ہوتی ہے۔

بہر حال غالب نے ہمارے سامنے عشق کا جو تصور پیش کیا ہے۔ اس کی بنیادیں، عقلیت، مادیت اور جنسیت پر استوار ہے۔

لے لوں تو سوتے میں اس کے پاؤں کا بوسہ ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائے گا
نے سروبرگ آرزو نے رہ ورسم گفتگو اے دل وجان خلق تو ہم کو بھی آشنا سمجھ

خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار
کیا پوجتا ہوں اس بت بیداد گر کو میں

غالب شعرائے اردو میں کیوں ممتاز ہیں۔ ان کا نظریہ شعری کیا ہے، احباب کی رفاقت سے انہوں نے کیا اثر قبول کیا...... ڈاکٹر مختار الدین آرزو اس تعلق سے تحریر فرماتے ہیں۔

"فضل حق خیر آبادی کی غالب سے از حد دوستی، مطالعے میں تصوف کی بے اندازہ کتابیں گزریں۔ وحدت الوجود کے قائل اور وہی مذہب رکھتے تھے، اسی لئے غالب کا کلام نہ صرف اپنے ہم عصروں میں بلکہ بارہویں اور تیرہویں صدی کے تمام شعراء میں ممتاز تھا (احوال غالب، ص70-14)

میکش اکبر آبادی لکھتے ہیں۔

"مرزا غالب تصوف کے قائل تھے اور شعروں میں انہوں نے تصوف کے مسائل بیان کئے ہیں۔ تصوف ان کا قال بھی تھا اور حال بھی۔ ان اشعار سے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے"

قطرہ میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جز میں کل کھیل لڑکوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہوا
ہے تجلی تری سامان وجود ذرہ بے پرتو خورشید نہیں (۱۵)

اشعار میں نظریہ تصوف کی بھرمار کے باوجود غالب کے صوفی ہونے کا سب نے انکار کیا ہے

Marfat.com

۔سید احمد اکبر آبادی کے بقول...... معاملات و اسرار تصوف کے اظہار و بیان کے باوصف وہ صوفی نہیں تھے غالب کی فارسی دانی اور تصوف کی کتابوں کے مطالعہ نے غالب کو تصوف کا ہمنوا بنایا

دہر جز جلوہ یکتائی معجوب نہیں
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود میں (۱۶)

تاہم سب سے سچی بات وہی ہے جو غالب نے خود کہی ہے جس سے فیصلہ آسان ہو جاتا ہے

یہ مسائل تصوف یہ تیرا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا ۔

Marfat.com

# اقبال کا تصورِ عشق

ڈاکٹر محمد اقبال ۲۹ر دسمبر ۱۸۷۳ء کو پیدا ہوئے اور ۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء کو وفات پائی...... یہ زبان اردو کی خوش اقبالی ہے کہ اسے، اقبال سا شاعر نصیب ہوا۔ جس کے کلام کا سکہ اردو داں دنیا کے دلوں پر بیٹھا ہوا ہے۔ اقبال ایک ایسے گھر میں پیدا ہوئے جہاں مذہب کی بالادستی اور شریعت وسنت کی حکمرانی چھائی ہوئی تھی، آپ کے والد ایک درویش صفت مسلمان تھے، اسلام کی محبت اور مذہب سے وابستگی انہیں ورثے میں ملی۔ علامہ اقبال کے والد شیخ نور محمد کے عشق مصطفیٰ کی کیفیت کا ایک واقعہ علامہ اقبال کے حوالے سے فقیر سید وحید الدین نے یوں تحریر کیا ہے۔

ایک سائل بھیک مانگتا اور صدا لگاتا ہوا ان کے دروازے پر آیا۔ یہ گدائے مُبرم یعنی اڑیل فقیر تھا...... اس کے بار بار چیخ کر صدا لگانے پر علامہ اقبال نے طیش میں آکر اسے مارا، علامہ کے والد اس حرکت پر بہت آزردہ اور کبیدہ خاطر ہوئے...... بیٹے سے کہا کہ قیامت کے دن جب خیر الرسل کی امت سرکار کے حضور جمع ہوگی تو یہ گدائے دردمند تمہارے اس برتاؤ کے خلاف حضور رسالت مآب سے فریاد کرے گا اس وقت

اے صراطت مشکل از بے مرکبی
من چہ گویم چوں مرا پرسد بنی
در ملامت نرم گفتار آں کریم
من رہین خجلت وامید وبیم

پھر علامہ کے والد ماجد اپنی ریش سفید کا واسطہ دے کر بیٹے کو کہتے ہیں کہ مجھے میرے آقا و مولا کے حضور رسوا نہ کرو...... فقیر وحید الدین لکھتے ہیں کہ

شیخ نور محمد رحمتہ اللہ علیہ کے حسن تربیت کا یہ اعجاز تھا کہ علامہ اقبال قرآن کی آیت اور حدیث رسول سنتے تھے تو فوراً، گردن نہادن بطاعت، کی تصویر بن جاتے تھے (17)

علامہ اقبال کی بہن بڑی عابدہ زاہدہ تھیں، خاص طور سے اولیاء اللہ کی کرامات اور خرق عادت کی کتابیں بڑے ذوق وشوق سے پڑھتیں، انہوں نے ایک دن شیخ اعجاز احمد سے کہا کہ میاں جی کو

Marfat.com

اسم اعظم ،معلوم ہے جسے وہ بھائی صاحب (علامہ اقبال) کو بتا چکے ہیں...... جب شیخ صاحب سے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا، قبولیت دعاء کا ایک نسخہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ہر دعاء سے قبل اور بعد حضور سرور کائنات پر دورد بھیجیں کیوں کہ درود سے بڑھ کر اور کوئی اسم اعظم نہیں (روزگار فقیر ج ۲،ص ۱۲۷) (18)

اقبال کی تعلیم گو مقررہ اصول نظامیہ کے مطابق نہ ہوئی مگر مولانا میر حسن سے انہوں نے کافی استفادہ کیا تھا جو اپنے زمانے کے جید عالم تھے اور علوم اسلامیہ والسنہ شرقیہ پر کافی عبور رکھتے تھے، لندن یونیورسٹی میں ڈاکٹر آرنلڈ کی جگہ چھ مہینے تک انہوں نے عربی کے پروفیسر کی حیثیت سے کام کیا تھا...... یوروپ سے واپسی کے بعد انہوں نے اسلامی فلسفہ، دینیات اور تصوف کا وسیع مطالعہ کیا، البتہ دو متضاد چیزوں کو یعنی رومی جیسے زبردست صوفی اور ڈارون کے ملحدانہ نظریہ ارتقاء کے قائل نیٹشے کو جمع کر دیا۔ اسی تجدید واحیاء پسند طبیعت نے انہیں منتشر رکھا تصوف میں یقین کی کیفیت پیدا نہ ہو سکی،...... وہ فقہ اور تصوف دونوں پر ناقدانہ رائے رکھتے تھے ۔علماء کے اجتہاد کو بھی شک کی نظر سے دیکھتے تھے ۔ اقبال جب تصوف کے تعلق سے مابعد الطبیعات کے ارتقاء کے لئے عجمی یا ایرانی فلاسفہ کی بات کرتے تو اس کا مطلب کوئی علاحدہ قوم و وطن نہیں ہے یہ وہ صوفیاء ہیں جن پر زرتشتی فلسفہ کا اثر تھا جسے اقبال غیر اسلامی تصوف کہتے ہیں ۔اور دوسرے نوافلاطونی نظریات کے بھی قائل ہیں کہ وہ اسلامی تصوف میں داخل ہو کر اسلامی تصوف کی جس نے صورت بگاڑ دی، اس ضمن میں وہ حافظ شیرازی، منصور حلاج، ابن عربی کی فتوحات کلیہ وفصوص الحکم اور وحدت الوجود کے افکار کے وہ منکر تھے ۔حافظ کو گوسفندوں میں شمار کرتے تھے ۔اس لئے خواجہ حسن نظامی، اور دیگر مقلدین تصوف نے ملک گیر مخالفت اقبال کی مہم جاری رکھی اور اسرار خودی و رموز بے خودی کے جواب میں پیرزادہ مظفر احمد صاحب نے راز بیخودی تصنیف کی اور اقبال کو دشمن اسلام، رہزن اسلام، شغال ،ضر جیسے نازیبا القاب سے نوازا۔ ''پیام مشرق'' کے جواب میں میر کریم الدین صاحب ساکن گوجرہ لائیلپور نے ''پیام آفتاب لکھی جو ۱۹۲۱ء میں شائع ہوئی، اقبال کو اپنے سامنے بچہ می ماند: 'اور اپنی تخلیق کو خدمت اسلام اور اقبال کی تصنیف کو این فقط کار تجارت است کہتے ہیں الغرض اقبال کا فلسفہ جب تک صرف فلسفہ تھا وہ سر آنکھوں پر بٹھائے جاتے تھے، لیکن فارسی کی منظوم کاوشوں نے نہ صرف انہیں گمراہ قرار دیا بلکہ کفر کے فتوے بھی دستیاب ہوئے۔ اقبال نے دل کی منزل کو عقل سے طے کرنی

Marfat.com

چاہی حقیقت سے بہت دور جا پڑے۔(اقبالیات کا تنقیدی جائزہ) (19)

قاضی احمد میاں جونا گڈھی کے اس محاکمہ پر ڈاکٹر اعجاز مدنی یوں تبصرہ کناں ہیں۔اس سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ اقبال کی فکر کی بنیاد ہی غلط تھی کہ تصوف فلاسفہ عجم زرتشتی،نوافلاطونی ویدانت، گیتا، وغیرہ پر استوار ہو کر دنیا بھر میں خانوادوں کی شکل اختیار کر گیا ہے وہ خود لکھتے ہیں کہ......خواجہ نقشبند اور مجدد سرہند کی میرے دل میں بہت بڑی عزت ہے مگر افسوس یہ سلسلہ آج عجمیت کے رنگ میں رنگ گیا ہے۔یہی حال سلسلہ قادریہ کا ہے۔جس میں خود بیعت رکھتا ہوں خط میں پیر کا نام نہیں لکھا ہے حالانکہ حضرت محی الدین کا مقصود اسلامی تصوف کو عجمیت سے پاک کرنا تھا، مکاتیب میں (ص ۱۳۵) اقبال بزرگوں کے بیحد مداح اور ارادتمند ہیں۔مولوی عبدالرزاق صاحب نے اقبال کا خواجہ نظام الدین اولیا، کے مزار اقدس پر رورو کر منقبت پیش کرنے کا والہانہ حال لکھا ہے (ص ۱۱۔۱۲) ایسے ہی خطوط اقبال میں مولوی انشاء اللہ خان لاہوری کو خط میں لکھا ہے۔اللہ اللہ محبوب الٰہی کا مزار بھی عجیب جگہ ہے۔بس یہ سمجھ لیجئے کہ دہلی کی پرانی سوسائٹی حضرت کے قدموں میں مدفون ہیں......(خطوط اقبال، رفیع الدین ہاشمی) (20)

اقبال کے نزدیک عشق ومحبت سے فقط جذباتی عقیدت وارادات مراد نہیں۔تقلید بھی اس کا ضرور جزو ہے۔لیکن محبت کا کیمیائی اثر اسی صورت میں ظاہر ہوسکتا ہے۔جب یہ محبت کسی ایسے کامل سے ہو جس کی ذات کا پرتو انسان کو کندن بنا دے،اور اس مقصد کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کون سی ہستی ہوسکتی ہے۔جن کی زندگی دینی اور دنیاوی ارتقاء کا بہترین نمونہ ہے اور جن کی زندگی کو قرآن نے اسوہ حسنہ قرار دیا ہے۔

هست معشوقے نہاں اندر دلت چشم اگر داری بیا بنما یمت
عاشقان اوز خوباں خوبتر خوش تر وزیبا ومحبوب تر
دل زعشق اوتوانا می شود خاک ہمدوش ثریا می شود
دردل مسلم مقام مصطفیٰ ست آبروئے ما زنام مصطفیٰ است

عشق سے پیدا نوائے زندگی میں زیر و بم عشق سے مٹی کی تصویروں میں سوز دمبدم
مردخدا کا عمل عشق سے صاحب فروغ عشق ہے اصل حیات موت ہے اس پر حرام

ان کے نزدیک عشق سوز وتب وتاب جاودانہ کے سوا اور کچھ نہیں، اقبال نے مرد مومن ،قلندر،فقیر، درویش، خلیفہ اللہ فی الارض وغیرہ ناموں سے دراصل ایک ہی ''مرد کامل'' کی شخصیت کی

Marfat.com

طرف اشارہ کیا ہے ایک ایسا مرد کامل جو افونیٹ اور سنیاس کے مسلک کا گرویدہ نہیں۔ بلکہ کائنات کی تب وتاب کا محرم ہے۔ (21)

اس میں کوئی شک نہیں کہ اقبال شمع افکار رومی کے گرد پروانہ وار مچلتے اور اکتساب فیض کے لئے بل کھاتے نظر آتے ہیں یہ اسی قلندرانہ خلوص کا نتیجہ ہے کہ فکر اقبال میں تجلیات رومی جگہ جگہ بلکہ قدم قدم پر روشن وتجلی ریز ہے۔ بقول مولانا صلاح الدین۔

یہ سعادت ساڑھے چھ سو برس کے بعد شاعر مشرق اقبال ہی کے حصے میں آئی کہ اس نے رومی کے فکر فلک رس اور اس کی سیرت باصفا کے امتزاج سے ایک پیکر بے مثال تیار کیا پھر اس کے سوز عشق سے اسے حرارت بہم پہنچائی، اس کے حسن نظر سے اسے جلا بخشی، اور اس کے نفس آتشیں سے اس میں روح پھونکی (۲۲) اس تناظر میں ان کے یہ اشعار دیکھئے

جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی
عطار ہو رومی ہو، رازی ہو غزالی کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی
اگر ہو عشق تو ہے کفر بھی مسلمانی نہ ہو تو مرد مسلماں بھی کافر وزندیق
عشق کی ایک جست نے کردیا قصہ تمام اس زمین وآسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

اقبال نے اپنے افکار وتصورات سے نہ صرف یہ کہ بندہ مومن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت وحقیقت کے قریب کرنے کی کوشش کی بلکہ عملی طور پر وہ خود اس پر گامزن رہے۔ شارح اقبال پروفیسر یوسف سلیم چشتی کہتے ہیں کہ...... ایک بار اقبال نے راقم الحروف سے فرمایا کہ عقل انسانی انسان کو خدا تک پہنچانے کے بجائے خدا سے دور کرتی ہے۔ سرکار دوعالم کا ہم سب پر بڑا احسان یہ ہے کہ آپ کے یہ فرمانے سے کہ خدا ہے ہم نے خدا کا اعتراف کرلیا ورنہ ہم ساری زندگی خدا پر ایمان لا ہی نہیں سکتے تھے (اقبال اور عشق رسول) (23)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کا ارتکاب کرنے والے ایک کافر کو غازی علم الدین شہید نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس سلسلہ میں ۸/ جولائی ۱۹۲۷ء کو برکت علی اسلامیہ ہال میں ہونے والے ایک جلسے میں تقریر کرتے ہوئے علامہ نے فرمایا کہ...... جو مسلمان عملاً توحید پر جمع نہ ہوسکے وہ نبوت پر متفق ہوگئے...... یہی بات آپ نے ۱۰/ جولائی کی اپنی شاہی مسجد کی تقریر میں بھی کہی...... (گفتار اقبال۔ ص، ۳۹۔۴۳)

علامہ اقبال کے عشق رسول کے اس پہلو کا کمال یہ ہے کہ وہ خالق کائنات سے التجا کرتے

Marfat.com

ہیں کہ اگر روز محشر میرا حساب کتاب بہت ہی ضروری ہو اور مجھے کسی طرح معاف نہ کیا جا سکتا ہو تو میری فردِ عمل سرکارِ دو عالم کی نگاہ سے پوشیدہ رکھی جائے۔ یعنی اگر کوئی صورت نہ ہو تو خدا فردِ عمل دیکھ لے اور جو چاہے سزا بھی دیدے، مگر حضور کے سامنے ندامت کا موقع نہ آئے۔

تو غنی از دو عالم من فقیر　　روز محشر عذر ہائے من پذیر
ور اگر بینی حسابم ناگزیر　　از نگاہ مصطفی پنہاں بگیر

انجمن اسلامیہ سیالکوٹ کا سالانہ جلسہ جس کے صدر علامہ اقبال تھے اس میں کسی خوش الحان نعت خواں نے امام احمد رضا کی ایک نظم شروع کی جس کا ایک مصرع یہ تھا

رضائے خدا ہے رضائے محمد (صلی اللہ وسلم)

نظم کے بعد آپ اپنی صدارتی تقریر کے لئے کھڑے ہوئے اور برجستہ و بے ساختہ ذیل کے دو شعر ارشاد فرمایا۔

تماشا تو دیکھو کہ دوزخ کی آتش　　لگائے خدا اور بجھائے محمد
تعجب تو یہ ہے کہ فردوس اعلیٰ　　بنائے خدا اور بسائے محمد

(نوادر اقبال۔ عبدالغفار شکیل) (24)

اقبال کا یہی وہ فکری انداز اور قلبی سوز گداز ہے، جس سے ہزار مخالفتوں کے باوجود آج بھی اقبال کا اقبال سلامت و مسلم ہے۔ ان کے خیالات و افکار کی تشریح اور ان کے تصور عشق کی توضیح میں دانشوروں کا ایک طبقہ مصروف و منہمک ہے، تاہم یہ تو کہنا ہی پڑتا ہے کہ فقہ میں مہارت نہ ہونے کی وجہ سے ان کے نو بہار فکر اور باوقار قلم نے کہیں کہیں ٹھوکریں بھی کھائی ہیں، بعض اشعار ایسے بھی سرزد ہوئے ہیں جس سے شریعت کی جراحت کا داغ بھی دامن پر لگا ہے۔ اگر اس تعلق سے احتیاط برت لی گئی ہوتی تو ہر طبقہ ہائے فکر میں عظیم دیدہ ور اور مفتخر دانائے راز کے منصب پر بٹھائے جاتے۔ بااین ہمہ اقبال کے قومی ترانے نعتیہ زمزمے خفتہ قوم کو جگانے اور جھنجھوڑ والی نظمیں خاصے کی چیز ہیں ان کے تصور عشق کی خوشبو مشام جاں کو معطر کرتی رہے گی۔ لیکن اقبال جیسے بلند شاعر تھے، جیسے نکتہ سنج مفکر تھے تصوف کے باب میں ان کے فکر و خیال نے وہ گل ریزی نہیں کی جن کی ان سے امید تھی۔ یہی وجہ ہے کہ رگوں میں منجمد خون کو تو ان کے اشعار متحرک کر سکتے ہیں مگر دلوں کو عشق حقیقی کے جذبات سے گرمانے اور جلانے، پژمردہ روح کو معرفت خداوندی کا مژدہ دے کر کھلکھلانے میں ان کے اشعار ناکام نظر آتے ہیں، میرے نزدیک وجہ صرف یہ ہے کہ ان کی شاعری جسم کی پاسبان تو ہے جان کی ترجمان نہیں۔

Marfat.com

# حاصل باب

میر، غالب اقبال یہ تینوں اردو ادب کا وہ معتبر نام ہے جس سے اردو زبان وادب کا بھرم قائم ہے جن کے ذکر وتذکرے سے ادب کے گلشن میں بہاریں آتی ہیں زبان وبیان کی کلیاں کھلکھلا پڑتی ہیں۔ان حضرات نے اردو ادب کے دامن کو اپنے گلہائے فکر اور قاشہائے جگر کی وہ نذر گزاری ہے کہ اردو زبان وادب آج بھی ان کا مرہون منت ہے اور خراج محبت پیش کر رہا ہے۔ نئے نئے الفاظ وانداز، نئی نئی ترکیب وتشبیہ اور جدید سے جدید محاورے واشعار کے لعل وگہر سے خزینہ زبان وبیان کو ایسا مالا مال کر دیا ہے کہ دوسری زبان وادب بھی اس کی طرف للچائی نظروں سے دیکھ رہی ہے۔

میر نے اگر انگلی پکڑی ہے تو غالب نے چلنا سکھایا ہے، اور اقبال نے باوقار روش عطا کی ہے، میر نے اگر درد دیا ہے تو غالب نہ دل، اور اقبال نے دھڑکنے اور مچلنے کی ادا بخشی ہے، اردو زبان وادب سے اگر یہ تینوں نام حذف کر دیئے جائیں تو اردو کے جسم سے روح نکل جائے۔تاہم مجھے کہنے دیا جائے کہ لفظی فسوں کاری اور ہے اور حقیقی نقش طرازی اور ظاہری سحر آفرنی اور ہے باطنی گلکاری اور، ان حضرات ثلثہ کا گوہر مقصود کیا ہے، ان کے افکار کی بلندی کیا ہے، اس میں معنویت کیسی ہے صداقت کی جلوہ گری کتنی ہے قول اور عمل میں کیسا رشتہ ہے، گفتار اور کردار میں کتنا بناؤ ہے، جلوت وخلوت میں کتنا قرب ہے، حقائق دیدہ وروں سے پوشیدہ نہیں، جن کے ذکر وتذکرے سے دانش گاہیں گونج رہی ہیں ان کی زندگی اور تصور عشق کو سامنے رکھئے اور لگے ہاتھ حضرت رضا بریلوی کی زندگی اور تصور عشق کا جائزہ لیجئے

آپ بھی شائد یہی کہیں گے کہ کوئی اڑ کے رہ گیا بام تک کوئی کہکشاں سے گزر گیا

Marfat.com

# حوالے

## تصور عشق ممتاز شعراء کے حوالے سے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | محمد تقی میر | ڈاکٹر جمیل جالبی | ص 19-20 |
| 2 | اردو غزل میں تصوف، ولی سے اقبال تک ۔ ڈاکٹر اعجاز مدنی | 449 | |
| 3 | کچھ میر کے بارے میں | قاضی عبدالودود، نقوش شمارہ ۳۵ | ص 23 -26 |
| 4 | محمد تقی میر | ڈاکٹر جمیل جالبی | ص 104-105 |
| 5 | // | // | ص 34-35 |
| 6 | // | // | ص 100 |
| 7 | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی | ص 449 |
| 8 | // | // | ص 452 |
| 9 | فروغ اردو لکھنو، غالب نمبر | شمارہ نومبر دسمبر 1968 | |
| 10 | باغی ہندوستان | علامہ فضل حق خیر آبادی ترجمہ وسوانح عبدالشاہد خان شروانی | ص 158 |
| 11 | // | // | ص 193-194 |
| 12 | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی | ص 534 |
| 13 | فروغ اردو لکھنو، غالب نمبر | شمارہ نومبر، دسمبر 1968 | |
| 14 | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی | ص 535 |
| 15 | // | // | ص 535 |
| 16 | // | // | ص 536 |
| 17 | اقبال اور احمد رضا | راجہ رشید محمود | ص 29-30 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 18 | اقبال اور احمد رضا | راجہ رشید محمود | ص 31 |
| 19 | اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی | ص 623-621 |
| 20 | // | ڈاکٹر اعجاز مدنی | ص 624 |
| 21 | اقبال کے تصور عشق و خرد | ڈاکٹر وزیر آغا | ص 182 |
| 22 | // | // | ص 184 |
| 23 | اقبال اور احمد رضا | راجہ رشید محمود | ص 70-69 |
| 24 | دبستان رضا | مولانا یسین اختر مصباحی | 80 |

Marfat.com

## پانچواں باب

# حضرت رضا بریلوی کا تصور عشق

☆...... حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق کے تشکیلی عناصر
(والد ماجد، خانگی ماحول، مرشد گرامی، دوست واحباب
قرآن وحدیث، تصوف وسلوک)

☆...... حضرت رضا بریلوی کا محبوب صورت وسیرت

☆...... حضرت رضا بریلوی کی شخصیت تصور عشق کے حوالے سے

☆...... حضرت رضا بریلوی کا تصور عشق تصانیف کے حوالے سے

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کے

# تصورِ عشق کے تشکیلی عناصر

ہزاروں اختلاف کے باوجود کٹر سے کٹر حریف نے بھی حضرت رضا بریلوی کو عاشق رسول ہی کہا ہے، آپ ان عشاق کی فہرست میں شمار ہو رہے ہیں، عشق حقیقی کو آج بھی جن کی حیات وخدمات پر ناز ہے، آپ کی سیرت وکردار عشق رسول کی علامت وضمانت کے طور پر پیش کئے جا رہے ہیں۔ آخر وہ کون سے اسباب وعوامل تھے، جس نے آپ کی تشکیل سیرت وتعمیر شخصیت میں اہم رول ادا کیا ہے اور آپ کو عالمی، آفاقی، بین الاقوامی عاشق رسول بنا دیا ہے، میرے خیال میں ان کے یہ محرکات ہیں۔

1 ............................ خانگی ماحول

2 ............................ مرشد گرامی

3 ............................ اکابر واحباب

4 ............................ قرآن وحدیث

5 ............................ سلوک وتصوف

## خانگی ماحول

حضرت رضا بریلوی نے ایک ایسے گھر اور گھر کی روحانی وعرفانی فضاء میں آنکھ کھولی تھی جہاں درودیوار عشق مصطفیٰ کی خوشبو سے مست والست تھے ہر فرد دیندار، ہر شخص، تقویٰ شعار ہر آدمی خوش اطوار اور پاک سیرت ونیک طنیت کا آئینہ دار تھا، دادا، دادی، والدہ اور والد، بھائی اور بہن ہر ایک باغ وبہار جیسی سیرت کے علمبردار تھے، ذکر خدا اور تذکرہ مصطفیٰ کے نور وسرور سے پوری فضاء معطر تھی۔ گھر کے اندر سے لے کر باہر تک شریعت وطریقت کی چاندنی پھیلی تھی۔ خشیت الٰہی اور محبت نبوی کا اجالا تھا، خانگی ماحول کا انوکھا انداز اور نرالا ڈھنگ اپنی خاموش

Marfat.com

زبان سے جیسے اعلان کر رہا تھا۔

ع ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

## دادا، مولانا رضا علی خان (م1282ھ 1886ء)

امام العلماء قطب الوقت بے مثل ہادی، اور بے لوث خادم دین کی حیثیت سے دور دور تک مشہور تھے...... رضا بریلوی کے خاندان میں آپ ہی کے وقت سے حکمرانی کا رنگ ختم ہو کر فقر ودرویشی کا رنگ غالب آگیا۔ ورنہ آپ سے پہلے بزرگوں کا یہ عالم تھا کہ شروع میں امور سلطنت کے عہدوں پر فائز رہے پھر آخر میں اس سے الگ ہو کر عبادت وریاضت میں مشغول ہو جاتے۔ لیکن یہ سلسلہ حضرت مولانا شاہ رضا علی کی ذات سے ختم ہو گیا۔ چنانچہ آپ نے دنیوی حکومت کا کوئی عہدہ اختیار نہ فرمایا اور ابتداہی سے زہد وتقویٰ، فقر وتصوف کی زندگی گزاری، تذکرہ علمائے ہند، مصنف رحمان علی خان کے حوالے سے ملک العلماء مولانا ظفر الدین، خلیفہ امامِ احمد رضا تحریر فرماتے ہیں۔

”مولانا رضا علی خان صاحب بزرگ ترین علماء کرام میں سے تھے، ۱۲۲۴ھ میں پیدا ہوئے اور شہر ٹونک میں مولوی خلیل الرحمان صاحب مرحوم ومغفور سے علوم درسیہ حاصل کر کے ۲۳ سال کی عمر میں ۱۲۴۷ھ کو سند فراغ حاصل کر کے مشار الیہ اماثل واقران ومشہور اطراف زماں ہوئے، خصوصاً علم فقر وتصوف میں کامل مہارت حاصل فرمائی، بہت پر تاثیر تقریر فرماتے نسبت کلام، سبقت سلام زہد وقناعت، علم وتواضع تجرید وتفرید آپ کی خصوصیات سے تھا“(1)

ایسے حلیم وکریم کہ ایک بے دین نے آپ پر تلوار سے حملہ کیا تو اس کو معاف فرمادیا، اسی طرح ایک کنیز کے ہاتھوں آپ کا آٹھ سالہ لڑکا محمد عبد اللہ خاں مارا گیا تو آپ نے اس کو آزاد فرمادیا۔ اتباع سیرت وسنت میں اپنی نظیر آپ تھے۔“

فن شاعری میں آپ مفتی صدر الدین آزردہ دہلوی (م ۱۲۸۵ھ م 1868ء) کے شاگرد تھے ان کا ایک شعر ہے

آہ! ہم پر ہوا مسلط وبال فرنگیاں
ہمیں ہیں مالک اور ہمیں آنکھیں دکھائی جاتی ہیں

یہ شعر آپ کے جذبۂ حریت اور ولولہ حب الوطنی کا بہترین غماز ہے۔ آپ انگریزوں کے سخت

Marfat.com

مخالف اور بریلی کی جماعت مجاہدین کے پشت پناہ تھے، 1857ء کے انقلاب میں بریلی کے اندر آپ نے مجاہدین کو اپنے گھوڑوں اور سامان رسد کے ذریعہ مدد پہنچائی۔ ہنگامہ میں جب انگریزوں کا تسلط ہوا اور شہر بریلی کے لوگ ادھر ادھر منتشر ہونے لگے تب بھی مولانا رضا علی خان اپنے مکان واقع محلہ ذخیرہ بریلی کے اندر تشریف فرما رہے، اور پنج وقتہ نمازیں مسجد میں باجماعت ادا کیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ ابھی مسجد ہی میں تھے کہ ادھر سے انگریزوں کا گذر ہوا تو وہ اس خیال سے مسجد کے اندر گھسے کہ کوئی شخص ملے تو اس کی پٹائی کریں۔ مسجد میں گھوم پھر کر انگریزوں نے تلاش کیا مگر انہیں کوئی نہیں ملا، حالانکہ مولانا رضا علی خان اس وقت مسجد ہی میں موجود تھے۔ لیکن اللہ نے ان انگریزوں کو اس وقت بصارت سے محروم کر دیا تھا اور وہ آپ کو دیکھ نہ سکے۔ (2) حدیث شریف میں ہے جو اللہ کا ہو جاتا ہے اللہ اس کا ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جس کا اللہ تبارک وتعالیٰ ہو جائے دنیاوی اذیت ومصیبت اور مخالفت اس کا کیا بگاڑ سکتے ہیں۔ غرض کہ آپ اطاعات وعبادت خداوندی اور اتباع سیرت وسنت مصطفوی میں اپنی نظیر آپ تھے۔

## والد، مولانا نقی علی خان (م ۱۲۹۷ھ م 1880ء)

ایک بلند پایہ عالم جید فقیہہ تھے، آپ نے علوم ظاہری اور باطنی کی تحصیل وتکمیل اپنے والد مولانا رضا علی خان سے کی اپنے وقت کے جلیل القدر فاضل بے نظیر مناظر، اور بے مثل مصنف کی حیثیت سے معروف ومسلم ہیں۔ آپ بچپن ہی سے پرہیزگار اور متقی تھے۔ پرہیزگاری کا جو ہر آپ کو ورثے میں ملا تھا، اس پر فضل خداوندی یہ کہ میلان طبع بھی نیکی وشرافت کی طرف تھا، آپ کی ذات مرجع خلائق وعلماء تھی، کثیر علوم میں تصانیف مطبوعہ وغیر مطبوعہ آپ کے علم وفضل کی شاہد ہیں۔ آپ علم القرآن، عقائد وکلام وغیرہ جملہ اٹھائیس علوم پر کامل دسترس رکھتے تھے۔

آپ کو حضور تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے سچا عشق تھا۔ آپ کے ہر عمل سے عشق رسول کی جھلک نمایاں ہے، آپ کو سرور کائنات سے زبردست گرویدگی اور وارفتگی تھی۔ سفر میں حضر میں گھر ہو یا عوام کا عظیم اجتماع ہر جگہ سنت رسول کی اتباع کی ترغیب وتلقین میں مصروف ومشغول رہے، تمام عمر پورے عالم کو اتباع نبوی میں ڈھالنے کی کوشش کرتے رہے، عوام ہوں یا علماء ومشائخ حاجت مند ہوں یا سرمایہ دار، دانشور ہوں یا کم عقل سب کے سامنے آپ کی گفتگو کا موضوع حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق ومحبت کا ہوتا اور اتباع کی تلقین ہوتی، بات اتباع

Marfat.com

عشق رسول کی ہوتی تو آپ کا چہرہ مسرت سے کھل اٹھتا اور اگر تنقیص و توہین انبیا و محبوبان خدا کی ہوتی تو قہر و غضب کے آثار پیشانی پر نمایاں ہو جاتے۔ آپ کے فرزند جلیل حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔''

اس ذات گرامی صفات کو خالق عز و جل نے حضرت سلطان رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیہ کی غلامی و خدمت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداء پر غلظت وشدت کے لئے بنایا تھا۔(3)

آپ اپنے والد کی روش پر قائم رہے انہیں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے آپ نے بھی انگریزوں سے مسلمانوں کو دور رکھنے کی کوشش کی اور اس سلسلے میں وہ اپنے والد کے معین و مددگار رہے۔

آپ کی ایک معرکتہ الآرا تصنیف، تفسیر الم نشرح، ہے پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے صرف اس کتاب کے مقدمے سے متاثر ہو کر ایک فاضلانہ مقالہ بعنوان عشق ہی عشق تحریر فرمایا ہے۔ جسے ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی نے شائع کر دیا ہے اس سے چند اقتباس یہاں پیش ہیں، آپ اس کا تعارف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

قرآن کریم کی آٹھ مختصر آیتوں کی تفسیر بڑے سائز کے ۴۳۸ رصفحات پر پھیلی ہوئی ہے ...... اس تفسیر کو جب غور سے پڑھا تو آنکھیں کھل گئیں، ...... صفحہ نمبر ۴ رسے پڑھتے پڑھتے جب صفحہ گیارہ پر پہنچا تو یوں محسوس ہوا جیسے ساحل سمندر پر موتی بکھرے ہوں۔

یا جیسے دامن کوہ پر لعل بکھرے ہوں ...... ہر لعل رشک صد لعل بدخشاں ...... خواجہ میر درد کا ایک شعر یاد آیا۔

سرسری تم جہاں سے گزرے
ورنہ ہر جا جہاں دیگر تھا

مفسر کے قلمی رشحات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں ...... تفسیر میں ایک طرف مفسر کے عشق و محبت کا عالم نظر آتا ہے تو دوسری طرف ان کے علم و فضل کی شان نظر آتی ہے ...... بے شک علم خادم عشق ہیں، انہوں نے علم کو عشق کی چوکھٹ پر جھکا کر بتا دیا کہ حاصل علم عشق و محبت کے سوا کچھ نہیں ...... نام نامی اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم فکر و خیال کے افق پر طلوع ہوا تو جھوم جھوم گئے ...... ایسا معلوم ہوتا ہے سراپائے مقدس سامنے آ گیا ہو۔

ع کھینچی ہے سامنے تصویر یار کیا کہنا

...... ہاں ذرا آنکھیں کھولئے عشق مصطفیٰ صلی اللہ وعلیہ وسلم کی بہاریں دیکھئے محب کو دیکھئے محبوب کو

Marfat.com

دیکھئے ...... عشق ومحبت کی جولانیاں دیکھئے ...... حسن وجمال کی سحر آفرینیاں دیکھئے ...... ہاں

ع حریم ناز کے پردے اٹھے ہوئے ہیں جگر

مولانا نقی علی خان کی عشق ومحبت کی جولانیاں ملاحظہ کیجئے۔ جس میں وہ اپنی ذات میں منفرد نظر آتے ہیں کہ علوم عقلیہ ونقلیہ کی کتابوں کے نام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت بیان کرنے کے لئے اس طرح پرو دئے ہیں کہ پڑھنے والا جھوم جھوم جاتا ہے۔

تیسیر اصول تاسیس روضہ گلستا ن تقدیس

احیاء علوم وکمالات مطلع اشعۃ لمعات

مقدمہ طبقات بنی آدم رہنما ئے دین محکم ومسلم

...... اردو زبان میں اس طرح کے ۲۶۵/القاب وآداب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی کے لئے استعمال کئے ہیں اور پھر آگے چل کر عربی زبان میں بھی ۲۴۸/القاب نبی پاک صلی اللہ وعلیہ وسلم کی شان میں لکھے ہیں۔ جو خود ایک مکمل نعت ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

شارع الشرعیہ البیضاء بارع الرسل والانبیاء

المحمد فی الکلا م القدیم الموفق بالخلق العظیم

الحریص علیٰ مسلمین الرؤف الرحیم بالمومنین

...... اللہ اللہ! عشق خانہ ویراں ساز نے کیسا مست وبے خود بنا دیا ...... محبوب کا ذکر آیا ...... جذبات کا ایک سیلاب امنڈ پڑا کہاں سے چلا تھا اور کہاں تھما؟ ...... پھر بھی پیاس باقی ہے ...... دل چاہتا ہے کہ ابھی اور فکر کیجئے۔ ہاں

قلم بشکن سیاہی ریز کا غذ سوز دم درکش

حسن ایں قصۂ عشق است دردفتر نمی گنجد (4)

یہ ہیں امام احمد رضا قدس سرہ کے والد ماجد علامہ محمد نقی علی بریلوی علیہ الرحمہ۔ امام احمد رضا کے سینے میں آپ نے عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا نقش جمایا۔ کہ پورا وجود سراپا عشق بن گیا۔ اور پھر اس پیکر عشق ومحبت نے ملت اسلامیہ میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ایسی روح پھونکی کے مشرق ومغرب صلوٰۃ وسلام کے نغموں سے گونجنے لگے ہیں

مصطفی جان رحمت پہ لاکھوں سلام

شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

حضرت رضا بریلوی کا خاندانی شجرہ خانگی ماحول یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو عشق رسول وراثت میں ملا تھا چوں کہ بچپن ہی میں آپ کو اعلیٰ علمی وادبی ماحول مل گیا تھا، اس لئے اس ماحول نے آپ کے کردار کی تشکیل میں بہت مدد کی، آپ کو ایک مذہبی انسان بنادیا، نتیجہ یہ ہوا کہ عشق مصطفیٰ آپ کی زندگی کا لازمہ اور حیات کا خاصہ ہوگیا۔ ناموس مصطفیٰ کے پاسبان اور شریعت کے بے باک ترجمان کی حیثیت سے آپ کی خدمات عالمی سطح پر سراہی جارہی ہے۔ آپ کی شخصیت کی تعمیر میں والد ماجد شیخ المفسرین مولانا نقی علی خان کا فیضان صحبت وتربیت خاص طور پر محسوس کیا جاسکتا ہے۔

مولانا حسنین رضا خان علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں۔

''رب العزت نے ایسے گھر میں پیدا کیا جہاں قال اللہ قال الرسول ہی روزمرہ تھا، اور آپ کو اس صحبت کا شوق بھی تھا۔ آپ اپنے والد ماجد کی صحبت میں زیادہ بیٹھتے اور مسائل بغور سنتے اور انہیں اپنے دماغ میں محفوظ رکھتے اور وقت پر بڑی جرأت سے بتادیتے کہ یہ مسئلہ یوں ہے''۔(5)

## مرشد گرامی

خاتم الاکابر، حضرت مخدوم الشاہ آل رسول مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بماہ رجب المرجب ۱۲۰۹ھ مارہرہ شریف میں رونق افزائے عالم ہوئے۔ آپ کا نام نامی آل رسول اور لقب خاتم الاکابر ہے آپ کی تعلیم وتربیت والد ماجد کی آغوش شفقت میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم حضرت عین الحق شاہ، عبدالمجید بدایونی صاحب۔ حضرت مولانا شاہ سلامت اللہ کشفی بدایونی قدس سرہما سے خانقاہ برکاتیہ میں فراغ پاکر فرنگی محل کے علماء مولانا انوار احمد صاحب فرنگی محلی، حضرت مولانا عبدالواسع سید نپوری، اور حضرت مولانا شاہ نور الحق رزاقی لکھنوی عرف ملا نور سے کتب معقولات، علم کلام وفقہ واصول فقہ کی تحصیل وتکمیل فرمائی۔ اور سلسلہ رزاقیہ کی سند واجازت سے مشرف ہوئے ۱۲۲۶ھ میں حضرت شیخ العالم عبدالحق ردولوی (م ۸۷۰ھ) کے عرس کے مبارک موقع پر مشاہیر علما ومشائخ کی موجودگی میں دستار فضیلت سے سرفراز فرمایا گیا۔ حضرت اچھے میاں قدس سرہ کے ارشاد کے بموجب حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے درس حدیث میں شریک ہوئے۔ صحاح ستہ کا دورہ کرنے کے بعد سلاسل حدیث وطریقت کی سندیں مرحمت ہوئیں اور سند علم ہندسہ، دو مقالہ اقلیدس سنا کر مولانا نیاز احمد صاحب بریلوی سے حاصل کی (برکات مارہرہ ونور مدائح حضور، ص ۸۱)

Marfat.com

حضرت کو خلافت واجازت حضور سیدی اچھے میاں قدس سرہ سے تھی، والد ماجد نے بھی اجازت مرحمت فرمائی تھی مگر مرید حضرت اچھے میاں قدس سرہ کے سلسلہ میں فرماتے تھے حضرت خاتم الاکابر شاہ آل رسول مارہروی قدس سرہ العزیز سلسلہ عالیہ قادریہ کے سینتیسویں (۳۷) امام وشیخ طریقت ہیں، آپ تیرہویں صدی ہجری کے اکابر والیاء اللہ میں سے تھے، آپ کی وہ عظیم شخصیت تھی جس کی مساعی وکوشش سے اسلام ومذہب اہلسنت وجماعت کو استحکام حاصل ہوا۔ بڑے شفیق اور مہربان تھے۔ غرباء ومساکین کی ضرورتوں کو پوری کرتے۔ علوم ظاہر وباطن میں ماہر تھے۔ آپ کے مکاشفہ میں عجیب شان تھی، اپنے اسلاف کی زندہ وتابندہ یادگار تھے۔ آپ کے دور میں سلسلہ برکاتیہ کی کافی اشاعت ہوئی۔ آپ کی شان بڑی ارفع اعلی ہے، حضرت رضا بریلوی جیسا جلیل القدر فاضل وعارف آپ کے فضائل میں یوں رطب اللسان ہے

خوشا دلے کہ دہندش ولائے آل رسول
خوشا سرے کہ کنندش فدائے آل رسول (6)

آج کل تو پیری مریدی کیا، خلافت واجازت بھی عام ہوگئی ہے۔ حضرت سیدنا آل رسول مارہروی رضی اللہ عنہ اس سلسلہ میں بہت محتاط تھے جب تک ریاضت شاقہ کے صبر آزما مراحل سے گزار نہیں لیتے خلافت نہیں بخشتے تھے۔ حضرت الشاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رضی اللہ عنہ کے مرید وخلیفہ مولانا صوفی عبدالرحمان صاحب اپنا حال بیان فرماتے ہیں کہ

سلوک ومعرفت کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد میرے پیر ومرشد قدس سرہ نے ارشاد فرمایا کہ مارہرہ حاضر ہو اور حضرت خاتم الاکابر سید شاہ آل رسول مارہروی قدس اللہ تعالیٰ سرہ سے سند تکمیل لاؤ۔ میں حاضر خدمت خاتم الاکابر ہوا اور عرض حال کیا۔ درود اویسیہ کی اجازت چاہی، حضرت نے ارشاد فرمایا کہ چار اربعین یہاں حاضر رہو۔ اس وقت دیکھا جائے گا۔ میں حاضر رہا اور حسب ہدایات حضور کسب وورود اشغال کرتا رہا، چار اربعین کے ختم پر سند تکمیل واجازت عامہ وخلافت مرحمت فرمائی۔ (7)

حضرت رضا بریلوی علوم ظاہری وباطنی کے ماہر وعارف ضرور ہو چکے تھے۔ مگر دل کسی قبلہ جاناں کی آستاں بوسی کے لئے مضطرب تھا، اسی اضطرابی کیفیت سے رنجور ایک دن قیلولہ کے وقت سو گئے خواب میں داداجان حضرت مولانا رضا علی خان صاحب قبلہ علیہ الرحمہ تشریف لائے اور فرمایا وہ شخص عنقریب آنے والا ہے جو تمہارے اس درد کی دوا کرے گا چنانچہ اس واقعہ کے دوسرے یا تیسرے روز حضرت مولانا عبدالقادر صاحب بدایونی علیہ الرحمہ تشریف لائے۔ ان

Marfat.com

سے بیعت کے متعلق مشورہ ہوا اور یہ طے ہوا کہ جلد ہی مارہرہ شریف چل کر بیعت ہوجانا چاہئے چنانچہ یہیں سے یہ تینوں حضرات مارہرہ شریف کو چل پڑے (حضرت رضا بریلوی والد ماجد اور مولانا عبدالقادر بدایونی) جب مارہرہ شریف پہونچے اور آستانہ عالیہ برکاتیہ پر حاضری ہوئی تو وہاں کے صاحب سجادہ حضرت سیدنا شاہ آل رسول مارہروی سے پہلی ملاقات ہوئی تو انہوں نے حضرت رضا بریلوی کو دیکھتے ہی جو الفاظ فرمائے تھے وہ یہ تھے، ''آیئے ہم تو کئی روز سے انتظار میں تھے''۔ حضرت رضا بریلوی اور ان کے والد ماجد بیعت ہوئے اور مرشد برحق نے تمام سلاسل کی اجازت عطا فرما کر تاج خلافت اعلیٰ حضرت کے سر پر اپنے دست کرم سے رکھ دیا۔ شریعت کی تعلیم وتربیت باپ سے ملی تھی اور طریقت کی تکمیل پیرومرشد نے کرادی۔ (8)

حضرت نوری میاں علیہ الرحمہ نے عرض کیا حضور آپ کے خاندان میں تو خلافت بڑی ریاضت اور مجاہدے کے بعد دی جاتی ہے، ان دونوں حضرات کو آپ نے فوراً خلافت عطا فرمادی۔ حضرت سیدی شاہ آل رسول رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ ''میاں صاحب''

''اور لوگ گندے دل اور نفس لے کر آتے ہیں۔ ان کی صفائی کی جاتی ہے، پھر خلافت سے نوازا جاتا ہے۔ مگر یہ دونوں حضرات پاکیزگی نفس کے ساتھ آئے تھے، صرف نسبت کی ضرورت تھی، وہ ہم نے عطا کردی، میاں صاحب، ایک فکر عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھی، بحمداللہ آج وہ دور ہوگئی۔ قیامت میں جب اللہ تعالیٰ پوچھے گا کہ آل رسول ہمارے لئے کیا لایا؟ تو میں اپنے مولوی احمد رضا خان کو پیش کردوں گا۔''

حضرت مرشد گرامی نے اسی محفل میں حضرت رضا بریلوی کو وہ تمام اعمال واشغال وغیرہا عطا فرمادئے۔ جو خانوادہ برکاتیہ میں سینہ بہ سینہ چلے آرہے تھے۔ مرشد برحق کے فیض روحانی کا یہ عالم تھا کہ جب اعلیٰ حضرت بریلوی حویلیٔ سجادگی سے باہر تشریف لائے تو ایسا محسوس ہوا گویا جوانی کے دور کے حضور سیدی آل رسول تشریف لارہے ہیں۔ حویلی سے باہر جو فقراء ودرویش حاضر تھے انہوں نے حسب دستور قدیم اسم جلالت ''اللہ'' کا نعرہ بلند کیا۔ چند لمحات کے بعد حضرت رضا بریلوی اپنی شکل میں آگئے حضرت نوری میاں نے آپ کو ''چشم وچراغ خاندان برکاتیہ'' فرمایا۔ (9)

یہ ہے حضرت رضا بریلوی پر ان کے پیرومرشد کا فیض باطنی وروحانی اور توجہ خصوصی ونورانی، اپنے ظاہر وباطن اور سیرت شخصت میں وہ سونا تو تھے ہی، مرشد گرامی کی توجہ نے کندن بنادیا۔ قالب پر شریعت کے نقش ونگار تو کھینچے تھے ہی اب قلب بھی محبت خدا کا امین اور عشق مصطفیٰ کا گلکدہ بن گیا۔

Marfat.com

# اکابرواحباب

دادا، والد، اور پیرومرشد کے علاوہ اور بھی مشائخ وعلماء ہیں جنہوں نے حضرت رضا بریلوی کی حیات وافکار کو متاثر کیا۔ ایسے محبین ومحسنین کا دائرہ بہت وسیع ہے، جس کا احاطہ کرنا اور ہر ایک کے اثرات کا جائزہ لینا اس مختصر مقالے میں ممکن نہیں ان میں سے چند جو علم وفضل میں ممتاز اور اکناف عالم میں اپنی فیوض بخشی کے لئے مشہور ہیں، صرف ان کے مختصر ذکر پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

......ان شخصیات کی اجمالی فہرست یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ☆ شاہ ابوالحسن احمد نوری | م۱۳۲۴ھ | م 1906ء |
| ☆ شاہ عبدالقادر بدایونی | م۱۳۱۹ھ | م1901ء |
| ☆ شاہ علی حسین کچھوچھوی | م ۱۳۵۵ھ | م1936ء |
| ☆ شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی | م ۱۳۱۳ھ | م1895ء |
| ☆ مولانا محمد کفایت علی کافی شہید | م۱۲۷۵ھ | م1858ء |
| ☆ مولانا محمد عمر حیدرآبادی | م۱۳۳۰ھ | م1911ء |
| ☆ مولانا وصی احمد محدث سورتی | م۱۳۳۴ھ | م1916ء |

# نورالعارفین شاہ ابوالحسین احمد نوری

آپ کی ولادت باسعادت ۱۹ رشوال المکرم ۱۲۵۵ھ مطابق 26 دسمبر 1939ء بروز پنجشنبہ مارہرہ شریف میں ہوئی۔ اسم گرامی سید ابوالحسین احمد نوری، تاریخی نام مظہر علی اور لقب میاں صاحب ہے۔

آپ سادات حسینی زیدی واسطی، بلگرامی والد کی جانب سے ہیں۔ والدہ ماجدہ حضرت سید محمد صغریٰ بلگرامی قدس سرہ کی بیسویں پشت میں ہیں...... آپ کے آبائے کرام ہر عہد میں سردار ومقتداء رہے ہیں...... آپ کی عمر شریف جب ڈھائی سال کی ہوئی تو والد ماجد کا انتقال ہوگیا اس لئے آپ کی تعلیم وتربیت کی تمام تر ذمہ داری جد امجد حضرت سید شاہ آل رسول مارہروی قدس سرہ کی آغوش تربیت میں ہوئی...... مکتب میں باضابطہ داخلہ کے بعد آپ نے فارسی، عربی فقہ، تفسیر، حدیث، لغت، منطق ودیگر علوم وفنون کو حاصل فرمایا۔ جن حضرات سے آپ نے علوم باطنی کا اکتساب فرمایا اس میں بھی سرفہرست حضور سید شاہ آل رسول احمدی برکاتی قدس سرہ ہیں

Marfat.com

جن کی بارگاہ عالی وقار میں آپ نے بدرجہ اتم فیض روحانی واسناد باطنی کی تحصیل کی اور خلافت واجازت سے مشرف ہوئے۔...... آپ کا حلقہ بیعت وارشاد بہت وسیع تھا آپ اصلاح باطن سے سے پہلے اصلاح ظاہر کا، خصوصاً عقیدہ کی صحت کا خاص خیال فرماتے تھے، ابھی آپ کی عمر شریف سات سال سے زیادہ نہ تھی کہ حضور خاتم الاکابر شاہ آل رسول مارہروی قدس سرہ کے حکم کے مطابق صوم وخلوت اور اشغال اور اوراد میں مصروف ہوئے، یہاں تک اٹھارہ سال تک ذکر جلالی وجمالی میں مشغول وخلوت گزیں رہے، اور سلوک کو باقاعدہ حاصل فرما کر فنائے معنوی سے بقائے حقیقی کے مقام پر فائز ہوئے۔ تصوف کے ذریعہ ہندوستان میں اسلامی معاشرہ ودینی حمیت کی ترویج واشاعت آپ تمام عمر فرماتے رہے۔

آپ کو حضرت رضا بریلوی کے استاذ ہونے کا بھی شرف حاصل ہے، حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں ...... جمادی الاولیٰ ۱۲۹۴ھ میں شرف بیعت سے مشرف ہوا تعلیم طریقت حضور پرنور پیرومرشد برحق سے حاصل کیا، ۱۲۹۶ھ میں حضرت کا وصال ہوا تو قبل وصال مجھے حضرت سیدنا سید شاہ ابوالحسین احمد نوری اپنے ابن الابن ولی عہد وسجادہ نشین کے سپرد فرمایا۔ حضرت نوری میاں صاحب سے بعض تعلیم طریقت وعلم تکسیر، علم جفر وغیرہ علوم میں نے حاصل کئے۔ (10)

آپ سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے اڑتیسویں (۳۸) امام اور نامی گرامی شیخ طریقت ہیں۔
آپ کے مناقب پر حضرت رضا بریلوی قدس سرہ العزیز نے ایک طویل نظم تحریر فرمایا ہے جس کا پہلا مصرع اس طرح ہے۔

برتر قیاس سے ہے مقام ابوالحسین
سدرہ سے پوچھو رفعت بام ابوالحسین

## شاہ عبدالقادر بدایونی

عالم جلیل شاہ فضل رسول بدایونی (م ۱۲۷۹ھ م 1862ء) کے فرزند اور علامہ فضل حق خیر آبادی (م ۱۲۷۸ھ م 1861ء) کے شاگرد تھے جن پر خود استاد کو ناز تھا اور وہ ذکاوت وجودت طبع میں ابوالفضل اور فیضی پر ترجیح دیتے تھے حضرت رضا بریلوی کو مولانا عبدالقادر سے بڑی عقیدت ومحبت تھی، علمی مسائل میں ان سے مشورے بھی لیتے تھے اور اس سلسلہ میں کئی کئی روز بدایوں قیام کرتے تھے، حضرت رضا بریلوی نے قصیدہ چراغ انس انہیں کی منقبت میں لکھا ہے، جس کا ایک

Marfat.com

شعر یہ ہے۔

سنیت سے پھرا ہدیٰ سے پھرا        اب جو تجھ سے پھرا محبّ رسول

آج قائم ہے دم قدم سے تیرے        دین حق کی بنا محبّ رسول

علامہ فضل حق کو اپنے شاگرد پر بڑا ناز تھا، فرماتے تھے کہ صاحب قوت قدسیہ ہر زمانے میں ظاہر نہیں ہوتے اگر اس زمانے میں کسی کو مانا جائے تو آپ ہیں، حضرت رضا بریلوی شاہ عبدالقادر صاحب بدایونی کی بہت عزت کرتے تھے۔ قصیدہ آمال الابرار وآلام الاشرار میں علمائے اہلسنت کی تعریف میں فرمایا ہے۔

اذا حلوا تمصرت الایادی        اذا ارحوا فصار المصر بید

یہ علمائے کرام ایسے ہیں جب کسی ویرانہ میں اترتے ہیں تو ان کے دم قدم سے وہ پُر رونق شہر ہو جاتا ہے اور جب وہ کسی شہر سے روانہ ہوتے ہیں تو شہر ویران ہو جاتا ہے...... حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کی یہی شان تھی۔ (11)

# شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی

۲۲ ربیع الثانی ۱۲۶۶ھ دوشنبہ صبح صادق کے وقت متولد ہوئے۔ حضرت مولانا گل محمد علیہ الرحمہ سے بسم اللہ خوانی، مولوی امانت علی کچھوچھوی اور مولانا قلندر بخش کچھوچھوی سے فارسی، عربی کی تحصیل کی ۱۲۸۲ھ میں اپنے برادر اکبر حضرت شاہ اشرف حسین قدس سرہ سے مرید ہو کر تکمیل سلوک فرما کر اجازت وخلافت حاصل فرمائی۔ ۱۲۹۳ھ میں پہلا حج کیا دربار نبوی سے خاص نعمتیں مرحمت ہوئیں ۱۳۲۹ھ میں مسند سجادگی پر فائز ہو کر مصروف ہدایت وارشاد ہوئے، حضرت شاہ آل رسول مارہروی سے بھی اجازت حاصل تھی، حضرت رضا بریلوی آپ سے اور آپ حضرت رضا بریلوی سے بہت محبت فرماتے تھے۔ حضرت مولانا اظہار اشرف مدظلہ کی روایت ہے کہ ایک بار شیخ المشائخ قدس سرہ حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی رضی اللہ عنہ کے مزار پاک کے اندر سے فاتحہ پڑھ کر نکل رہے تھے اور اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہ العزیز بغرض فاتحہ جارہے تھے کہ حضرت رضا بریلوی کی نظر حضرت علی حسین قدس سرہ پر پڑی تو دیکھا بالکل ہمشکل محبوب الٰہی تھے اسی وقت برجستہ یہ شعر کہا

اشرفی اے رخت آئینہ حسن خوباں

اے نظر کردہ پروردہ سہ محبوباں (12)

آپ کے فیوض ظاہری و باطنی سے برصغیر کا ایک بڑا حصہ مستفیض ہوا خلفاء میں اکابر علماء کی تعداد بھی اچھی خاصی ہے۔ سلسلہ اشرفیہ کو آپ سے حیات نو عطا ہوئی۔

## حضرت مولانا وصی احمد محدث سورتی:

حضرت رضا بریلوی کے احباب میں تھے گو رضا بریلوی سے ۲۰ رسال بڑے تھے، مولانا لطف اللہ علی گڈھی اور مولانا احمد علی سہارنپوری سے تکمیل علوم فرمائی پھر شاہ فضل الرحمان گنج مرادآبادی سے سند حدیث اور سند خلافت حاصل کی، محدث سورتی نے چالیس برس تک درس حدیث دیا، اور مدرسۃ الحدیث کے نام سے ایک مدرسہ پیلی بھیت (یوپی بھارت) میں قائم کیا۔ جہاں بڑے بڑے فضلاء فارغ التحصیل ہوئے۔ محدث سورتی کی حدیث وفقہ پر متعدد تصانیف ہیں جن میں سے بعض چھپ چکی ہیں۔ علم حدیث میں آپ کو جو مہارت تھی اس دور میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

آپ کے شاگرد رشید حضرت محدث اعظم ہند کچھوچھوی تحریر فرماتے ہیں کہ میرے استاد فن حدیث کے امام کو بیعت حضرت مولانا فضل الرحمان گنج مرادآبادی سے تھی، مگر حضرت کی زبان پر پیرومرشد کا ذکر میرے سامنے کبھی نہ آیا، اور اعلیٰ حضرت کے بکثرت تذکرے محویت کے ساتھ فرماتے رہے، میں نے ایک دن یہی بات عرض کیا، فرمایا کہ جب میں نے پیرومرشد سے بیعت کی تھی، بایں معنی مسلمان تھا کہ میرا سارا خاندان مسلمان سمجھا جاتا تھا، مگر جب میں اعلیٰ حضرت سے ملنے لگا تو مجھ کو ایمان کی حلاوت مل گئی...... جس نے حقیقی ایمان بخشا اس کی یاد سے اپنے دل کو تسکین دیتا ہوں۔ (13)

## مولانا کفایت علی کافی شہید

حضرت رضا بریلوی کی ولادت کے تقریباً دوسال بعد 1858ء میں شہید کئے گئے۔ مگر حضرت رضا بریلوی کو ان سے اتنی عقیدت ومحبت تھی کہ نعتیہ شاعری کا ان کو شہنشاہ کہتے ہیں اور خود کو ان کا وزیراعظم، مولانا کفایت علی کافی نے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے شاگرد ابوسعید مجددی، رام پوری سے تحصیل علم حدیث کی، علم حدیث میں تبحر اور نعتیہ شاعری میں کمال حاصل تھا سنت نبوی کا نمونہ تھے، مرادآباد کے صدرالشریعہ رہے، انگریزوں کے خلاف فتویٰ جہاد کی آپ نے خوب خوب تشہیر کی جس کی پاداش میں جنرل جونس کے حکم سے 25/اپریل 1858ء کو

Marfat.com

مرادآباد میں برسرِعام تختہ دار پر لٹکا دئے گئے۔

نعتیہ شاعری میں رضا بریلوی نے انہیں سے فیض حاصل کیا، انہوں نے ایک ایسا نمونہ پسند کیا جو عالم بھی تھا، محدث بھی تھا، مجاہد بھی تھا اور شہید بھی، اس سے رضا بریلوی کے انداز فکر کا پتہ چلتا ہے۔ (14)

## شاہ فضل الرحمان گنج مرادآبادی

آپ نے فرنگی محل میں پڑھا اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے بخاری شریف کی سماعت کی، گنج مرادآباد میں مستقل قیام کیا، حضرت رضا بریلوی اپنے دوست مولانا وصی احمد محدث سورتی کے ہمراہ گنج مرادآباد حاضر ہوئے تو شاہ صاحب نے قصبہ سے باہر نکل کر ان کا استقبال کیا اور فرمایا مجھے آپ میں نور ہی نور نظر آتا ہے، یہ وہی کلمات ہیں جو پہلے حج کے موقع پر شیخ صالح بن حسین جمل اللیل مکی نے فرمائے تھے۔ جس کو حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے خلیفہ مولانا رحمان علی نے نقل کیا ہے (تذکرہ علمائے ہند۔ ص 16)

## مولانا محمد عمر حیدرآبادی

یہ بھی حضرت رضا بریلوی کے احباب میں تھے۔ آپ عالم بھی تھے اور عارف بھی، اصلاح معاشرہ کے لئے کوشاں رہتے تھے، ۱۲۷۲ھ میں دارالعلوم منظر اسلام (بریلی) کے جلسہ دستار بندی میں بریلی آئے تو حضرت رضا بریلوی نے بڑی پزیرائی کی، پھر جب ۲۰ رصفر ۱۳۳۰ھ کو ان کا انتقال ہوا تو عربی میں قطعۂ تاریخ وفات لکھا (تذکرہ علمائے اہلسنت مولانا محمود احمد قادری۔ ص ۱۸۷)

## قرآن وحدیث

یہ بات مسلمات میں سے ہے کہ انسان کا مطالعہ جیسا وسیع وعمیق ہوگا اس کے فکر میں ویسی ہی گہرائی اور خیال میں ویسی ہی رعنائی ہوگی، کتاب چوں کہ انسان کی خلوت کی بہترین رفیق ہے اس لئے جیسی اور جس معیار و وقار کی کتاب ہوگی انسانی سیرت پر اس رفاقت کے ویسی ہی اثرات مرتسم ہوں گے یعنی کتاب اگر مہذب اخلاق ہے تو اخلاقی قدریں ویسی اجاگر ہوں گی اور اگر مخرب اخلاق ہے تو کردار و معیار کا قحط زدہ ہونا یقینی اور بدیہی امر ہے، کتابوں کے ہجوم میں "قرآن

Marfat.com

وحدیث'' وہ عظیم المرتبت کتابیں ہیں جن میں ایک کو خدا کا اور دوسرے کو مصطفیٰ کا کلام ہونے کا شرف وفخر حاصل ہے یہ ایک ایسی فضیلت ہے کہ کوئی اور فضیلت ورفعت نہ بھی بیان کی گئی ہوتی تو ان کی عظمت واقعی کے لئے یہ نسبت کافی تھی، باوجود اس کے دونوں کی فضیلت پر آیات واحادیث کا ذخیرہ موجود ہے، جس کا نتیجہ ہے کہ ہر مومن کے صالح قلب اور سالم دماغ میں ان دونوں کی محبت وعظمت کے ان گنت گلاب ہروقت کھلتے اور خوشبو لٹاتے رہتے ہیں۔ایک مسلمان کی مسرت وبصیرت اور دارین کی سعادت کا جو گنجینہ اس کے اندر محفوظ ہے، اس کا کوئی جواب نہیں ہے۔

دین اسلام کا حقیقی سرچشمہ قرآن حکیم ہے اور حدیث نبوی بھی اصلاً کتاب مقدس ہی کی شارح وترجمان ہے، ہدایت انسانی کا نسخہ کیمیا، اور امراض روحانی کی اکسیر شفاء اسی جامع ومکمل صحیفہ آسمانی کے اوراق میں محفوظ ہے...... اس کی آیات بینات سے حقائق ومعارف کے چشمے ابلتے ہیں اور اسرار حیات کے سوتے بھی پھوٹتے ہیں جن سے انسانی فطرت سیراب ہوتی ہے۔

اسی کلام الٰہی اور دستور حیات پر جس کی جتنی گہری نظر ہوگی اسے حقائق اشیاء کے ادراک اور اس کی صحیح معرفت میں اتنا ہی کمال نصیب ہوگا اور مقاصد ومطالب دین تک پہونچنے میں قدم قدم پر اس کی مکمل رہنمائی بھی ویسی ہی ہوتی رہے گی، حضرت رضا بریلوی کے سینے میں قرآن فہمی کی خدا داد صلاحیت ودیعت کی گئی تھی جب بھی کسی مسئلہ کی تحقیق کے لئے قلم اٹھاتے تو عموماً سب سے پہلے ام الکتاب ہی کے دریائے حکمت سے اکتساب فیض کرتے اور اس کے سایۂ رحمت میں سفر شوق طے کرتے، جس کی محسوس برکتیں یہ ہیں کہ انہوں نے اپنے یقین ووجدان کی حد تک شاید ہی کبھی کسی مسئلے میں لغزش کھائی ہو، ان کی جو کتاب یا رسالہ اٹھائیے آغاز بحث کے ساتھ پہلی ہی نظر میں کچھ آیتیں ضرور نظر آئیں گی، اس سے حضرت رضا بریلوی کے کلام الٰہی سے والہانہ لگاؤ، گہرا مطالعہ، نباض طبیعت اور اخاذ ذہن اور قرآن کریم کے اسرار ورموز حقائق ومعارف پر آپ کی قدرت کا پتہ چلتا ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ نے قرآن مجید کا جو فی البدیہہ اور برجستہ ترجمہ کیا ہے۔وہ کلام الٰہی کا صحیح معنی میں ترجمان اور اسرار الٰہی کا پاسبان ہے۔مولانا بدرالدین احمد بہت سی امتیازی خصوصیات گناتے ہوئے اخیر میں تحریر فرماتے ہیں۔

بس اتنا سمجھ لیجئے کہ قرآن حکیم قادر مطلق جل جلالہ کا مقدس کلام ہے۔اور کنز الایمان اس کا مہذب ترجمان ہے۔اور کیوں نہ ہو کہ یہ ترجمہ اس کا پیش کردہ ہے، جو عظمت مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کا علمبردار، تائید رحمان کا سرمایہ دار، حقائق قرآن کا ماہر، دقائق آیات کا عارف ہے۔(15)

Marfat.com

آپ قرآن حکیم کے بحر ذخار کے گہر چیں، اور آپ کا سینہ قرآن کے علوم ومعارف کا دفینہ ہے، تفصیل مولانا ایوب علی کی زبانی۔

''ایک مرتبہ اعلیٰ حضرت قبلہ، مولانا عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے عرس میں بدایوں تشریف لے گئے وہاں ۹ بجے صبح سے ۳ بجے تک کامل چھ گھنٹے سورۃ والضحیٰ پر حضور کا بیان ہوا۔ پھر فرمایا کہ اس سورہ مبارکہ کی کچھ آیات کریمہ کی تفسیر میں اسی (80) جز رقم فرما کر چھوڑ دیا۔ اور فرمایا کہ اتنا وقت کہاں سے لاؤں کہ پورے کلام پاک کی تفسیر لکھ سکوں۔''(16)

پھر بھی آپ نے توضیحی حواشی کا کام شروع کر دیا تھا، سورۂ فاتحہ وسورۂ بقرہ کی چند آیات پر کام ہوا بھی تھا، پھر کیا ہوا مفتی مطیع الرحمٰن بیان فرماتے ہیں۔

''ان حواشی کا ابتدائی حصہ مجھے بریلی شریف کے ایک ناگفتہ بہ مقام سے ملا، یہ نہیں کہہ سکتا کہ حاشیہ کے اس مقام تک پہنچ کر دوسری اہم دینی ضرورتوں نے امام احمد رضا کو عنان قلم اپنی طرف منعطف کر دینے پر مجبور کر دیا اور اس طرح یہ توضیحی حواشی تشنۂ تکمیل رہ گئے، یا پھر امام احمد رضا کی دوسری بہت سی اہم تصنیفات کے ساتھ ساتھ اس کے باقی حصے بھی دست برد زمانہ کی نذر ہو گئے۔ یہ توضیحی حواشی اگرچہ ناتمام ہیں پھر بھی ان کی اہمیت وافادیت سے صرف نظر ممکن نہیں''(17)

حضرت رضا بریلوی کے ترجمہ قرآن اور اس ترجمہ کے افق سے پھوٹنے والی کرن اور اس کرن کے بطن سے ابھرنے والے برکات واثرات کو علامہ غلام رسول سعیدی یوں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

ذات وصفات جبر وقدر، اور نبوت ورسالت کے نازک مسائل کو جس عمدگی اور اختصار کے ساتھ ترجمہ کی سحر کاری سے سہل کیا ہے۔ امام رازی اگر اسے دیکھ پاتے تو بے اختیار آفریں کہتے، ابن عطا وجبائی کے سامنے یہ ترجمہ ہوتا تو شائد اعتزال سے توبہ کر لیتے خامۂ تصوف سے جس طرح اعلیٰ حضرت نے آیات کے بطن کو ترجمہ میں ڈھالا ہے، غزالی ہوتے تو دیکھ کر وجد کرتے، ابن عربی شادکام ہوتے، اور سہروردی دعائیں دیتے، ترجمہ کے ضمن میں جو فقہی نگینے لائے ہیں اگر امام اعظم پر پیش کئے جاتے تو یقیناً مرحبا کہتے، اور اگر ابن عابدین اور سید طحاوی کے سامنے یہ فقہی آبگینے ہوتے تو اعلیٰ حضرت سے تلمذ کی آرزو کرتے۔(18)

علوم وعرفان کلام الٰہی سے شغف اور نکات آیات پر ژرف نگاہی کی طرح افکار وانوار

Marfat.com

حدیث پر بھی آپ کی نظر بہت بلند اور دور رس تجلیات کی حامل تھی، قرآن و حدیث سے عشق کی حد تک آپ کو محبت تھی جس کے لازمی اثرات ثمرات میں کہ ان دونوں کے فیوض و برکات سے آپ کی سیرت کا گوشہ گوشہ روشن و تابناک ہے، اپنی تصنیف و تالیف، تحریر و تقریر سے آپ نے پوری زندگی ان کے آفاقی پیغام کی اشاعت کی، جب آپ سے دریافت کیا گیا کہ آپ نے حدیث شریف کی کون کون سی کتابیں درس کی ہیں۔ تو آپ نے جواباً فرمایا۔

"مسند امام اعظم، موطا امام محمد، کتاب الآثار امام محمد، کتاب الخراج امام ابو یوسف کتاب الحج، امام محمد شرح معانی الآثار امام طحاوی، موطا، امام مالک، مسند امام شافعی، مسند امام محمد، سنن دارمی۔ بخاری، مسلم ابوداؤد، ترمذی نسائی، ابن ماجہ، خصائص نسائی، منتقی الجار، ذوعلل، متناہیہ، مشکوۃ، جامع کبیر، جامع صغیر، ذیل جامع صغیر، منتقی ابن تیمیہ، بلوغ المرام، عمل الیوم واللیلہ ابن السنی، کتاب الترغیب، خصائص کبری، کتاب الفرج بعد الشدت، کتاب الاسماء والصفات، وغیرہ پچاس سے زائد کتب حدیث میرے درس وتدریس ومطالعہ میں رہیں (اظہار الحق الجلی، ص 25,24)

جس محدث کے زیر مطالعہ پچاس سے زائد کتب حدیث رہی ہوں علم حدیث میں اس کے بلند مرتبہ کا کیا کوئی اندازہ لگا سکتا ہے۔

محدث اعظم ہند کچھوچھوی تحریر فرماتے ہیں۔

"علم الحدیث کا اندازہ اس سے کیجئے کہ جتنی حدیثیں فقہ حنفی کی ماخذ ہیں، ہر وقت پیش نظر اور جن حدیثوں سے فقہ حنفی پر بظاہر زد پڑتی ہے اس کی روایت ودرایت کی خامیاں ہر وقت ازبر۔" (19)

حضرت رضا بریلوی کے تلمیذ رشید اور خلیفہ علامہ محمد ظفر الدین بہاری رضوی نے بالخصوص آپ کی کتابوں سے اخذ کر کے احادیث کا ایک عظیم مجموعہ مرتب کیا ہے، جو چھ مجلدات پر مشتمل ہے اس کی دوسری جلد کے دیباچہ میں وہ لکھتے ہیں...... ولنقدم قبل الشروع المقصود مقدمته یشتمل فوائد النقطها من تصانیف العلماء لا سیما سیدی وملازی، شیخی واستادی مولانا الشاہ احمد رضا خان القادری، الخ

جامعہ ملیہ دہلی کے استاد ایس یم خالد الحامدی (شعبہ عربی) نے اپنی تحقیق میں حضرت رضا بریلوی کی علم حدیث پر تالیفی خدمات کی تعداد چالیس بتائی ہے۔ (20)

Marfat.com

ایک جلیل القدر محدث کے لئے ضروری ہے کہ وہ ضبط حدیث میں پوری مہارت اور کامل درک رکھتا ہو، ضبط حدیث کے دو اہم مرتبے یہ ہیں۔

(۱) حفظ احادیث (۲) حفظ کتب

حضرت رضا بریلوی کی قوت حفظ کا عالم یہ تھا کہ ایک مرتبہ کوئی کتاب دیکھ لیتے تو دو تین مہینے تک کے لئے الفاظ وعبارت اور عمر بھر کے کئے مضمون محفوظ ہو جاتا تھا۔

مولانا یسین اختر مصباحی تحریر فرماتے ہیں

خدا کے فضل خاص اور پھر قوت حفظ کا یہ فیض تھا کہ صرف الملفوظ میں تقریباً ساڑھے چار سو احادیث کریمہ جو مخصوص مجالس میں زبانی بیان کی گئیں، نہ تو ایک موضوع متعین اور نہ پہلے سے کوئی تیاری کسی کو کیا معلوم کہ آج کون سا پہلو زیر بحث ہوگا۔ (21)

1303ھ مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت کے تاسیسی جلسہ میں حضرت محدث سورتی کی خواہش پر اعلیٰ حضرت نے علم الحدیث پر متواتر تین گھنٹوں تک پر مغز اور مدلل کلام فرمایا، جلسے میں موجود سارے علمائے کرام نے کافی تحسین کی، مولانا خلیل الرحمٰن بن مولانا احمد علی محدث سہارنپوری نے تقریر ختم ہونے پر بے ساختہ اٹھ کر اعلیٰ حضرت کی دست بوسی کی اور فرمایا اگر اس وقت والد ماجد ہوتے تو وہ علم حدیث میں آپ کے تبحر علمی کی دل کھول کر داد دیتے، اور انہیں کو اس کا حق بھی تھا محدث سورتی اور مولانا محمد علی مونگیری (بانی ندوۃ العلماء لکھنو) نے بھی اس کی پرزور تائید کی (22) حفظ حدیث میں ان کے کمال کا مشاہدہ کرنا ہو تو ان کی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے ورق ورق پر احادیث وآثار کی برکتیں شمس وقمر کی طرح درخشاں وتاباں ہیں کتب احادیث سے کسی مسئلہ کی تائید کے لئے اس کے ابواب وفصول کا ذہن میں محفوظ رہنا اور بوقت ضرورت اس سے مکمل استفادہ کرنا یہ بڑی وسعت مطالعہ کا کام ہے۔ حفظ کتب کے میدان میں بھی حضرت رضا بریلوی کی نظیر نظر نہیں آتی۔ نمونتاً صرف تین کتابیں پیش ہیں۔

1) **الزبدۃ الزکیہ لتحریم سجود التحیہ** ۔ کے نام سے آپ کی ایک وقیع کتاب ہے، متعدد آیات کریمہ اور ڈیڑھ سو نصوص فقیہ کے علاوہ آپ نے سجدہ تحیہ کے تحریم کے ثبوت میں چالیس احادیث بھی پیش کی ہیں، خود لکھتے ہیں...... حدیث میں چہل حدیث کی بہت فضیلت آئی ہے، ائمہ وعلماء نے رنگ رنگ کی چہل حدیثیں لکھی ہیں، ہم بتوفیقہ تعالیٰ یہاں غیر خدا کو سجدہ (تحیت) حرام ہونے کی چہل حدیثیں لکھتے ہیں۔

Marfat.com

2) **الامن والعلی لناعتی المصطفی بدافع البلاء** ۔میں آیات کریمہ اور دیگر نصوص کے علاوہ وجہ اول پر ساٹھ (60) احادیث اور وجہ دوم میں دو سو چالیس (240) احادیث شریفہ سے استشہاد کیا گیا ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع البلاء کہنے کا اثبات واحقاق ہے۔

3) جزاء اللہ عدوہ باباء ختم النبوۃ ۔ میں تیس نصوص قطعیہ کے علاوہ ایک سو تیس (130) احادیث سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبین ہونے کی وضاحت کی ہے اور اس کا ثبوت دیا ہے، یہ تو بطور نمونہ ہم نے تین مثالیں دی ہیں ان کی جو بھی تصنیف دیکھی جائے، احادیث کی لمبی لمبی قطاریں بہاریں دکھائی نظر آتی ہیں۔

محدث اعظم کچھوچھوی بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نے استاذ محترم محدث سورتی علیہ الرحمۃ سے دریافت کیا کہ علم حدیث میں ان کا (حضرت رضا بریلوی کا) کیا مرتبہ ہے، فرمایا، وہ اس وقت ''امیر المومنین فی الحدیث ہیں'' پھر فرمایا صاحبزادے، اس کا مطلب سمجھا؟ یعنی اگر میں اس فن میں عمر بھر ان کا تلمذ کروں تو بھی ان کے پاسنگ کے برابر نہ ٹھہروں۔(23)

یہاں یہ بتادینا ضروری ہے کہ محدث سورتی کا علم حدیث میں بڑا ہی عظیم مقام تھا...... وہ پوری بخاری شریف کے ایسے حافظ تھے کہ اسے شبینہ کے طور پر سنا سکتے تھے۔(24)

## سُلوک وتصوُّف

دور حاضر میں سلوک وتصوف بھی بدقسمتی سے ان عناوین میں شامل ہے جس پر بے محابا، بے تکلف، کھلے بندوں گفتگو کی جاتی ہے، بعض متصوفہ تو ایسے ایسے اسرار پر موشگافیاں کرنے میں ذرہ بھر تامل نہیں کرتے جن پر بحث کرتے ہوئے اکابر صوفیہ کے بھی پر جلتے تھے نتیجہ یہ کہ اس بحر کی لہر سے بے خبر اپنے آپ کو فخر سے صوفی کہلواتے پھرنے والوں کا ایک گروہ معرض وجود میں آچکا ہے، جس سے دین وملت دونوں کا عظیم نقصان ہے، شاید انہیں پتہ نہیں کہ اس سمندر میں کتنی کشتیاں غرق، اور کتنے بیڑے ناپید ہو چکے ہیں، کتنوں کو جان سے ہاتھ دھونا پڑا اور کتنوں کو ایمان سے، یہ راہ بے خطر نہیں سراسر پر خطر ہے، اس لئے راہ کی جادہ پیمائی کے لئے اس کے نقوش وخطوط، اور ارباب شریعت کی کامل رہنمائی اور رہبری کی ضرورت ناگزیر ہے۔

حضرت رضا بریلوی نے اس گلشن کو بھی اپنے فکر وخیال کے پھولوں سے مالا مال اور اس شبستان کو نئے نئے چراغوں سے روشنی عطا کی ہے۔ گردش ایام کے بیجا تصرف نے اگر کہیں پر دانستہ

Marfat.com

یا نادانستہ دست درازی کی تھی تو بحسن وخوبی اس کی بھی اصلاح کا فریضہ انجام دیا ہے، اور اگر اس محل کے بعض کنگورے طوفان حوادث سے لرز گئے تھے تو بلند وبالا مینار بھی آپ نے وضع فرمائے ہیں۔ اس طرح دوسرے علمی فکری شاخوں کی طرح تصوف بھی آپ کا ممنون احسان ہے کہ آپ کے تصور وتفکر اور جلوت وخلوت کی ریاضت ومحنت نے اسے فروغ ہی نہیں دیا۔ تحفظ کا قصر بھی بخشا ہے، سلوک وتصوف کے تعلق سے آپ نے جتنا اور جو کچھ بھی کیا ہے اس سے ایک طرف آپ کے تصوف پر عمیق مطالعہ کا پتہ چلتا ہے تو دوسری طرف خود آپ کے صوفیٔ باصفا، عارف باللہ ہونے کا یقین واذغان حاصل ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس شعبہ میں بھی آپ کی امامت وقیادت تسلیم کرنا پڑتا ہے مولانا محمد احمد مصباحی رقم طراز ہیں۔

"اگر ایک طرف وہ صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی اور محدث اعظم مولانا سید محمد کچھوچھوی کے استاذ جلیل، حافظ صحیح بخاری مولانا وصی احمد محدث سورتی علیہم الرحمہ کے بلند پایہ درسگاہی سوالات کا حل لکھ رہے ہیں تو دوسری طرف مولانا سید شاہ احمد اشرف علیہ الرحمہ کے اہم خانقاہی سوالات کے جوابات دے رہے ہیں، عظیم مفتی ومحقق مولانا ارشاد حسین رام پوری (م ۱۳۱۱) کے فتوے کی تنقید وتصحیح کرتے ہوئے دیکھے جارہے ہیں تو سید نور الدین رئیس اعظم بڑودہ کے دقیق سوالات تصوف کی برجستہ شرح فرماتے ہوئے بھی نظر آرہے ہیں، حتیٰ کہ اعلیٰ حضرت کے مربی طریقت حضرت سید مولانا شاہ ابوالحسن احمد نوری قدس سرہ کے اہم علمی وخانقاہی سوالات کے جوابات بھی لکھ رہے ہیں۔ فتاویٰ رضویہ کی جلدوں اور مختصر رسائل کے صفحات پر اس سے زیادہ مثالیں دیکھی جاسکتی ہیں، جو یہ ثبوت فراہم کرنے کے لئے کافی سے زائد ہیں کہ یہ عبقری زمانہ شریعت وطریقت دونوں کا عالم اور علماء وصوفیہ دونوں کا امام ہے" (25)

آپ نے اپنی انیس (19) کتابوں میں تصوف کی الجھی ہوئی گتھیاں سلجھائی اور چہرہ تصوف کو حقیقت ومعرفت کا غازہ بخشا ہے، تصوف کے تمام گوشوں کا محاصرہ ومحاکمہ کرتے ہوئے روح تصوف کو ایسا نکھار دیا ہے کہ دور سے اس کی تابندگی محسوس کی جاسکتی ہے۔

تصوف کیا ہے؟ اس سلسلہ میں سیدی عبدالوہاب شعرانی کی طبقات کبریٰ کے حوالے سے لکھتے ہیں ...... التصوف انما هو زبدة عمل العبد باحكام الشريعه ...... تصوف کیا ہے؟ بس احکام شریعت پر بندے کے عمل کا خلاصہ ہے۔ (26)

Marfat.com

سیدی ابو عبداللہ محمد بن خفیف ضی قدس سرہ۔ کے حوالے سے فرماتے ہیں'' التصوف تصفیة القلوب و اتباع النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فی الشریعه ،،

تصوف اس کا نام ہے کہ دل صاف کیا جائے اور شریعت میں نبی صلی اللہ علیہ تعالی وعلیہ وسلم کی پیروی ہو، (ایضاً) تصوف طریقت ہی کا دوسرا نام ہے، اور طریقت اس راہ کا نام ہے جو خدا تک پہنچانے والی ہو، اب خدا تک پہنچانے والی راہ کون ہے اسے سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے بیان فیض ترجمان سے مجلی کرتے ہیں۔

''اقرب الطرق الی اللہ تعالیٰ لزوم قانون العبودیة والاستمساک بعروته الشریعته ،، اللہ عزوجل کی طرف سب سے زیادہ قریب راستہ قانون بندگی کو لازم پکڑنا اور شریعت کی گرہ کو تھامے رہنا ہے۔ (بہجۃ الاسرار ص ۵۰) (ایضاً ص ۱۶)

ارباب دل ونظر کے ان ارشادات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ طریقت شریعت کی پیروی سے ہی حاصل ہوتی ہے، اصل تصوف تصفیہ قلب اور اتباع شریعت ہے سچا ولی وہی ہو گا جو سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و پیروی میں سچا ہو، حضرت ابوالقاسم قشیری رضی اللہ عنہ کے رسالہ قشیریہ کے حوالے سے سیدی ابوالعباس احمد بن محمد الادمی کا فرمان نقل کرتے ہیں'' من الزم نفسه آداب اشریعته فی او امرہ وافعاله واخلاقه (رسالہ قشیریہ ص ۳۰) جو اپنے اوپر آداب شریعت لازم کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نور معرفت سے روشن کر دے گا، اور کوئی مقام اس سے بڑھ کر معظم نہیں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکام افعال عادات سب میں حضور کی پیروی کی جائے ۔ حضرت بایزید بسطامی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

''اگر تم کسی شخص کو دیکھو کہ ایسی کرامت دی گئی ہو کہ ہوا پر چار زانو بیٹھ سکے تو اس سے فریب نہ کھانا، جب تک یہ نہ دیکھو کہ فرض وواجب، مکروہ وحرام اور محافظت حدود وآداب شریعت میں اس کا حال کیسا ہے'' (رسالہ قشریہ ص 18)

ان حقائق طریقت کو ضبط تحریر میں لانے سے خود حضرت رضا بریلوی کا بھی تصور تصوف سمجھ میں آتا ہے کہ سلوک وتصوف میں ان کا نظریہ وفکر کیا تھا، تصوف میں وہ کیا چاہتے تھے اور سلوک سے ان کی مراد کیا تھی، جب ہم اس میزان پر حضرت رضا بریلوی کو دیکھتے ہیں تو وہ عظیم صوفی طریقت کی زلف برہم سنوارتے نظر آتے ہیں، تعلیمات تصوف کی مذکورہ بالا ہدایات کی روشنی میں شریعت کی جیسی پابندی آپ نے کی ہے اور کتاب وسنت کے انوار سے جس طرح آپ نے اپنی حیات کے

Marfat.com

گوشوں کو درخشاں کیا ہے وہ نصب العین کے طور پر پیش کئے جانے کے قابل ہے۔ فرض وواجب تو خیر فرض واجب ہیں انہیں سنت غیر موکدہ اور مستحبات ومباحات کے برکات سے محرومی بھی گوارہ نہ تھی۔ شریعت کی اسی پابندی اور سختی سے عمل کا نتیجہ تھا کہ جوانی ہی میں آپ کا باطن انوار الٰہیہ سے مزین اور دل فیضان مصطفوی سے معمور تھا۔

عین شباب کے عالم میں تصوف کا جو رنگ آپ پر چڑھا وہ عمر کے تقاضے سے اور چوکھا ہوتا چلا گیا، پوری زندگی اس کا خمار نشۂ عرفان بن کر چھایا رہا، اور اسی سرمستی اور سرخوشی میں زندگی کا کارواں گزرتا رہا، جو بھی لکھا اسی میں لکھا اور جو بھی کہا اسی عرفانی خوشی میں ڈوب کر کہا، پیرومرشد کی تربیت اور ولی عہد صاجزادہ کی توجہ نے حق وصداقت کا معیار بنا دیا، بات چاہے شریعت کی ہو یا طریقت کی اصول کے معیار پر اگر کھری اترتی تو تائید وتحسین فرماتے۔ ورنہ اس کی خرابی وکمزوری اور اس سے پھیلنے والے مفاسد کی ایک ماہر سرجن کی طرح تشخیص کرتے اور ضرورت محسوس ہوتی تو آپریشن سے بھی درگزر نہیں کرتے، سلوک وتصوف پر بارہا ظلم وجہل کے بادل چھائے ہیں، اور شریعت متصادم، ایمان شکن تاویلیں کی گئی ہیں، ایک فتنے کے اثرات بد سے ملت کو ابھی پناہ بھی نہیں ملتی کہ دوسرا فتنہ سر ابھارنے لگتا، انہیں فتنوں میں سے چند ایک اور اس پر حضرت رضا بریلوی کا تصوف آگیں، تبصرہ وتنقید پیش خدمت ہے۔

## رد عینیت محضہ

ڈاکٹر ولی الدین لکھتے ہیں ...... صوفیہ خام نے عبد ورب میں نسبت عینیت کو حقیقی اور غیریت کو وہمی قرار دے کر زنادقہ وملاحدہ کی راہ اختیار کی اس لئے کہ یہ اس کے تابع ہیں۔ جب وہ اٹھتا ہے یہ سب کھڑے ہو جاتے ہیں، وہ چلتا ہے یہ سب چلنے لگتے ہیں، وہ بیٹھتا ہے یہ سب بیٹھ جاتے ہیں تو عین یہ بھی اور وہ بھی، مگر وہ حاکم ہے، یہ محکوم، اور اپنی نادانی سے یہ نہ سمجھا کہ وہاں تو بادشاہ ہی بادشاہ ہے یہ سب اسی کے عکس ہیں اگر اس سے جواب ہو جائے تو یہ سب صفحہ ہستی سے معدوم محض ہو جائیں گے، ہو کیا جائیں گے اب بھی تو حقیقی وجود سے کوئی حصہ ان میں نہیں، حقیقۃً بادشاہ ہی موجود ہے باقی سب پرتو کی نمود ہے۔

**دوم**۔ اہل نظر وعقل کامل۔ وہ اس حقیقت کو پہنچے اور اعتقاد بنائے کہ بے شک وجود میں ایک بادشاہ کے لئے ہے، موجود ایک ہی ہے، یہ سب ظل وعکس ہیں کہ اپنی حد ذات میں اصلا وجود

Marfat.com

نہیں رکھتے ،اس تجلی سے قطع نظر کر کے دیکھو کہ پھر ان میں کچھ رہتا ہے؟ حاشا عدم محض کے سوا کچھ نہیں ۔اور جب یہ اپنی ذات میں معدوم وفانی ہیں اور بادشاہ موجود، یہ اس نمود میں اسی کے محتاج ہیں اور وہ سب سے غنی...... یہ ناقص ہیں وہ تام ۔ یہ ایک ذرہ کے بھی مالک نہیں ،اور وہ سلطنت کا مالک...... یہ کوئی کمال نہیں رکھتے ،حیات ،علم ،سمع ،بصر ،قدرت ،ارادہ ،کلام ،سب سے خالی ہیں اور وہ سب کا جامع ،تو یہ اس کا عین کیوں کر ہو سکتے ہیں ،لاجرم یہ نہیں کہ یہ سب وہی ہیں بلکہ وہی وہ ہے ،اور یہ صرف اس تجلی کی نمود ،یہی حق و حقیقت ہے اور یہی وحدۃ الوجود۔

**سوم** ۔عقل کے اندھے ،سمجھ کے اوندھے ،ان ناسمجھ بچوں سے بھی گئے گزرے انہوں نے دیکھا کہ جو صورت بادشاہ کی ہے وہی ان کی ۔ جو حرکت وہ کرتا ہے یہ سب بھی تاج جیسا اس کے سر پر ہے بعینہ ان کے سروں پر بھی ۔انہوں نے عقل و دانش کو پیٹھ دے کر بکنا شروع کیا کہ یہ سب بادشاہ ہیں ،اور اپنی سفاہت سے وہ تمام عیوب و نقائص جو نقصان قوابل کے باعث ان میں تھے خود بادشاہ کو ان کا مورد کر دیا کہ جب یہ وہی ہیں تو ناقص ، عاجز محتاج ،الٹے ،بھونڈے ، بدنما، دھندلے ،کا جو عین ہے ۔قطعاً انہیں ذمائم سے متصف ہے۔ تعالی اللہ عمایقول الظلمون علواً کبیرا ، انسان عکس ڈالنے میں آئینے کا محتاج ہے ،اور وجود حقیقی احتیاج سے پاک ،وہاں جسے آئینہ کہئے وہ خود نزدیک عبد و رب میں وہی نسبت ہے جو زید اور اس کے اعضا میں ،موم اور اس کے مختلف اشکال میں دریا اور اس کی گوناگوں امواج میں ہے ،کچے صوفی اور پکے ملحد اس قسم کی بہت سے مثالیں دیتے ہیں (قرآن اور تصوف ص ۱۲۷)

حضرت رضا بریلوی پوری زندگی ''وحدہ الوجود'' کی حقانیت کے معتقد رہے اپنی متعدد تصانیف میں اس نظریئے کی صراحت کی ہے اور عینیت محضہ کے تصور کے پرخچے اڑائے ہیں ، ایک جگہ لکھتے ہیں...... مرتبہ وجود میں صرف حق عز و جل ہے کہ ہستی حقیقۃً اس کی ذات پاک سے خاص ہے، وحدت وجود کے جس قدر معنی عقل میں آسکتے ہیں یہی ہیں کہ وجود واحد موجود واحد باقی سب مظاہر ہیں کہ انہی حد ذات میں اصلاً وجود ہستی سے بہرہ نہیں رکھتے ۔کل شیئ ہالک الاوجہ ،اور حاشا یہ معنی ہرگز نہیں کہ من و تو زید و عمرو ہر شئے خدا ہے، یہ اہل اتحاد کا قول ہے جو ایک فرقہ کافروں کا ہے ، اور پہلی بات اہل توحید کا مذہب ہے جو اہل اسلام و ایمان حقیقی ہیں (27) دوسری جگہ ایک تقریبی مثال سے یہ مسئلہ اور اس میں تین فرقوں کا بیان قدرے تفصیل سے لکھا ہے ۔فرماتے ہیں۔

Marfat.com

''ایک بادشاہ اعلیٰ جاہ آئینہ خانہ میں جلوہ فرما ہے، جس میں تمام مختلف اقسام واوصاف کے آئینے نصب ہیں، آئینوں کا تجربہ کرنے والا جانتا ہے کہ ان میں ایک ہی شئی کا عکس کس قدر مختلف طوروں پر متجلی ہوتا ہے۔ بعض میں صورت خلاف نظر آتی ہے، بعض میں دھندلی کسی میں سیدھی کسی میں الٹی، ایک میں بڑی، ایک میں چھوٹی، بعض میں پتلی، بعض میں چوڑی، کسی میں خوشنما، کسی میں بھونڈی۔ یہ اختلاف آئینوں کی قابلیت کا ہوتا ہے، ورنہ وہ صورت جس کا ان میں عکس ہے خود واحد ہے، ان میں جو حالتیں پیدا ہوئیں متجلی ان سے منزہ ہے۔ ان کے الٹے، بھونڈے دھندلے ہونے سے اس میں کوئی قصور نہیں ہوتا، **وللہ المثل الاعلیٰ**۔ اب اس آئینہ خانہ کو دیکھنے والے تین قسم کے ہوئے۔

**اول**۔ ناسمجھ بچے۔ انہوں نے گمان کیا کہ جس طرح بادشاہ موجود ہے۔ یہ سب عکس بھی موجود ہیں کہ یہ بھی تو ہمیں ایسے ہی نظر آتے ہیں جیسے وہ، ہاں یہ ضرور ہے۔ احدیت میں حلول کئے ہوئے اور اس میں پیوست ہے، (خالص الاعتقاد ص ۱۱) مزید فرماتے ہیں...... ذات پاک اس کی۔ تشبیہ مثل کیف وکم شکل وجسم وجہت ومکان وزمان سے منزہ، جب عقیدہ یہ ہے کہ ذات باری قدیم ازلی، ابدی ہے، اس کی تمام صفات بھی کہ وہ ان تمام چیزوں سے جو حادث ہیں یا جن میں مکانیت ہے، یا ان میں اور ان کے اوصاف میں کسی قسم کی تغیر ہونا، یا اس کے اوصاف کا مخلوق کے اوصاف کی طرح ہونا یہ تمام اس کے لئے محال ہیں، یوں کہیے کہ ذات باری تعالیٰ ان تمام حوادث وحوائج سے پاک ہے جو خاصہ بشریت ہیں، (ایضاً ص ۸) آپ اور تو اور نور مصطفیٰ کو عین ذات نہیں جانتے، فرماتے ہیں حاش للہ یہ کسی مسلمان کا عقیدہ نہیں کہ نور رسالت یا کوئی چیز، معاذ اللہ ذات الٰہی کا جزیا اس کا عین ونفس ہے ایسا اعتقاد ضرور کفر وارتداد ہے (صلات الصفا ص ۳۶) ہاں اگر نور مصطفیٰ کو نور ذات کہا جائے کہ یہ نسبت تشریفی ہے (جیسا کہ بیت اللہ، ناقتہ اللہ) تو جائز ہے۔

## تجسیم وتشبیہ

مجسمہ ومشبہہ ذات جل سلطانہ کے لئے تجسیم وتشبیہ کے قائل تھے، حکیم نجم الغنی رام پوری لکھتے ہیں ......بعض نے کہا کہ ابن تیمیہ اور ابن قیم داؤد ظاہری اور ابن حزم اور شوکانی، یہ پانچوں بڑے مجسمہ ہیں اور اس ملت کے خلفاء ہیں (مذاہب الاسلام ص ۵۵۴)

Marfat.com

مولانا اسمٰعیل دہلوی نے لکھا ہے...... حق تعالیٰ کو جہت مکان سے منزہ سمجھنا بدعت وگمراہی ہے (ایضاح الحق، ص ۲۴) وحید الزماں صاحب نے وسع کرسیه السمٰوت والارض کے تحت لکھا...... جب وہ کرسی پر بیٹھتا ہے۔ تو چار انگل بھی بڑی نہیں رہتی ہے اور اس کے بوجھ سے چر چر کرتی ہے، (ترجمہ قرآن، از وحید الزماں نواب) وہ بھی ایک ظل ہے، پھر آئینہ میں انسان کی صرف سطح مقابل کا عکس پڑتا ہے۔ جس میں انسان کے صفات مثلاً کلام وسمع وبصر وعلم وارادہ وحیات وقدرت سے اصلاً نام کو بھی کچھ نہیں آتا۔ لیکن وجود حقیقی عز جلالہ کی تجلی نے اپنے بہت ظلال پر نفس ہستی کے سوا ان صفات کا بھی پرتو ڈالا۔ یہ وجوہ اور بھی ان بچوں کی نافہمی اور ان اندھوں کی گمراہی کا باعث ہوئیں اور جن کو ہدایت ہوئی وہ سمجھ لئے کہ

یک چراغیست دریں خانہ کہ از پرتو آں

ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

انہوں نے صفات اور خود وجود کی دو قسمیں کیں

۱) حقیقی ذاتی کہ متجلی کے لئے خاص ہے اور (۲) ظلی عطائی کہ ظلال کے لئے ہے۔ اور حاشا یہ تقسیم اشتراک معنی نہیں، بلکہ محض موافقت فی اللفظ ...... یہ ہے حق حقیقت وعین معرفت وللہ الحمد (28)

# غیریت کلی

اہلسنت کا یہ عقیدہ ہے کہ ذات خالق اور ذات مخلوق میں مغائرت حقیقی وضدیت کلی پائی جاتی ہے خالق ومخلوق عالم ومعلوم ایک ہو نہیں سکتے، لیس کمثلہ شئی۔ کی نص قطعی اس پر شاہد عادل ہے۔ کسی عارف نے کیا خوب کہا ہے۔ الحق موجود والعبد معدوم وقلب الحقائق محال فالحق حق والعبد عبد۔ حق موجود ہے، عبد معدوم اور حقائق کا بدلنا محال ہے، سو حق حق ہے اور عبد عبد (قرآن اور تصوف ص ۶۳)

اس قسم کے نظریات کا حضرت رضا بریلوی نے خوب تعاقب کیا، عقیدہ بیان فرماتے ہیں۔

موجود واحد ہے نہ وہ واحد جو چند ابعاض واجزاء سے مل کر مرکب ہوا۔ نہ وہ واحد جو چند کی طرف تحلیل پائے، نہ وہ واحد جو بہ تہمت حلول عینیت کہ اس کی ذات قدسی صفات پر یہ تہمت لگائی جائے کہ وہ کسی چیز میں حلول کئے ہوئے یا کوئی اس کی ذات۔

اور لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب آسمان دنیا کی طرف نزول کرتا ہے تو عرش معلیٰ اس سے خالی رہتا ہے،

Marfat.com

یہ قول زیادہ صحیح ہے، (ہدیۃ المہدی، ج ۱، ص ۱۰)

حضرت رضا بریلوی نے ایسے نظریات کی خوب خبر لی ہے۔

فرماتے ہیں...... وہ جسم نہیں، جسم والی کسی چیز کو اس سے لگاؤ نہیں، ایسے مقدار، عرض نہیں کہ اتنا یا اتنا کہہ سکیں، لمبا، یا چوڑا، موٹا یا پتلا، یا بہت یا تھوڑا یا ناپ یا گنتی یا تول میں بڑا یا چھوٹا، یا بھاری یا ہلکا نہیں وہ شکل سے منزہ ہے، پھیلا یا سمٹا، گول یا لمبا، تکونا یا چوکھٹا سیدھا یا ترچھا اور کسی صورت کا نہیں حد و طرف و نہایت سے پاک ہے (قوارع القہار ص ۶) (29)

اللہ تعالیٰ کے بارے میں تنزیہہ محض کا عقیدہ درست ہے نہ تشبیہ محض کا بلکہ تنزیہہ و تشبیہ کے درمیان بلا تشبیہ کا عقیدہ درست ہے۔

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں...... اصل صحیح عقیدہ یہ ہے کہ لیس کمثلہ شیئی۔ اس کی مثل کوئی شئے نہیں، یہ تنزیہہ ہوئی اور ھو السمیع البصیر یہ تشبیہ ہوئی، مگر جب سننے، دیکھنے کو بیان کیا کہ اس کا دیکھنا آنکھ کا، سننا کان کا محتاج نہیں وہ بے آلات کے سنتا ہے، یہ نفی تشبیہ ہوئی کہ بندوں سے جو وہم مشابہت ہوتا اس کو مٹایا تو ماحصل وہی نکلا، تنزیہہ مع تشبیہ، بلا تشبیہ (30)۔ تصوف و سلوک کے یہ گل و گہر جو حضرت رضا بریلوی نے اپنی تصنیفات کے مختلف صفحات پر بکھیرے ہیں ان میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ کے سلوک و تصوف کا عکس جھلکتا ہے، کہیں کہیں پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حضور غوث پاک کا قلم چل رہا ہے اور زلف تصوف کی مشاطگی ہو رہی ہے۔ حضور محدث اعظم ہند نے آپ کے بارے میں یہ کہا ہے کہ ...... درحقیقت اعلیٰ حضرت غوث پاک کے ہاتھ میں چوں قلم در دست کاتب تھے (31) تو یونہی نہیں کہا ہے اپنے مشاہدے اور مطالعہ اور بزرگوں کے اعتراف کہ، اعلیٰ حضرت شریعت میں امام اعظم کے قدم بہ قدم اور طریقت میں غوث اعظم کے مظہر اتم، تھے کی بنیاد پر کہا ہے......

سلوک میں حضرت رضا بریلوی کے رسائل تصوف کی عینک لگا کر دیکھئے، رضا بریلوی آپ کو چودھویں صدی ہجری کے غوث اعظم نظر آئیں گے۔ یہ تو فضل خدا ہے کہ حضرت رضا بریلوی جس طرح عظیم فقیہہ ہیں اسی طرح عظیم صوفی بھی یہ اور بات ہے کہ آپ نے اپنے تصوف کے تن نازنین پر فقہ کی قبائے زرین ڈال لی تھی۔ اگر آپ صوفی نہیں ہوتے۔ تصوف کے رموز و اسرار پر آپ کی گہری نظر نہیں ہوتی اور آپ تصوف کے نام پر تصوف کی جان پر ہونے والے ظلم کے سامنے آہنی دیوار نہ بن گئے ہوتے۔ ایک دردمند صوفی کی طرح دفاع نہ کیا ہوتا، تو نہ معلوم

Marfat.com

آج گلشن تصوف کی تاراجی کا عالم کیا ہوتا۔

تصوف قرآن وحدیث کے عطر، اور عارفین کی جلوت وخلوت کے دلفریب جلوے کا نام ہے ۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن وحدیث کے معارف کا جامع اور سلوک وتصوف کا عارف بنایا تھا۔آپ نے اس کی حفاظت وصیانت اور رعنائی وزیبائی کا فریضہ نائب غوث اعظم کی حیثیت سے انجام دیا۔ اورحق یہ ہے کہ حق ادا کردیا۔

آپ خود بیان فرماتے ہیں۔

ایک بار میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت والد ماجد کے ساتھ ایک بہت نفیس اور اونچی سواری ہے حضرت والد ماجد نے کمر پکڑ کر مجھے سوار کیا اور فرمایا ، گیارہ درجہ تک تو ہم نے پہنچادیا آگے اللہ مالک ہے، میرے خیال میں اس سے مراد غلامی ہے سرکار غوثیت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصوف کے بارے میں بیش از بیش معلومات وتعبیرات مثلاً مرشد عام ، مرشد خاص شیخ اتصال ، شیخ ایصال اوران دونوں کے شرائط فلاح اول ، فلاح دوم ، فلاح تقویٰ ، فلاح احسان ، دعوت سلوک کا دائرہ بیعت ، ارادت بیعت برکت ، وحدت مقصود ، وحدت مشہود ، وحدت موجود کے درمیان فرق مراتب وغیرہ اہم مسائل سے متعلق تحقیقی ابحاث دیکھنے کا شوق ہو۔ وہ حضرت رضا بریلوی کی تصانیف فتاویٰ افریقہ دولت مکیہ کشف حقائق واسرار دقائق کا مطالعہ فرمائیں نیز طریقت وسلوک کے دیگر کثیر مسائل کی معلومات کے لئے ملفوظات کا مطالعہ بھی از بس مفید ہے ہم یہاں حضرت رضا بریلوی کے ملفوظات سے ان چند ارشادات مقدسہ کو نقل کرنے کا شرف حاصل کرتے ہیں۔ جن کا سلوک وطریقت کے مسائل سے گہرا تعلق ہے، آئندہ سطور میں عرض سے مراد استفادہ کرنے والوں کا سوال ہے اور ارشاد سے مراد حضرت رضا بریلوی کا جواب ہے۔

عرض۔مجاہدہ کے کیا معنی ہیں؟

ارشاد۔ سارا مجاہدہ اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے جمع فرمادیا ہے۔ واما من خاف مقام ربہ ونھی النفس عن الھویٰ فان الجنتہ ھی الماویٰ جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اور نفس کو خواہشوں سے روکے تو بے شک جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہے...... یہی جہاد اکبر ہے۔ حدیث میں ہے، جہاد کفار سے واپس آتے ہوئے ( حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ) فرمایا'' ورجعنا من الجھاد الاصغر الی الجھاد الاکبر '' ہم اپنے چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف پھرے۔

**عرض:** حضور مجاہدے میں عمر کی قید ہوتی ہے

Marfat.com

**ارشاد:** مجاہدے کے ئے کم ازکم اسی برس درکار ہوتے ہیں باقی طلب ضرور کی جائے۔

**عرض:** ایک شخص اسی برس کی عمر سے مجاہدات کرے یا اسی برس مجاہدہ کرے،؟

**ارشاد:** مقصود یہ ہے کہ جس طرح اس عالم میں مسببات کو اسباب سے مربوط فرمایا گیا ہے، اسی طریقے پر چھوڑ دیں۔ اور جذب عنایت ربانی بعید کو قریب نہ کردے تو اس راہ کی قطع کو اسی برس درکار ہیں اور رحمت فرمائے تو ایک آن میں نصرانی سے ابدال کردیا جاتا ہے، اور صدق نیت کے ساتھ مشغول مجاہدہ ہو تو امداد الٰہی ضرور کارفرما ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ والذین جاھدوا فینالنھدینھم سبلنا۔ جولوگ ہماری راہ میں مجاہدہ کریں، ہم ضرور انہیں اپنے راستے دکھاویں گے۔

**عرض:** یہ تو اگر کسی کا ہورہے تو ہوسکتا ہے، دینوی ذرائع معاش اگر چھوڑ دیے جائیں تو یہ بھی وقت طلب ہے، اور دینی خدمت (مثلاً تعلیم دینا تبلیغ کرنا) جو اپنے ذمہ لی ہے اسے چھوڑنا پڑے گا۔

**ارشاد:** اس کے لئے یہی خدمات (دینیہ) مجاہدات ہیں بلکہ اگر نیت صالح ہے تو ان مجاہدات سے اعلیٰ امام ابو اسحاق اسفرائنی (علیہ الرحمہ) جب ان کو مبتدعین کی بدعات کی اطلاع ہوئی پہاڑوں پر ان اکابر علماء کے پاس تشریف لے گئے جو ترک دنیا ومافیھا کر کے مجاہدات میں مصروف تھے۔ ان سے فرمایا۔ اکلتہ الحشیش انتم ھھنا وامتہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الفتن...... اے سوکھی گھاس کھانے والو! تم یہاں ہو اور امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتنوں میں ہے، انہوں نے جواب دیا کہ اے امام یہ آپ ہی کا کام ہے ہم سے نہیں ہوسکتا (حضرت امام ابو اسحٰق علیہ الرحمہ) وہاں سے واپس آئے اور مبتدعین (بدمذہبوں) کے رد میں نہریں بہائیں۔

**عرض:** مولانا عبدالکریم رضوی چتوڑی نے عزلت نشینی کے متعلق کچھ عرض کیا۔

**ارشاد:** آپ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی تین قسم کے ہیں۔ **مفید، مستفید، منفرد**...... مفید وہ ہے جو دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔ مستفید وہ ہے کہ خود دوسرے سے فائدہ حاصل کرے، منفرد وہ ہے کہ دوسرے سے فائدہ لینے کی اسے حاجت نہ ہو اور نہ دوسروں کو فائدہ پہنچا سکتا ہو، مفید اور مستفید کو عزلت نشینی حرام ہے اور منفرد کو جائز بلکہ واجب...... امام حجر مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے

Marfat.com

لکھا ہے کہ...... ایک عالم صاحب کی وفات ہوئی ان کو کسی نے خواب میں دیکھا، پوچھا آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا ۔ فرمایا جنت عطا کی گئی، نہ علم کے سبب، بلکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس نسبت کے سبب جو کتے کو راعی کے ساتھ ہوئی ہے کہ ہر وقت بھونک بھونک کر بھیڑوں کو بھیڑئے سے ہوشیار کرتا رہتا ہے، مانیں نہ مانیں یہ ان کا کام، سرکار نے فرمایا بس بھونکے جاؤ، بس اس قدر نسبت کافی ہے لاکھ ریاضتیں لاکھ مجاہدے اس نسبت پر قربان جس کو یہ نسبت حاصل ہے اس کو کسی ریاضت کی ضرورت نہیں، اور اس میں کیا ریاضت تھوڑی ہے؟ جو شخص عزلت نشین ہو گیا اس کے قلب کو کوئی تکلیف پہنچ سکتی ہے نہ اس کی آنکھوں کو، نہ اس کے کانوں کو، اس کا حال پوچھئے جس نے اوکھلی میں سر دیا ہے، اور چاروں طرف سے موسل کی مار پڑی ہے۔

**عرض:** حضور! طلب اور بیعت میں کیا فرق ہے؟

**ارشاد:** طالب ہونے میں صرف طلب فیض ہے اور بیعت کے معنی پورے طور سے بکنا بیعت اس شخص سے کرنا چاہئے جس میں یہ چار باتیں ہوں، ورنہ بیعت جائز نہ ہوگی،

**اول۔** سنی صحیح العقیدہ ہو

**دوم۔** کم از کم اتنا علم ضروری ہے کہ بلا کسی امداد کے اپنی ضروریات کے مسائل، کتاب سے خود نکال سکے۔

**سوم۔** اس کا سلسلہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو کہیں منقطع نہ ہو۔

**چہارم۔** فاسق معلن نہ ہو.............. پھر اسی سلسلہ بیان میں ارشاد ہوا کہ لوگ بیعت بطور رسم ہوتے ہیں، بیعت کے معنی نہیں جانتے، بیعت اسے کہتے ہیں کہ حضرت یحیٰ منیری علیہ الرحمہ کے ایک مرید دریا میں ڈوب رہے تھے حضرت خضر علیہ السلام ظاہر ہوئے اور فرمایا اپنا ہاتھ مجھے دے کہ تجھے نکال دوں، ان کے مرید نے عرض کیا، یہ ہاتھ حضرت یحیٰ منیری کے ہاتھ میں دے چکا ہوں، اب دوسروں کو نہ دوں گا، حضرت خضر علیہ السلام غائب ہو گئے اور حضرت یحیٰ منیری ظاہر ہوئے اور ان کو نکال لیا

**عرض:** حضور! فنافی الشیخ کا مرتبہ کس طرح حاصل ہوتا ہے؟

**ارشاد:** یہ خیال رکھے کہ میرا شیخ میرے سامنے ہے اور اپنے قلب کو اس کے قلب کے نیچے تصور کرے اس طرح سمجھے کہ سرکار رسالت صلی اللہ وعلیہ وسلم کے فیوض وانوار قلب شیخ پر فائز ہوتے اور اس سے چھلک کر میرے دل میں آرہے ہیں۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد یہ حالت ہو جائے گی کہ شجر

Marfat.com

وحجر درودیوار پر شیخ کی صورت صاف نظر آئے گی، یہاں تک کہ نماز میں بھی جدا نہ ہوگی اور پھر ہر حال میں اپنے ساتھ پاؤ گے، حافظ الحدیث سیدی احمد سجلماسی کہیں تشریف لے جارہے تھے، راہ میں اتفاقاً آپ کی نظر ایک نہایت حسینہ عورت پر پڑگئی، یہ نظر اول تھی، بلا قصد تھی، دوبارہ پھر آپ کی نظر اٹھ گئی۔ اب دیکھا کہ پہلو میں حضرت سیدی غوث الوقت عبدالعزیز دباغ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے پیرومرشد تشریف فرمائیں، اور فرماتے ہیں، احمد عالم ہوکر، ؟...... توکسی وقت شیخ مرید سے جدا نہیں، ہر آن ساتھ ہے۔

**عرض:** غوث ہر زمانے میں ہوتا ہے؟

**ارشاد:** بغیر غوث کے زمین وآسمان قائم نہیں رہ سکتے (لہذا غوث کا ہر زمانہ میں ہونا ضروری ہے)

**عرض:** غوث کو مراقبے سے حالات منکشف ہوتے ہیں۔

**ارشاد:** نہیں بلکہ ہر حال یونہیں مثل آئینہ پیش نظر ہے، اس کے بعد ارشاد فرمایا ہر غوث کے دو وزیر ہوتے ہیں غوث کا لقب عبداللہ اور وزیر دست راست (کا نام) عبدالرب اور وزیر دست چپ (کا نام) عبدالملک ہے اس سلطنت میں وزیر دست چپ وزیر دست راست سے اعلیٰ ہوتا ہے۔ بخلاف سلطنت دنیا کے اس لئے کہ یہ سلطنت قلب ہے، اور دل جانب چپ،...... غوث اکبر وغوث ہر غوث حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں ، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور کے وزیر دست چپ تھے اور رفاروق اعظم رضی اللہ عنہ وزیر دست راست، پھر امت میں سب سے پہلے درجہ غوثیت پر امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ممتاز ہوئے، اور وزارت امیر المومنین فاروق اعظم وعثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو عطا ہوئی، اوراس کے بعد امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت مرحمت ہوئی، اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ومولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم وزیر ہوئے۔ پھر امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت عنایت ہوئی اور مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم وامام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ وزیر ہوئے پھر مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (غوثیت عطاء ہوئی) اور امامین محترمین (حضرت حسن وحضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما) وزیر ہوئے، پھر حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے درجہ امام حسن عسکری تک یہ سب حضرات مستقل غوث ہوئے۔ امام حسن عسکری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد حضور غوث اعظم (شیخ عبدالقادر جیلانی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک جتنے حضرات ہوئے سب ان کے نائب ہوئے ان کے بعد سیدنا غوث اعظم مستقل غوث، حضور تنہا غوثیت کبریٰ کے درجے پر فائز

Marfat.com

ہوئے۔ حضور غوث اعظم بھی ہیں اور سید الافراد بھی حضور کے بعد جتنے ہوئے اور جتنے اب ہوں گے، حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک سب نائب حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوں گے پھر امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت کبریٰ عطا ہوگی۔

**عرض:** قیامت کب ہوگی، اور ظہور امام مہدی کب؟

**ارشاد:** قیامت کب ہوگی اسے اللہ جانتا ہے اور اس کے بتائے سے اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ وعلیہ وسلم، قیامت ہی کا ذکر کر کے ارشاد فرماتا ہے، **عٰلم الغیب فلا یظھر علی غیبه احداً الا من ارتضیٰ من رسول** ۔ اللہ غیب کا جاننے والا ہے۔ وہ اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں فرماتا۔ سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

امام قسطلانی وغیرہ نے تصریح فرمائی کہ اس غیب سے مراد قیامت ہے، جس کا اوپر متصل آیت میں ذکر ہے...... امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پہلے بعض علمائے کرام نے بملا حظہ احادیث حساب لگایا کہ یہ امت سن ہزار ہجری سے آگے نہ بڑھے گی۔ امام سیوطی نے اس کے انکار میں ایک رسالہ لکھا الکشف عن تجاوز ہذہ الامتہ الالف۔ اس میں ثابت کیا کہ یہ امت ۱۰۰۰ ار ہجری سے آگے ضرور آگے بڑھے گی، امام جلال الدین کی وفات ۹۱۱ھ میں ہے، اور آپ نے حساب سے خیال فرمایا کہ ۱۳۰۰ھ میں خاتمہ ہوگا، بحمد اللہ تعالیٰ اسے بھی چھبیس برس گزر گئے اور ہنوز قیامت تو قیامت اشراط کبریٰ میں سے کچھ نہ آیا...... امام مہدی کے بارے میں احادیث بکثرت اور متواتر ہیں مگر ان میں کسی وقت کا تعین نہیں اور بعض علوم کے ذریعہ سے مجھے ایسا خیال گزرتا ہے کہ شائد ۱۸۳۷ ہجری میں کوئی سلطنت اسلامی باقی نہ رہے اور ۱۹۰۰ھ میں حضرت امام مہدی ظہور فرمائیں۔

**عرض:** عذاب فقط روح پر ہوتا ہے یا جسم پر بھی؟

**ارشاد:** روح و جسم دونوں پر یونہی ثواب بھی، حدیث میں ہے کہ ایک لنجھا کسی باغ کے سامنے پڑا تھا اور میوے دیکھ رہا تھا، مگر اس تک جا نہ سکتا تھا، اتفاقاً ایک اندھے کا اس طرف سے گزر ہوا کہ باغ میں جا سکتا تھا، مگر میوے اسے نظر نہ آتے، لنجھے نے اندھے سے کہا تو مجھے باغ میں لے چل، وہاں جا کر ہم اور تم دونوں میوے کھائیں ...... اندھا اس کو اپنی گردن پر سوار کر کے باغ میں لے گیا۔ لنجھے نے میوے توڑے اور دونوں نے کھائے اس صورت میں کون مجرم ہوگا؟ دونوں ہی مجرم ہیں اندھا جسم ہے اور لنجھا روح، (32)

Marfat.com

اب ذرا شعر و سخن کے حوالے سے رضا کا انداز تصوف اور رنگ معرفت دیکھئے، یوں تو پورا دیوان ہی تصوف کا کھلتا ہوا گلستان اور دیوان کا ہر کلام معرفت کا جھلکتا ہوا جام ہے۔ قلت صفحات کے باعث ہم صرف چند اشعار پر قناعت کرتے ہیں۔

رونق بزم جہاں ہیں عاشقان سوختہ کہہ رہی ہے شمع کی گویا زبان سوختہ

(عاشق ذات خدا اور رسول، رونق بزن جہاں ہیں)

محمد مظہر کامل ہے حق کی شان عزت کا نظر آتا ہے اس کثرت میں کچھ انداز وحدت کا

(ذات احمد خلیفہ اللہ فی الارض، مرتبۂ واحدیت مقام فرد کامل)

رضا جو دل کو بنانا تھا جلوہ گاہ حبیب تو پیارے قید خودی سے رہیدہ ہوتا تھا

(نفی ذات۔ تصفیۂ قلب

وہی جلوہ شہر بہ شہر ہے اصل عالم دہر ہے وہی بحر ہے وہی لہر ہے وہی پاٹ ہے وہی دھار ہے

(کائنات کی تخلیق نور محمدی سے ہوئی، وحدت الوجود، خدا اور رسول)

دل ہے وہ دل جو تیری یاد سے معمور رہا سر ہے وہ سر جو تیرے قدموں پر قربان گیا

(یاد کردن واطاعت، اصل تصوف ہے)

یوں تو سب انہیں کا ہے پر دل سے اگر پوچھو یہ ٹوٹا ہوا دل ہی خاص ان کی کمائی ہے

(شکستگی اس حد تک ہو جیسے سوراخ شدہ برتن، اس میں کچھ نہ ٹھہر سکے (ارشاد غوث پاک)

جب گرے منہ سوئے میخانہ تھا ہوش میں ہیں یہ بہکنے والے

(صاحب سکر صاحب صحو ہیں انہیں غافل نہ کہو)

دل سے اک ذوق مئے کا طالب ہوں کون کہتا ہے اتقاء نہ کرے

(مست بادہ الست مئے عرفان، تقویٰ کے ساتھ ضروری ہے)

سب تمہاری ہی خبر تھے تم موخر مبتدا ہو

(سر محمدی، تعینات اول، مرتبہ وحدانیت)

انسان تنہا نہیں بنتا اس کو بنانے میں بہت سے عوامل شامل ہوتے ہیں ۰ اس کا ماحول اس کے والدین اس کے اکابر واحباب، اور اس کے مشاہدات و مطالعات وغیرہ یہ تمام عناصر و جواہر باہم گلے ملتے ہیں شخصیت تب نکھرتی ہے۔ یہ حسین اتفاق ہے کہ شخصیت سازی کے جتنے لازمی ارکان ہو سکتے ہیں حضرت رضا بریلوی میں وہ تمام جمع تھے، گھریلو ماحول سے لیکر سلوک و تصوف

Marfat.com

کے مطالعے اور تجربے تک آپ کی سیرت کا ہر گوشہ مناسب اور موزوں نگینوں سے مرصع تھا...... آپ کی شخصیت کی تعمیر وارتقاء میں گھریلو ماحول نے زخیز زمین عطا کی، دادا اور والد کی خصوصی تربیت نے خوشنما گل بوٹے اگائے، مرشد کی نگاہ کیمیا اثر نے رعنائی وزیبائی بخشی، قرآن وحدیث کے مطالعے نے نسیم صبح گاہی عطا کی اکابر واحباب کی روحانی علمی رفاقت ومجالس نے قوت نو عنایت کی سلوک وتصوف کی رنگارنگ فضا نے ابر بہاراں سے چھڑکاؤ کیا، پھر کیا تھا، غنچے چٹکنے لگے، کلیاں کھلنے لگیں، پھول مسکرانے لگے، تب جا کر رضا بریلوی اعلیٰ حضرت بریلوی بنے......

ع یہ رتبہٗ بلند ملا جس کو مل گیا

اور تب جا کر آپ کا جوہر محبت نکھرا اور تصور عشق ایسا صیقل ہو گیا کہ کیا موافق اور کیا مخالف سب کی زبان سے آپ، عاشق رسول، کہے جانے لگے، کہے جا رہے ہیں خود فرماتے ہیں

ع جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

Marfat.com

# حوالے

## رضا بریلوی کے تصور عشق کے تشکیلی عناصر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | حیات اعلیحضرت | مولانا ظفر الدین | ص4 |
| 2 | قائدین تحریک آزادی | مولانا یسین اختر مصباحی | ص40 |
| 3 | حیات اعلیحضرت | مولانا ظفر الدین | ص7,6 |
| 4 | عشق ہی عشق | ڈاکٹر محمد مسعود احمد | ص7 تا46 |
| 5 | سیرت اعلیحضرت مع کرامات | علامہ حسین رضا | ص47 |
| 6 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | ص169 |
| 7 | تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ | مولانا عبد المجتبیٰ | ص374 |
| 8 | سیرت اعلیحضرت مع کرامات | علامہ حسین رضا | ص54,53 |
| 9 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل ۸۹ء | ص236 |
| 10 | حیات اعلی حضرت | مولانا محمد ظفر الدین | ص35,34 |
| 11 | حیات اعلی حضرت | مولانا محمد ظفر الدین | ص44 |
| 12 | تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ | مولانا عبد المجتبیٰ | ص374 |
| 13 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل ۸۹ء | ص247 |
| 14 | محدث بریلوی | ڈاکٹر مسعود احمد مظہری | ص41 |
| 15 | سوانح اعلی حضرت | مولانا محمد بدر الدین | ص374 |
| 16 | حیات اعلی حضرت | مولانا ظفر الدین | ص373 |
| 17 | پیغام رضا کا امام احمد رضا نمبر | ۱۹۹۶ | ص97 |
| 18 | محاسن کنز الایمان | علامہ غلام رسول سعیدی | ص10 |
| 19 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل ۸۹ء | ص245 |
| 20 | محدث بریلوی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص17 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 21 | امام احمد رضا اور رد بدعات ومنکرات | مولانا یسین اختر مصباحی | ص136 |
| 22 | امام احمد رضا اور رد بدعات ومنکرات | مولانا یسین اختر مصباحی | ص137 |
| 23 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل ۸۹ء | ص247 |
| 24 | امام احمد رضا اور بدعات ومنکرات | مولانا یسین اختر مصباحی | ص192 |
| 25 | امام احمد رضا اور تصوف | مولانا محمد احمد مصباحی | ص12,11 |
| 26 | مقام عرفا، باعزاز شرع وعلماء | امام احمد رضا | ص18 تا 30 |
| 27 | کشف حقائق واسرار دقائق | امام احمد رضا | ص15 |
| 28 | فتاویٰ رضویہ | امام احمد رضا ج٦۔ | ص134,133 |
| 29 | مجدد الف ثانی اور اعلیٰ حضرت امام احمد رضا | ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان | ص51 تا 69 |
| 30 | الملفوظ | مرتب حضرت الشاہ مفتی اعظم ہند | ص67 |
| 31 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل ۸۹ء | ص248 |
| 32 | الملفوظ | مرتب حضرت الشاہ مفتی اعظم ہند انتخاب | ص70 تا 121 |

## امدادی کتب

| | |
|---|---|
| اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک | ڈاکٹر اعجاز مدنی |
| رسائل رضویہ | امام احمد رضا |
| علم، عمل، عشق اور امام احمد رضا | ڈاکٹر نجم القادری |

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کا محبوب

# صورت وسیرت

دنیا چاہے کچھ کہے محبت کئے جانے کے لائق صرف وہی ذات ستودہ صفات ہے جو مقصود کائنات اور محمود ارض وسماوات ہے جس سے خود اللہ رب العزت نے محبت فرمائی، اور محبت فرما کر آپ کی ذات کو معیار الفت اور مرکز عقیدت بنا دیا......اور کمال اعزاز تو دیکھئے کہ اپنی محبت کو آپ کی اطاعت کے ساتھ مشروط کر دیا، اب جسے خدا کی محبت کی تلاش ہے اسے محبوب خدا علیہ التحیۃ الثناء سے محبت کرنی ہوگی، ان کی اطاعت وغلامی کا طوق زیب گلو کرنا ہوگا ارشاد پروردگار ہے قل ان كنتم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله (٤/٣) اے محبوب تم فرمادو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو میرے فرمان بردار ہو جاو اللہ تم کو دوست رکھے گا۔

مشرکین مکہ کہا کرتے تھے کہ ہم تو اللہ کے پیارے ہیں، ان سب کو حکم دیا گیا کہ اگر تم واقعی خدا کی محبت رکھتے ہو تو میرے محبوب کی غلامی کرو، پھر یہ ہوگا کہ ابھی تو تم خدا کے چاہنے والے بنتے ہو، اور خدا کو اپنا محبوب بتاتے ہو، مگر پھر خدا تمہارا چاہنے والا ہوگا، اور تم اس کے محبوب، اس آیت نے ذہن دیا کہ غلامی مصطفیٰ سے مردود بھی محبوب خدا بن جاتا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ ہر مومن ان کی اتباع کرے، ان کی نوازش سے آس لگائے رکھے، اور ان کے آستانہ کرم سے وابستہ رہے کیوں کہ رحمت پروردگار آپ کا دربار پرنوار ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

ولو انهم اذ ظلمو انفسهم جاؤک فاستغفر والله واستغفر لهم الرسول لوجدو الله توابا الرحيما (9/5) اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں، تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں، پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمادیں تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ اس آیت میں توبہ قبول ہونے کی تین شرطیں بیان ہوئیں۔

Marfat.com

اولاً:۔ حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضری۔

دوسرے:۔ اپنے گناہ سے وہاں جا کر توبہ کرنا۔

تیسرے:۔ حضور علیہ السلام کا شفاعت فرمانا۔

اگر ان تینوں باتوں میں سے ایک بھی نہ پائی جائے تو قبول توبہ کی امید نہیں، اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام بارگاہ الٰہی کے وکیل مطلق یا مختار عام ہیں، کیوں کہ گناہ تو کیا رب کا۔ مگر جاؤ کہاں محبوب علیہ السلام کی بارگاہ میں،

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں ۔

بے ان کے واسطے کے خدا کچھ عطا کرے

حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے

معلوم ہوا جب خدا سے مانگنا ہو تو خدا کے دروازے یعنی بارگاہ مصطفےٰ میں آ کر مانگو، جو کچھ پروردگار عالم کی طرف سے ملے گا، اسی دروازے سے ملے گا۔ حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر

جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

نیز یہ کہ شفاعت کے لئے مدینہ پاک میں حاضری ضروری نہیں، اسی لئے فی المدینہ نہیں فرمایا گیا جہاں بھی ہو قلب سے اس بارگاہ کی طرف متوجہ ہو جاؤ کیونکہ ہر دل ان کی جلوہ گاہ ناز ہے۔ حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔ ۔

دل میں روشن ہے شمع عشق حضور

کاش جوش ہوس ہوا نہ کرے

محبوب کی بارگاہ میں یہ حکم حاضری قیامت تک کے مجرموں، گنہگاروں کے لئے ہے، کسی طرح کا مجرم ہو، کافر ہو، منافق ہو، کوئی ہو، اگر صدق دل سے مذکور نقوش کے مطابق توبہ کرے تو رحمت الٰہی ضرور دستگیری کرے گی، معلوم ہوا اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا خوشنودی، دین ودنیا کی سعادت وفیروز مندی کے لئے محبوب دو عالم ﷺ کی رضا کی تحصیل ناگزیر ہے...... بقول ڈاکٹر محمد اقبال ۔

شب پیش خدا بگریستم من　　مسلماناں چرا خوار ند وزارند

جواب آمد نمی دانی کہ این قوم　　دلے دارند، محبوب ندارند

Marfat.com

ایک رات میں نے دربار خداوندی میں روکر عرض کی کہ اے میرے مولیٰ آج مسلمان ہر طرف کیوں ذلیل وخوار ہورہے ہیں۔تو ہاتف غیبی سے آواز آئی کہ تو نہیں جانتا کہ اس قوم کے پاس دل تو ہے لیکن دل میں عشق مصطفیٰ (ﷺ) نہیں ہے (1)

عبادت کی شان، ایمان کی جان آپ ﷺ کی محبت ہے، حضور جان نور کی محبت کی عطر بیزی سے کائنات کا دل ودماغ معطر ہے۔انبیاء سے لے کر اولیاء تک عام انسانوں سے لے کر فرشتوں تک پورا بزم عالم آپ ﷺ کی نعت گوئی میں مصروف ہے، آپ کی مدح وثناء میں رطب اللسان ہے، علامہ محمد انوار اللہ حیدر آبادی تحریر فرماتے ہیں۔

"حضرت آدم نے جب عدم سے آنکھ کھولی تو پہلے پہل جس چیز پر نظر پڑی وہ آپ ہی کا نام نامی تھا، جو خالق بے ہمتا کے ساتھ ہر جگہ جلوہ گر تھا، شجر خلد کا ہر پتہ گواہی دے رہا ہے کہ ان کی نظیر کا کہیں پتہ نہیں، ہر فرشتہ آپ کے ذکر میں رطب اللسان ہے، اور بزبان حال "بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر" کے ساتھ نغمہ سرا ہے۔ایک طرف انبیاء اولوا العزم نعت گوئی میں مصروف ہیں، تو دوسری طرف آرزو امتی ہونے کی کوئی کر رہا ہے، اور کوئی ان کے توسل سے مرادیں مانگ رہا ہے" (2)

اور ایسا کیوں نہ ہو کہ آپ ہی باعث تخلیق آدم ونبی آدم اور حبیب ومحبوب پروردگار عالم ہیں، حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ

"رسول اللہ ﷺ کے اصحاب ایک جگہ جمع تھے، اور آپ کا انتظار کر رہے تھے کہ آپ تشریف لے آئے، ان میں سے ایک نے کہا کہ یہ بات کتنی حیرت انگیز ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا تھا، دوسرے نے کہا یہ اس سے عجیب تو نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا، (ملخصاً) اسی دوران فخر دو عالم ﷺ نزدیک آپہنچے، آپ نے فرمایا کہ میں نے تمہاری گفتگو سن لی ہے، اور تمہارا تعجب بجا ہے، کیوں کہ ابراہیم علیہ السلام واقعی اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں، حضرت موسیٰ واقعی اللہ تعالیٰ کے کلیم ہیں۔الا وانا حبیب اللہ، لیکن تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں" (3)

اس حدیث کے ماتحت لمعات شرح مشکوۃ میں ہے (عربی سے ترجمہ) یعنی لفظ حبیب، خلت، تکلم، اصطفا، اور مناجات سب کا جامع ہے۔مع ایک ایسی زائد چیز کے جو کسی دوسرے کو حاصل نہیں،

Marfat.com

اور وہ ہے اللہ کا محبوب ہونا، ایسی محبت ہے جو حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہے، نتیجہ نکلا حبیب وہ ہے جو خلیل بھی ہو، کلیم بھی ہو، نبی بھی ہو اور مصطفےٰ بھی، گویا جو جامع الصفات ہو اور

"آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری"

کا مصداق ہو وہ حبیب ہے، علامہ صفوری علیہ الرحمہ نے نزہتہ المجالس میں لکھا ہے (عربی سے ترجمہ)

"موسیٰ علیہ السلام نے رب سے پوچھا کہ مولیٰ میں تیرا کلیم ہوں، اور محمد (ﷺ) تیرے حبیب ہیں۔ یہ تو فرما کلیم اور حبیب میں فرق کیا ہے؟ خدا نے جواب دیا کہ کلیم وہ ہے جو اپنے مولیٰ کی رضا سے کام کرے اور حبیب وہ ہے جس کی رضا سے مولیٰ کام کرے، کلیم وہ ہے جو اللہ کو چاہے اور حبیب وہ ہے جسے اللہ چاہے" (نزہتہ المجالس، ج2رص73)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں!

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم

خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ (4)

حضرت قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ نے خلیل وحبیب کے مقام امتیاز کی وضاحت بڑی مفصل فرمائی ہے، اخیر میں فرماتے ہیں........ "امام ابوبکر بن فورک رحمتہ اللہ علیہ نے محبت اور خلت کے بارے میں متکلمین حضرات کا کلام نقل کرتے ہوئے کافی طویل بیانات نقل کئے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ محبت کا مقام، خلت کے مقام سے افضل ہے (پس حبیب خلیل سے افضل ہوئے" (5)

خلیل پر حبیب کی بہت ساری فوقیت وفضلیت میں سے ایک واضح فضیلت یہ ہے کہ حضرت خلیل علیہ السلام کے متعلق خدا فرماتا ہے۔ واتخذ ابراھیم خلیلا۔ خدا نے ابراہیم کو خلیل بنایا۔ اور ادھر اپنے حبیب ﷺ کے غلاموں کے لئے ارشاد ہوتا ہے کہ جو آپ کا غلام ہوگا۔ یحببکم اللہ، اللہ اس سے محبت کرے گا، تو معلوم ہوا کہ وہاں تو صرف ابراہیم علیہ السلام کو خلیل فرمایا تھا اور یہاں غلام مصطفےٰ سے بھی محبت کا وعدہ فرمایا جا رہا ہے۔

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

تیرے غلاموں کا نقش قدم ہے راہ خدا

وہ کیا بہک سکے جو یہ سراغ لے کے چلے

ان حقیقتوں سے یہ بات واضح ہوگئی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی کی وہ ذات اقدس ہے جو شرعاً محبت کی حقیقی حقدار ہے، جس کو ہم نے قرآن وحدیث اور اقوال علماء سے ثابت کیا ہے۔ اسی

Marfat.com

طرح حضور علیہ السلام عادتاً، طبیعتاً بھی محبت کے لائق ہیں کیوں کہ ان کے احسانات سب پر فائق ہیں اور آپ کا حسن سلوک سب کو شامل تھا۔

حضرت قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

"دنیا کا عام اصول یہ ہے کہ اگر کسی شخص پر کوئی ایک یا دو مرتبہ احسان کرتا ہے تو وہ اس کا بندۂ بیدام ہو جاتا ہے۔ یا کسی کو کوئی ہلاکت یا نقصان سے محفوظ رکھتا ہے تو وہ اس کا ممنون احسان ہوتا ہے، حالانکہ یہ ہلاکت و نقصان عارضی ہوتے ہیں، لیکن وہ ذات کریم جس کے احسان دوامی ہیں، اسی طرح آپ نے جس ہلاکت سے ملت کو محفوظ فرمایا وہ عذاب دوزخ اور اس کی ہلاکت سے متعلق ہے، جس کا طویل زمانہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ لہٰذا وہی ذات محبت و الفت کے قابل ہے جو ان تمام مصائب و آلام سے نجات دلا کر ابدی سکون و اطمینان دلائے اور وہ ذات محسن انسانیت سرکار دو عالم ﷺ کی ہے" (6)

جس ذات کی محبت قرآن و حدیث کا مدعاء اور عارفین، صالحین، کاملین کے اقوال و آراء کا خلاصہ ہے...... حضرت رضا بریلوی نے اپنی محبت کا مرکز اور عشق کا محور اسی فخر کائنات، محسن انسانیت، مرکز دائرہ معارف، محبوب رب العالمین، ممدوح انبیاء و مرسلین کی ذات عظیم الصفات کو قرار دیا۔ ان کا لکھنا پڑھنا، سونا جاگنا، جلوت و خلوت، مسرت و محبت سب اسی جان جاناں کے ذکر جمیل اور تصور عشق میں ہوتا تھا، بس وہ تھے اور جلوہ محبوب، خود فرماتے ہیں۔

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا (7)

آیئے اس محبوب کی سیرت زیبا کی زیارت اور مصحف رخ کی تلاوت سے آنکھوں کو ٹھنڈی جگر کو تازہ اور جانوں کو سیراب کرلیں۔

## صورت

محبت کے لئے صورت و سیرت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، اسی لئے بعض کے نزدیک محبت کا معیار حسن صورت ہے اور بعض کے نزدیک حسن سیرت، محبت کا چاہے کوئی سا بھی معیار ہو آپ ﷺ کا تو عالم یہ ہے کہ نہ آپ کے حسن صورت کا بزم کائنات میں کوئی جواب ہے اور نہ

Marfat.com

آپ کے حسن سیرت کی کوئی نظیر، آپ اپنی صورت وسیرت میں وحدہ لاشریک ہیں۔ دنیا جہان میں ایسی کوئی چیز پیدا ہی نہیں کی گئی جسے حسن وخوبی کے نام سے تعبیر کیا جاسکتا ہو اور وہ آپ میں موجود نہ ہو، بلکہ ہر حسن وخوبی آپ کے قدم ناز کا بوسہ لے کر اور خاک پا چوم کر ہی حسن وخوبی کے لفظ سے یاد کئے جانے کے لائق بنی ہے۔ آپ کی نسبت سے ذرہ رشک آفتاب اور قطرہ غیرت ماہتاب بنتا ہے۔ یہاں تک کہ آپ کے تصور میں جو تصویر بنی وہ بھی نبوت سے نواز دی گئی۔ رسالت سے سرفراز کردی گئی۔ محسن کاکوری فرماتے ہیں۔

بہت پر زور تھا خامہ اگر چہ دست قدرت کا
نہ تھا آسان لیکن کھینچنا محبوب کا نقشہ
مثالیں ڈالیں بنا کر صورتیں آدم سے تا عیسیٰ
تب آیا راست نقشہ کلک قدرت سے تیرے قد کا

یعنی آپ کی تصویر سے پہلے ایک لاکھ تیئس ہزار نوسو ننانوے، یا دو لاکھ تیئس ہزار نوسو ننانوے تصویریں بنائی اور مٹائی گئیں۔ اتنے مشق وریاض اور چاہت کے بعد جو تصویر بنی وہ تصویر سے آمنہ کے راج دلارے، عبداللہ کی آنکھوں کے تارے، بے چین روح اور ٹوٹے دلوں کے سہارے جن کی وجہ سے خدا نے دنیا سنوارے، نکھارے، حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کی اور پھر کمال محبت دیکھئے کہ قلم قدرت نے جن تصاویر کے خاکے ترتیب دے کر چھوڑ دیئے، انہیں بھی خلعت پیغمبری اور تاج نبوت سے مشرف فرما دیا کیوں کہ وہ تصویریں محبوب کی تصویر کے تصور سے منصۂ شہود پر آئی تھیں۔

صفحۂ دہر پر صورت گر ہستی نے امیر
ان کی تصویر وہ کھینچی کہ قلم ٹوٹ گئے

چہرۂ مصطفےٰ ﷺ حسن وجمال، خوبی وکمال کا مظہر ہے، آپ حسن کامل ہیں اور حسن یوسف حسن محمدی ﷺ کی ایک تابش تھی، اور دنیا بھر کے حسین وجمیل حسن محمدی ﷺ کی ایک جھلک ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو وہ حسن وجمال عطا فرمایا جس کی تعریف وتوصیف سے زبان عاجز ہے............ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری حسن محمدی کو یوں اپنے قلم کا خراج پیش کر رہے ہیں۔

''ایسا حسین وجمیل چہرہ کہ بس دیکھا کیجئے...... دیکھنے والوں نے ایسا حسین نہ دیکھا...... سننے والوں نے ایسا حسین نہ سنا ...... ایسا حسین، جس کے حسن وجمال پر دیکھنے والوں نے ایمان نچھاور کر دیئے...... دل فدا کر دیئے...... جانیں قربان کر دیں...... اللہ۔ اللہ کشش کا عالم...... سارے

Marfat.com

عالم کے دل کھینچنے لگے...... پیاری پیاری ادائیں سبحان اللہ، ماشاء اللہ...... جانے کو دل نہیں چاہتا ...... ہیبت وجلال کا یہ عالم کہ شاہوں کے قدم لڑکھڑا رہے ہیں ۔

ظاہر میں غریب الغرباء پھر بھی یہ عالم
شاہوں سے سوا سطوت سلطان مدینہ (8)

حسن بے مثال کا یہ عالم تھا کہ زبان کو عالم حیرت میں یہ کہنا پڑا، لم ار قبلہ و لا بعدہ مثلہ (ترمذی، مشکوٰۃ ص 517) ایسا حسین وجمیل تو نہ ان سے قبل دیکھا گیا اور نہ ان کے بعد، حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

ترا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں (9)

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں ......... کہ حضرت یوسف علیہ السلام تمام انبیاء و مرسلین، بلکہ تمام مخلوق سے زیادہ حسن و جمال دیئے گئے تھے، مگر ہمارے نبی، اللہ کے حبیب ﷺ کو وہ حسن و جمال عطا ہوا کہ جو کسی اور مخلوق کو عطا نہیں ہوا، حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن و جمال کا ایک جز ملا تھا، اور آپ ﷺ کو حسن کل دیا گیا، (خصائص کبریٰ) اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ والضحیٰ والیل اذا سجی ،اس آیت کریمہ کی تفسیر میں بعض مفسرین فرماتے ہیں، ضحیٰ اشارہ ہے نور جمال مصطفیٰ ﷺ کی طرف، اور والیل کنایہ ہے گیسوئے عنبرین سے (خزائن العرفان)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

ہے کلام الٰہی میں شمس وضحیٰ تیرے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شب تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلف دوتا کی قسم (10)

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ حضور سرور عالم ﷺ کے وجود مبارک میں وحی الٰہی معجزات اور دیگر دلائل نبوت کا اثر وظہور بھی نہ ہوتا تو آپ ﷺ کا چہرۂ مبارک بھی دلیل نبوت کو کافی تھا۔ (زرقانی علی المواہب ج2۔ص258)

حضرت براء ابن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صورت و سیرت میں لوگوں سے زیادہ حسین وجمیل تھے۔ (بخاری، مسلم ص258)

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ ''رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت اور خوش رنگ تھے، جس کسی نے بھی آپ کی توصیف کی اس نے آپ کو

Marfat.com

چودھویں کے چاند سے تشبیہ دی، پسینہ کی بوند آپ کے چہرہ میں یوں معلوم ہوتی تھی جیسے موتی۔ (زرقانی علی المواہب ج 4 ص 72)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

چاند سے منھ پہ تاباں درخشاں درود
نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام (قصیدہ سلامیہ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ''میں نے حضور ﷺ سے زیادہ خوبصورت کسی کو نہیں دیکھا، یوں معلوم ہوتا کہ آفتاب آپ کے چہرے میں چل رہا ہے...... (ترمذی، مشکوٰۃ ص 518)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں...... ''میں چرخہ کات رہی تھی۔ اور حضور ﷺ میرے سامنے بیٹھے ہوئے اپنے جوتے کو پیوند لگا رہے تھے، آپ کی پیشانی مبارک پر پسینے کے قطرے تھے جن سے نور کی شعائیں نکل رہی تھیں، اس حسین منظر نے مجھ کو چرخہ کاتنے سے روک دیا بس میں آپ کو دیکھ رہی تھی، کہ آپ نے فرمایا تجھے کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا آپ کی پیشانی مبارک پسینے کے قطرے ہیں جو نور کے ستارے معلوم ہوتے ہیں، اگر ابو کبیر ہذلی (عرب کا مشہور شاعر) آپ کو اس حالت میں دیکھ لیتا تو یقین کر لیتا کہ اس شعر کا مصداق

واذا نظرت الی اسرة وجهه برقت بروق العارض المنهلل

آپ ہی ہیں کہ جب میں اس کے روئے مبارک کو دیکھتا ہوں تو اس کے رخساروں کی چمک مثل ہلال نظر آتی ہے۔ (زرقانی علی المواہب ج 4 ص 225

حضرت جابر بن سمرہ رضی عنہ فرماتے ہیں کہ چاندنی رات تھی، اور حضور ﷺ حلہ حمراء اوڑھے ہوئے لیٹے تھے۔ میں کبھی چاند کو دیکھتا اور کبھی حضور ﷺ کے چہرہ انور کو۔ **فاذا هو احسن عندی من القمر**، بالآخر میرا فیصلہ یہی تھا کہ حضور چاند سے زیادہ خوبصورت ہیں۔ (دارمی، مشکوٰۃ ص 518)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

یہ جو مہر ومہ پہ ہے اطلاق آتا نور کا
بھیک تیرے نام کی ہے استعارہ نور کا (قصیدہ نوریہ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں...... ''میں اندر بیٹھی کچھ سی رہی تھی۔ میرے ہاتھ سے سوئی گر گئی، ہر چند تلاش کی مگر اندھیرے کے سبب نہ ملی، پس حضور ﷺ تشریف لے آئے، تو آپ کے رخ انور کی روشنی سے سارا کمرہ روشن ہو گیا۔ اور سوئی چمکنے لگی، تو

Marfat.com

مجھے اس کا پتہ چل گیا (ابن عساکر، خصائص کبریٰ۔ ج 1 ص 62)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

آنکھیں ٹھنڈی ہوں جگر تازے ہوں، جانیں سیراب

سچے سورج وہ دلآرا ہے اجالا تیرا (11)

حقیقت یہ ہے کہ آپ کا پورا حسن و جمال لوگوں پر ظاہر نہیں کیا گیا، ورنہ کسی میں طاقت نہیں تھی کہ حسن محمدی ﷺ کی تاب لاسکتا،

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔

''کہ میرے والد ماجد شاہ عبدالرحیم صاحب نے حضور اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا، یارسول اللہ! یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر زنان مصر نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے اور بعض لوگ ان کو دیکھ کر مرجاتے تھے مگر آپ کو دیکھ کر کسی کی ایسی حالت نہیں ہوئی۔ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میرا جمال لوگوں کی آنکھوں سے اللہ نے غیرت کی وجہ سے چھپا رکھا ہے۔ اور اگر آشکارا ہوجائے تو لوگوں کا حال اس سے بھی زیادہ ہو جو یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر ہوا تھا (درالثمین فی مبشرات النبی الامین ص 7)

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں

سر کٹاتے ہیں تیرے نام پہ مردان عرب (12)

علامہ قرطبی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ...... ''حضور ﷺ کا پورا حسن و جمال ہم پر ظاہر نہیں کیا گیا اگر آپ کا پورا حسن و جمال ظاہر کیا جاتا تو ہماری آنکھیں آپ کے دیدار کی طاقت نہ رکھتیں۔ (زرقانی علی المواہب ص 71 ج 4)

مولانا قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند فرماتے ہیں۔

رہا جمال پہ تیرے حجاب بشریت

نہ جانا کون ہے کچھ کسی نے جز ستار (13)

حضرت رضا بریلوی نے حضور محبوب خدا، محبوب دوجہاں، قرار جسم و جاں علیہ التحیۃ والثنا کے حسن بے مثال و جمال باکمال کی جو تصویر کشی کی ہے، نظم میں جو گلشن سجائے ہیں۔ اس کی تازگی و رعنائی سے اردو ادب کا دامن ہی مالا مال نہیں ہوا ہے فکر و بصیرت کے چمن میں بھی بہاروں کی

Marfat.com

بارات اتری ہے۔فکر رضا جب گلشن جمال کی سیر کو تیز گام ہوا ہے تو 58/اشعار پر جا کر سیری ہوئی ہے جب پیچھے مڑ کر دیکھا تو "قصیدہ نور" جیسا طویل، مرصع قصیدہ دعوت نظارہ دے رہا تھا تبرکاً چند اشعار پیش ہیں۔

باغ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا
تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
رخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا
آب زر بنتا ہے عارض پر پسینہ نور کا
مصحف اعجاز پر چڑھتا ہے سونا نور کا
شمع دل ، مشکوٰۃ تن ، سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لئے آیا ہے سورہ نور کا
وصف رخ میں گاتی ہیں حوریں ترانہ نور کا
قدرتی بینوں میں کیا بجتا ہے لہرا نور کا
دیکھنے والوں نے کچھ دیکھا نہ بھالا نور کا
من رآنی ! کیسا ؟ یہ آئینہ دکھایا نور کا
کس کے پردے نے کیا آئینہ اندھا نور کا
مانگتا پھرتا ہے آنکھیں ، ہر نگینہ نور کا
سرگیں آنکھیں حریم حق کے وہ مشکیں غزال
ہے فضائے لامکان تک جس کا رمنا نور کا
ک ، گیسو، ہ دہن، ی ابرو، آنکھیں ع، ص
کھیعص ان کا ہے چہرہ نور کا
اے رضا یہ احمد نوری کا فیض نور ہے
ہوگئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا (14)

Marfat.com

# سیرت

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب دونوں عالم کے طبیب علیہ التحیہ والتسلیم کو حسن سیرت کے بھی خوشنما جلوؤں سے خوب خوب نوازا تھا، حد تو یہ ہے کہ آپ کی سیرت کو سیرت کی تعمیر و تکمیل کے لئے نمونہ بنا کر پیش فرمایا اور دعوت عام دیدی جو چاہے اس نمونہ کو اپنا کر رضائے مولیٰ کو اپنا لے، ان کی سیرت کی اتباع و پیروی ہی میں دونوں جہان کی سرخروئی و فیروزمندی ہے جو پھیلے تو قرآن بن کر انفس و آفاق پر چھا جائے اور سمٹے تو نبوت بن کر روح کی تسخیر کرتا ہوا دلوں میں سما جائے ۔

سرکار کی سیرت میں کتنی بڑی حکمت ہے

پھیلے تو وہ قرآن ہے سمٹے تو نبوت ہے

اصحاب سیر نے آپ کی سیرت کے ہر پہلو پر بحث کی ہے اور ہر گوشے کو محفوظ کر دیا ہے، سعادت اندوزی کے لئے ایسے ایسے گلستان سجائے ہیں کہ ایمانی کلیاں کھلکھلا اٹھتی ہیں .............. ہم ان ہی گلہائے رنگارنگ سے چند حسین پھول پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

**لباس :۔** سرکار دو عالم ﷺ سیاہ عمامہ زیب سر اقدس فرماتے تھے جس میں شملہ بھی ہوتا تھا۔ رومی جبہ زیب تن فرمایا اور سیاہ بالوں والی کملی بھی استعمال فرمائی، سفید لباس بہت پسند تھا، سرخ و سیاہ اور سبز لباس بھی استعمال فرمایا کرتا بہت مرغوب تھا، تہبند بھی بہت پسند تھا جو نصف پنڈلی تک رہتا۔ ایک صحابی کو ملاحظہ فرمایا۔ کہ نیچا تہبند باندھے جا رہے ہیں۔ ایسا کرنے سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا **امالک فیَّ اسوۃ** کیا میرے طرز عمل میں تیرے لئے نمونہ نہیں ہے۔؟ (شمائل ترمذی ص 172)

بے شک عاشق کو حکم کی ضرورت نہیں، نشان قدم کی ضرورت ہے، وہ اسی پر مرمٹتا ہے موشگافیاں اہل عقل کو مبارک ہوں، اسی موقع پر سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا۔ **فلا حق للا زار فی الکعبین** ۔ تہبند کا ٹخنوں پر کوئی حق نہیں۔ (ایضاً ص 175)

اللہ اللہ دنیا میں حقوق کی ایسی پاسداری کس نے کی ہوگی، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بات سب سے سنی ہوگی، لیکن **حقوق الاعضاء** کی بات نہ سنی ہوگی۔ کیا خوب ارشاد ہے کہ جس کا جو حق ہے وہی اس کو ملنا چاہئے، کسی کو حق سے زیادہ دے کر دوسروں کی حق تلفی نہ کرو۔ ہماری

Marfat.com

بربادی کی اصل وجہ یہی حق تلفیاں ہیں۔

**پاپوش :** شاہ حبش نے سرکار دو عالم ﷺ کی خدمت میں سیاہ چمڑے کے موزوں کی ایک جوڑی بھیجی تھی آپ نے وہ بھی استعمال فرمائی دو تسمے والے پاپوش مبارک بھی استعمال فرمائے۔ یہ پھٹ جاتے تو خود ہی مرمت فرمالیتے، سبحان اللہ آقا کا یہ حال اور غلاموں کا یہ حال کہ بیسیوں، بلکہ سینکڑوں روپے جوتوں پر صرف کئے جارہے ہیں۔ اور یہ ہمت عوام تو عوام علماء کو بھی نہیں کہ پھٹی ہوئی جوتی کی خود مرمت کرلیں۔

**طعام مبارک :** حضور ﷺ کی گذر اوقات بہت ہی سادہ تھی پیٹ بھر کر کھجور بھی تناول نہ فرمائی، پورے پورے مہینے چولہے میں آگ نہ جلتی تھی اور ابتداء اسلام میں تو ایسا کٹھن وقت بھی آیا کہ ایک ایک مہینے درخت کے پتوں کے سوا کچھ میسر نہ تھا۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے لئے اپنے بغل میں کچھ چھپالاتے اور بس...... یہ حکایت خونچکاں خود سرکار دو عالم ﷺ کی زبان مبارک سے سنئے۔ **لقد اخفت فی اللہ و مایخاف احد و لقد اوذیت فی اللہ ومایوذی احد ولقد علی ثلثون من بین لیلة ویوم و مالی ولبلال طعام یا قله ذو کبدالاشیئی یواریه ابط بلال** :۔ ترجمہ، ہاں اللہ کے راستے میں جتنا میں ڈرایا گیا ہوں جتنی مجھے تکلیف دی گئی ہے، کسی کو نہیں دی گئی اور ہاں (میری زندگی) تیس دن رات ایسے بھی گذر گئے ہیں کہ کھانے کے لئے وہ بھی نہ تھا جو جانور کھاسکیں، بس بلال تھوڑا بہت بغل میں چھپالاتے۔ (ایضاً ص 542)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ صبح وشام کے کھانے میں کبھی روٹی اور گوشت جمع نہیں ہوا...... وصال مبارک تک گھر میں دو دن مسلسل ایسے نہ گذرے جس میں پیٹ بھر جو کی روٹی بھی تناول فرمائی ہو، اتنی بھی نہ ہوتی کہ کھانے کے بعد بچ رہے...... اور جو کا آٹا بھی چھنا ہوا نہ ہوتا جو غریب سے غریب انسان بھی نہ کھاسکے، نہ کبھی چپاتی نوش فرمائی اور نہ میز پر کھایا ہمیشہ زمین پر اور دستر خوان پر تناول فرمایا، رات کا کھانا نوش نہ فرماتے، بس ایک وقت کھانا تناول فرماتے، سرکار دو عالم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک روز جناب مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کھانا کھلایا، اس دن دستر خوان پر روٹی، سالن تھا سرکار یاد آگئے، رونے لگیں، روتی جاتیں اور فرماتی جاتیں، میں نے پیٹ بھر کر کبھی نہ کھایا، میرے سرکار نے بھی کبھی روٹی اور گوشت سیر ہو کر نہ کھایا، رونے کو جی چاہتا ہے تو خوب روتی ہوں، اللہ اکبر۔

Marfat.com

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام (رضا بریلوی)

حضرت سلمٰی رضی اللہ عنہا سے عرض کیا گیا کہ وہ کھانا تیار کریں جو سرکار دو عالم ﷺ تناول فرماتے تھے، فرمایا وہ کھانا کوئی نہ کھا سکے گا، اصرار کیا گیا تو آپ نے جو کا گندھا ہوا آٹا پتیلی میں ڈالا، اوپر سے تھوڑا سا روغن ڈالا، اور اس پر سیاہ مرچ اور زیرہ کوٹ کر چھڑک دیا...... لیجئے سرکار کا کھانا تیار ہو گیا، اللہ اللہ سرکار دو عالم ﷺ کی یہ قناعت اور ہمارا یہ حال! وہ کھانے جو سرکار نے کبھی کبھار دعوت میں تناول فرمائے وہ ہم روزانہ گھر پر کھاتے ہیں...... کدو بہت ہی مرغوب تھا دعوت میں پیش کیا جاتا تو قتلے نکال نکال کر نوش فرماتے۔ لیکن آج عوام و خواص کی عیش پسندی ولذت اندوزی کا یہ عالم ہے کہ بوٹیاں نکال نکال کر تناول کرتے ہیں ع

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا؟

ایک بار ربیع بنت معوذ (رضی اللہ عنہا) تازہ کھجوریں اور ککڑیاں لے حاضر خدمت ہوئیں آپ نے خوش ہو کر قریب ہی رکھے ہوئے سونے کے زیورات مٹھی بھر کر عنایت فرما دیئے یہ زیورات اس وقت بحرین سے تحفتاً آئے تھے، اللہ اللہ۔

ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا
موج بحر سماحت پہ لاکھوں سلام (رضا بریلوی)

**پانی پینا:** سرکار دو عالم ﷺ کو ٹھنڈا اور میٹھا شربت پسند تھا، دودھ بھی مرغوب تھا اور شہد بھی...... دودھ کے لئے کیا خوب ارشاد فرمایا کہ اس کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں جو بیک وقت پانی اور غذا دونوں کے قائم مقام ہو...... سرکار مشروبات کو بیٹھ کر نوش فرماتے۔ وضو کا بچا ہوا پانی، اور آب زمزم تو ہمیشہ کھڑے ہو کر نوش فرمایا...... تین سانس میں نوش فرماتے کہ اس میں بے شمار طبی فوائد ہیں۔

**تقسیم اوقات:** سرکار دو عالم ﷺ نے اوقات یومیہ کو تین حصوں میں تقسیم کر لیا تھا، ایک حصہ اللہ کے لئے، دوسرا اہل خانہ کے لئے، تیسرا اپنے لئے۔ جو اپنے لئے مخصوص کیا تھا پھر اس کو دو حصوں میں تقسیم کر لیا، ایک اپنے لئے اور دوسرا مخلوق خدا کے لئے، اللہ اکبر امت مرحومہ سے یہ محبت کہ وقت بھی دیا تو اپنے ہی حصے میں سے دیا، عوام و خواص سے جب ملاقات فرماتے تو خواص کو ترجیح دیتے، وہ خواص جن کا ذکر قرآن میں ہے۔ ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم، اللہ

Marfat.com

کے نزدیک وہ چنیدہ ہے جو معاشرے میں سب سے زیادہ پرہیز گار ہو...... مگر مادہ پرستی کے اس دور میں اس کی عزت کی جاتی ہے اور اسی کا خیال رکھا جاتا ہے جس کے پاس مال و دولت ہو، جو جاہ و حشمت کا مالک ہو، جس کو کثرت کی حمایت حاصل ہو، مگر حضور انور ﷺ نے ایک ہی معیار رکھا اور وہ سچائی اور نیکی کا معیار تھا۔

**اکل وشرب**: عادت شریفہ تھی کہ کھانے سے قبل اور کھانے کے بعد، ہاتھ دھوتے، کھانے سے قبل ہاتھ دھو کر نہ پونچھتے، اس سنت کی حکمت ایک دیدہ ور نے سمجھائی فرمایا کہ ایک سرجن ہاتھ دھو کر سیدھے آپریشن تھیٹر میں تشریف لے گئے جب ان سے پوچھا کہ ہاتھ دھو کر کیوں نہ پونچھے، تو انہوں نے جواب دیا کہ ہر چیز پر جراثیم موجود ہیں۔ تولئے پر بھی جراثیم ہوتے ہیں۔ اگر پونچھ لیتا تو عین ممکن تھا کہ جراثیم منتقل ہو کر میرے ہاتھ پر آتے اور پھر مریض کے زخم میں منتقل ہو جاتے...... حقیقت تو یہ ہے کہ فائدے میں وہی رہے جنہوں نے آنکھیں بند کر کے سنت پر عمل کیا۔ جنہوں نے آنکھیں کھولیں اور عقل کو کام پر لگایا نقصان میں رہے۔ جو بات آنکھ والوں اور عقل والوں کو چودہ سو برس بعد سمجھ میں آئی وہی بات دل والوں کو اسی وقت سمجھ میں آ گئی۔ علامہ اقبال نے کیسی دل لگتی بات کہدی کہ حضور ﷺ نے...... "انسانی مساعی کو بہت ہی مختصر کر دیا" یعنی جو بات صدیوں میں سمجھ میں آ سکتی تھی، منٹوں، سکنڈوں میں سمجھا دی،...... اسی لئے تو ایک بزرگ کہتے تھے کہ شرعی معاملات میں عقل کو کام میں نہ لاؤ۔ اس کا مقصد یہ نہ تھا کہ شریعت کی بات عقل کے مطابق نہیں بلکہ مقصد یہ تھا کہ عقل کے سمجھنے میں وقت اور دولت دونوں کا ضیاع ہے۔ اور اس مختصر زندگی میں یہ ضیاع نہایت نامعقول بات ہے...... کھانے کے آداب میں سرکار دو عالم ﷺ نے یہ بھی فرمایا۔ **فسم اللہ تعالیٰ و کل بیمینک و مما یلیک** (ایضاً ص 581) ترجمہ: بسم اللہ پڑھو اور جو کچھ سامنے رکھا ہوا ہو اس کو داہنے ہاتھ سے کھاؤ، تہذیب جدید میں اس سنت کا کیسے مذاق اڑا یا جا رہا ہے؟ اغیار نہیں ہم خود مجرم ہیں۔ کیسی بسم اللہ، کس کی بسم اللہ...... بیٹھے بیٹھے کھڑے ہو گئے۔ اور اس پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ اور کھڑے ہو کر چلتے پھرتے کھاتے پیتے ہیں، کس کا داہنا ہاتھ اور کیسا داہنا ہاتھ؟ اپنے آگے سے، سب کے آگے سے، اناللہ وانا الیہ راجعون، آج تجدید عہد کی ضرورت ہے کہ ہم ہر اس رسم کو خاک میں ملا دیں، جس نے سرکار کی سنت کو خاک میں ملایا ہے۔

**خوشبو**: سرکار دو عالم ﷺ کو خوشبو بہت ہی مرغوب تھی، گویا سراپا مہک تھے جو خوشبو کا ہدیہ کبھی واپس نہ فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا کہ۔ خوشبو، دودھ، اور تکیہ کا ہدیہ کبھی واپس نہ کرو...... خوشبو کے

Marfat.com

بارے میں بڑی لطیف بات فرمائی کہ خوشبو دو قسم کی ہے۔ طیب الرجال ماظھر ریحه وخفی لونه وطیب النساء ماظھر الونه و خفی ریحه ۔مردانی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ ظاہر نہ ہو خوشبو ظاہر ہو اور زنانی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ ظاہر ہو خوشبو ظاہر نہ ہو۔

**تبسم :** سرکار دو عالم ﷺ مسکراتے رہتے اور دل کی کلیاں کھلاتے رہتے تھے۔

جس تبسم نے گلستاں پر گرائی بجلی
پھر دکھادے وہ ادائے گل خنداں ہم کو (رضا بریلوی)

یہ تبسم پنہاں شاہ، وزیر، علماء مشائخ، حاکم اور افسر سب کے لئے ایک درس عظیم ہے، یہ سمجھنا کہ عظمت کا راز منہ بسورے میں مخفی ہے خام خیالی ہے...... عظیم وہی ہے جس کی ٹھوکر پر دولت دنیا ہو پھر بھی وہ مغرور نہ ہو مسکراتا رہے۔

**نعت :** سرکار دو عالم ﷺ کو اشعار مرغوب نہ تھا۔ عبداللہ بن رواحہ، لبید بن ربیعہ، اور حسان بن ثابت رضی اللہ عنہم وغیرہ کے اشعار سماعت فرماتے ۔جن بزرگوں کے ہاں نعت گوئی یا بلا مزامیر قوالی کی محفلیں منعقد ہوتی ہیں۔ وہ اسی سنت شریفہ پر عمل کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ نعتیہ اشعار سننے سے طبیعت میں نرمی اور توازن پیدا ہوتا ہے۔

**اخلاق حسنہ :** سرکار دو عالم ﷺ کے اخلاق کریمہ بہت عالی تھے خود خالق کائنات فرما رہا ہے۔ وان لک لاجرا غیر ممنون ۔وانک لعلیٰ خلق عظیم ۔آپ کے اخلاق حسنہ سے متعلق بہت سی آیات ہیں۔آپ نرم طبیعت تھے۔نہ کسی کی مذمت فرماتے۔اور نہ کسی کا عیب بیان فرماتے۔ اجنبی مسافر کی بدتمیزیوں کو برداشت فرماتے، کوئی بھی کچھ مانگتا فوراً عطا فرمادیتے ۔ایک مرتبہ ایک صحابی نے چادر طلب کی، عنایت فرمادی، دوسرے صحابہ نے ان سے کہا یہ کیا کیا" فرمایا اوڑھنے کے لئے نہیں لی۔ارے یہ تو کفن کے لئے لی ہے۔ چنانچہ ان صحابی کو اسی چادر میں کفنایا گیا...... اللہ اللہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو حضور ﷺ سے کیسا عشق تھا......! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں...... کہ میں دس برس سرکار کی خدمت میں رہا ۔ لیکن کبھی "ہوں" تک نہ فرمایا اور نہ کسی بات پر باز پرس کی، نہ کسی خادم کو مارا اور نہ ازواج کو...... خلق سراپا تھے۔

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن و ادا کی قسم (رضا بریلوی)

**عبادت:** سرکار دو عالم ﷺ کی عبادت و ریاضت کا حال نہ پوچھئے نفل پڑھتے پڑھتے

Marfat.com

پاؤں ورما جاتے، عرض کیا جاتا تو ارشاد فرماتے افلا اکون عبداً شکوراً۔ اللہ اللہ کیا نیاز مندی ہے۔ اول رات پر آرام فرماتے، پھر بیدا ہو جاتے اور نوافل پڑھتے رہتے، نماز فجر سے قبل تھوڑی دیر آرام فرماتے، پھر بیدار ہو جاتے، اور نماز ادا کرتے، اس کے بعد اشراق، و چاشت کے نوافل پڑھتے، نوافل اتنی دیر میں ادا فرماتے کہ جو صحابی شریک ہوتا تھا۔ تھک تھک جاتا، نوافل میں کبھی ایک رکعت میں سورۂ بقرہ کی قرأت فرماتے اور دوسری میں آل عمران، پھر ترتیل کے ساتھ قرأت فرماتے، رکوع و سجود میں اتنی ہی تاخیر فرماتے جتنی قیام میں...... غور تو کیجئے یہ دو نفل کتنے گھنٹے میں پورے ہوتے ہوں گے۔ روزے رکھتے تو مسلسل روزے رکھے چلے جاتے، سمجھنے والے یہ سمجھتے کہ شاید اب افطار نہ فرمائیں گے۔ کس میں ہمت ہے جو ہمت مصطفےٰ ﷺ کا مقابلہ کرے۔ سنئے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کیا فرماتی ہیں۔

"وایکم یطیق ماکان رسول اللہ ﷺ" (ایضاً ص395)

تم میں کون ایسی طاقت وسکت رکھتا ہے جتنی طاقت وسکت رسول اللہ ﷺ رکھتے تھے؟ اللہ اللہ جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو سینہ مبارک سے ایسی آواز آتی جیسے جوش مارتی پتیلی سے آتی ہے کبھی ایسا بھی ہوتا کہ ایک ایک آیت پڑھتے پڑھتے ساری رات گذر جاتی۔

تہجد کی جاگی نگاہوں کا صدقہ

مرے بخت خفتہ کو آ کر جگا دے (کاوش)

**فرش خواب:** سرکار دو عالم ﷺ کا بچھونا بہت سادہ تھا چمڑے میں کھجور کی چھال، اسی کو تو شک سمجھ لیجئے۔ اسی کو گدا سمجھ لیجئے۔ اور عام بستر تو ایک ٹاٹ کا ٹکڑا تھا۔ دوہرا بچھا دیا جاتا، اس پر آرام فرماتے ایک روز دوہرا کر دیا گیا تو فرمایا۔"اس بستر کی نرمی نے رات کی نماز میں رکاوٹ پیدا کر دی۔ (ایضاً ص424)

اللہ اکبر، غور کیجئے! اور اپنی حالت کو دیکھئے، دنیا والوں کی بات نہ کیجئے کہ انہوں نے دنیا کو آخرت پر ترجیح دی ہے، اور دنیا کو آخرت کے عوض خریدا ہے، دینداروں کی بات کیجئے۔ جو آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے کے دعویدار ہیں، ان کے نرم نرم بستر دیکھئے، اور پھر معمولی ٹاٹ پر آرام کرنے والے آقا کا خیال کیجئے...... سرکار جب آرام فرماتے داہنی کروٹ پر اور داہنا ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے رکھ لیتے۔ سوتے وقت بھی دعاء فرماتے اور بیدار ہو کر بھی دعاء فرماتے...... اللہ اللہ عین غفلت میں بھی ہوشیاری کا درس دے گئے جب بیٹھتے تو غرور ونخوت کے ساتھ نہیں بیٹھتے، انکسار کے ساتھ،

Marfat.com

بائیں جانب تکیہ پر ٹیک لگا کر لیتے۔ مگر کبھی تکیہ سے ٹیک لگا کر کھانا تناول نہ فرمایا...... بیٹھتے تو کبھی بیٹھے بیٹھے زانو کھڑے کر کے کمر اور زانوؤں کے ارد گرد رومال لپیٹ لیتے، شاید ہمارے ملک کے غریب کسان اسی سنت پر عمل کرتے ہیں (15)۔

اک اک ادا ہے آپ کی آیات بینات
جس زاویے سے دیکھئے قرآں ہیں مصطفےٰ

واضح رہے کہ محمد عربی فداامی وابی (علیہ السلام) کی سیرت طیبہ کے تعلق سے جو گلفشانیاں کی گئیں ہیں ان کا تعلق ''محمد عربی بحیثیت انسان کامل'' سے ہے۔ آپ ﷺ چوں کہ وسیع الجہات اور کثیر الحیثیات ہیں اس لئے ہر حیثیت کی سیرت الگ الگ ہے...... محمد عربی بحیثیت ولی، سیرت اور ہے...... محمد عربی بحیثیت نبی سیرت اور ہے...... محمد عربی بحیثیت افضل الرسل، سیرت اور ہے...... محمد عربی بحیثیت رحمتہ اللعالمین، سیرت اور ہے...... محمد عربی بحیثیت خاتم النبین، سیرت اور ہے...... وغیرہ وغیرہ...... ان حیثیات کی تفصیلات کے لئے۔ مدارج النبوہ...... شفا شریف...... خصائص کبریٰ...... مواہب لدنیہ...... رسائل رضویہ...... وغیرہ کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

الغرض یہ ہیں گلشن نبوت ورسالت کے وہ پھول جن کی خوشبو سے کائنات مہک اٹھی ہے، اور جن کے قدموں کی دھول پر متاع حیات، نقد جاں لٹانے پر بھی ارباب دل کو اعتراف کرنا پڑ رہا ہے کہ ع

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

جن کے باغ حسن کی بہاروں سے گلشن کونین کی نمود و تازگی ہے، ایسے کثیر الفضائل اور پاکیزہ خصائل کہ زمانے نے ان کی مثال نہ دیکھی نہ سنی، نہ دیکھے نہ سنے...... گلشن میں گلاب تو سب دیکھتے ہیں۔ مگر گلاب میں گلشن جسے دیکھنا ہو، وحدت میں کثرت کا لطف اٹھانا ہو وہ محمد عربی ﷺ کے چمنستان صورت وسیرت کی سیر کرے، اسے احساس ہو جائے گا کہ شبستان وجود اسی ایک گلاب کی نکہت بیزی کا صدقہ ہے......... اسے حضرت رضا بریلوی کا فروغ نظر یا حسن اعتقاد کی برکت کہئے کہ انہوں نے محبت وعشق کے لئے اسی سچے سورج اور اچھے گلاب کا انتخاب کیا، جن کی غلامی میں کونین کی بادشاہی پنہاں ہے۔ اور جن کی محبت انسان کو اس معراج کمال سے آشنا کرتی ہے جہاں سے ''محبت الٰہیہ'' کے سوتے پھوٹتے، چشمے لہراتے ہیں۔ اور ایک معمولی انسان بھی ''عشق مصطفےٰ'' کے صدقے میں ''محبوب خدا'' کے تمغے سے سرفراز کر دیا جاتا

Marfat.com

ہے۔۔۔۔۔ حضرت رضا بریلوی اسی جان رحمت پر اپنی متاع فکر وفن اور سرمایۂ حیات لٹار ہے تھے، کبھی تحریر سے۔۔۔۔۔ کبھی تقریر سے۔۔۔۔۔ کبھی نثر میں۔۔۔۔۔ کبھی نظم میں۔۔۔۔۔ کبھی جلوت میں۔۔۔۔۔ کبھی خلوت کے۔۔۔۔۔ مزے لے کر۔۔۔۔۔ اور کبھی خلوت میں۔۔۔۔۔ جلوت کی انجمن سجا کر۔۔۔۔۔ کبھی غلامانہ شان سے نیاز مندانہ انداز اپناتے ہوئے۔ اور کبھی محبوبانہ شان سے سراپا ناز بنے ہوئے۔۔۔۔۔ کبھی یاس۔۔۔۔۔ کبھی آس۔۔۔۔۔ کبھی دور۔۔۔۔۔ کبھی پاس۔۔۔۔۔ کبھی سوز۔۔۔۔۔ کبھی ساز۔۔۔۔۔ کتنی رنگینی ہے عشق مصطفٰے میں، اور کتنے جلوے ہیں اس بندۂ خدا کے۔۔۔۔۔ دیکھئے! دیکھئے!! ذرا محبت کا یہ انداز دیکھئے۔

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
حرماں نصیب ہوں تجھے امید گہہ کہوں
جان مراد و کان تمنا کہوں تجھے
گلزار قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمان درد بلبل شیدا کہوں تجھے
تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے
لیکن رضا نے ختم سخن اس پہ کردیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے (16)

Marfat.com

# حوالے

## حضرت رضا بریلوی کا محبوب، صورت وسیرت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | مقام نبوت | صاحبزادہ سید افتخار الحسن زیدی | ص121 |
| 2 | انوار احمدی | علامہ محمد انوار اللہ حیدر آبادی | ص57 |
| 3 | کتاب الشفاء ج اول | قاضی عیاض مکی | ص322 |
| 4 | حدائق بخشش | حضرت رضا بریلوی | ص34 |
| 5 | کتاب الشفاء ج اول | قاضی عیاض مکی | ص327 |
| 6 | کتاب الشفاء ج دوم | " | ص74 |
| 7 | حدائق بخشش | حضرت رضا بریلوی | ص30 |
| 8 | انتخاب حدائق بخشش | مرتب ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص8,7 |
| 9 | حدائق بخشش | حضرت رضا بریلوی | ص51 |
| 10 | " | " | ص39 |
| 11 | " | " | ص16 |
| 12 | " | " | ص31 |
| 13 | ذکر جمیل، | مولانا محمد شفیع اوکاڑوی مقتبساً | 87,79 |
| 14 | حدائق بخشش | حضرت رضا بریلوی | ص113,110 |
| 15 | سیرت رسول عربی اور ہماری زندگی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | مقتبساً |
| 16 | حدائق بخشش | حضرت رضا بریلوی | ص74,73 |

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کی شخصیت

# تصورِ عشق کے حوالے سے

دنیا عاشقوں سے خالی نہ کبھی تھی اور نہ اب ہے ہر دور اور ہر زمانے میں ان آشفتہ حالوں نے اپنے آہ سرد اور نفس گرم سے خزاں رسیدہ چمن کو بہار نو سے آشنا کیا، قال اللہ و قال الرسول کی صدائے دلنواز سے اجڑی بستیاں آباد ہوتی رہیں۔ بگڑے نصیبے سنورتے رہے۔ کیوں نہ ہو کہ عشق رسول ان کی حیات کا عرفان اور محبت نبی ان کی شخصیت کی پہچان تھی۔

حضرت رضا بریلوی ان دیوانگان کوچہ مصطفےٰ کی بھیڑ میں بھی اپنی شخصیت کی امتیازی خصوصیت کے اعتبار سے بہت سوں سے ممتاز نظر آتے ہیں۔ ان کی شخصیت عشق کی بھٹی میں تپ کر، محبت کی چھلنی میں چھن کر، اور احترام وادب کی میزان پر تل کر ایسی نرالی البیلی اور معیاری ہوگئی تھی کہ ان کی صبح وشام ان کی حرکت وعمل ان کی زندگی وحرارت عشق مصطفےٰ کے جلوہ ہائے خوش رنگ سے ایسی مرصع تھی کہ ایوان رضا سے محبت کے جام اب تک لٹائے جارہے ہیں اور پیمانہ ہے کہ خالی ہونے کا نام نہیں لیتا۔ شبستان رضا کے جس گوشے پر نظر ڈالئے ہر گوشہ تجلیات عشق کا مرقع معلوم ہوتا ہے۔ ان کے فکر وعمل کے آفاق پر محبت محبوب خدا ایسی چھائی ہوئی تھی کہ وہی تصور ان کی شخصیت کا عرفان بن کے رہ گیا ہے عشق رسول سے ہٹ کر ان کی شخصیت کا خاکہ مکمل ہو ہی نہیں سکتا...... عشق رسول ان کے جسم میں جان کی حیثیت سے رچا بسا، اور گھلا ملا تھا، یہی وجہ ہے کہ ان کی نجی زندگی سے لے کر تخلیقی شہ پاروں تک ہر جگہ عشق ہی عشق اور محبت ہی محبت کے انوار برس رہے ہیں۔

قروں اولیٰ سے لے کر آج تک عاشقان رسول برابر ہوتے رہے ہیں۔ اور قیامت تک ہوتے رہیں گے۔ بلکہ مسلمانوں نے ہمیشہ اپنا سب سے بڑا سرمایہ عشق رسول ہی کو سمجھا ہے ایسا سرمایہ کہ جان دے کر بھی ہاتھ آجائے تو ارزاں ہیں۔

حضرت رضا بریلوی مقام عشق میں اس بلندی پر فائز ہیں، جہاں شرار عشق سے نشیمن آباد ہوتے ہیں، جہاں حرکت نفس سے ادب کے چراغ جلتے ہیں، جہاں جلوہ ہائے رنگیں سے ویرانیاں آبادیوں سے

Marfat.com

بدلتی ہیں۔ جہاں آتش سینہ سے بوئے کباب آرہی ہے اور آہ سرد دوائے درد بن رہی ہے۔ جہاں جمال محبوب، کمال محبوب، اور خیال محبوب کے سوا کچھ نہیں...... جدھر دیکھئے نور ہی نور، جہاں دیکھئے سرور ہی سرور ہے...... جلووں کی برسات میں پوری فضا بھیگی بھیگی سوز و تپش کی بہتات سے پتھریلی زمین بھی گیلی گیلی معلوم ہوتی ہے وہ عشق اور تقاضائے عشق کے رموز و نکات سے اچھی طرح آگاہ ہیں۔ محبوب کی بارگاہ میں حاضری کا قرینہ و ادب کوئی آپ کے قلب عظمت آشنا سے پوچھے، اور محبت رسول کی دودھیا چاندنی سے فیض اکتسابی کا طریقہ و قاعدہ کوئی آپ کی شخصیت سے سیکھے۔ رقمطراز ہیں۔

"جب حرم محترم مدینہ میں داخل ہو، احسن یہ ہے کہ سواری سے اتر پڑے۔ روتا، سر جھکائے، آنکھیں نیچی کیے چلے۔ ہو سکے تو برہنہ پائی بہتر بلکہ۔

جائے سرست اینکہ تو پای نہی
پائے نہ بنی کہ تو کجا می نہی

جب در مسجد پر حاضر ہو صلوٰۃ و سلام عرض کر کے قدرے توقف کرے، گویا سرکار سے اذن حضوری کا طالب ہے، اس وقت جو ادب و تعظیم واجب ہے، مسلمانوں کا قلب خود واقف ہے، زنہار، زنہاز، اس مسجد اقدس میں کوئی حرف چلا کر نہ کہے، یقین جان کہ وہ مزار اعطر وانور میں بحیات ظاہری، دنیاوی، حقیقی ویسے زندہ ہیں جیسے پیش از وفات تھے، ائمہ دین تصریح فرماتے ہیں، حضور ہمارے ایک ایک قول و فعل، بلکہ دل کے خطروں پر مطلع ہیں۔ اب وہ وقت آیا کہ دل کا رخ بھی اس پاک جالی کی طرف ہو گیا جو اللہ تعالیٰ کے محبوب عظیم الشان کی آرامگاہ رفیع المکان ہے ﷺ، گردن جھکائے آنکھیں نیچی کیے، لرزتا، کانپتا بید کی طرح تھر تھراتا، ندامت گناہ سے عرق شرم میں ڈوبا قدم بڑھا، خضوع و وقار، خشوع و انکسار کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرو، سوا سجدہ و عبادت کے جوبات ادب و اجلال میں اکمل ہو بجالا، زنہار جالی شریف کے بوسہ و مس سے دور رہ کر خلاف ادب ہے، اب نہایت ہیبت و وقار کے ساتھ مجرا و تسلیم بجالا۔ بہ آواز حزیں، و صورت درد آگیں، و دل شرمناک و جگر صد چاک، معتدل آواز سے نہایت نرم و پست، نہ بہت بلند و سخت، عرض کر۔

Marfat.com

الصلوٰة والسلام علیک ایھاالنبی ورحمته
الله وبرکاته
السلام علیک یا رسول الله
السلام علیک یا خیر خلق الله
السلام علیک یا شفیع المذنبین
السلام علیک وعلیٰ آلک و اصحابک
اجمعین (1)

دل میں اگر آقا کی محبت وعظمت جلوہ آرا ہو تو پھر دل خود ہی تعظیم کے لئے بے قرار ہوگا، بلکہ تعظیم محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہی میں داروئے شفا اور دوائے قرار ملے گا۔ ادائے محبوب کی بہاروں سے لطف اندوز ہونا ہی سرمایۂ حیات معلوم ہوگا۔ تمام عرفاء و اولیاء اسی اعتقاد عظمت و تعظیم کے ساتھ اپنی پوری زندگیوں میں کاربند رہے، امام مالک علیہ الرحمہ نے تعظیم رسول کے پیش نظر مدینہ طیبہ میں کبھی سواری نہ کی، اس کے لئے انہیں کسی دلیل کی ضرورت نہ تھی بس یہی دلیل کافی تھی کہ خدا اور رسول نے اس تعظیم سے منع نہیں فرمایا ہے۔

حضرت رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں..... "بوجہ اطلاق آیات، حضور اقدس ﷺ کی تعظیم جس طریقے سے کی جائے، حسن ومحمود رہے گی۔ اور خاص خاص طریقوں کیلئے ثبوت جداگانہ درکار نہ ہوگا ہاں اگر کسی خاص طریقے کی برائی بالتخصیص شرع سے ثابت ہو جائے گی تو وہ بیشک ممنوع ہوگا، جیسے حضور اقدس ﷺ کو سجدہ کرنا، یا جانور ذبح کرتے وقت بجائے تکبیر حضور کا نام لینا، اسی لئے علامہ ابن حجر مکی "جوہر منظم میں" تحریر فرماتے ہیں نبی کی تعظیم تمام اقسام تعظیم کے ساتھ جن میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ الوہیت میں شریک کرنا نہ ہو، ہر طرح امر مستحسن ہے، ان کے نزدیک جن کی آنکھوں کو اللہ تعالیٰ نے نور بخشا ہے۔ (2)

محبوب کے ذکر و تذکرے سے اپنے وجود کو نور و سرور بخشنا، ان کی یاد سے روح و دل کو آباد و شاد کرنا، ان کے تصور و خیال سے طمانیت وسکینت کا سامان کرنا انہی کو دیکھنا، انہیں کی سننا، اور انہیں کے فکر و دھیان میں گم رہنا، اور حیات کے ان لمحوں کو سرمایۂ حیات سمجھنا، یہی تو ایک سچے عاشق کی پہچان اور اس کے عشق کا عرفان ہے۔ پھر یاد ان کی جنہیں زمانہ یاد کر رہا ہے۔ ذکر ان کا جن کے

Marfat.com

ذکر کو خدا نے اپنا ذکر بنالیا ہے، بات ان کی جن کی بات اصل حیات اور حاصل کائنات ہے۔ پھر کیوں نہ عشاق ان کے ذکر وفکر میں مست وسرشار رہیں۔ حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

''نبی ﷺ بلکہ تمام انبیاء واولیاء اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کی یاد عین خدا کی یاد ہے، کہ ان کی یاد ہے تو اسی لئے کہ وہ اللہ کے نبی ہیں۔ یہ اللہ کے ولی ہیں۔ معہذا نبی ﷺ کی یاد مجالس ومحافل میں یو ہیں ہوتی ہیں کہ حق تبارک وتعالیٰ نے انہیں یہ مراتب بخشے۔ یہ کمال عطا فرمائے۔ اب چاہے اسے نعت سمجھ لو، یعنی ہمارے آقا ﷺ ایسے ہیں جنہیں حق سبحانہ وتعالیٰ نے ایسے درجے دیئے، اس وقت یہ کلام کریمہ ''ورفعنا بعضهم درجات'' کی قبیل سے ہوگا۔ چاہے حمد سمجھ لو، یعنی ہمارا مالک ایسا ہے جس نے اپنے محبوب کو یہ رتبے بخشے اس وقت یہ کلام کریمہ ''سبحان الذی اسریٰ بعبده'' وآیت کریمہ ''هو الذی ارسل رسوله بالهدیٰ'' کے طور پر ہو جائے گا، حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرماتا ہے ورفعنا لک ذکرک، اور بلند کیا ہے ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر، امام علامہ قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ ''شفا شریف'' میں اس آیت کریمہ کی تفسیر سید ابن عطا قدس سرہ العزیز سے یوں نقل فرماتے ہیں، جعلتک ذکرا من ذکری فمن ذکرک ذکرنی یعنی حق تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ سے فرماتا ہے میں نے تمہیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا تو جو تمہارا ذکر کرے اس نے میرا ذکر کیا، بالجملہ کوئی مسلمان اس میں شک نہیں کرسکتا کہ مصطفےٰ ﷺ کی یاد بعینہ خدا کی یاد ہے، پس بحکم اطلاق جس طریقے سے ان کی یاد کی جائے گی حسن ومحمود ہی رہے گی (3)

آقائے کائنات فخر موجودات علیہ التحیۃ والتسلیمات کے اختیار وعطا پر انہیں ایسا یقین حاصل تھا کہ کسی اور کی طرف ان کی غیرت نے کبھی نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا، انہوں نے اپنے آقا کے کرم پر اعتماد کیا اور آقائے کونین نے اپنے در کے اس مخلص منگتا کی نگہداشت فرمائی، ہمیشہ اس کی ہر ضرورت پوری فرمائی، اور عنایتوں سے ایسا مالا مال کیا کہ عالم خوشی وبیخودی میں وہ ہمیشہ اس عنایت بے نہایت پر وجد کناں ہے...... دیکھئے دررسول اقدس پر ان کے ایقان واذعان کی یہ کیفیت، فرماتے ہیں۔

''بالجملہ وہ تمہارے لئے دافع البلا نہ سہی مگر لا واللہ ہمارا ٹھکانہ تو ان کی بارگاہ بیکس پناہ کے سوا نہیں۔

Marfat.com

منکر اپنا اور حامی ڈھونڈلیں
آپ ہی ہم پر تو رحمت کیجئے

بلکہ لا واللہ اگر بغرض غلط، بالفرض باطل عالم میں ان سے جدا کوئی دوسرا حامی بن کر آئے بھی تو ہمیں اس کا احسان لینا منظور نہیں۔ وہ اپنی حمایت اٹھار کھے ہمیں ہمارے مولائے کریم جل جلالہ نے بے ہمارے استحقاق بے ہماری لیاقت کے اپنے محبوب کا کرلیا، اوراسی کی وجہ کریم کوحمد قدیم ہے، اب ہم دوسرے کا بننا نہیں چاہتے۔ جس کا کھایئے۔اسی کا گایئے۔

چوں دل باد لبرے آرام گیرد
زوصل دیگرے کے کام گیرد
یا تو یونہی تڑپ کے جائیں یا وہی دام سے چھڑائیں
منت غیر کیوں اٹھائیں کوئی ترس جتائے کیوں

## رباعی

اے واہ وہ حبیب را کلید ہمہ کار
باران درود بررخ پاکش بار
دستے کہ بد امان کریمش زدہ ایم
زنہار بدست دیگر انش مسپار
تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں چھوڑ کے صدقہ تیرا (۴)

حضور کے اختیار واقتدار کا، ان کے تصرف وتحکم پر کس طرح دل و جان سے وہ یقین وایمان رکھتے تھے، حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کے قضائے عصر اور پھر رجعت شمس کا واقعہ تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

"الحمدللہ اسے خلافت رب العزت کہتے ہیں، کہ ملکوت السموٰت والارض میں ان کا حکم جاری ہے، تمام مخلوق الٰہی کو ان کے لئے حکم اطاعت وفرمانبرداری ہے وہ خدا کے ہیں، اور جو کچھ خدا کا ہے سب ان کا ہے"۔(5)

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا لطف وکرم، غمخواری امت، آپ کی نوازش بخشش ورحمت کا تذکرہ جب

Marfat.com

آتا تھا تو آپ کے سینے میں آتش شوق بھڑک اٹھتی تھی۔ایک حدیث کہ رحمت عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا...... کفاک اللہ امر دیناک واما امر آخرتک فانا لھا ضامن" اللہ تعالیٰ تیرے دینا کے کام درست کردے،اور تیری آخرت کے معاملے کا تو میں ذمہ دار ہوں...... اس حدیث کے تفصیلی ذکر کے بعد لکھتے ہیں۔

پھر اٹھا ولولۂ یاد بیابان حرم
پھر کھنچا دامن دل سوئے مغیلان حرم

اللہ اللہ اس حدیث صحیح کے پچھلے جملے نے.......... محبوب اجمل ﷺ کی آتش شوق سینے میں بھڑکا دی، کتا اپنے پیارے آقا،مہربان مولیٰ کا دروازہ چھوڑ کر کہاں جائے ہر پھر کرو ہیں کا وہیں رہا جائے۔بلکہ واللہ یہ کتا اپنے پیارے کریم مالک کے در اطہر سے ہٹا ہی نہیں انبیاء کے دروازے پر جائے تو انہیں کا گھر ہے،اولیا کے یہاں آئے تو انہیں کا در ہے،ملائکہ کی منزلوں پر گزرے تو انہیں کا نگر ہے۔

ع کوئی اوران کے سوا کہاں وہ اگر نہیں تو جہاں نہیں
یک چراغیست دریں خانہ کہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند
آسماں خوان زمین خواں زمانہ مہمان
صاحب خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا (6)

اپنے اس نظریہ کو انہوں نے مختلف مقامات پر مختلف انداز سے پیش کیا ہے۔ہر جگہ حضور کی فضیلت کی نئی روشنی دکھائی،اور عظمت کے نئے نئے شمس وقمر کھلائے ہیں۔اس طرح مقام مصطفےٰ پر انہوں نے اپنی تصانیف میں بہت کچھ لکھا ہے۔اور ثابت کیا ہے کہ بزم کون ومکان میں ان کے محبوب کے مرتبے کا اور کوئی نہیں۔بلکہ وہی اصل عالم اور جان جہاں ہیں...... اہل نظر کے یہاں حقیقت محمدیہ وجوب وامکان کے درمیان برزخ کبریٰ ہے.......... وہ فرماتے ہیں۔

"جس طرح مرتبہ وجود میں صرف ذات حق ہے۔باقی سب اسی کے پرتو وجود سے موجود۔یونہی مرتبۂ ایجاد میں صرف ایک ذات مصطفےٰ ہے باقی سب پر اسی کے عکس کا فیض موجود...... مرتبۂ کون میں نور احمدی آفتاب ہے اور تمام عالم اس کے آئینے۔اور مرتبۂ تکوین میں نور احمدی آفتاب اور سارا جہان اس کے آبگینے،وفی ہذا القول۔

Marfat.com

خالق کل الوریٰ ربک لا غیرہ

نورک کل الوریٰ غیرک لم ، لیس ، لن

ای لم یوجد..........ولیس موجوداً..........ولن یوجد ابدا

نوری محمدی ﷺ کا جس طرح عالم اپنی ابتداء وجود میں محتاج تھا کہ وہ نہ ہوتا۔ کچھ نہ بنتا، یونہی ہر شیء اپنی بقا میں اس کی دست نگر ہے۔ آج اس کا قدم درمیان سے نکال لیں تو عالم دفعتاً فنائے محض ہو جائے۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے (7)

وہ مصطفٰے ﷺ کو تمام ماکان و مایکون کا عالم مانتے ہیں اور اصحاب معرفت سے اس پر بہت دلائل اپنی تصانیف خالص الاعتقاد، الفیوضات المکیہ وغیرہ میں پیش کرتے ہیں۔ بہت سے دلائل واقوال ائمہ سے فراغت کے بعد آخر میں فرماتے ہیں۔

"یہ کہنا آسان تھا کہ احمد رضا رسول اللہ ﷺ کے علم غیب کا قائل ہو گیا اور یہ عقیدہ کفر کا ہے......مگر نہ دیکھا کہ احمد رضا کی جان کن کن پاک، مبارک دامنوں سے وابستہ ہے، احمد رضا کا سلسلہ اعتقاد علماء، اولیاء، ائمہ، صحابہ، سے محمد رسول اللہ ﷺ اور محمد رسول اللہ ﷺ سے اللہ رب العالمین تک مسلسل ملا ہوا ہے۔ والحمد للہ رب العالمین (8)

بارگاہ رسول سے ان کو جو وارفتگی کی حد تک وابستگی تھی۔ شاید ہی ایسی ان کی کوئی کتاب ملے جو اس ذوق وعرفان سے خالی ہو، آپکے زمانے میں وہ لوگ پیدا ہو چکے تھے جو پیارے مصطفٰے ﷺ کے علوم وکمالات میں بے جا کلام کرتے اور بے ادبی و گستاخی سے پیش آتے، بارگاہ رسالت کی توجہ و عطا سے آپ پوری قوت کے ساتھ ان تمام باطل عقائد ونظریات کا رد فرماتے۔ آقائے کونین کا ان پر کرم کیسا مسلسل تھا، اور کس طرح آپ کو توانائی ملتی تھی۔ حوصلہ افزائی ہوتی تھی......فرماتے ہیں۔

"میرے ایک وعظ میں ایک نفیس نکتہ مجھ پر القا ہوا تھا۔ اسے یاد رکھو کہ جملہ فضائل حضور اقدس ﷺ کے لئے معیار کامل ہے۔ وہ یہ کہ کسی منعم کا دوسرے کو کوئی نعمت نہ دینا چار ہی طور پر ہوتا ہے۔

(1) یا تو دینے والے کو اس نعمت پر دسترس نہیں۔

(2) یا دے سکتا ہے مگر بخل مانع ہے۔

Marfat.com

(3) یا جسے نہ دی، وہ اس کا اہل نہ تھا

(4) یا وہ اہل بھی ہے مگر اس سے زائد کوئی اور محبوب ہے اس کے لئے بچا رکھی۔

الوہیت ہی وہ کمال ہے کہ زیر قدرت ربانی نہیں، باقی تمام کمالات تحت قدرت الٰہی ہیں، اور اللہ تعالیٰ اکرم الاکرمین۔ ہر جواد سے بڑھ کر جواد۔ اور حضور اقدس ﷺ ہر فضل و کمال کے اہل......اور حضور سے زائد اللہ عزوجل کو کوئی محبوب نہیں، لازم ہے کہ الوہیت کے نیچے جتنے فضائل، جس قدر کمالات، جتنی نعمتیں، جس قدر برکات ہیں۔ مولیٰ عزوجل نے سب اعلیٰ وجہ کمال پر حضور کو عطا فرمائیں (9)

اپنے محبوب مالک کونین ﷺ کی عزت وعظمت کے گن گانا ہی ان کی زندگی و بندگی کا حاصل و خلاصہ معلوم ہوتا ہے۔ چاہے اس کے بدلے میں دشمنان رسول انہیں گالیاں دیں، طعنہ وطنز کے پتھر برسائیں۔ وہ تو بس ایک وفادار غلام کی طرح جس طرح بھی بن سکے خدمت کی نعمت چھکنے نہ پائے۔ اس فریضہ میں کوتاہی نہ ہو ہر دم اس فکر میں لگے رہتے تھے۔ یہ واقعہ ہے کہ ہر دن کی ڈاک سے جہاں بہت سے توصیف نامے آتے تھے، وہیں گالی ناموں کا بھی ڈھیر ہوتا تھا۔ مگر واہ رے درد عشق وہ یہ سوچ کر مچل مچل اٹھتے کہ۔ ”جتنی دیر وہ مجھے گالی دیتے اتنی دیر تو میرے آقا کی بدگوئی سے باز رہتے ہیں......خود فرماتے ہیں۔

”واللہ العظیم وہ بندۂ خدا بخوشی راضی ہے اگر یہ دشنامی حضرات بھی اس کے بدلے پر راضی ہوں کہ وہ اللہ و رسول (جل جلالہ و ﷺ) کی جناب میں گستاخی سے باز آئیں اور یہ شرط لگالیں کہ روزانہ اس بندۂ خدا کو پچاس ہزار مغلظہ گالیاں سنائیں، اور لکھ لکھ کر شائع فرمائیں اگر اس قدر پر پیٹ نہ بھرے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی گستاخی سے باز رہنا۔ اس شرط پر مشروط ہے کہ اس بندۂ خدا کے ساتھ اس کے باپ دادا اکابر علماء قدست اسراہم کو گالیاں دیں تو ایں ہم برعلم۔

اے خوشا نصیب اس کا کہ اس کی آبرو، اس کے آباء واجداد کی آبرو بدگویوں کی بد زبانی سے محمد رسول اللہ ﷺ کی آبرو کے لئے سپر ہو جائے......یہی وجہ ہے کہ بدگو حضرات اس بندۂ خدا پر کیا کیا طوفان، بہتان اس کے ذاتی معاملات میں اٹھاتے ہیں۔ اخباروں، اشتہاروں میں طرح طرح کی گڑھتوں سے کیا کیا خاکے اڑاتے ہیں۔ مگر وہ اصلا قطعاً اس طرف التفات کرتا نہ جواب دیتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ جو

Marfat.com

وقت مجھے اس لئے عطاء ہوا کہ بعونہ تعالیٰ عزت محمد رسول اللہ ﷺ کی حمایت کروں۔ حاشا کہ اسے اپنی ذاتی حمایت میں ضائع ہونے دوں۔ اچھا ہے کہ جتنی دیر مجھے برا کہتے ہیں محمد رسول اللہ ﷺ کی بدگوئی سے غافل رہتے ہیں۔

فان ابی ووالدی وعرضی  لعرض محمد منکم وقاء

(خلاصہ فوائد فتاویٰ (1324ھ) امام احمد رضا(10)

اور اپنے اس مومنانہ طرز عمل پر انہیں کیسی طمانیت روح نصیب ہے حرمین شریفین کے اکابر علماء کی زبان وقلم سے مدح سن کر اتراتے ہیں نہ دشمنوں کی گالیاں سن کر گھبراتے بلکہ ہر حال میں خداوند کریم کا شکر بجالاتے ہوئے فرماتے ہیں

حمد اس کے وجہ کریم کو جس نے اپنے بندے کو یہ ہدایت دی، یہ استقامت دی کہ وہ ان اعاظم اکابر کی ان عظیم مدحوں پر اتراتا ہے، بلکہ اپنے رب کے حسن نعمت کو دیکھتا ہے کہ پاکی تیرے لئے، کیسا تو نے اس ناچیز کو ان عظمائے عزیز کی آنکھوں میں معزز فرمایا...... نہ (دیہ بندہ) ان دشنامیوں اور ان کے حامیوں کی گالیوں سے جو وہ زبانی دیتے اور اخباروں میں چھاپتے ہیں۔ پریشان ہوتا۔ بلکہ شکر بجالاتا ہے کہ تو نے محض اپنے کرم سے اس قابل کیا کہ یہ تیری عظمت اور تیرے حبیب ﷺ کی عزت کی حمایت کرے۔ گالیاں کھائے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی سرکار کے پہرہ دینے والے کتوں میں اس کا چہرہ لکھا جائے۔ (ایضاً ص 50,49 ملخصا) (11)

حضرت رضا بریلوی کے اندر خدا اور رسول کے دشمنوں سے نفرت ابتدا ہی سے تھی۔ بلکہ یہ چیز ان کی فطرت میں داخل کر دی گئی تھی، حالات و ماحول کے تقاضے سے بہت سے مراحل ایسے آتے ہیں کہ انسان کے نظریہ میں نزاکت آجاتی ہے، آدمی اپنے مسلمہ اصولوں سے بھی سمجھوتہ کرنے پر مجبور ہوجاتا ہے لیکن کیا مجال کہ یہاں ذرہ برابر نرمی آئے۔ اللہ ورسول کے دشمنوں سے سمجھوتہ پر وہ راضی ہوجائیں...... ان کے دل میں اللہ ورسول کی محبت ایسی راسخ اور پختہ تھی کہ انہیں عظمت ومحبت کے سوا کبھی کچھ گوارہ نہ تھا...... فرماتے ہیں...... "بحمد اللہ تعالیٰ بچپن سے مجھے نفرت ہے اعداء اللہ سے۔ اور میرے بچوں کے بچوں کو بھی بفضل اللہ تعالیٰ عداوت اعداء اللہ گھٹی میں پلادی گئی ہے اور بفضلہ تعالیٰ یہ وعدہ بھی پورا ہوا۔" اولئک کتب فی قلوبھم الایمان "بحمد اللہ اگر قلب کے دو ٹکڑے کئے جائیں تو خدا کی قسم ایک پر لکھا ہوگا لا الہ الا اللہ دوسرے پر لکھا ہوگا محمد رسول اللہ (12)

Marfat.com

چمن زار رضا میں جس طرف بھی رخ کیا جاتا ہے دیدہ ودل خیرہ ہوتے چلے جاتے ہیں۔
آپ نے کردار وعمل اور زبان وقلم سے عشق رسالت کا جو درس دیا ہے اس کی اتھاہ گرائیوں اور بے پناہ وسعتوں کو دیکھ کر ایک عالم آج بھی انگشت بدنداں ہے۔ عشق رسالت کے سوز وساز میں ڈوبا ہوا یہ نثری شہ پارہ دیکھئے...... ''اے عزیز! ایمان رسول اللہ ﷺ کی محبت سے مربوط ہے اور آتش جاں سوز جہنم سے نجات ان کی الفت پر منوط، جو ان سے محبت نہیں رکھتا۔ واللہ کہ ایمان کی بو اس کے مشام تک نہ آئی وہ خود فرماتے ہیں۔

لا یومن احدکم حتیٰ اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین۔

تم میں سے کسی کو ایمان حاصل نہیں ہوتا جب تک میں اس کے ماں باپ اور سب آدمیوں سے زیادہ پیارا نہ ہو جاؤں.......... اے عزیز! چشم خرد میں سرمۂ انصاف لگا کر اور گوش قبول سے پنبۂ انکار نکال کر پھر تمام اہل اسلام بلکہ ہر مذہب وملت کے عقلاء سے پوچھتا پھر کہ عشاق کا اپنے محبوب کے ساتھ کیا طریقہ ہوتا ہے۔ اور غلاموں کو مولیٰ کے ساتھ کیا کرنا چاہئے۔ آیا تکثیر فضائل، وتکثیر مدائح اور ان کی خوبی حسن سن کر باغ باغ ہونا، جامے میں پھولا نہ سمانا۔ رد محاسن، نفی کمالات اور ان کے اوصاف حمیدہ سے بہ انکار وتکذیب پیش آنا۔ اگر ایک عاقل، منصف بھی تجھ سے کہدے نہ وہ دوستی کا مقتضیٰ نہ یہ غلامی کے خلاف ہے۔ تو تجھے اختیار ہے ورنہ خدا اور رسول سے شرما اور حرکت بیجا سے باز آ۔ یقین جان لے کہ محمد ﷺ کی خوبیاں تیرے مٹانے سے نہ مٹیں گی۔ (13) (قمر التمام۔ امام احمد رضا)

وہ عشق رسول کی جس منزل پر فائز تھے اس کا لازمی نتیجہ بارگاہ رسول سے خلعت اعزاز و اکرام کی شکل میں ظاہر ہونا ہی چاہئے تھا...... مولانا محمد احمد مصباحی رقمطراز ہیں......
''1324ھ میں آقائے کونین ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو شوق دیدار کے ساتھ مواجہہ عالیہ میں درود شریف پڑھتے رہے...... انہیں امید تھی کہ ضرور سرکار مدینہ ﷺ عزت افزائی فرمائیں گے اور زیارت جمال سے سرفراز کریں گے۔ لیکن پہلی شب تکمیل آرزو نہ ہوسکی۔ یاس وحسرت کے عالم میں ایک نعت کہی جس کا مطلع ہے۔

Marfat.com

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں

تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

مقطع میں عاشق مصطفےٰ کا ناز اور ایک جلیل القدر ولی کا عرفان، پھر بے کسی و محرومی کا اظہار کچھ عجب انداز لئے ہوئے نظر آتا ہے۔ عرض کرتے ہیں۔

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ

تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

مواجہہ شریف میں یہ نعت عرض کی اور مودب و منتظر بیٹھ گئے۔ قسمت جاگی، حجاب اٹھا۔ اور عالم بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت اور جمال جہاں آرا کے دیدار سے شرفیاب ہوئے۔ یہ آقائے کونین ﷺ کی طرف سے وہ اعزاز ہے جو بڑے ناز کے پالوں کو ہی میسر آتا ہے...... حضرت رضا بریلوی قدس سرہ خواب میں تو بار بار زیارت جمال اقدس سے شرفیاب ہوئے مگر اس بار خاص روضۂ مقدسہ کے حضور عالم بیداری میں دیدار سے سرفراز ہوئے ہیں جو ان کے کمال عشق و عرفان کی کھلی ہوئی دلیل اور بارگاہ رسالت میں ان کی مقبولیت کا بین ثبوت ہے (14)

بارگاہ رسالت سے وہ کتنے قریب تھے، مدینہ کا فیضان کس طرح ان پر ٹوٹ ٹوٹ کر برستا تھا۔ نبی رحمت کی نظر رحمت کس طرح انہیں اپنے جلووں سے سرشار رکھتی تھی۔ آپ کے شاگرد وخلیفہ مولانا برہان الحق اپنا چشم دید واقعہ بیان فرماتے ہیں۔

''سنیچر کو قصائی محلہ (بمبئی) میں اعلیٰ حضرت کا وعظ ہوا، منبر کے قریب والد ماجد اور چچا کے پیچھے میں دیوار سے ٹک کر بیٹھا تھا۔ مسجد میں تل رکھنے کی جگہ نہ تھی، ایمان افروز نورانی تقریر سے مجمع پر محویت طاری تھی۔ تقریباً ایک گھنٹے بعد مجھ پر غنودگی کا غلبہ ہوا۔ خواب میں دیکھا ایک عجیب دلکش نور سے پوری فضا منور ہے، درود وسلام کی سرور افزا آواز سے بیدار ہوا۔ دیکھا کہ اعلحضرت منبر سے نیچے کھڑے دست بستہ ''الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ'' پڑھ رہے ہیں چشم مبارک سے قطرات ٹپک رہے ہیں۔ اور پوری مسجد صلوٰۃ وسلام کی آواز سے گونج رہی ہے۔ میں بھی صلوٰۃ وسلام میں شامل ہو گیا، اعلحضرت کے آنسو جاری تھے۔ اور جس والہانہ انداز سے محو صلوٰۃ وسلام تھے وہ عجیب کیف افزا تھا جس کا اظہار الفاظ میں ممکن نہیں۔ صلوٰۃ وسلام سے فارغ ہو کر اعلحضرت منبر پر تشریف لائے آدھ گھنٹے بعد دعاء پر تقریر ختم ہوئی...... ہم اعلحضرت سے اجازت لے کر قیام گاہ واپس ہوئے راستہ میں چچا سے میں نے مسجد میں دوران وعظ خواب کا ذکر کیا۔ خواب کا واقعہ سن

Marfat.com

کر والد اور چچا میں یہ گفتگو ہوئی۔ اعلیٰ حضرت مدینہ طیبہ اور حضور اکرم ﷺ کی محبت و عظمت و توقیر و تعظیم پر بیان فرمار ہے تھے یکا یک کافی بلند آواز سے الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کہہ کر منبر سے اتر کر۔ ہاتھ باندھ کر عجیب رقت آمیز آواز میں صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہوئے قبلہ رخ کھڑے ہوگئے۔ ولادت مبارکہ کا ذکر نہ تھا۔ نہ وعظ ختم کرنے کا ہی کوئی انداز تھا۔ اعلیٰ حضرت کی باطنی، روحانی نظر مبارک نے دیکھ لیا کہ حضور اکرم ﷺ تشریف فرما ہیں۔ اس لئے فوراً منبر سے اتر آئے اور صلوٰۃ وسلام عرض کرنے لگے۔ ایک صاحب سفید گھنی داڑھی، ترکی ٹوپی لگائے اعلیٰ حضرت کے سامنے قریب بیٹھے ہوئے آنسو جاری ہے...... انہوں نے ذکر شروع کیا۔ رات وعظ میں وہ مسجد کے درمیان دروازے سے لگے ہوئے بیٹھے تھے اور آنکھیں بند تھیں محویت کے عالم میں دیکھا کہ ایک نور محیط ہوگیا ہے۔ اور الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کی آواز پر آنکھ کھولی تو سامنے سارا مجمع کھڑا صلوٰۃ وسلام پڑھ رہا تھا، یہ سن کر والد ماجد نے عرض کیا حضور یہی منظر برہان نے بھی دیکھا ہے۔ اعلی حضرت نے صرف یہ فرمایا۔ ''یہ سرکار اعظم ﷺ کا کرم تھا کہ تجلی فرمائی الحمد للہ (15)

جذبات محبت کے کیف میں سرشار اس طرح کے بہت سے واقعے ہیں جوان کی زندگی کے حقائق کے عکاس ہیں، بارگاہ رسول میں جن سے ان کی مقبولیت ومحبوبیت کا اندازہ ہوتا ہے، نامور صاحب قلم علامہ ارشد القادری ایک واقعہ کی منظر نگاری یوں کرتے ہیں۔

''بریلی کے اسٹیشن پر ایک سرحدی پٹھان کہیں سے اترا متصل ہی نوری مسجد میں اس نے صبح کی نماز ادا کی، نماز سے فراغت کے بعد جاتے ہوئے نمازیوں کو روک کر اس نے پوچھا ''یہاں مولانا احمد رضا خاں نامی کوئی بزرگ رہتے ہیں؟'' ان کا پتہ ہوتو بتادیجئے، ''ایک شخص نے جواب دیا...... یہاں سے دو تین میل کے فاصلے پر ''سوداگران'' نام کا ایک محلہ ہے وہیں اس کے علم وفضل کی راجدھانی ہے۔ سرحدی پٹھان اٹھنا ہی چاہتا تھا کہ اس نے سوال کیا۔ کیا میں یہ معلوم کرسکتا ہوں کہ آپ کہاں سے تشریف لا رہے ہیں؟...... جواب دیا سرحد کے قبائلی علاقے سے میرا تعلق ہے۔ وہیں پہاڑ کے دامن میں ایک چھوٹا گاؤں ہے۔ جہاں میرا آبائی مکان ہے...... آپ مولانا احمد رضا خان کی تلاش میں کیوں آئے ہیں؟...... اس سوال پر اس کے جذبات کے ہیجان کا عالم قابل دید تھا، فوراً ہی آبدیدہ ہوگیا...... ''یہ سوال نہ چھیڑیئے تو بہتر ہے'' کہہ کر خاموش ہوگیا...... اس پر

Marfat.com

اسرار جواب سے پوچھنے والوں کا اشتیاق اور بڑھ گیا۔ جب لوگ زیادہ مصر ہوگئے تو اس نے بتایا...... "میں نے گزشتہ شب جمعہ کو نیم بیداری کی حالت میں ایک خواب دیکھا ہے۔ اس کی لذت میں کبھی نہیں بھولوں گا۔ اے خوشا نصیب اولیائے مقربین اور ائمہ سادات کی نورانی محفل جہاں بریلی کے "احمد رضا" نامی ایک بزرگ کے سر پر امامت کی کی دستار لپیٹی گئی ہے۔ اور انہیں قطب الارشاد کے منصب پر سرفراز کیا گیا ہے۔ میری نگاہوں میں اب تک جھلک رہی ہے۔ اس دن سے میں اس مرد مومن کی زیارت کیلئے پاگل ہوگیا ہوں۔ اس کے قدموں کی ارجمندی پر اپنی عقیدتوں کا خراج لٹانے کے لئے بے چین ہوں۔ میں اس کی زندگی کی صرف اداؤں کو دیکھنا چاہتا ہوں جن کی بدولت، غوث الوریٰ کی بارگاہ سے لیکر، سرکار رسالت کے حریم قدس تک ہر جگہ اسے تقرب خاص کا اعزاز حاصل ہے۔ سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے اس نے کہا "سنت خداوندی کے مطابق قطب الارشاد کی سند اسی کو عطا کی جاتی ہے۔ جو اعتقاد و سلامتی دین کی صحیح فکر و نظر اور اہل اسلام کی خیر خواہی میں روئے زمین پر منفرد شخصیت کا مالک ہوتا ہے۔ اس منصب عظیم پر فائز ہونے والے کھلی آنکھوں سے سرکار رسالت کی روحانیت کبریٰ کا نظارہ کرتے ہیں...... قطب الارشاد کے قریب پہنچ کر دل کے لطائف جاگ اٹھتے ہیں اور آنکھوں کے میخانے سے عشق رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی سرمستیوں کی شراب طہور ہر وقت ٹپکتی رہتی ہے۔ سرحدی پٹھان نے اپنی بات ختم کرتے ہوئے کہا...... "آپ حضرات قابل رشک ہیں کہ اپنے وقت کے قطب الارشاد کے چشمۂ فیضان کے کنارے شب و روز کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اتنا کہہ کر وہ بے تابیٔ شوق میں اٹھا اور تیز تیز قدم بڑھاتے ہوئے محلہ سوداگران کی طرف چل پڑا۔

معطر ہے اسی کوچے کی صورت اپنا صحرا بھی
کہاں کھولے ہیں گیسو یار نے خوشبو کہاں تک ہے 16

اس ایک واقعہ میں دوسرے بہت سے غیر معمولی پہلو کے سوا ایک تابناک پہلو یہ ہے کہ عشق رسول کی برکتوں نے آپ کو منازل ولایت میں ایک اہم منزل۔ عظیم منصب "قطب الارشاد" پر فائز کردیا تھا۔ اس شان ولایت کی توثیق متعدد واقعوں سے ہوتی ہے۔

مخدوم الملت، محدث اعظم ہند حضرت سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ اپنا مشاہدہ بیان کرتے ہیں۔

Marfat.com

''میں اپنے مکان پر تھا، اور بریلی کے حالات سے بے خبر تھا۔ میرے حضور شیخ المشائخ سید علی حسین اشرفی میاں قدس سرہ العزیز وضو فرما رہے تھے کہ یکبارگی رونے لگے۔ یہ بات کسی کی سمجھ میں نہ آئی۔ کیا کسی کیڑے نے کاٹ لیا ہے۔ میں آگے بڑھا تو فرمایا کہ بیٹا میں فرشتوں کے کاندھے پر ''قطب الارشاد'' کا جنازہ دیکھ کر رو پڑا ہوں، چند گھنٹے کے بعد بریلی کا تار ملا، تو ہمارے گھر میں کہرام پڑ گیا'' (17)

پوری زندگی اپنے آپ کو سگ بارگاہ رسالت کے زمرے میں شامل کر لینے کی آرزو رکھنے والا عاشق صادق جب اس دنیا سے رخصت ہوا تو رحمت کونین کی مہربانیوں کی موسلا دھار بارش میں اس کا پورا وجود شرابور تھا۔

بیت المقدس کے ایک شامی بزرگ، ٹھیک 25 رصفر 1340ھ کو خواب میں کیا دیکھ رہے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں، حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حاضر دربار ہیں۔ لیکن مجلس پر سکوت طاری ہے ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ کسی آنے والے کا انتظار ہے۔ وہ شامی بزرگ بارگاہ رسالت میں عرض کرتے ہیں۔ فداک ابی وامی میرے ماں باپ حضور پر قربان کس کا انتظار ہے، سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا احمد رضا کا انتظار ہے، انہوں نے عرض کی احمد رضا کون ہیں؟ حضور نے فرمایا: ہندوستان میں بریلی کے باشندے ہیں۔ بیداری کے بعد انہوں نے پتہ لگایا تو معلوم ہوا کہ اعلحضرت مولانا احمد رضا ہندوستان کے بڑے ہی جلیل القدر عالم ہیں اور اب تک بقید حیات ہیں۔ پھر تو وہ شوق ملاقات میں ہندوستان کی طرف چل پڑے۔ جب بریلی پہنچے تو انہیں بتایا گیا کہ آپ جس عاشق رسول کی ملاقات کو تشریف لائے ہیں۔ وہ 25 رصفر (1340ھ) کو اس دنیا سے سوئے کوئے جاناں روانہ ہو چکا ہے۔ (18)

حالات و مشاہدات بول رہے ہیں کہ حضرت رضا بریلوی ''فنافی الرسول'' کے درجۂ علیٰ، مرتبہ کبریٰ پر متمکن تھے۔ اسی لئے ان کا ہر قول و فعل تصور رسول کی جاں بخش کرنوں سے مجلی ہوتا تھا۔ ان کی تحریرات سے محسوس یہ ہوتا ہے کہ بارگاہ رسالت سے اشارے ہوتے تھے۔ اور آپ اسے عملی جامہ پہناتے تھے۔ دل کی پوری یکسوئی کے ساتھ ان کا ''تصور عشق'' اور مقامات عشق کی تفصیل دیکھئے۔ کسی نے کسی شاعر کے شعر کے حوالے سے عشق میں میخواہم ''ونمی خواہم'' کی تشریح چاہی ہے...... رقمطراز ہیں۔

''شاعر ارباب تمکین سے نہیں جو ایک حال پر مستقیم و مستقر رہے بلکہ اصحاب تلوین

میں سے ہے جن پر واردات مختلفہ مقتضی قضایائے مختلفہ وارد ہوئے ہیں۔ وہ اپنی ان احوال گوناگوں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ ''میخواہم'' تو ظاہر ہے کہ عشق میں اہل ہدایت کی یہی حالت ہوتی ہے کہ وہ اپنی خواہش کے پابند ہوئے ہیں۔ اوران کی خواہش یہی کہ حبیب کو دیکھیں اور رقیب کو نہ دیکھیں۔ اور ''نمی خواہم'' تین مقامات مختلفہ سے ناشی ہے، جن میں ایک دوسرے سے اعلیٰ ہیں۔

**مقام اول :** ۔ادنیٰ مقام ''جوشش عشق ورشک ہے''یعنی دل کی خواہش تو یہی ہے کہ حبیب بے خلش رقیب جلوہ گر ہو، مگر ''حبیب ورقیب'' شدت مصاحبت سے متلازم ہیں کہ ایک کا دیکھنا دوسرے کے دیکھنے اور ایک کا نہ دیکھنا دوسرے کے نہ دیکھنے کو مستلزم ہے نظر براں جب رشک جوش کرتا ہے، حبیب کو دیکھنا نہیں چاہتا کہ اس کی رویت بے رویت رقیب نہ ہوگی۔ اور رویت رقیب ہرگز منظور نہیں۔ اور جب عشق جوش زن ہوتا ہے۔ رقیب کو دیکھنا نہیں چاہتا۔ کہ اس کا نہ دیکھنا حبیب کے نہ دیکھنے کو مستلزم ہوگا، اور دیدار حبیب سے محرومی گوارہ نہیں۔

مقام دوم :۔اوسط ''مقام فنائے ارادہ درارادۂ محبوب''یعنی خواہش دل تو وہی کہ حبیب بے رقیب متجلی ہو۔ مگر حبیب کا ارادہ اس کا عکس ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ میں اسے نہ دیکھوں اور رقیب کو دیکھوں کہ غیظ پاؤں اور مراد نہ پاؤں، جب فنائے ارادہ فی ارادۃ الحبیب کا مقام وارد ہوتا ہے میں اپنی اس خواہش دلی سے درگذر کرتا ہوں۔

میل من سوئے وصال رقصد او سوئے فراق
ترک کام خود گرفتم تا برآید کام دوست
فراق ووصل چہ خواہی رضائے دوست طلب
کہ حیف باشد از وغیر او تمنائے

**مقام سوم** ۔اعلیٰ ''مقام فنافی المحبوب'' کہ خود اپنی ذات ہی باقی نہ رہے۔ غیر واضافات، ونسبت، وتعلقات کہاں سے آئیں۔ رقیب کا غیر ہونا ظاہر اور رویت حبیب کا تصور بھی تصور غیر ہے۔ کہ رویت تین چیزوں کو چاہتی ہے، رائی، مرئی، اور وہ تعلق کہ ان دونوں میں ہوتا ہے۔ بلکہ حبیب کو جاننا بھی بے تصور نفس ممکن نہیں۔ کہ حبیب وہ جس سے محبت ہو۔ اور محبت کو ہر دو حاشیہ محب ومحبوب واضافت بینہما سے چارہ نہیں۔ جب میں ہمہ تن فنافی المحبوب ہوں۔ تو رقیب، حبیب ورویت وعدم

Marfat.com

رویت کو کون سمجھے؟ اور ارادۂ وخواست کدھر سے آئے؟ لاجرم اس وقت ان میں سے کچھ خواہش نہیں رہتی۔ اللھم ارزقنا ھذا المقام فی رضاک و صل وسلم وبارک علیٰ مصطفاک والہ واولیائیہ و کل من والاک (19)

حضرت رضا بریلوی کا یہ تصور عشق سامنے رکھئے اور ان کی سرت کا وہ گوشہ دیکھئے جہاں وہ دشمنان خدا ورسول پر شمشیر براں نظر آتے ہیں۔ محبت وہ نازک اور لطیف جذبہ ہے جو محبوب کی شان میں کسی توہین اور بے ادبی کو برداشت نہیں کر سکتا۔ حضرت رضا بریلوی کی وصیت کے الفاظ ملاحظہ ہوں...... فرماتے ہیں...... جس سے اللہ ورسول کی شان میں ادنیٰ توہین پاؤ۔ پھر وہ تمہارا کیسا ہی پیارا کیوں نہ ہو۔ فوراً اس سے جدا ہو جاؤ۔ جس کو بارگاہ رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو۔ پھر وہ تمہارا کیسا ہی بزرگ معظم کیوں نہ ہو اپنے اندر سے اسے دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو۔ (20)

پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری حضرت رضا بریلوی کے اس انداز پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''اس میں شک نہیں کہ مخالفین کی قابل اعتراض تحریرات پر فاضل بریلوی نے سخت تنقید فرمائی ہے اور بسا اوقات لہجہ بھی نہایت درشت ہے۔ لیکن کسی مقام پر تہذیب وشائستگی سے گرا ہوا نہیں ہے۔ وہ ناموس مصطفےٰ ﷺ کی حفاظت میں شمشیر بکف نظر آتے ہیں۔ مگر ان کے مخالفین، ناموس اسلاف کی حفاظت میں تیغ براں لئے نظر آتے ہیں۔ دونوں کے طرز عمل میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ (21)

امام احمد رضا کی تنقید بیجا بے محل اور ناموزوں نہیں ہوتی تھی بلکہ بڑی جچی تلی اور انتہائی سنجیدگی ومتانت کی حامل ہوتی تھی۔ ان کی تنقیدات وتعاقبات کا سنجیدہ ومتین قاری یہ فیصلہ لئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ انہوں نے بنام تنقید جو بھی تحریر حوالۂ قرطاس کی ہے وہ۔ ع

از دل خیزد بر دل ریزد

کا صحیح مصداق ہوتی تھی اسی لئے بہت سوں نے ان کی تحریرات کا مطالعہ کر کے راہ حق، صراط مستقیم کو اپنایا اور آج تک یہ سلسلہ جاری ہے وہ خود فرماتے ہیں۔

''دیکھو نرمی کے جو فوائد ہیں وہ سختی سے ہرگز حاصل نہیں ہو سکتے ......... جن لوگوں کے عقائد مذبذب ہوں ان سے نرمی برتی جائے کہ وہ ٹھیک ہو جائیں'' (22)

Marfat.com

حضرت رضا بریلوی کے سامنے چونکہ اسلامیات کا پورا ذخیرہ ہر وقت موجود رہتا تھا۔ اس لئے وہ خوب جانتے تھے کہ ان کے آقا کو اپنی امت سے کتنا پیار تھا پھر بھلا وہ اس تعلق کو بھلا کیسے سکتے تھے اسی لئے انہوں نے اپنے محبوب کی امت میں سے جس فرد یا جماعت کو صراط مستقیم سے بہکا ہوا پایا تو ایک وفادار عاشق کی طرح محبوب کی رضا جوئی اور خوشنودی کے لئے محبت بھری تنبیہ فرمائی ایسے موقع پر ان کی تحریر سے پیار کی شبنم ٹپکتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ وہ جب نسبتوں کے تعلق سے معمولی بھول چوک کو بھی فروگذاشت نہیں کر سکتے تھے تو بھلا تنقیص و توہین کا خفی سے خفی پہلو بھی کیسے گوارہ کر لیتے۔ نسبتوں کے تعلق سے اگر تھوڑی سی بے توجہی اور غفلت پائی تو چونک اٹھے۔ اور وہ نیازمندانہ انداز اپنایا کہ قلوب خود بخود نسبتوں کی عظمت کے قائل ہو گئے۔

حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ اپنا واقعہ اور مشاہدہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ انہیں کار افتاء پر لگانے سے پہلے گیارہ روپے کی شیرینی منگائی اور اس پر حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی فاتحہ دلائی شیرینی حاضرین میں تقسیم ہوئی۔ پھر کیا ہوا حضرت محدث صاحب علیہ الرحمہ کی زبانی سنئے۔

> "اچانک اعلیحضرت پلنگ سے اٹھ پڑے، سب حاضرین کے ساتھ میں بھی کھڑا ہو گیا......... حیرت یہ ہوئی کہ اعلیٰ حضرت زمین پر اکڑوں بیٹھ گئے، سمجھ میں نہ آیا کہ یہ کیا ہو رہا ہے، دیکھا تو یہ دیکھا کہ تقسیم کرنے والے کی غفلت سے شیرینی کا ایک ذرہ زمین پر گر گیا تھا اور اعلی حضرت اس ذرے کو نوک زبان سے اٹھا رہے ہیں۔ اور پھر اپنی نشست گاہ پر بدستور تشریف فرما ہوئے، اس واقعے کو دیکھ کر سارے حاضرین سرکار غوثیت کی عظمت و محبت میں ڈوب گئے اور فاتحہ غوثیہ کی شیرینی کے ایک ایک ذرے کے تبرک ہو جانے میں کسی دوسری دلیل کی حاجت نہ رہ گئی۔ (23)

حضرت رضا بریلوی کا ایک فتویٰ ہے جس کا عنوان ہے "النور والنورق" اس میں مختلف پانیوں کے احکام ذکر کئے ہیں۔ آب زمزم کا حکم بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ...... "اس کے ساتھ استنجاء مکروہ ہے کیوں کہ وہ ایک مقدس پانی ہے" یہ فقہی حکم بیان کرتے ہوئے انہیں خیال آیا کہ کہیں قارئین اس سے یہ نہ سمجھ لیں کہ زمزم کا پانی ہر پانی سے زیادہ پاکیزہ اور افضل ہے۔ کیوں کہ ایک پانی ایسا بھی ہے جو نہ صرف آب زمزم بلکہ کوثر سے بھی افضل ہے۔ اس پانی کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

> "سب پانیوں سے اعلیٰ سب سے افضل دونوں جہاں کے سب پانیوں سے افضل، کوثر

Marfat.com

سے افضل وہ مبارک پانی ہے۔ جو بارہا براہ اعجاز حضور انور، سید اطہر علیہ کی انگشتان مبارک سے دریا کی طرح بہا اور ہزاروں نے پیا۔ اور وضو کیا۔ علماء تصریح فرماتے ہیں۔ وہ پانی زمزم وکوثر سب سے افضل ہے مگر اب وہ کہاں نصیب! (24)

حضرت رضا بریلوی کے عشق کا مزاج اور محبت کا بانکپن ملاحظہ ہو جن بے جان چیزوں کو آقائے کونین سے کسی طرح نسبت حال ہوگئی ان کا بھی ادب آپ کے مذہب عشق میں ضروری ہوگیا۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں۔

''حضور سید عالم علیہ کا موئے مبارک، یا جبۂ مقدسہ، یا نعل شریف، یا کاسۂ مطہرہ تبرک کیلئے جس پانی میں دھویا قابل وضو ہے.......... ہاں پاؤں پر نہ ڈالا جائے کہ خلاف ادب ہے۔ اگر منہ پر جاری کیا منہ کا وضو ہوگیا، ان کا تو نام پاک لینے سے دل کا وضو ہو جاتا ہے'' پھر اسی حکم کے تعلق سے فائدہ کا عنوان دے کر حاشیہ میں مسئلہ بیان فرماتے ہیں...... مسئلہ'' حضور اقدس علیہ کے آثار شریفہ، مثل جبۂ مقدس ونعلین مبارک کا غسالہ، شفاء برکت قابل وضو معطیٔ طہارت ہے مگر پاؤں پر نہ ڈالا جائے (25)

علمائے کے مابین اس مسئلہ میں اختلاف رہا کہ زمزم افضل ہے یا کوثر، شیخ الاسلام سراج الدین بلقینی شافعی نے فرمایا کہ زمزم افضل ہے کہ شب اسراء ملئکہ نے حضور اقدس علیہ کا دل مبارک اس سے دھویا۔ حالانکہ وہ آب کوثر لا سکتے تھے.......... اس پر اعتراض ہوا کہ زمزم تو سیدنا اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو عطا ہوا اور کوثر ہمارے حضور انو علیہ کو۔ تو لازم کہ کوثر ہی افضل ہو۔ امام ابن حجر مکی نے جواب دیا کہ کلام دنیا میں ہے آخرت میں بیشک کوثر افضل ہے۔ اس پر امام احمد رضا فرماتے ہیں...... ''اس وقت اس مسئلہ پر کلام اپنے علماء سے نظر فقیر میں نہیں اور وہ کہ فقیر کو ظاہر ہوا تفضیل کوثر کو ہے'' پھر کوثر کی افضلیت پر آپ نے پانچ دلائل پیش فرمائے ہیں وہ سب دلیلیں آپ کی طبعزا ہیں۔ تحریر فرماتے ہیں۔

(1).......... آخرت میں وہی افضل ہے جو عنداللہ افضل ہے اور شک نہیں کہ آخرت میں کوثر افضل ہے۔ تو اب بھی کوثر زمزم سے افضل ہے۔

(2).......... زمزم دنیا کا پانی ہے اور کوثر آخرت کا۔ اور اللہ عزوجل فرماتا ہے بے شک آخرت درجوں میں بڑی ہے اور فضیلت میں زائد۔

Marfat.com

(3)............ کوثر کا پانی جنت سے ہے، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔ کوثر میں جنت سے دو پرنالے گر رہے ہیں ایک سونے کا ایک چاندی کا، اور فرماتے ہیں سن لو اللہ کا مال بیش بہا ہے سن لو اللہ کا مال جنت ہے۔

(4)............ کوثر کا پانی امت مرحومہ کے لئے زیادہ نافع ہے ایک قطرہ جس کے حلق میں جائے گا ابدالآباد تک کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ نہ کبھی اس کے چہرے پر سیاہی آئے۔

(5)............ اللہ عزوجل نے عطائے کوثر سے اپنے حبیب افضل الرسل علیہ ﷺ پر احسان عظیم رکھا کہ ''انا اعطینک الکوثر'' بے شک ہم نے کہ عظمت والے ہیں تم کو کہ بے مثل و یکتا ہو کوثر عطا فرمایا............ تو کوثر کی عظمت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اللہ عزوجل ہم فقرائے بے قدر کو بھی اپنے حبیب کریم ﷺ کے کف کرم سے اس میں سے پینا نصیب فرمائے۔ آمین (26)

اس فاضلانہ بحث سے کوثر اور زمزم کا جو فرق ابھر کر سامنے آتا ہے وہ یہ ہے...... کہ زمزم کی نسبت حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی طرف ہے اور کوثر کی حضور محبوب رب العالمین کی طرف۔ اور ہر وہ چیز جسے آپ ﷺ سے شرف نسبت حاصل ہو جائے افضل ہے۔ پھر امام احمد رضا جیسا متبحر عالم جانباز عاشق رسول کوثر پر زمزم کی فضیلت کیسے تسلیم کر لیتا۔ گرچہ علمائے احناف کے اقوال پیش نظر نہیں تھے مگر زور طبع اور جودت فکر سے کوثر کی فضیلت پر دلائل کے انبار لگا دیئے جن کے سطر سطر سے ان کا عشق خاموش بولتا، مسکراتا اور جھانکتا معلوم ہوتا ہے۔ اور اخیر سطر کہ ''اللہ عزوجل ہم فقرائے بیقدر کو بھی اپنے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے کف کرم سے پینا نصیب فرمائے'' میں تو عشق کا جہان آباد فرما دیا ہے، سبحان اللہ کیسی پاکیزہ تمنا اور سعادت اندوز حسرت ہے۔ اس ایک حسرت پر کونین کا ہر عیش و عشرت قربان۔

علماء کے درمیان یہ مسئلہ بھی بڑا معرکۃ الآرا رہا ہے کہ مکہ افضل ہے یا مدینہ؟ اپنے اپنے انداز اور پرواز خیال کے دائرے میں سب نے شواہد و حقائق کے اجالے ہی میں گفتگو کی ہے مگر عاشق جمال مصطفوی حضرت رضا بریلوی کے عارفانہ حل اور عاشقانہ جواب کی بات ہی کچھ اور ہے۔ مختلف پیرایۂ بیان میں ایک ہی سیل عشق کی روانی ہے۔ جو جذبۂ محبت کی کہانی سنا رہی ہے۔

Marfat.com

طیبہ نہ سہی افضل مکہ ہی بڑا زاہد
ہم عشق کے بندے ہیں کیوں بات بڑھائی ہے
عاصی بھی ہیں. چہتے یہ طیبہ ہے زاہدو
مکہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے
شان جمال طیبۂ جاناں ہے نفع محض
وسعت جلال مکہ میں سود وضرر کی ہے

کعبہ اللہ کا گھر ہے اور گنبد خضرا سرور کونین کا کاشانہ، دل ناصبور سخت حیران ہے کہ کس کو افضل جانے؟ خدا کے گھر کو کہ محبوب خدا کی آرامگاہ کو۔ یہ وہ نازک فیصلہ ہے جو کوئی بندۂ عشق ہی کرسکتا ہے، سنئے عاشق مصطفےٰ امام احمد رضا کیا کہتے ہیں۔اور داد دیجئے ان کے عشق وعقیدت کے انداز کو کہ محب کی شان بھی بچالی اور محبوب پر آنچ بھی نہ آنے دی......فرماتے ہیں۔

کعبہ ہے بے شک انجمن آرا دلہن مگر
ساری بہار دلہنوں میں دولہا کے گھر کی ہے
کعبہ دولہن ہے تربت اطہر نئی دلہن
یہ رشک آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے
دونوں بنیں سجیلی ، انیلی دولہن مگر
جو پی کے پاس ہے وہ سہاگن کنور کی ہے
سر سبز وصل یہ ہے سیہ پوش ہجر وہ
چمکی دو پٹوں سے ہے جو حالت جگر کی ہے

فرش گیتی پر صحابہ کرام وہ مقدس نفوس قدسیہ ہیں جنہوں نے بلا واسطہ خورشید رسالت سے اکتساب نور وفیض کیا۔قرآن اور صاحب قرآن کے حسین جلوؤں سے جن کے دل کی آبادی ہمیشہ مست وشاداب رہی۔جن کی عظمت وشان کا خطبہ قرآن کریم نے پڑھا۔

حضرت رضا بریلوی کو صحابۂ کرام سے ایسی والہانہ محبت تھی کہ ان کی شان سے گرا ہوا کوئی لفظ سننا ناقابل برداشت ہوجاتا تھا ۔اوراس پر اپنی ناگواری کا برملا اظہار کئے بغیر نہیں رہتے خواہ یہ غلطی کسی بڑے سے بڑے آدمی ہی سے کیوں نہ ہوئی ہو۔چنانچہ علامہ طحطاوی جیسے عظیم فقیہ نے ایک جگہ یہ جملہ کہہ دیا کما توھم بعض الصحابة جیسا کہ بعض صحابہ کو وہم ہوا ہے۔صحابۂ

Marfat.com

کرام کی طرف وہم کی نسبت کرنا حضرت رضا بریلوی کو سخت ناگوار گذرا اور فوراً تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا۔ "اقول هذا لفظ بعيد عن الادب فليجتنب" میں کہتا ہوں یہ لفظ ادب سے بعید ہے اس لئے اس سے احتراز کرنا چاہئے۔ (27)

سوچنے کی بات ہے جب وہ صحابہ کے لئے ایسے الفاظ سننے کے لئے تیار نہیں جن سے ان کی معمولی سی بھی تخفیف شان ہوتی ہو تو پھر آقائے کونین کے بارے میں ان کے تطہیر خیال، علوئے فکر، نظافت الفاظ، نفاست بیان کا اندازہ کون کرسکتا ہے، ان کی شخصیت کے جس رخ کو دیکھئے وہ تو بس رخ روشن کی تجلیات پر فکر و تصور کی متاع گراں بہا لٹانے ہی میں مصروف نظر آتے ہیں۔ اور اس تصور میں وہ ایسے مست تھے کہ ہر بندۂ مومن سے وہ اسی جذبۂ احترام کی امید کرتے تھے ان کے اپنے متعینہ عشق کی حدود سے متجاوز الفاظ و انداز پر ان کی غیرت کا تیور دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے......... سرور کائنات ﷺ کے نام پاک کے ساتھ کبھی کبھی بعض احباب "ص" ﷺ" اور انبیائے کرام کے اسمائے گرامی کے ساتھ "ع" "م" لکھ دیتے تھے، یہ انہیں سخت ناپسند تھا بلکہ وہ اسے کفر سمجھتے تھے، ایک خط میں ملک العلماء مولانا ظفرالدین بہاری علیہ الرحمہ کو لکھتے ہیں......

تاتارخانیہ سے ایک عبارت علامہ طحطاوی نے حاشیہ درر میں بالواسطہ نقل کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے نام پاک کے ساتھ علیہ السلام کا اختصار 'ع' 'م' لکھنا کفر ہے، کہ تخفیف شان نبوت ہے (28)

محسوس یہ ہوتا ہے کہ ان کی سوچ و فکر پر بھی غیرت عشق کے پہرے بیٹھے تھے ہر وقت ان کی نگاہیں عظمت محبوب کائنات کا نظارہ کرنے ہی میں محو رہتی تھیں۔ ان کی رگ رگ میں جو ہم "عشق" کے شرارے دیکھتے ہیں یہ جلوۂ محبوب میں ڈوبے ڈوبے رہنے ہی کا فیضان معلوم ہوتا ہے۔ اب تو سیرت سرکار دو عالم کے عرفان کے لئے آپ کی شخصیت معیار کامل کا درجہ حاصل کرچکی ہے۔ اساطین علم و فن جب کسی فکر میں عاجز ہوجاتے تو آپ کی یاد آتی اور آپ کی شخصیت کے حوالے سے فکر و فن کا جائزہ لیا جاتا اور حیرت یہ ہے کہ کبھی کسی کو آپ کی بارگاہ سے مایوسی نہیں ہوئی۔ عظیم مورخ مولانا شاہ محمود احمد رفاقتی تحریر فرماتے ہیں۔

"حکیم عبدالطیف فلسفی (خاندان اطبائے لکھنؤ کے چشم و چراغ اور طبیہ کالج مسلم یونیورسیٹی علی گڈھ کے پرنسپل تھے) نے ایک موقع پر بیان فرمایا تھا کہ دارالعلوم معینیہ، عثمانیہ، اجمیر شریف کے ایک امتحان کے موقع پر نواب صدر یار جنگ مولانا

Marfat.com

حبیب الرحمان خان شروانی سابق صدر امور مذہبی حیدر آباد دکن نے اکابر علماء حضرت مولانا حکیم سید برکات احمد ٹونکی، حضرت مولانا پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی، استاذ العلماء مولانا مشتاق احمد کانپوری حضرت مولانا سید سلیمان اشرف، چیرمین اسلامک اسٹڈیز مسلم یونیورسیٹی علی گڈھ سے دریافت کیا کہ ”حضور انور ﷺ کے عمامہ شریف میں کتنے پیچ ہوتے تھے؟ مولانا سید سلیمان اشرف نے فرمایا اس کا جواب صرف مولانا شاہ احمد رضا بریلوی قدس سرہ دیتے مگر افسوس کہ وہ اب اس دنیا میں نہیں، مولانا کے اس فرمان کی تمام علماء نے تائید کی“ (29)

بس یہ کہ عشق مصطفیٰ کی چلتی پھرتی تصویر کا نام تھا احمد رضا، عظمت صحابہ کے پاسبان کا نام تھا احمد رضا۔ اکابرین ملت کی توقیر و تعظیم کے داعی کا نام تھا احمد رضا وہ اس دھرتی پر محبوب خدا کی محبت کا امین بلکہ نمائندہ تھا۔ ذرا ان کی محبت کا یہ نرالا انداز دیکھیے۔

”جب کوئی صاحب حج بیت اللہ شریف کر کے خدمت میں حاضر ہوتے پہلا سوال یہی ہوتا کہ سرکار میں حاضری دی؟ اگر اثبات میں جواب ملا۔ فوراً ان کے قدم چوم لیتے اور اگر نفی میں جواب ملا پھر مطلق تخاطب نہ فرماتے، ایک بار ایک حاجی صاحب حاضر ہوئے۔ چنانچہ حسب عادت کریمہ یہی استفسار ہوا کہ سرکار میں حاضری ہوئی، وہ آبدیدہ ہوکر عرض کرتے ہیں ہاں حضور مگر صرف دو روز قیام رہا، آپ نے فوراً قدمبوسی فرمائی اور ارشاد فرمایا ”وہاں کی سانسیں بھی بہت ہیں آپ نے تو بحمد اللہ دو دن قیام فرمایا (30)

یوں تو آپ کی سیرت و شخصیت کا ہر پہلو گوہر تابدار ہے۔ قلم کی ہر تحریر عظمت و وقار کا شاہکار ہے۔ لیکن خاص طور پر شان الوہیت، مقام نبوت، اور مرتبہ ولایت جیسے موضوعات پر جب دفاعی مورچہ سنبھالا ہے اس کی بات ہی کچھ اور ہے۔ دامن قرطاس پر دلائل کے ڈھیر نہیں لعل و گوہر کے خزینے ہیں جو ادب احتیاط کی پیشانی کا جومر بن کر دلوں کی اجڑی زمین کو درخشاں کررہے ہیں۔ آپ کی شخصیت کی اس عظمت کا اعتراف ان کے اپنے اور پرائے سب کو ہے............ برصغیر کے مشہور دانشور مولانا کوثر نیازی اعتراف حقیقت کی ترجمانی یوں کرتے ہیں......

”میں نے صحیح بخاری کا درس مشہور دیوبندی عالم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی مرحوم و مغفور سے لیا ہے۔ کبھی کبھی اعلحضرت کا ذکر آجاتا تو

Marfat.com

مولانا کاندھلوی فرمایا کرتے، مولوی صاحب!...... مولانا احمد رضا خان کی بخشش تو انہی فتووں کے سبب ہو جائے گی، اللہ تعالیٰ فرمائے گا، احمد رضا تمہیں ہمارے رسول سے اتنی محبت تھی کہ اتنے بڑے بڑے عالموں کو بھی تم نے معاف نہیں کیا تم نے سمجھا کہ انہوں نے توہین رسول کی تو ان پر بھی کفر کا فتویٰ لگا دیا۔ جاؤ اسی ایک عمل پر ہم نے تمہاری بخشش کر دی"۔

کم وبیش اسی انداز کا واقعہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندی سے میں نے سنا، فرمایا۔

"جب حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب کی وفات ہوئی۔ تو حضرت مولانا اشرف علی کو کسی نے آکر اطلاع دی، مولانا تھانوی نے بے اختیار دعاء کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے، جب وہ دعاء کر چکے تو حاضرین مجلس میں سے کسی نے پوچھا وہ تو عمر بھر آپ کو کافر کہتے رہے اور آپ ان کے لئے دعائے مغفرت کر رہے ہیں۔ فرمایا۔ (اور یہی بات سمجھنے کی ہے) کہ مولانا احمد رضا خاں نے ہم کو کفر کے فتوے اس لئے لگائے کہ انہیں یقین تھا کہ ہم نے توہین رسول کی ہے اگر وہ یقین رکھتے ہوئے بھی ہم پر کفر کا فتویٰ نہ لگاتے تو خود کافر ہو جاتے"۔ حقیقت میں جسے لوگ امام احمد رضا کا تشدد قرار دیتے ہیں وہ بارگاہ رسالت میں ان کے ادب واحتیاط کی روش کا نتیجہ ہے (31)

بارگاہ رسول سے ان کے مثالی لگاؤ، آستان عرش نشان کی عظمت وتقدس تاجدار حرم ﷺ کے روضۂ اقدس کی زیارت کیسی کیسی سعادتوں کی حامل ہے اور محرومی کیسی کیسی شقاوتوں کی غماز ہے۔ جذبات محبت کی ترنگ، قلم کی جولانی عشق کا شباب حریم محبت کے محرم راز کی تحریر پر تنویر سے عیاں ہے۔ "لاتشد والرحال" والی حدیث سے ابن تیمیہ نے یہ غلط استدلال کیا ہے کہ روضۂ رسول کی زیارت کے قصد سے مدینہ طیبہ کا سفر کرنا ناجائز وحرام...... حالانکہ اس کے فضائل سے کتاب وسنت اور کتب اسلاف لبریز ہیں۔ اور زیارت کے مانعین وتارکین کے لئے سخت وعیدیں وارد ہیں۔

حضرت رضا بریلوی "ابن تیمیہ" کے اس غلط استدلال کا محاسبہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"طرفہ یہ ہے کہ شارع ﷺ جس امر کی طرف بہ تاکید بلائے اور اس کے ترک پر وعید فرمائے۔ اس کا قصد ناجائز قرار پائے۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "انما الاعمال بالنیات" یہ عجب کار ثواب ہے جس کی نیت موجب عذاب ہے ولاحول

Marfat.com

ولاقوۃ الا باللہ۔ وہی حدیث لاتشد والرحال۔ ائمہ دین نے تصریح فرمائی وہاں ان تینوں مسجدوں کے سوا اور مسجد کے لئے بالقصد سفر کرنے سے ممانعت ہے۔ ورنہ زنہار الفاظ حدیث طلب علم، اصلاح مسلمین، جہاد، تجارت حلال اور ملاقات صالحین وغیرہا مقاصد کے لئے سفر سے مانع نہیں۔ اور قاطع نزاع یہ ہے کہ بعینہ یہی حدیث بروایت حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ امام احمد رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں بسند حسن یوں روایت کی۔ لا ینبغی ان تشد رحالہ الی مسجد تبتغی فیہ الصلوٰۃ غیر المسجد الحرام والاقصیٰ ومسجد ی ھذا (ترجمہ) ناقہ کو سزاوار نہیں کہ اس کسے کجاوے کسی مسجد کی طرف بغرض نماز کے جائیں سوا مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور میری اس مسجد کے، تو خود حضور اقدس ﷺ کے ارشاد سے حضور کی مراد واضح ہوگئی۔ والحمدللہ رب العالمین (32)

کسی سائل نے آپ سے استفتاء کیا کہ حضور ﷺ کی زیارت شریف کا کیا حکم ہے۔ اور باوجود قدرت اس کا تارک، یا مانع ومنکر فضل شرعاً کیا ہے؟

اس سوال کے جواب میں ناموس رسالت کی حرمتوں کے پاسبان حضرت رضا بریلوی نے ایک جامع رسالہ ''البارقۃ الشارقۃ علیٰ مارقۃ المشارقۃ'' سپرد قلم فرمایا پورا فتویٰ عقل ونقل اور فکر واستدلال کے بے شمار شواہد سے لبریز ہے۔ اور سطر سطر عشق وادب کے کیف میں شرابور ہے۔ ذیل میں اسی فتوے کی تلخیص ملاحظہ ہو۔

''زیارت سراپا طہارت حضور پر نور سید المرسلین ﷺ بالقطع والیقین باجماع مسلمین افضل قربات واعظم حسنات سے ہے، جس کی فضیلت وخوبی کا انکار نہ کرے گا مگر گمراہ بددین، یا کوئی سخت جاہل، سفیہہ غافل، سخرۂ شیاطین والعیاذ باللہ رب العالمین اس قدر پر تو اجماع قطعی قائم اور کیوں نہ ہو خود قرآن عظیم اس کی طرف بلاتا۔ اور مسلمانوں کو رغبت دلاتا ہے۔ قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ ولوانھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفرو اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدو اللہ توابا الرحیما ۔ (ترجمہ) اگر ایسا ہو کہ وہ جب اپنی جانوں پر ظلم (یعنی گناہ وجرم) کریں تیری بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہوں۔ پھر گناہ سے مغفرت مانگیں۔ اور مغفرت چاہے ان کے لئے رسول تو بے شک

Marfat.com

اللہ عزوجل کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے"۔

امام سبکی "شفاء السقام" اور شیخ محقق "جذب القلوب" میں فرماتے ہیں ...... علماء نے اس آیت سے حضور اقدس ﷺ کے حال حیات، حال وفات دونوں حالتوں کو شمول سمجھا، اور ہر مذہب کے مصنفین مناسک نے وقت حاضری مزار پر انوار اس آیت کی تلاوت کو آداب زیارت سے گنا...... ابن عدی وغیرہ کی حدیث میں ہے حضور ﷺ فرماتے ہیں۔ من حج ولم یزر نی فقد جفانی۔ جو حج کرے۔ اور میری زیارت کو حاضر نہ ہو بے شک اس نے مجھ پر جفا کی۔ علامہ علی قاری "شرح لباب" میں اس سند کو حسن اور وہی "شرح شفا" و "درر مضیہ" اور امام ابن حجر "جوہر منظم" میں کج بہ فرماتے ہیں۔ انہیں دونوں کتابوں میں فرمایا نبی ﷺ کی جفا حرام ہے تو زیارت نہ کرنا متضمن جفا ہے۔ حرام ہوا۔ اسی طرح ترک زیارت کے موجب جفا ہونے میں متعدد حدیثیں آئیں کہ حضرت والا علامہ قدس سرہ (والد ماجد رضا بریلوی) نے "جواہر البیان" شریف میں ذکر فرمائیں، اور شک نہیں کہ افراد میں اگر چہ کلام ہو۔ مجموعہ حسن تک مترقی حسن اور حسن اگر چہ لغیرہ ہو محل احتجاج میں کافی...... جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے شام میں سکونت اختیار فرمائی، خواب میں حضور پر نور سید المحبوبین ﷺ کی زیارت سے شرفیاب ہوئے کہ ارشاد فرماتے ہیں ما ھذہ الجفوۃ یا بلال اما ان لک ان تزورنی یا بلال۔ بلال یہ کیا جفا ہے اے بلال کیا ابھی تجھے وہ وقت نہ آیا کہ میری زیارت کو حاضر ہو۔ بلال رضی اللہ عنہ غمگین وترساں وہراساں بیدار اور فوراً بہ قصد مزار پر انوار جانب مدینہ شد الرحال فرمایا۔ جب شرف حضور پایا قبر انور کے حضور رونا اور منہ اس خاک پاک پر ملنا شروع کیا۔ دونوں صاحبزادے حضرت حسن وحسین تشریف لائے، بلال رضی تعالیٰ عنہ، انہیں سینے سے لگا کر پیار کرنے لگے، شہزادوں نے فرمایا ہم تمہاری اذان کے مشتاق ہیں۔ بہ شغف مسجد انور پر جہاں زمانہ اقدس میں اذان دیتے تھے۔ گئے جس وقت اللہ اکبر اللہ اکبر کہا۔ تمام مدینہ میں لرزہ پڑ گیا۔ جب اشھد ان لا الہ الا اللہ کہا لرزہ دوبالا ہوا۔ جب اس لفظ پر پہنچے اشھد ان محمد رسول اللہ، کنواری نوجوان لڑکیاں پردوں سے نکل آئیں۔ اور لوگوں میں غل پڑ گیا کہ حضور اقدس ﷺ مزار پر انوار سے باہر تشریف لے آئے۔ انتقال حضور ذی الجلال ﷺ کے بعد کسی دن مدینہ منورہ کے مرد وزن میں وہ رونا نہ پڑا تھا جو اس دن ہوا۔

در نمازم خم ابروئے تو یاد آمد
حالتے رفت کہ محراب بہ فریاد آمد

Marfat.com

حنفیہ زیارت شریف کوقریب بہ واجب کہتے ہیں اوراسی طرح مالکیہ، حنبلیہ نے تصریح کی ہماری کتب مذہب میں، (1) مناسک (فارسی) (2) وطرابلسی، (3) وکرمانی، (4) اختیار شرح مختار (5) وفتاویٰ ظہیریہ (6) وفتح القدیر (7) وخزانۃ المفتین، (8) ومنسک ومتوسط (9) ومسلک مقسط، ومنح الغفار (11) مراقی الفلاح (12) وحاشیہ طحاوی علی المراقی (13) ومجمع الانہر، (14) وسن الھدیٰ (15) وعالم گیری وغیرہا میں اس کے قریب واجب ہونے کی تصریح وتقریر بلکہ خود صاحب مذہب سیدنا امام اعظم سے اس پر نص منقول جذب القلوب میں ہے ''زیارت آنحضرت ﷺ نزدابی حنیفہ از افضل مندوبات واوکد مستحبات است۔ قریب بہ درجہ واجبات ...... بہرحال جزم کیا جاتا ہے۔ کہ باوجود قدرت تارک زیارت قطعاً محروم وملوم وبدبخت۔ ومشوم آثم وگنہگار، وظالم وجفا کار ہے۔ والعیاذ باللہ عمالا یرضاہ، لاجرم علمائے دین، وائمہ معتمدین۔ تارک زیارت پر طعن شدید وتشنیع مدید کرتے آئے کہ ترک، مستحب پر ہرگز نہیں ہوسکتی۔

علامہ رحمتہ اللہ علیہ تلمیذ امام ہمام نے لباب میں فرمایا ترک زیارت بڑی غفلت اور سخت بے ادبی ہے۔ امام ابن حجر مکی نے ''جوہر منظم'' میں تارک زیارت پر قیامت کبریٰ قائم فرمائی۔ فرماتے ہیں۔ خبردار ہو حضور اقدس ﷺ نے تجھے حد درجہ ڈرایا۔ اور اس کی آفتوں سے وہ کچھ بیان فرمایا کہ اگر تو اسے غور سے سمجھے تو اپنے اوپر ہلاکت وبدانجامی کا خوف کرے۔ حضور نے صاف فرمادیا ترک زیارت جفا ہے۔

حضرت رضا بریلوی اقوال واحادیث کی روشنی میں تارک زیارت کا حکم صادر کرتے ہوئے فرماتے ہیں...... ''وہ عشق نامراد، ذلیل وخوار، مستحق نار، خدا ورسول سے دور ہے اس پر ان سب عذابوں پر، مردود بارگاہ ہونے کی دعاء حضرت جبرئیل امین اور حضور سید المرسلین نے فرمائی۔ وہ راہ جنت بھول گیا۔ حد بھر کا بخیل، ملعون، بے دین ہے۔ اپنے نبی ﷺ کے دیدار جمال جہاں آرا سے محروم رہے گا، والعیاذ باللہ تعالیٰ'' (33)

یہ ہے حضرت رضا بریلوی کی شخصیت اوران کے عشق کا تیور کہ شہر محبوب خدا میں عدم حاضری کے لئے جولوگ حیلے بہانے بناتے اور راہ فرار اختیار کرنے کی دھن میں ہوتے ہیں ان کی غیرت دینی حمیت مذہبی کو ایسا للکارا اوران کے فکر وخیال کی مصنوعی دیوار پر دلائل وحقائق کا وہ پتھر برسایا کہ بنیادیں ہل گئیں۔ تار وپود بکھر گئے ہیں۔ ورق ورق ناموس عشق کی پاسبانی کررہا ہے۔ اور صفحہ صفحہ غیرت حق کا خطبہ پڑھ رہا ہے۔ اس مدلل فتویٰ کی روشنی میں یہ حقیقت واشگاف

Marfat.com

فرمادی ہے کہ بارگاہ رسول کی حاضری قریب بہ واجب اور سرفرازی کونین کی ضامن ہے۔ اور ترک زیارت اپنے محسن نبی پر جفا اور شقاوت دارین کا باعث ہے۔ قبول حق اور انصاف پسندی کی حرارت اگر نقطۂ انجماد تک نہیں پہنچی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کی روشنی اور رہبری میں آوارہ فکریں منزل نہ پائیں اور دل ودماغ کے خشک سوتے عشق نبوی کے آب زلال سے سرشار نہ ہو جائیں۔ یہ ان کا کمال عشق ہے کہ وہ زندگی وبندگی کے ہر معاملے میں عشق مصطفیٰ کی چنگاری تلاش کرتے ہیں۔ وہ عشق مصطفیٰ سے ہٹ کر کسی عبادت وریاضت کے قائل نہیں بلکہ وہ تو اسے ہباءً منثوراً، بیکار اورنا کارہ سمجھتے ہیں۔ سرکار کی محبت کو اصل الاصول کا درجہ دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔ ؎

صدیق بلکہ غار میں جاں ان پہ دے چکے
اورحفظ جاں تو جان فروض غرر کی ہے
مولیٰ علی نے واری تیری نیند پر نماز
اور وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر کی ہے
ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں
اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے

اور اپنے ملفوظات شریف میں فرماتے ہیں۔

''قیامت کے دن ایک شخص حساب کے لئے بارگاہ رب العزت میں لایا جائے گا اس سے سوال ہوگا کیا لایا؟ وہ کہے گا۔ میں نے اتنی نمازیں پڑھیں۔ علاوہ فرض کے، اتنے روزے رکھے۔ علاوہ ماہ رمضان کے۔ اس قدر خیرات کی، علاوہ زکوٰۃ کے۔ اور اس قدر حج کئے۔ علاوہ حج فرض کے۔ وغیر ذلک۔ ارشاد باری ہوگا'' ھل ولیت لی ولیا دعادیت لی عدواً

کبھی میرے محبوں سے محبت اور میرے دشمنوں سے عداوت بھی رکھی'' تو عمر بھر کی عبادت ایک طرف اور خدا ورسول کی محبت ایک طرف، اگر محبت نہیں سب عبادات وریاضات بیکار (34)

اسی میں دوسری جگہ فرماتے ہیں۔

''نماز ہو یا کوئی عمل صالح وہ سب اس سرکار کی غلامی وبندگی کی فرع ہے جب تک ان کا غلام نہ ہولے کوئی بندگی کام نہیں دے سکتی ولہٰذا قرآن عظیم میں ان کی تعظیم کو اپنی عبادت سے مقدم رکھا کہ فرمایالتو ٔمنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ و

توقروہ و تسبحوہ بکرۃ و اصیلا تا کہ تم ایمان لاؤ اللہ ورسول پر اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو۔ اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو۔ یعنی نماز پڑھو۔ تو سب میں مقدم ایمان ہے کہ بے اس کے تعظیم رسول مقبول نہیں۔ یوں تو عبداللہ تمام جہان ہے مگر سچا عبداللہ وہ ہے جو" عبد مصطفیٰ" ہے ورنہ عبد شیطان ہوگا والعیاذ باللہ تعالیٰ (35)

اللہ کا بندہ ہونا آسان ہے مگر راز بندگی کو سمجھنا بندگی کی تہہ میں چھپے ہوئے لعل وگہر سے آشنا ہونا۔ اور شان بندگی کو اس انداز سے دیکھنا جس انداز سے حضرت رضا بریلوی نے دیکھا ہے یہ انہیں کے عشق کا حصہ ہے۔ عبداللہ بن جانے کی طرف جو آپ نے اشارہ کیا ہے وہ خود آپ کے فنافی الرسول سے فنافی اللہ ہوجانے کا روشن ثبوت ہے...... فہم کا یہی عروج۔ فکر کا یہی ارتقاء اور فنا للبقاء کا یہی وہ داعیہ تھا جس نے آپ کو اپنے آبائی نام "احمد رضا" کے ساتھ "عبدالمصطفیٰ" لکھنے پر مجبور کیا تھا اور اپنے اس انداز محبت پر ان کو اتنا ناز تھا کہ ایک شعر میں فرماتے ہیں۔

خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے "عبد مصطفیٰ"

تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

آپ اپنے دستخط میں احمد رضا کے ساتھ ہمیشہ عبدالمصطفیٰ لکھتے تھے۔ لیکن اس کے بعد عبدالمصطفیٰ پر بے شمار اعتراضات ہوئے کسی نے ایک سوال لکھ کر اعلیٰ حضرت رضا بریلوی کی بارگاہ میں بھیجا ......... "زید کہتا ہے کہ مولانا احمد رضا خاں ہر کتاب اور ہر خط میں لکھتے ہیں "راقم عبدالمصطفیٰ" خدا جل جلالہ کے سوا دوسرے کا عبد کوئی کیسے بن سکتا ہے۔ اس کا جواب اعلیٰ حضرت بریلوی نے مفصل طور پر تحریر فرمایا۔

"الجواب"...... اللہ عزوجل فرماتا ہے "وانکحو الایامیٰ منکم والصالحین من عبادکم وامائکم "ہمارے غلاموں کو ہمارا بندہ فرمایا کہ تم میں جو عورتیں بے شوہر ہوں انہیں بیاہ کردو اور تمہارے بندوں اور تمہاری باندیوں میں جو لائق ہوں ان کا نکاح کردو" رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "لیس علی المسلم فی عبدہٖ ولا فی فرسہ صدقۃ"۔ مسلمان پر اس کے بندے اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں۔ یہ حدیث صحیح بخاری و مسلم اور باقی سب صحاح میں موجود ہے۔ امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجمع صحابۂ کرام

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جمع فرما کر علانیہ فرمایا کہ ''کنت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و کنت عبدہ و خادمہ'' میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ میں حضور کا بندہ اور خدمت گار تھا۔ یہ حدیث شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے ''ازالتہ الخفاء؟ بحوالہ ابوحنیفہ و کتاب الریاض النقرۃ لکھی اور اس سے سند لی اور مقبول رکھی، مثنوی شریف میں قصہ خریداری بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضور پر نور ﷺ سے عرض کی۔

گفت ما دو بندگان کوئے تو　کردمش آزاد ہم بروئے تو

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ قل یعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسھم لاتقنطوا من رحمتہ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ھو الغفور الرحیم۔ حضرت مولوی معنوی قدس سرہ مثنوی شریف میں فرماتے ہیں۔

بندۂ خود خواند احمد در رشاد　جملہ عالم رانجواں قل یعباد

مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے حاشیہ شمائم امدادیہ میں قرآن کریم کا یہی مطلب ہونے کی تائید کی ہے کہ ''تمام جہاں رسول اللہ ﷺ کا بندہ ہے............عبداللہ بمعنیٰ خلق خدا و ملک خدا تو ہر مومن و کافر ہے۔ مگر مومن وہی ہے جو عبدالمصطفیٰ ہے۔ امام الاولیاء مرجع العلماء حضرت سیدنا سہیل بن عبداللہ تستری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔'' من لم یر نفسہ فی ملک النبی صلی اللہ علیہ وسلم لایذوق حلاوۃ الایمان''۔

جو اپنے آپ کو نبی ﷺ کا مملوک نہ جانے ایمان کا مزہ نہ چکھے گا۔ آخر نہ دیکھا جب اللہ عزوجل نے محمد ﷺ کا نور سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشانی میں ودیعت کیا اور اس نور کی تعظیم کے لئے تمام ملائکہ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو سجدہ کا حکم دیا سب نے سجدہ کیا۔ ابلیس لعین نے نہ کیا۔ کیا وہ اس وقت عبداللہ ہونے سے نکل گیا۔ اللہ کا مخلوق اللہ کا مملوک نہ رہا، حاشا یہ تو ناممکن ہے۔ بلکہ نور مصطفیٰ کی تعظیم کو نہ جھکا عبدالمصطفیٰ نہ بنا لہٰذا مردود ابدی معلون سرمدی ہوا۔ آدمی کو اختیار ہے چاہے عبدالمصطفیٰ بنے اور ملٰئکہ مقربین کا ساتھی ہو۔ یا اس سے انکار کرے اور ابلیس لعین کا ساتھ دے والعیاذ باللہ رب العالمین واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاویٰ افریقہ امام

Marfat.com

احمد رضا (36)

حضرت رضا بریلوی کمال کے متلاشی تھے اسی لئے ان کی نظریں سراپائے محبوب، تذکرہ محبوب میں کمال کو تلاش کر کے ہی رہتی تھیں۔ان کا معیار محبت اتنا بلند تھا کہ اس بلندی کو جھانکتے ہوئے کجکلاہان زمانہ کی کجکلاہی عاجز ہے۔تاہم بہت سے حضرات نے ان کے "شدت عشق" کو عقل کے پیمانے سے ناپنے کی کوشش کی ہے۔جذب محبت کو مختلف انداز سے سمجھا اور بیان کیا ہے۔اوراس ضمن میں طعن وطنز کے تیر بھی چلائے ہیں۔شاید وہ یہ نہیں سمجھ سکے کہ دشمن کون ہے۔ اور دوست کون۔اللہ اوراس کے رسول کا وفادار کون ہے۔اور غدار کون،کون کلیجے سے لگائے جانے قابل ہے اور کون ٹھکرا دیئے جانے کے لائق۔دوستی کا اصل معیار کیا ہے۔حضرت رضا بریلوی نے باب مدینۃ العلم حضرت علی مشکل کشا رضی اللہ عنہ کے قول سے اس کی عقدہ کشائی کی ہے۔اور معیار محبت کو نکھار کر پیش کر دیا ہے۔اوراس معیار محبت کی روشنی میں اپنی شخصیت کے بعض نجی پہلو کو اس طرح بیان کیا ہے کہ ایمان کی کلیاں جھومنے لگتی ہیں۔ملاحظہ ہوں انہیں کی زبانی۔

"امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ الکریم فرماتے ہیں۔الاعداء ثلثة عدوک وعدو صديقک وصديق عدوک۔دشمن تین ہیں ایک تیرا دشمن،ایک تیرے دوست کا دشمن اور ایک تیرے دشمن کا دوست،اللہ عزوجل کے دشمن تینوں قسم کے ہیں۔ایک تو ابتداءً اس کے دشمن،دوسرے وہ کہ محبوبان خدا کے دشمن ہیں۔تیسرے وہ کہ ان دشمنوں میں کسی کے دوست ہیں...... ہر مسلمان پر فرض اعظم ہے کہ اللہ کے سب دوستوں سے محبت رکھے۔اوراس کے سب دشمنوں سے عداوت رکھے یہ ہمارا عین ایمان ہے............ بحمداللہ تعالیٰ میں نے جب سے ہوش سنبھالا اللہ کے سب دشمنوں سے دل میں سخت نفرت ہی پائی" (37)

اسی میں آگے چل کر ہے............ "الحمدللہ کہ میں نے مال من حیث ھو مال سے کبھی محبت نہ رکھی صرف انفاقاً فی سبیل اللہ کے لئے اس سے محبت ہے۔اسی طرح اولاد من حیث ھو اولاد سے بھی محبت نہیں صرف اس سبب سے کہ صلہ رحم عمل نیک ہے اس کا سبب اولاد ہے،اور یہ میری اختیاری بات نہیں۔میری طبیعت کا تقاضہ ہے (38)

حضرت رضا بریلوی اپنی محبت کے اسی میزان پر سب کو تولتے تھے ذرا سی بھی اگر کمی پائی یا جھول دیکھا۔یا ٹال مٹول کی کیفیت پائی تو فوراً آپ نے تنبیہ کیا۔مان گیا۔تو ٹھیک ہے ورنہ شرعی

Marfat.com

حکم سامنے رکھدیا، بہت سے لوگ جو اس معیار پر پورا نہیں اترتے تھے۔ پھر نتیجہ کے طور پر حضرت رضا بریلوی کے محاسبہ و تنقید کا شکار ہو جاتے تھے۔

دوست ہو یا دشمن، اپنا ہو یا بیگانہ، چھوٹا ہو یا بڑا جو بھی حضرت رضا بریلوی کے اس معیار کی زد پر جو بھی پڑا کٹ کے رہ گیا، وہ پورے عالم اسلام کے رہنما تھے، عالم اسلام کیلئے ان کا ضابطہ تھا، کہیں سے بھی کسی نے اگر ادب و توقیر میں کمی ہے تو آپ نے فوراً ٹوکا تعلیم ادب سے نوازا،

پوسٹ کارڈ وغیرہ کھلے کاغذ پر عام طور پر لوگ بڑی بے تکلفی سے اللہ اور رسول کا نام لکھتے ہیں۔ لیکن امام احمد رضا کا جذبۂ عشق و احتیاط دیکھئے وہ پوسٹ کارڈ وغیرہ پر اپنے مطلوب و محبوب کا نام نامی اس لئے نہیں لکھتے تھے کہ کھلا ہونے کی وجہ سے نہ معلوم اس پر کس کس کا ہاتھ پڑے گا۔ ان کے محبوب کے نام اقدس پر ہر کسی کا ہاتھ پڑا کرے یہ ان کو گوارہ نہیں تھا۔ فرماتے ہیں...... ''میں کبھی تین چیزیں کارڈ پر نہیں لکھتا۔ اسم جلالت ''اللہ اور محمد، اور احمد اور نہ کوئی آیت کریمہ مثلاً اگر رسول اللہ ﷺ لکھنا ہے تو یوں لکھتا ہوں۔ حضور اقدس علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام، یا اسم جلالت کی جگہ مولیٰ تعالیٰ (39)

ان کا مزاج کیسا ادب شناس، احترام آشنا، اور تعظیم و توقیر کے تقاضوں سے آگاہ تھا۔ سرور کائنات کے حضور انہیں ایسے الفاظ کا استعمال بھی پسند نہیں تھا جس سے تصغیر کی بو آئے۔ ایک بار حضرت مولانا سید شاہ اسماعیل حسن میاں نے آپ سے سیزدہ درود شریف نقل کرایا۔ حضور سید عالم ﷺ کی صفت میں لفظ حسین اور زاہد بھی تھا۔ حضرت نے نقل میں یہ دو لفظ تحریر نہ فرمائے اور فرمایا کہ حسین صیغۂ تصغیر ہے، اور زاہد اسے کہتے ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ حضور اقدس ﷺ کی شان میں ان الفاظ کا لکھنا مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن پھر میاں کے حکم کا احترام کرتے ہوئے نہایت لطافت کے ساتھ حسین کا لفظ اس طرح استعمال فرمایا کہ یہی صیغۂ تصغیر حضور اقدس ﷺ کی عظمت شان ظاہر کر رہا ہے اب درود شریف کی عبارت یوں ہوگئی۔ اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا محمد ن المصطفیٰ رفیع المکان المرتضی علی الشان . الذی رجیل من امتہ خیر من رجال السالفین وحسین من زمرتہ. احسن من کذا وکذا وحسنا من السابقین (40)

درود شریف کی تکمیل بھی ہوگئی۔ لفظ حسین کا موزوں استعمال ہوگیا۔ میاں صاحب کی بات بھی رہ گئی اور ادب کی پیشانی پر بل بھی نہیں آیا۔ آپ کا یہ وہ وصف ہے۔ جس نے ارباب نظر اور صاحب دل سب سے یکساں داد تبریک وصول کیا ہے۔ ان کا سب کام محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تھا۔ نہ کسی کی تعریف سے مطلب، نہ کسی کی ملامت کا خوف تھا۔ حدیث شریف من احب اللہ

Marfat.com

واعطیٰ للله ومنع للهٔ فقد استکمل الایمان کے مصداق تھے۔ آپ کسی سے محبت کرتے تو اللہ ہی کے لئے، مخالفت کرتے تو اللہ ہی کے لئے، کسی کو کچھ دیتے تو اللہ ہی کے لئے۔ اور کسی کو منع کرتے تو اللہ ہی کے لئے۔ اگر وہ بد مذہبوں اور بے دینوں پر اشد تھے، تو دینداروں اور علمائے اہلسنت کے لئے رحماء بینہم کی زندہ تصویر بھی تھے۔ الکوکبۃ الشھابیہ میں فرماتے ہیں......... ''آدمی فقط زبان سے کلمہ پڑھنے، یا اپنے آپ کو مسلمان کہنے سے مسلمان نہیں ہوتا جب تک کہ اس کا قول یا فعل اس کے دعوے کا مکذب ہو''۔

غرض کہ ان کی حیات ہو یا وفات۔ ان کی ذات ہو یا صفات، معاملات ہوں یا عبادات دوستی ہو یا دشمنی۔ تحریر ہو یا تقریر جہاں کہیں بھی دیکھئے عشق رسول کی جلوہ طرازیاں ضرور نظر آئیں گی۔ وہ جی رہے تھے تو یاد مولیٰ میں اور جانے کی تمنا ہے تو وہ بھی یاد مولیٰ میں انکے درد جگر کی ٹیس دیکھئے۔ مولانا عرفان الحق کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں۔

''وقت مرگ قریب ہے اور میرا دل ہند تو ہند مکہ معظمہ میں بھی مرنے کو نہیں چاہتا ہے۔ اپنی خواہش یہی ہے کہ مدینہ طیبہ میں ایمان کے ساتھ موت اور بقیع مبارک میں خیر کے ساتھ دفن نصیب ہو، ورنہ وہ قادر ہے (41)

اپنے کئی خطوط میں آپ نے سفر آخرت کا ذکر فرمایا ہے تحریر کا انداز بتا رہا ہے جیسے تیاری ہو رہی ہو۔ نہ کوئی گھبراہٹ نہ کوئی پریشانی جیسے رخت سفر باندھا جا رہا ہو۔ جیسے وقت وصال محبوب قریب سے قریب آ گیا ہو۔'' بے شک قرآن کریم میں انہی حضرات کے لئے ارشاد ہوا ہے۔ یا ایتھا النفس المطمئنہ ارجعی الیٰ رب راضیۃ مرضیہ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی۔ اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف راضی خوش لوٹ آ۔ پس میرے بندوں میں داخل ہو۔ اور میری جنت میں چلا جا'' رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔ خدا ان سے راضی اور وہ خدا سے راضی (42) اپنے مولیٰ کی رضا پر وہ ایسے راضی تھے کہ انہی پہ یقین تھا کہ ؎

قبر میں لہرائیں گے تاحشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی

قبر کی تاریکی۔ اکیلا پن، اندھیرا گھر اور اس پر نکیرین کے سوالات یہ وہ خدشات ہیں کہ بڑے بڑے سورماؤں کہ کلیجے دہل جاتے ہیں۔ مگر حضرت رضا بریلوی کا سکون دیکھئے۔ فرماتے ہیں۔ ؎

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

Marfat.com

ظلمت قبر کو دور کرنے کا کوئی اور مادی ذریعہ ہوتا تو لوگ نہ جانے اس کے لئے کیا کیا کرتے دولت و ثروت کے عوض اگر ملنے والی چیز ہوتی تو عظیم سلطنت کا سودا کرنے سے بھی لوگ دریغ نہیں کرتے۔ لیکن اسے کیا کیجئے یہاں تو معاملہ ہی دوسرا ہے۔ مگر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے حضرت رضا بریلوی نے تمام مومنین کے لئے روشنی کا سامان کر دیا ہے۔ جو چراغ فکر آپ نے جلایا ہے جس کا جی چاہے فائدہ اٹھالے۔ دیکھئے کس یقین کے ساتھ فرماتے ہیں۔

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے

واہ کیا بات ہے رضا کے عشق کی زمین کے اوپر رہا تو عشق مصطفٰے کا چراغ فروزاں کرتا رہا دلوں کی بنجر اور سنسان آبادی کو عشق کے نغموں سے گرماتا رہا۔ دوست و دشمن کو اپنے اسی لگن اور مشن کا پیغام بانٹتا رہا، زمین کے اندر گیا تو بھی عشق کی سوغات نور لیتا گیا۔ مرقد رضا پر آج جو نور و ضیاء کی چاندنی پھیلی ہوئی ہے۔ روشن روشن اور جگمگ جگمگ جو فضا ہے اسے ہر زائر اپنی نگاہ ظاہر سے بھی محسوس کر سکتا ہے۔ یہ جلوہ عشق اس کی شخصیت پر کہاں تک چھایا ہوا اور کس انداز سے ان کی حیات میں رچا بسا ہوا ہے ذرا قبر سے بروز حشر اٹھنے کا یہ انداز تو دیکھئے۔

یاالٰہی جب رضا خواب گراں سے سر اٹھائے
دولت بیدار عشق مصطفٰے کا ساتھ ہو

اس جذب و مستی، سرشاری و وارفتگی پر تو یہ سارا عالم ہی نہیں بلکہ کروڑوں جہاں قربان کئے جاسکتے ہیں کیا ایمان افروز دیوانگی ہے، اور جہاں بھی ہے یہ شیفتگی و نیاز کیشی اور ذوق فدائیت اپنے پورے شباب ہے۔ قیامت کی ہولناکی، افراتفری و نفسانفسی سے کون واقف نہیں ہے۔ مگر جو رحمت عالم کے دامان کرم میں چھپا ہو۔ جو ان کے سایۂ عاطفت میں جگہ پاچکا ہو وہ تو وہاں بھی ان کی مدح سرائی اور نعت خوانی کی آرزو کر رہا ہے۔ دو بند سلام کے نذرانے پیش کرلوں۔ اسی حسرت میں مچل رہا ہے دیکھئے ان کے حریم خیال کی جمال آفرینی فرماتے ہیں۔

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفٰے جان رحمت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

# حوالے

# حضرت رضا بریلوی کی شخصیت

# تصور عشق کے حوالے سے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | امام احمد رضا اور تصوف | مولانا محمد احمد مصباحی | ص34 |
| 2 | اقامتہ القیامۃ۔ (مشمولہ فتاوٰی رضویہ جلد 12) | امام احمد رضا | ص78 |
| 3 | // // | // // | ص77 |
| 4 | الامن والعلیٰ | // // | ص94 |
| 5 | // // | // // | ص103 |
| 6 | // // | // // | ص219 |
| 7 | صلات الصفا فی نور المصطفٰے (1329ھ) | امام احمد رضا مطبوعہ کراچی ملخصاً | ص61,59 |
| 8 | خالص الاعتقاد (1338ھ) | امام احمد رضا مکتبہ مشرق بریلی | ص51 |
| 9 | الملفوظ 2 | حضور مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفٰے رضا قادری | ص45 |
| 10 | امام احمد رضا اور تصوف | مولانا محمد احمد مصباحی | ص43,42 |
| 11 | // // | // // | ص44,43 |
| 12 | // // | // // | ص50 |
| 13 | عشق کی سرفرازیاں | مولانا مبارک حسین مصباحی | ص9,8 |
| 14 | امام احمد رضا اور تصوف | مولانا محمد احمد مصباحی | 41,40 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | اکرام امام احمد رضا | مولانا برہان الحق | ص80,78 |
| 16 | دل کی آشنائی | علامہ ارشد القادری | ص15,13 |
| 17 | قاری کا امام احمد رضا نمبر دہلی | اپریل1989ء | ص259 |
| 18 | سوانح اعلحضرت | مولانا بدرالدین | ص391 |
| 19 | فتاویٰ رضویہ جلد12 | امام احمد رضا | ص149,148 |
| 20 | امام احمد رضا کے ایمان افروز وصایا | مولانا حسنین رضا | ص22 |
| 21 | فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص200,199 |
| 22 | الملفوظ جلد1 | حضور مفتی اعظم مولانا الشاہ مصطفےٰ رضا قادری | ص37 |
| 23 | قاری کا امام احمد رضا نمبر (دہلی) | اپریل1989ء | ص248 |
| 24 | فتاویٰ رضویہ جلد1 | امام احمد رضا | ص408 |
| 25 | // // | // // | ص456 |
| 26 | // // | // // | ص552 |
| 27 | // // | // // | ص442 |
| 28 | حیات اعلحضرت ج1 | مولانا ظفرالدین بہاری | ص283 |
| 29 | مکتوبات امام احمد رضا محدث بریلوی | مرتبہ مولانا محمود احمد قادری | ص18 |
| 30 | حیات اعلیٰ حضرت | مولانا ظفرالدین بہاری | ص209 |
| 31 | امام احمد رضا ایک ہمہ جہت شخصیت | مولانا کوثر نیازی | ص |
| 32 | الطرۃ الرضیہ | امام احمد رضا، الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور | ص26 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 33 | النیرۃ الوضیہ | امام احمد رضا، ناشر الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور ملخصاً | ص54,50 |
| 34 | الملفوظ جلد 1 | مرتبہ مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفیٰ رضا قادری | ص107 |
| 35 | الملفوظ جلد 1 | مرتبہ مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفیٰ رضا قادری | ص67 |
| 36 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا | ص121,119 |
| 37 | الملفوظ ج2 | مرتبہ مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفیٰ رضا قادری | ص87 |
| 38 | الملفوظ ج3 | مرتبہ مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفیٰ رضا قادری | ص56 |
| 39 | الملفوظ ج1 | مرتبہ مفتی اعظم ہند الشاہ مصطفیٰ رضا قادری | 116,115 |
| 40 | قاری کا امام احمد رضا نمبر (دہلی) | اپریل 1989ء | ص348 |
| 41 | حیات اعلیٰ حضرت | مولانا ظفر الدین بہاری | ص316 |
| 42 | اکرام امام احمد رضا (حاشیہ) | مولانا برہان الحق | ص117 |

Marfat.com

# حضرت رضا بریلوی کا تصور عشق تصانیف کے حوالے سے

عشق و محبت رسول ہی ایک مومن کا سرمایۂ حیات اور اس کی اخروی فیروزمندیوں کی بہترین ضمانت ہے۔ کسی زبان پر اسلام کا کلمہ اور دل میں پیغمبر اسلام کے مخصوص فضائل و کمالات کا جذبۂ انکار، اس کی ابدی شقاوتوں اور بدبختیوں کی منھ بولتی تصویر ہے...... خوش نصیب ہے وہ دل جو محبوب خدا علیہ التحیہ والثناء کا مسند ناز ہے اور فیروز بخت ہے وہ روح جو آقائے کونین ﷺ کا محرم راز ہے...... یوں تو حضرت رضا بریلوی کے دامن حیات پر تبحر علمی، ندرت خیالی، اخلاص وللّٰہیت، شخصیت کی عبقریت کے بے شمار پھولوں نے مینا کاری کی ہے۔ تاہم ان میں ایک گل شاداب بھی ہے جس کی دلآویزی و دلکشی اور شمیم بیزی و نکہت ریزی سب سے جدا، ممتاز اور نرالی ہے۔ اس حسین پھول کا نام ''عشق رسول'' ہے، مجمع و تنہائی، حال و قال، جلوت و خلوت، رزم و بزم، سب کی سب عشق رسول کی نغمگی سے مست و سرشار ہے۔ ان کی سیرت کا قاری قدم قدم پر ان کے جذبوں کے اس لالہ زار سے متاثر و متحیر ہوتا ہے۔ وہ چاہے جس فن اور موضوع پر علمی و فکری گلکاری کر رہے ہوں '' محبت رسول کا دامن کہیں بھی ان کے ہاتھ سے چھوٹنے نہیں پاتا۔ بات چاہے اعتقاد کی ہو یا اعمال کی۔ گفتگو چاہے فقہ پر ہو یا منطق پر، موضوع جدید سائنس ہو یا قدیم فلسفہ۔ ہر جگہ وہ ایک عاشق رسول کی حیثیت سے نمایاں نظر آتے ہیں۔ ان کی فکر و تحقیق میں عشق رسول کا عنصر اور عظمت مصطفےٰ کا خمیر ضرور شامل رہتا ہے۔ دیگر اور محققین و مفکرین نے بھی اس موضوع کو اپنایا ہے اور اپنے اپنے اعتبار سے نبھانے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہاں عالم یہ ہے کہ ایک دو موضوع یا مقالہ و تصنیف نہیں اپنی تقریباً (ہزار) کتابوں کے معتد بہ ذخیرہ میں آپ نے اس عظیم عنوان پر مختلف انداز سے گہر ریزی کی ہے۔ اور سیرت مصطفےٰ کے متنوع جلووں کا آشکارا کیا ہے۔ علمی کارنامے چودہ صدی سے چلے آرہے ہیں، مگر لغزش قلم اور سبقت لسانی سے بھی محفوظ رہنا اپنے بس کی بات نہیں، لیکن یہاں عالم یہ ہے کہ اتنا کچھ لکھا مگر کہیں بھی کسی طرح کا کوئی جھول نہیں۔ تضاد بیانی نہیں، فکری تصادم نہیں،

Marfat.com

خیالات کا ٹکراؤ نہیں۔ جیسے رب قدیر نے اپنی عنایتوں سے ان کے افکار و خیالات پر اپنی رحمت کی چادر تان دی تھی، جیسے رسول رحمت نے اپنے کرم سے ان کے قلم کو اپنی حفاظت کے آشیانے میں لے لیا تھا۔

حضور محدث اعظم ہند تحریر فرماتے ہیں۔

''ہم کو اور ہمارے سارے علمائے عرب و عجم کو یہ اعتراف ہے کہ حضرت شیخ محقق دہلوی، بحر العلوم فرنگی محلی، یا پھر اعلیٰ حضرت کی زبان و قلم کا حال یہ دیکھا کہ مولیٰ تعالیٰ نے اپنی حفاظت میں لے لیا ہے۔ اور زبان و قلم نقطہ برابر خطا کرے اس کو ناممکن فرما دیا (1)

اوراق ذیل میں ان کی سیکڑوں کتابوں میں سے چند کا عشق رسول کے حوالے سے مختصر جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

## (1) تمہید ایمان بآیات قرآن

یہ آپ کی چھوٹی سی کتاب ہے۔ جو صرف پچھتر صفحات پر مشتمل ہے۔ تاہم اس کی عظمت و معیار کا عالم ہے کہ اس میں صرف قرآنی آیات کے حوالے سے گفتگو کی ہے، 75/ صفحے کی کتاب میں 33/ آیات قرآنی کو اپنے موقف کے ثبوت میں آپ نے پیش کیا ہے، آپ کے اپنے خاص اسلوب تحریر سے ہٹ کر یہ کتاب بڑے سادہ سلیس اور عام فہم انداز میں آپ نے تالیف کی ہے اور اس کا مخاطب عام مسلمان بھائیوں کو آپ نے بنایا ہے اس لئے سطر سطر سے آپ کا درد دل عیاں ہے، آغاز کلام ہی میں مسلمان بھائیوں سے عاجزانہ، دست بستہ عرض کرتے ہیں۔

''اللہ آپ سب حضرات کو اور آپ کے صدقے میں اس ناچیز کثیر السیئات کو دین حق پر قائم رکھے اور اپنے حبیب محمد رسول اللہ ﷺ کی سچی محبت دل میں سچی عظمت دے اور اسی پر ہم سب کا خاتمہ کرے، آمین یا ارحم الراحمین (2)

مسلمانوں کی اصل کامیابی کا راز سرور کونین ﷺ کی سچی محبت اور غلامی میں پوشیدہ ہے تخلیق انسانی کا مقصد قرآن حکیم نے اللہ تعالیٰ کی عبادت قرار دیا ہے۔ عبادت کا پورا دار و مدار ایمان پر ہے اور ایمان کا انحصار حضور ﷺ کی محبت و عظمت پر۔

Marfat.com

حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

"تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے۔'انا ارسلنک شاھدا ومبشرا ونذیرا لتومنوا باللہ ورسولہ و تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ بکرۃ و اصیلا'۔(9/26) اسے نبی بے شک ہم نے تمہیں بھیجا گواہ اور خوشخبری دیتا اور ڈرسناتا تاکہ اے لوگوں! تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو "مسلمانوں دیکھو دین اسلام بھیجنے، قرآن مجید اتارنے کا مقصود ہی تمہارا مولیٰ تبارک وتعالیٰ تین باتیں بتاتا ہے۔

اول یہ کہ لوگ اللہ ورسول پر ایمان لائیں،

دوم یہ کہ رسول اللہ ﷺ کی تعظیم کریں

سوم یہ کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں رہیں

مسلمانو! ان تین جلیل باتوں کی جمیل ترتیب تو دیکھو سب میں پہلے ایمان کو فرمایا اور سب میں پیچھے اپنی عبادت کو، اور بیچ میں اپنے پیارے حبیب ﷺ کی تعظیم کو۔ اس لئے کہ بغیر ایمان تعظیم بکار آمد نہیں۔ بہتر ے نصاریٰ ہیں کہ نبی ﷺ کی تعظیم وتکریم اور حضور پر سے دفع اعتراضات کافران لئیم میں تصنیفیں کر چکے۔ مگر جب کہ ایمان نہ لائے کچھ مفید نہیں کہ یہ ظاہری تعظیم ہوئی، دل میں حضور اقدس ﷺ کی سچی عظمت ہوتی تو ضرور ایمان لاتے، پھر جب تک نبی ﷺ کی سچی تعظیم نہ ہو عمر بھر عبادت الٰہی میں گذارے سب بیکار و مردود ہے۔ بہتیرے جوگی اور راہب ترک دنیا کر کے اپنے طور پر عبادت الٰہی میں عمر کاٹ دیتے ہیں۔ بلکہ انمیں بہت وہ ہیں کہ لا الہ الا اللہ کا ذکر سیکھتے اور ضربیں لگاتے ہیں۔ مگر از انجا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی تعظیم نہیں کیا فائدہ؟

وقدمنا الیٰ ما عملو من عمل فجعلنہ ھباء منثورا (19/15) جو کچھ اعمال انہوں نے کئے ہم نے سب برباد کردیئے...... مسلمانو! کہو محمد رسول اللہ ﷺ سے کی تعظیم مدار ایمان مدار نجات و مدار قبول ہوئی یا نہیں کہو ہوئی اور ضروری ہوئی (3)

ان سطور سے اس بات کی وضاحت ہوگئی کہ دین حق کی شرط اول حضور ﷺ کی دل سے تعظیم ہے اور تعظیم بغیر محبت کے متصور نہیں تو حضور ﷺ کتنی اور کیسی محبت درکار ہے۔ آیات واحادیث کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو تمام جہان سے زیادہ محبوب رکھے، اگر اس میں کچھ کمی اور خامی

Marfat.com

ہوتو پھر وجود ایمان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ کہنا تو بہت آسان ہے کہ ہمیں حضور ﷺ سے کامل محبت ہے۔ مگر اس محبت کے معیار پر پورا اترنا بہت مشکل،

شیخ سرہندی حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''تولا بے تبرا نیست ممکن'' دوستی دشمنی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔.......... تقاضائے محبت یہ ہے کہ جس سے دوستی ہے اس کے متعلقات و منسوبات سے بھی محبت کرے اور اس کے دشمنوں بدگویوں سے دلی بغض و نفرت رکھے یہ بھی کوئی دوستی ہے کہ دوست سے دوستی اور اس کے دشمنوں بدخواہوں سے انس و لگاؤ بھی، یہ تو دوسروں کو دھوکہ دینے کے ساتھ خود کو بھی فریب میں مبتلا کرنا ہے..... حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

''بھائیو...... ! ذرا کان لگا کر اپنے رب کا ارشاد سنو۔ تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے الم احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا آمنا وھم لایفتنون (13/20) کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے، اور ان کی آزمائش نہ ہوگی۔

یہ بات مسلمانوں کو ہوشیار کر رہی ہے کہ دیکھو کلمہ گوئی اور زبانی ادعائے مسلمانی پر تمہارا چھٹکارا نہ ہوگا، ہاں ہاں سنتے ہو آزمائے جاؤ گے۔ آزمائش میں پورے نکلے تو مسلمان ٹھہرو گے ...... ہر شئے کی آزمائش میں یہی دیکھا جاتا ہے کہ جو باتیں اس کے حقیقی، واقعی ہونے کو درکار ہیں وہ اس میں ہیں یا نہیں۔ ابھی قرآن وحدیث ارشاد فرما چکے کہ ایمان کے حقیقی و واقعی ہونے کو دو باتیں ضرور ہیں۔ محمد رسول اللہ ﷺ کی تعظیم اور محمد رسول اللہ ﷺ کی محبت کو تمام جہاں پر تقدیم تو اس کی آزمائش کا صریح طریقہ یہ ہے کہ تم کو جن لوگوں سے کیسی ہی تعظیم اور کتنی ہی عقیدت، کتنی ہی دوستی، کیسی ہی محبت کا علاقہ ہو، جیسے تمہارے باپ، تمہارے استاد، تمہارے پیر، تمہاری اولاد، تمہارے بھائی، تمہارے احباب، تمہارے بڑے، تمہارے اصحاب ...... وغیرہ کسے باشد۔ جب وہ محمد رسول اللہ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کریں۔ اصلاً تمہارے قلب میں ان کی عظمت، ان کی محبت کا نام نشان نہ رہے، فوراً ان سے الگ ہو جاؤ۔ دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو........ اور اگر یہ نہیں بلکہ محمد رسول اللہ ﷺ کے مقابل تم نے اس

Marfat.com

کی بات نبھانی چاہی۔ اس نے حضور سے گستاخی کی اور تم نے اس سے دوستی نباہی...... یا اس قدر کہ تم نے اس امر میں بے پرواہی منائی۔ یا تمہارے دل میں اس کی طرف سے سخت نفرت نہ آئی۔ تو للہ اب تمہیں انصاف کرلو کہ تم ایمان کے امتحان میں کہاں پاس ہوئے۔ قرآن وحدیث نے جس پر حصولِ ایمان کا مدار رکھا تھا۔ (4)

اس نگارش وگذارش کا نچوڑ یہ ہوا کہ جو اللہ یا رسول اللہ کی جناب میں گستاخی کرے۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس سے دور رہیں، اس سے دوستی نہ کریں۔ جس کا صریح مفاد یہ ہوا کہ جو اس سے دوستی کرے وہ مسلمان نہ ہوگا۔ آگے حضرت رضا بریلوی نے قرآن کریم کی آیات بینات سے ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے گستاخ سے (اگر چہ وہ اپنا باپ ہی ہو) جو یک لخت علاقہ توڑ لے اس کے لئے سات عظیم فائدے، اور جو رسول اللہ ﷺ کے بدگویوں سے محبت کا برتاؤ کرے اس کے لئے سات بڑے خسارے ہیں۔۔ قدرے تفصیل انہیں کی زبانی...... "تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے

لاتجد قوما یومنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاداللہ ورسولہ ولو کانو آباء ھم او ابناء ھم اواخوانھم او عشیرتھم . اولٰئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ ویدخلھم جنت تجری من تحتھا الانھر خلدین فیھا رضی اللہ عنھم ورضو عنہ اولٰئک حزب اللہ الا ان حزب اللہ ھم المفلحون (3/28) "تو نہ پائے گا انہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ اور قیامت پر کہ ان کے دل میں ایسوں کی محبت آنے پائے جنہوں نے خدا اور رسول سے مخالفت کی، چاہے وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش کر دیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی۔ اور انہیں باغوں میں لیجائے گا۔ جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، ہمیشہ رہیں گے ان میں، اللہ ان سے راضی وہ اللہ سے راضی۔ یہی لوگ اللہ والے ہیں۔ سنتا ہے اللہ والے ہی مراد کو پہنچے"۔

حضرت رضا بریلوی اس آیت کریمہ کے گلشن سے گل چینی کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔" دیکھو! وہ تمہیں اپنی رحمت کی طرف بلاتا، اپنی عظیم نعمتوں کا لالچ دلاتا ہے کہ اگر اللہ ورسول کی عظمت کے آگے تم نے کسی کا پاس نہ کیا۔ کسی سے علاقہ نہ رکھا تو تمہیں کیا کیا فائدے حاصل ہوں گے۔ (1) اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں ایمان نقش کر دے گا۔ جس میں انشاء اللہ تعالیٰ حسن خاتمہ کی بشارت جلیلہ ہے کہ اللہ کا لکھا نہیں مٹتا (2) اللہ تعالیٰ روح القدس سے تمہاری مدد فرمائے گا۔ (3) تمہیں ہمیشگی کی جنتوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (4) تم خدا کے گروہ کہلاؤ

Marfat.com

گے خدا والے ہو جاؤ گے (5) منہ مانگی مرادیں پاؤ گے۔ بلکہ امید و خیال وگمان سے کروڑوں درجے افزوں (6) سب سے زیادہ یہ کہ اللہ تم سے راضی ہوگا (7) یہ کہ فرماتا ہے میں تم سے راضی تم مجھ سے راضی، بندے کے لئے اس سے زائد اور کیا نعمت ہوگی کہ اس کا رب اس سے راضی ہو۔ مگر انتہائے بندہ نوازی یہ کہ فرمایا اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی' اور اگر جو کوئی اس حکم جلیل کے آگے سر تسلیم خم نہ کرے فرمان والاشان کا دل وجان سے پاس نہ کرے وہ جس سے چاہے دوستی کرے اور جس سے چاہے دشمنی تو پھر ایسوں کے لئے دردناک عذاب کا تازیانہ عبرت بھی ہے۔ اس میں بھی رحمت کے جلوے مسکرا رہے ہیں کہ جو پست ہمت نعمتوں کے لالچ میں نہ آئیں، سزاؤں کے ڈر سے راہ یاب ہو جائیں...... حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں

''تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے...... ''یایھا الذین آمنو ا لاتتخذو آبائکم واخوانکم اولیاء ان استحبو الکفر علی الایمان ومن یتولھم منکم فاولئک ھم الظلمون (9/10) اے ایمان والو اپنے باپ اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں، اور تم میں جو ان سے رفاقت کریں تو وہی لوگ ستمگار ہیں۔ اور فرماتا ہے یایھا الذین آمنو لاتتخذ واعدوی وعدوکم اولیاء (لی قولہ تعالیٰ) لن تنفعکم ارحامکم ولا اولادکم یوم القیمتہ یفصل بینکم واللہ بما تعملون بصیر (7/28) اے ایمان والو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم چھپ کر ان سے دوستی کرتے ہو۔ اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہو۔ اور تم میں جو ایسا کرے گا وہ ضرور سیدھی راہ سے بہکا، تمہارے رشتے اور تمہارے بچے تمہیں کچھ نفع نہ دیں گے قیامت کے دن، اللہ تم میں اور تمہارے پیاروں میں جدائی ڈال دے گا، کہ تم میں ایک دوسرے کے کام نہ آسکے گا۔ اور اللہ تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہے اور فرماتا ہے...... ''ومن یتولھم منکم فانہ منھم ان اللہ لایھدی القوم الظالمین (13/6) جو تم میں ان سے دوستی کرے گا تو بے شک وہ انہیں میں سے ہے، بے شک اللہ ہدایت نہیں کرتا ظالموں کو،...... پہلی دو آیتوں میں تو ان سے دوستی کرنے والوں کو ظالم وگمراہ ہی فرمایا تھا۔ اس آیت کریمہ نے بالکل تصفیہ فرمادیا کہ جو ان سے دوستی رکھے وہ بھی انہیں میں سے ہے، انہیں کی طرح کافر ہے۔ ان کے ساتھ ایک رسی میں باندھا جائے گا۔ اور وہ کوڑا بھی یاد رکھئے کہ تم چھپ چھپ کر ان سے میل رکھتے ہو اور میں تمہارے چھپے ظاہر سب کو خوب جانتا ہوں اور وہ رسی بھی سن لیجئے جس میں رسول اللہ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرنے والے

Marfat.com

باندھے جائیں گے۔ العیاذ باللہ...... تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے۔ ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعدلھم عذابا مھینا (4/22) بے شک جو لوگ اللہ و رسول کو ایذا دیتے ہیں، ان پر اللہ کی لعنت ہے۔ دنیا و آخرت میں اور اللہ نے ان کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے...... اللہ عزوجل ایذا سے پاک ہے۔ اسے کون ایذا دے سکتا ہے مگر حبیب ﷺ کی شان میں گستاخی کو اپنی ایذا فرمایا۔

ان آیتوں سے اس شخص پر جو رسول اللہ ﷺ کے بدگویوں سے محبت کا برتاؤ کرے۔ سات کوڑے ثابت ہوئے۔ (1) ظالم ہے (2) گمراہ (3) کافر (4) اس کے لئے دردناک عذاب ہے (5) وہ آخرت میں ذلیل و خوار ہوگا (6) اس نے اللہ واحد وقہار کو ایذا دی (7) اس پر دونوں جہان میں خدا کی لعنت ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ) آیت کریمہ سے مترشح ان تنبیہ و تہدید کے بعد حضرت رضا بریلوی بڑے مخصوص انداز میں عام مومنین کی طرف متوجہ ہیں اور انتہائی خلوص و محبت سے حضور ﷺ کی سچی محبت کی دعوت دے رہے ہیں۔ اس پر عمل کے فائدے اور رد عمل کے مضر نتائج سے آگاہ فرما رہے ہیں، یہاں پر وہ ایک دردمند مصلح اور پر سوز ہادی کی حیثیت سے نظر آ رہے ہیں۔ دیکھئے ان کے الفاظ و بیان میں قوم کے لئے کیسی تڑپ اور حضور ﷺ کے لئے کیسا والہانہ پن ہے...... فرماتے ہیں۔

> اے مسلمان اے امتی سید الانس والجان ﷺ، خدارا ذرا انصاف کر، وہ سات بہتر ہیں جو ان لوگوں سے یک لخت ترک علاقہ کر دینے پر ملتے ہیں کہ دل میں ایمان جم جائے۔ اللہ مددگار ہو، جنت مقام ہو، اللہ والوں میں شمار ہو، مرادیں ملیں، خدا تجھ سے راضی، تو خدا سے راضی، یا یہ سات بھلے ہیں جو ان لوگوں سے تعلق لگا رہنے پر پڑیں گے۔ ظالم، گمراہ، کافر جہنمی ہو، آخرت میں خوار ہو، خدا کو ایذا دے، خدا دونوں جہان میں لعنت کرے، ہیہات ہیہات کون کہہ سکتا ہے کہ یہ سات اچھے ہیں۔ کون کہہ سکتا ہے کہ وہ سات چھوڑنے کے ہیں۔ مگر جان برادر! خالی یہ کہہ دینا تو کام نہیں دیتا وہاں تو امتحان کی ٹھہری ہے...... کیا؟ اس بھلاوے میں ہو کہ بس زبان سے کہہ کر چھوٹ جاؤ گے امتحان نہ ہوگا (5)

اب تک کے ان مباحث کا عطر یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے کس شان کی محبت ہونی چاہیے۔ اس سلسلے میں قرآن کا مطلوب اور رحمان کا مقصود کیا ہے، آپ کی بارگاہ میں دورنگی محبت کا انجام کیا ہے؟ اور پر خلوص الفت کا صلہ کیا؟ ............ اس

Marfat.com

کے بعد آپ نے کچھ کتابوں، عبارتوں کا احتسابی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا ہے اور فقہ کی گیارہ کتب معتمدہ، معتبرہ سے اس مسئلے کو آشکار کیا ہے کہ حضور ﷺ کی شان میں ادنیٰ گستاخی کرنے والا بھی کافر ہے۔ اور جو ان بدگویوں کو کافر نہ کہے باتفاق فقہاء وہ بھی کافر ہے، اور بات ختم کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"اب ایک پہلو پر جنت و سعادت سرمدی، اور دوسری طرف شقاوت و جہنم ابدی جو پسند آئے اختیار کرلے۔ مگر اتنا سمجھ لو کہ محمد رسول اللہ ﷺ علیہ وسلم کا دامن چھوڑ کر زید و عمرو کا ساتھ دینے والا کبھی فلاح نہ پائے گا، باقی ہدایت رب العزت کے اختیار ہے(6)

## (2) شفاء الوالہ فی صور الحبیب ومزارہ ونعالہ

محبوب تو محبوب ہوتے ہیں کمال محبت اور معراج عشق یہ ہے کہ محبوب کے منسوبات متروکات اور متعلقات کو بھی حرز جاں بنایا جائے۔ اس کے لئے بھی دلوں کا فرش بچھایا جائے، پلکوں کا شامیانہ سجایا جائے، اور اس کے لئے بھی اہتمام واحترام کا جذبۂ فراواں پیش کیا جائے جو محبوب کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے۔ چاہے اس گلی کا کتا ہی کیوں نہ ہو۔ یہ سمجھ کر کہ یہ محبوب کی گلی کا ہے۔ اس کے لئے بھی قاشہائے جگر لٹائے جائیں۔ دل کے ٹکرے بچھائے جائیں۔ محبت کرنے والوں کا یہی دستور رہا ہے۔ الفت کرنے والوں نے یہی وطیرہ چھوڑا ہے اور یہی نقوش راہ پیش کئے ہیں۔ دنیائے محبت کی جتنی عظیم مشہور ہستیاں ہیں سب کے یہاں یہ اقدار مشترک معلوم ہوتے ہیں۔ قریب قریب یکساں انداز فکر نظر آتا ہے یہ اہتمام شوق، یہ خلوص فراواں، یہ کیف مسلسل، یہ سوز دروں، یہ رضائے محبوب کے ضیائے مطلوب، اس محبّ ومحبوب کے ہیں جسے مجازی، دنیاوی، اور ہنگامی کہیے۔

پھر بھلا اس محبّ ومحبوب کا کیا کہنا۔ ان کے طرز ادا، اور روش ناز کا کیا پوچھنا جو دینی دائمی اور حقیقی جلوؤں سے مزین ہیں...... آیئے دیکھیں کہ عاشق جمال مصطفوی، حضرت رضا بریلوی کا اس نقطۂ نظر سے کیا رجحان ورویہ رہا ہے، انہوں نے کیسے نقوش چھوڑے ہیں۔ اور کوچۂ جاناں کے اسیروں کے لئے انہوں نے کیا سوغات پیش کئے ہیں ۔ جہاں انہوں نے ہزار وں موضوعات کو اپنے فکر وفن سے مالا مال ونہال کیا وہیں اس موضوع پر بھی آپ کے متعدد رسائل ہیں۔ ہر رسالہ نشہ عشق میں چور اور مئے محبت سے مخمور محبوب دو جہاں ﷺ سے نسبت و

Marfat.com

تعلق رکھنے والی چیزوں کا کیا احترام وادب ہونا چاہئے۔ نسبت نے اس شئے کو کتنا عظیم کر دیا۔ اس کے اندر کیسے فیوض وبرکات پنہاں ہیں، ایک ایک گوشے پر آپ نے توجہ دی ہے اور دلائل وشواہد سے ایسا نکھارا ہے کہ چودھویں کے چاند کی طرح ہر جز وآشکارا ہو گیا ہے۔ چوں کہ آپ نے جو کچھ لکھا ہے درد محبت اور سوز عشق میں ڈوب کر لکھا ہے اس لئے آپ کی تحریر قاری کے ذہن کو اپیل کرتی ہے۔ محبت رسول کا جذبہ جگاتی ہے، دل ودماغ کو متحرک ومتجلی کرتی ہے۔ آپ کی ایک کتاب ہے ''شفاء الوالہ فی صور الحبیب ومزارہ ونعالہ'' جیسا کہ کتاب کے نام ہی سے ظاہر ہے ...... یہ حضور جان نور صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپؐ کے مزار اقدس اور نعلین شریفین کی تصویر کے بارے میں ہے ...... سائل نے آپ سے ان تصاویر کی حلت وحرمت بتانے والے کے ثواب وعذاب کے بارے میں جواب طلب کیا ہے۔ بات چوں کہ محبوب، اور محبوب کے منسوب سے متعلق تھی۔ حضرت رضا بریلوی کا جب قلم چلا ہے غیرت محبوب کے سرو سمن سے چمن بن گئے ہیں ...... از روئے شرع جاندار کی تصویر کی حرمت بیان فرماتے ہوئے رقم طراز ہیں ...... ''اس مسکین، تینوں تصویرات مذکورہ بنانے والے، ان کی زیارت ولمس وتقبیل کرانے والے نے گمان کیا کہ وہ حضور پر نور سید المرسلین ﷺ کا حق محبت بجالاتا، اور حضور کو راضی کرتا، حالانکہ حقیقتاً وہ اپنی ان حرکات باطلہ سے حضور اقدس سید عالم ﷺ کی صریح نافرمانی کر رہا ہے اس پر پہلے ناراض ہونے والے، حضور والا ہیں ﷺ ...... حضور سرور عالم ﷺ نے ذی روح کی تصویر بنانا، بنوانا، اعزازاً اپنے پاس رکھنا سب حرام فرمایا، اور اس پر سخت وعیدیں ارشاد کیں، اور ان کے دور کرنے، مٹانے کا حکم دیا (7)

اس فیصلہ شرعیہ کے صادر فرمانے کے بعد آپ نے اپنے دعویٰ کے ثبوت میں ذی روح کی حرمت تصاویر پر 27 / حدیثیں مع اسناد تحریر فرمائی ہیں۔ حدیثیں قطار اندر قطار اس سلیقے سے شریعت کی لڑی میں پروئی گئی ہیں کہ روح عشق جھوم اٹھتی ہے ...... حدیث اور اس کے نکات نفیس کے بیان سے فراغت کے بعد ارشاد فرماتے ہیں۔

''یہ سب متعلق تصاویر ذی روح تھا، رہا نقشہ روضہ مبارکہ، اس کے جواز میں اصلا جای سخن و جائے دم زدن نہیں ...... ائمہ مذاہب اربعہ وغیرہم نے اس کے جواز کی تصریحیں فرمائیں، تمام کتب مذاہب اس سے مملوو مشحون ہیں'' (8)

غیر ذی روح کی تصاویر کی حلت کا فیصلہ قطعیہ نافذ کرنے کے بعد آپ نے بطور دلیل 80 / اکابرین واعاظم معتمدین کے حوالے سے ثابت فرمایا ہے کہ ان اساطین اسلام نے مزار مقدس

Marfat.com

اوراس کے مثل نعل اقدس کے نقشے بنائے اوران کی تعظیم اوران سے تبرک کرتے رہے۔انہوں نے مومنوں کے لئے کیا کیاروح افزا،اور منافقوں کے لئے کیسے کیسے کلمات جانگزاارشادفرمائے۔

علامہ محمد بن احمد بن علی فارسی ،مصری کے حوالے سے روضہ مبارکہ کی تصویر کی حلت سے متعلق تحریرفرماتے ہیں(اختصار کے پیش نظر ہم صرف اردو عبارات پر اکتفاء کرتے ہیں)

''مولف رضی اللہ عنہ نے فصل اسمائے طیبہ حضور سید عالم ﷺ کے بعد صفت روضۂ مبارکہ کی فصل ، بہ تبعیت وموافقت امام تاج الدین فاکہانی ذکر فرمائی کہ انہوں نے بھی اپنی کتاب فجر منیر میں قبور مقدسہ کی تصویر میں خاص ایک باب ذکر کیا،اوراس میں بہت فائدے ہیں۔از انجملہ یہ کہ جسے روضۂ مبارکہ کی زیارت میسر نہ ہوئی۔وہ اس نقشہ پاک کی زیارت کرے،مشتاق اسے دیکھے۔اور بوسہ دے،اور نبی ﷺ کی محبت اور حضور کا شوق اس کے دل میں بڑھے''(9)

اس سے اس بات کی عقدہ کشائی ہوگئی کہ مزار پاک کا نقشہ،حصول برکات کے لئے بنانا، رکھنا،دیکھنا صرف جائز ہی نہیں ہے بلکہ اس کی زیارت سے دارین کی سعادت میسر آتی ہے،ایک مومن کے لئے اس سے بڑھ کراور کون سی بات سعادت ہوسکتی ہے کہ اس کے دل میں حضور ﷺ کی محبت اور شوق افزوں ہو...... یہ تو عشاقان جمال کی تڑپتی حسرتوں کی معراج ہے کہ دل کی انجمن میں صرف انہیں کی یادوں کا بسیرا ہو،انہیں کے ذکروتذکرے کی چاندنی کا سویرا ہو......... پلکوں کے شامیانے میں وہ ہوں۔قلب کے آشیانے میں وہ ہوں۔اوروجدان پکاراٹھے کہ ۔

دل کے آئینے میں ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

یہ کیفیت اورنوروسرور کا سماں کیسے پیدا ہوگا۔ جمال جہانتاب کی جلوہ افگنی کے اسباب کیا ہوں گے جس سے دائمی توجہ ناز حاصل کی جاسکے گی۔حضرت رضا بریلوی ''مطالع المسرات'' کے حوالے سے رقمطراز ہیں .......... ''بعض اولیائے کرام جنہوں نے ذکر وشغل سے تربیت مریدین کی کیفیت ارشاد کی۔

بیان فرماتے ہیں کہ جب ذکر، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ سے کامل کرلے تو چاہئے کہ حضور اقدس ﷺ کا تصوراپنے پیش نظر جمائے۔ بشری صورت،نور کی طلعت،نور کے لباس میں تاکہ حضور اقدس ﷺ کی صورت کریمہ اس کے آئینہ دل میں جم جائے اوراس سے وہ الفت پیدا ہوکہ جس کے سبب حضور کے اسرار کے فائدے لے۔حضور کے انوار کے پھول چنے،اور جسے یہ

Marfat.com

تصویر میسر نہ ہو، وہ یہی خیال جمائے گویا مزار مبارک کے سامنے حاضر ہے، اور ہر بار جب ذکر میں نام پاک آئے تصور میں مزار اقدس کی طرف اشارہ کرتا جائے۔ کہ دل جب ایک چیز سے مشغول ہو جاتا ہے پھر اس وقت دوسری چیز قبول نہیں کرتا (10)

تشنہ گان جلوہ محبوب رضائے محبوب کے لئے کیا کیا میٹھے میٹھے انداز اپناتے ہیں، محبوب کا ذکر محبوب کا تصور، محبوب کا خیال، محبوب کی بارگاہ ناز میں حاضری، آرام گاہ محبوب کی خاک روبی، آستاں بوسی،...... اس لالہ زار میں کیسے کیسے پھلول کھلے ہیں ...... اور اخیر درجہ یہ کہ روضۂ محبوب کی تصویر کے دیدار فیض آثار ہی سے بے تاب دلوں کی تسکین کا سامان کیا جائے۔ اسی کی زیارت موجب صد افتخار و سعادت سمجھا جائے۔ اس لئے سرفروشان راہ محبت اصل کی طرح اس شبیہہ جمیل کا بھی وہی ادب واحترام کرتے ہیں۔

حضرت رضا بریلوی، علامہ فاکہانی کی ''فجر منیر'' کے حوالے سے اثبات مدعاء فرماتے ہیں

......''نقشۂ مبارکہ لکھنے میں ایک فائدہ یہ ہے کہ جسے اصل روضۂ اقدس کی زیارت نہ ملی، وہ اس کی زیارت کرے، اور شوق دل کے ساتھ اسے بوسہ دے کہ یہ مثال اسی اصل کی قائم مقام ہے۔ جیسے نقشۂ نعل مقدس منافع وخواص میں بالیقین اس کا قائم مقام ہے جس پر صحیح تجربہ شاہد عدل ہے۔ لہذا علمائے دین نے نقشے کا اعزاز واعظام وہی رکھا جو اصل کا رکھتے ہیں''۔ (11)

حضرت رضا بریلوی محبوب سے منسوب کسی بھی شئے کی عزت وتکریم کا جو تصور رکھتے ہیں۔ اور اکرام وتعظیم کا جو نظریہ پیش کرتے ہیں وہ ان کی روح کی آواز اور چاہت کا بڑا ہی نرالا انداز ہوتا ہے۔ ایسا پر خلوص اور پاکیزہ جذبہ کہ معاصرین تو کجا دور ماقبل میں بھی دور دور تک اس کی مثال نہیں ملتی ...... وہ رضائے محبوب کے لئے ادنیٰ اور اعلیٰ متعلقات کا امتیاز نہیں رکھتے۔ بس تن جاناں سے وابستگی ہی ان کے یہاں سب کچھ ہے ...... چاہے وہ روضۂ محبوب کا فوٹو ہو۔ یا نعل مقدس کا نقشہ۔ ان کے اجلال وادب کا چمن ہر جگہ یکساں گلریز ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ کے نعل مقدس کو بادہ گسا ران الفت نے سر کا تاج، اور اس کی خاک پاک کو آنکھوں کا سرمہ بنانے کے لئے جو تمنائیں کی ہیں۔ ''عشق رسول'' کا یہ بڑا ہی سنہرا باب ہے۔ اس تعلق سے حضرت رضا بریلوی کا جذبۂ عقیدت ،ولولہ محبت دیکھئے ...... مطالع المسرات'' کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں ......''

علمائے کرام نے نعل مقدس کے نقشے کو نعل مقدس کا قائم مقام بنایا، اور اس کے لئے وہی اکرام واحترام جو اصل کے لئے تھا، ثابت ٹھہرایا ...... اور اس نقشۂ مبارک کے لئے خواص و برکات

Marfat.com

ذکر فرمائے ، اور بلاشبہ تجربے میں آئے اور اس میں بکثرت اشعار کہے، اور اس کی تصویر میں رسالے تصنیف کئے ، اور اسے سندوں کے ساتھ روایت کیا، اور کہنے والے نے کہا" جب اس کی آتش شوق میرے سینے میں بھڑکتی ہے اور اس کا دیدار میسر نہیں ہوتا۔ اس کی تصویر ہاتھ پر کھینچ کر آنکھ سے کہتا ہوں اسی پر بس کر" (12)

نعل اقدس کی مدح وثناء میں دیوانگان عشق نے مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں، موتیوں کی لڑی کی طرح پرویا ہوا قصیدہ نذر گذرا ہے......... اشعار پر انوار کی وہ قطار کھڑی کی ہے کہ اس کے حسن وکمال وادب کو عروج فن اور عروس فکر بھی خراج تحسین پیش کر رہے ہیں۔

ابوالیمن ابن عساکر کے حوالے سے حضرت رضا بریلوی رقم طراز ہیں......... "اے نعل مصطفےٰ ﷺ کی تصویر تیری عزت وشرف وبلندی پر میری جان قربان، تجھے دیکھ کر آنکھیں ایسی بہہ نکلیں کہ اب تھمنا بہت دور ہے۔ لہٰذا اپنے اشک رواں کے سرخ سرخ عقیق نچھاور کر رہی ہیں۔ اے تصویر نعل پاک تو نے مجھے وہ قدم پاک یاد دلایا، جس کی بلندی وجود واحسان وفضل قدیم سے ہیں۔ اگر میرا رخسار تراش کر اس قدم پاک کے لئے کفش پا بناتے ،تو دل کی تمنا بر آتی یا میری آنکھ ان کی کفش مبارک کے لئے زمین ہوتی تو اس زمین ہونے سے عزت کا آسمان بن جاتی (13)

زندہ وپائندہ نبی ﷺ کا یہ بڑا ہی تابندہ معجزہ ہے کہ آج بھی نقشہ نعل مبارک سے فیوض وبرکات کے چشمے جاری ہیں۔ نامرادوں کو مراد ومقاصد کی بھیک مل رہی ہے۔ اور لاعلاج مریضوں کو داروئے شفاء دل خوش عقیدگی کے جلوؤں سے روشن، اور آنکھیں بصیرت کے نور سے منور ہوں تو اس کے اثرات کو محسوس کرنا کوئی بعید چیز نہیں ہے۔ شوق لقائے حبیب کی آگ جب بھڑکی ہے۔ آنکھوں نے گہر ہائے اشک نچھاور کرنے شروع کئے ہیں۔ تو بزرگوں نے نقشہ نعل مقدس کو سینے پر دل کا تعویذ بنا کر رکھا ہے اور بیقراری کو قرار میسر ہوا ہے۔ انتہائی پریشانی وپشیمانی میں اس نقشہ مبارکہ نے حل المشکلات کے جلوے دکھائے ہیں۔ اس کے لئے۔ "فتح المتعال" نفحات العنبر یہ" اور رسائل رضویہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

حضرت رضا بریلوی زرقانی علی المواہب کے حوالے سے یوں گہر ریز ہیں......... "نقشہ نعل مبارک کی آزمائی ہوئی برکات سے ہے کہ جو شخص بہ نیت تبرک اسے اپنے پاس رکھے، ظالموں کے ظلم اور دشمنوں کے غلبہ سے اماں پائے ، اور وہ نقشۂ مبارک پر شیطان سرکش ، اور حاسد کے چشم زخم سے اس کی پناہ ہو جائے۔ اور زن حاملہ شدت دردزہ میں اگر اسے اپنے داہنے

Marfat.com

ہاتھ میں لے بعنایت الٰہی اس کا کام آسان ہو۔(14)

اس وضاحت و تفصیل کے بعد آپ نے اکابرین دین کی ایک لمبی فہرست پیش ہے جنہوں نے نقشہ مبارکہ نبوایا، بنا کر اپنے تلامذہ کو عطا فرمایا، اس سے تبرک کیا۔ اس کی مدحیں لکھیں۔ اس سے فیض و برکت حاصل کرنے، اسے سر آنکھوں پر رکھنے، بوسہ دینے کی ترغیبیں کیں احادیث کی طرح باہتمام تام اس کی روایتیں فرمائیں۔ اور ختم کلام میں فرماتے ہیں۔

"بالجملہ مزار اقدس، کا نقشہ۔ تابعین کرام اور نعل مبارک کی تصویر تبع تابعین اعلام سے ثابت۔ اور جب سے آج تک ہر قرن وطبقہ کے علماء وصلحاء میں معمول ورائج ہمیشہ اکابردین ان سے تبرک کرتے اور ان کی تکریم و تعظیم رکھتے آئے ہیں۔ تو اب انہیں بدعت، شنیعہ، وشرک وحرام نہ کہے گا مگر جاہل، بے باک یا گمراہ بددین، مریض القلب، ناپاک (15)

## 3 بدر الانوار فی آداب الآثار

تبرکات کے آداب وفضائل میں آپ کا یہ رسالہ حقائق ومعارف سے لبریز، بڑا ہی فکر انگیز ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ اس میں انبیائے کرام، خصوصاً حضور سید الانام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیائے عظام کے آثار و تبرکات کے تعلق سے مختصر مگر بڑی جامع بحث موجود ہے...... قطار اندر قطار حوالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اثبات مدعا کے لئے مطلوبہ کتابیں اور ان کے حوالے پہلے ہی سے آپ کو ازبر رہا کرتے تھے، بس بحث شروع ہوئی اور دلائل کے انبار لگ گئے ...... اللہ تبارک وتعالیٰ کے محبوب ومقبول بندوں کے آثار و تبرکات کا ادب واحترام اس سے نیاز مندی وفیض یابی کا تصور ہمیشہ سے لوگوں کے اندر موجود رہا ہے۔ قرآن وحدیث کی آیات وروایات اس نظریہ وفکر سے مملو ومزین ہیں۔

حضرت رضا بریلوی کی غیرت عشق دیکھئے کہ گردش ایام نے جو گرد اڑائی تھی اور آئینہ عقیدت کو دھندلا سا دیا تھا آپ نے اپنے دامن کی ہوا دے کر عقیدت ونسبت کا چہرہ اتنا صاف کر دیا ہیکہ جلوۂ حق کی نورانیت میں پوری فضا شرابور ہوگئی ہے...... اور اس عنوان کو بھی آپ نے اتنا سیراب کر دیا ہے کہ صدیوں اب اس تعلق سے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے آثار و تبرکات کی شرعی حیثیت پر بحث میں پہلے آپ نے حسب معمول قرآنی آیات سے شواہد فراہم کئے ہیں۔ اور سب سے پہلے اس آیت کو پیش فرمایا ہے۔ ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبرکا و

Marfat.com

هدی للعالمین فیه آیات بینٰت مقام ابراھیم (پ4،ر1)

ترجمہ: ''بے شک سب میں پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر فرمایا گیا ہے۔ وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور سارے جہاں کو راہ دکھاتا۔ اس میں کھلی نشانیاں ہیں۔ ابراہیم کے کھڑے ہونے کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر انہوں نے کعبہ معظمہ بنایا۔ ان کے قدم پاک کا نشان اس میں بن گیا''۔ مذکورہ آیت سے متعلق چند تفسیریں ذکر کی ہیں۔ تفسیر کبیر کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں۔ (ہم صرف اردو ترجمہ پر قناعت کرتے ہیں) ''یعنی کعبہ معظمہ کی ایک فضیلت مقام ابراہیم ہے، یہ وہ پتھر ہے جس پر ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا قدم مبارک رکھا تو جتنا ٹکڑا ان کے زیر قدم آیا تر مٹی کی طرح نرم ہو گیا۔ یہاں تک کہ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قدم مبارک اس میں پیر گیا، اور یہ خاص قدرت الٰہیہ و معجزہ انبیاء ہے۔ پھر جب ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قدم اٹھایا اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اس کھڑے میں پتھر کی سختی پیدا کر دی کہ وہ نشان قدم محفوظ رہ گیا۔ پھر اسے حق سبحانہ نے مدتہا مدت باقی رکھا، تو یہ اقسام اقسام کے عجیب و غریب معجزے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس پتھر میں ظاہر فرمائے''۔........ ''ارشاد العقل السلیم'' کے حوالے سے رقم طراز ہیں۔

''یعنی اسی ایک پتھر کو مولیٰ نے متعدد آیات فرمایا۔ اس لئے کہ اس میں ابراہیم علیہ السلام کا نشان قدم ہو جانا ایک، اور ان کے قدموں کا گٹوں تک اس میں پیر جانا، دو، اور پتھر کا ایک ٹکڑا نرم ہو جانا باقی کا اپنے حال پر رہنا، تین اور معجزات انبیاء سابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام میں اس معجزہ کا باقی رکھنا، چار۔ اور باوصف کثرت اعداء ہزاروں برس اس کا محفوظ رہنا، پانچ، اور یہ ہر ایک بجائے خود ایک آیت و معجزہ ہے (16)

اور دوسری یہ آیت آپ نے پیش کی ہیں..... ''قال لھم نبیھم ان آیۃ ملکہٖ ان یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم و بقیۃ مما ترک آل موسیٰ و آل ھرون تحملہ الملئکۃ ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین''۔ (پ2،ر16)

ترجمہ: ''بنی اسرائیل کے نبی شمویل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے فرمایا کہ سلطنت طالوت کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمہارے پاس تابوت جس میں تمہارے رب کی طرف سے سکینہ ہے اور موسیٰ و ہارون کے چھوڑے ہوئے تبرکات ہیں۔ فرشتے اسے اٹھا کر لائیں، بے شک اس میں تمہارے لئے عظیم نشانی ہے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔''

اس آیت کے ذیل میں حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں........ ''وہ تبرکات کیا تھے؟

Marfat.com

موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عصاء ان کی نعلین مبارک، اور ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عمامہ مقدسہ، وغیرہا، ان کی برکات تھیں کہ بنی اسرائیل اس تابوت کو جس لڑائی میں آگے کرتے فتح پاتے اور جس مراد میں اس سے توسل کرتے اجابت دیکھتے'' (17)

توثیق مدعا پر چند تفسیریں پیش کی ہیں۔ ان تمام کا عطر وفکر وہی ہے جو ابھی حضرت رضا بریلوی کے توضیحی نوٹ میں گذرا۔ قرآن اور تفسیر قرآن کے بعد آپ نے احادیث نبوی کی روشنی میں فکر انگیز استدلال فرمایا ہے۔ انہیں میں یہ حدیث بھی ہے جو صحیح مسلم شریف میں حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما سے ہے۔

ترجمہ: ''انہوں نے ایک اونی جبہ کسروانی ساخت، نکالا، اس کی پلیٹ ریشمی تھی، اور دونوں چاکوں پر ریشم کا کام تھا، اور کہا یہ رسول اللہ ﷺ کا جبہ ہے، ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھا، ان کے انتقال کے بعد میں نے لے لیا۔ نبی ﷺ اسے پہنا کرتے تھے، تو ہم اسے دھودھو کر مریضوں کو پلاتے اور اس سے شفا چاہتے ہیں''

احادیث کے ذکر کے بعد حضرت رضا بریلوی فرماتے ہیں...... ''یہ چند احادیث صحیحین سے لکھدیں اور یہاں احادیث میں کثرت، اور اقوال ائمہ کا تواتر شدت، اور مسئلہ خود واضح، اور اس کا انکار جہل فاضح ہے، لہٰذا صرف ایک عبارت شفا شریف پر اقتصار کریں فرماتے ہیں۔ (ترجمہ) یعنی رسول اللہ ﷺ کی تعظیم کا ایک جزیہ بھی ہے کہ جس چیز کو حضور ﷺ سے کچھ علاقہ ہو حضور کی طرف منسوب ہو حضور ﷺ نے اسے چھوا ہو یا حضور ﷺ کے نام پاک سے پہچانی جاتی ہو۔ ان سب کی تعظیم کی جائے۔ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی ٹوپی میں چند موئے مبارک تھے، کسی لڑائی میں وہ ٹوپی گر گئی، خالد رضی اللہ عنہ نے اس کے لئے ایسا شدید حملہ فرمایا جس پر اور صحابۂ کرام نے انکار کیا۔ اس شدید وسخت حملہ میں بہت مسلمان کام میں آئے، خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرا یہ حملہ ٹوپی کے لئے نہ تھا بلکہ موئے مبارک کے لئے تھا کہ مبادا اس کی برکت میرے پاس نہ رہے اور وہ کافروں کے ہاتھ لگیں۔ (18)

نقوش انبیاء اور آثار صلحا کی شرعی حیثیت وعظمت کتاب وسنت کی تجلیات سے منقح کرنے کے بعد بزرگوں کے آثار اور یادگاروں سے حصول برکت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ اعتقاد بھی اسلام کا مسلم عقیدہ ہے، ہر دور میں آثار کی حفاظت کی گئی، نذر عقیدت پیش کیا گیا اور انہیں سرچشمۂ برکات سمجھا گیا، یہ وہ حقائق ہیں جس کے ثبوت پر شرعی دلائل بھی ہیں اور تاریخی شواہد بھی...... حضرت رضا بریلوی رقم طراز ہیں۔ ''برکت آثار بزرگاں سے انکار آفتاب روشن کا انکار

Marfat.com

ہے۔ مع ہذا جب برکت آثار شریفہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اور پر ظاہر کہ اولیا وعلماء حضور کے ورثاء ہیں تو ان کے آثار میں برکت کیوں نہ ہوگی۔ کہ آخر وارث برکات ووارث ایراث برکات ہیں فقیر غفر اللہ تعالیٰ اتمام حجت کے لئے چند عبارات ائمہ وعلماء (کہ وہ سب آج سے سو برس پہلے اور بعض پانچ سو، چھ سو برس کے تھے) حاضر کرتا ہے۔ کتب مطبوعہ کا نشان جلد وصفحہ بھی ظاہر کر دیا جائے گا۔ کہ مراجعت میں آسانی ہو، ...... صحیح مسلم شریف میں عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے۔ ''انی احب ان تاتینی و تصلی فی منزل فاتخذوہ مصلی'' امام اجل ابوزکریا نووی (631ھ 677ھ) اس حدیث کے تحت اپنی شرح مسلم شریف میں فرماتے ہیں۔ فی ھٰذا الحدیث انواع من العلم ففیہ التبرک بآثار الصالحین وفیہ زیارۃ العلماء والفضلاء واتباعھیم وتبریکھم ایاھم (47/1) اس حدیث سے چند چیزوں کا علم ہوا، ان میں سے یہ بھی ہے کہ صالحین کے آثار سے برکت حاصل کی جائے۔ اسی طرح اس سے اہل علم وفضل اور بزرگوں کا اپنے معتقدین ومتبعین کی ملاقات کے لئے جانا اور انہیں اپنی برکتوں سے نوازنا بھی ثابت ہے (مترجم) اسی حدیث کے نیچے لکھتے ہیں۔ فی حدیث عتبان ھٰذا فوائد کثیرہ منھا التبرک باالصالحین و آثار رھم الصلوٰۃ فی المواضح التی صلوا بھا وطلب التبریک منھم (234/1) حضرت عتبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں بہت فوائد ہیں جن میں سے چند یہ ہیں۔ (1) صالحین سے برکت حاصل کرنا۔ (2) ان کے آثار سے برکت لینا (3) جن مقامات پر انہوں نے نماز ادا کی ہو، وہیں نماز ادا کرنا (4) ان سے یہ درخواست کرنا کہ ہمیں اپنی برکت سے نوازیں (مترجم)

امام احمد بن محمد قسطلانی (م 923ھ) ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں زیر حدیث فجعل الناس یتمسحون بوضوئیہ'' فرماتے ہیں استنبط منہ التبرک لما یلامس اجساد الصالحین'' (38/1) اس حدیث سے نیکوں کے جسم سے مس ہونے والی چیزوں سے برکت حاصل کرنے کا حکم مستنبط ہوا (مترجم)

مولانا علی قاری مکی (م 1014ھ) نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث سنن نسائی کے نیچے کہ ''طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بقیہ آب وضو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضور سے مانگ کر اپنے ملک لے گئے'' یہ فائدہ لکھا...... فیہ التبرک لفضلہ علیہ السلام ونقلہ الی البلاد نظیر ماء زمزم...... ویوخذ من ذلک ان فضلۃ وارثیہ من العلماء والصلحاء کذلک......

Marfat.com

اس سے حضور علیہ السلام ﷺ کے بچے ہوئے پانی سے برکت حاصل کرنا اور اسے آبِ زمزم کی طرح اپنے ملک وشہر میں لے جانا ثابت ہوا۔ نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کے وارثین اور صلحاء کا بقیہ بھی پانی بھی یہی حکم رکھتا ہے۔ (مترجم)

شاہ ولی اللہ دہلوی (م1174ھ) ''فیوض الحرمین'' ص20 میں لکھتے ہیں ''من اراد ان یحصل له ما للملا السافل من الملائکة فلا سبیل الی ذلک الاعتصام بالطهارت والحلول بالمساجد القدیمة التی صلی فیها جماعات من الاولیاء (الخ)

''جو یہ ارادہ کرے کہ اسے فرشتوں کے طبقۂ زیریں کی برکت حاصل ہو، تو اس کا راستہ یہ ہے کہ طہارتوں کی خوب پابندی کرے اور ان پرانی مسجدوں میں داخل ہوتا رہے جن میں اولیاء کی کچھ جماعتیں نماز ادا کر چکی ہوں'' (مترجم) فیوض الحرمین کے ص 57 پر رقمطراز ہیں۔

'' ان قام المعرفة لروحه تعدیق وعنایة لکل شیئ من طریقة ومذهبه وسلسلة ونسبة وقرابته وکل مایلیه ویسنب الیه وعنایة هذه یختلط بها عنایة الحق '' اگر کسی کو معرفت حاصل ہو جائے تو اس کی روح کو یہ قوت حاصل ہوتی ہے۔ کہ طریقت، مسلک، سلسلہ، نسب، قرابت، اور اس سے نسبت وتعلق رکھنے والی ساری چیزیں اس روح کے احاطے اور اس کی عنایت و توجہ کے دائرے میں آ جاتی ہیں اور اس کی روحانی توجہ کے ساتھ عنایت ربانی بھی ملی ہوئی ہے، (مترجم) ''ہمعات'' میں لکھتے ہیں۔

''ازیں جاست حفظ اعراس مشائخ ومواظبت زیارت قبور ایشاں والتزام فاتحہ خواندن وصدقہ دادن برائے ایشان واعتنائے تمام کردن بہ تعظیم آثار واولاد ومنتسبان ایشاں'' اس سے معلوم ہوا بزرگوں کے اعراس کا تحفظ، ان کے مزاروں کی زیارت کی پابندی۔ ان کے لئے فاتحہ پڑھنے، اور صدقہ دینے کا پیہم عمل اور بھرپور توجہ کے ساتھ ان کی اولاد ان کے اہل تعلق، اور ان کے آثار کی تعظیم وتکریم'' (مترجم)

طبرانی معجم اوسط اور ابونعیم حلیہ میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہما سے روایت فرماتے ہیں ......... ''قال کان النبی ﷺ یبعث الی المطاهر فیوتی بالماء فشربة یرجو به برکة ایدی المسلمین (تیسیر 20/229، سراج المنیر 3/14) یعنی حضور پرنور سید عالم ﷺ مسلمانوں کی طہارت گاہوں مثل حوض وغیرہ سے جہاں اہل اسلام وضو کیا کرتے، پانی منگا کر نوش فرماتے، اور اس سے مسلمانوں کے ہاتھوں کی برکت لینا چاہتے (مترجم)

Marfat.com

علامہ محمد حنفی اپنی تعلیقات علی الجامع میں فرماتے ہیں.......... یرجو بہ برکتہ (الخ) لانھم محبوبون للہ تعالیٰ بدلیل ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطھرین "...... یعنی حضور اقدس ﷺ بقیہ آب وضوئے مسلمین میں اس وجہ سے امید برکت رکھتے کہ وہ محبوبان خدا ہیں۔ قرآن عظیم میں فرمایا، بے شک اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے طہارت والوں کو، (مترجم)

یہ حضور پرنور سید المبارکین ﷺ ہیں جن کی خاک نعلین پاک تمام جہان کے لئے تبرک دل وجان اور سرچشمہ دین وایمان ہے، وہ اس پانی کو جس میں مسلمانوں کے ہاتھ دھلے تبرک ٹھہرائیں اور اسے منگا کر بغرض حصول برکت نوش فرمائیں۔ حالانکہ واللہ واللہ مسلمانوں کے دست وزبان اور دل وجان میں جو برکتیں ہیں سب انہیں نے عطا فرمائیں۔ انہیں کی نعلین پاک کے صدقے میں ہاتھ آئیں یہ سب تعلیم امت وتنبیہ مشغولان خواب غفلت کے لئے تھا۔ کہ یوں نہ سمجھیں تو اپنے مولیٰ وآقا ﷺ کا فعل سن کر بیدار اور برکت آثار اولیاء وعلماء کے طلبگار ہوں۔ پھر کیسا جاہل ومحروم و نافہم وملوم، کہ محبوبان خدا کے آثار کو تبرک نہ جانے اور اس سے حصول برکت نہ مانے۔ (19)

کچھ لوگ آثار بزرگان ونقوش صالحان کے تعلق سے دلوں میں محبت کا پاکیزہ جذبہ اور ادب کا نرم گوشہ نہیں رکھتے۔ چوں کہ وہ ایسی محبت خیز، الفت آمیز حقائق کے قائل نہیں ہیں۔ اس لئے طرح طرح کے شوشے چھوڑتے اور تاریخ وسند کا مطالبہ کرتے ہیں، بدنصیبی یہ ہے کہ ضد میں تضحیک وتحقیر سے بھی نہیں چوکتے.......... حضرت رضا بریلوی نے "شفا شریف مواہب لدنیہ، اور مدارج شریف سے ثابت کیا ہے کہ علمائے اسلام نے تعظیم آثار کے لئے ارباب آثار سے نسبت کی شہرت ہی کو کافی سمجھا...... فرماتے ہیں.......... "تواتر سے ثابت کہ جس چیز کو کسی طرح حضور اقدس ﷺ سے کوئی علاقہ بدن اقدس سے چھونے کا ہوتا۔ صحابہ تابعین، اور ائمہ دین ہمیشہ اس کی تعظیم وحرمت اور اس سے طلب برکت فرماتے آئے۔ اور دین حق کے معظم اماموں نے تصریح فرمائی کہ اس کیلئے کسی سند کی بھی حاجت نہیں۔ بلکہ جو چیز حضور اقدس ﷺ کے نام پاک سے مشہور ہو اس کی تعظیم شعائر دین سے ہے...... ایسی جگہ بے ادراک سند سے باز نہ رہے گا مگر بیمار دل، پر آزار دل، جس میں نہ عظمت شان محمد رسول اللہ ﷺ بروجہ کافی نہ ایمان کامل۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ وان یک کاذبا فلعیہ کذبہ وان یک صادقا یصبکم بعض الذی یعد کم

ترجمہ:۔ اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اس پر، اور اگر سچا ہے تو تمہیں پہنچ

جائیں گے بعض وہ عذاب جن کا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے......اور خصوصاً جہاں سند بھی موجود پھر تو تعظیم، اعزاز اور تکریم سے باز نہیں رہ سکتا مگر کوئی کھلا کافر۔ یا چھپا منافق، والعیاذ باللہ تعالیٰ (20)

بزرگوں کے آثار و تبرکات بلاشبہ نعمت عظمیٰ ہیں۔ ان کی برکتوں سے کتنے خاک نشیں رشک مہہ واختر ہو گئے۔ مگر ساتھ ہی اس حکم شرعی سے بھی آگاہ رہنا چاہئے کہ ان آثار و تبرکات کو کسب معاش اور حصول زر کا ذریعہ ہرگز نہ بنایا جائے۔ ورنہ یہ بڑی محرومی اور بدبختی کا باعث ہوگا اور زیارت کرانے میں نہ کوئی منفعت پیش نظر ہو اور نہ کسی قسم کی بے ادبی ہونے پائے۔ ان تمام امور سے متعلق حضرت۔ رضا بریلوی نے تفصیلی اور تحقیقی بحث فرمائی ہے۔ ان کے ادب کا معیار کتنا اونچا، اور محبت کا چمن کیسا ہرا بھرا تھا، احتمال اور شک کے درجے میں بھی کوئی بات اگر عظمت و توقیر کے منافی ہوتی تو وہ بھی برداشت نہیں تھی۔ اس لئے وہ ہمیشہ ادب تعظیم کا درس دیتے رہے، غفلت پر تنبیہ فرماتے رہے۔ افراط و غلو پر ہدایت و اصلاح کا فریضہ انجام دیتے رہے۔ زیارت آثار کے اسلامی آداب بیان فرماتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

''اگر کسی بندۂ خدا کے پاس کچھ آثار شریفہ ہوں اور وہ انہیں بالتعظیم اپنے مکان میں رکھے اور جو مسلمان اس کی درخواست کرے محض لوجہ اللہ زیارت کرا دیا کرے، کبھی کسی معاوضہ، نذرانہ کی تمنا نہ رکھے، پھر اگر وہ آسودہ حال نہیں۔ اور مسلمان بطور خود قلیل یا کثیر، بنظر اعانت اسے کچھ دے۔ تو اس کے لینے میں اس کو کچھ حرج نہیں باقی گشتی صاحبوں کو عموماً اور مقامی صاحبوں میں خاص ان کو جو اس امر پر اخذ و نذور کے ساتھ معروف و مشہور ہیں۔ شرعاً جواز کی کوئی صورت نہیں ہوسکتی...... مگر ایک یہ کہ خدائے تعالیٰ ان کو توفیق دے، نیت اپنی درست کریں، اور اس شرط عرفی کے رد کے لئے صراحتاً اعلان کے ساتھ ہر جلسے میں کہہ دیا کریں کہ مسلمانوں یہ آثار شریفہ تمہارے نبی ﷺ یا فلاں ولی معزز و مکرم کے ہیں، کہ محض خالصاً لوجہ اللہ تمہیں ان کی زیارت کرائی جاتی ہے، ہرگز کوئی بدلا یا معاوضہ مطلوب نہیں۔ اس کے بعد مسلمان کچھ نذر کریں تو اسے قبول کرنے میں کچھ حرج نہ ہوگا۔ (21)

اپنے سینکڑوں رسالے میں انہوں نے اسی طرح عظمت مصطفیٰ کی خوشبو بکھیری ہے عشق رسول کی دنیا آباد کی ہے۔ اگر فرداً فرداً سب کا تصور عشق کے حوالے سے جائزہ لیا جائے تو مستقل ایک ضخیم کتاب تیار ہوسکتی ہے یہ موضوع الگ الگ تحقیقی مقالے کا متقاضی ہے۔ اب تک صرف تین کتابوں کا تجزیہ اور تبصرہ پیش کیا گیا ہے۔ صفحات کی قلت دامن گیر ہے اس لئے اسی پر اقتصار

Marfat.com

کرتے ہیں۔ مثلاً آپ کی ایک عظیم کتاب ''الامن والعلیٰ'' ہے اس میں آپ نے قرآن کریم کی چھ آیت، اور دوسواٹھارہ احادیث سے حضور کا مختار کل ہونا، دافع البلاء ہونا ثابت کیا ہے۔ اور ایسے فضائل تحریر کئے ہیں کہ ایمان مچل مچل اٹھتا ہے۔ ایک کتاب ہے۔ ''تجلی الیقین'' اس میں آپ نے دس آیتوں اور سو حدیثوں سے حضور کا سید المرسلین ہونا ثابت کیا ہے۔ اور حضور کی عظمت کے وہ گل کھلائے ہیں کہ مشام روح معطر ہو جاتی ہے۔ یونہی سلطنت مصطفیٰ، اقامۃ القیامہ، وغیرہ وہ کتابیں ہیں۔ جن کی سطر سطر سے عشق رسول کی شعائیں پھوٹ رہی ہیں.......... تاہم اب تک جو کچھ لکھا گیا وہ نثری شہ پارے کے حوالے سے لکھا گیا، بڑی نا انصافی ہوگی اگر نظم کا ذکر نہ چھیڑا جائے چوں کہ نثر ہی کی طرح نظم میں بھی آپ نے اسی خلوص سے درد دل پیش کیا ہے اس لئے مختصراً اس کا بھی ذکر نا گزیر ہے۔ تصور عشق رسول کے باب میں آپ کی ایک کیف زا سرور افزا تصنیف حدائق بخشش بھی ہے آیئے اس کے مطالعہ سے بھی اپنی بصیرت و بصارت کو شاد کام کرتے چلیں۔

## (4) حدائق بخشش

حضرت رضا بریلوی کے منظوم کلام کا مجموعہ، تصور عشق کی کہکشاں، اور بہار فکر کا گلستاں ہے، شاعروں نے محبوب کی سیرت وصورت، حسن و جمال، فضل وکمال، وفا و جفا پر اپنے اپنے انداز میں بہت کچھ کہا ہے اور بہت خوب کہا ہے۔ تاہم حضرت رضا بریلوی نے شدت احساس سے جذبات دروں کے مدو جزر کو اپنے حسن وخیال اور زور بیاں سے جس طرح شگفتگی بخشی ہے وہ انہی کا حصہ ہے۔ کرب میں طرب، درد میں دوا سوزش میں کشش، گلاب میں گلشن، کم میں کیف، سوز میں ساز اور موت میں حیات کا جو تصور انہوں نے پیش فرمایا ہے اس کا جواب کہاں.......... بلاشبہ ''حدائق بخشش'' فکر وادب کے ماتھے کا سیندور، شعر و شاعری کے گلے کا ہار، اردوئے معلیٰ کی پیشانی کا جھومر، معنیٰ آفرینی کے سر کا تاج، اور ممتاز شعراء کے ندرت فکر، نزاکت خیال کے لئے روشن شمع اور عربی، فارسی، اردو کی نعتیہ شاعری کا قابل فخر سرمایہ ہے۔

**حضرت کافی سے عقیدت:** شاعری میں حضرت رضا بریلوی شہید جنگ آزادی مولانا کفایت علی کافی سے بہت متاثر تھے چنانچہ آپ نے لکھا ہے.......... ''مولانا کافی

Marfat.com

علیہ الرحمہ کی زیارت آٹھ برس میں عمر میں خواب میں ہوئی۔ میری پیدائش کے گیارہ مہینے بعد مولانا کافی کو پھانسی ہوئی (22)

چنانچہ غلام رسول مہر نے لکھا ہے ........ ''کافی کی غزلیں بہت پسند کرتے تھے۔ ان کو سلطان نعت کہتے تھے (1857ء کے مجاہد ص 311)

چنانچہ آپ اپنی رباعی میں کہتے ہیں۔

''مہکا ہے میری بوئے دہن سے عالم     یاں نغمہ شیریں نہیں تلخی سے بہم
کافی سلطان نعت گویاں ہیں رضا     انشاء اللہ میں وزیر اعظم

**شرف استادی:** تعجب ہے کہ شعر وسخن کے میدان میں بھی ارباب فکر ونقد جس کی استادی کا لوہا تسلیم کررہے ہیں۔ شاعری میں اس کا کوئی استاد نہیں تھا۔ انہی کی زبانی سنئے۔

رہا نہ شوق کبھی مجھ کو سیر دیواں سے     ہمیشہ صحبت ارباب شعر سے ہوں نفور
جبین طبع ہے ناسود داغ شاگردی     غبار منت اصلاح سے ہے دامن دور
مگر جو ہاتف غیبی مجھے بتاتا ہے     زبان تک اسے لاتا ہوں میں بدرح حضور

تاہم مداح بارگاہ رسول حضرت حسان ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رہبری پر فخر وناز ہے۔

رہبر کی رہ نعت میں گر حاجت ہو     نقش قدم حضرت حسان بس ہے

حضرت رضا بریلوی کو محبوب خدا کی مداحی پر وجد آتا تھا کیوں نہ ہو کہ قرآن کریم خود ہی مدحت سرکار دوعالم کا انمول گلدستہ ہے، اللہ کے اسی بے نظیر کلام کی رہنمائی اور روشنی میں فکر رضا پرواز کناں ہے۔ بیمثل وبے مثال کلام کی روشنی نے آپ کے کلام کو بھی بے مثل بنا دیا۔

ہوں اپنے کلام سے نہایت محظوظ     بے جا سے ہے المنۃ للہ محفوظ
قرآن سے میں نے نعت گوی سیکھی     یعنی رہے احکام شریعت ملحوظ (23)

حضرت رضا بریلوی نے انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں شاعری کا آغاز کیا۔ اور نعت گوئی کو مسلک شعری کے طور پر اپنایا اور اس مین وہ کمال پیدا کیا کہ اپنے معاصرین شعراء سے گوئے سبقت لے گئے۔

یہی کہتی ہے بلبل باغ جناں کہ رضا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصف شاہ ہدیٰ مجھے شوخئی طبع رضا کی قسم

**منتخب کلام رضا:** حضرت رضا بریلوی شعر وادب کا بہت ہی معیاری ذوق رکھتے تھے

Marfat.com

آپ نے تقریباً ہر میدان میں گوئے فکر دوڑایا اور بازی جیتی ذیل میں ان کے کلام کا مختصر انتخاب پیش ہے۔

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا
تجھے حمد ہے خدایا

یہی بولے سدرہ والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پایہ کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا

ارے اے خدا کے بندو کوئی میرے دل کو ڈھونڈو
میرے پاس تھا ابھی تو ابھی کیا ہوا خدایا
نہ کوئی گیا نہ آیا

ایک نعت میں آپ نے چار زبانوں کا سنگم اس طرح پیش کیا ہے کہ تاریخ ادب میں اس کی مثال مفقود ہے۔ کیوں کہ اس سے پہلے تین زبانوں کا امتزاج صرف امیر خسرو اور جامی کے یہاں ملتا ہے۔ حضرت رضا بریلوی کے علمی تبحر کا تقاضا بھی یہی تھا کہ وہ کوئی ایسی نعت لکھتے جو بے مثل ہوتی چنانچہ ایک نعت انہوں نے صنعت ملمع میں لکھی اس کی دو قسمیں ہیں۔

(1) ملمع مکشوف :۔ یعنی جب ایک مصرعہ عربی میں اور ایک فارسی میں ہو۔

(2) ملمع مجوب :۔ یعنی جب ایک شعر عربی میں ہو دوسرا فارسی میں ہو (24)

لیکن حضرت رضا بریلوی نے ایسے ملمع میں اشعار لکھے ہیں جس میں عربی، فارسی، ہندی اور اردو چاروں زبانوں کے الفاظ ہیں۔

لم یات نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا
البحر علی والموج طغیٰ من بے کس و طوفان ہوش ربا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیا پار لگا جانا
یا شمس نظرت الیٰ لیلی چوں بطیبہ رسی عرضے بکنی
توری جوت کی جھلجھل جگ میں رچی مری شب نے نہ دن ہونا جانا

Marfat.com

انا فی عطش وسخاک اتم اے گیسوئے پاک اے ابر کرم
برسن ہارے رجھم رجھم دو بوند ادھر بھی گراجانا
الروح فداک فزد حرقا یک شعلہ دگر برزن عشقا
موراتن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

مرزا غالب ہندوستان میں بانیان شعروسخن میں ایک مانے گئے ہیں۔ انہیں دربار شاہی سے استاذ الشعراء، دبیر الملک کا خطاب مل چکا ہے، وہ ایک سنگلاخ زمین میں ایک مرصع غزل لکھتے ہیں اور خوب لکھتے ہیں، اردو شاعری کی دنیا میں ہلچل مچ جاتی ہے۔

غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں
بوسہ کو پوچھتا ہوں میں منہ سے مجھے بتا کہ یوں
میں نے کہا کہ بزم ناز چاہئے غیر سے تہی
سن کے ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ یوں
جو یہ کہے کہ ریختہ کیوں کر ہو رشک فارسی
گفتہ غالب ایک بار پڑھ کے اسے سنا کہ یوں

اب اسی سنگلاخ زمین میں حضرت رضا کے جذبات کی تڑپ دیکھئے۔

پوچھتے کیا ہو عرش پر یوں گئے مصطفٰے کہ یوں
کیف کے پر جہاں جلیں کوئی بتائے کیا کہ یوں
میں نے کہا کہ جلوۂ اصل میں کس طرح گمیں
صبح نے نور مہر میں مٹ کے دکھا دیا کہ یوں
دل کو ہے فکر کس طرح مردے جلاتے ہیں حضور
اے میں فدا لگا کر ایک ٹھوکر اسے بتا کہ یوں
باغ میں شکر وصل تھا ہجر میں ہائے ہائے گل
کام ہے ان کے ذکر سے خیر وہ یوں ہوا کہ یوں
جو کہے شعر و پاس شرع دونوں کا حسن کیوں کر آئے
لا اسے پیش جلوہ زمزمۂ رضا کہ یوں

ایک اور غزل اسی ردیف میں قافیہ کے ادنیٰ فرق سے مرزا غالب نے لکھی ہے۔

دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت درد سے بھر نہ آئے کیوں

Marfat.com

روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں
ہاں وہ نہیں خدا پرست جاؤ وہ بے وفا سہی
جس کو ہو دین و دل عزیز اس کی گلی میں جائے کیوں

اب اس مقابلے میں حضرت رضا بریلوی کا کمال فکر دیکھئے انہوں نے اپنی فنی چابکدستی سے سخن کی اس خارزار وادی کو نعت کا گلشن وگلزار بنا دیا۔

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائیں کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں
جان ہے عشق مصطفٰے روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ ناز دوا اٹھائے کیوں
ہم تو ہیں آپ دلفگار غم میں ہنسی ہے ناگوار
چھیڑ کے گل کو نوبہار خون ہمیں رلائے کیوں
خوش رہے گل پہ عندلیب خار حرم مجھے نصیب
میری بلا بھی ذکر پر پھول کے خار کھائے کیوں

نعتیہ مضامین میں معراج بھی ایک موضوع ہے جس پر نعت گو شعراء نے نئے نئے اسلوب سے اظہار خیال کیا ہے۔ معراج نامے بہت سے شعراء نے لکھے ہیں۔ لیکن حضرت رضا بریلوی نے ایک طویل قصیدہ کہا ہے جس کے کل 67 / اشعار ہیں، دلکش شاعرانہ انداز نے وہ گلکاری کی ہے کہ مشام عقیدت معطر ہو جاتے ہیں۔

یہ وہ عالمگیر شہرت رکھنے والا قصیدہ ہے جس پر ہندوستان کے بڑے بڑے شعراء نے تضمین لکھیں اور بہت کچھ طبع آزمائیاں کیں، جب یہ قصیدہ سوداگری محلہ (بریلی شریف) کی چہار دیواری سے باہر نکلا تو علی گڈھ کالج کے پروفیسروں نے بھی اس پر متعدد خمسے اور تضمین لکھیں۔ اور کالج کے طلباء نے بھی مدتوں اپنا حسین نغمہ بنائے رکھا، یہ تو سب نے مان لیا کہ واقعہ معراج شریف پر اردو زبان میں ایسی بلند پایہ نظم نہ ہوئی۔

وہ نظم یہ ہے۔

وہ سرور کشور رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہمان کے لئے تھے

Marfat.com

وہاں فلک پر یہاں زمیں میں رچی تھی شادی مچی تھی دھومیں
ادھر سے انوار ہنستے آتے ادھر سے نفحات اٹھ رہے تھے
نئی دلہن کی پھبن میں کعبہ نکھر کے سنورا سنور کے نکھرا
حجر کے صدقے کمر کے اک تل میں رنگ لاکھوں بناؤں کے تھے
پہاڑیوں کا وہ حسن تزئین وہ اونچی چوٹی وہ ناز و تمکین
صبا سے سبزہ میں لہریں آئیں دوپٹے دھانی چنے ہوئے تھے
خدا ہی دے صبر جان پر غم دکھاؤں کیوں کر تجھے وہ عالم
جب ان کو جھرمٹ میں لے کے قدسی جناں کا دولہا بنا رہے تھے
تجلی حق کا سہرا سر پر صلوٰۃ وتسلیم کی نچھاور
دورویہ قدسی پرے جما کر کھڑے سلامی کے واسطے تھے
نبی رحمت شفیع امت رضا پہ لللہ ہو عنایت
اسے بھی ان خلعتوں سے حصہ جو خاص رحمت کے واں بٹے تھے

امیر مینائی اردو ادب کا ایک مستند نام ہے انہوں نے ایک غزل کہی ہے اور حق یہ ہے کہ حق ادا کر دیا ہے مگر اسی زمین وقافیہ میں حضرت رضا بریلوی نے نعت لکھی ہے۔ دونوں کا لطف وکیف دیکھئے۔ حضرت رضا بریلوی کے خیال کی بلندی وعظمت ہی اور ہے۔

## امیر مینائی

یہ تر و تازہ چمن ہے کہ تمہارا عارض
یہ دھواں دھار گھٹا ہے کہ تمہارے گیسو
بال کنگھی سے جو سلجھائے تو دل الجھایا
تیرہ بختوں کو بگاڑا جو سنوارے گیسو
مچھلیاں دام سمجھ کر ہیں جو موجوں میں نہاں
کھل گئے کس کے یہ دریائے کنارے گیسو
دن کو رخسار دکھاتا ہے فروغ خورشید
شب کو چمکاتے ہیں افشاں کے ستارے گیسو

Marfat.com

## رضا بریلوی

سوکھے دھانوں پہ ہمارے بھی کرم ہوجائے
چھائیں رحمت کی گھٹا بن کے تمہارے گیسو
شانہ ہے پنجۂ قدرت تیرے بالوں کے لئے
کیسے ہاتھوں نے شہا تیرے سنوارے گیسو
تار شیرازۂ مجموعۂ کونین ہیں یہ
حال کھل جائے جو اکدم ہوں کنارے گیسو
تیل کی بوندیں ٹپکتی نہیں بالوں سے رضا
صبح عارض پہ لٹائے ہیں ستارے گیسو

آقائے کونین کے حضور ہدیہ سلام نذر گذارنا ہر صالح قلب کی دھڑکن اور پاکیزہ روح کی آواز ہوتی ہے اسی لئے ہر شاعر، سلام کے عنوان سے بھی شعر کہہ کر اپنی روح کی تشنگی کا سامان کرتا ہے حضرت رضا بریلوی نے بھی سلام کہا ہے۔ کیا کہا ہے اور کیسا کہا ہے اس تعلق سے مشہور عالم ونقاد مولانا کوثر نیازی سے سنئے۔

''اردو، عربی، فارسی، تینوں زبانوں کا نعتیہ کلام میں نے دیکھا ہے اور بالاستیعاب دیکھا ہے۔ میں بلاخوف تردید کہتا ہوں کہ تمام زبانوں اور تمام زمانوں کا پورا نعتیہ کلام ایک طرف اور شاہ احمد رضا کا سلام ''مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام' ایک طرف، دونوں کو ایک ترازو میں رکھا جائے تو احمد رضا کے سلام کا پلڑا پھر بھی جھکا رہے گا، میں اگر یہ کہوں کہ یہ سلام اردو زبان کا قصیدہ بردہ ہے تو اس میں ذرہ بھر بھی مبالغہ نہ ہوگا(25)

اور پروفیسر وسیم بریلوی کا خیال ہے کہ:۔ اردو کے بڑے شاعروں کا سارا بڑاپن شاعرانہ سحر کاریوں کے گرد گھومتا ہے ان سب کا جلوہ ایک جگہ۔ اور پورے فنی، وفکری التزام کے ساتھ اگر دیکھنا ہو تو فاضل بریلوی کی حدائق بخشش دیکھیں۔ (انتخاب حدائق بخشش، ص52) حدائق بخشش آپ کا ادبی شاہکار، واردات قلبی کا درخشندہ تابندہ، بارگاہ رسول مجتبیٰ علیہ السلام میں آپ کے بے پناہ عقیدت ومحبت کا آئینہ دار، اور حمد ونعت ومنقبت جیسے پاکیزہ فکر وادب کے لئے گلستان سدابہار ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ

Marfat.com

حدائق بخشش محبوب دوعالم ﷺ کی حیات طیبہ، سیرت مبارکہ، فضائل عالیہ، کا ایک ایسا چمن درچمن ہے کہ ع

"کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست"

کے مطابق اس گلشن سے کس کس پھول کو چنا جائے اور اپنے مضمون کو ممنون نکہت کیا جائے عقل حیران و پریشان ہے ہم نے صرف چند پہلو کا انتخاب کرنا چاہا اور بعد میں جب شمار کیا تو پچاس سے زاید عنوان ہو چکے تھے۔ اس منتخب گلدستے سے صرف چند پھول حاضر ہیں۔ دیکھئے رضا بریلوی کا "عشق" کیسا سدابہار، گلستاں بکنار اور "وہی ایک جلوہ ہزار ہے" کا کیسا شاہکار ہے۔ ایک ایک گوشے پر کتنے انداز وادا سے انہوں نے طبع آزمائی خیال آفرینی کی ہے ہر انداز میں ایک جدت اور ہر ادا حسن فکر کا مظہر ہے۔

## رخ روشن

رخ روشن کی تجلی جو قمر نے دیکھی  رہ گیا بوسہ دہ نقش کف پا ہوکر
پردہ اس چہرہ انور سے اٹھا کر اکبار  اپنا دیوانہ بنااے مہ تاباں ہم کو
کس کے روئے منور کی یاد آگئی  دل تپاں دل تپاں دل تپاں ہوگیا

خورشید تھا کس زور پر کیا بڑھ کے چمکا تھا قمر
بے پردہ جب وہ رخ ہوا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
ک، گیسو ، ہ دہن ی ، آنکھیں ، ابرو، ع، ص
کھیعص ان کا ہے چہرہ نور کا

## گیسوئے عنبرین

بھینی خوشبو سے مہک جاتی ہیں گلیاں واللہ
کیسے پھولوں میں بسائے ہیں تمہارے گیسو
دعاء کر بخت خفتہ جاگ ہنگام اجابت ہے
ہٹایا صبح رخ سے شاہ نے شبہائے کاکل کو
یاد گیسو ، ذکر حق ہے ، آہ کر

Marfat.com

دل میں پیدا لام ہو ہی جائے گا
بڑھ چلی، تیری ضیاء اندھیر عالم سے گھٹا
کھل گیا گیسو تیرا رحمت کا بادل گھر گیا

## خار طیبہ

خار دشت حرم کے آگے
ذکر و چمن بہار توبہ
ان کی حرم کے خار کشیدہ ہیں کس لئے
آنکھوں میں آئیں، سر پہ رہیں، دل میں گھر کریں
اے خار طیبہ دیکھ کہ دامن نہ بھیگ جائے
یوں دل میں آ کہ دیدۂ تر کو خبر نہ ہو
پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشت طیبہ کے خار پھرتے ہیں

## سگ مدینہ

دل کے ٹکڑے نذر حاضر لائے ہیں
اے سگان کوچۂ دلدار ہم
خوف ہے سمع خراشی سگ طیبہ کا
ورنہ کیا یاد نہیں نالۂ افغاں ہم کو
تجھ سے در، در سے سگ، سگ سے ہے مجھ کو نسبت
میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا

## شان مسیحائی

کشتگان گرمیٔ محشر کو وہ جان مسیح
اپنے دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

Marfat.com

مرنے والوں کو یہاں ملتی ہے عمر جاوید
زندہ چھوڑے گی کسی کو نہ مسیحائی دوست
اک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلا دیئے ہیں

## عشق مصطفیٰ

ہمارے درد جگر کی کوئی دوا نہ کرے
کمی ہو عشق نبی میں کبھی خدا نہ کرے
خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی
برق عشق شہ والا یہ گری وہ تڑپی
شور سینوں میں ہے برپا یہ گری وہ تڑپی
جان ہے عشق مصطفیٰ روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ ناز دوا اٹھائے کیوں
انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

## غلامیٔ مصطفیٰ

نازشیں کرتے ہیں آپس میں ملک
ہیں غلامان شہ ابرار ہم
میں تو کیا ہی چاہوں کہ بندہ ہوں شاہ کا
پر لطف جب ہے کہہ دیں اگر وہ جناب ہوں
خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے عبد مصطفیٰ
تیرے لئے امان ہے تیرے لئے امان ہے

## شان تبسم

زخمی تیغ تبسم ہے کہ دکھلاتا ہے برق
رقص بسمل کا تماشا یہ گری وہ تڑپی
جس کی تسکین سے روتے ہوئے ہنس پڑے
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام
جس تبسم نے گلستاں پر گرائی بجلی
پھر دکھا دے وہ ادائے گل خنداں ہم کو
مجرموں! چشم تبسم رکھو
پھول بنجاتے ہیں انگاروں کے

## جلوۂ جاناں

Marfat.com

نیم جلوے میں دوعالم گلزار واہ واہ رنگ جمانے والے
ان کے جلووں کا جس دم بیاں ہوگیا گلستاں مجمع بلبلاں ہوگیا
ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دن آج ہے تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دکھاتے جائیں گے
تنگ ٹھہری ہے رضا جس کے لئے وسعت عرش بس جگہ دل میں ہے اس جلوہء ہرجائی کی

## دیدار پرانوار

لطف ان کا عام ہوہی جائے گا شاد ہر ناکام ہوہی جائے گا
جان دے دو وعدۂ دیدار پر نقد اپنا دام ہوہی جائے گا
آج عید عاشقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ ابروئے پیوستہ کا عالم دکھاتے جائیں گے
جنت نہ دیں، نہ دیں تیری رویت ہو خیر سے اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ وبر کی ہے

## ناخن منور

دل اپنا بھی شیدائی ہے اس ناخن پا کا اتنا بھی مہ نو پہ نہ اے چرخ کہن پھول
جالوں پہ جالے پڑگئے اللہ وقت ہے مشکل کشائی آپ کے ناخن اگر کریں
عید مشکل کشائی کے چمکے ہلال ناخنوں کی بشارت پہ لاکھوں سلام

## تلوہ کا جلوہ

جس کے تلووں کا دھون ہے آب حیات ہے وہ جان مسیحا ہمارا نبی
دل کرو ٹھنڈا میرا وہ کف پا چاند سا سینہ پہ رکھدو ذرا تم پہ کروں درود
موت سنتا ہوں ستم تلخ ہے زہرابۂ ناب کوئی لادے مجھے تلووں کا غسالہ تیرا
عکس سم نے چاند سورج کو لگائے چار چاند پڑگیا سیم وزر گردوں پہ سکہ نور کا

## قد وقامت زیبا

تیرا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو مثال دے

Marfat.com

نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں
تیرا قد مبارک گلبن رحمت کی ڈالی ہے
تجھے بو کر بنا اللہ نے رحمت کی ڈالی ہے
ہے گل باغ قدس رخسار زیبائے حضور
سرو گلزار قدم قامت رسول اللہ کی

## حسن با ملاحت

حسن کھاتا ہے جس کے نمک کی قسم
وہ ملیح دلآرا ہمارا نبی
ان کے حسن با ملاحت پر نثار
شیرۂ جاں کی حلاوت کیجئے
جس کا حسن اللہ کو بھی بھا گیا
ایسے پیارے سے محبت کیجئے
وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

## کوچۂ محبوب

گذرے جس راہ سے شاہ گردوں جناب آسماں آسماں ہو گیا
اس گلی کا گدا ہوں میں جس میں مانگتے تاجدار پھرتے ہیں
عنبر زمیں عبیر ہوا ، مشک تر غبار ادنیٰ سی یہ شناخت تیری رہگذر کی ہے

## گلزار مدینہ

چمن طیبہ ہے وہ باغ کہ مرغ سدرہ برسوں چہکے ہیں جہاں بلبل شیدا ہو کر
نیم وا طیبہ کے پھولوں پر ہو آنکھ بلبلو پاس نزاکت کیجئے
گل طیبہ کی ثناء گاتے ہیں نخل طوبیٰ یہ چہکنے والے

Marfat.com

کیابات رضا اس چمنستان کرم کی　　زہرا ہے کلی جس میں حسین اور حسن پھول

## مدحت مصطفیٰ

اے رضا جان عنادل تیرے نغموں کے نثار　　بلبل باغ مدینہ تیرا کہنا کیا ہے
کرم نعت کے نزدیک تو کچھ دور نہیں　　کہ رضائے عجمی ہو سگ حسان عرب
اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور　　تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

## ندرت خیال

شاخ قامت شہ میں زلف و چشم و رخسار و لب میں
سنبل نرگس ، گل پنکھڑیاں قدرت کی کیا پھولی شاخ
جناں میں چمن، چمن میں سمن، سمن میں پھبن، پھبن میں دولہن
سزائے محن پہ ایسے منن ۔ یہ امن و اماں تمہارے لئے
دو قمر دو پنجۂ خورد وستارے دس ہلال
ان کے تلوے، پنجے ناخن پائے اطہر، ایڑیاں
دندان ولب و زلف ورخ شہ کے فدائی
ہیں درعدن، لعل یمن مشک ختن پھول
سرتا بقدم ہے تن سلطان زمن پھول
لب پھول، دہن پھول ، ذقن پھول ، بدن پھول

## درودوسلام

کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود　　طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لاجواب　　نام ہوا مصطفیٰ تم پہ کروڑوں درود
سینہ کہ ہے داغ داغ کہہ دو کرے باغ باغ　　طیبہ سے آ کر صبا تم پہ کروڑوں درود
کام وہ لے لیجئے ۔تم کو جو راضی کرے　　ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروڑوں درود
مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام　　شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

مہر چرخ نبوت پہ روشن درود
گل باغ رسالت پہ لاکھوں سلام

شہر یار ارم تاجدار حرم
نو بہار شفاعت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا پہ بیحد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کی قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام (26)

یہ ہے حضرت رضا بریلوی کے منظوم کلام کا ایک ہلکا سا عکس جسے دیکھ کر پہلی ہی نظر میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ جس طرح آپ اہلسنت کے امام ہیں، اسی طرح آپ کا کلام بھی سخن وکلام کا امام ہے چنانچہ آپ کے دیوان حدائق بخشش پر "کلام الامام امام الکلام" کا مقولہ حرف بحرف صادق آتا ہے ......نثر سے لے کر نظم تک آپ نے عشق رسول کے جو پھول کھلائے اور محبت وعقیدت کے جو دیپک جلائے ہیں اس کی کرنیں، اس کی نکہتیں، غلامان رسول اور مداحان مصطفےٰ کے لئے شمع ہدایت ہیں...... آپ کے تصنیفی گلستان کو دیکھنے کے بعد یہ مانے بغیر کوئی چارہ کار نہیں رہتا کہ حضرت رضا بریلوی عہد جدید کی ایک عظیم شخصیت کا نام ہے۔ ایسی شخصیت جس کے فکر میں پاکیزگی، حرارت و روشنی اور زندگی ہے، جس کی ذہنی فکری، جذباتی افق ایسی وسیع ہے کہ اس کی وسعتوں میں بڑے بڑے ادیب و دانشور حیران نظر آتے ہیں۔ جس کی فکری کاوش نے جھوٹے محبوبوں سے دل ہٹا کر سچے محبوب کی طرف لگا دیا، دل کی متاع گراں بہا رضائع ہونے نہ دیا۔ پراگندہ خیالی سے بچا کر یکسوئی عطا کی، ادھر ادھر ٹوٹنے اور بکھرنے سے نجات دلا کر عالمی، آفاقی، دائمی مرکز چوکھٹ مصطفےٰ کی محبت عطا کی۔ جس کی ہر تصنیف عشق مصطفےٰ کی شمع فروزاں اور جس کی ہر تالیف حرارت ایمانی کا آفتاب درخشاں اور جس کی ہر تحریر کیفیات وتصورات عشق کا گل بداماں شبستان ہے۔ لغت گو شعراء میں حضرت رضا بریلوی کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ ان کے اشعار میں ندرت، اصلیت بلندی و باریکی اور سوز وتڑپ کے عناصر اس طرح حلول کر گئے ہیں جیسے پھول میں خوشبو چوں کہ انھوں نے بقول خود قرآن سے لغت گوئی سیکھی اس لئے اس صحرا میں آپ نے جو بھی قدم رکھا ہے نقوش قدم کی تابانیوں سے محبت کے پھول بھی کھلائے اور اردو ادب کے دامن کو بھی بہاروں کا مسکن بنا دیا ہے ......مجازی عاشقوں نے اپنے مجازی محبوبوں کیلئے جنون عشق میں نہ جانے کیا کیا کہا ہے، اور فکر کی وہ جولانی دکھائی ہے کہ لگتا ہے آسمان سے تارے توڑ رہے ہیں اور محبوب کے دامن میں ٹانک رہے ہیں، محبوب کے خدوخال، زلف ورخسار، لب لعلیں، نخرہ وعشوہ، ناز وانداز غمزہ وتبسم، قد وقامت اور

Marfat.com

وفاء و جفاء پر اپنے فکر کا مغز پیش کر کے رکھدیا ہے، تاہم حضرت رضا بریلوی نے انہی عنوان پر اپنے خیالات کی تگ و تاز محبوب خدا محبوب کائنات کے لئے پیش کیے ہیں، قاشہائے جگر، متاع دل ان کے قدم ناز پہ وارے ہیں جن کی محبت ان کی ذات کی طرح انمٹ، اور جن سے عشق ہمارے دین و ایمان کی فیروزمندی کی ضمانت ہے۔ جن سے لگن اور لگاؤ کی رعنائیاں عالم شہادت سے عالم آخرت تک کو محیط ہیں، اور اس سوغات عشق کی پیشکشی میں افکار و خیالات کی جو ندرت، اور تراکیب، و استعارات کی جو جدت انہوں نے اپنائی ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ تلوار کی دھار پر چل کر صحرائے عشق کی خار دار وادیوں سے سرخ رو لوٹنا کوئی ان سے سیکھ لے۔

## حاصل باب

قدرت کے فیاض ہاتھوں نے حضرت رضا بریلوی کو خالص اسلامی فطرت عطا فرمائی تھی، ان کی حیات و خدمات کا ہر پہلو اس چیز کی شہادت دے رہا ہے کہ وہ اسلام کے نمائندہ اور سچے خادم تھے، ان کے تصورات عشق کے بوقلموں گوشوں، ان کے قلب پر پڑنے والی محبت رسول کی کرنوں، اور ان کی قالب کو سحاب نور سے شرابور کر دینے والے چھینٹوں کے سراغ میں ایک لمبی پگڈنڈی، اور وسیع شاہراہ سے گذرنے کے بعد اب دیکھنا یہ ہے کہ اسلام نے جو تصور عشق ہمیں دیا ہے، جو معیار مقرر کیا ہے اس پر حضرت رضا بریلوی کہاں تک پورا اترتے ہیں۔

اسلامی تصور عشق کا مآل و انجام یہ ہے کہ بندہ خدا کا محبوب ہو جائے یہ نہیں کہ بندہ محض دعویٰ کرتا پھرے کہ میں خدا کا محبوب ہوں، بلکہ خالق کی طرف سے مخلوقات میں اس کی محبت اتاری جائے، اس کے حق میں یہ اعلان کروا دیا جائے کہ فلاں بندہ میرا محبوب ہے، جب یہ اعلان ہو جاتا ہے تو بندہ قبول فی الارض کی دولت بے بہا سے شاد کام ہو جاتا ہے، وہ جہاں گذرتا ہے در و دیوار ذاکر ہو جاتے ہیں اس کو دیکھنے سے خدا یاد آ جاتا ہے، اس کی جلوت اگر اللہ، اللہ، بولتی ہے تو خلوت سے نبیؐ، نبی کی صدائے دلنواز آنے لگتی ہے، اس کی گویائی و خاموشی خوف خدا اور عشق مصطفیٰ کا پیغام بن جاتی ہے، اسی لئے مومن کامل کے قلب صالح کی ہمیشہ یہ تمنا ہوتی ہے کہ۔

ہر جفا ہر ستم گوارا ہے ⁝ اتنا کہدے کہ تو ہمارا ہے

خدا نے جس بندے کو اپنا بنا لیا اس کی بندگی کی معراج ہوگئی، اس کا عشق سرفراز ہو گیا۔ اس نعمت عظمیٰ کے حصول کیلئے قرآن کریم نے جو کچھ اصول رکھے ہیں، کچھ شرطیں لگائی ہیں، ان میں

Marfat.com

پہلی شرط اتباع رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہے ارشاد قرآنی ہے ''فاتبعونی یحببکم اللہ'' اے پیارے رسول آپ لوگوں کو فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ خدا کے محبوب بندے بننا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو، میری اتباع سے ہی تم لوگ خدا کے محبوب بندے بن سکتے ہو، ادھر تم میری پیروی کرو گے ادھر اللہ تعالیٰ تم کو اپنا محبوب بنا لے گا۔ معلوم ہوا کہ محبت خدا کے لئے اطاعت مصطفےٰ لازمی، بنیاد اور اولین شرط ہے...... اس بنیاد پر جب ہم حضرت رضا بریلوی کی سیرت کا جائزہ لیتے ہیں تو ان کی پوری زندگی کتاب وسنت کی آئینہ دار نظر آتی ہے، ان کی حیات کا ہر پہلو شریعت کے میزان پر تلا ہوا نظر آتا ہے، ان کی حرکت وسکون بھی اطاعت رسول کی جلوہ گاہ دکھائی پڑتی ہے، ان کے مشاہدین و معاصرین، ان کی سیرت وسوانح کے مصنفین و مولفین متفق ہیں کہ ''کتب بینی یا لکھتے وقت پاؤں مبارک سمیٹ کر دو زانوں اٹھائے رہتے، ذکر میلاد میں ابتداء سے انتہا تک ادباً دو زانوں رہا کرتے، یوں ہی وعظ فرماتے، ٹھٹھا نہ لگاتے جماہی آنے پر انگلی دانتوں میں دبا لیتے، قبلہ کی طرف رخ کر کے کبھی نہ تھوکتے، نہ قبلہ کی طرف پاؤں دراز کرتے، خط بنواتے وقت اپنا کنگھا اور شیشہ استعمال فرماتے'' اطاعت مصطفےٰ میں اہم ترین اطاعت، اقامت صلوٰۃ ہے، آپ تندرست ہوں یا بیمار پانچوں وقت مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنے کے خوگر تھے، جب بھی نماز ادا فرماتے تو باعمامہ ہی ادا فرماتے، اور اپنے مریدوں کو بھی ہمیشہ اس امر کی خاص ہدایت فرماتے۔ نماز ادا کرتے وقت رکوع، سجود، قومہ، جلسہ وغیرہ ارکان صلوٰۃ کی صحیح ادائیگی کا خاص خیال رکھتے، ایک دفعہ کوئی صاحب ظہر کی چار سنتیں پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے ان کو اپنے پاس بلایا اور فرمایا کہ آپ کی ایک رکعت بھی نہیں ہوئی کیونکہ سجدہ کرتے وقت آپ کی ناک زمین سے علیحدہ رہی، نیز پیروں کی انگلیوں میں سے کسی ایک کا پیٹ زمین سے نہیں لگا تھا، کہ کم از کم فرض تو ادا ہو جاتا، واجبات وسنن و مستحبات تو علیحدہ رہے، آپ سنتیں پھر پڑھئے اور ہمیشہ اس بات کا خیال رکھئے کہ ناک کی ہڈی، جس کو بانسہ کہتے ہیں، (اپنی ناک پر انگلی رکھ کر بتایا) یہ اور پیروں کی کم از کم ایک انگلی کا پیٹ زمین سے لگا رہنا چاہئے، ورنہ اگر کوئی شخص نوح علیہ السلام کی برابر بھی عمر پائے اور اسی طرح نمازیں پڑھتا رہے گا تو یاد رکھئے وہ سب اکارت ہی جائیں گی، حضرت رضا بریلوی اس امر پر اعتقاد رکھتے تھے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ وہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے اور علماء کرام وارث انبیاء ہیں، اسی طرح اس امر پر بھی کامل یقین رکھتے تھے کہ علما کے ذمہ دو فرض ہیں ایک تو شریعت مطہرہ پر خود پورے طور پر عمل کرنا، اور دوسرا فرض مسلمانوں کو ان کی دینی باتوں سے

Marfat.com

موافق بنانا، ان دونوں فرضوں کے آپ زبردست عامل تھے، کوئی بھی عمل کبھی بھی شریعت سے سر موتجاوز کر جائے ایسا کوئی موقع آپ نے آنے نہ جانے دیا۔ ہرحال میں قانون شریعت پر عمل کر کے دکھایا۔ اور وارث انبیاء نائب مصطفےٰ ہونے کے ناطے مسلمانوں میں تبلیغ وہدایت کا فریضہ انجام دیا، کسی خلاف شرع حرکت پر فوراً متنبہ فرمایا اور شریعت کے رموز سے ناآشناؤں کو آشنا کیا، حکمت وموعظمت سے دعوت الی الحق دیا، پہلے نرمی ومحبت سے سمجھایا اگر سمجھ گیا تو ٹھیک ہے ورنہ وجادلھم بالتی ھی احسن کا جلوہ دکھایا۔ عرض کہ ان کی حیات وخدمات کا ہر حصہ اتباع سنت کے نور سے منور تھا۔ فرائض تو خیر فرائض ہیں سنن زوائد اور مستحبات کی بھی جیسی پابندی آپ نے کی ہے اس وقت دیکھنے والوں کو رشک آتا تھا اور آج سننے والے عش عش کر اٹھتے ہیں۔ ظاہر ہے ایسی متبع سنت صحبت کا اثر حاضر باشوں، خدمت گاروں پر پڑنا ہی چاہئیے تھا، وہ علماء جو آپ کے حاشیہ نشین تھے ان کی بات تو پھر ان کی بات ہے کفش برادری کرنے والے، گھر میں پانی لانے کی خدمت پر ماموں لوگ بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے۔ پابند شریعت شخصیت کی زریں صحبت سے وہ بھی قانون شرع کے راز داں، اور اظہار حق میں بے باک ہوگئے تھے۔ دار العلوم منظر اسلام کا جلسہ ہو رہا ہے، باہر سے تشریف لانے والے علماء میں حضرت مولانا سید سلیمان اشرف صاحب بہاری ناظم دینیات علی گڈھ مسلم یونیورسٹی بھی موجود ہیں، ایک بچہ سقا پانی بھر رہا تھا جب اس نے ڈول اوپر کھینچ لیا تو مولانا موصوف نے پانی کے لئے لوٹا بڑھا دیا، لڑکے نے ان کی طرف بغور دیکھا اور ڈول اپنی مشک میں لوٹ کر کہا کہ میں نابالغ ہوں، میرے دیئے ہوئے پانی سے آپ کا وضو نہ ہوگا۔ لڑکے سے پوچھا گیا تو پھر اعلحضرت (رضا بریلوی) کا وضو کیسے ہو جاتا ہے؟۔ اعلیٰ حضرت کے خادم حاجی کفایت اللہ صاحب یہ گفتگو سن رہے تھے انہوں نے عرض کیا کہ پانی کا معاہدہ تو اس کے باپ سے ہے وہ خود بھرے یا اپنے بچوں سے بھروادے، خواہ وہ بچے نابالغ ہوں وضو صحیح ہو جائے گا۔ اس پر مولانا سید سلیمان اشرف صاحب نے فرمایا کہ فقیہ ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے خدام بھی ایسے باریک مسائل جانتے ہیں۔ اسے فیضان صحبت کے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں۔ وجہ صرف یہ ہے کہ حضرت رضا بریلوی نے سرکار دوعالم ﷺ کے قول وفعل پر باحسن طریق تاحین حیات عمل فرمایا، انہوں نے جو کہا وہ کیا اور جو کیا اس پر اگر جرح ہوا تو آثار وسنن سے ثبوت کا دریا بہادیا۔

حضور سید عالم ﷺ نے متعدد حدیثوں میں اپنی اہلبیت کی عظمت ظاہر فرمائی ہے اور ان سے محبت رکھنے کا حکم صادر فرمایا ہے مثلاً آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے یا یھا الناس انی ترکت فیکم

Marfat.com

ما ان اخذتم لن تضلوا کتاب اللہ و عترتی اھل بیتی ۔اے لوگو میں تمہارے بیچ دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، اگر تم ان کی محبت واطاعت کا دامن تھامے رہو گے تو گمراہ نہ ہو گے، ایک قرآن مجید، اور دوسری میری اہلبیت ، ایک حدیث میں حضرات حسنین کریمین کے بارے میں فرماتے ہیں۔

اللھم انی احبھما فابھما و احب من یحبھما ، اے اللہ میں ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں، تو بھی ان سے محبت فرما، اور تو ان سے بھی محبت فرما جو ان سے محبت رکھیں نیز آپ نے فرمایا ہے من مات علی حب آل محمد مات مومنا ۔ جو آل رسول کی محبت پر مراوہ مومن ہو کر مرا، یعنی جو میری اولاد سے محبت رکھے گا مرتے وقت اس کو کلمہ نصیب ہو گا۔ اس کا خاتمہ بالخیر ہو گا۔ اسی لئے حضرت رضا بریلوی دعاء مانگا کرتے تھے۔

حب اہلبیت دے آل محمد کے لئے کر شہید عشق حمزہ پیشوا کے واسطے

ان احادیث مبارکہ پر عمل کی جو مثال حضرت رضا بریلوی نے پیش کی ہے حق یہ ہے کہ یہ انہیں کا حصہ تھا، جو نسبت رسول رکھنے والی معمولی چیزوں کو بھی حرز جان بنانے کا آرزومند ہو وہ نسبت جسمانی وروحانی کے مراکز حضرات اہلبیت کی کتنی تعظیم کرتا ہو گا، سچ یہ ہے کہ آپ ہی نے آل رسول کا احترام کر کے آل رسول کا احترام کرنا سکھایا ہے، ورنہ آپ کے دور میں دوسرے بہت سارے آثار کی طرح، نسبت رسول کا احترام، آل رسول کی تعظیم وتوقیر کا جذبہ بھی مدھم مدھم اور پھیکا پھیکا سا ہو گیا تھا آپ نے صرف قول سے نہیں عمل پیہم سے اس جذبہ کو اس طرح اجاگر فرمایا کہ سینوں میں آل رسول کی محبت کے چشمے ابلنے لگے، اور دلوں میں آل رسول کی تعظیم کے ولولے موجیں مارنے لگے، آج جہاں کہیں بھی آل رسول کے تعلق سے احترام وعقیدت کے نقوش پائے جارہے ہیں ان میں حضرت رضا بریلوی کا خون جگر شامل ہے۔ آپ ہی نے آل رسول کے حقیقی مقام ومنصب سے ناآشنا ماحول کو آشنا بنایا ہے، اسی لئے آج جو آل رسول ہیں وہ آپ کے اس احسان کے پیش نظر حضرت رضا بریلوی کو اپنا امام مانتے ہیں، اور اپنا مقتدا تسلیم کرتے ہوئے "مسلک اعلحضرت" کی تبلیغ واشاعت کو اپنا لازمہ حیات اور دین کی عظیم خدمت تصور کرتے ہیں۔ آپ کی زندگی میں آل رسول کے احترام ومحبت کا ایک واقعہ تو ایسا ملتا ہے کہ اگر سنگ دل بھی اسے پڑھتا یا سنتا ہے تو نسبت رسول کی گرمی اور عشق رضا کی حرارت سے اس کا دل بھی پگھل پگھل جاتا ہے۔ صاحب طرز انشاء پرداز علامہ ارشد القادری تحریر فرماتے ہیں ایک مرتبہ آپ کے عقیدتمند نے آپ کو اپنے گھر لے جانے کے لئے پالکی کا اہتمام کیا، آپ کو اس پالکی میں بٹھایا گیا، کہاروں (پالکی اٹھانے والے لوگوں

Marfat.com

) نے پالکی اٹھائی، دائیں بائیں نیازمند براتیوں کی طرح ساتھ ساتھ چل رہے تھے، ابھی تھوڑی ہی دور گئے تھے کہ آپ نے پالکی سے آواز دی ''پالکی نیچے رکھ دو، آپ کے حکم کے مطابق پالکی نیچے رکھ دی گئی، آپ پریشانی کے عالم میں پالکی سے باہر نکل آئے، آنکھوں سے آنسو رواں تھے، پالکی اٹھانے والے کہاروں سے آپ نے کہا! آپ لوگوں میں کوئی آل رسول بھی ہے؟ رسول اللہ ﷺ کے واسطے سے بتاؤ۔ مجھے ان پالکی اٹھانے والے مزدوروں میں نسبت رسول، خون بتول کی خوشبو آرہی ہے۔ اس سوال پر ایک کہار کا رنگ فق ہوگیا، پیشانی پر غیرت وحیا کے آثار نمودار ہوئے۔ غریب سید زادے نے جواب دیا! جناب مزدور سے کام لیا جاتا ہے ذات پات نہیں پوچھی جاتی، آہ! آپ نے میرے جد امجد کا واسطہ دے کر پوچھا ہے سمجھ لیجئے میں ہی اس چمنستان کا مرجھایا ہوا ایک پھول ہوں، چند ماہ سے اس شہر میں آیا ہوں، کوئی ہنر نہیں جانتا کہ اسے ذریعۂ معاش بنا سکوں، اس لئے ان کہاروں کے ساتھ مزدوری کرتا ہوں۔ ابھی مزدور کی بات ختم بھی نہ ہوئی تھی کہ لوگوں نے پہلی مرتبہ یہ رقت انگیز منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ عالم اسلام کے نامور عالم دین کی دستار اس سید مزدور شہزادے کے قدموں پر ہے۔ اور اعلحضرت اس مزدور سید زادے سے رورو کر معافی مانگ رہے ہیں اور گزارش کر رہے ہیں کہ مجھے معاف فرما دو بے خبری میں مجھ سے یہ خطا سرزد ہوگئی ہے، جن کے نعلین پاک کا تاج میرے سر کا سب سے بڑا اعزاز ہے ان کے کندھے پر میں نے سواری کی ہے۔ قیامت کے دن اگر مجھ سے سرور عالم ﷺ نے پوچھ لیا کہ اے احمد رضا میرے فرزند کا دوش نازنین اس لئے تھا کہ وہ تیری سواری کا بوجھ اٹھائے تو میں کیا جواب دوں گا، سید زادے نے جواب دیا جناب میں نے معاف کیا، آپ نے عرض کیا میری خطا کی معافی تب ہوگی کہ تم پالکی میں بیٹھو اور احمد رضا اس کو کاندھا لگائے۔ ہزار انکار کے باوجود آخر سید زادے کو اعلیٰ حضرت کی ضد پوری کرنا پڑی۔ شوکت عشق کا یہ ایمان افروز نظارہ دیکھ کر کدورتوں کا غبار چھٹ گیا، اور دشمنوں کو بھی مان لینا پڑا کہ آل رسول کے ساتھ جس کے دل کی عقیدت واخلاص کا یہ عالم ہے رسول خدا ﷺ کے ساتھ اس کی وارفتگی کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ یہ ہے سنت رسول کی اتباع کا وہ جذبۂ بیکراں اور نسبت رسول کے احترام وتوقیر کا وہ ولولہ فراواں جس نے آپ کو احمد رضا سے اعلحضرت، امام اہلسنت بنا دیا، بریلی سے اٹھایا اور مدینہ ہوتے ہوئے عرش قبول تک پہونچا دیا، اتباع رسول کے مقدس جذبے سے سرشار، نسبت رسول کی تعظیم وتکریم کے سنہرے اجالے سے اپنے فکر وعمل کا آشیانہ سجانے والے ہر دور میں

Marfat.com

رہے ہیں اور انہوں نے اپنے کردار سے اعلیٰ مثال پیش بھی فرمایا ہے تاہم حضرت رضا بریلوی نے جس طرح اپنی عزت وناموس کو محبت رسول کی پاسداری میں نسبت رسول پر نثار کیا ہے چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی ایسی مثال نہیں ملتی، تاریخ اپنی تہی دامنی پر شکوہ سنج نظر آتی ہے۔ حضرت رضا بریلوی کے سامنے اسلامیات کا پورا ذخیرہ تھا، وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ حضور کی رضا ہی میں خدا کی رضا ہے، حضور کی فرمانبرداری ہی کا نام اللہ تعالیٰ کی بندگی ہے، پیغمبر اسلام کی سچی فرمانبرداری آپ کی پیاری سنتوں کی پیروی سے ہوتی ہے، دین اسلام کی نورانی عمارت حضورﷺ کی سنتوں پر ہی قائم ہے، اسی لئے سنتوں پر عمل کرنے سے آدمی اللہ کا محبوب ہوجاتا ہے، سرکار دو عالمﷺ کی سچی محبت اور سچا عشق نصیب ہوجاتا ہے جو دنیا و عقبیٰ کی سب نعمتوں سے اعلیٰ نعمت ہے۔

**2۔** اسلامی تصور عشق میں دوسری اہم چیز یا دوسری اہم شرط ''محبوب کے دشمنوں سے دشمنی'' ہے، اسلام نے جتنا زور اتباع سنت یعنی محبت خدا کے حصول پر دیا ہے، اتنا زور اعداء اللہ سے نفرت، بغض وعداوت پر دیا ہے، پہلا تصور عشق اگر محبوبیت کا تمغہ عطا کرتا ہے تو دوسرا تصور عشق محبوب کی رضا وخوشنودی کا گر سکھاتا ہے، حاصل شدہ نعمتوں کو نقصانات وحوادثات سے محفوظ رکھنے کا وطیرہ بخشتا ہے۔ رمز محبت سے مطلع کرتا ہے۔ اس کے فوائد وبرکات سے واقف کرتا ہے، اور یقین دلاتا ہے کہ اگر تم نے اسرار عشق کو سمجھ کر اپنی زندگی میں نافذ کرلیا تو تمہارے دل میں ایمان کو نقش کردیا جائے گا تائید غیبی تمہارے ساتھ رہے گی، رحمانی مدد سے تم بہرہ مند ہوتے رہو گے۔ اور اگر خدانخواستہ دانستہ یا نادانستہ تم نے دشمنان خدا سے بھی قربت وصحبت رکھ لی تو تمہارا یہ عاقبت نا اندیشانہ انداز محبت کے ثمرات وبرکات کو زائل وضائع کرسکتا ہے، بلکہ رب کے غضب کو بھی آواز دے سکتا ہے۔ اس لئے رب تبارک وتعالیٰ نے تنبیہاً ارشاد فرمایا ''**لاتجد قوماً یومنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاداللہ ورسولہ ولو کانو آبائھم او ابنائھم او عشیرتھم، اولئک کتب فی قلوبھم الایمان و ایدیھم بروح منہ**

ترجمہ: اے محبوب نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اللہ پر اور یوم آخرت پر کہ دوستی کریں ان لوگوں سے جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے سرکشی کی، خواہ سرکش ان کے باپ ہوں۔ یا اولاد ہوں، تو انہیں ایمان والوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان مرکوز کردیا ہے، اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی'' دیکھئے کتنے کھلے لفظوں میں اللہ نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو دشمنان خدا و مصطفٰے کے ساتھ کبھی بھی محبت کرتے نہ

Marfat.com

پاؤ گے، خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے ہی کیوں نہ ہوں، مومن ہمیشہ اس سے محبت کرتا ہے جو خدا و مصطفیٰ کا وفادار و فرمانبردار ہو، جو لوگ اس معیار پر پورے اتر جائیں کہ محبین سے محبت اور مخالفین سے عداوت رکھیں ان کو بارگاہ خداوندی سے یہ انعام ملا "اولئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ" یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش کر دیا ہے۔ اب تائید آسمانی اس کی رفیق ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے بندوں کی فطرت بطور ان کی نشانی کے بیان فرمائی ہے، یعنی محبوب بندوں کی فطرت ہی یہ ہے کہ وہ اللہ ورسول کے سرکش بندوں سے الگ تھلگ رہیں، اور الگ تھلگ رہنے کا اعلان بھی کرتے رہیں، تاکہ بھولے بھالے مسلمان بھی ان سے بچیں، وہ بھی اگر اسی نشانی کے ہو جائیں گے تو جو بشارت خدا نے اپنے پیارے بندوں کو دی ہے اس کے یہ بھی مستحق ہو جائیں گے۔ وہ بشارت دنیا میں ایمان اور تائید غیبی کی بشارت ہے۔ اس نشانی کو حضرت رضا بریلوی نے اپنا مقصد حیات بنالیا تھا، ان کی ساری عمر کا سرمایہ ان کی تصنیف کردہ کتابیں ہیں تو جو نشانی رب العزت نے اپنے محبوب بندوں کی بتائی ہیں وہی ہر کتاب کا سبب تالیف یا موضوع ہے، الا ماشاء اللہ وہ ایک لمحے کے لئے بھی اس آیت کریمہ کے مفہوم سے باہر نہ ہوئے، انہوں نے مدت العمر دین کو چمکایا، دشمنان دین سے دنیا و اسلام کو بچایا، ان کی ساری زندگی میں اس آیت کریمہ کی تفسیر ہوتی رہی۔ یہ مزید براں ہے کہ آیت کریمہ کا پہلا حصہ خاصان خدا کی مختصر سوانح عمری ہے، جس میں رضا بریلوی کی زندگی روز روشن کی طرح چمک رہی ہے، دوسرے حصے میں انہیں خاصان خدا کے لئے بشارت ہے، یہ حسن اتفاق ہے کہ یہی حصہ آیت آپ کی تاریخ ولادت بھی ہے۔ ان کی ہر تحریر و تقریر کا یہی عطر رہا وہ اکثر فرماتے تھے کہ "سرکار کی غلامی کے بغیر عبادت و ریاضت بیکار ہے، ان کی نظر میں سرکار دو عالم ﷺ سے سوء ظن رکھنے والے کولھو کے بیل کی طرح ہیں، صبح سے شام تک چلے، صبح کو جہاں سے چلے تھے شام کو وہیں ملے .............. اللہ تعالیٰ نے ان میں ایمان ایسا نقش فرمادیا تھا کہ اپنے اپنے حلقے کے نامور علماء جن کا ایک خاص اثر تھا، جن کے چاہنے والوں کی اچھی خاصی بھیڑ تھی، جس کے ماننے والے اس کونے سے اس کونے تک پھیلے ہوئے تھے لیکن ان کی بعض تحریرات سے جب انہیں یقین ہو گیا کہ ان سے توہین رسول کی بو آتی ہے تو بہ آں جبہ و دستار آپ نے ان کو بھی معاف نہ کیا، ان کی حیثیت عرفی کا کوئی خیال نہ کیا، موالات دور کی بات ہے ان کا ذکر کرنا بھی ناگوار خاطر ہوتا تھا، نتیجے میں سب وشتم بھی سہنا پڑا، سخت وسست بھی سننا پڑا،

Marfat.com

مگر تائید غیبی ساتھ تھی قدم استقامت میں ذرہ بھر لغزش نہ آئی، گالیوں سے بھرے ہوئے بیرنگ خطوط آتے مگر آپ اف تک نہ کرتے، کہنے والے نے کہا بھی حضور اب تو گالی نامہ کا تانتا بندھ گیا ہے تو آپ نے جواب دیا چلئے اچھا ہوا جتنی دیر وہ مجھے کوستے اور گالیاں دیتے ہیں کم از کم اتنی دیر تو رسول پاک کی تحقیر سے باز رہتے ہیں، میری عزت اسی لئے ہے کہ رسول پاک کی عظمت پر قربان ہوتی رہے..........انگریز جس کی دشمنی خدا و مصطفےٰ کا پردہ قرآن نے چاک کیا، جس کی مذمت کی متعدد آیتیں آج بھی ان کی قلعی کھول رہی ہیں، قرآن نے جسے دشمن خدا، دشمن دین، دشمن مصطفےٰ قرار دیدیا ہو بھلا حضرت رضا بریلوی اس کی طرف نظر التفات فرمادیں یہ تو ان کی غیرت ایمانی اور شان بندگی سے بعید بات تھی، ہزار مجبوری کے بعد بھی آپ انگریزی کچہری میں داخل نہ ہوئے، حالانکہ مجبوری کے وقت بڑے بڑوں کو کچہری جانا پڑتا ہی ہے۔ یہ بات اپنوں سے لے کر بیگانوں تک مشہور تھی کہ مولانا احمد رضا انگریز اور انگریزی کچہری سے سخت نفرت رکھتے ہیں، چنانچہ مخالفین کو اعلیٰ حضرت کو پریشان کرنے کا یہاں ایک اچھا بہانہ ہاتھ آ گیا، اس وقت جناب اکبر علی صاحب برادر حقیقی مولانا اشرف علی تھانوی بریلی کی چنگی میں سکریٹری تھے انہوں نے بھی خوب ہوا دی بڑے منظم اور منصوبہ بند طریقے سے حضرت رضا بریلوی پر کیس دائر کر دیا گیا، مخالفین کا اصرار تھا کہ ہم انہیں کچہری لاکر چھوڑیں گے، رضا بریلوی کا کہنا تھا خدا نے چاہا تو میں کیا میری جوتی بھی کچہری نہ جائے گی۔ آپ کے اس جملے نے جیسے جلتے پر تیل چھڑک دیا، معاملہ بہت بھڑک گیا، ہر طرف اس مقدمہ بازی کی ہلچل سنائی دینے لگی، ایک طرف سے مسلسل اصرار اور دوسری طرف سے پیہم انکار، اپنے ہراساں بیگانے شادماں، آخر وہ وقت بھی آیا کہ نصرت غیبی نے آپ کی مدد فرمائی، نواب رام پور کی سفارش سے بریلی کے کلکٹر نے آپ کو کچہری کی حاضری سے مستثنیٰ قرار دیدیا۔ ظاہر ہے جو خدا کا ہو جاتا ہے خدا اس کا ہو جاتا ہے اور جس کا خدا ہو جاتا ہے ساری خدائی اس کی ہو جاتی ہے، نامساعد حالات میں بھی آپ نے رب کے احکام کے دامن کو نہ چھوڑا تائید غیبی نے آپ کا کام کر دیا۔

بات بیگانوں سے دوری کی آ ہی گئی ہے تو حالات حاضرہ کے حوالے سے ایک بات عرض کرتا چلوں، آج کل اس نظریئے کی بڑی دھوم مچی ہوئی ہے، بڑی گونج سنائی دے رہی ہے کہ ''کسی کو برا نہ کہو'' اور حیرت ہے کہ ہمارا دانشور طبقہ اس کو زیادہ اچھال رہا ہے، شاید انجام ان کی نظر سے اوجھل ہے کہ اس قسم کے نظریئے سے صلح کلیت کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں اس نظریئے کے داعی اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے اسلام کی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں، اسلام ہمہ رنگی میں یک رنگی کا پاسبان ہے،

Marfat.com

یک در گیر و محکم گیر کا پیامی ہے۔ باغباں بھی خوش رہے راضی رہے صیاد بھی، اس نظریہ کا قاتل ہے، افق عرب پر جب اسلام کا سورج سمجھا، روشنی پھیلی تو حق و باطل نکھر کر سامنے آ گئے، نظریات کہنہ کی دیواریں شگاف زدہ ہونے لگیں، پرانے جام و مینا توڑے جانے لگے تو اپنے نظریئے کی زبوں حالی پر پرانے نظریئے کے پرستار، دونوں عالم کے مختار کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور کھلے لفظوں میں کہا محمد عربی تمہارے نئے نظریئے کی اشاعت اب زوروں سے ہونے لگی ہے کہ خاندان کا خاندان ٹوٹ ٹوٹ کر تمہارے مشن کے دامن میں گرنے لگا ہے، بھائی بھائی اور باپ بیٹے میں اختلاف کی چنگاری سلگ رہی ہے، رشتہ دار رشتہ دار سے صف آرا ہے، ہم سمجھوتہ کے لئے حاضر ہیں مان گئے تو ٹھیک ہے ورنہ اب ہم قوت قہری کا استعمال کریں گے۔ سن لو ہم ابھی بھی اختلاف نہیں چاہتے اتحاد چاہتے ہیں، میل ملاپ اور مل جل کر رہنے کے متمنی ہیں، ہم سب کی اس سلسلے میں تجویز یہ ہے کہ نہ تم ہمارے معبودوں کو برا کہو نہ ہم تمہارے معبود کو برا کہیں، چھ مہینہ ہم تمہارے خدا کو پوجیں چھ مہینہ تم میرے خدا کو پوجو۔ اس طرح ہم لوگ خون خرابے سے بھی بچ جائیں گے اور اختلاف کی آگ بھی بجھ جائے گی، محبت و اتحاد کی خوشگوار فضا پھر نئی کروٹ لے گی حضور سرور کائنات علیہ السلام نے پوری بات بغور سننے کے بعد بڑے تحمل و تدبر سے جواباً ارشاد فرمایا، ''اگر تم میرے ایک ہاتھ میں سورج، دوسرے میں چاند اور دامن میں کونین کی دولت لا کر رکھ دو پھر بھی ہم حق کے مشن سے باز نہیں آ سکتے۔ اتحاد ہماری دعوت ہے۔ محبت ہمارا پیغام ہے'' .......... حالانکہ جس وقت کفار و مشرکین مکہ نے اتحاد کی دعوت دی ہے وہ وقت اسلام کا بڑا صبر آزما وقت تھا، ایسے نازک وقت میں بھی آپ نے دشمنان اسلام کی طرف سے پیش کردہ اتحاد کی دعوت کو قبول نہیں فرمایا۔ حق و باطل کی آمیزش گوارہ نہ فرمائی، اور آپ کے انکار نے بتا دیا کہ حق و باطل کے ملے جلے نظریہ پر اتحاد نہیں ہوسکتا، صلح کلیت پر اتفاق نہیں ہوسکتا، اتحاد اگر ہوگا تو حق کا حق کے ساتھ ہوگا، اتفاق اگر ہوگا تو مومن کا مومن کے ساتھ ہوگا قرآن کریم نے بھی آیت مذکورۃ الصدر میں کتنی صفائی سے فرما دیا ہے کہ مومن کی یہ پہچان نہیں کہ وہ خدا اور سول سے محبت کا دم بھی بھریں اور دشمنان خدا و مصطفےٰ سے گھال میل رکھیں۔ ایک اور جگہ مومن کی یہ پہچان بتائی گئی کہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم نافرمانوں پر بہت ہی سخت، وفا شعاروں پر نرم دل یعنی

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم — رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

اس آیت کی ترتیب جمیل پر غور کیجئے پہلے نافرمانوں پر سختی کا بیان ہے بعد میں اپنوں پر نرمی کا، یعنی

Marfat.com

پہلے دشمنی پھر دوستی، پہلے انکار پھر اقرار، پہلا لا الہ پھر الا اللہ، جو لوگ سب سے یکساں سلوک کے روادار ہیں یہ آیت آنکھیں روشن کرنے کے لئے کافی ہے۔ محسن اسلام حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "تولا بے تبرا نیست ممکن" دوستی دشمنی کے بغیر نا متصور ہے:........ ہمارا اسلام ہم سے مطالبہ کرتا ہے کہ جس طرح ہم اپنے دشمن کو دشمن سمجھتے ہیں اپنے دوست کے دشمن کو بھی دشمن ہی سمجھیں۔ اور پھر اپنے دشمن کے دوست کو بھی دشمن ہی جانیں۔ اگر ہم نے ان زریں اصولوں سے اپنے آپ کو مرصع کرلیا تب اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ پورا فرمائے گا۔ ہمارے دلوں پر ایمان نقش کردے گا، اپنی خاص نصرت سے ہماری مدد فرمائے گا۔

یہ شہادت گہہ الفت میں قدم ہے رکھنا
لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا

آج حضرت رضا بریلوی کے عشق کی دھومیں یونہی نہیں مچی ہوئی ہیں۔ ان کی محبت رسول کے تذکرے ایسے ہی زبان زد خاص و عام نہیں ہیں، پہلے اتباع رسول کی تنگناؤں سے گذرے ہیں، اعدائے خدا ورسول کی عداوت کو خدا ورسول کی محبت میں گلے سے لگائے ہیں، طعنہ وطنز کے پتھر کھائے ہیں اور مسکرائے ہیں۔ سب وشتم کے کانٹے چبھے ہیں اور خاموش رہے ہیں، ان تمام منازل امتحان سے خندہ پیشانی سے گذرے ہیں تب تائید رحمانی سائبان ہوئی ہے، تب نقوش ایمانی پاسبان بنے ہیں، تب فنافی الرسول کا تاج عطا ہوا ہے۔ اور آج سب کی زبان سے عاشق رسول کہے جارہے ہیں...... بارگاہ رسول میں آپ کو ایسا قرب میسر تھا کہ میں تو سمجھتا ہوں آپ صفت حضوری سے متصف منصب حضوری پر فائز تھے۔ یہاں پہنچ کر میرا وجدان کہتا ہے کہ ان کے علمی کمالات کا اصل سبب بھی قرب رسالت ہی ہے۔ اس نور مجسم سے قریب تر ہونے کی وجہ سے اس نور کی شعاعیں جہاں تک پہنچ رہی تھیں ان شعاعوں میں مل جل کر ان کی نگاہیں بھی وہاں پہنچ رہی تھیں اور اپنا کام کررہی تھیں۔ اشیاء کی ظاہری سطح تک تو ان مروجہ ناقص روشنیوں کی رسائی ہے تو انوار رسالت کا کیا کہنا، اس روشنی سے دیکھنے والا اشیائے مرئیہ کا باطن بھی دیکھ لیتا ہوگا، اور یقیناً اس کی نظر حقائق اشیاء تک پہنچتی ہوگی۔ اس امر کی تصدیق ڈاکٹر سرضیاء الدین وائس چانسلر مسلم یونیورسیٹی علی گڈھ کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے ڈاکٹر صاحب نے اعلیٰحضرت سے دریافت کیا آپ کا فن ریاضی میں استاد کون ہے؟ اعلیٰ حضرت نے ارشاد فرمایا میرا کوئی استاد نہیں ہے میں نے اپنے والد ماجد علیہ الرحمہ سے صرف چار قاعدے جمع، تفریق، ضرب، تقسیم محض اس لئے سیکھے تھے کہ ترکہ کے مسائل میں ان کی ضرورت پڑتی ہے، شرح چغمنی شروع کی تھی کہ والد ماجد نے فرمایا کیوں اپنا وقت

Marfat.com

اس میں صرف کرتے ہو پیارے مصطفےٰ ﷺ کی سرکار سے تم کو یہ علوم خود ہی سکھا دیئے جائیں گے، چنانچہ یہ جو کچھ آپ دیکھ رہے ہیں مکان کی چاردیواری کے اندر بیٹھا خود ہی کرتا رہتا ہوں۔ یہ سب سرکار رسالت ﷺ کا کرم ہے۔ اعلحضرت کی صحبت کا یہ اثر ہوا کہ ڈاکٹر صاحب نے بریلی شریف سے واپس ہونے پر داڑھی رکھ لی، اور نماز کے بھی پابند ہو گئے۔ یہ ہے اعلیٰ حضرت کا علم جو عشق کے خمیر میں گندھا ہوا ہے، جو قریب آ رہا ہے وہ بھی فیض صحبت سے مالا مال ہو رہا ہے۔ اسی لئے تو آپ فرماتے ہیں۔

اے عشق تیرے صدقے جلنے سے چھٹے سستے　　جو آگ بجھا دے گی وہ آگ لگائی ہے

## امدادی کتب

| | |
|---|---|
| ضیاء النبی | پیر کرم شاہ ازہری |
| عرفان رضا | مولانا عبدالستار ہمدانی |
| شرح سلام رضا | مفتی جان محمد قادری |
| سلام رضا۔ تنقید، تفہیم اور تجزیہ | پروفیسر کعمی |

Marfat.com

# حوالے

# حضرت رضا بریلوی کا تصور عشق

## تصانیف کے حوالے سے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء دہلی | ص248 |
| 2 | تمہید ایمان بآیات قرآن | امام احمد رضا | ص2 |
| 3 | // | // | ص3،4 |
| 4 | // | // ملخصا | ص6،7 |
| 5 | // | // | ص138 |
| 6 | // | // | ص74 |
| 7 | شفاء الوالہ فی صور الحبیب ومزارہ ونعالہ | امام احمد رضا | ص2 |
| 8 | // | // | ص28 |
| 9 | // | // | ص25 |
| 10 | // | // | ص27 |
| 11 | // | // | ص29 |
| 12 | // | // | ص28 |
| 13 | // | // | ص31 |
| 14 | // | // | ص34 |
| 15 | // | // | ص39,38 |
| 16 | بدر الانوار فی آداب الآثار | امام احمد رضا | ص10 |
| 17 | // | // | ص11 |
| 18 | // | // | ص15 |
| 19 | // | // | ص30,17 |
| 20 | // | // | ص44,43 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 21 | بدر الانوار فی آداب الآثار | امام احمد رضا | ص50 |
| | ایضاً عشق رضا کی سرفرازیاں | مولانا مبارک حسین مصباحی | ملخصاً |
| 22 | الملفوظ ج2 | مرتب مفتی اعظم مولانا مصطفٰے رضا قادری | ص46 |
| 23 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | ص189 |
| 24 | کلام رضا | اصغر حسین لدھیانوی | ص13 |
| 25 | مولانا احمد رضا ایک ہمہ جہت شخصیت | مولانا کوثر نیازی | ص43 |
| 26 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | پورے دیوان سے منتخب |

Marfat.com

## چھٹا باب

## حضرت رضا بریلوی کے

# تصورعشق کے اثرات

☆ ............ رضا بریلوی کے تصورعشق کی بازگشت۔اقبال

☆ ............ رضا بریلوی کے تصورعشق نے ادب کو کیا دیا

☆ ............ رضا بریلوی کے تصورعشق نے ملت کو کیا دیا

☆ ............ رضا بریلوی کے تصورعشق کے عہد مابعد پر اثرات

☆ ............ رضا بریلوی کا تصورعشق عالمگیر تحریک، عالمگیر ضرورت

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق کی بازگشت

# اقبال

کچھ شخصیتیں ایسی موثر اور فیض بار ہوتی ہیں کہ پورا ماحول اس کے اثرات کے رنگ ونور میں ڈوب جاتا ہے۔ خواہی نخواہی دل اس کی طرف کھینچنے لگتے ہیں۔ اس کے افکار سے افکار صیقل کئے جاتے ہیں۔ ............ شخصیت چاہے جیسی بھی بلند بانگ اور فکر وفلسفہ سے لیس ہو۔ مگر اس کا بھی اپنی کسی بصیرت افروز معاصر شخصیت سے متاثر ہونا، اس کی تجلیات سے اپنے افکار ومعتقدات کے بام ودر چمکانا ایک بدیہی امر ہے، اس طرح افکار وتصورات میں تغیر وتبدل رنگا رنگی، تنوع اور تلون کی جہت در جہت موجودگی زور آور شخصیات میں بھی دیکھی گئیں اور دیکھی جارہی ہے یہ حقیقت واقعہ ہے۔ جس انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔

علامہ اقبال جو اپنی بلند خیالی، علو فکری، دبدبۂ الفاظ، شکوہ معانی میں برصغیر کی پوری ادبی فضا میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ جن کی جودت طبعی، ندرت فکری کے چرچے شعروادب کی جان سمجھے جاتے ہیں۔ انجمن درانجمن سنے جارہے ہیں۔ جن کا نام فکروادب کے حوالے سے استناد کے درجے پر فائز ہے، جن کو یاد کیجئے، جن کے اشعار گنگنائیے تو ذہن کے آفاق پر فکروسخن داد کے پھریرے لہرانے لگتے ہیں، جو قوم وملت کی عظمت کی علامت سمجھے جارہے ہیں، ایسی دیدہ ور اور بصیرت آگیں شخصیت میں بھی انقلابات وتغیرات کی کئی منزلیں دکھائی پڑتی ہیں۔ فکر اقبال میں یہ انقلاب ظاہر ہے بلاوجہ نہیں ہوسکتی اور نہ کسی ناگہانی حالات وحادثات کا ردعمل ہوسکتا ہے۔ اقبال جیسا ذہین وطباع مفکر جو الفاظ کی تہہ در تہہ گتھیوں کو سلجھا کر معانی کے گوہر آبدار پیدا کرتا ہو وہ اگر فکری کروٹ لیتے نظر آرہے ہیں تو یہ بات اس عہد کے علمی وادبی تناظر میں کسی موثر وآفاقی دانشور کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ مایہ ناز محقق ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں نقشبندی تحریر فرماتے ہیں۔

Marfat.com

"اعلحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب علیہ الرحمہ اپنے دور کے بے مثل علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ان کے فضل وکمالات، ذہانت وفطانت، طباعی اور دراکی کے سامنے بڑے بڑے علماء وفضلاء یونیورسٹیوں کے اساتذہ، محققین اور مستشرقین نظروں میں نہیں جچتے، مختصر یہ ہے کہ وہ کون سا علم ہے جو انہیں نہیں آتا تھا؟ اور وہ کون سا فن ہے جس سے وہ واقف نہیں تھے۔ (1)

علامہ اقبال کے فکر ونظر کا کئی اسٹیج تغیرات سے دوچار ہوا ہے۔ان کی زندگی میں رونما ہونے والی فکری تبدیلی تفصیلی جائزہ مبسوط مقالہ کی مقتضی ہے۔ہم یہاں صرف دو چار مثالوں پر اکتفاء کریں گے۔تصوف کے باب میں علامہ اقبال کے نظریات میں آمد وشد کی جو کیفیات تھیں۔ڈاکٹر سید عبداللہ تحریر فرماتے ہیں........ "ایک زمانہ تھا جب اقبال بھی صوفیوں کے تصور وحدت الوجود سے متاثر تھے۔اور انسانی روح کے فراق زدہ ہونے پر اعتقادات رکھتے تھے۔مگر بعد میں رفتہ رفتہ ان کا یہ عقیدہ جاتا رہا اور خودی کی تنظیم میں مادیت کے مستقل وجود کی اہمیت کو تسیم کرنے لگ گئے۔ (2)

اقبال کے نظریۂ تصوف میں مغرب سے ان کی اثر پذیری، ان کی مختلف الخیالی نے ان کے بارے میں عجیب عجیب شبہات کو جنم دیا، نتیجہ میں انہیں طعن وطنز کا شکار بھی ہوا پڑا، تاہم پھر خطوط مستقیم پر ان کی واپسی نے بہت حد تک ان کے دامن تصوف پر پڑی ہوئی گرد کو صاف کیا، خطوط مستقیم پر ان کی واپسی کے اسباب کیا تھے کھل کر اس کی کوئی وضاحت نظر سے نہیں گذری، اور غالب گمان یہ ہے کہ اس دور میں سوائے مذہب اہلسنت وجماعت کے جس کی ترجمانی کا فریضہ حضرت رضا بریلوی انجام دے رہے تھے اور تمام مکاتب فکر کے نمائندگان اسے شجر ممنوعہ سمجھ کر رد کر چکے تھے۔اقبال نے جو حضرت رضا بریلوی کے وفور علم وفضل کے مداح بھی تھے آپ ہی سے اثرات قبول کیا ہو۔

اقبال کے نظریات میں نظریہ زماں بھی ایک بڑا ہی بحث آفریں نظریہ رہا ہے تاہم یہاں بھی بدلتی ہوئی فضا رہی ہے۔پہلے کے افکار ومعتقدات اور ہیں۔بعد کے دور کے کچھ اور مثلاً انہوں نے ہی کہا تھا۔

سلسلۂ روز و شب نقش گر حادثات
سلسلۂ روز و شب اصل حیات و ممات (3)

اقبال یہاں زمانہ کو مسلمانوں کیلئے زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھ رہے ہیں۔اقبال زمانے کو اصل اشیاء اور مبدا اولین کائنات بھی قرار دیتے ہیں۔ان کا خیال ہیکہ دنیا میں جو کچھ بھی رنگ ونمود ہے بس زمانہ ہی کی کرشمہ سازی ہے۔لکھتے ہیں۔

Marfat.com

من حیاتم من مماتم من نشور
من حساب و دوزخ و فردوس وحور
عالم و افرشتہ در بند من است
عالم شش روزہ فرزند من است

لیکن وہی اقبال آئندہ چل کر زمان اور اسی طرح مکان کی حقیقت کو خود اپنے شعر میں واضح کر کے اپنے اسلاف کی اتباع کا ثبوت دیتے نظر آتے ہیں۔

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری
نہ ہے زماں نہ مکان لا الہ الا اللہ (4)

پروفیسر سلیم چشتی نے علامہ اقبال کے نظریہ زماں کی ترجمانی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ........... ''اقبال نے اپنے غیر فانی خطبات مدارس میں زماں و مکاں کے مسئلے پر جو کچھ لکھا ہے وہ اگرچہ مجمل ہے لیکن بیسویں صدی میں کسی مسلمان نے اتنا بھی نہیں لکھا ہے (5)

پروفیسر موصوف کی اس نادر خیال افشانی پر ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم نے محاکمہ کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ........... ''پروفیسر موصوف نے جس اعتماد کے ساتھ لکھا ہے کہ کسی مسلمان نے اتنا بھی نہیں لکھا ہے وہ قابل توجہ ہے کیوں کہ موصوف کے سامنے اگر امام احمد رضا کی مصنفہ کتاب ''الکلمة الملهمه'' ہوتی تو شاید یہ جملہ وہ علامہ اقبال کے لئے نہیں بلکہ امام احمد رضا کے لئے استعمال فرماتے''(6)

اقبال فلسفہ میں جدید مغربی اساتذہ اور غیر مسلم مشترقین کے نظریات کے مرہون منت تھے جہاں خدشات وشبہات کی تاریکی تھی جب کہ حضرت رضا بریلوی ان تمام اساتذہ کرام کے فیوض یافتہ جن کے دل قال اللہ وقال الرسول (عزوجل ﷺ) کے نور سے منور تھے۔ جنکے یہاں یقین واعتماد کا اجالا تھا اس عہد کے لئے حضرت رضا بریلوی کی ذات ایک نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں تھی ایک طرف آپ کی ذات صراط مستقیم دکھارہی تھی تو دوسری طرف آپ کے ذخائر کتب ہر ظلمت کے لئے روشنی کا مینار ثابت ہورہے تھے۔

انگریزی تہذیب وتمدن کی آندھی چلی تو بھاری بھرکم شخصیتیں بھی اس کی ظاہری اور عارضی چکا چوند میں آگئیں، فرنگی انداز نظر کی ساحری نے اچھے اچھوں کو مسحور کر کے رکھدیا۔ وہی جو کل تک مشرقی تمدن کو کلیجے سے لگائے ہوئے تھے مغربی تمدن کا خطبہ پڑھنے لگے، دیکھتے ہی دیکھتے

Marfat.com

شعر ونغمہ کی تال پر جذبات تھرکنے اور احساسات تڑپنے لگے، رقص وسرود کی وہ بزم رچی کی غیرتیں خود عرق عرق ہونے لگیں، گناہ کو فن اور آرٹ کا نام دیا جانے لگا۔ افسانہ وناول اور شعر وسخن کے ذریعہ اس ناخوب حرکت کی خوب تشہیر کی گئی۔ اس عنوان سے اقبال کا مذاق فکر وسخن دیکھئے۔

شعر سے روشن ہے جان جبرئیل و اہرمن
رقص وموسیقی سے ہے سوز و سرور انجمن
فاش یوں کرتا ہے اک چینی حکیم اسرار فن
شعر گویا روح موسیقی ہے رقص اس کا بدن (7)

اور ستم بالائے ستم یہ کہ اقبال مغرب کی تہذیب کو اسلامی تہذیب کی ترقی یافتہ شکل سمجھنے لگے۔ مگر اسے حسن اتفاق ہی کہئے کہ اسی عہد میں حضرت رضا بریلوی انگریزی اور انگریزی تہذیب اور ہر اسلام بیزار رویہ کیخلاف برسر پیکار رہے اس لئے بہت ممکن ہے کہ آنے والے وقتوں میں جو تصورات اقبال میں اس تعلق سے تبدیلی ہوئی ہے۔ وہ حضرت رضا بریلوی کی تحریک عشق رسول کی مرہون منت ہو۔

ڈاکٹر وزیر آغا تاریخی تناظر کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

"واضح رہے کہ اقبال کے خطبات کا زمانہ 1929ء ہے یعنی اپنی وفات سے تقریباً ایک دہائی قبل اقبال نے مغربی تہذیب اور علوم کے بارے میں ایسے خیالات کا اظہار کیا جو اس سے پہلے ان کی شاعری میں نمودار ہونے والے رویے کے بالکل برعکس تھے، مثلاً اپنی شاعری میں مغربی تہذیب کے بارے میں اقبال نے کچھ اس طرح کے خیالات کا برملا اظہار کیا تھا۔

تمہاری تہذیب اپنے ہاتھوں سے آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائیدار ہوگا (8)

اقبال جو حضرت رضا بریلوی کے ہم عصر تھے، مسلک وعقیدہ کے اعتبار سے وہ حضرت رضا بریلوی کے بہت قریب نظر آتے ہیں، ہوسکتا ہے اپنی شاعری کے آخری دور میں انہوں نے حضرت رضا بریلوی کے مسلک شعری کو ہی اپنی شاعری کا محور ومرکز بنالیا ہو............ اہل علم ودانش پر یہ بات مخفی نہیں کہ ہندوستان کی سیاسی اور تاریخی فضا اس وقت کیسی مکدر اور ماحول کتنا بھیانک تھا۔ جب ہندو مسلم اتحاد کے نعرے لگائے جارہے تھے، اور صاحب فہم وفراست متحدہ قومیت کے پلیٹ فارم پر قوم وملت کو مجتمع کرنے کے لئے سر سے کفن باندھ کر میدان میں اتر چکے تھے، ایسے میں جب کہ

Marfat.com

کچھ لوگ انگریز کے حامی تھے کچھ انگریز کے دشمن لیکن ہندو کے دل و جان سے دوست......
حضرت رضا بریلوی اور ان کے ہم مسلک علماء کا اسلامی نقطۂ نظریہ تھا کہ انگریز اور ہندو دونوں ہی ہمارے دشمن ہیں۔ایک سے دوستی اور ایک سے دشمنی اسلامی نقطۂ نظر سے متصادم نظریہ ہے۔اس وقت علامہ اقبال ہندو مسلم اتحاد کے داعیوں کی صف اول میں تھے۔بعد میں انہیں احساس ہوا اور اپنے خدشات کا اظہار کر کے اس سے بالکل الگ ہو گئے اور دو قومی نظریہ کا علم بلند کرنے لگے، برصغیر کے معروف محقق حضرت پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری حقائق کی نقاب کشائی یوں کرتے ہیں۔

"اسی زمانے میں جب فاضل بریلوی ہندو مسلم اتحاد کی مخالفت فرما کر ملت اسلامیہ کی وحدت کی حفاظت فرمارہے تھے۔علامہ اقبال نے ایک قومی نظریہ کی مخالفت کرتے ہوئے تصور وطنیت پر سخت تنقید فرمائی، اور وہ شاعر جس نے کبھی نیا شوالہ اور ترانۂ ہندی جیسی نظمیں لکھی تھیں اب یہ کہتا ہوا نظر آرہا ہے ۔

بازو تیرا توحید کی قوت سے قوی ہے
اسلام تیرا دیس ہے تو مصطفوی ہے
گفتار سیاست میں وطن اور ہی کچھ ہے
ارشاد رسالت میں وطن اور ہی کچھ ہے

(9)

اور مولانا کوثر نیازی شک و ارتیاب کی گرداب میں پھنسنے والوں کو یوں چراغ حقیقت دکھاتے ہیں.........."انہوں نے متحدہ قومیت کے خلاف اس وقت آواز لگائی۔جب اقبال اور قائداعظم بھی اس کی زلف گرہ گیر کے اسیر تھے۔دیکھا جائے تو دو قومی نظریہ کے عقیدے میں امام احمد رضا مقتداء ہیں اور یہ دونوں مقتدی (10)

اس ذہنی انقلاب کے اسباب پر بحث کرتے ہوئے علامہ اختر شاہجہاں پوری تحریر فرماتے ہیں.........."جب ہنود کی دشمنی اپنے نقطۂ عروج کو پہنچ گئی۔اور صاف نظر آنے لگا کہ ان لوگوں کا ہندو مسلم اتحاد پر زور دینا سوائے فریب کے اور کچھ نہیں۔تو ڈاکٹر محمد اقبال نے 1930ء میں مسلمانوں کے تحفظ کی خاطر ......... ہندو مسلم اتحاد کے نظریہ کو ترک کر کے دس سال بعد اسی دو قومی نظریہ کا پرچار شروع کر دیا جس کا بریلی کے مرد حق آگاہ (حضرت رضا بریلوی) نے 1920ء میں علم بلند کیا تھا" (11)

Marfat.com

کچھ یہی صورت حال تحریک موالات کی بھی تھی، مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی وغیرہ جیسے مسلمان رہنماؤں کے ساتھ بہت سے دانشور اس میں شریک تھے مگر قیادت گاندھی جی کے ہاتھ میں...... علامہ اقبال جو تحریک خلافت کے صوبائی کمیٹی کے صدر تھے جب تحریک کے اصل نشانے سے آگاہ ہوئے تو صدارت سے استعفیٰ دے دیا اور یہ تنقید کی..............

نہیں تجھ کو تاریخ سے آگہی کیا.......... خلافت کی کرنے لگا ہے گدائی

مولانا کوثر نیازی تحریر فرماتے ہیں.......... ''امام احمد رضا کے کلمۂ حق سے متاثر ہو کر یہ سیاسی اکابر بھی آہستہ آہستہ ہندو کی سیاست سے باخبر ہوتے چلے گئے (12)

حضرت رضا بریلوی کی یہ عظیم خصوصیت رہی ہے کہ ان کے افکار عالیہ نے اس دور کی بڑی بڑی شخصیتوں کو متاثر کیا ہے۔ اور ان شخصیتوں کی عالی ظرفی، وسیع القلبی ہے کہ۔ اپنی حیثیت عرفی، شہرت عوامی کا خیال کئے بغیر جسے حق سمجھ لیا بلا چوں و چرا قبول کر لیا۔ علامہ اقبال حضرت رضا بریلوی سے کتنے متاثر تھے، اور ان کے دل میں حضرت رضا بریلوی کے لئے احترام و عقیدت کا کیسا جذبہ فراواں موجود تھا ذیل کی ان کی روشن تحریر سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے، نیز اس سے علامہ کی نظر میں حضرت رضا بریلوی کی عبقریت، قوت فیصلہ، محکم شخصیت کا بھی پتہ چلتا ہے تحریر کی داخلی شہادتیں حضرت رضا بریلوی کے موثر اور علامہ اقبال کے متاثر ہونے کا بھی پتہ دیتی ہیں۔ دیکھئے انہوں نے کس فیاضی سے حضرت رضا بریلوی کو داد تحسین دی ہے.......... فرماتے ہیں۔

''ہندوستان کے دور آخر میں ان جیسا طباع و ذہین فقیہہ پیدا نہیں ہوا.......... میں نے ان کے فتاویٰ کے مطالعے سے یہ رائے قائم کی ہے۔ اور ان کے فتاویٰ ان کی ذہانت و فطانت، جودت طبع، کمال فقاہت اور علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عدل ہیں.......... مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے تھے اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔ یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور و فکر کے بعد کرتے تھے''۔

(ہفت روزہ افق، کراچی، 22/تا 28/جنوری 79ء(13)

اقبال جیسی صاحب اقبال شخصیت جس ہستی کے علمی رسوخ اور فکری وثوق کو دل کی گہرائیوں سے خراج عقیدت پیش کرتی ہو، جس کی قدرت علمی و قوت ارادی کو تسلیم کرتی ہو، کوئی وجہ نہیں ہے کہ فکر اقبال میں یہ تبدیلی انہی کی مرہون منت نہ ہو، یہ مظاہر و علائم جیسے اپنی زبان حال و قال سے کہہ رہے ہیں کہ یہ ہیں وہ اسباب جس نے اقبال جیسے دانائے راز کو حضرت رضا بریلوی کے علمی و فکری آستانے پر پہونچایا پھر کیا تھا اقبال نے بھی وہی نعرۂ حق بلند کیا جو حضرت رضا بریلوی بلند کر چکے تھے...... انہی نقوش افکار کو اپنی فکر کا سنگھار بنا لیا جو حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق نے دنیا کو دیا تھا۔

Marfat.com

# حوالے

## حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق کی بازگشت، اقبال


1 مولانا احمد رضا کی نعتیہ شاعری — ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں — ص4

2 اقبال کے تصورات عشق وخرد — ڈاکٹر وزیر آغا — ص147

3 بال جبرئیل — ڈاکٹر محمد اقبال — ص126

4 کلیات اقبال — ڈاکٹر محمد اقبال — ص285

5 شرح اسرار خودی — پروفیسر محمد سلیم چشتی — ص494

6 معارف رضا — شمارہ دہم 1990ء — ص86

7 کلیات اقبال — ڈاکٹر محمد اقبال — ص290

8 اقبال کے تصورات عشق وخرد — ڈاکٹر وزیر آغا — ص126

9 فاضل بریلوی اور ترک موالات — ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری — ص42,41

10 امام احمد رضا ایک ہمہ جہت شخصیت — مولانا کوثر نیازی — ص47

11 مقدمہ رسائل رضویہ — مرتب مولانا اختر شاہجہاں پوری — 23

12 امام احمد رضا ایک ہمہ جہت شخصیت — مولانا کوثر نیازی — ص47

13 دبستان رضا — مولانا محمد یٰسین اختر مصباحی — ص80,79


Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق نے

# ادب کو کیا دیا

ادب ایک ایسا لفظ ہے کہ بولئے تو منہ میں مصری کی ڈلی پگھلتی، گھلتی محسوس ہوتی ہے، اور لکھئے تو الفاظ وحروف کی پیشانی چمکتی دمکتی، زبان وفن کا نصیبہ جمگاتا معلوم ہوتا ہے۔ ادب کی ضرورت ہر زبان اور زمان کو رہی ہے۔ بلکہ زبان وزمان کا بھرم ادب کا مرہون احسان ہے۔ یہ ایسا ہمہ گیر اور وسعت پذیر فن ہے کہ جو بھی علم آتا ہے اس کے دامن میں سماجاتا ہے۔ بلکہ جس علم پر اس کی تجلی پڑجاتی ہے سنور جاتا ہے ایک ایسا گلشن جو اپنا جلوہ بکھیر دے تو رنگ برنگ کا پھول نظر آئے اور جلوے سمٹ جائیں تو گلدستہ بن جائے ایک ایسا سمندر جس کی موجوں سے سفینے ساحل کا سراغ پاتے ہیں علم کی ایک ایسی شاخ جس کی عطر بیزی سے ادراک وشعور کی ہر رگ وبرگ میں زندگی و توانائی کے آثار مسکراتے ہیں۔

حضرت رضا بریلوی کی ادبی شان، ان کی ادب نوازی، ادب پروری اور ادب گستری کی کیا بات کی جائے۔ جس فن پر ان کی تجلی پڑگئی ادب آموز ہوگیا۔ جس زبان پر ان کی توجہ ہوگئی ادب کے لالہ وگل سے چمن بداماں ہوگیا۔ کیا عربی، کیا فارسی اور کیا اردو ہر میدان میں ان کا اشہب قلم یکساں برق رفتار ہے۔ اس خصوص میں انہیں یہ امتیازی شان اور انفرادی مقام حاصل ہے کہ کوئی اور ان کے پورے عہد میں مماثل کیا مدمقابل نظر نہیں آتا۔ اس لئے کہ ماہرین فن میں کوئی ایسا ماہر لسانیات فیاض ادب، نمائندہ فن، بیک وقت تین زبانوں کو اپنے علم وادب سے مالا مال کرنے والا عنقاء ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر غلام یحیٰ انجم تحریر فرماتے ہیں۔

’’آسمان شعر وسخن پر عربی شعراء میں امراء القیس، فرزوق، متنبی، اور شوقی، فارسی شعراء میں خاقانی، حافظ، سعدی اور بہار، اور اردو شعراء میں میر، ذوق، غالب، اقبال کا نام آفتاب کی مانند تابندہ اور درخشندہ ہے.......... متنبی کو عربی شاعری اور حافظ کو فارسی شاعری اور غالب کو اردو شاعری سے نکال لیا جائے تو ان زبانوں کی تہی دامنی کا احساس ہونے لگتا ہے۔ مگر ان میں کوئی ایسا

Marfat.com

نہیں جو تینوں زبانوں کی نمائندگی کرتا ہوں ........ یہی شعراء کیا اگر شعر و سخن کی تاریخ دہرائی جائے جب بھی شاید ہی کوئی ایسا شخص ملے جو بیک وقت تین زبانوں کی نمائندگی کر رہا ہو........ شعر و سخن کی تاریخ میں چودھویں صدی ہجری کے اوائل میں مولانا احمد رضا خاں کی شخصیت بہت نمایاں طور پر نظر آتی ہے، انہیں تینوں زبانوں پر یکساں عبور تھا........ ایسا شخص جو تینوں زبانوں میں برجستہ شاعری کرتا ہو اور باضابطہ اس کا دیوان بھی ہو ایسے شخص کے شعری سرمایہ سے صرف نظر کرنا کہاں کا انصاف ہے (1)

میر کے سوز ساز کا ولولہ، غالب کا فکری غلبہ، اور اقبال کے طباع ذہن کا طنطنہ اپنی نرالی شان جمالی کے ساتھ ایک پیکر میں اگر کوئی دیکھنا چاہے تو حضرت رضا بریلوی کا دیوان ''حدائق بخشش'' دیکھ جائے۔۔

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

کے اعتراف کے بغیر نہ رہ سکتا۔ ان کا ادبی فیضان ان کے معاصرین تک ہی محدود نہ رہا بلکہ بعد کے ادوار کے لوگ بھی ان کی فکری کاوشوں سے استفادہ کرتے رہے اور کر رہے ہیں حضرت رضا بریلوی صرف ایک قادر الکلام شاعر ہی نہیں بلکہ بلند پایہ نثر نگار بھی تھے 75/ سے زیادہ علوم وفنون پر مشتمل چھوٹی بڑی ان کی ایک ہزار کے قریب تصانیف ان کی عبقریت کا واضح ثبوت ہیں آپ ایک طرف منفرد لب و لہجے کے عظیم شاعر نظر آتے ہیں تو دوسری طرف اپنے مخصوص اسلوب تحریر اور انداز بیان میں بھی اپنا کوئی جواب نہیں رکھتے۔ اردو کے عناصر خمسہ نے مل کر مجموعی اعتبار سے اردو نثر نگاری کا جتنا کام کیا ہے حضرت رضا بریلوی نے تن تنہا ان کے کام سے زیادہ تحریریں یادگار چھوڑی ہیں، آپ کی اردو، عربی، فارسی تصانیف کا مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ آپ کی تحریریں تینوں زبانوں کے ادب کیلئے ایک بہت بڑا سرمایہ ہیں۔

ڈاکٹر پروفیسر مجید اللہ قادری تحریر فرماتے ہیں۔

''آپ بحیثیت ادیب بھی منفرد شان ک مالک ہیں۔ اس حیثیت میں آپ کی پذیرائی نہ صرف پاک وہند کے ہی علماء نے کی بلکہ عرب وعجم کے متعدد علماء فقہاء نے آپ کی ادیبانہ صلاحیتوں کا کھلے دل سے نہ صرف اعتراف کیا ہے۔ بلکہ اپنے دور کا ایسا نادر روزگار ادیب قرار دیا ہے۔ جس کا ان کے ہمعصروں میں کوئی ثانی نہیں۔ (2)

Marfat.com

حضرت رضا بریلوی باوجودیکہ ایک مرنجان مرنج قسم کے خالص مذہبی آدمی تھے۔ انہیں زبان و بیان کے بناؤ سنگھار، اسلوب و انداز تحریر کے رکھ، رکھاؤ کے لئے فرصت کہاں تھی، وہاں تو مصروفیات کا ازدہام تھا اور فکر و فن کی جولانی، تاہم خشک سے خشک موضوع اور سخت سے سخت مضمون پر بھی جب آپ کا قلم چلا ہے تو ادب کے نور سے کوچہ علم و فن کو منور کرتا گیا ہے۔ اسی لئے ان کی تحریر میں ایک طرف علوئے فکری ہے تو دوسری طرف ادب کی تحیر خیزی۔ ان کی نثری خدمات بے شمار تصنیفات و تالیفات پر متشمل ہیں اور ان میں مذہبی مسائل، فتاویٰ اور ترجمہ ہی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ ظاہر ہے کہ ان موضوعات کی اپنی حدیں ہیں، ان میں تخلیقیت کی گنجائش نہیں۔ اور ادب کا ایک حصہ تخلیقی جوہر ہی سے عبارت ہوتا ہے۔ جب کہ فقہ، حدیث، قرآنیات اور علم کلام میں علمی زبان کا استعمال ہوتا ہے۔ اہل نظر علمی اور ادبی زبان کے فرق سے آشنا ہیں۔

ڈاکٹر، پروفیسر فاروق احمد صدیقی رقم طراز ہیں۔

"فتاویٰ کے علاوہ جو کتابیں اور مسائل انہوں نے تحریر کئے ان کا ایک فکری نصب العین ہے، چند مقاصد خاص کے تحت انہوں نے موضوع لوح و قلم کو عزت بخشی، انہوں نے موضوع ہی کو اصل و اساس سعی تحریر سمجھا۔ اس لئے ان کا سارا زور بیان اپنے افکار و خیالات کے مؤثر ابلاغ کے لئے وقف ہے ان کی نظر اس حقیقت سے واقف تھی کہ حقائق کی زمین اس قدر سنگلاخ ہوتی ہے کہ باطل خیالات شیشے کے برتن کی طرح ٹوٹ جاتے ہیں اس لئے انہوں نے اسلوب نگارش کو مزین کرنے کی کوئی شعوری کوشش نہیں کی۔ اس کے باوجود ان کے جملوں کی ترتیب میں ایک مخصوص آہنگ ملتا ہے جو عربی و فارسی الفاظ و تراکیب سے مملو ہونے کے باوجود سماعت کو ناگوار نہیں معلوم ہوتا بلکہ کانوں میں رس گھولتا نظر آتا ہے (3)

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے آپ نے تینوں زبانوں (عربی، فارسی، اردو) میں اپنی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں، جس زبان میں جو کتاب یا جو مضمون ہے وہ اس زبان کا شاہکار ہے۔ ہم تینوں زبانوں کے حوالے سے کچھ مثالیں عرض کرتے ہیں۔

Marfat.com

# عربی

عربی زبان پر تو آپ کو وہ مہارت تامہ حاصل تھی کہ اہل عرب عش عش کرا ٹھے۔ ایک مرتبہ مصر کے فاضل ترین علماء کے اجتماع میں ان کے عربی اشعار پڑھے گئے تو انہوں نے بیک زبان ہو کر کہا کہ یہ قصیدہ کسی فصیح اللسان، عربی النسل عالم دین کا لکھا ہوا ہے۔ جب انہیں اس کی اطلاع ہوئی کہ اس قصیدے کے لکھنے والے مولانا احمد رضا خان بریلوی ہیں جو عربی نہیں بلکہ عجمی ہیں تو علمائے مصر حیرت کے سمندر میں ڈوب گئے کہ وہ عجمی ہو کر عربی زبان میں اتنے ماہر ہیں۔ وہ قصیدہ یہ تھا

الحمد للمتوحد بجلاله المتفرد
وصلوته دوما على خير الانام محمد
والآل و الاصحاب هم ماوای عند شدائد
فالی العظیم توسلی بکتابه و باحمد
ولکل من وجد الرضا من عندرب واحد (4)

یہ ہے حضرت رضا بریلوی کی عربی زبان پر قدرت کی ایک جھلک، جس کی سلاست وطلاقت، الفاظ وحروف کا دور بست جودت فکر کی جلوہ افشانی، عقیدت و تعظیم کی فراوانی، معانی و مطالب کی تہہ در تہہ روانی، جملوں کا موزوں استعمال، شگفتگی و برجستگی کا کمال جس کی بے مثالی نے اہل زبان صاحبان علم سے خراج تحسین حاصل کیا۔ آپ کی شہرہ آفاق، معرکتہ الاراء جامع العلوم فقہی انسائیکلوپیڈیا تصانیف میں عظیم تصنیف، فتاویٰ رضویہ ہے اس کے جلد اول کے خطبہ شریف میں آپ نے جو جدت وندرت پیش کی ہے۔ فقہ کی پوری تاریخ اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اس میں آپ نے فقہ کی کتابوں کے ناموں کو اس طرح مربوط ترتیب دیا ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے نوے کتابوں کے ناموں کو جو آپ کے زیر مطالعہ اکثر آتی رہی تھیں کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ کتب کی فہرست بھی تیار ہوگئی ہے۔ حمد وثناء بھی بیان ہوئی ہے نعت رسول مقبول ﷺ بھی ادا ہوگئی ہے اور صحابہٴ کرام وآل رسول پر صلوٰۃ بھی پیش ہوگئی ہے۔ عربی ادب میں آپ کا یہ کارنامہ عربی ادب کے شاہ نامہ کا درجہ رکھتا ہے وہ نادر الوجود خطبہ یہ ہے۔

الحمد لله هو الفقه الاكبر والجامع الكبير لزيادات فيضه المبسوط الدرر

Marfat.com

الغرر ، بـه الهداية ، ومنه البداية ، واليه النهاية ، بحمد ه الوقاية ، ونقاية الدراية وعين العناية ، وحسن الكفاية ، والصلوة والسلام، على الامام الاعظم للرسل الكرام ، مالكى و شافعى احمد الكرام ، يقول الحسن بلا توقف ، محمد ن الحسين ابو يوسف ، فانه الا صل المحيط ، لكل فضل بسيط ، ووجيز ووسيط ، البحر الذخائر ، ودرا لمختار ، خزائن الاسرار ، وتنوير الابصار ، وردالمحتار ،على منح الغفار ، وفتح القدير ، وزاد الفقير ،و ملتقى الابحر،ومجمع الازهر و كنز الدقائق ، وتبيين الحقائق والبحر الرائق ، منه يستمد كل نهر فائق فيه المنية وبه الغنية ومرا قى الفلاح وامداد الفتاح وايضاح الاصلاح، ونور الايضاح ، و كشف المضمرات ، و حل المشكلات ، والدر المنتقى ، وينابيع المبتغى ، وتنوير البصائر ، وزواهر الجواهر ، البدائع النوادر ،المنزه وجوبا عن الاشباه والنظائر ،مغنى السائلين ، ونصاب المساكين الحاوى القدسى ، لكل كمال قدسى وانسى الكافى الوافى الشافى، المصفى المصطفىٰ المستصفى المجتبىٰ المنتقى الصافى عدة النوازل ، وانفع الوسائل، لاسعاف السائل ، بعيون المسائل ، عمدة الاواخر وخلاصة الاوائل ، وعلىٰ اله وصحبه واهله وحزبه ،مصابيح الدجىٰ ، ومفاتيح الهدىٰ ، لاسيما الشيخين الصاحبين ، الاٰخذين من الشريعة والحقيقة بكلا الطرفين والختنين الكريمين ، كل منها نور العين ، ومجمع البحرين ، وعلى مجتهدى ملته ، وائمة امته خصوصاً الاركان الاربعة والانوار اللامعة ،وابنه الاكرام ، الغوث الاعظم ذخيرة الاولياء ، و تحفه الفقهاء و جامع الفصولين ، فصول الحقائق و الشرع المهذب بكل زين، وعلينا معهم ، و بهم ولهم ، يا ارحم الراحمين ، آمين آمين ،والحمد لله رب العالمين .

(ترجمہ) ہم اس کی حمد کرتے اور اس کے کرم والے رسول پر درود بھیجتے ہیں سب خوبیاں خدا کو ہیں یہی سب سے بڑی فقہ و دانشمندی ہے، اور اللہ تعالیٰ کے فیض کشادہ کی افزائشیں کہ نہایت روشن ہوتی ہیں، ان کے لئے بڑی جامع ہے اللہ ہی سے آغاز ہے اور اس کی طرف انتہا اسی کی حمد سے حفظ ہے اور عقل کی پاکیزگی اور عنایت کی نگاہ۔ اور کفایت کی خوبی۔ اور درود و سلام ان پر جو تمام معزز رسولوں کے امام اعظم ہیں۔ میرے مالک اور میرے شافع۔ احمد کمال کرم والے حسن بے

توقف کہتا ہے کہ حسن والے محمد ﷺ یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والد ہیں۔ کیوں کہ وہی اصل ہیں جو ہر فضیلت کبیر وصغیر و متوسط کو محیط ہیں۔ نہایت چھلکتے دریا ہیں۔ اور چنے ہوئے موتی اور رازوں کے خزانے، اور آنکھیں روشن کرنے والے۔ اور حیران کو اللہ غفار کی عطاؤں کی طرف پلٹانے والے۔ قادر مطلق کی کشائش ہیں۔ اور محتاج کے توشے تمام کمالات کے سمندر انہیں میں جا کر ملتے ہیں۔ اور سب خوبیوں کی نہریں انہیں میں جمع ہیں۔ باریکیوں کے خزانے ہیں۔ اور تمام حقائق کے روشن بیان۔ اور خوشنما صاف شفاف سمندر کہ ہر فوقیت والی نہر انہیں سے مدد لیتی ہے، انہیں میں آرزو ہے اور انہیں کے سبب باقی سب سے بے نیازی۔ اور مراد پانے کے زینے، اور تمام ابواب خیر کھولنے والے کی مدد۔ اور آراستگی کی روشنی کے لئے نور، اور دلوں کی روشنیاں اور نہایت چمکتے جواہر عجب و نادر، وہ مثل ونظیر سے ایسے پاک ہیں کہ ان کا مثل ممکن نہیں۔ سائلوں کو غنی فرمانے والے ہیں۔ اور مسکینوں کی تونگری، ہر کمال ملکوتی وانسانی کے پاک جامع ہیں۔ تمام مہمات میں کافی ہیں۔ بھر پور بخشنے والے۔ سب سختیوں کی وقت کے لئے ساز وسامان ہیں۔ سائل کو نہایت عمدہ منہ مانگی مرادیں ملنے کے لئے سب سے زیادہ نفع بخش وسیلے ہیں۔ پچھلوں کے تکیہ گاہ۔ اور اگلوں کے خلاصے اور ان کے آل واصحاب واز واج وگروہ پر درود وسلام جو ظلمتوں کے چراغ اور ہدایت کی کنجیاں ہیں۔ (5)

زبان دانی کی یہ بوقلمونی صفت کہ اہل زبان جس پر تڑپ تڑپ اٹھیں۔ حسن تراکیب کا ایسا دلکش منظر کہ حوالہ میں پیش ہونے والی کتابوں کی فہرست بھی بن جائے۔ ائمہ مذاہب کا نام بھی آ جائے۔ خدا کی حمد بھی ہو۔ نعت مصطفیٰ بھی آل واصحاب کا ذکر خیر بھی ہو ازواج واحباب کا تذکرہ بھی، ارباب دل ونظر۔ فکروفن کا یہ حسین اسٹیج دیکھ کر کیوں نہ مچل جائیں۔ مولانا کوثر نیازی کی نظر سے جب یہ خطبہ گذرا تو اس کی فنی خوبیوں۔ حضرت رضا بریلوی کی زبان عربی پر بے پناہ خوش گرفتیوں پر پھڑک اٹھے اور بے ساختہ تحریر فرمایا۔

"دوران تعلیم مولوی فاضل کے درجے میں مقامات حریری پڑھے جو عربی ادب کے حوالے سے ایک منفرد مقام کے حامل ہیں۔ اسی طرح فیضی کی تفسیر بے نقط دیکھی جس کو تاریخ میں ایک بلند امتیاز حاصل ہے...... اسی طرح عربی ادب کے اور بھی شاہکار مطالعہ کے دوران نظر سے گذرے مگر ان سب پر امام احمد رضا کے فتاویٰ کا عربی خطبہ فوقیت اور انفرادیت رکھتا ہے (6)

Marfat.com

عربی ادب سے آپ کو اتنا لگاؤ ہے کہ اپنے رسالہ کا خطبہ عربی زبان میں ضرور تحریر کرتے ہیں۔ خواہ وہ رسالہ اردو زبان میں لکھا ہو یا فارسی زبان میں۔ اور دوسری خصوصیت یہ بھی ہے کہ ہر رسالے کا نام اس کی سن تحریر کی مناسبت سے عربی میں ہی قلمبند کرتے ہیں۔ اپنے عربی خطبے میں جیسا کہ قاعدہ کلیہ ہے کہ حمد وثناء اور آل واصحاب پر درود لکھا جائے۔ آپ بھی ہر رسالے میں خطبہ کے اندر حمد وثناء اور آل واصحاب پر درود لکھتے ہیں ۔لیکن عربی ادب میں اس مقام پر آپ ایک انفرادی نمونہ پیش کرتے ہیں جو عالم اسلام میں عموماً اور پاک وہند میں خصوصاً ناپید ہے اور آپ اس فن کے خود ہی موجد نظر آتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ ہر رسالے کا الگ خطبہ تحریر کرتے ہیں۔ یعنی رسالہ جس موضوع اور فن پر تحریر کرتے ہیں آپ خطبے میں حمد وثناء کے صیغے بھی اسی موضوع کی مصطلحات کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ اور اصطلاحی الفاظ کو اس خوبی اور عمدگی کے ساتھ ایک لڑی میں پروتے ہیں کہ اس استفتاء کا اجمالی جواب بھی ہو جاتا ہے اور رسالہ کا خلاصہ بھی، جدا جدا صیغوں کے ساتھ اسلوب بیان میں اتنا تسلسل ہوتا ہے کہ عبارت مسجع اور مقفیٰ بن جاتی ہے۔ یہ خطبات جہاں آپ کے علمی کمال کے عکاس ہیں۔ وہیں عربی زبان ولغت پر آپ کے کامل عبور کے آئینہ دار بھی۔ یہاں نمونتہً دو عربی خطبوں کو پیش کیا جارہا ہے تاکہ عربی ادب پر ان کی گرفت کا ہر قاری اندازہ کر سکے۔ سائنسی رسالہ ''الموھبات فی المربعات'' جو علم مربعات کے سلسلے میں آپ نے تحریر کیا۔ اس کا خطبہ ملاحظہ ہو۔

" بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ خالق القوی جاعل الظلمت والنور . والصلوٰۃ والسلام علی من کان نورہ جذر الجزور بہ النور مربع العناصر و مکعب الکعبۃ والعیون الصدور . ھو الواحد الاحدیٰ بالذات والصفات فکل قواہ فی نفسہ محسود وعلیٰ الہ و صحبہ الذین جرزی کل فتنہ مجرور ".

ایک اور عربی خطبہ ملاحظہ کیجئے جو امام احمد رضا نے اپنی معرکتہ الآرا کتاب ''الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ'' پر حضور سید العالمین ﷺ کے علم غیب کے سلسلے میں 1323ھ میں سفر حج کے دوران بغیر کسی کتاب کی مدد کے ساڑھے آٹھ گھنٹے میں عربی زبان میں بخار کی حالت میں۔ دو نشستوں میں کعبہ شریف کے سامنے بیٹھ کر اپنے بڑے صاحبزادے علامہ مفتی حامد رضا خاں (م 1362ھ) کو قلمبند کرائی تھی۔ اس کا خطبہ ہے۔

" بسم اللہ الرحمن الرحیم ، نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم . الحمد للہ

Marfat.com

علام الغیوب . غفار الذنوب ، ستار العیوب ، المظھر من ارتضیٰ من رسول علی اسرار المحجوب . وافضل الصلوٰۃ و اکمل السلام علی ارضیٰ من ارتضیٰ واحب محبوب . سید المطلعین علی الغیوب الذی علمه ربه تعلیما و کان فضل الله علیه عظیما ، فھو علیٰ کل غائب امین ، وما ھو علی الغیب بضنین ولا ھو بنعمته ربه بمجنون . مستور عنه ماکان اویکون . فھو شاھد الملک والملکوت . ومشاھد الجبار والجبروت . مازاغ البصر وماطغیٰ . افتمرونه علیٰ مایریٰ نزل علیه القرآن تبیا نا لکل شئ فاحاط بعلوم الاولین و الآخرین وبعلوم لا تنحصر بحد و ینعسر دونھا الله و لا یعلمھا اخذ من العالمین فعلوم آدم علوم العالم . وعلوم اللوح . وعلوم القلم کلھا قطرۃ من بحار علوم جیبنا ﷺ لان علوم و مایدریک ما علومه علیه صلوٰت تعالیٰ وتسلیمه ھی اعظم رشحة واکبر غرفته من ذلک البحر الغیر المتناھی اعنی العلم الا زلی الا نھیٰ فھو یستمد من ربه و الخلق یستمدون منه فما عند ھم من العلوم انما ھی له و به ومنه وعنه .

وکلھم من رسول الله ملتمس غرفا من البحر اور شفا من الدیم

وواقفون لدیه عند حدھم من نقط العلم او من شکلة الحکم

ﷺ وبارک وکرم . آمین

ان دونوں خطبات کے صیغوں کو ملاحظہ کیجئے کہ دونوں خطبات میں موضوع علم اورفن کی مطابقت سے اصطلاحات استعمال کی ہیں۔ اور دوسری جانب سائل کے لئے مختصر اور اجمالی جواب بھی ہے۔ یہاں ان خطبات میں اس خوبی کے ساتھ حمد وثنا بیان کی ہے کہ قاری ان خطبات کے لفظوں ہی سے مطمئن ہو جائے اس طرح آپ کے تمام خطبات عربی ادب کا نادر نمونہ ہیں۔

علمائے حرمین شریفین اور علمائے اسلام نے جب حضرت رضا بریلوی کے عربی فتاویٰ اور رسائل مطالعہ کئے جس میں قابل ذکر رسائل۔ " الکفل الفقیه الفاھم ، فی احکام قرطاس الدراھم ( 1324ھ ) الدولة المکیه بالمادۃ الغیبیه (1323) المعتمد المستند( 1320) فتاوی الحرمین ( 1317) النیرۃ الوضیه فی شرح الجواھر ۃ المضیة ( 1324ھ ) وغیر ہا ہیں توان کتب اور رسائل کو علمائے کرام نے بہت سراہا اور مجدد عصر

Marfat.com

حاضر جیسے خطابات سے نوازا اور آپ کی تحریر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا........ موجودہ دور کے ایک عربی اسکالر شیخ عبدالفتاح ابوغدہ پروفیسر کلیۃ الشرعیہ محمد بن سعود یونیورسٹی ریاض سعودی عرب جو عربی زبان کی پچیسیوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ حضرت رضا بریلوی کے عربی فتاویٰ پر نظر ڈالنے کے بعد جو رائے قائم کرتے ہیں وہ دیدہ عبرت سے پڑھنے کے لائق ہیں۔

''میرے ایک دوست کہیں سفر پر جا رہے تھے، ان کے پاس فتاویٰ رضویہ کی ایک جلد موجود تھی میں نے جلدی میں ایک عربی فتویٰ کا مطالعہ کیا، عبارت کی روانی اور کتاب وسنت واقوال سلف سے دلائل کے انبار دیکھ کر میں حیران وششدر رہ گیا۔ اور اس ایک ہی فتویٰ کے مطالعہ کے بعد میں نے یہ رائے قائم کرلی کہ یہ شخص کوئی بڑا عالم اور اپنے وقت کا زبردست فقیہ ہے (7)

عربی زبان کے آپ ایسے برجستہ گو، فی البدیہہ ادیب تھے کہ ادھر کچھ فرمائش ہوئی اور ادھر قلم عازم سفر ہوا۔ مارہرہ شریف کے بزرگ سید شاہ اسماعیل حسن میاں کا بیان ہیکہ ایک مرتبہ حضرت شاہ برکت اللہ قدس سرہ کے عرس کے موقع پر مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی تشریف فرماتے تھے۔ میں نے مولانا عبدالمجید بدایونی کا شجرہ عربی بصورت درود شریف دکھایا اور کہا کہ ہمارا شجرہ بھی عربی درود شریف کی صورت میں لکھ دیجئے۔ وہ فرماتے ہیں۔

''اس وقت میاں صاحب بھائی مرحوم کے قلم دان سے قلم لے کر قلم برداشتہ بغیر کوئی مسودہ کئے ہوئے ہمارے وظیفہ کی کتاب پر نہایت خوشخط اور اعلیٰ درجہ کے مرصع ومسجع صیغۂ درود شریف میں شجرۂ قادریہ برکاتیہ جدیدہ تحریر فرمایا (8)

اسی طرح آپ نے فی البدیہہ تاریخیں اور تاریخی قطعات کہے ہیں۔ ہندوستان کے مشہور محقق و قلمکار قاضی عبدالودود (بیرسٹر بانکی پور)۔ کے والد ماجد قاضی عبدالوحید (خلیفۂ رضا بریلوی) کے جنازے میں حضرت رضا بریلوی نے شرکت کی اور قبرستان پہنچنے سے پہلے پہلے عربی میں ایک تاریخی قطعہ فی البدیہہ ارشاد فرمایا''۔ (تحفۂ حنفیہ پٹنہ شمارہ ربیع الثانی 1908-1336ھ) ص 41 (9)

آپ کے عربی اشعار اور تاریخی قطعات ابھی تک مختلف کتابوں میں منتشر ہیں...... ڈاکٹر حامد علی لکچرر شعبہ عربی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے اپنے مقالۂ ڈاکٹریٹ ''ہندوستان کے عربی گو شعراء'' میں حضرت رضا بریلوی کی عربی شاعری کا تفصیلی ذکر کیا ہے۔ موصوف تحریر فرماتے ہیں......

''آپ کا نعتیہ دیوان حدائق بخشش کے نام سے تین حصوں میں شائع ہو چکا ہے، اور تین چار ایڈیشن نکل چکے ہیں حصہ سوم کے فاضل مرتب نے صراحت کی ہے کہ آپ کا عربی دیوان گم ہو گیا...... البتہ

Marfat.com

مولانا ظفر الدین احمد صاحب مرحوم نے اپنی تالیف ''المجمل معدد لتالیفات المجدد'' مطبع حنفیہ پٹنہ (1327ھ) میں صراحت کی ہے کہ آپ کے دیوان میں پندرہ ، سولہ عربی و فارسی کے قصائد ہیں مجھے اب تک اپنی تلاش میں مجموعی طور پر تین سو نوے عربی اشعار دستیاب ہو سکے ہیں ........ (10)

آپ کی عربی تصانیف کی تعداد کیا ہے اس سلسلے میں کوئی حتمی اعداد و شمار مشکل ہے چوں کہ ہنوز بہت سی تشنہ طبع ہیں۔ اور بہت سی منتشر اوراق کی صورت میں۔ ڈاکٹر پروفیسر مجید اللہ قادری اس گوشے پہ روشنی ڈالتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

''امام احمد رضا اردو ادب کے ساتھ ساتھ عربی کے بھی شہنشاہ ہیں، اور عربی زبان میں آپ کی تصانیف کی تعداد سینکڑوں میں تجاوز کرتی ہے'' (11)

عربی زبان میں منظوم اور منثور دونوں نوع میں آپ نے ادب کی خوب خدمت کی آپ نے اپنی ہزار کے قریب تصانیف میں کم از کم 25 رفیصد رسائل عربی زبان میں تحریر فرمائے ہیں سینکڑوں عربی زبان میں پوچھے گئے استفتاء کا جواب بھی عربی زبان ہی میں دیا ہے۔ عربی زبان پر آپ کو اتنا ملکہ حاصل تھا کہ علمائے عرب آپ کی گفتگو اور تحریر سے ششدر رہ جاتے (12) یہی وجہ ہے کہ اپنی تصانیف میں آپ نے عربی زبان میں خوب خوب داد تحقیق دی ہے۔ اور عربی ادب کو نیا نیا جھومر عطا کیا ہے۔

## ................فارسی................

عربی زبان و ادب کی طرح فارسی زبان و ادب پر بھی آپ کو غیر معمولی ملکہ اور حیرت بخش قدرت حاصل تھا، تاہم فارسی نگارشات کچھ زیادہ دستیاب نہیں ہیں جس سے فارسی شعر و ادب میں آپ کی شخصیت کو متعین کیا جا سکے۔ پھر بھی جو موجود ہے اس سے آپ کی فارسی زبان و ادب میں مہارت و حذاقت کا بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے۔ جو محفوظ ہے اس میں منظوم کلام بھی ہے اور نثری شہ پارہ بھی ہم یہاں بطور نمونہ نظم و نثر سے بعض انتخاب پر اکتفاء کرتے ہیں۔ فارسی میں آپ نے 161 اشعار کی ایک مثنوی لکھی ہے اس کے آخر میں کچھ اشعار مناجات پر ہیں۔

اے خدا اے مہرباں مولائے من ۔۔۔ اے انیس خلوت شبہائے من

اے کریم و کارساز بے نیاز ۔۔۔ دائم الاحسان شہ بندہ نواز

اے بیادت نالۂ مرغ سحر ۔۔۔ اے کہ ذکرت مرہم زخم جگر

Marfat.com

ہر دو عالم بندۂ اکرام تو | صد چو جان من فدائے نام تو
ما خطا آریم و تو بخشش کنی | نعرۂ انی غور می زنی
اللہ اللہ زیں طرف جرم و خطا | اللہ اللہ زاں طرف رحم و عطا
از طفیل آں صراط مستقیم | قوتے اسلام را دہ اے کریم
اے خدا بہر جناب مصطفےٰ | چار یار پاک و آل با صفا
پر کن از مقصد تہی دامان ما | از تو پذرفتن زما کردن دعاء

حضرت رضا بریلوی نے فارسی میں بھی بڑی شستہ و شگفتہ نعتیں کہی ہیں اور بڑی عمدہ سے عمدہ منقبتیں لکھیں ہیں۔ حضور غوث پاک کی شان میں تو ان کی متعدد رباعیات ہیں جو مروجہ دیوان میں شامل ہیں...... مگر ہم آپ کو ان کی رزمیہ شاعری کے چند نمونے دکھانا چاہتے ہیں۔ ان رزمیہ رباعیات میں آپ حضرت رضا بریلوی کی قادری الکلامی کا جوہر بھی دیکھیں گے، اور ان کا جذبہ اظہار حق بھی، ان کی حق گوی و بے خوفی بھی ملاحظہ کریں گے اور ان کی غیرت دینی، حمیت ملی بھی، زبان و دل کی رفاقت بھی اور اس دور کی ایمان سوز سیاست بھی منتخب ان چند رباعیات سے ایک طرف اس دور کا سیاسی منظر نامہ سامنے آتا ہے۔ عمائدین کی اندھی تقلید سامنے آتی ہے علم فضل کے جبل شامخ کا گاندھی کی آندھی میں اڑتا نظر آتا ہے تو حضرت رضا بریلوی ہر گذرگاہ اور شاہراہ چراغ محبت لئے لوگوں کی رہبری و رہنمائی کرتے دکھائی پڑتے ہیں۔ دوسری طرف فارسی زبان و ادب میں ان کی مہارت برجستہ گوئی قدرت کلامی اور مافی الضمیر کی ادائیگی پر باحسن وجوہ جلوہ طرازی کا اندازہ ہوتا ہے۔

مولانا عبد الباری فرنگی محل لکھنؤ (م 1926ء) جو حضرت رضا بریلوی کے مخلص احباب میں تھے۔ کی لغزش فکر و عمل پر جب حضرت رضا بریلوی نے اپنے مراسلے میں مواخذہ کیا تو کچھ تلخیاں پیدا ہوئیں اور اس طرح جواب الجواب کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری ان مراسلات کے تعلق سے ارشاد فرماتے ہیں۔

"ان خطوط میں امام احمد رضا کے خیالات وافکار نے شعر کا روپ دھارا اور ایک ماہ دس دن کی قلیل مدت میں 216ر (دوسو سولہ) عربی اور فارسی اشعار کا ذخیرہ سامنے آیا۔ اس میں شک نہیں کہ ان اشعار میں وہ شعریت و آفاقیت نہیں جو ان کے نعتیہ کلام میں ہے مگر اس میں بھی شک نہیں کہ تاریخی اور سیاسی حیثیت سے یہ اشعار نہایت اہم ہیں، اور تحریک آزادی ہند پر کام کرنے والوں کے لئے ایک اہم ماخذ ہیں۔ (13)

Marfat.com

عربی اشعار سے صرف نظر کر کے یہاں ہم فارسی سینکڑوں اشعار، پچاسوں رباعیات میں سے صرف چند کا انتخاب کرتے ہیں جن سے اس دور کے سیاسی تاریخی پس منظر کی عکاسی حضرت رضا بریلوی کے حق پر اصرار، پرزور انداز تنقید کے ساتھ ساتھ فارسی زبان ولغت پر آپ کے کامل دسترس کا پتہ چلتا ہے۔

ناحق زحق فراری باید کرد — یک کار ازیں دوکاری باید کرد
یاپاسخ ہر نمرہ جدا باید داد — یا ہرتوبہ قراری باید کرد (14)

ترجمہ: حق سے کب تک فرار ہوتا رہے گا ان دو باتوں میں سے ایک بات کر یاتو نمبروار (ہراعتراض) کا الگ الگ جواب دو یا توبہ پر راضی ہو جاؤ۔

گفتم صنما توبہ نگہدار بہوش — گفتار از توبہ تو برہا کردم دوش
فتم کہ ہد ایتے بقرآں کنمت — گفتامن کے نہم سوئے قرآں گوش (15)

(ترجمہ)۔ میں نے کہا پیارے! توبہ پر قائم رہ، کہنے لگا میں نے تو کل رات توبہ سے کئی دفعہ توبہ کرلی ہے میں نے کہا میں تو تجھے قرآن کریم کی ہدایت بتا رہا ہوں کہنے لگا میں قرآن کی بات کب سنتا ہوں۔

گفتم صنما توبہ شکستن ستم است — گفتا خود را بہ توبہ بستن ستم ست
اسلام اگر رود، رود، باکے نیست — از بندگی گاندھی رستن ستم ست
ایضا،ص97) (16)

ترجمہ: میں نے کہا پیارے توبہ شکنی ظلم ہے اس نے کہا خود کو توبہ سے باندھنا ظلم ہے۔ اسلام جاتا ہے تو جائے کوئی فکر نہیں گاندھی کی غلامی چھوڑنا ظلم ہے۔

گفت از اسلام نیست باقی جز نام — حکمیست بجملہ ایں ازمان عام
سید، عالم، فلاں کافر، خود من — کاذب ہمہ اند درمعیار اسلام
(ایضاً ص96)(17)

(ترجمہ) انہوں نے کہا اسلام کا صرف نام ہی باقی رہ گیا۔ ہماری طرف سے سب کے لئے یہ فیصلہ ہے کہ سید ہو عالم ہو، کافر مشرک ہو اور یا میں خود ہوں کوئی بھی اسلام کے معیار پر پورا نہیں اترتا، سب کھوٹے ہیں۔

یارب چہ کردہ است فسون دم گاندھی — لیڈر پس رو امام اقدم گاندھی

Marfat.com

درخطبہ وخط گفت فرنگی محلی ہادی گاندھی ، وروح اعظم گاندھی

(18)

(ترجمہ) اے خدا! گاندھی نے کیسا افسوں پھونکا ہے کہ مسلمان لیڈر اس کے پیچھے پیچھے جارہے ہیں اور وہ پیشوا بنا ہوا ہے، فرنگی محلی نے اپنے خط اور خطبے میں گاندھی کو ہادی (ہدایت دینے والا) اور مہاتما (روح اعظم) کہا ہے۔

از بازوئے تو نظام گاندھی ست قائم بہ تو انتظام دین گاندھی است
کردی لقب خویش قیام الدین راست آخر نہ بہ تو قیام دین گاندھی است (ایضاً ص 90)

(19)

(ترجمہ) تیری قوت بازو سے ہی گاندھی کا سیاسی نظام چل رہا ہے اور تری ہی وجہ سے دین گاندھی کا انتظام قائم ہے۔ تو نے اپنا لقب قیام الدین (دین کو قائم کرنے والا) قرار دیا ہے۔ سچ ہے آخر تجھی سے تو دین گاندھی قائم ہے۔ (تو اسی دین کو قائم کرنے والا ہے)۔

عبدالباری حذار می باید کرد بادیں نہ چنیں ضرار می باید کرد
خود را تو مجدد کلاں می خوانی باز از دینت فرار می باید کرد (ایضاً ص 78)

20

عبدالباری تمہیں (خدا سے) ڈرنا چاہئے۔ اور دین کو اس طرح نہ نقصان پہنچانا چاہئے۔ تو اپنے آپ کو مجدد اعظم کہتا ہے۔ تیرے دین سے فرار ہی بہتر ہے۔

آپ کی بہت سی نمایاں خصوصیات میں ایک عظیم خصوصیت یہ بھی ہے کہ سائل آپ سے جس زبان میں سوال کرتا اور جس صنف ادب میں سوال کرتا آپ اسی میں جواب بھی مرحمت فرماتے۔ ذیل میں ہم ایک نادر نمونہ پیش کررہے ہیں۔ سائل نے فارسی زبان میں منظوم سوال کیا ہے اور آپ نے بھی فارسی ہی میں منظوم جواب دیا ہے اس پر طرہ یہ کہ جس بحر میں سوال ہے اسی بحر میں جواب بھی۔

**مسئلہ** : ۔از مدرسہ اہلسنت وجماعت بریلی۔ مسئولہ مولوی محمد افضل صاحب کابلی طالب علم مدرسہ مذکورہ۔ 12 / جمادی الآخر 1326ھ

سزا ئیم برگنا ہم لازم آمد پس انگہ رحمتش نہ باہم آمد
بگو مفتی خطائے یا صوابم بسا اسرار اینجا باہم آمد

Marfat.com

# جواب

مسلماں راسزا الازم کہ کردست | کہ قول اعتزالی ظالم آمد
وگر باید سزا کامل نیابد | کو عفوش بہر مومن لازم آمد
وگر بالفرض از و چیزے نہ بخشد | زنقصان رحمتش خود سالم آمد
کہ یرحم من یشاء کل فرد | یعذب من یشاء ہم قائم آمد
بد نیا رحمتش برجملہ عام ست | بعقبیٰ خاص خط مسلم آمد
ثوابش بہر مومن منتہی نیست | عذابش بہر کا فر دائم آمد
برائے ہر صفت مظہر بکارست | کہ او ذوانتقام وراحم آمد

واللہ تعالیٰ اعلم (21)

اب نثر عالی کی ایک تابناک مثال دیکھئے سوال فارسی میں ہے اور جواب بھی فارسی نثر ہی میں۔

**مسئلہ**: ۔از وطن مرسلہ نواب مولوی سلطان احمد خاں صاحب 2 / رمضان المبارک 1310ھ ماقولکم رحمکم اللہ تعالیٰ فی ھذہ المسئلہ در رسالہ طہارت کبریٰ نوشتہ است زنے نماز میگذارد ہم دراثنائے صلوٰۃ حائضہ شد نماز قطع کند۔ پس اگر نماز فرض بود بعد طہارت قضالیش واجب نبود واگر نفل بود قضا واجب آید ......... بینوا توجروا۔

**الجواب**: ۔دریں رسالہ اگر چہ بسیار جا خطا سرزدہ است اما ایں مسئلہ درست نوشتہ است فمسئلہ فی البحر والدر وغیرھما من الاسفار الغرر۔ وجہش آنچہ ایں وقت بخیال میرسد آنست کہ نماز اگرچہ نفل باشد بشروع واجب گردد واگر قبل از تمام فسادے رو نماید قضا لازم آید اما ایں حکم شروع قصدے ست پس اگر کسے مثلاً نماز ظہر گذاردہ فراموش کرد و باز عقدش بربست پیش از فراغ بیادش آمد ہم چناں بشکست قضا برو لازم نیست کہ ایں شروع بربنائے ظن غلط بود۔ ہمچناں چوں زن راحیض رسید پیدا شد کہ نماز ایں وقت۔ بروواجب نہ بود وجوبے کہ بربنا لیس آغاز کردہ بود غلط برآمد زیرا کہ نزد امام اعتبار مرآ خروقت راست کما نصوا علیہ پس قضا لازم نیاید بخلاف نفل کہ شروع دروے نہ بظن وجوب بود نہ عروض حیض درآخر وقت مانع تنفل دراول ست پس شروع دروے صحیح بود۔ چوں فاسد شد واجب آمد۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم (22)

آپ نے متعدد فتوے فارسی زبان میں تحریر فرمائے۔ اور متعدد علوم وفنون پر فارسی زبان

Marfat.com

میں رسائل قلمبند کئے ہیں جو فتاوی رضویہ کی مجلدات میں دیکھے جا سکتے ہیں ۔ان میں چند معروف نام ہدیۂ قارئین کئے جاتے ہیں۔

- ..............................رساله نعمته الزاد لروم الضاد
- ..............................تیجان الصواب فی قیام الامام فی المحراب
- ..............................الحجة الفاتحه لطیب التعین و الفاتحه

Marfat.com

## اردو

اردوادب کے حوالے سے آپ کی خدمات تو آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔آپ نے اپنی نگارشات کے ذریعہ جو کچھ حوالہ ادب کیا ہے۔ادب کا سراس سے ہمیشہ فخر سے اونچا رہے گا۔اردوادب پر آپ کا یہ کرم کیا کم ہے کہ ہزار کے قریب آپ کی تصانیف میں سے معتد بہ، کا تعلق اردو سے ہے اس طرح آپ نے اردو کو اپنے پیغام کے ابلاغ وترسیل کا ذریعہ بنا کر اردوادب کے دامن کو مختلف فنون کے لالہ وگل سے ایسا مرصع کر دیا ہے کہ ہر دور میں اس کی لالہ کاری اہل ذوق کو مست وسرشار کرتی رہے گی۔اور حیرت یہ ہے کہ خشک سے خشک موضوع پر بھی جب قلم اٹھاتے ہیں تو ایسی عبارت آرائی کرتے ہیں کہ خشک مضمون میں اپنی ادیبانہ عبارت کی وجہ سے چاشنی پیدا کر دیتے ہیں، مثلاً علم ہیئت پر لکھے گئے اپنے مشہور رسالہ ''فوز مبین در رد حرکت زمین'' میں ایک مقام پر رقم طراز ہیں۔

''یہ ہوا کا وزن نہیں زمین سے قریب ہوا میں اجزائے ارضیہ، اجزائے بخاریہ، اجزائے دخانیہ وغیرہا مخلوط ہیں۔ان کا وزن ہے۔یہ تو ان کی دلیل کا ابطال ہوا۔دعوے کے ابطال کی کیا ضرورت۔ہر شخص اپنے وجدان سے جانتا ہے کہ اپنے سر پر ماشہ بھر بھی بوجھ نہیں ہوتا۔تا کہ 392 من انسان تو انسان ہاتھی کی بھی جان نہ تھی کہ اتنا بوجھ سہارے، اور سہادنا کیسا محسوس تک نہ ہوا (فوز مبین در رد حرکت زمین امام احمد رضا)(23)

آپ کی تحریر میں ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ بہت ہی پیچیدہ مسئلہ کو بہت ہی آسان اسلوب بیان میں سمجھا دیتے ہیں۔اور کمال یہ ہے کہ عبارت کا تسلسل بھی قائم رہتا ہے اور زبان وبیان کی شستگی بھی۔اس سلسلے میں فتاویٰ رضویہ کے ایک فتویٰ کا حصہ ملاحظہ ہو۔

''یہ ہوتی ہے سچی نبوت جس کی خبر میں سر مو فرق آنا محال ہے۔قادیانی سے زیادہ تو ان کفار مکہ ہی کی عقل تھی وہ جانتے تھے کہ ایک بات میں بھی کہیں فرق پڑ جائے تو دعویٰ نبوت معاذ اللہ غلط ہو جائے گا۔مگر یہ جھوٹا نبی ہے کہ جھوٹ کے بھبکے اڑاتا ہے۔اور نہ وہ شرماتا ہے۔اور نہ اس کے ماننے والوں کو اس کا احساس ہوتا ہے کہ بلکہ اور بکمال شوخ چشمی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہتا ہے کہ ہاں ہاں اگلے چار سو انبیاء کی بھی پیشنگوئیاں غلط ہوئیں اور وہ جھوٹے یعنی پنج آب کا جھوٹا

Marfat.com

کذاب نبی اگر دروغ گو نکلا کیا پرواہ ہے۔ اس سے پہلے بھی چار سو نبی جھوٹے گذر چکے ہیں۔ (معاذ اللہ) یہ کوئی نہیں پوچھتا کہ جب نبوت اور جھوٹ جمع ہو سکتے ہیں تو انبیاء کی تصدیق شرط ایمان کیوں ہوئی۔ ان کی تکذیب کفر کیونکر ہوگی۔ ولکن لعنة اللہ علی الظالمین الذین یکذبون المرسلین (فتاویٰ رضویہ جلد نہم، مطبوعہ کراچی)(24)

آپ کے نثری شہ پاروں میں نثر نگاری کی تمام خصوصیات بدرجۂ اتم موجود ہیں سلاست و روانی اور شگفتگی و شستگی بھی ہے، شوکت الفاظ بھی، خوبصورت محاورات اور روزمرہ کے الفاظ بھی ہیں اور ندرت بیان بھی، دلیل و برہان کی بھرمار بھی ہے اور طنز و مزاح کا شہکار بھی شیرینیٔ کلام بھی ہے اور جوشش پیام بھی، جدت طرازی بھی ہے تو وضع داری بھی، غرض زبان و بیان کی کون سی خوبی ہے جو آپ کی تحریر میں نمایاں نہیں باوجودیکہ آپ نے اپنے اسلوب نگارش کو مزین کرنے کی کوئی شعوری کوشش نہیں کی پھر بھی جملوں کی ترتیب میں ایک مخصوص آہنگ ملتا ہے جو عربی و فارسی الفاظ و تراکیب سے مملو ہونے کے باوجود سماعت کو ناگوار نہیں معلوم ہوتا بلکہ کانوں میں رس گھولتا نظر آتا ہے۔ ملاحظہ ہوں اس خصوص میں چند اقتباسات۔

''زیر نظر مسئلہ کے متعلق سرائے سخن کے کناروں سے دو چمکتے ہوئے ستارے لائے ہیں ایک والشمس وضحٰہا اور دوسرا والقمر اذا تلٰہا، جو شخص صحتمند آنکھ اور قابل نور علم دل رکھتا ہے اس کی بصارت و بصیرت کو ان ستاروں کی کاشف ظلمات تجلیات سے اچھی طرح کامیابیاں مہیا اور مبارک ہوں''۔ (مجموعہ رسائل، رد مرزائیت)

''نصوص کے دریا چھلکتے۔ اور حب مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم) کے چاند چمکتے اور تعظیم حضور کے سورج دمکتے اور ایمان کے تارے جھلکتے اور حق کے باغ مہکتے اور تحقیق کے پھول مہکتے اور ہدایت کے بلبل چہکتے۔ اور نجدیت کے کوے سسکتے۔ اور وہابیت کے بوم بلکتے اور مذبوح گستاخ پھڑکتے''۔

(خالص الاعتقاد ص 47)

''تجلی جمال کے آثار سے لطف و نرمی و راحت و سکون و نشاط و انبساط ہے، جب یہ قلب عارف پر واقع ہوتی ہے۔ دل خود بخود ایسا کھل جاتا ہے جیسے ٹھنڈی نسیم سے تازہ کلیاں۔ یا بہار کے مہینہ سے درختوں کے کنچھیاں، اور تجلی جلال کے آثار سے قہر

Marfat.com

وگرمی وخون قلب، جب اس کا ورود ہوتا ہے۔ قلب بے اختیار مرجھا جاتا ہے بلکہ بدن گھلنے لگتا ہے۔ وہی اک نور ہے کہ جب قریب افق جانب مشرق سے طولانی شکل پر چمکتا ہے اس کا صبح اول نام رکھتے ہیں پھر جب پھیلتا ہے وہی صبح صادق ہوتی ہے۔ پھر جب سرخی لاتا ہے وہی شفق ہے۔ جب دن نکلتا ہے وہی دھوپ ہے"۔ (کشف حقائق واسرار دقائق)

"کیوں تسلیم کا مقام خالی دیکھتا ہوں خلاف کا چہرہ خوش، انصاف کا چہرہ شرم وحیا سے زرد، اور کاغذ کی پیشانی شرمناک باتوں سے سیاہ، خدا کی پناہ، لیکن قادر مطلق جل جلالہ جس نے مصطفےٰ ﷺ کو اپنے نور خاص سے پیدا فرمایا اور خورشید درخشانندہ وبدر رخشندہ کو ان کی سرکار کا ادنیٰ گداگر بنایا۔ کیا وہ یہ نہیں کر سکتا کہ ہمارے سرو جانفزا کو بغیر سایہ کے پرورش فرمائے۔ اور وہ شاخ گل جس کے ہر رگ وبرگ پر ہزاروں چمنستان قربان ہوں۔ پاکیزگی کی نہر پر گل زمین لطافت سے ہر قسم کی کثافت سے پاک پیدا ہو۔ (مجموعہ رسائل، ص 139)

"سبحان اللہ، کہاں رب السموات والارض۔ عالم الغیب والشھادۃ، سبحنہ وتعالیٰ اور کہاں کوئی بے تمیز، لونگا، ہیولیٰ، ہبنقہ، ناپاک، ناشائستہ، کھڑے ہو کر موتنے والا ہے۔

ع ببیں کہ از کہ بریدی وبا کہ پیوستی

خدارا انصاف، وہ عقل کے دشمن، دین کے رہزن، جہنم کے کودن، ایک اور تین میں فرق نہ جانیں ایک خدا کے نو مانیں۔ پھر ان تین کو ایک ہی جانیں، بے مثل، بے کنہ کے لئے جورو بتائیں، بیٹا ٹھہرائیں اس کی پاک بندی، ستھری، کنواری پاکیزہ بتول مریم پر ایک بڑھئی کی جورو ہونے کی تہمت لگائیں۔ پھر خاوند کی حیات، خاوند کی موجودگی میں بی بی کے جو بچہ ہوا سے دوسرے کا گائیں۔ خدا اور خدا کا بیٹا ٹھہرا کر، ادھر کافروں کے ہاتھ سے سولی دلوائیں۔ ادھر آپ اس کے خون کے پیاسے۔ بوٹیوں کے بھوکے۔ روٹی کو اس کا گوشت بنا کر دردر چبائیں۔ شراب ناپاک کو اس پاک معصوم کا خون ٹھہرا کر غٹ غٹ چڑھائیں۔ دنیا یوں گذری، ادھر موت کے بعد کفارے کو اسے بھینٹ کا بکرا بنا کر جہنم بجھوائیں۔ لعنتی کہیں ملعون بنائیں۔ اے سبحان اللہ! اچھا خدا جسے سولی دی

Marfat.com

جائے۔ عجب خدا، جسے دوزخ جلائے، طرفہ خدا جس پر لعنت آئے۔ جو بکرا بنا کر بھینٹ دیا جائے اے سبحان اللہ۔ باپ کی خدائی اور بیٹے کی سولی، باپ خدا بیٹا کس کھیت کی مولی؟ باپ کے جہنم کو بیٹے ہی سے لاگ۔ سرکشوں کی چھٹی، بے گناہ پر آگ، امتی ناجی، رسول ملعون، معبود پر لعنت، بندے مامون، تف تف! وہ بندے جو اپنے ہی خدا کا خون چکھیں۔ اس کے گوشت پر دانت رکھیں۔ اف اف! وہ گندے جو انبیاء ورسل پر وہ الزام لگائیں کہ بھنگی چمار بھی جن سے گھن کھائیں۔ سخت فحش بیہودہ کلام گڑھیں۔ اور کلام الٰہی ٹھہرا کر پڑھیں۔ زہ، زہ بندگی! خہ خہ تعظیم! پہ پہ تہذیب، قہ قہ تعلیم اللہ اللہ! یہ قوم، یہ قوم سراسر لوم یہ لوگ، یہ لوگ جنہیں عقل سے لاگ، جنہیں جنون کا روگ، یہ اس قابل ہوئے کہ خدا پر اعتراض کریں اور مسلمان ان کی لغویات پر کان دھریں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون،

(الصمصام علی مشکک فی آیۃ علوم الارحام ص 19-21)

جو حضرات ادب کی گہرائیوں سے واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ قلم میں یہ روانی اور فکر کی یہ جولانی برسوں ریاض کے بعد پیدا ہوتی ہے اور وہ بھی شاذ و نادر۔ حضرت رضا بریلوی زبان و بیان پر قدرت رکھنے میں بھی اپنے معاصرین میں اچھے اچھوں پر بھاری معلوم ہوتے ہیں۔

پروفیسر فاروق احمد صدیقی حضرت رضا بریلوی کی قادر الکلامی ان کی مخصوص انشا پردازی پر تبصرہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

"امام احمد رضا کے عہد میں اگرچہ علی گڑھ تحریک کے زیر اثر سلیس و بامحاورہ نثر نگاری کی روایت چل پڑی تھی تاہم بہت سارے اہل قلم حضرات قدیم اسلوب نگارش سے پیچھا نہیں چھڑا سکے تھے۔ فارسی کے مخصوص طرز کے زیر اثر ایسے اہل قلم اپنی تحریروں میں ضائع و بدائع کا استعمال کرتے تھے اور اپنی قادر الکلامی و زور بیان کی نمائش کی غرض سے مقفیٰ عبارت آرائی کے بھی دلدادہ تھے، لیکن امام احمد رضا نے کبھی ایسی پر تصنع عبارت آرائی کی کوشش نہیں کی ان کا مقصد اعظم دین کی تجدید و تبلیغ تھا۔ اور ایک مجدد و مبلغ مصنوعی طرز بیان سے کام نہیں لیتا اس لئے انہوں نے ہر جگہ فطری انداز بیان اختیار کیا تاکہ ان کی زبان میں از دل خیز بر دل ریزد کی شان باقی رہے لیکن اس احتیاط کے باوجود ان کا اشہب قلم مستی و روانی میں ادب و لطافت کی

Marfat.com

پھلجھڑیاں چھوڑتا ہوا گذر گیا ہے (25)

75 رسے زائد علوم وفنون پر لکھی گئی ان کی تخلیقی، تنقیدی، تشریحی اور ادبی کتابیں اس لائق ہیں کہ دور جدید کے مستند نقاد و محققین اس مخزونے کی طرف توجہ مبذول کریں ورنہ اردو کا پیمانہ اب تک جس فروگذاشت کے تحت خالی رہا وہ کبھی پر نہیں ہوسکتا۔

ہم نے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں لکھا ہے۔

''فخر و اعتماد کے ساتھ جس مستند عالم اور محقق کو دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں کے محققوں کی بزم میں پیش کیا جاسکتا ہے کم از کم انیسویں اور بیسویں صدی میں اس افتخار کا سہرا محقق بریلوی کے فرق اقدس پر سجتا ہے۔ اور ہر اعتبار سے آپ ہی اس کے حقدار ہیں (26)

ابھرتے ہوئے جواں سال نقاد وادیب مولانا امجد رضا امجدؔ، رضا اور معاصرین رضا کے ادبی کارناموں، تخلیقی شہ پاروں پر تنقیدی بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

''بہر حال اس دور کے ادبی تحقیقی اور تنقیدی ماحول میں امام رضا آفتاب نیم روز کی مثل چمکتے دمکتے دکھائی دیتے ہیں، چھوٹے چھوٹے رسائل سے لے کر ہزاروں اور سیکڑوں صفحات میں پھیلی ہوئی کتابوں تک وہ تمام ادبی محاسن جو عناصر خمسہ کے یہاں علی الانفراد پائے جاتے ہیں، وہ امام رضا کے یہاں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اور اردو کی نثری خدمت مجموعی طور پر جتنی عناصر خمسہ نے کی اس سے کہیں زیادہ امام رضا نے کی (27)''

آج کا اردو ادب اپنے جس سرمایے کی بنیاد پر جانا پہنچانا جارہا ہے اگر اس ذخیرۂ ادب کا مہذب احتساب کیا جائے تو سوائے عشقیہ داستانوں، جھوٹی محبتوں، نمائشی الفتوں، مجازی محبوبوں کی عشوہ طرازیوں، عشق ومحبت کی نامرادیوں یا نیم مرادیوں کے اور اس میں کیا ہے؟ جن بعض حضرات نے حقائق کی طرف رخ کیا بھی ہے تو غلو ومبالغہ کے داغ سے دامن نہ بچ سکا ہے افسوس یہ ہے کہ دینی ادب بھی ایسی جسارتوں کی زد میں ہے۔ کچھ حضرات نے اپنے موقف کی تائید میں آیات واحادیث کو ڈھالنے کی ناکام کوشش کی ہے تو کچھ نے دینی افکار ونظریات کو اپنے مقاصد کے زیر اثر لاکر ادب کے زیور سے ملمع کرنا چاہا ہے۔ تاہم حضرت رضا بریلوی نے جس ادب کی پرورش کی ہے۔ جس اسلوب کو آپ نے اپنا خون جگر پلایا ہے اس میں حقائق کی جلوہ افروزی

Marfat.com

ہے، لطافت کے خزانے ہیں پاکیزگی ہی پاکیزگی ہے، وہ بے داغ ہے اور بے داغ رہے گا۔ آپ نے ادب کو جو معیار ادب بخشا ہے ادب کا وقار اس سے ہمیشہ اونچا رہے گا۔ اس لئے کہ آپ نے جو کچھ کہا یا لکھا ہے وہ اہل ادب کے لئے ہی کہا اور لکھا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اردو زبان وادب کو جس طرح گوہر نایاب اور نت نئے رجحانات سے آپ نے مالا مال کیا ہے، جتنی دولت معلومات آپ نے بخشی ہے، اور جو وقار واعتبار آپ نے اپنے البیلے نظریات سے عطا کیا ہے یہ گراں بہا بخشش و دہش کہیں بھی نظر نہیں آتی۔ آپ نے جو بھی لکھا خوشیوں میں ڈوب کر، خوبیوں سے مزین لکھا ان کی کوئی بھی چھوٹی سے چھوٹی کتاب اٹھا لیجئے ہر جگہ یہ انداز آپ کو یکساں ملے گا، آپ محسوس کریں گے کہ ان کی ہر تخلیق تحقیق کا نادر نمونہ ہے۔ جب کہ اردو کے عناصر خمسہ آج دل کھول کر جن کی توصیف کی جاتی ہے ان کے یہاں بجھا بجھا انداز فکر بھی ملتا ہے، گھٹا گھٹا لہجہ واسلوب بھی، بھرتی کے جملے بھی ملتے ہیں اور خوشامدی کی سطریں بھی، تضاد بیانی کے نمونے بھی ملتے ہیں۔ اور متصادم افکار کے پیراگراف بھی، اردو کی پوری، لسانی، ادبی، ارتقائی تاریخ چھان ڈالئے علم کا ایسا بانکپن، فن کا ایسا انوکھا پن اور معانی و بیان کے ایسے درپن کی آپ کو درشن نہیں ہوگی۔ رضا بریلوی کا ادب وادبیات تو ایسی خاصے کی چیز ہیں جنہیں فخر سے عالمی ادب کے اسٹیج پر سجا کر داد و تحسین حاصل کی جا سکتی ہے۔ ایسا ادب جو صداقت کا آئینہ دار، متانت کا علمبر دار ہو وہ صرف رضا بریلوی کے ادبی گلزار میں نظر آتا ہے...... وجہ یہ ہے کہ وہ خالص مذہبی انسان اور سچے عاشق رسول تھے اس لئے آپ کے ادبی شہ پارے بھی تقدس و پاکیزگی کے حسین غلاف میں لپٹے نظر آتے ہیں...... معائب سے دور اور محاسن سے معمور نظر آتے ہیں...... حقائق سے منہ موڑنے اور شواہد کے تابناک چہرے پر غبار ڈالنے کی بہت کوشش کی گئی، مگر جس طرح آئینے پر پڑا ہوا غبار زیادہ دیر نہیں رہتا، آفتاب کے چہرہ پر چھایا ہوا بادل دیر پا نہیں ہوتا بالکل اسی طرح اب زبانیں بول رہی ہیں، قلم لکھ رہے ہیں، محفل سج رہی ہے، اور رضا بریلوی کے نام کی گونج چمن در چمن سنائی دینے لگی ہے، اپنے تو اپنے بیگانے بھی بانگ دہل چرچا کرنے لگے ہیں، ہندو صحافی، مدیر ہفت روزہ "بھجن" پٹنہ لکھتے ہیں۔

"مجھے رامچندر کی قسم گزشتہ دنوں مدرسہ دیوبند میں میں نے احمد رضا خان بریلوی کی نعتیہ شاعری پر" حدائق بخشش" نامی کتاب دیکھی تو حیران و ششدر ہو کر رہ گیا ...... مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ مولوی احمد رضا کا ایک ایک شعر علم وادب کا مرقع

Marfat.com

ہے، اور حدائق بخشش ایک گنجینۂ حق ہے جسے اہل ادب اگر اپنا اثاثۂ حیات سمجھیں تو بجا ہے، (افتتاحیہ خیابان رضا لاہور ص 23)

حضرت رضا بریلوی کی علمی و ادبی تخلیقات اور فکری خدمات کو جتنا دبایا گیا وہ اتنا ہی ابھرتا جارہا ہے، نکھرتا جارہا ہے، فضا میں چھاتا جارہا ہے اور آسمان قبولیت کو چھوتا جارہا ہے، سوز محبت سے دماغ کو گرماتا جارہا ہے، ساز عشق سے دل کو گدگداتا جارہا ہے۔ سید شان الحق حقی رقم طراز ہیں۔

''بہترین ادبی تخلیقات وہی ہیں جو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لئے روحانی سرور اور بصیرت کا ذریعہ ہوں، میرے نزدیک مولانا کا نعتیہ کلام ادبی تنقید سے مبرا ہے ......اس کی مقبولیت اور دلپذیری ہی اس کا سب سے بڑا ادبی کمال اور مولانا کے شاعرانہ مرتبہ پر دال ہے۔

حسن تاثیر کو نہ صورت سے نہ معنیٰ سے غرض
شعر وہ ہے کہ لگے جھوم کے گانے کوئی

(جہان رضا، لاہور۔ ص 22 / محمد مرید احمد چشتی)

حضرت رضا بریلوی نے اصناف سخن میں صرف نعت کو اپنا مقصد فکر اور محور فن قرار دیا تاہم گمنامی کے گوشے سے نکالا اور شہرت کے بام عروج پر پہونچا دیا اور اس صنف کو ایسے ایسے دُرِ بے بہا دیئے کہ غزل رشک کرنے لگی، مرثیہ اپنا مرثیہ پڑھنے لگا، ایسی ایسی نعتیں لکھیں، جو زبان و بیان، فکر و فن، اظہار و ابلاغ اور تاثیر و تاثر کے اعتبار سے اردو ادب میں سرمایہ ادب کا درجہ رکھتی ہیں۔

پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب مظہر گہر فشاں ہیں ...... '' رضا بریلوی کی شاعرانہ خوبیوں کی کیا بات کی جائے کون سی خوبی ہے جو یہاں نہیں ہے، ان کی شاعری پیکر حسن و جمال ہے، سبحان اللہ، سبحان اللہ، معانی و بیان کی دلآویزیاں، صنائع و بدائع کی جلوہ ریزیاں، تشبیہات و استعارات کی سحر انگیزیاں، الفاظ و حروف کی حیرت انگیز صف بندیاں، محاوروں کا حسین امتزاج، روز مرہ کا دلآویز استعمال، طرز ادا کی رنگینی و بانکپن، سادگی و پرکاری ندرت فکر و خیال، بے ساختگی و برجستگی، موسیقیت و نغمگی، رفعت مضامین ستھرے، پاکیزہ اشعار، سراپا انتخاب، فکر و خیال کو جن سانچے میں ڈھالتے ہیں حسین سے حسین نظر آتا ہے، (انتخاب حدائق بخشش، ص 13)

Marfat.com

سخن کی ہر جہت ،اور فن کی ہر سمت پر نہ صرف یہ کہ ان کی عقابی نظر تھی بلکہ فکر وفن علم وادب کا سرمایہ جہاں بھی نظر آئے وہ مرد مومن کی میراث ہے کہ بموجب سب کو اپنایا بھی اور گلے لگایا بھی، جسے آپ نے چھودیا اچھوتا بنا دیا، ماہر علم وادب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں رقم طراز ہیں۔

''میرا تو ہمیشہ سے یہ خیال رہا ہے کہ اگر صرف محاورات، مصطلحات، ضرب الامثال، اور بیان و بدیع کے متعلق تمام الفاظ ان کے جملہ تصانیف سے یکجا کردی جائیں تو ایک ضخیم لغت تیار ہوسکتی ہے۔(مولانا احمد رضا خاں کی نعتیہ شاعری، ص 4)''

اور ایسا بھی نہیں ہے کہ لغت کے لئے پہلے سے آپ نے کوئی ذہنی ریاضت کی ہو، منتشر خیالات کی یکجائی ویکسوئی کی طرف توجہ کی ہو، الفاظ و بندش کو سنوارا ہو نہیں بلکہ جو کچھ کیا ہے بے ساختہ اور برجستہ کیا ہے، اور کیا ہے تو ایسا شگفتہ اور شائستہ کیا ہے کہ ادب کی شائستگی مچل مچل اٹھی ہے ۔بقول ''شاعر لکھنوی،

ان کے جذبے کی بے ساختگی لفظوں کے تعاقب میں نہیں پھرتی، الفاظ خود بڑھ کر اور اس جذبے کو اپنی آغوش میں لے کر ان کے فکری عمل کو فنی عمل سے ہمکنار کردیتے ہیں (تاریخ نعت گوئی میں حضرت رضا بریلوی کی کا منصب ص 24)

جس طرح حضرت رضا بریلوی علوم دینیہ ، اسلامیہ میں ایک ہزار برس تک کی تمام دینی کتابوں کے حافظ نظر آتے ہیں، بالکل ویسے ہی فن شعر وسخن میں بھی تمام ماہرین شعرا اور استادان فن کے فکر وشعور کا نچوڑ معلوم ہوتے ہیں پروفیسر وسیم بریلوی تحریر فرماتے ہیں۔

یہاں میر کی دردمندی بھی ہے غالب کا تفکر بھی، مومن کی شائستہ نظری بھی ہے۔سودا کی خلاقی ذہنی بھی۔درد کی عارفانہ سادگی بھی ہے، ذوق کی زباندانی بھی۔اقبال کی فلسفیانہ گہرائی بھی ہے، حالی کی عاجزی وانکساری بھی، جگر کی والہانہ ربودگی بھی ہے، فانی کی فلسفیانہ نظری بھی، حسرت کی واقفیت بھی ہے اور اصغر کی معرفت پسندی بھی۔(انتخاب حدائق بخشش۔ص52)

انہی متنوع خوبیوں اور رنگارنگ محاسن کی بنیاد پر مشہور شاعر وادیب کالی داس گپتا نے کہا تھا۔

''اسلامی دنیا میں ان کے مقام بلند سے قطع نظر ان کی شاعری بھی اس درجے کی ہے کہ انہیں انیسویں صدی عیسوی کے اساتذہ میں برابر کا مقام دیا جائے۔ذرا سے غور وفکر کے بعد ان کے اشعار ایک ایسے شاعر کا پیکر دل و دماغ پر مسلط کردیتے ہیں جو محض

Marfat.com

ایک سخنور کی حیثیت سے بھی اگر میدان میں اترتا تو کسی استادوقت سے پیچھے نہ رہتا......ان کے کلام سے ان کے کامل صاحب فن اور مسلم الثبوت شاعر ہونے میں شبہ نہیں اور نعتیہ غزلیں تو مجتہدانہ درجہ رکھتی ہیں (گلشن رضا، لاہور ص 45)

دنیائے شاعری میں میں چار مختلف زبانوں کے ساتھ آج تک کسی بھی شاعر کا کلام نہیں ملتا۔ البتہ دو زبانوں میں عموماً اور تین مختلف زبانوں میں کہیں کہیں کلام مل جاتا ہے اس لحاظ سے امام احمد رضا محدث بریلوی فقیہ اعظم ہونے کے ساتھ ایسے شاعر اعظم نظر آتے ہیں کہ بے مثلیت وانفرادیت جن پر نچھاور نظر آتی ہے۔ شاعری میں ایک بہت ہی مشکل نوع علم ہیئت ونجوم وفلسفہ کی مصطلحات کا استعمال ہے جو اردو شاعری میں بہت کم مستعمل ہے اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ ان علوم کی اصطلاحات کو استعمال کرنے کے لئے ان علوم کی سمجھ اور ان پر دسترس بنیادی ضرورت ہے، شاعری کی اس نوع پر امام احمد رضا خاں محدث بریلوی سے قبل ملا بدرالدین چاچی نے البتہ علم ہیئت ونجوم کی اصطلاح اپنے کلام میں پیش کیں۔ اور اس فن کا اظہار اس نے مسلمان بادشاہ فیروز شاہ تغلق کی شان میں ایک طویل قصیدہ میں کیا ہے، لیکن نعت شریف میں ان مصطلحات کا استعمال کہیں نظر نہیں آتا اس لئے کہ یہ نوع سب سے محنت طلب ہے، مگر امام احمد رضا محدث بریلوی میں خداداد صلاحیت کا مظاہرہ دیکھئے کہ ان مشکل ترین مصطلحات میں بھی آپ نے طویل نعتیہ قصیدہ تحریر فرمایا جو ایک سو چپن اشعار پر مشتمل ہے۔

چند اشعار ملاحظہ کیجئے اور اس عظیم شاعر کو داد دیجئے۔

خالق افلاک نے طرفہ کھلائے چمن
ایک گل سوسن میں ہیں لاکھوں گل یاسمن

نقطہ پہ خط کھینچئے خط سطح کہے خط غلط
تن کہے میں ہوں فقط جاں کہے مٹی ہے تن

سبزہ وگل دلنشیں محو تماشا حسین
بانوے اقلیم چیں دلربا بابل وطن

چشمۂ بے آب میں عرض سر مو نہیں
ڈوبنے جائے کہاں شرم کے مارے کرن

(فقیہ اسلام بحیثیت شاعر وادیب پروفیسر مجید اللہ قادری ص 8)

Marfat.com

جن جن نوادرات فکر اور عجائبات خیال سے حضرت رضا بریلوی نے اردو ادب کے دامن کی حنا بندی کی ہے دور تک اس کی نظیر نظر نہیں آتی، پوری اردو ادب کی تاریخ میں حضرت رضا بریلوی تنہا ایسے ادیب ہیں جنہوں نے اپنے پچھتر کے قریب علوم وفنون کی مہارت وحذاقت سے گنجینۂ ادب کو مالا مال کیا ہے۔ نہ اتنے علوم وفنون کی مہارت کہیں ہے اور نہ اتنا بڑا سرمایہ ادب کہیں ہے جو تن تنہا حضرت رضا بریلوی نے جلوہ آرا کی ہیں۔ اس کوٹھی کا دھان اس کوٹھی میں کر کے، انگلی کاٹ کر شہادت میں آپ نے نام نہیں لکھوایا ہے بلکہ اردو کے سرمایۂ ادب میں آپ نے بیش بہا اضافہ کیا ہے، ایسا اضافہ جس نے ملک وقوم کا سر فخر سے اونچا کیا ہے۔ آج دنیا میں دو علمی وادبی دبستان ہیں جن کا سکہ رائج ہے ایک دنیاوی یونیورسٹیاں اور دوسرا دینی جامعات، ایک وہ ہے جہاں بلفظ اقبال ''دانش برہانی'' کی کارفرمائی ہے اور ایک وہ ہے جہاں ''دانش نورانی'' کی جلوہ نمائی۔ جہاں دانش برہانی کی کارفرمائی ہے وہاں کی تعلیم وتعلم کی ابتدا وانتہا دماغ ہے، یہاں تعلیم دماغ سے شروع ہوتی ہے۔ اور دماغ ہی پر ختم ہوتی ہے۔ اور جہاں دانش نورانی کی جلوہ نمائی ہے وہاں تعلیم وتعلم دماغ سے شروع ہوتی ہے اور دل پر ختم ہوتی ہے۔ اس دانشکدہ میں بھی متعدد عمیق ودقیق علوم وفنون کی گہما گہمی دکھائی دیتی ہے اور اس دانشکدہ میں بھی۔ مگر جو وہاں ہے یہاں نہیں اور جو یہاں ہے وہاں نہیں...... حضرت رضا بریلوی جتنے علوم وفنون پر ماہر نظر آتے ہیں اتنے علوم وفنون نہ ان یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے ہیں اور نہ ان جامعات میں۔ اس اعتبار سے حضرت رضا بریلوی دانش برہانی اور دانش نورانی کے تنہا مرکز، دنیاوی یونیورسٹی اور دینی جامعہ کے اکیلے جامع نظر آتے ہیں۔ یعنی ان دونوں دبستانوں کو یکجا کر دیجئے تب بھی آپ کو یہ احساس ہوگا کہ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا۔ اللہ اکبر کیا گہرائی اور گیرائی تھی اس بندہ خدا میں جس کے علمی تنوع اور فکری تعمق نے دانشکدوں کو حیران کر رکھا ہے۔ شاید اسی وجہ سے دانشکدوں نے حضرت رضا بریلوی کے علمی وفکری قد وقامت کو ناپنے کی طرف بڑی سرعت سے توجہ دی ہے۔ اب تک دنیا کی تقریباً 20ر یونیورسٹیوں میں آپ پر تحقیق ہو چکی ہے اور 10ر میں ہو رہی ہے۔ اتنی تحقیق وریسرچ شاید اب تک کسی بھی شخصیت پر نہیں ہوا ہے۔ سچ فرمایا تھا انہوں نے۔

بے نشانوں کا نشاں مٹتا نہیں      مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

حضرت رضا بریلوی کا فکر وفن، شعر وسخن محض عطیہ الٰہی ہے، اس کی فیض بخشی وبرکات کا عالم یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ پھیلی ہوئی ہیں، سب سے زیادہ توجہات کا مرکز ہیں سب سے زیادہ عوام

Marfat.com

وخواص کو مستفید کر رہی ہیں، مولانا کوثر نیازی کے الفاظ میں اذان کے بعد پوری دنیا میں سب سے زیادہ سامعہ نواز ہونے کا کلام اعلحضرت کا سلام، مصطفٰے جان رحمت پہ لاکھوں سلام ہے۔ اور یہ اعلیٰ اور عمدہ تخلیقات کی سب سے بڑی علامت ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لئے روحانی سرور اور بصیرت کا ذریعہ ہوں۔ برا ہو متعصب ذہنیت کا جو دیدہ و دانستہ اس باب میں تجاہل عارفانہ سے کام لے رہی ہے اور اس طرح خود ہی روحانی سرور اور بصیرت کے بہت بڑے سرمایہ اور ذریعہ سے محروم ہو رہی ہے۔

صدائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے

اردو ادب کا دامن جس دن جانب داری کے حق سوز نظریئے کی قید سے آزاد ہوگا دنیا دیکھے گی کہ ادب کے عرش بریں پر صرف حضرت رضا بریلوی کا جلوہ ہے جو کیف وکم کے عیب سے منزہ ومبرہ ہے۔ آج کچھ لوگ بادل نخواستہ بھی محض آقایان نعمت کی خوش دلی کی خاطر اردو ادب کی تاریخی حقیقت کو مسخ کرنے پر تلے ہیں شاید وہ اس صداقت افروز حقیقت سے بے پرواہ ہو چکے ہیں کہ آج کی دنیا تحقیق و تنقیح کی دنیا ہے۔ احقاق وانکشاف کی دنیا ہے۔ خاکستر علم و ادب میں دبی چنگاری کو ڈھونڈ نکالنے کی دنیا ہے ایک نہ ایک دن اس مصنوعی اور ملمع سازی کا حائل پردہ ضرور چاک ہوگا۔ حقیقی سورج کی روشنی سے اردو ادب کا آنچل و آنگن بھی منور و مجلی ہو کر رہے گا۔

Marfat.com

# حوالے

## حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق نے ادب کو دیا



| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | معارف رضا، شمارہ نہم | 1989ء کراچی پاکستان | 210,209 |
| 2 | فقیہ اسلام بحیثیت شاعر و ادیب | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص14 |
| 3 | افکار رضا، سہ ماہی بمبئی | جلد 1 رشمارہ 2 | ص9,8 |
| 4 | معارف رضا، شمارہ نہم | 1989ء کراچی پاکستان | ص213 |
| 5 | فتاویٰ رضویہ مقدمہ جلد اول | امام احمد رضا محدث بریلوی | ص3,2 |
| 6 | افکار رضا۔ جلد 1 شمارہ 25 | سہ ماہی بمبئی | ص6 |
| 7 | دبستان رضا | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص154 |
| 8 | حیات اعلیٰ حضرت ج اول | مولانا ظفر الدین بہاری | 131 |
| 9 | حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص158 |
| 10 | قاری کا امام احمد رضا نمبر | اپریل 1989ء | ص433 |
| 11 | فقیہ اسلام بحیثیت شاعر و ادیب | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص17 |
| 12 | // | // | ص9 |
| 13 | تنقیدات و تعاقبات | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص43 |
| 14 | // | // | ص61 |
| 15 | // | // | ص64 |
| 16 | // | // | ص64 |
| 17 | // | // | ص77 |
| 18 | // | // | ص83 |
| 19 | // | // | ص90 |
| 20 | // | // | ص75 |
| 21 | فتاویٰ رضویہ ج 11 | امام احمد رضا | ص75 |



Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 22 | فتاوٰی رضویہ ج2 | امام احمد رضا | ص23 |
| 23 | فقیہ اسلام بحیثیت شاعر وادیب | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص15 |
| 24 | // | // | ص15 |
| 25 | افکار رضا سہ ماہی بمبئی | شمارہ دسمبر 95 | ص9 |
| 26 | جہان رضا ماہنامہ کراچی | شمارہ نمبر 42/ماہ مارچ 95ء | ص9 |
| 27 | پیغام رضا کا امام احمد رضا نمبر | پوکھریرا سیتامڑھی، بہار | ص173 |

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کے

# تصور عشق نے ملت کو کیا دیا

اگر میں یہ کہوں تو بجا ہوگا کہ حضرت رضا بریلوی کی تخلیق ہی ایمان واخلاص کی بنیادوں پر ملت کی تعمیر کے لئے ہوئی تھی۔ اس دعوے پر ان کی پوری زندگی اور زندگی کے آفاق سے اٹھنے والی شعائیں گواہی دے رہی ہیں۔ ان کی نگارشات کے محرکات پکار رہے ہیں کہ ان کے دور میں ملت کو جیسے جیسے بحران سے گذرنا پڑ رہا تھا اور جیسے جیسے نت نئے روپ میں کبھی سیاسی کبھی مذہبی طوفان اٹھ رہے تھے ایسے عالم رستاخیز میں ملت کی صحیح پاسبانی اگر آپ نے نہیں کی ہوتی تو نہ جانے کشتیٔ ملت کا کیا حشر ہوتا اور رہبری کے بھیس میں رہزنوں نے اس کی نہ جانے کیا گت بنائی ہوتی مگر وہ تو کہیئے کہ آپ کے پیکر میں علم وعمل کا ایسا کوہ گراں موجود تھا جس نے ہر طوفان کا خندہ پیشانی سے استقبال کیا مگر ملت پر آنچ نہ آنے دی آپ کی ملی خدمات کا ہر گوشہ اتنا متنوع اور جہت در جہت ہے کہ اس کی کرنوں کو سمیٹنا اور یکجا کرنا محال نہیں تو مشکل ضرور ہے۔

سوال یہ نہیں کہ آپ نے ملت کو کیا دیا۔ سوال یہ ہے کہ آپ کے تصور عشق نے ملت کو کیا نہیں دیا۔ عقائد وافکار کی مستحکم بنیاد آپ نے دی، طوفان باطل کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا حوصلہ آپ نے عطا کیا۔ کنز الایمان، فتاویٰ رضویہ، حدائق بخشش آپ نے بخشا، بین الاقوامی دار الافتاء، منظر اسلام کے نام سے آفاقی ادارہ آپ نے دیا اور اپنے بعد بھی ملت کی روحانی تازگی وسر سبزی کے لئے نامور تلامذہ وخلفاء آپ نے عطا کیا۔ آپ کی جلائی یہ شمعیں آج بھی اسی شان سے روشنی پھیلا رہی ہیں اور ظلمت کدۂ عالم کو بقعۂ نور کر دینے کی فکر میں ہیں۔ ان گوشہ ہائے رنگ برنگ سے چند کا قدرے تفصیل سے ہم جائزہ لینے کی کوشش کریں گے۔

حضرت رضا بریلوی نے ملت مسلمہ کی اقبال مندی اور دیگر اقوام وملل پر اس کے تفوق وبالا دستی کے لئے اپنی حیات وخدمات اور جذبات واحساسات سے جو ساز چھیڑا تھا جو ناقوس بجایا تھا اس کی نغمگی وبلند آہنگی کے نتائج واثرات کا اگر استقصاء کیا جائے تو میرا خیال ہے درج ذیل تین

Marfat.com

نکات میں اسے سمیٹا جا سکتا ہے (۱) تحفظ افکار و کردار (۲) شخصیت سازی (۳) عشق مصطفےٰ۔

## 1 ....... تحفظ افکار و کردار

ایک ایسے وقت میں جب خرمن ایمان پر بجلیاں گرائی جارہی تھیں ۔ اسلامی افکار و تصورات کو اپنے اپنے نظریات کے سانچے میں ڈھالنے کی نامحمود کوشش ہورہی تھی عقیدت کے نشیمن تہہ و بالا کئے جارہے تھے۔قدیم خیالات کے ذخائر پر جدیدیت کا غلاف چڑھایا جارہا تھا، اسلام کے نام پر گلشن اسلام کی تاراجی ہورہی تھی۔ ماحول کیسا دلدوز اور حوصلہ آزما تھا ڈاکٹر مسعود احمد مظہری رقم فرماتے ہیں۔

''وہ دور ابتلاء ایسا تھا کہ پوری ملت بے راہ رو ہورہی تھی۔ نئے مذہب کی ایجاد کی تدبیریں سوچی جارہی تھیں، پریاگ و سنگھم کو مقدس سمجھا جارہا تھا۔ ہندو مسلم جگری بھائی بھائی ہورہے تھے۔ پیشانیوں پر قشقہ لگایا جارہا تھا۔ترکی ٹوپی اور عمامے اتار کر گاندھی کیپ اوڑھی جارہی تھی، ہندوؤں کی ارتھی میں شرکت کی جارہی تھی اور اس کو کندھا دیا جارہا تھا، ہندوؤں کے لئے مسجدوں میں تعزیتی جلسے اور فاتحہ خوانی کی محفلیں منعقد ہورہی تھیں۔ منبر رسول پر ہندو لیڈروں سے تقریریں کرائی جارہی تھیں۔ ہندو کی محبت کی خاطر پاک و ہند میں گائے کی قربانی پر پابندی لگانے کی تدبیریں سوچی جارہی تھیں۔ الغرض وہ کچھ ہورہا تھا آج جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اور اگر تاریخی حقائق و شواہد معدوم ہوجاتے تو ان باتوں کو دیوانوں کی باتیں کہہ کر رد کردیا جاتا (1)

حضرت رضا بریلوی نے نہ صرف یہ کہ بے راہ افراد کی گرفت کی بلکہ گم کردہ راہ ملت کے ہر قول و عمل کی نگرانی کی اور اس کو صراط مستقیم دکھایا، دلوں کو بجھنے نہ دیا۔ کردار کو مرنے سے بچایا۔ شمع محبت جلائی اور پوری ملت کو اسی روشنی میں گنبد خضریٰ کا راستہ دکھایا اندھیروں میں اجالا کیا اور اجالوں کو رشک آفتاب کیا، زمانے کے اسیروں کو آزاد کیا موجوں سے لڑنے کا حوصلہ دیا، مایوسوں کو آس دی، ناامیدوں کو امید دی، خاک نشینوں کو عرش نشیں کیا۔ احساسات کے دھارے کو موڑ دیا۔ جذبات کی دنیا کو یکسر بدل دیا ڈاکٹر غلام یحیٰ رقم طراز ہیں۔

''اس صدی کے شروع میں مسلمانوں کو خواب غفلت سے جانے اور ان کے مردہ

Marfat.com

دلوں میں زندگی کی روح پھونکنے کے لئے تین آوازیں بلند ہوئیں ۔ایک اقبال کی بانگ درا، ایک محمد علی کا نعرۂ تکبیر، اور ایک ابوالکلام آزاد کا رجز حریت ممکن ہے لفظوں کے پرستاروں کو ان تینوں کے پیغاموں میں فرق معلوم ہوتا ہو مگر معنیٰ کے محرم تینوں کی زبان سے ایک ہی بات سنتے اور اس کا ایک ہی مطلب سمجھتے ہیں، اور وہ یہ ہے کہ دین کی کنجی سے دنیا کے دروازے کھولو اور اسلام کے اسم اعظم سے آفاق کی تسخیر کرو ''۔ ڈاکٹر عابد حسین کا یہ قول اگر حق وصداقت کا آئینہ دار ہے تو یہ بھی اپنی جگہ مسلم اور مبنی بر حقیقت ہے کہ ایک چوتھی آواز بھی ہے جس نے عالم اسلام میں مذہبی انقلاب برپا کر دیا، اور کفر وارتداد کی آندھی میں حق وصداقت کا پرچم اس طرح بلند رکھا جس طرح باطل کے ظلم واستبداد کی پرواہ کئے بغیر عہد عباسی میں امام احمد ابن حنبل ۔اور دور اکبری میں مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہما نے بلند کر رکھا تھا۔ وہ آواز تھی اس ذات گرامی کی جو دنیائے علم وادب میں ''امام'' عالم عرب میں ''فاضل بریلوی'' اور حلقۂ معتقدین ومتوسلین میں ''اعلحضرت'' سے متعارف ہے (2)

ملت کا درد اور احساس ذمہ داری کی بنیاد پر اگر دیکھئے تو حضرت رضا بریلوی اپنے معاصرین ،عمائدین ملت سے بہت آگے نظر آتے ہیں، اگر آپ نے یہ تیز گامی اور چابکدستی نہ دکھائی ہوتی تو آزاد خیالی اور فکری کجروی کا جو سیلاب امنڈا تھا نہ معلوم وہ کتنوں کو بہالے جاتا آپ نے پوری قوم کو غار ہلاکت میں گرنے سے بچایا اور اس کو شعور جان وایمان بخشا، دوست ودشمن کی پہچان کرائی ۔تحریر کا جادو جگایا اور ضمیر کو بے نور ہونے سے بچایا۔

پروفیسر مسعود احمد مظہری تحریر فرماتے ہیں۔

''امام احمد رضا نے اپنی گرانقدر تصنیفات سے دین کی بڑی خدمت کی اور سب سے بڑی خدمت یہ کہ دشمنان اسلام کا تیز دستی سے تعاقب کیا اور جو مسلمان اپنی سادہ لوحی سے دشمنوں کے فریب میں آئے انہیں فہمائش کی اور دشمنوں کے فریب سے آگاہ کیا(3)

دینداروں کو بے دین ہونے ،مسلمانوں کو کفر والحاد کی وادی میں گرفتار ہونے سے آپ کی پیہم للکار قلمی وار اور مسلسل یلغار نے باز رکھا، لادینی ولامذہبی مختلف چولے اور جامے، زرق برق خوشپوش لباس میں نمودار ہو رہی تھی اور حیرت یہ کہ جو تحریک بھی اٹھتی اس کے ایک ہاتھ میں قرآن

Marfat.com

اور دوسرے میں حدیث حوالے کو موجود رہتے۔ ایک ایسی مکدر فضا میں حق کو باطل سے چھانٹ لینا ،حسن وقبح میں امتیاز کر لینا۔ ایمان وکفر کو نگاہ اولین ہی میں پرکھ لینا کسی صاحب دل، صاحب نظر اور صاحب علم وفکر ہی کا کارنامہ ہوسکتا تھا، قدرت نے آپ کو علوم وفنون کا ایسا بالغ نظر، اور حسن و قبح کا ایسا پارکھ بنا دیا تھا کہ جب کبھی بھی ایسی صورت پیش آئی تو قوم وملت کے حدود اربعہ پر آپ نظر آئے ،فوراً تنبیہ فرمائی اور بچھائے گئے جال میں پھنس کر متاع ایمان نہ لٹانے کی ترغیب میں جٹ گئے۔ یہ ان کا کتنا بڑا احسان پوری ملت پر ہے کہ متاع گر انبہا کی حفاظت کا آپ نے شعور وحوصلہ بخشا۔

دلوں کی کتنی بے نور قندیلیں آپ نے روشن کیں، کتنے ہاتھوں میں آپ نے ایمان واسلام کا میٹھا میٹھا جام عطا کیا، کتنے سینوں کو آپ نے محبت رسول کی مستی سے آباد کیا کتنے ذہنوں میں آپ نے سرکار دوعالم ﷺ کی سچی الفت بٹھائی، کتنے بھکوں کو آپ نے صراط مستقیم دکھایا اور حق یہ ہیکہ آپ کی تصانیف آج بھی پوری ملت کے لئے بد مذہبی اور بیدینی کے مرض کے لئے اکسیر شفا کا درجہ رکھتی ہیں۔

محتاط اہل قلم مولانا بدرالدین احمد قادری تحریر فرماتے ہیں۔

”ہزاروں تو کیا بلکہ لاکھوں اشخاص نے اعلحضرت کی تقریروں اور تحریروں سے فائدہ اٹھایا، گمراہوں کا طبقہ آپ کی تحریریں پڑھ کر دیندار بنا، بد مذہب حضرات آپ کی کتابیں دیکھ کر ایسے راسخ الاعتقاد سنی ہوئے کہ بدمذہبی کی ہولناک آندھی بھی ان کو اپنی جگہ سے ہلا نہیں سکتی، کتنے وہ ہیں جو کفریات بک کر مرتد اور بے دین ہو گئے تھے آپ کی رہنمائی سے مخلص مسلمان بن گئے (4)

ملت اسلامیہ کی خیر خواہی کے پیش نظر بھولے بھالے مسلمانوں کو جو آپ نے بطور وصیت آخری فہمائش کی ہے دیکھئے اس میں کیسا سوز الفت ہے۔ ان کی اپیل میں کیسا خلوص، ان کی آواز میں کیسا درد، اور ان کی فکر میں کیسی ایمانی تڑپ ہے، دنیا سے جاتے جاتے بھی ملت کے نام ایک انمٹ پیغام چھوڑ جاتے ہیں۔ اس پیغام میں ان کی پوری حیات کلا خلاصہ اور تحاریک کا نچوڑ ہے۔ اس پیغام میں وہ سب کچھ ہے جو ایک با مقصد، معیاری اسلامی معاشرہ کے لئے لازمی عنصر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دیکھئے وہ کیا کہتے ہیں۔

”پیارے بھائیو! تم مصطفےٰ ﷺ کی بھولی بھالی بھیڑیں ہو۔ بھیڑیئے تمہارے

Marfat.com

چاروں طرف ہیں یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں بہکا دیں، تمہیں فتنے میں ڈال دیں، تمہیں اپنے ساتھ جہنم میں لے جائیں ان سے بچو اور دور بھاگو...... میں پونے چودہ برس کی عمر سے یہی بتارہا ہوں اس وقت پھر یہی عرض کرتا ہوں'' (5)

حضرت رضا بریلوی کے خیالات میں اسلامیات کا پورا خزینہ چمکتا معلوم ہوتا ہے ان سطور سے ملت کے درد اور اس درد کے لئے آپ کی تجویز کردہ دوا کو معلوم کر کے یہی کہا جاسکتا ہے کہ آپ نے ملت کیلئے اپنی حیات کا عرق نچوڑ کر پیش کر دیا ہے۔

ماہر رضویات ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری آپ کے علمی درد و احساس کا تجزیہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

امام احمد رضا ایک صاحب فکر و صاحب بصیرت تھے بقول ایک فاضل کسی مفکر کی اہمیت اس بات میں نہیں کہ وہ کتنے گھن گرج کے ساتھ رونما ہوا، کتنے آدمی شریک ہوئے کس حد تک اس نے دنیا کا نقشہ بدلا۔ بلکہ اس بات میں ہے۔

(1)........ زندگی میں حسن وصداقت کے کتنے نامعلوم پہلو اس نے اجاگر کئے۔

(2)........ جو صورت حال اس فکر کی محرک تھی اس کے رد عمل میں کس مثبت اور قائم بالذات عمل کی تخلیق کی گئی۔

(3)........ وہ فکر زندگی کے لئے کیسے اعلیٰ مقاصد اور اقدار کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ظلمت، بہیمت سے نکال کر عدل وانصاف کی طرف لے جانے والا ہے۔

(4)........ اس کی فکر نے انسانی زندگی کے ان ممکنات کو کس درجہ وسیع کیا ہے جو اس وقت تک ممکن نظر نہ آتے تھے، جب تک وہ وقوع پذیر نہ ہوگئے۔

(5)........ اس کی فکر نے انسانی زندگی اور تاریخی ادوار پر کیسا اور کتنا اثر ڈالا ہے اس معیار فکر کو سامنے رکھئے اور پھر دیکھئے کہ امام احمد رضا نے ملت اسلامیہ کو کیا کچھ دیا اور اپنے فکر ونظر سے کس طرح رہنمائی فرمائی (6)

ان کی فکر وفہم کا مرکزی دائرہ ونقطہ دین کا تحفظ وعروج۔ دینی رجحانات کی توسیع واشاعت دینی دستور ومنشور کی بالادستی، دینی مزاج کی تخلیق وتبلیغ، بلکہ خالص دین کی بنیاد پر معاشرے کی تعمیر ان کی حیات کا زرین خواب تھا، وہ چاہتے تھے کہ معاشرہ وملت کے جسم میں دین کی روح سرایت کر جائے دینی جذبوں اور دینی قدروں کا احیاء ہو۔ دینی تقاضوں اور نکات کی ابلاغ وترسیل کی راہ

Marfat.com

میں حائل تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں، بس دین ہی دین ہو۔ ہر سو دین مصطفےٰ کا غلغلہ اور بول بالا ہوتا کہ پیارے مصطفےٰ ﷺ کی عظمت و رفعت کا علم بھی بلند رہے اور مسلمان اس طرح اپنے اصل مقصد و مقام کو پا سکیں، فلاح و نجات دارین جو ایک مومن کا مقدر ہے۔ اس نعمت کی تحصیل آسان سے آسان تر ہو جائے فروغ دین و سنیت کے لئے آپ کا دس نکاتی پروگرام ایک جامع منصوبہ ہے، اگر آج بھی ملت ان نکات و پرگرام پر عمل پیرا ہو جائے تو ایک آبرومند باوقار معاشرہ خود بخود سانچے میں ڈھل جائے۔ وہ نکات یہ ہیں۔

"(1) عظیم الشان مدارس کھولے جائیں، باقاعدہ تعلیمیں ہوں۔

(2) طلباء کو وظائف ملیں کہ خواہی نخواہی گرویدہ ہوں۔

(3) مدرسوں کی بیش قرار تنخواہیں ان کی کارروائیوں پر دی جائیں۔

(4) طبائع کی جانچ ہو جو جس کام کے زیادہ مناسب دیکھا جائے معقول وظیفہ دے کر اس میں لگایا جائے۔

(5) ان میں جو تیار ہوتے جائیں تنخواہیں دے کر ملک میں پھیلائے جائیں کہ تحریراً و تقریراً و واعظاً و مناظرۃً اشاعت دین و مذہب کریں۔

(6) حمایت مذہب ورد بد مذہباں میں مفید کتب و رسائل مصنفوں کو نذرانے دے کر تصنیف کرائے جائیں۔

(7) تصنیف شدہ اور نو تصنیف رسائل عمدہ اور خوشخط چھاپ کر ملک میں مفت تقسیم کیے جائیں۔

(8) شہروں شہروں آپ کے سفیر نگراں رہیں جہاں جس قسم کے واعظ یا مناظر، یا تصنیف کی حاجت ہو آپ کو اطلاع دیں، آپ سرکوبی اعداء کے لئے اپنی فوجیں میگزین اور رسالے بھیجتے رہیں۔

(9) جو ہم میں قابل کار موجود اور اپنی معاش میں مشغول ہیں وظائف مقرر کر کے فارغ البال بنائے جائیں اور جس کام میں انہیں مہارت ہو لگائے جائیں۔

(10) آپ کے مذہبی اخبار شائع ہوں اور وقتاً فوقتاً ہر قسم کے حمایت مذہب میں مضامین تمام ملک میں بقیمت و بلاقیمت روزانہ یا کم سے کم ہفتہ وار پہنچاتے رہیں۔

حدیث کا ارشاد ہے کہ آخر زمانہ میں دین کا کام بھی درم و دینار سے چلے گا۔ اور کیوں نہ

Marfat.com

صادق ہو کہ صادق و مصدوق علیہ السلام کا کلام ہے (7)

سرسری دیکھ جایئے تو یہ صرف دس نکتے ہیں، دس باتیں ہیں لیکن اگر بغور دیکھئے تو ہر نکتہ جہاں معنیٰ کا چمنستان ہے۔ ایک ایک نکتے میں ملت کی حیات وتعمیر کے انمٹ نقوش پنہاں ہیں۔ ان نکتوں کو عملی شکل دیدیا گیا ہوتا تو مسلم معاشرہ آج ترقی و ارتقاء اور اعتبار و وقار کا حسین نمونہ ہوتا۔

سرسری ہم جہاں سے گذرے
ورنہ ہر جا جہانِ معنیٰ تھا

آج لوگ تعلیم سے شاکی ہیں، ملت کی کسمپرسی پر ماتم کناں ہیں، اقتصادی زبوں حالی پر گلہ کیش ہیں، فرد سے لے کر جماعت تک ہر دل میں اضطراب، ایک طرح کی گھٹن ہے۔ حضرت رضا بریلوی کا پیغام سب کے لئے پیغام بصیرت ومسرت ہے اور تمام دکھ درد کا مداوا آپ نے دینی تعلیم اور دینی تعلیم کی مضبوط و بسیط بنیادوں پر ملت کی تعمیر کو لازمی قرار دیا ہے، آج ہمارے یہاں مدارس کی کمی نہیں ہے ہر روز ایک مدرسہ معرض وجود اور ہر دن ایک ادارہ منصۂ شہود پر آ رہا ہے اگر ان مداس و ادارہ جات میں حضرت رضا بریلوی کے نکات کی روح شامل ہو جائے انہیں انہی ڈھنگ سے چلائے جائیں جو ڈھنگ و آہنگ آپ نے پیش فرمایا ہے، ان نکات کو عملی شکل دیدی جائے جو نکات آپ نے قوم وملت کے سامنے رکھے ہیں تو یقین جانئے تعلیمی معیار بھی ٹھوس اور نتیجہ خیز ہو جائے، دینی افکار کی بھی خوب سے خوب تر اشاعت ہونے لگے، اور ایک خوشحال، باوقار معاشرہ بھی صبح نو کی تازگی و درخشندگی کے ساتھ جلوہ ریز ہو جائے۔

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

## 2۔ شخصیت سازی

حضرت رضا بریلوی بڑے دور رس عالم دین اور بالغ نظر مفکر اسلام تھے وہ مستقبل کے پردہ میں جھانک کر آنے والے حالات کا صحیح پتہ لگا لیتے اور پھر حال کی منظم تعمیر میں جٹ جاتے۔ یعنی ان کی فاضلانہ نکتہ سنجی اور عارفانہ دور بینی ہی ہے کہ انہوں نے شخصیت سازی پر بھی خصوصی توجہ دی تا کہ مستقبل کا آئینہ بے غبار رہے اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت رضا بریلوی کے علم وفکر، تدبر و

Marfat.com

حکمت دانائی و پیشوائی کے آگے گردن فرازوں کی پیشانیاں توخم ہیں ہی، ان کے اصحاب عقیدت اور تلامذہ و خلفاء میں ایسی ایسی نادر الوجود ہستیاں ہیں کہ ان کے وفور علم، کثرت معلومات، وسعت خیال ونظر، ہمہ گیر فکر و بصیرت اور ملی جذبۂ سرخروئی کے سامنے اصحاب فکر ونظر کی روشن دماغی بجھی بجھی ارباب عقل کی پیشانی عرق عرق اور حاملین خرد کا زہرہ آب آب ہے۔

ان میں سے ہر ایک اپنی اپنی جگہ میر مجلس اور قافلہ سالار ہے اور ہر ایک کی تاریخ حیات زریں اور روشن خدمات سے منور و تابناک ہے انہوں نے اپنے روحانی فیوض و برکات سے برصغیر کی پوری فضا کو بہرہ ور اور مالا مال کیا۔ مذہب وملت کی پرزور حمایت اور اس کی محافظت کی، اس کے وقار و آبرو کے لئے سر دھڑ کی بازی لگادی، خصوصی دلچسپی اور نمایاں شعبۂ علم وعمل کے لحاظ سے ان حضرات کی مختصر فہرست یہ ہے۔

**علماء متبحرین :۔**

مولانا حامد رضا قادری م 1362ھ 1943ء مولانا وصی احمد سورتی م 1334ھ 1916ء شاہ ابوالبرکات قادری 1400ھ.................................................

**مفکرین و مدبرین :**

مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی م 1367ھ، مولانا سید محمد اشرفی کچھوچھوی 1383ھ پروفیسر سید سلمان اشرف بہاری 1352ھ.................................................

**فقہائے کاملین:**

مولانا امجد علی اعظمی م 1367ھ مولانا محمد شریف کوٹلوی م 1951ء، مولانا سراج احمد کانپوری م 1342ھ.................................................

**مرشدین عارفین**

مولانا دیدار علی الوری م 1354ھ مولانا عبدالسلام جبلپوری م 1372ھ مولا سید احمد اشرف کچھوچھوی م 1343ھ.................................................

**دعاۃ و مبلغین**

مولانا عبدالعلیم صدیقی میرٹھی م 1954ھ مولانا احمد مختار میرٹھی 1357ھ 1938ء، مولانا فتح علی قادری 1377ھ 1658.................................................

Marfat.com

## مصنفین و مولفین

مولانا ظفر الدین بہاری م 1382ھ 1962ء، مولانا عمر الدین ہزاروی م 1379ھ 1959ء، مولانا محمد شفیع بیسلپوری 1338ھ ............

## اصحاب درس وتدریس

مولانا رحیم بخش آروی م 1344ھ، مولانا رحم الٰہی منگلوری م 1363ھ مولانا غلام جان ہزاروی م 1379ھ ............

## ارباب تدبیر و سیاست

مولانا ابوالحسنات محمد احمد قادری 1380ء، مولانا یار محمد بندیالوی م 1367ھ، مفتی اعجاز ولی خاں رضوی م 1393ھ 1973ء ............

## خطباء و مناظرین:

مولانا ہدایت رسول رامپوری م 1915ء، مولانا حشمت علی لکھنوی م 1380ھ، مولانا محبوب علی لکھنوی م 1385ھ، 1968ء ............

## اصحاب شعر و ادب:

مولانا حسن رضا بریلوی ۱۳۲۶ھ مولانا سید ایوب علی رضوی ۱۳۹۰ھ 1970ء مولانا امام الدین قادری ۱۳۸۱ھ 1961ء

## اصحاب طب و حکمت:

مولانا عبدالاحد پیلی بھیتی م 1352ھ مولانا سید عبدالرشید عظیم آبادی م سہ، مولانا عزیز غوث بریلوی سہ ............

## اصحاب نشرو اشاعت:

مولانا محمد حبیب اللہ قادری م 1367ھ، 1948ء، مولانا ابراہیم رضا جیلانیؒ م 1385ء 1965ء، مولانا حسنین رضا خاں بریلوی 1401ھ ............

## ارباب ثروت معقتدین:

قاضی عبدالوحید عظیم آبادی م 1326 حاجی محمد لعل خاں مدراسی م 1921ء سید محمد حسین میرٹھی

(امام احمد رضا اور رد بدعات ومنکرات)

Marfat.com

ان شخصیات میں سے ہر ایک اپنی اپنی جگہ آفتاب و ماہتاب ہے اور ان سب کی روشن خدمات سے ملت کے پیشانی منور اور تاریخ کا سینہ مزین ہے، ان میں سے صرف چار شخصیتوں کا بہت ہی ایجاز واختصار کے ساتھ ہم یہاں ذکر کرتے ہیں۔

## 1۔ ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین بہاری

14 رمحرم الحرام 1303ھ کو آپ موضع رسول پور مجیرہ، ضلع پٹنہ عظیم آباد میں پیدا ہوئے والدین نے نام محمد ظفیر الدین رکھا تھا جب ان کی فاضل بریلوی سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے حرف علت کی یا نکال کر نام محمد ظفر الدین کر دیا اردو کے مستند محقق پروفیسر ڈاکٹر مختار الدین آرزو علی گڈھ، آپ ہی کے نامور فرزند ہیں۔ ابتدائی کتابیں اپنے والد سے پڑھیں جو فارسی کے دبیر تھے۔ مدرسہ غوثیہ حنفیہ میں مولانا معین الدین اشرف، مولانا بدر الدین اشرف اور مولانا معین الدین از ہر سے متوسطات تک کی تعلیم حاصل کی، مولانا وصی احمد محدث سورتی سے حدیث کی بعض کتب اور فاضل بریلوی سے انہوں نے بخاری کے علاوہ اقلیدس کے چھے مقالے تصریح، تشریح الافلاک، شرح چغمنی تمام کر کے علم توقیت و جفر و تکسیر حاصل کیا، تصوف کی کتابوں میں ان سے عوارف المعارف اور رسالہ قشیریہ کا درس لیا شعبان 1325ھ میں علماء کے ایک بڑے مجمع میں فاضل بریلوی کی درخواست پر حضرت مخدوم شاہ حیات احمد قدس سرہ سجادہ نشین خانقاہ ردولی شریف نے دستار فضیلت باندھی، اور مسند تدریس وافتاء مرحمت فرمائی حضرت ملک العلماء اپنی اس نسبت رضوی پر فخر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

> ''اور پھر ان تمام نعمتوں کے علاوہ سونے پر سہاگہ کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت شاہ احمد رضا خاں صاحب قادری...... نے بیعت و تلمذ وارشاد و خلافت کے شرف سے مشرف فرمایا، جو شریعت مطہرہ و طریقت منورہ کی عملی تصویر تھے'' (8)

مدرسہ منظر اسلام بریلی شریف آپ ہی کی کوششوں سے قائم ہوا۔ تکمیل و فراغت کے بعد انہوں نے مدرسہ منظر اسلام ہی سے اپنی زندگی کا آغاز کیا۔ 1913ء میں مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ قائم ہوا تو اس میں ان کا بحیثیت مدرس حدیث تقرر ہوا۔ 1921ء میں جب حکومت بہار نے مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ کو اپنے انتظام میں لے لیا تو آپ سینیئر مدرس بنائے گئے اور

Marfat.com

1948ء سے پرنسپل کے فرائض انجام دینے لگے۔ 9/اکتوبر 1950ء کو ایک طویل مدت علمی خدمت کے بعد پینشن پر ریٹائرڈ ہوئے (9)

آپ کے علمی کمالات کا بہار کیا برصغیر کا ہر صاحب علم آج بھی معترف ہے۔ علم ہیئت و ریاضی وغیرہ بہت سے علوم میں یکتائے روزگار تصور کیے جاتے تھے 1946ء میں کسی نے حروف ابجد سے متعلق ایک نہایت پیچیدہ سوال کیا۔ اس پر سائل کو مدیر دبدبۂ سکندری رامپور نے آپ کی طرف متوجہ ہونے کے لئے لکھا اور آپ کے متعلق لکھا۔

"اس وقت آپ کے ایسی علم ہیئت و حروف و اعداد کی ماہر دوسری ہستی کل ہند میں ہماری معلومات و نظر میں نہیں ہے۔ (دبدبۂ سکندری رام پور 3/جولائی 1946ء)(10)

حضرت رضا بریلوی آپ کی علمی و عملی خوبیوں کو سراہتے ہوئے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں۔

- ..........سنی خالص مخلص نہایت صحیح العقیدہ ہادی مہدی ہیں
- ..........عام درسیات میں بفضلہٖ تعالیٰ عاجز نہیں
- ..........مفتی ہیں۔
- ..........مصنف ہیں۔
- ..........واعظ ہیں۔
- ..........مناظرہ بعونہ تعالیٰ کر سکتے ہیں
- ..........علمائے زمانہ میں توقیت سے تنہا آگاہ ہیں (11)

آج جو مسجدوں میں اوقات صوم وصلوٰۃ کا چارٹ نظر آرہا ہے یہ حضرت ملک العلماء ہی کی برکات سے ایک عظیم برکت ہے، اس عنوان پر آپ نے "موذن الاوقات" کے نام سے ایک رسالہ ترتیب دیا ہے، بعد کے سب لوگوں نے اسی نادر رسالے سے استفادہ کیا ہے۔ آپ کا ایک مقالہ جسے آپ نے علامہ مشرقی کے باطل نظریات کی تردید میں لکھا تھا۔ ماہنامہ معارف اعظم گڈھ بابت جنوری فروری 1940ء نے شائع کر دیا ہے۔ اور جسے مفتی دیوبند مولانا محمد شفیع دیوبندی نے اپنی کتاب جواہر الفقہ جلد اول میں من وعن شامل کر لیا ہے یہ علم ہیئت پر آپ کا شاہکار کارنامہ ہے۔ ہوا یہ کہ کسی زمانے میں علامہ عنایت اللہ المشرقی جنہوں نے علم ہیئت و ریاضی کی کافی مہارت حاصل کر لی تھی (اور ان کی اس کامل مہارت پر بعض یونیورسٹیوں سے انہیں اعزازی ڈگریاں بھی ملی تھی) نے اپنے علمی زعم میں ایک فتنہ کھڑا کر دیا کہ ہندوستان کے بعض شہروں کی مساجد کے قبلے غلط

Marfat.com

ہیں اپنے اس دعویٰ کو ثابت کرنے کے لئے علم ہیئت وریاضی کا سہارا لے کر عوام وخواص کو مرعوب کرنا چاہا۔ علمانے المشرقی کے خلاف رسالے لکھے لیکن علامہ مشرقی کسی سے زیر نہ ہوئے تب حضرت امام احمد رضا کے لائق شاگرد علامہ ظفر الدین بہاری جنہیں اعلیٰ حضرت نے خاص طور سے علم ہیئت وریاضی میں تعلیم دی تھی۔ میدان میں آئے اور ایسا مدلل تحقیقی شاندار جواب لکھا کہ المشرقی کی ساری ریاضی اور ہیئت دھری کی دھری رہ گئی، ملک العلماء بہاری کے میدان میں آنے کے بعد المشرقی کو اس مسئلے پر دوبارہ قلم اٹھانے کی جرأت نہ ہوئی آپ نے المشرقی کا جارح قلم توڑ کر رکھ دیا،(12)

تصنیف وتالیف کے میدان میں آپ کو کامل عبور حاصل تھا۔ تقریباً ساٹھ برس تک یہ سلسلہ جاری رہا جن میں بیشتر کتابیں اردو میں ہیں۔ بقول ''مالک رام'' مولانا ظفر الدین قادری کی تصنیفات وتالیفات کی تعداد پچاس سے زائد ہے۔(13)

آپ کی شاہکار تصنیف اہم الاہم تالیف ''جامع الرضوی المعروف صحیح البہاری'' ہے، مشہور محقق مالک رام نذر مختار میں تحریر فرماتے ہیں۔

''اس کی ترتیب کا کام انہوں نے 1345ھ میں شروع کیا تھا صحیح البخاری اور صحاح ستہ کی دوسری کتابیں شافعی المہذب محدثین کی تصنیف ہونے کے سبب شافعی مذہب کی احادیث کو جامع و حاوی ہیں۔ مولانا ظفر الدین نے اسی طرح صحیح البہاری میں مسلک احناف کی موید ساری احادیث حسن ترتیب وتبویب کے ساتھ 24/جلدوں میں جمع کیا ہے، ان میں سے 19286/احادیث پر مشتمل چار جلدیں 1937ء میں شائع ہوئی تھیں لاہور میں ان کا اردو ترجمہ بھی ہوا ہے''(14)

شب دوشنبہ 19/جمادی الآخر 1382ء/18/نومبر 1962ء کو ذکر جہر اللہ کرتے جان جان آفریں کے سپرد کردی، امام احمد رضا فاضل بریلوی آپ کو فاضل بہار لکھتے تھے یہ کیسا اعجاز ہے کہ یہی لقب ''فاضل بہار'' آپ کی تاریخ رحلت ہے۔

## 2۔ صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی

صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی 1296ھ/1878ء میں قصبہ گھوسی محلہ کریم الدین ضلع اعظم گڈھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد اور جد امجد فن طب اور علم وفضل میں باکمال تھے ابتدائی کتب جد امجد سے پڑھیں اس کے علاوہ اور بھی چند اساتذہ سے آپ نے استفادہ کیا لیکن

Marfat.com

درحقیقت آپ کی تعلیم و تربیت کا حقیقی سلسلہ اس وقت سے شروع ہوتا ہے۔ جب آپ استاذ الاساتذہ مولانا ہدایت اللہ خاں رام پوری ثم جون پوری (م 1226ھ/1908ء) کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں (15)

علوم و فنون کی تکمیل کے بعد شیخ المحدثین مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہ (م 1334ھ) کی خدمت میں مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں حاضر ہوکر درس حدیث لیا اور 1325ھ میں سند حاصل کی، 1323ھ میں حکیم عبدالولی جھوائی ٹولہ لکھنؤ سے علم طب حاصل کیا 1324ھ سے 1337ھ تک محدث سورتی کے مدرسہ میں درس دیا، اس کے بعد ایک سال تک پٹنہ میں مدرسہ حنفیہ کے مدرس رہے، (16)

اس اثناء میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی کو مدرسہ منظر اسلام بریلی کے لئے ایک مدرس کی ضرورت پیش آئی۔ استاذ گرامی مولانا وصی احمد محدث سورتی کے ارشاد کی بنا پر مولانا امجد علی اعظمی، مطب چھوڑ کر بریلی شریف چلے گئے ابتدائی تدریس کا کام شروع کیا، بعدازاں مطبع اہلسنت کا انتظام، اور جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی کے شعبۂ علمیہ کی صدارت کے فرائض آپ کے سپرد کیے گئے، افتاء کی مصروفیات اس کے علاوہ تھی، اور جلد ہی خلافت سے نوازے گئے تقریباً 18 / برس شیخ کامل کے فیوض و برکات سے مستفید ہوئے اور کمال عروج کو پہنچے، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فتاویٰ کے سلسلے میں آپ پر حد درجہ اعتماد فرماتے تھے، ایک دفعہ ارشاد فرمایا۔

''آپ کے یہاں موجودین میں تفقہ جس کا نام ہے وہ مولوی امجد علی صاحب میں زیادہ پائیے گا۔ اس کی وجہ ہے کہ وہ استفتاء سنایا کرتے ہیں اور جو میں جواب دیتا ہوں لکھتے ہیں۔ طبیعت اخاذ ہے طرز سے واقفیت ہو چلی ہے'' (17)

بریلی شریف میں قیام کے دوران حضرت صدر الشریعہ کی مصروفیات حیرت انگیز حد تک بڑھی ہوئی تھیں، تدریس، پریس کی نگرانی، پروف ریڈنگ، پریس مینوں کو ہدایت، پارسلوں کی ترسیل اور فتویٰ نویسی وغیرہ تن تنہا انجام دیتے۔ فیض رضا نے دین کے لئے کام کرنے کی وہ اسپرٹ پیدا کردی تھی کہ تھکاوٹ یا اکتاہٹ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

بعض حضرات کہا کرتے تھے مولانا امجد علی صاحب کام کی مشین ہیں۔'' (18)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ کا فقید المثال ترجمۂ قرآن مجید مسمیٰ باسم تاریخی کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن 1330ھ 1911ء آپ ہی کی مساعی جمیلہ سے شروع ہوا اور پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ آپ نے ابتدائے شباب سے تدریس کا کام شروع کیا اور آخر حیات تک جاری

Marfat.com

رکھا اور ایسے نابغۂ روزگار حضرات تیار کئے جن پر علم و فضل کو بھی ناز ہے، دار العلوم حافظیہ سعیدیہ دادوں علی گڈھ میں فرائض تدریس کے دوران سالانہ جلسے میں امتحان کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے مولانا حبیب الرحمان شروانی نے آپ کے فضل و کمال کا اعتراف ان الفاظ میں کیا۔

"مولانا امجد علی صاحب پورے ملک میں چار پانچ مدرسین میں ایک ہیں جنہیں میں منتخب جانتا ہوں" (19)

مسلم یونیوسیٹی علی گڈھ کے شعبۂ دینیات کی تدوین نصاب کمیٹی کے آپ رکن رکین تھے، اس موضوع پر ایک رپورٹ تحریر کرتے ہوئے سید سلیمان ندوی نے آپ کے بارے میں لکھا ہے۔

"جدید ضرورتوں سے آگاہ، نصابہائے تعلیم اور درسگاہوں کے تجربہ کار عالم" (20)

اجمیر شریف کے قرب و جوار میں راجہ پرتھوری راج کی اولاد آباد تھی جو اگرچہ مسلمان ہو چکی تھی لیکن ان میں فرائض و واجبات سے غفلت اور مشرکانہ رسوم بکثرت پائی جاتی تھی حضرت صدر الشریعہ کے ایما پر آپ کے تلامذہ نے ان میں تبلیغ کا پروگرام بنایا۔ تبلیغی جلسوں کا خوشگوار اثر ہوا اور ان لوگوں میں مشرکانہ رسوم سے اجتناب اور دینی اقدار اپنانے کا جذبہ پیدا ہو گیا۔ (21)

"اجمیر کے زمانۂ قیام میں نو مسلم راجپوتوں میں مولانا امجد علی نے خوب تبلیغ کی اور اس کے بہت مفید نتائج بر آمد ہوئے" (22)

صدر الشریعہ مولانا امجد علی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے جملہ علوم و فنون میں مہارت تامہ عطا فرمائی تھی۔ لیکن تفسیر، حدیث، اور فقہ سے خصوصی لگاؤ تھا فقہی جزئیات نوک زبان پر رہتی تھیں اس لئے امام احمد رضا بریلوی نے آپ کو صدر الشریعہ کا لقب عطا فرمایا۔ (23)

(تذکرہ علمائے اہلسنت، مولانا محمود احمد قادری)

آپ نے متعدد علوم و فنون پر قلم اٹھایا اور نوادرات و تحقیقات کے چشمے جاری کئے تاہم آپ کی تصانیف میں شہرۂ آفاق تصنیف "بہار شریعت" ہے جسے بجا طور پر فقہ حنفی کا دائرۃ المعارف (انسائیکلو پیڈیا) کہا جا سکتا ہے۔ اس کے کل سترہ حصے بارہا طبع ہو کر قبولیت عامہ کی سند حاصل کر چکے ہیں۔ آپ تین حصہ اور لکھنا چاہتے تھے مگر حالات نے مہلت نہ دی۔ آپ کی خواہش کے مطابق آپ کے تین شاگردوں حضرت علامہ مولانا وقار الدین، حضرت علامہ مولانا سید ظہیر احمد زیدی اور آپ کے فرزند گرامی قدر علامہ عبد المصطفٰے ازہری نے پورا کر دیا ہے، اب یہ بیس

Marfat.com

حصے پر مشتمل شریعت اسلامیہ کی بہاروں کا بیش بہا خزانہ ہے۔

2/ذی قعدہ مطابق 6/ستمبر بروز دوشنبہ 1367ھ/ 1948ء رات کے گیارہ بجے عالم جاودانی کی طرف تشریف لے گئے۔ درج ذی آیت مبارکہ مادۂ تاریخ وصال ہے۔

ان المتقین فی جنت وعیون 1367ھ

## 3۔ مبلغ اسلام مولانا عبدالعلیم میرٹھی

حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی ابن حضرت محمد عبدالحکیم قدس سرہ 15/رمضان المبارک (1310/1892) کو میرٹھ، یو پی میں پیدا ہوئے آپ کے والد ماجد درویش صفت عالم دین اور بلند پایہ شاعر تھے۔ والد ماجد سے عربی، اردو فارسی کی ابتدائی کتب پڑھنے کے بعد میرٹھ کی مشہور دینی درسگاہ مدرسہ عربیہ، قومیہ، میں 16/سال کی عمر میں آپنے اول پوزیشن سے درس نظامی کی سند حاصل کی، آپ کو چوں کہ شروع ہی سے تبلیغ اسلام کا شوق تھا اس لئے علوم جدیدہ حاصل کرنے کے لئے اٹاوہ ہائی اسکول سے میٹرک پاس کیا۔ اور پھر ڈویزنل کالج میرٹھ میں داخلہ لیا 1917ء میں بی، اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا...... کالج کی تعلیم کے دوران آپ کو برما ایجوکیشنل کانفرنس کا صدر منتخب کیا گیا، اس کانفرنس میں آپنے جو خطبہ دیا برما اور سیلون سے نشر ہوا۔ برما کے اصحاب سے دینی نشریات واشاعت پر آپ کی جو گفتگو ہوئی وہ مستقبل کے تبلیغی مشن کے لئے مفید ثابت ہوئی۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور خلافت واجازت سے سرفراز ہو کر آپ ہی کے ارشاد سے اپنے نجی خرچہ پر تبلیغ اسلام کے لئے وقف ہو گئے جدید علوم پر مہارت کے ساتھ دنیا کی تقریباً دس زبانوں پر آپ کو کمال کی قدرت حاصل تھی۔

حضرت مولانا صدیقی کو اپنے شیخ سے کمال عقیدت تھی۔ حرمین طیبین کی زیارت سے واپسی کے بعد ایک طویل قصیدہ مدحیہ اعلیٰ حضرت کی شان میں پیش کیا، جب آپ وہ قصیدہ سنا چکے تو اعلیٰ حضرت نے اپنے قیمتی عمامہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا مولانا آپ کی خدمت میں کیا پیش کروں آپ اس دیار پاک سے تشریف لا رہے ہیں کہ یہ عمامہ تو آپ کے قدموں کے بھی لائق نہیں ہیں۔ البتہ میرے کپڑوں میں سب سے بیش قیمت ایک جبہ ہے وہ حاضر کئے دیتا ہوں (24)

حضرت مولانا صدیقی شعلہ بیان مقرر، بلند پایہ ادیب، اور عظیم مفکر اسلام تھے۔ آپ نے

Marfat.com

پوری قوت اور بے باکی سے دین فطرت کا پیغام پہونچایا جس کے نتیجے میں پچاس ہزار سے زاید غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوئے، 1951ء میں آپ نے پوری دنیا کا تبلیغی دورہ کیا جس میں قابل ذکر ممالک انگلستان، فرانس، اٹلی، برٹش گیانا، مڈغاسکر، ٹرینی ڈاڈ، امریکہ، کینڈا، فلپائن، سنگاپور، ملائشیاء، تھائی لینڈ، انڈونیشیا، انڈو چائنا، چین، جاپان، ماریشش، جنوبی و مشرقی افریقہ کے نو آبادیات، سعودی عرب، عراق، اردن، فلسطین، شام، اور مصر کے متعدد تبلیغی دورے کئے۔ تمام مذاہب کے لوگوں کو دعوت اسلام دی، اور ہر زبان میں اسلام کا لٹریچر شائع کیا آپ کی تبلیغی کوششوں سے بورینو کی شہزادی، اور ٹرین ڈاڈ کی خاتون وزیر، جنوبی افریقہ کے فرینسی گورنر مشرف بہ اسلام ہوئے۔

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح، مراکش کے غازی عبدالکریم، فلسطین کے مفتیٔ اعظم سید امین الحسینی، اخوان المسلمین کے سربراہ حسن البناء، سیلون کے آنریبل جسٹس ایم مروانی، کولمبو کے جسٹس ایم، ٹی، اکبر، سنگار کے ایس، این دت اور مشہور انگریز ڈرامہ نویس اور فلسفی جارج برناڈ شا، آپ کی علمی وروحانی شخصیت سے بیحد متاثر تھے،،

”17/اپریل 1935ء کو ممباسہ و جنوبی افریقہ میں جارج برناڈ شا سے آپ کی ملاقات ہوئی آپ ان کے سوالات کے جوابات سائنس اور فلسفہ کی روشنی میں اس طرح دیئے کہ برناڈ شا کو اسلام کی عظمت کا اعتراف کرنا پڑا، اس نے اقرار کیا کہ آئندہ سو سال بعد دنیا کا مذہب صرف اسلام ہوگا“۔ (25)

آپ نے اسلامی تعلیمات عام کرنے کے لئے ہر پہلو پر توجہ دی، متعدد مساجد تعمیر کرائیں ۔جن میں سے حنفی جامع مسجد کولمبو، سلطان مسجد سنگاپور، اور مسجد ناگریا جاپان زیادہ مشہور ہیں۔ اس کے علاوہ عربی یونیوسٹی ملایا۔ پاکستان نیوز، مسلم ڈائجسٹ نٹرینی ڈاڈ، وغیرھم کی بنیاد آپ نے ڈالی۔ 1949ء میں سنگاپور میں تنظیم بین المذاہب کے نام سے ایک ادارہ کی بنیاد ڈالی اور تمام دنیا کے عیسائی یہودی، بدھ مت، اور سکھ مذاہب کے پیشواؤں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے لادینیت کا قلع قمع کرنے کی اپیل کی۔ تمام مذاہب کے راہنماؤں کی اس مشترکہ کانفرنس میں آپ کو ”ہزاکزٹیڈ ا نینس“ کا خطاب دیا گیا نیز مصر میں تنظیم بین الاسلامیہ کے نام سے مختلف مکاتب فکر کی ایک تنظیم قائم کی 1946ء میں رابطہ اسلامیہ ہند کے رئیس، اور ملایا مشرقی افریقہ اور جزائے شرقیہ کے مندوب کی حیثیت سے سعودی عرب تشریف لے گئے، اور سعودی عرب کی

Marfat.com

طرف سے حجاج پر عائد کردہ ٹیکسوں کے خاتمہ، اور حجاج کی سہولتوں کے لئے دنیا بھر سے آئے ہوئے اجلہ علماء حکومت سعودیہ کے عمائدین، اور عبدالعزیز ابن سعود سے مذاکرات کئے۔ حضرت صدیقی علیہ الرحمہ نے تالیف وتصنیف پر بھی خاصی توجہ دی اور قابل فخر تصانیف کا ذخیرہ چھوڑا لیکن افسوس ان میں سے بہت سی زیور طبع سے آراستہ نہ ہوسکیں، جو چھپیں وہ یہ ہیں۔

(1) ذکر حبیب، دو حصے،

(2) کتاب تصوف۔

(3) بہار شباب

(4) مسائل انسان کامل

(5) اسلام میں عورت کے حقوق

(6) مکالمہ جارج برناڈ شا۔

(7) مرزائی حقیقت کا اظہار............(26)

حضرت صدیقی علیہ الرحمہ کو عشق رسول ﷺ اپنے مرشد کامل سے ورثہ میں ملا تھا۔ اعلیٰحضرت امام احمد رضا نے ایسے فیوض و برکات سے نوازا کہ علم وعمل میں بے نظیر ہو گئے۔ یہ اسی عشق صادق کا کرشمہ تھا کی اپنی زندگی دین حق کی سربلندی میں بسر کر کے 23/ذی الحجہ 1374ھ 1954ء کو مدینہ منورہ میں محبوب حقیقی سے جا ملے۔ آپ کو جنت البقیع میں حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قدموں میں جگہ ملی (27)

## 4۔ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف صاحب بہاری

مولانا سید سلیمان اشرف صاحب سابق صدر شعبۂ علوم اسلامیہ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ 1295ھ 1878ء میں محلہ میرداد بہار پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ والد ذیشان کا نام عبداللہ تھا جو جامع شریعت وطریقت بزرگ تھے۔ ابتدائی درسی کتابیں سید محمد احسن تھانوی اور دارالعلوم ندوہ میں پڑھیں، بعدازاں علوم اسلامیہ کی منتہی کتب خاتم الحکماء مولانا ہدایت اللہ جونپوری سے پڑھی۔ سید صاحب کو اپنے استاذ مولانا جونپوری سے عقیدت ہی نہیں بلکہ عشق تھا مولانا ہدایت اللہ کی عظیم شخصیت کے علاوہ مولانا سلیمان اشرف جس دوسری عظیم شخصیت سے متاثر ہوئے وہ اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں کی ذات گرامی تھی۔ آپ کو امام اہلسنت سے اجازت وخلافت بھی حاصل تھی۔

Marfat.com

مولانا سید سلیمان اشرف کے ایک عزیز شاگرد ڈاکٹر سید عابد علی تحریر فرماتے ہیں۔

''استاد محترم سید سلیمان اشرف پر حضرت بریلوی کا اتنا اثر تھا کہ میں نے مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ کی شخصیت کا اندازہ دراصل استاد محترم ہی کی شخصیت سے لگایا۔ وہ اکثر مولانا بریلوی کا ذکر چھیڑ دیتے اور یوں محسوس ہوتا کہ اکثر انہیں کے تصور میں مگن رہتے حتیٰ کہ استاذ محترم کی طبیعت ان کے رنگ میں رنگ گئی تھی وہ اپنے معتقدات اور ایمانیات میں منطقی استدلال اور علوم عقلیہ میں خوش کلامی، اور قوت بیان میں حضرت مولانا کے انداز اور کیفیات کو اپنا چکے تھے...... اسی طرح عشق رسول ﷺ کے معاملہ میں طبیعت کا ایک والہانہ انداز بھی سید صاحب میں حضرت فاضل بریلوی کی طرف سے آیا تھا''۔ (مقالات یوم رضا، حصہ سوم ص109)(28)

مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی فرماتے ہیں۔

''نواب وقار الملک کے زمانہ میں علی گڈھ کالج میں پروفیسر دینیات کا عہدہ قائم ہوا تو سید سلیمان اشرف صاحب کا تقرر بطور پروفیسر دینیات عمل میں آیا، درس قرآن وتفسیر کی جماعت قائم ہوئی۔ تدریس میں شامل طلباء کا امتحان لینے کے لئے مولانا ولایت حسین صاحب (م 1340ھ) الٰہ آبادی مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی، اور مولانا عبدالحق صاحب حقانی (م 1335ھ) جیسے علماء کو دعوت نامے بھیجے گئے۔ (مقالات شروانی ص80)(29)

1925-26ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے شعبۂ دینیات کے لئے میٹرک کی سطح سے لے کر ایم، اے، تک دینیات کا نصاب تیار کرنے کے لئے ماہرین درس وتدریس کی ایک کمیٹی قائم کی گئی اس میں آپ بھی مولانا مناظر احسن گیلانی اور مولانا امجد علی اعظمی صاحب بہار شریعت جیسے ماہرین کے ساتھ شامل تھے، اس کمیٹی نے متواتر سات اجلاس کر کے یونیورسٹی کے لئے جامع نصاب تیار کیا(30)

قدرت ایزدی نے آپ کو بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا، خطابت میں بلا کا زور تھا، جس وقت آپ گفتگو فرماتے تو دریا کی روانی کا نقشہ سامنے آجاتا، خواجہ حسن نظامی نے 1923ء کی درویش جنتری میں آپ کا سوانحی خاکہ بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

''گورا رنگ، مضبوط جسم، گنجان داڑھی، تیز و چمکدار آنکھیں، عمر پچاس کے

Marfat.com

قریب، بہار میں مکان ہے۔ علی گڈھ کالج میں دینیات کے پروفیسر ہیں۔ صوفیانہ مشرب رکھتے ہیں۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ تقریر ایسی تیز اور مسلسل کرتے ہیں جیسے ای، آئی، آر کی ڈاک گاڑی، دوران تقریر میں صرف درود پڑھنے کے لئے تھوڑی تھوڑی دیر میں وقفہ ہوتا ہے۔ ورنہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمالہ کی چوٹی سے گنگا کی دھار نکلی ہے جو ہر دوار تک کہیں رکنے اور ٹھہرنے کا نام نہیں لے گی۔ بیان کی ایسی روانی آج کل ہندوستان کے کسی عالم میں نہیں ہے۔ تقریر میں محض الفاظ نہیں ہوتے بلکہ فقرے میں دلیل اور علمیت کا اندازہ ہوتا ہے"۔ کتابی دنیا، کراچی جنوری، فروری 1967ء (31)

جرأت و بیباکی مولانا کی طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ اپنی رائے کا اظہار بے دھڑک کر دیتے تھے۔ کسی کے علم و فضل یا وجاہت و اقتدار سے مرعوب ہونا تو آپ نے سیکھا ہی نہیں تھا۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی لکھتے ہیں۔

"مرحوم میں اپنے استاد ہی کا جبروت وطنطنہ تھا، ان کی شفقت میں بھی جبروت کار فرما تھا، میں نے مرحوم کو جھجک کر یا گول مول باتیں کرتے کبھی نہ پایا" (32)

اس وقت علمائے سوسیاسی بازیگروں کے ہاتھوں کا کھلونا بن گئے تھے نتیجہ یہ تھا کہ مذہبی اصول میں بھی سیاسی مصلحت کے پیش نظر علماء کو استعمال فرماتے تھے۔ ایسے وقت میں قوم وملت کے لئے مولانا جیسے رہنما کی موجودگی فضلِ الٰہی تھی۔ اس دور کے حالات خود تحریر فرماتے ہیں۔

"دیکھو! علماء کس طرح لیڈروں کا کھلونا بنے ہوئے ہیں۔ اور لیڈروں نے مذہبی اصول اور فقہی مسائل کو کیسا گھروندا بنا رکھا ہے، میں جھگڑا مول لینا نہیں چاہتا، اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ کالج اس قسم کے مناقشوں کا مرکز بنے، لیکن کیا کروں خدا کو تو بعد میں منھ دکھانے کا موقع ملے گا، اس دنیا کے پڑھے لکھے لوگ کیا کہیں گے؟ (33)

21/1920ء میں جب عدم تعاون کا طوفان اٹھا تو مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمود الحسن دیوبندی اور مولانا محمد علی جوہر نے اپنی تمام تر قوت علی گڈھ کالج کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کے لئے وقف کر دیں تو مولانا حبیب الرحمان خان شروانی، ڈاکٹر سر ضیاء الدین اور مولانا سلیمان اشرف صاحب ہی کی مساعی اور کوشش سے مسلمانان ہند کا یہ عظیم ادارہ شکست وریخت سے محفوظ رہا۔

عدم تحریک کے زمانہ ہی میں سید صاحب نے ایک کتاب "النور" تصنیف فرمائی جس میں دو

Marfat.com

قومی نظریئے پر کھل کر بحث کی، اور ان غیر شرعی اقوال کا جو مولانا عبدالباری فرنگی محلی مولانا شوکت علی اور مولانا ابوالکلام آزاد کی زبان سے نکلے تھے۔ رد بلیغ فرمایا۔ اور آیات واحادیث سے ثابت کر دیا کہ کفر "ملت واحدہ" ہے اسلام کے مقابلہ میں دیگر تمام مذاہب مثلاً عیسائیت، یہودیت، اور ہندو دھرم یک جاں و یک آواز ہیں۔ اس کتاب نے آگے چل کر دارالعلوم علی گڈھ کے طلباء پر بڑا گہرا اثر ڈالا، اور دو قومی نظریہ کو عام کرنے میں یہ کتاب بہت ممد و معاون ثابت ہوئی۔

مولانا سید سلیمان اشرف صاحب تصنیف و تالیف بزرگ تھے درجن کے قریب کتابیں آپ کے قلم سے نکلیں، جس میں "المبین" عربی زبان پر ایک نادر کتاب ہے۔ مولانا نے ایک نسخہ ڈاکٹر اقبال کو بھی بھجوایا تھا، اتفاقاً کچھ روز بعد اقبال علی گڈھ گئے تو دوران ملاقات اس کتاب کی بڑی تعریف کی اور فرمایا.......... "مولانا آپ نے عربی زبان کے بعض ایسے پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ جن کی طرف پہلے کبھی میرا ذہن منتقل نہیں ہوا تھا"۔ (34)

المبین کو 1930ء میں ہندوستان اکیڈمی الہ آباد کی طرف سے بہترین تصنیف ہونے پر پانچ سو روپیہ انعام بھی ملا تھا۔

شاگردوں کے لحاظ سے آپ بڑے خوش قسمت تھے۔ آپ کے درجنوں شاگرد علمی دنیا میں آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے، جن میں یہ دو نام کافی ممتاز ہیں۔

1.......... ● ڈاکٹر ذاکر حسین سابق صدر جمہوریہ ہند

2.......... ● پروفیسر رشید احمد صدیقی، سابق صدر شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

آپ کا وصال 5 ربیع الاول 1385ھ / 25 اپریل 1993ء کو ہوا علی گڈھ کے قبرستان (احاطۂ یونیورسٹی میں) دفن کئے گئے۔

## 5۔ مفتیٔ اعظم ہند مولانا مصطفےٰ رضا خاں قادری

آپ حضرت رضا بریلوی کے فرزند اصغر ہیں، مفتیٔ اعظم ہند کے مفتخر لقب سے عالم اسلام میں متعارف و مشہور ہیں، آپ حضرت رضا بریلوی کی دینی امنگوں کی چمکتی تصویر، اور ان کے دیرینہ خوابوں کی تعبیر ہیں، آپ کی ولادت سے پہلے حضرت رضا بریلوی نے یہ دعاء مانگی تھی، یا اللہ مجھے ایک ایسا ولد صالح عطا فرما جو تادیر تیرے دین کی خدمت کا فریضہ انجام دے، خلوص دل

Marfat.com

سے نکلی ہوئی دعاء تھی اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا، 22/ذی الحجہ 1310ء کو آپ رونق افزائے عالم ہوئے، آپ کی تعلیم و تربیت میں والد گرامی حضرت رضا بریلوی اور برادر اکبر مولانا حامد رضا نے خصوصی توجہ فرمائی، زیرکی و فیروزمندی کے آثار تو جبین اقدس سے جھلک ہی رہے تھے ان خصوصی توجہات نے نیز دُرخشاں بنا دیا۔ کم عمری ہی میں علوم اسلامیہ متداولہ کی تحصیل سے فارغ ہو گئے، تیس فنون میں وہ مہارت و درک حاصل کیا کہ معاصرین دنگ رہ گئے برصغیر کی دینی فضا میں علم و فضل کا ڈنکا بجنے لگا، علمی استحضار، جودت طبع، اور ندرت فکر کا یہ عالم کہ اکابر حیران رہ جائیں، ایک بار دارالافتاء تشریف لے گئے، دیکھا کہ ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین کتابوں کی ورق گردانی فرما رہے ہیں، آپ نے استفسار فرمایا حضرت کیا کر رہے ہیں۔ حضرت ملک العلماء نے جواب دیا ایک مسئلہ کی تحقیق کے لئے کتابوں کی تنقیح کر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا کیا کتاب دیکھ کر جواب لکھتے ہیں۔ ملک العلماء نے فرمایا۔ اگر آپ بغیر کتاب دیکھے لکھدیں تو جانوں، آپ نے سوال دیکھا اور برجستہ جواب لکھدیا، جب وہ جواب تصدیق کے لئے حضرت رضا بریلوی کے پاس گیا، تو آپ نے مسرت کا اظہار فرمایا اور فتویٰ لکھنے کی اجازت دیدی...... حضرت رضا بریلوی کا دارالافتاء مرکزی عالمی دارالافتا تھا، پوری دنیا سے سوالات آتے تھے، جو مسئلہ اور کہیں حل نہیں ہوتا تھا وہ یہاں ہوتا تھا، اور کہیں اگر علمی تشفی نہیں ہوتی تو لوگ یہاں کا رخ کرتے، یہاں لاینحل مسائل کی ایسی عقدہ کشائی ہوتی کہ لوگ محسوس کرتے کہ علم و تحقیق کے مچلتے دریا کو ہم نے اب پایا ہے۔ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف صاحب نے حضرت رضا بریلوی کے عرس چہلم میں تقریر کرتے ہوئے برجستہ فرمایا تھا۔

”یارو! مجھے بریلی آتے جاتے بہت دیکھا ہے مگر اب نہ دیکھو گے، میں علی گڈھ کالج میں ہوں جہاں عربی کا بہت بڑا کتب خانہ موجود ہے، اگر ہم کسی تحقیق کے درپے ہوں تو بکثرت کتابیں دیکھ سکتے ہیں اور دیکھتے بھی ہیں، مگر ہمیں پوی تسکین جبھی ہوتی تھی جب کہ اس بندۂ خدا (قبر انور کی طرف اشارہ کر کے) کی زبان سے سن لیتے تھے، تو اب بتاؤ ہم کیوں آنے لگے“ (سیرت اعلیٰحضرت مع کرامات، ص 131)

جہاں ایسے ایسے دانشوروں کی فکری الجھنیں دور ہو رہی ہوں وہ ذات کیسی مجموعہ کمالات ذات ہوگی، اور وہ دارلافتاء کیسا آفاقی دارلافتاء ہوگا، حضرت رضا بریلوی ایسے ذمہ دار دارالافتاء کا مفتی ایک ایسے نوجوان کو بنا رہے ہیں جو ابھی زمانہ کے سرد و گرم حالات سے گذرے نہیں ہیں، مگر حضرت رضا بریلوی نے حضور مفتیٔ اعظم ہند کو فتویٰ لکھنے کی اجازت دے کر اشاروں کنایوں میں

Marfat.com

سمجھا دیا کہ ان کے عنفوان پر بہت سوں کو بزرگی قربان ہے۔ حضور حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں کے بعد حضور مفتی اعظم کی یہ سب سے بڑی ذمہ داری تھی کہ اعلیٰ حضرت کے حسب طلب کتابیں الماری سے نکالیں اور سند پیش کریں، انہیں اس سلسلے میں اعلیحضرت کے آخر حیات تک حضوری کا شرف حاصل رہا، اسی خدمت کی برکت نے انہیں مفتی اعظم بنا دیا۔ فیض رضا نے ان کی سیرت و حیات کے دامن کو گل و لالہ کا آماجگاہ بنا دیا تھا۔ حضرت رضا بریلوی کی وفات کے بعد آپ ہی کی ذات مرجع خواص و عوام اور مرکز عالم اسلام تھی...... دارالافتاء کا مکمل نظام، قضایا کے فیصلے، علماء کی دلجوئی، وقت کے سلگتے مسائل کا حل، فلاح عوام کے لئے تعویذ نویسی کا عمل، پھر نجی زندگی کے معمولات، جلسے، جلوس، اور کانفرنس کی شرکت، ذمہ داریوں کا ازدحام تھا اور تنہا مفتی اعظم کی ذات، مصروفیتوں کی ان جکڑ بندیوں کے باوصف شان تحقیق سے مزین تقریباً تیس ایسی کتابوں کی تصنیف فرمائی جس کی سطر سطر سے علوم و معارف کے دریا جاری ہیں، ہم بطور مثال یہاں صرف ایک کتاب کا ذکر معمولی تبصرے کے ساتھ ضروری سمجھتے ہیں، تاکہ ان کی علمی گہرائی، فکری وسعت کا بھی اندازہ ہو جائے، اور یہ کہ وقت کی دکھتی رگ پر کس طرح وہ بروقت انگلی رکھنے کا تجربہ رکھتے تھے اس کا بھی پتہ چل جائے۔ وہ کتاب ہے" وقایہ اہل السنۃ "1332ھ میں جب اعلیٰ حضرت کا ایک فتویٰ جاری ہوا تو اس کے مضمرات سے علمائے بدایوں و رامپور نے اختلاف کیا، اعلیٰ حضرت کا موقف یہ تھا کہ اذان خطبہ خارج مسجد منبر کے سامنے دی جائے، اور مخالفین کا کہنا تھا کہ یہ اذان مسجد کے اندر منبر کے سامنے دی جائے۔ اعلیٰ حضرت نے جن احادیث سے استدلال فرمایا تھا اس میں سنن ابو داؤد کی وہ حدیث بھی ہے جو حضرت ثابت بن یزید سے مروی ہے، اور جس میں اس بات کی صراحت ہے کہ اذان خطبہ عہد رسالت سے لے کر صحابہ تک مسجد کے باہر دروازے پر دی جاتی تھی، جس سے ثابت ہوتا تھا کہ اذان خطبہ کا خارج مسجد ہونا حضور نبی اکرم ﷺ کی بھی سنت ہے اور خلفائے راشدین کی بھی، مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے اس حدیث کو بے اثر کرنے کے لئے یہ شوشہ چھوڑ دیا کہ یہ حدیث ضعیف ہے، وجہ یہ کہ اس حدیث میں محمد بن اسحاق نام کے ایک راوی ہیں جو ائمہ جرح و تعدیل کے نزدیک یا تو کذاب ہیں یا متہم بالکذب ...... ایک جلیل القدر تابعی کی ذات پر مولانا تھانوی صاحب کا یہ جارحانہ حملہ حضور مفتی اعظم کی غیرت دینی برداشت نہ کر سکی انہوں نے قلم اٹھایا اور اس استدلال کی غیر معقولیت کی قلعی کھول کے رکھ دی، "وقایہ اھل السنہ کے نام سے آپ نے جواب لکھا، اس

Marfat.com

ہنر مندی سے دفاعی مورچہ سنبھالا کہ معرکہ کا پورا نقشہ بدل دیا، اور فن حدیث میں دقت نظری وسعت فکری کا وہ مظاہرہ کیا کہ گویا لبوں پر سکوت مسلسل کا پہرہ بیٹھ گیا، آپ تحریر فرماتے ہیں۔

''حنفیوں کے امام مذہب تین ہیں امام اعظم ابوحنیفہ، اور ان کے دو مصاحب امام ابویوسف، اور امام محمد رضی اللہ عنہم، یہ محمد بن اسحق جن پر تھانوی صاحب نے کذاب ہونے کی تہمت باندھی ہے یہ امام اعظم کے استاد بھائی، اور امام ابویوسف کے استاذ اور امام محمد کے استاذ الاستاذ ہیں، یونہی امام اعظم کے تلمیذ رشید اور محدثین و فقہاء کے متفق علیہ امام حضرت عبداللہ ابن مبارک نے بھی ان کی شاگردی کی ہے...... تھانوی صاحب کی یہ عنایت فقط ائمہ احناف ہی پر نہیں ہے، بلکہ انہوں نے صحاح ستہ کو بھی نہیں بخشا ہے، کیونکہ محمد بن اسحاق کی روایت کردہ حدیثیں صحاح ستہ کی ساری کتابوں میں موجود ہیں، صحیح بخاری میں تعلیقاً ہے اور صحیح مسلم و سنن اربعہ میں مسنداً ہیں۔ امام ترمذی نے ابن اسحاق کی حدیثوں کو صحیح کہا ہے، اور ابوداؤد نے ان کی روایت کردہ حدیثوں پر سکوت فرمایا ہے، خود یہ حدیث کہ زمانۂ اقدس میں اذان جمعہ دروازۂ مسجد پر ہوتی تھی اسے بھی ابوداؤد نے روایت کر کے سکوت فرمایا ہے، اور اسی کتاب میں ان کی یہ عادت بھی منقول ہے کہ وہ انہی حدیثوں پر سکوت فرماتے ہیں جو ان کے نزدیک صحیح یا حسن ہوتی ہیں، علاوہ ازیں اکابر ائمہ حدیث جیسے امام عبدالعظیم منذری امام ابوعمرو، ابن الصلاح، امام اجل ابوزکریا نووی۔ امام جلال الدین زیلعی، امام علاء الدین ترکمانی، امام ابن ہمام امام ابن امیر الحاج، اور علامہ ابراہیم حلبی نے بھی ان کی اس عادت کے بارے میں اسی طرح کی تصریحات فرمائی ہیں'' (تجلیات مفتی اعظم ہند، ص 27)

یہاں تک تو محمد بن اسحاق کے خلاف تھانوی صاحب کے طعن کا الزامی جواب تھا اب تحقیقی جواب ملاحظہ کیجئے، حضور مفتی اعظم طعن کی علمی اور فنی حیثیت پر بحث کرتے ہوئے ارشا فرماتے ہیں۔

''تھانوی صاحب نے جتنے طعن محمد بن اسحاق پر نقل کئے ہیں یا تو وہ سرے سے طعن ہی نہیں ہیں، یا قائل کی طرف ان کی نسبت غلط ہے، یا قائل نے اس سے رجوع کر لیا ہے، یا وہ طعن مبہم غیر مفسر ہے۔ مطاعن ابن اسحاق میں جتنے اوراق انہوں نے سیاہ کئے ہیں وہ ان چار وجوہ سے خالی نہیں ہیں، پہلی تین قسمیں تو کسی بھی عاقل کے

Marfat.com

نزدیک طعن ہی نہیں ہیں۔اب رہ گئی چوتھی قسم تو تمام احناف کا اجماع اور جمہور اکابر ائمہ محدثین کا اتفاق ہے کہ چوتھی قسم بھی زنہار مقبول و مسموع نہیں ہے، خصوصیت کے ساتھ محمد بن اسحاق جیسے مشہور محدث کے حق میں جن کو جماہیر ائمہ حدیث و جملہ ائمہ حنفیہ نے مقبول و مستند اور ثقہ و معتمد مانا ہے"(ایضاص30)

اور کمال یہ ہے کہ جن کتابوں کو تھانوی صاحب نے اپنے ثبوت میں بطور دلیل پیش کیا ہے۔(میزان الاعتدلال، تہذیب التہذیب، الترغیب والترھیب، جواہر النقی) انہی کتابوں سے امام ابن اسحاق کا عادل و صادق ہونا ایسا روشن کردیا ہے کہ اتہام پلٹ کر متہم صاحب کے زیب گلو ہوکر رہ گیا ہے۔ یہاں پہنچ کر لگتا ہے جیسے تحریر آواز دے رہی ہو، ع لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا" مایہ ناز ادیب ونقاد حضرت علامہ ارشد القادری تحریر فرماتے ہیں۔

"حضور مفتی اعظم کو اب تک ہم اپنے وقت کے ایک فقیہ اعظم اور مجتہدانہ بصیرت رکھنے والے ایک فقید المثال اور وحید العصر امیر کشور افتاء کی حیثیت سے جانتے تھے لیکن وقایہ اھل السنہ کے مطالعہ کے بعد میرے ساتھ ہر انصاف پسند کو یہ اعتراف کرنا پڑے گا کہ وہ صرف مفتی اعظم نہیں تھے بلکہ اپنے دور میں فن حدیث کے امام اعظم بھی تھے"(ایضا ص58)

وہ علم میں جتنے بلند تھے عمل و تقویٰ میں اس سے کہیں بڑھ چڑھ کر تھے، اگر وہ علم میں دریائے ذخار تھے تو عمل میں بحر ناپیدا کنار، سفر ہو یا حضر، فرصت ہو یا مصروفیت کیا مجال کہ ان کے معمولات یومیہ و شبانہ میں کوئی فرق، کوئی لچک یا کوئی نزاکت آ جائے۔ وہ جیسے گھر میں تھے ویسے ہی باہر، ان کی جلوت خلوت کی آئنہ دار تھی، تو خلوت جلوت کی رازدار، ان کی صبح و شام کے جلو سے جلوہ دکھانے والے ہر کام پر احتیاط کی دبیز چادر تنی ہوئی تھی، مفتی محمد میاں ثمر دہلوی کے حوالے سے مولانا یاسین اختر مصباحی تحریر فرماتے ہیں۔

"مسجد فتحپوری دہلی میں ایک بار حضرت محدث اعظم سید محمد کچھوچھوی تشریف لائے، مسجد کے حجرے میں قیام کیا، کچھ دیر بعد چائے پیش کی گئی، یہ چائے کسی غیر مسلم کے ہاتھ کی بنی ہوئی تھی، حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کیا حضور! بریلی کے مفتیٔ اعظم تو غیر مسلم کے ہاتھ کی بنی ہوئی چائے نوش نہیں فرماتے ہیں، چائے کی پیالی آپ کے سامنے رکھی تھی آپ نے جواب دیتے ہوئے فرمایا، مفتیٔ

Marfat.com

اعظم غیر مسلم کے ہاتھ کی بنی ہوئی چائے نہیں پیتے۔ یہ ان کا تقویٰ ہے اور پھر چائے کی پیالی ہونٹ تک لے جاتے ہوئے ارشاد فرمایا یہ ان کا فتویٰ ہے'' اس کے بعد اطمینان سے چائے پینے لگے''

''حضرت مولانا محمد عباس صاحب اشرفی بیان کرتے ہیں کہ 1956ء میں ناچیز احمد آباد میں مدرس تھا اس وقت کی بات ہے کہ ایک سفر میں حضور مفتیِ اعظم احمد آباد کے اپنے ایک عقیدتمند کے یہاں دعوت طعام میں تشریف لے گئے، صاحب خانہ کے دروازہ تک پہنچ کر آپ کے قدم رک گئے، صاحب خانہ حیرت میں پڑ گئے کہ آخر بات کیا ہے اور آپ کے قریب پہنچ کر اندر تشریف لے چلنے کی درخواست کی، حضور مفتیِ اعظم نے فرمایا میں کیسے جاؤں تمہارا گھر تو صنم خانہ بنا ہوا ہے، یہ سنتے ہی وہ تیزی کے ساتھ گھر کے اندر گئے اور دیوار وغیرہ پر لگی ساری تصاویر ہٹائی تب کہیں جا کر حضور مفتیِ اعظم گھر کے اندر داخل ہوئے (ایضاً ص 65)''

یوں تو ان کی طویل زندگی عجائبات کا نگار خانہ ہے، ایک سے بڑھ کر ایک کارنامہ قدم قدم پر دامن دل کھینچتا ہے، مگر ایک کارنامہ تو انہوں نے ایسا انجام دیا ہے جس کی مقناطیسیت ہمیشہ اپنی طرف متوجہ کرتی رہے گی۔

تقسیم ہند سے قبل شدھی تحریک نے جس طرح شر و فساد پھیلائے اور مسلمانوں پر جس جس انداز میں مظالم ڈھائے گئے وہ کسی سے مخفی نہیں۔ زبردستی مسلمانوں کو شدھی کیا جاتا، اور روپیوں کی لالچ دے کر ان کے دلوں میں اسلام کے خلاف نفرت پیدا کی جاتی طمع پرست انسان ان کے دام فریب میں آ کر اپنے مذہب کا سودا کر ڈالتے۔ یہ سلسلہ اس قدر بڑھا کہ شہر شہر، دیہات دیہات اس کی وبا عام ہوگئی اور نوبت بانیجا رسید کہ ہندو بانگ دہل یہ اعلان کرنے لگے کہ'' چار کروڑ مسلمانوں کو شاستر اور شستر (تلوار) کے ذریعہ شدھ کیا جائے گا) روزنامہ الجمعیۃ، 21 رمئی 54ء) ساتھ ہی وہ ایسے نعرے بھی لگاتے جسے سن کر مسلمان کا خون کھول جاتا، انہوں نے اپنی تقریروں میں مسلمانوں کو کھٹمل، زمزم کو کیچڑ، وضو کو ڈھکوسلا، رکوع کو اچک بلی، اور سجدہ کو مرغا، بنا کر مسلمانوں کی دل آزاری کی (ایضاً)۔ الغرض ایک منظم سازش کے تحت مسلمانوں کو ہندو بنایا جارہا تھا، قتل و خونریزی کا بازار گرم تھا، یہ قتل عام اس لئے تھا کہ نہ رہے بانس نہ رہے بانسری اس مقصد میں ہندو اپنی فریبی سیاست کے پیش نظر کامیاب بھی رہے............ مگر وہ ذات مفتیِ اعظم کی تھی کہ بلند عزائم و

Marfat.com

حوصلے کے ساتھ جان کی بازی لگا کر میدان میں نکل کر میلوں بھوکے، پیاسے پیدل چل کر تبلیغ دین کی، مشرکین کے دام تزویر سے مسلمانوں کو گمراہی سے بچایا، اور جو مسلمان دھوکہ میں آ کر مرتد ہو گئے تھے انہیں ارتداد سے نکال کر توبہ کرائی اور دامن اسلام سے دوبارہ وابستہ کیا، اس طرح لاکھوں مسلمانوں کو آخرت کی تباہی سے آپ نے بچایا (استقامت، مفتی اعظم نمبر 1990۔ ص 194)۔ 1976-1977ء کا وہ دور جسے ایمر جنسی کا دور کہا جاتا ہے، قانون کی بالادستی اور حکومتی جبر وظلم کا دور، اسی دور سراپا جور میں جب نس بندی کی وبا پھیلی تو خاندان کا خاندان اور گھر کا گھر اس کی لپیٹ میں آ گیا، جب حکومتی قانون کا سہارا لے کر نسبندی کے نام پر لاکھوں انسانوں کے سلسلہ توالد وتناسل کو منقطع کر دیا گیا، پولس مدد کر رہی ہے، حکومتی کارندے شہر شہر گاؤں گاؤں، محلہ محلہ اور گھر گھر دستک دیرہے ہیں، آپ کے کتنے بچے ہیں؟ اگر دو یا تین ہیں تو نس بندی کرائیے، کہیں لالچ دے کر، کہیں ڈرا دھمکا کر، کسی پر زور، دباؤ ڈال کر آئندہ کے لئے اولاد کا سلسلہ بند کیا جا رہا ہے، ایسے رستا خیز اور صبر آزما ماحول میں آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن سے ایک آواز بلند ہوئی ہے اب تک منفی پہلو پر غور کیا گیا اب مثبت پہلو پر غور کرنا چاہئے۔ یہ آواز تھی حضرت جی کی آواز جس غیور کان سے ٹکرائی سنسنی پھیلاتی چلی گئی۔ حالات نے بہت ہی خطرناک رخ اختیار کر لیا تھا، حکومت کے خلاف آواز نکالنا بھی مشکل تھا۔ حضور مفتی اعظم پر دباؤ بڑھتا جا رہا تھا کہ آپ نس بندی کی حمایت میں ایک بیان جاری فرما دیں تا کہ مسلمانوں کے لئے راستہ ہموار ہو جائے، مسلمان کھلے دل سے اس کی ضرورت کے معترف ہو جائیں، مگر ایسے نازک حالات اور اتنے حکومتی دباؤ کے باوجود بھی مفتی اعظم نے وہی جواب دیا جس کی اس ذات سے امید تھی، وہ جواب تھا حق وصداقت کا نمائندہ جواب، وہ جواب تھا استقامت وعزیمت کا علمبردار جواب، آپ نے فرمایا (جس چیز کو میرے مصطفےٰ کی شریعت نے حرام قرار دیدیا مصطفےٰ رضا اسے کسی قیمت پر حلال نہیں کہہ سکتا) اور پھر جرأت مومنانہ اور ہمت مردانہ دیکھئے کہ فتویٰ مرتب کر کے قانون کی تیز وسرخ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سائیکلو اسٹائل کروا کر پورے ہندوستان میں اس کی تشہیر کروادی.......... غم وغصہ کا پلندہ بنے حکومتی اہل کار حرکت میں آئے مگر مفتی اعظم کی از کراں تا بہ کراں آسمان چھوتی مقبولیت دیکھ کر بادل نخواستہ قانونی چارہ جوئی سے باز رہے، یا یہ کہ مفتی اعظم نے قانون خداوندی کی پاسبانی فرمائی اور خدا نے مفتی اعظم کی حفاظت فرمائی۔ ان حالات اور تجربات کی روشنی میں میں اگر یہ کہوں تو بالکل بجا ہے کہ آج جو مسلم نسل کی فصل لہلہا رہی ہے یہ مفتی اعظم کی استقامت علی الشریعت کی کرامت ہے۔

Marfat.com

ہو اٹھی گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا تھا

وہ مرد درویش جس کو حق نے دیا تھا جذب قلندرانہ

حضرت علامہ سید محمد مدنی میاں صاحب اشرفی کچھوچھوی یوں حقیقت نگاری فرماتے ہیں۔

''ایمر جنسی کے دور میں ظالم وجابر حاکموں نے ظلم وجور کی انتہا کردی، اور خاندانی منصوبہ بندی کے غیر اسلامی نظریہ کو منوانے کے لئے وہ ستم ڈھائے کہ الاماں والحفیظ اس جور وستم کا نتیجہ یہ ہوا کہ علماء کی زبانیں گونگ ہوگئیں، بلکہ ابن الوقت حکومت وقت کی حمایت میں اتر آئے، کرایے کی مفتی دارالافتاء کی مٹی پلید کرنے لگے، ایسے خوف وہراس کے عالم میں خدا نے اپنا دین بچایا مفتی اعظم کے ذریعہ جنہوں نے اندیشۂ سود وزیاں سے بے نیاز ہوکر حکومت وقت کے خلاف فتویٰ دیا اور سائیکلو اسٹائل کرا کے ملک کے گوشے گوشے میں روانہ کیا (استقامت، مفتی اعظم ہند نمبر مئی 83ء ص 126)''

حضرت رضا بریلوی کی پاکیزہ تربیت نے انہیں علم وعمل اور عزیمت ہی کا شاہکار نہیں بنایا تھا بلکہ ان کی فطرت کو شریعت وسنت کے سانچے میں ایسے ڈھال دیا تھا کہ اس قالب سے جو بھی نقش ابھرتا تھا اس میں آلائش دنیا کا کوئی نشان نہیں ہوتا تھا بلکہ خوف خدا، خدمت خلق خدا اور اطاعت مصطفےٰ کا خوش بیان ترجمان ہوتا تھا۔ حضرت رضا بریلوی نے اپنے جگر پاروں نور دیدوں کو جو نصیحت فرمادی تھی مفتی اعظم کی پوری حیات پر وہ نور برساتا رہا اور خمار بن کر چھایا رہا دیکھئے حضرت رضا بریلوی کی نصیحت (تاکید اور سخت تاکید کی جاتی ہے کہ دست سوال دراز کرنا تو درکنار، اشاعت دین وحمایت سنت میں جلب منفعت کا خیال بھی دل میں نہ لائیں کہ ان کی خدمت خالصاً لوجہ اللہ ہو) (الرضاء شمارہ ربیع الآخر و جمادی الاولی 1338ء ص 9)

لاکھوں ویران دلوں میں علم وعمل کی شمع جلاکر، رضا بریلوی کی تحریک فکر واعتقاد کو گھر گھر پہونچاکر 92/سال کی عمر پاکر کے دار فانی سے دار جاودانی کی طرف 14/محرم 1402ھ 12/نومبر 1981ء کو کوچ کر گئے انا للہ والیہ راجعون۔

بی۔بی۔سی لندن کی رپورٹ کے مطابق 5/لاکھ لوگوں نے نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی،

آسمان ان کی لحد پر شبنم افشانی کرے۔

یہ وہ اساطین امت، اکابرین ملت ہیں۔ علم وادب کا سرمایہ جن کی انتھک محنتوں، بے لوث

Marfat.com

خدمتوں کی یاد ہمیشہ دلاتا رہے گا۔قوم وملت کے لے جن کی زندگی وقف تھی، بلکہ جن کے بار احسان سے ہمیشہ گردنیں جھکی رہیں گی۔ایک حضرت رضا بریلوی کے دبستان میں کتنی قسموں کے پھول کھلے ہوئے ہیں۔ ہر پھول سے مشام ملت معطر ہے ان سبھوں نے اپنے مخصوص شعبۂ علم و فن اور حکمت وہنر سے وہ کچھ لالہ کاری کی ہے کہ زمانہ کے ہزار نشیب وفراز بھی ان پر دھول نہ ڈال سکیں گے۔اور میں تو اسے حضرت رضا بریلوی کی ذکاوت وزیرگی، تدبر ودانائی اور دوراندیشی وبناضی سمجھتا ہوں کہ اپنے بعد کام کی رفتار بست نہ ہونے دی۔ جو شمع محبت انہوں نے فروزاں کیا تھا اس کی روشنی مدھم نہ ہونے پائے اس کا بھی آپ نے قبل از وقت ہی اہتمام وانتظام فرمادیا تھا۔اور واقعی حلقۂ احباب وخلفاء وتلامذہ کی جو جمعیت آپ نے حوالۂ قوم وملت کیا تھا انہوں ے اپنے افکار وعمل سے ثابت کردیا کہ احمد رضا غروب ضرور ہوئے ہیں فنانہیں ہوئے ہیں۔ جب تک لوگوں کے دلوں میں عشق مصطفٰے زندہ ہے احمد رضا ہر عاشق مصطفٰے کے قلب کی دھڑکن بنے رہیں گے۔اور چوں کہ عشق مصطفٰے کو زوال نہیں ہے۔اس لئے احمد رضا کا نام اور کام زندہ ہے اور زندہ رہے گا۔

بجتا ہے آج دین کا جو ساز دوستو
یہ بھی اسی جرس کی ہے آوز دوستو

## 3۔ عشق مصطفٰے

ایک ایسے دور سراپا جور میں جب کہ ملت ٹوٹنے، چٹنے، بکھرنے، سمٹنے کی اذیت ناک کشمکش میں مبتلا تھی۔ خیالات جدیدہ افکار قدیمہ کو دبوچ لینے کی فکر میں تھے۔ایسے حال وماحول نے حضرت رضا بریلوی کو جو شدت احساس بخشا تھا اس نے آپ کے فکر وعمل کو دوآتشہ کردیا، نتیجہ یہ ہوا کہ تصورات ورجحانات کے مختلف چشمے آپ سے ابل پڑے۔ان چشموں نے مل کر ایک عظیم جزیرے کی شکل اختیار کرلی جسے اہل محبت ودانش ''حدائق بخشش'' کے نام سے جانتے ہیں۔ان کا نعتیہ دیوان محض نعتوں کا ایک مجموعہ نہیں ہے۔ بلکہ تحریک آزادی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جس نے مسلمانوں کے دل دربار مصطفوی کی طرف پھیردیئے (35) ...... حضرت رضا بریلوی کی نظر میں ملت کی بقا کا یہی ایک طریقہ تھا کہ اس کے ویران دل میں سلطنت مصطفٰے

Marfat.com

ﷺ قائم کردی جائے۔ چنانچہ حضرت رضا بریلوی نے آپ ﷺ کو ہی اجاگر کیا۔ آپ ﷺ کو ہی مسلمانوں میں جاگزیں کرنے کا عزم کیا اور اپنا سارا سوز و گداز، زہد و ورع، علم و فضل اور زبان و بیان سب کچھ آپ ﷺ پر ہی مرکوز کر دیا۔ سنئے ان کے حرم سرا کی آواز۔

چھوڑ کے اس حرم کو آپ بن میں ٹھگوں کے آبسوں
پھر کہوں سر پہ دھر کے ہاتھ لٹ گئی سب کمائی کیوں
نخل سے چھٹ کے یہ حال ہوا
آہ! او پتے کھڑکنے والے
قزاق ہیں سر پہ راہ گم ہے
اے شمع جمال مصطفائی

حضرت رضا بریلوی نے جو آوازۂ محبت بلند کیا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ پورے آفاق پر چھا گئی۔ عشق مصطفیٰ کی ایک عظیم تحریک نے جنم لیا۔ ماحول نے مسکرا کر ایک نئی کروٹ لی۔ عظمت گم گشتہ کی بازیابی پر پورا معاشرہ مچل اٹھا۔ آج جہاں کہیں بھی حضور کے ذکر و تذکرے عشق محبت، آپ کی رفعت و عظمت، بلندی و برگزیدگی کے ترانے چھڑے ہوئے ہیں اگر اس کی تاریخی کڑی کا جائزہ لیا جائے تو اس کی لے میں حضرت رضا بریلوی کی لے ضرور آپ شامل پائیں گے۔ اس وقت بھی مسلمان تاریخ کے نازک ترین دور سے گذر رہے ہیں۔ اور ان کے امتیاز و تشخص پر ہر چہار جانب سے فکری اور عملی سطح پر منظم انداز سے حملے کئے جا رہے ہیں۔ ان سازشوں کا مقابلہ کرنے کی مختلف تدابیر مسلمانوں کے باشعور طبقے کی جانب سے اختیار کی جا رہی ہیں۔ متعدد حلقے مسلمانوں کی کمزوری کا یہ علاج بتاتے ہیں کہ انہیں تعلیمی میدان میں آگے آنا چاہئے۔ کسی گوشے سے یہ آواز آتی ہے کہ مسلمان آگے بڑھ کر تجارت کی باگ اپنے ہاتھ میں لے لیں۔ اور کوئی ماہر صنعت یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ مسلمان اگر صنعتی انقلاب برپا کر دیں تو وہ دوسری قوموں پر غالب آجائیں گے کوئی جماعت توحید کا جھنڈا اس طرح بلند کرتی ہے کہ عظمت انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو نظر انداز کرنے لگتی ہے۔ کوئی فرقہ دعویٰ سنیت و حنفیت کے باوجود دنیوی مصالح کے تحت نجد کے خانہ ساز موحدین کو اپنا آقا و مولیٰ سمجھنے لگتا ہے کوئی گروہ دو چار چلوں اور گشتی قافلوں میں شریک ہو کر اپنے سامنے بڑے بڑے علماء و مشائخ کو ہیچ سمجھنے لگتا ہے۔ اور دین و دنیا کے بیشتر ضروری معاملات و مسائل سے لاتعلق ہو کر تسبیح کے دانوں میں الجھا رہتا ہے۔ کچھ رجسٹر برادر حلقے بزرگان دین کے نام پر اپنی دنیا داری کا بازار گرم رکھنے اور قبور صالحین کو غلط طریقے سے استعمال کرنے کو ہی اپنا وظیفہ

Marfat.com

زندگی بنائے ہوئے ہیں۔ کچھ برادران جماعت سارے اسلاف کی ذہنی غلامی سے آزاد ہوکر اپنے بانی جماعت کی ذہنی غلامی میں اس طرح مبتلا ہو چکے ہیں کہ اس کی پیش کردہ "حکومت الٰہیہ" کے علاوہ انہیں کسی دوسرے موضوع سے کوئی دلچسپی ہی نہیں۔ اور بے شمار نام نہاد دانشوران اسلام کا حال یہ ہے کہ ایک طرف تو وہ فقہ اسلامی کی تشکیل جدید پر کمربستہ نظر آتے ہیں اور دوسری طرف ان کا حال یہ ہے کہ عربی و اسلامی علوم و فنون کی بس یوں ہی سی واقفیت ہے۔

ایسے عالم رستاخیز میں مجھے اسلام کے اس بطل جلیل اور محمد عربی ﷺ کے اس عاشق صادق کی یاد آتی ہے جو عشق مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء کو صرف اپنے زخم جگر کا مرہم نہیں بلکہ غم کائنات کا بھی مداوا سمجھتا ہے اور مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کے وجود مسعود کو جان ایمان سمجھتا ہے۔

اللہ کی سرتا بقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

اور جس کا حسن اعتقاد یہ ہے کہ مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کی نگاہ رحمت جس طرف اٹھ جائے اسی طرف خامۂ قدرت بھی چلنے لگے۔

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشی رحمت کا قلمدان گیا

یاد محبوب کردگار کی حرارت و تپش کو جو سرمایۂ حیات اور ایسا کرب دلنواز اور درد مسرت انگیز تصور کرتا ہے کہ اس میں شب و روز اضافہ کی اس طرح تمنا کرتا ہے۔

جان ہے عشق مصطفیٰ روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ ناز دوا اٹھائے کیوں

اور اسی نعمت کبریٰ کو سینے سے لگائے ہوئے آغوش لحد تک پہونچ کر وہ اسے اس طرح روشن و منور کر ڈالتا ہے۔

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے (36)

آپ کے عشق کی گہرائی کا اندازہ آپ کے اس فرمان سے بھی بخوبی ہوتا ہے "اگر میرے جگر کے دو ٹکڑے کئے جائیں تو خدا کی قسم ایک پہ لا الہ الا اللہ اور دوسرے پر محمد رسول اللہ لکھا ہوگا"

Marfat.com

اب تک عاشقی کے باب میں لیلیٰ اور مجنوں کے ہی عشق کو سچے عاشق اور مثالی عشق کے طور پر پیش کیا جاتا رہا ہے اور عشق کے انتہائی درجے میں اس کی مثال یہ دی جاتی رہی ہے کہ مجنون نے لیلیٰ سے اپنے عشق کی صداقت میں اپنے جسم کا گوشت پیش کر دیا تھا۔ مگر اب عشق صادق کی انتہا وہ نہیں ہے بلکہ اب عشق صادق کی انتہا یہ ہے کہ عاشق اپنے معشوق کی صداقت میں اپنا جگر پیش کر کے کہے اگر میرے جگر کے ٹکڑے کر کے دیکھو تو اس کے اندر بھی میرے معشوق کا نام لکھا ہوگا۔ کیوں کہ عشق کی انتہا معشوق کے عشق میں عاشق کا فنا ہو جانا ہے اور یہ اسی وقت ثابت ہوگا جب عاشق کے قول وعمل سے اس کی ذات کی نفی ہوتی ہو، مجنون کے لیلیٰ سے عشق کی صداقت میں اپنے جسم سے گوشت کے دو چار ٹکڑے پیش کر دینے سے اس کی ذات فنا نہیں ہو سکتی، مگر عشق مجسم اعلیحضرت امام احمد رضا محدث بریلوی کے اپنے معشوق علیہ السلام کی صداقت میں اپنا جگر پیش کر دینے سے ان کی ذات فنا ہو سکتی ہے۔ کیونکہ انسانی جسم سے گوشت کے دو چار ٹکڑے کے نکل جانے سے حیات متاثر نہیں ہوتی۔ مگر انسانی جسم سے اگر جگر ہی نکل جائے یا اس کے ٹکڑے ہو جائیں تو حیات صرف متاثر ہی نہیں ہوتی بلکہ حیات ممات میں بدل جاتی ہے اور یہی فنا ہے جس کے بعد بقائے دائمی نصیب ہوتی ہے۔ امام عشق والفت حضرت رضا بریلوی نے اپنے محبوب علیہ السلام کے عشق کی صداقت میں اپنا جگر پیش کر کے عاشقی کے باب میں ایک نئے اور مثالی عشق کا اضافہ فرمایا ہے اب عشق صادق کی انتہا کی مثال یہ نہیں دی جائے گی کہ عاشق اپنے معشوق کے عشق میں اپنے جسم کا گوشت پیش کر دے بلکہ اب مثال یہ دی جائے گی کہ عاشق اپنے معشوق کے عشق میں اپنا جگر پیش کر دے۔ حضرت رضا بریلوی کی زندگی کا اصل محور و مرکز بس حضور مرکز دائرہ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ کی مقدس ذات تھی، اور قوم کے نام بھی آپ کا یہی پیغام تھا کہ ادھر ادھر جانے اور پھرنے سے تم فلاح نہیں پا سکتے۔ فوز و فلاح بس اس میں ہے کہ ان سے سچی محبت کی جائے۔ ان ہی کی محبت میں فرد و جماعت، ملک وملت سب کے لئے فلاح وسعادت کی ضمانت ہے، دیکھئے ان کے یقین کی کیفیات۔

لطف ان کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا
سائلو دامن سخی کا تھام لو
کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا
بے نشانوں کا نشان مٹتا نہیں

Marfat.com

مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

اے رضا ہر کام کا ایک وقت ہے

دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا

بڑی مایوسی اور اضطرابی۔ وافراتفری کے عالم میں آپ نے ملت کو سنبھالنے کا عزم کیا تھا اور عشق رسول سے قریب ہونے کی دعوت دی تھی اور یہ سمجھانے میں اپنی زندگی صرف کردی کہ عشق رسول ہی مدار ایمان اور اساس فکر وعمل ہے۔ جناب محمد ایوب صاحب نے بڑے موثر انداز میں حضرت رضا بریلوی کے جذبۂ عشق کا جائزہ لیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

- ...............فاضل بریلوی کے دل میں عہد اولیں کی پاکیزہ، مطہر، اور نفیس وجمیل رسم محبت کے احیاء کی تمنا انگڑائیاں لے رہی تھیں۔
- ...............اعلحضرت خوش نصیب تھے کہ انہیں علم دین مقام دل پر عطا ہوا تھا۔
- ...............اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب قدس سرہ العزیز نے زندگی کی حقیقی تعبیر کو پالیا(37)

برصغیر کے معروف صاحب طرز انشاء پرداز علامہ ارشد القادری حضرت رضا بریلوی کے جذبۂ عشقی، دینی وملی کو یوں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

''اس کے شام وسحر، شب وروز کا ایک ایک لمحہ دینی مہمات میں اس درجہ مصروف ہے کہ نگاہ اٹھا کر دیکھنے کی بھی اسے مہلت نہیں ملتی۔ اس کے حریم دل پر ہر وقت عشق بے نیاز کا پہرہ رہتا ہے ہزار انداز دلربائی کے باوجود آج تک خیال غیر کو باریابی کی اجازت نہیں مل سکی ہے۔ اس کی نوک قلم کا ایک ایک قطرہ فکر واعتقاد کی جنتوں میں کوثر وتسنیم کی طرح بہ رہا ہے۔ اس کے خون جگر کی سرخی سے ویرانوں میں دین کے گلشن لہلہا اٹھے ہیں۔ اس کے عرفان وآگہی کی داستانیں چمن چمن میں پہنچ گئی ہیں۔ اور لوح قرطاس سے گزر کر اب اس کے علم ودانش کا چراغ کشور دل کے شبستانوں میں جل رہا ہے (38) اس طرح حضرت رضا بریلوی نے اپنے سوز عشق اور محبت کی گرمی سے ماحول ومعاشرہ کو تحفظ افکار وکردار شخصیت سازی اور عشق مصطفےٰ جیسی لازوال اور بیش بہا جواہر پاروں سے ایسا متکیف ومتاثر کیا کہ اس کی اثر آفرینی آج بھی شباب پر ہے۔ ان کی سیرت وحیات کا منصف کاری اس اعتراف میں ضرور انصاف کرتا ہے کہ ملت کو حضرت رضا بریلوی جیسی زندگی بخش حیات آفریں فلاح بداماں اور عہد ساز اشیاء کسی نے نہیں دی۔

Marfat.com

# حضرت رضا بریلوی کے تصورِ عشق نے ملت کو کیا دیا

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | تنقیدات وتعاقبات | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص72 |
| 2 | امام احمد رضا اور مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار | ڈاکٹر غلام یحیٰ انجم | ص57 |
| 3 | تنقیدات وتعاقبات | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | 29 |
| 4 | سوانح اعلیحضرت | مولانا محمد بدرالدین رضوی | 153 |
| 5 | وصایا شریف | مولانا حسنین رضا | ص3 تا5 |
| 6 | یادگار رضا بمبئی شمارہ | 1996/1417ء | ص91 |
| 7 | امام احمد رضا اور رد بدعات ومنکرات | مولانا یاسین اختر مصباحی | 18,17 |
| 8 | حیات اعلیٰ حضرت، دیباچہ | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری | ص ز |
| 9 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خان | ص242 |
| 10 | خلفائے اعلحضرت | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص301 |
| 11 | حیات اعلیٰ حضرت | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری | ص244 |
| 12 | جامع الحیثیات | ابوزہرہ رضوی | 27 |
| 13 | جہاں رضا، لاہور شمارہ39 | اکتوبر 1994ء | ص13 |
| 14 | جہاں رضا، لاہور شمارہ39 | اکتوبر 1994ء | ص12 |
| 15 | صدر الشریعہ نمبر ماہنامہ اشرفیہ شمارہ اکٹوبر نومبر | 1995ء | ص72 |
| 16 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خان | ص268 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 17 | ملفوظات جلد اول | مفتی اعظم ہند مصطفےٰ رضا قادری | ص93 |
| 18 | ماہنامہ پاسبان۔امام احمد رضا نمبر | مارچ واپریل1962ء | ص65 |
| 19 | ماہنامہ پاسبان۔امام احمد رضا نمبر | مارچ واپریل1962ء | ص68 |
| 20 | دبستان رضا | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص55 |
| 21 | ماہنامہ پاسبان امام احمد رضا نمبر | مارچ واپریل1962ء | ص68 |
| 22 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا پٹنہ | ص271 |
| 23 | // | // | ص271 |
| 24 | حیات اعلیٰحضرت جلد اول | ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہار | ص51 |
| 25 | خلفائے اعلیٰ حضرت | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص159 |
| 26 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا پٹنہ | ص181 |
| 27 | خلفائے اعلیٰحضرت | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص164 |
| 28 | // | // | ص145 |
| 29 | // | // | ص146 |
| 30 | معارف، اعظم گڈھ فروری1926ء | شذرات سید سلیمان ندوی | ص شذرات |
| 31 | خلفائے اعلیٰحضرت | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ص147 |
| 32 | گنجہائے گرانمایہ | پروفیسر رشید احمد صدیقی | ص32 |
| 33 | // | // | ص30 |
| 34 | // | // | ص41 |
| 35 | فاضل بریلوی اور ترک موالات | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص49 |
| 36 | سواد اعظم | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص5 |
| 37 | یادگار رضا سالانہ | بمبئی | ص82 |
| 38 | لالہ زار | علامہ ارشد القادری | ص146 |

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کے

# تصورِ عشق کے عہد ما بعد پر ''اثرات''

اس کائنات کے پردۂ زنگاری سے نہ معلوم کتنی عظیم شخصیتوں نے جلوے دکھائے ہیں۔ اس پھیلی ہوئی زمین پر نہ معلوم کیسے کیسے جیالے افراد نے نازک خرامی کی ہے۔ کائنات کی اس وسیع و عریض فضا میں نہ معلوم کیسی کیسی ہستیوں کے قوت و فکر و عمل نے اجالا کیا ہے۔ تاہم ان میں کتنی شخصیتیں اور کتنے افراد ہیں جنہیں زمانہ نے یاد رکھا ہے یا کائنات کے دامن پر جن کے انمٹ اثرات و نقوش ہیں......... پردۂ عدم میں چھپ جانے کے بعد بھی ان کی یادوں سے محفل محفل جگمگا رہی ہو۔ ان کا نام آتے ہی عقیدتوں کے بوجھ سے پیشانی جھک جاتی ہو۔ ان کے ذکر و تذکرے سے وادی وادی گونج رہی ہو جن کی یاد آنکھوں کا نور اور جن کی بات دل کا سکون بن کر چھا جاتی ہو۔ جو چھپ کر بھی جلوہ نما ہو۔ جو جا کر بھی اپنی موجودگی کا احساس دلا رہا ہو اگر دفینۂ کائنات میں کچھ ہستیاں ایسی ہیں اور یقیناً ہیں تو ان کی فہرست میں حضرت رضا بریلوی کا نام بھی روشن اور نمایاں ہے۔

.........وہ چھپ گئے مگر جلوہ نما ہیں۔ وہ چلے گئے مگر موجودگی کا احساس چھوڑ گئے۔ بظاہر وہ اب ہم میں نہیں ہیں مگر علم و فن کا وقار، اور عشق و اخلاص کا خمار بانٹ رہے ہیں۔ ایمان و اعتقاد کی زلف برہم کے لئے آج بھی ان کے بنائے ہوئے نقوش رحمت کونین کا پتہ دے رہے ہیں۔

ان کی مقدس ذات سے علوم و معارف کے پھوٹتے ہوئے چشموں اور حکمت و دانائی کے بہتے ہوئے دریاؤں سے بالواسطہ یا بغیر واسطہ اپنی روحانی و فکری پیاس بجھانے والے علمائے کرام، صوفیائے عظام اور دانشوران قوم و ملت کی اتنی لمبی قطار ہے کہ فہرست بنانا مشکل ہے، .........

بہت قریب سے آپ کی جلوت و خلوت کا مشاہدہ کرنے والے حضرت مولانا حسنین رضا خاں علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں۔

''اعلیٰحضرت کا جب دور شروع ہوا تو معیار علم دین گھٹ چکا تھا، مگر علم کے طلب گار بہت بڑھ

Marfat.com

چکے تھے، اور علوم آلیہ (ریاضی، فلسفہ، اقلیدس) کی طرف لوگوں کا رجحان زیادہ تھا اور علمائے اسلام ان علوم سے نا آشنا ہو چکے تھے۔ اسکولوں، کالجوں، میں ان علوم کی لازمی تعلیم تھی۔ عام طور پر یہ خیال ہو چکا تھا کہ اسلام ان علوم سے بے بہرہ ہے۔ ایسے وقت میں رب العزت نے اپنے ایک بندے کو تمام حلم و علم کا ماہر کر کے دنیا کے سامنے پیش کیا، اور اس کو مروجہ و غیر مروجہ، عالیہ اور آلیہ تمام علوم میں ایسی مہارت عطا کی کہ ان علوم کے بارے میں مسلمانوں کی نیچی نگاہیں بہت بلند ہو گئیں۔ اور مسلمانوں کو موقع مل گیا کہ دنیا کو چیلنج کریں کہ اسلام اور مسلمان کسی علم میں کسی سے کم نہیں رہنے۔ (1)

علوم و افکار کی بہتات و کثرت، زہد و اتقاء کی رنگارنگی، اور اخلاص عمل کی فیض گستری نے انہیں وہ مقام بخشا کہ اسلامی دنیا نے انہیں اپنے سر پر اٹھالیا۔ قوم نے انہیں اپنے سر کا تاج بنالیا۔ ملت نے اپنے کلاہ افتخار کا طرہ سمجھ کر وہ عظمت عطا کیا کہ بلندیاں بھی اپنی قسمت پر ناز کرنے لگیں۔ آج ان کے نام کی نسبت کسی بھی ادارے اور کام کے لئے اعتبار و وقار کا مقام رکھتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ "رضا" نام کے سینکڑوں ادارے، مساجد اور جامعات، مدارس اور تربیت گاہیں صرف اسی اپنے ملک ہندوستان میں موجود ہیں۔ دوسرے ملکوں کی تو بات الگ رہی۔ رضا بریلوی زندہ ہیں، خانقاہوں اور دانشگاہوں میں۔ رضا بریلوی زندہ ہیں مدارس و مساجد میں، رضا بریلوی زندہ ہیں، کتب و رسال میں۔ رضا بریلوی زندہ ہیں۔ فکر و فن کی حریم ناز میں۔ رضا بریلوی زندہ ہیں عشق رسالت کے سوز و ساز میں رضا بریلوی زندہ ہیں علوم جدیدہ و قدیمہ کی نازک خیالوں میں غرض کہ ان کے دور کی کسی بھی شخصیت کو عظمت کا وہ منصب نہ مل سکا جو آپ کو حاصل ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد اس دور میں سیاست و مذہب کے افق پر چمکنے والے سورج کا نام ہے۔ مگر آج نہ وہ سورج رہا نہ وہ روشنی اور نہ پروانوں کا ہجوم، لیکن احمد رضا کا آفتاب غروب ہو کر بھی افق در افق ضیا بار ہے کر اں تا بہ کراں روشنی لٹا رہا ہے۔ گھر گھر عشق رسول کی سوغات پہنچا رہا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر جمال الدین اسلم حضرت رضا بریلوی اور مولانا آزاد کے افکار کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

"برصغیر میں نیشنلسٹ آزاد کو تغافل اور اہلسنت کے علمبردار احمد رضا کو بقائے دوام نصیب ہوا.......... امام الہند کا احترام کیا جاتا ہے ان کی پیروی یا تقلید نہیں کی جاتی.......... امام اہلسنت مولانا احمد رضا خاں کو زندگی میں بھی اور بعد وفات بھی لاکھوں کی تعداد میں پیرو ملے.......... فاضل بریلوی امام اہلسنت بن کر

Marfat.com

مخصوص ہو گئے (2)

حضرت رضا بریلوی کا یہ فیضان محبت ہے کہ جدھر دیکھئے ادھر ہی ان کے پیغام کے پھریرے لہراتے نظر آ رہے ہیں۔ خصوصاً برصغیر کی دینی، علمی، روحانی فضا مدرسہ، مسجد، خانقاہ، ان کے ذکر و اذکار کے جاں بخش ترانوں سے گونج رہی ہے کل انہوں نے کہا تھا۔ ؎

کیوں رضا آج گلی سونی ہے
اٹھ میرے دھوم مچانے والے

آج ان کے دیوانوں نے وہ دھوم مچادی ہیں کہ در و بام جھومنے لگے ہیں تعلیمی، تصنیفی، دعوتی اور اشاعتی اداروں کے ذریعہ ان کی زریں خدمات پر وقت کی پڑی ہوئی غبار کی تہوں کو ہٹایا جا رہا ہے۔ سورج چمکنے لگا ہے روشنی پھیلنے لگی ہے۔

ہند و پاک کے وہ تعلیمی ادارے جو حضرت رضا بریلوی کے مسلک و مشن کی تبلیغ و توسیع میں سر گرم ہیں ان کی خاص طویل فہرست ہے۔ ان میں سے چند جن میں بعض کی خدمات و اثرات عالمگیر اور بعض کی ملک گیر ہیں کے اسماء یہ ہیں۔

- ............ دار العلوم منظر اسلام — بریلی، یوپی
- ............ دار العلوم مظہر اسلام — //
- ............ جامعہ نوریہ رضویہ — //
- ............ الجامعۃ الاشرفیہ — مبارکپور یوپی
- ............ دار العلوم غریب نواز — الٰہ آباد یوپی
- ............ الجامعۃ الاسلامیہ — رونا ہی یوپی
- ............ جامعہ فیض العلوم — جمشید پور بہار
- ............ جامعہ قادریہ، مقصود پور — مظفر پور بہار
- ............ دار العلوم فیض الرضا دری — مظفر پور بہار
- ............ دار العلوم فیض الاسلام — کیشکال ایم پی
- ............ دار العلوم نوری — اندور ایم پی
- ............ جامعہ امجدیہ رضویہ — ناگپور مہاراشٹر
- ............ جامعہ حضرت ٹیپو سلطان — سری رنگ پٹن میسور

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| • ........... | دار العلوم تاج الاسلام | شانتی نگر میسور |
| • ........... | دار العلوم رضائے حق | ردولی، سیتامڑھی، بہار |
| • ........... | دار العلوم محبوب سبحانی | بمبئی مہاراشٹر |
| • ........... | دار العلوم محمدیہ | بمبئی مہاراشٹر |
| • ........... | دار العلوم غوثیہ | ہبلی کرناٹک |
| • ........... | دار العلوم شاہ جماعت | ہاسن کرناٹک |
| • ........... | سنی دار العلوم محمدیہ کوٹے باگل | موڈ بیدری" |
| • ........... | جامعہ حضرت بلال | بنگلور کرناٹک |
| • ........... | دار العلوم اہلسنت قادریہ ربانیہ | بنگلور |
| • ........... | جامعہ قادریہ مدینۃ العلوم | بنگلور |
| • ........... | جامعہ نظامیہ رضویہ | لاہور پاکستان |
| • ........... | جامعہ امجدیہ | کراچی پاکستان |
| • ........... | جامعہ حضرت نظام الدین اولیاء | ذاکر نگر دہلی |
| • ........... | مرکز الثقافیہ السنیہ | کالی کٹ کیرلا |
| • ........... | جامعہ حنفیہ غوثیہ | جنگ پور دھام نیپال |

صرف ادارے کی فہرست ہی اگر مرتب کی جائے تو اتنے صفحات کو محیط ہوگی۔ جس کی اس مختصر میں گنجائش کہاں؟

ڈاکٹر غلام یحیٰ انجم (شعبۂ تقابل ادیان ہمدرد یونیورسٹی دہلی) کی زیر نگرانی، رضوی کتاب گھر دہلی ہر سال ان کی باضابطہ فہرست شائع کر رہا ہے بعض اداروں نے اسے کتابی شکل میں بھی شائع کر دیا ہے۔ چوں کہ رفتار زمانہ کے ساتھ اداروں میں بھی ہر سال اضافہ ہو رہا ہے جدید تقاضوں سے مزین نئے نئے مدارس منصۂ شہود پر آ رہے ہیں۔ اس لئے اس کی کوئی آخری فہرست ممکن نہیں۔

یہ تو تھیں خالص دینی علمی مدارس و جامعات کی باتیں ان کے سوا اور بھی بہت سے ادارے ہیں جو دعوت وارشاد، تصنیف و تالیف اور نشر و اشاعت میں اپنی مساعی جمیلہ سے نئے نئے چاند و سورج کھلا رہے ہیں۔ جنہوں نے رضویات پر کام کا وہ بڑا اٹھایا اور وہ کچھ کر دکھایا جس کی وقت

Marfat.com

اور زمانے کو ضرورت تھی۔ جن کی چمک دمک اور جن کا طنطنہ و دھمک اب پوری دنیا۔ محسوس کر رہی ہے۔ اور اس طرح حضرت رضا بریلوی کا مشن "عشق رسول" کا بول بالا اس کی بالا دستی ارتقاء پذیر بلکہ آفاق گیر دیکھی جا سکتی ہے۔ ایسے تصنیفی اشاعتی ادارے بھی اب کافی تعداد میں وجود میں آ چکے ہیں۔ ان میں سے چند کے نام یوں ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| • ............ | رضا اکیڈمی | بمبئی مہاراشٹر |
| • ............ | المجمع الاسلامی | مبارکپور یوپی |
| • ............ | الرضا اسلامک مشن | بریلی شریف |
| • ............ | رضا فاؤنڈیشن | لاہور پاکستان |
| • ............ | ادارہ اصحاب قلم | پٹنہ بہار |
| • ............ | آل ورلڈ اسلامک مشن | لندن برطانیہ |
| • ............ | ادارہ لوح و قلم | مظفر پور بہار |
| • ............ | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا | کراچی پاکستان |
| • ............ | ادارہ افکار حق | پورنیہ بہار |
| • ............ | مرکزی مجلس رضا | لاہور پاکستان |
| • ............ | سنی یوتھ فیڈریشن | بمبئی مہاراشٹر |
| • ............ | رضا اکیڈمی | اسٹاک پورٹ یوکے |
| • ............ | آل کرناٹک سنی علماء بورڈ | بنگلور کرناٹک |
| • ............ | رضا فاؤنڈیشن | بنگلور کرناٹک |
| • ............ | رضا اسلامک مشن | جوتی نگر میسور |
| • ............ | سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل | ڈربن جنوبی افریقہ |
| • ............ | دعوت اسلامی | ناگپور مہاراشٹر |
| • ............ | سنی دعوت اسلامی | بمبئی مہاراشٹر |
| • ............ | تحریک فکر رضا | بمبئی مہاراشٹر |
| • ............ | سنی یوتھ فیڈریشن | ڈربن جنوبی افریقہ |

یہ بات بڑی خوش آئند ہے صرف پاکستان میں ایسے اداروں کی تعداد نومبر 1996ء تک کی

Marfat.com

سروے کے مطابق 114 رہے۔(3)

اوران کے علاوہ بہت سے ادارے دنیا کے مختلف ملکوں میں موجود ہیں جو اپنی اپنی صبح وشام حضرت رضا بریلوی کے نام وقف کئے ہوئے ہیں۔ان اداروں نے اپنے ایثار وخلوص،جذبۂ دینی وملی،ولولہ اسلامی وایمانی سے قوم وملت کو آبرومندانہ زندگی دلانے کے لئے کارہائے نمایاں انجام دیتے رہے ہیں،اور دے رہے ہیں۔جن کی ہر کوشش لائق صد ستائش ہے۔

بہت سے رسائل وجرائد بھی ہیں جو رضا بریلوی کے پیغام اپنے دامن میں سجا کر گلیوں اور کوچوں میں پھیلا رہے ہیں۔ذہن ودماغ بنا رہے ہیں۔قلوب کی تسخیر کی رہے ہیں۔ان کی بھی ایک اچھی خاصی تعداد ہے۔جن میں سے چند ایک یہ ہیں۔

- ............ ماہنامہ جہاں رضا لاہور پاکستان
- ............ ماہنامہ اعلحضرت بریلی یوپی
- ............ ماہنامہ سنی دنیا بریلی یوپی
- ............ ماہنامہ اشرفیہ مبارکپور یوپی
- ............ سہ ماہی،نور ونظر بنگلور کرناٹک
- ............ سہ ماہی رفاقت پٹنہ
- ............ ہفت روزہ مسلم ٹائمز بمبئی مہاراشٹر
- ............ سہ ماہی سنی آواز ناگ پور مہاراشٹر
- ............ سہ ماہی افکار رضا بمبئی مہاراشٹر
- ............ سہ ماہی الکوثر سہرام بہار

ان تمام تعلیمی، تصنیفی، دعوتی اور اشاعتی اداروں کی انتھک کوششوں اور پیہم جانفشانیوں ہی کا نتیجہ ہے کہ صرف پچیس سال میں کتنے آفاق فتح ہوئے ہیں، کتنی زمینیں رضوی قلمرو میں شامل ہوئی ہے۔کتنے آسمان پر کہکشاں سجی ہے۔کتنے ذہن کی آبیاری ہوئی ہے۔نہ معلوم کتنے قلوب عشق مصطفےٰ کی جلوہ سامانیوں سے آباد ہوئے ہیں............حضرت رضا بریلوی کی زندگی کے اہم علمی، فکری گوشوں، دینی اسلامی کارناموں قوم وملت سے ان کی ہمدردیوں، اصلاح فکر اعتقاد کے لئے ان کی شبانہ، یومیہ محنتوں پر معرکتہ الآرا مقالات ومضامین، اور مستند کتابوں کا وسیع وعظیم ذخیرہ ارباب علم ودانش کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ہر انداز سے کام ہو رہا ہے اور ہر زبان میں پیش

Marfat.com

کرنے کی کوشش جاری ہے.......... رضا اور رضویات پر اب تک کتنے کتب و مقالات لکھے جا چکے ہیں۔ کام کتنا ہوا ہے۔ کام کی نوعیت اور رفتار کیا ہے۔ اس کی بالکلیہ اور قطعی فہرست تو مشکل ہے البتہ وقفے وقفے سے جو کوششیں ہوئی ہیں اس سے نتیجہ نکالنا آسان ہوگیا ہے۔ غالباً سب سے پہلے ماہنامہ المیزان بمبئی نے اپنے تاریخ ساز دستاویز ''امام احمد رضا نمبر'' میں 54 رکتب و رسائل کی فہرست شائع کی تھی۔ ''جہاں رضا'' لاہور کے نومبر، دسمبر 1996ء کے شمارے میں جناب زین الدین ڈیروی نے عمیق محنت ولگن سے کتب و رسائل ہی پر مشتمل ایک وقیع مقالہ سپرد قرطاس کیا ہے جس میں انہوں نے 332 رکتابوں کی فہرست شائع کی تھی...... موصوف نے ہی اپنی کوششوں کو آگے بڑھایا اور جنوری 1997ء کے شمارے میں اس تعداد کو 1057ء تک پہنچا دیا موصوف کا وہ مقالہ باریک قلم سے 28 رسے صفحہ 72 رتک یعنی 44 رصفحات پر پھیلا ہوا ہے اور ارباب دانش وبینش کو ضیافت مطالعہ دے رہا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت رضا بریلوی پر کام کی اصل تحریک پاکستان ہی سے چلی، 1968ء میں حکیم اہلسنت محمد موسیٰ امرتسری نے لاہور میں مرکزی مجلس رضا کی داغ بیل ڈالی اور کام شروع کیا۔ چند ہی سالوں میں وہ تحریک عالم اسلام میں پھیل گئی نئے نئے قلم کار تصنیف و تالیف کے میدان میں قدم رکھتے گئے اور کارواں بنتا گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے سینکڑوں ادارے اور انجمنیں وجود میں آگئیں، نت نئے انداز میں کیفیات و تجلیات رضا کو سمیٹا جانے لگا۔ یوں تو بڑی بڑی ٹیم اب اس مہم کو سر کر لینے کے لئے میدان میں اتر چکی ہے تاہم تحریرات رضا سے روح مضمون کی کشید، مضامین میں تنوع، رنگارنگی، تحقیقی معیار، جدید تقاضائے تنقید کا لحاظ، اور سنجیدہ وشگفتہ لب و لہجے کے قالب میں افکار رضا کو ڈھالنے کا سہرا مسعود ملت ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری صاحب کے سر جاتا ہے۔ موصوف بلاشبہ ''ماہر رضویات'' جیسے عظیم لقب کے مستحق ہیں۔ اور رضویات کی شاہرہ کے رہبر و رہنما ہیں...... اسکول و کالج کے اساتذہ اور یونیورسٹیوں کے مفکرین نے جب سے کام کا بیڑہ اٹھایا ہے ایک ہلچل سی مچ گئی۔ علوم وفنون میں آپ کی ہمہ جہتی مہارت کی تابشوں سے جیسے رضویات کی کہکشاں بنتی چلی جارہی ہے۔ یہاں تک کہ ایران، اردن، پاکستان، فرانس وغیرہ سے عربی، فارسی، اردو، فرانسی، انگریزی زبانوں میں شائع ہونے والے انسائیکلو پیڈیا زمیں حضرت رضا بریلوی پر تحقیقی مقالات شائع ہوئے اور ہورہے ہیں...... یونیورسٹیوں میں آپ پر تحقیق کی ہماہمی کو دیکھتے ہوئے احساس ہوتا ہے کہ۔ ع

گونج گونج اٹھے ہیں نغمات رضا سے بوستاں

Marfat.com

ماہر رضویات پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری کی تحقیق کے مطابق حضرت رضا بریلوی کے حالات وافکار اور تصانیف پر مندرجہ ذیل یونیورسٹیوں میں سات فضلاء ڈاکٹریٹ کر چکے ہیں۔

- ............ کولمبیا یونیورسیٹی امریکہ
- ............ ہندو یونیورسٹی بنارس، بھارت
- ............ پٹنہ یونیورسٹی بہار بھارت
- ............ کان پور یونیورسٹی یوپی بہار
- ............ روہیل کھنڈ یونیورسٹی بریلی بھارت
- ............ میسور یونیورسٹی میسور بھارت
- ............ کراچی یونیورسٹی پاکستان
- ............ سندھ یونیورسٹی پاکستان

حضرت رضا بریلوی دنیا کی وہ واحد شخصیت ہیں جن کے مختلف پہلوؤں پر دنیا کی بیس سے زیادہ یونیورسٹیوں میں کام ہوا اور ہو رہا ہے۔ حضرت رضا بریلوی کی شاعری پر مندرجہ ذیل یونیورسٹیوں سے بعض فضلاء ایم فل اور پی، ایچ، ڈی کر چکے ہیں اور کچھ تحقیق میں مصروف ہیں۔

- ............ برمنگھم یونیورسٹی انگلستان
- ............ پنجاب یونیورسٹی پاکستان
- ............ روہیل کھنڈ یونیورسٹی بھارت
- ............ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی بھارت
- ............ عثمانیہ یونیورسٹی بھارت
- ............ کلکتہ یونیورسٹی بھارت
- ............ میسور یونیورسٹی بھارت (4)

یہ رپورٹ 1995ء تک کے جائزے تک ہی محیط ہے۔ اس عرصے میں کئی فضلاء آگے بڑھے ہیں۔ دیگر کچھ حضرات کام میں مصروف اور کچھ لب بام پہنچ جانے کی خوشی میں مست و مگن ہیں۔

حضرت رضا بریلوی کے وصال کو آج جب کہ پون صدی سے زیادہ کا عرصہ بیت چکا مگر لگتا ہے کہ جس طرح وہ اپنی حیات ظاہری میں پورے عہد پر چھائے ہوئے تھے۔ آج بھی چھائے ہوئے ہیں اور علم و فضل کے آفاق سے گھٹا بن کر برس رہے ہیں۔ بلکہ آج تو اس سے کہیں بڑھ کر

Marfat.com

ان کے کارناموں کو سراہا اور ان کی تحقیقات علمیہ سے استفادہ کیا جارہا ہے۔ جو بھی ان کے تحقیقی شہ پاروں کا دیانت ومتانت کے ساتھ مطالعہ کرتا ہے ان کے وفور علم اور جذبہ خلوص کو داد دیئے بغیر نہیں رہتا آج کے تحقیقی دور میں تو بہت زیادہ ضرورت ہے کہ ان کی تخلیقات سے قربت ومحبت پیدا کی جائے اس لئے کہ علم کی جو طمطراقی اور فکر ونظر کی جو ولولہ خیزی ان کے یہاں ہے بہت دور تک اس کی مثال عنقاء ہے۔ بلکہ ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نقشبندی خطیب وامام شاہی مسجد فتحپوری دہلی کا خیال تو یہ ہے کہ

"آج کل کے محقق اور ریسرچ اسکالر اگر اپنے مضامین کی تدوین سے پہلے مولانا کی تصانیف کو پڑھ لیں۔ تو کافی حد تک یہ اسکالرز اپنے گائیڈس یا سپروائزرس سے بے نیاز ہو کر کام کرنے کے قابل ہو جائیں گے"۔(5)

شاید یہی وجہ ہے کہ جامعات کے مدبرین۔ کالجز کے اساتذہ، اور دیگر علمی وادبی اداروں کے دیدہ وروں نے حضرت رضا بریلوی کی علمی عظمت اور قد آور شخصیت کے اعتراف میں حضرت رضا بریلوی کا کلام اور نام وکام انسائیکلوپیڈیاز میں شامل کیا ہے، کروایا ہے۔ اور اس تعلق سے بڑی روشن خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقول ماہر رضویات ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری۔ روہیل کھنڈ یونیورسٹی بریلی کی اردو نصاب کمیٹی کے کنوینز پروفیسر نواب حسین خاں نظامی (شعبہ اردو بریلی کالج بریلی) کی ذاتی کوشش سے پہلی مرتبہ ایم، اے اردو کے پہلے پرچے میں امام احمد رضا خاں بریلوی...... کی نعتیں شامل کی گئیں۔ عرصہ ہوا سندھ یونیورسٹی حیدرآباد میں ایم اے اردو کے نظم کے پرچے میں پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں کی کوشش سے امام احمد رضا خان کا نعتیہ قصیدہ شامل کیا گیا۔ پروفیسر نواب حسین خاں نظامی نے ایک اور اہم کام یہ کیا کہ ایم، اے اردو کے ساتویں پرچے میں جو مصنف کے مطالعے کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ امام احمد رضا کا نام شامل کرایا.......... پروفیسر نواب حسین خاں صاحب کی نگرانی میں سید مجیب اللہ، مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا (فرزند اصغر حضرت رضا بریلوی) شخصیت وفن کے عنوان پر ڈاکٹریٹ کے لئے تحقیق کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ امام احمد رضا کے والد ماجد مولانا محمد نقی علی خاں کی حیات اور ادبی کارناموں پر بھی تحقیق کر رہے ہیں.......... بریلی کالج کے شعبہ عربی کے انچارج

Marfat.com

پروفیسر محمود حسین بریلوی نے امام احمد رضا کے عربی آثار پر علی گڈھ مسلم یونیورسٹی سے ایم۔فل کیا۔اور پروفیسر ڈاکٹر عبدالہادی ندوی نے موصوف کی نگرانی فرما کر عدل گستری اور وسعت قلبی کی روشن مثال قائم کی۔ پروفیسر محمود حسین بریلوی نے عربی کے ڈپلوما کورس میں تحقیق کے لئے نصابی شخصیات میں امام احمد رضا کا نام شامل کرایا۔(6)

یہ وہ زندہ و جاوید اثرات ہیں جن کی ضوفشانیاں اب عالمی جامعات کو اپنی طرف متوجہ کر رہی ہے شخصیات متاثر ہورہی ہیں۔ نئے مستقبل کی تعمیر کا آغاز ہو رہا ہے۔اس میں کوئی دورائے نہیں کہ ان کے علمی اور تحقیقی کارنامے اس لائق ہیں کہ لوح سیمیں پر قلم زریں سے لکھا جائے۔ تاہم ان تمام کارناموں سے ہٹ کر ان کا ایک اور کارنامہ بھی ہے جو تمام کارناموں کا سرمایہ ہے اور وہ ہے۔ ''عشق رسول کا تحفظ'' ان کی تمام عمر مذہبی محاذ پر جہاد بالقلم کرتے ہوئے گذری اور چوں کہ انہیں اپنے مشن کی صداقت پر کامل یقین تھا لہٰذا اس معاملے میں انہوں نے کسی کی رعایت نہیں کی۔تحریک وہابیت ان کے خیال میں خالص عجمی تحریک تھی۔ جو اسلام کے اصل اصول یعنی عشق رسول کے خلاف ایک بڑی سازش تھی انہوں نے اس تحریک کو بڑی تشویش کی نظر سے دیکھا اس کے خوفناک عواقب کا تجزیہ کیا۔ پھر کیا تھا اپنے تمام علمی فضل و کمال اور عملی جاہ و جلال کے ساتھ ہر ایسی تحریک کے سامنے ڈٹ گئے۔اپنے پورے وجود کو داؤ پر لگا دیا مگر قوم وملت کی کشتی کو بدعقیدگی کے دلدل میں پھنسنے سے بچالیا۔بھٹکتے ہوئے قلوب کو سنبھالا اور ڈگمگاتے ہوئے قدم کو صراط مستقیم عطا کیا۔سید غوث علی شاہ، سابق وزیر اعلیٰ سندھ پاکستان تحریر فرماتے ہیں۔

''وہ ایک سچے عاشق رسول تھے۔ان کا سب سے بڑا کارنامہ مسلمانوں کے دلوں میں محبت رسول ﷺ کی شمع روشن کرنا ہے۔اور آج برصغیر پاک وہند میں، بلکہ سارے عالم اسلام میں انہیں کی کاوشوں کا فیض ہے کہ ہر مسلمان کا دل حب رسول کے کیف سے سرشار اور سینہ نور محمدی سے منور ہے۔'' (7)

یہ ان کا زندہ و تابندہ احساس ہے کہ انہوں نے چراغ عشق بجھنے نہ دیا، دولت ایمان لٹنے نہ دی۔ان کے زمانے میں جیسی گستاخی خدا و مصطفیٰ سے لبریز کتابیں مارکیٹ میں آنے لگی تھیں، یہ انہیں کی غیرت عشق کی آواز اور مجاہدانہ للکار کا اثر ہے کہ بعد کے دور میں یہ سلسلہ ٹوٹا، اور حالت یہ ہے کہ آج لوگ بارگاہ رسالت میں بے ادب ہونے سے جھجکتے ہیں۔ دلوں میں احترام و عقیدت

Marfat.com

کے بند سوتے پھر سے جاری ہوئے ہیں۔ اور محبت کا ماحول بنا ہے۔ حضرت علامہ عبدالحمید صاحب شیخ الجامعۃ حیدرآباد دکن رقم طراز ہیں۔

''مولانا احمد رضا خانصاحب سیف الاسلام اور مجاہد اعظم گذرے ہیں، اہلسنت و جماعت کے مسلک وعقائد کا ایک مضبوط قلعہ تھے، آپ کا مسلمانوں پر احسان عظیم یہ ہے کہ ان کے دلوں میں عظمت و احترام رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اولیائے امت کے ساتھ وابستگی برقرار ہے۔ خود مخالفین پر بھی اسکا اچھا خاصا اثر پڑا اور ان کا گستاخانہ لب ولہجہ درست ہوا (8)

تقریر ہو یا تحریر، دعوت ہو یا تبلیغ بر سر عام گستاخی کا جو لب ولہجہ تھا اس میں بدلاؤ اور بے باکی کا جو رویہ تھا اس میں ٹھہراؤ آ رہا ہے۔ اپنی نجی مجلس میں کوئی چاہے جس شیوہ کو پسند کرے۔ جس انداز میں رہے اور جس طرح بولے مگر عمومی اجتماعات احتیاط کے سانچے میں ڈھل رہے ہیں۔ ماضی کی مابہ النزاع چند کتابوں کو چھوڑ کر آج جو کتاب منظر عام پر آ رہی ہے اس میں بیشتر میں ایمان کے اصل الاصول محبت رسول کا پیغام دیا جا رہا ہے اپنے اسلاف کی روش سے بے اعتنائی کتنی سود مند ثابت ہوگی۔ یہ تو آنے والا وقت ان کو بتلائے گا۔ یہاں ہم دکھانا یہ چاہتے ہیں کہ حضرت رضا بریلوی نے ان گستاخانہ تحریرات کے خلاف جو تحریک چلائی تھی۔ جو مجاہدانہ یلغار کیا تھا۔ صحرا میں جو صدا آپ نے بلند کی تھی جو نعرۂ مستانہ لگایا تھا اس کی بازگشت اب اچھی طرح سنی جا سکتی ہے۔ آپ کے خلفاء و تلامذہ احباب واعزا نے اس نعرہ کو صرف کلیجہ سے لگایا ہی نہیں بلکہ اکناف عالم میں پھیلانے کی سعی بلیغ فرمائی نتیجہ یہ ہوا کہ عظمت و شان مصطفےٰ سے دنیا واقف ہوئی۔ محبت کی فضا بنی اور ایک نیا ماحول فرسودہ خیالات کے دریچہ پر دستک دینے لگا۔ یہ حقیقت ہے کہ دنیا میں جہاں کہیں بھی جمال نبوت کے فدائی اور کمال رسالت کے شیدائی موجود ہیں ان کے طاق دل پر حضرت رضا بریلوی کا نام بھی جلوہ آرا ہے۔ بلکہ یہ انہیں سے حسن عقیدت کا سعادت بخش انجام ہے کہ ذہن وفکر سرکار مدینہ ﷺ کی محبت والفت سے مملوو مزین ہے رسول کی محبت کے لئے رضا کی عقیدت اب لازمی ہو چکی ہے۔ دوسری جگہوں کا تو خیر کہنا ہی کیا ہے۔ خود اشرف البلاد حرمین شریفین میں جو حضرت رضا بریلوی سے حسن عقیدت کے گلشن آباد ہیں، آپ کے ذکر و تذکرے کی جو تجلیات ہیں۔ وہ دیدۂ عبرت سے پڑھنے اور گوش شنوا سے سننے کے لائق ہیں 1379ھ 1959ء میں مولانا غلام مصطفےٰ صاحب مدرس مدرسہ عربیہ اشرف العلوم گھوڑا مارا، راجشاہی، بنگلہ دیش۔ زیارت

Marfat.com

حرمین شریفین کے لئے حاضر ہوئے۔ موصوف نے اس سفر کے حالات وواقعات ایک سفرنامے کی صورت میں 1969ء میں شائع کیا۔ اس میں لکھا ہے کہ مولانا مفتی سعد اللہ مکی فرماتے تھے کہ بلاد عرب میں عموماً اور حرمین شریفین میں خصوصاً علمائے کرام جس قدر فاضل بریلوی سے واقف ہیں خود ہندوستان کے لوگ نہیں۔ چنانچہ آپ نے بطور آزمائش مولانا غلام مصطفیٰ مذکور کو ان کے رفقاء کے ساتھ مولانا سید محمد علوی مالکی کی خدمت میں بھیجا جو اس وقت مکہ معظمہ میں قاضی القضاۃ تھے۔ موصوف کے والد حضرت رضا بریلوی کے ہم عصر تھے یہ حضرات ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو مولانا غلام مصطفیٰ نے اپنا اور رفقاء کا تعارف کرایا۔ نحن تلامیذ تلامیذ اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں الفاضل البریلوی رحمتہ اللہ، اتنا سننا تھا کہ مولانا سید محمد علوی سروقد کھڑے ہوگئے اور ایک ایک سے معانقہ فرمایا اور پھر ارشاد فرمایا نحن نعرفه من تصنیفاته و تالیفاته حسبه ، علامة السنته و بغضه علامة البدعته ہم ان کو ان کی تصنیفات وتالیفات سے پہنچانتے ہیں ان سے محبت سنت کی نشانی ہے اور ان سے عداوت بدعتی کی پہچان ہے۔(9)

مولانا غلام مصطفیٰ نے کچھ اور اکابر ومشائخ کے مشاہدات بھی تحریر کئے ہیں جن سے حضرت رضا بریلوی کے افکار کے سورج کی شعاع خزی اور آپ کے شخصیت کی اثر پذیری کا خوب خوب اندازہ ہوتا ہے۔ انقلاب آفرینی کا سلسلہ جو آپ کی حیات ظاہری میں شروع ہو چکا تھا۔ زمانہ گذرنے کے بعد آج بھی اس کی تابنا کی بلکہ نت نئی جلوہ آرائی دیکھی جاسکتی ہے اور کیوں نہ ہو کہ وہ خود سراپا انقلاب تھے۔ ان کے تصور انقلاب نے فکر وعمل کی ہر جہت کو متاثر کیا ہے، ان کے قلم نے جدھر کا رخ کرلیا انقلاب برپا ہوتا گیا علم وادب کی ہر شاخ آپ کے انقلاب کے گواہی دے دی رہی ہے۔ نثری ادب کی گردن تو آپ کے بار احسان سے خم ہے ہی۔ شعری ادب اس درجہ ممنون ہوا کہ نئی ڈگر پر چلنا شروع کردیا۔ غزل بہت سے شعراء نے کہی ہے اور آج وہی ان کی ذات کی پہچان ہے۔ مگر حضرت رضا بریلوی نے غزل اس انداز سے چھیڑا کہ نعت بنادیا اور نعت کو اس طرح اپنایا کہ زمین وزماں گونج اٹھے۔

مولانا حسنین رضا خاں خلیفہ و برادر زادہ حضرت رضا بریلوی کی تحریر میں "انہوں نے سرکار دوجہاں کی نعت پاک کے ایسے پیارے گیت گائے کہ سامعین کی دنیا تڑپ تڑپ گئی...... اور ملک بھر کے مشاعروں میں معشوق کے خدوخال اور زلف وکمر کی تعریف کے بجائے عموماً سرکار دوعام ﷺ کی نعت پاک کے نغمے بلند ہونے

Marfat.com

لگے.........ملک بھر میں مشاعروں کی دنیا بدل رہی ہے(10)

ملت کے خوابیدہ جذبوں کو جگانے۔رگوں میں حرارت ایمانی بیدار کرنے بندہ مومن کو مومنانہ اسپرٹ سے معمور کرنے کے لئے آپ نے جو نغمہ چھیڑا تھا جو تحریک چلائی تھی اس کے بڑے اچھے نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔گزشتہ بیس پچیس برسوں میں جو عملی اور قلمی بیداری کی لہر پیدا ہوئی ہے بلا شبہ یہ ایک خوشگوار تبدیلی ہے۔اور اسی تبدیلی کا یہ مثبت پہلو ہے کہ مسلک اہلسنت کا کام بڑی تیز رفتاری سے جاری وساری ہے۔اور اب تو ہر میدان میں ہمارے کاموں کی وسعت وہمہ گیری کو محسوس کیا جارہا ہے۔اور مسرت بالائے مسرت یہ ہے کہ علماء اور اساتذہ نے اس خلوص، بلند آہنگی آہنی عزائم اور انتہائی رسوخ ووثوق سے حضرت رضا بریلوی کا پیغام نشر کیا کہ اب تو مشرقی دنیا سے زیادہ مغربی دنیا ان کے جودت علمی پر تحقیق کر رہی ہے۔بیسویں صدی کی آخری دہائیوں میں دنیا نے ایک بار پھر حضرت رضا بریلوی کی آفاقی عبقریت اور نوک قلم کے طمطراق کو محسوس کیا ہے۔حکومت کی سطح پر بھی سنجیدہ اور پسندیدہ نظروں سے آپ کے نام اور کام دیکھا جارہا ہے۔علامہ محمد ابراہیم خوشتر صدیقی (مانچسٹر) کی کوششوں سے جنوبی افریقہ کے صدر ''نیلسن منڈیلا'' نے فتاویٰ رضویہ'' اور فتاویٰ ''عالمگیری'' کو مسلم لاء کے معاملات میں بنیادی ماخذ کے طور پر منظور کرلیا ہے۔اب وہاں عدالتی فیصلوں میں فتاویٰ رضویہ کے فیصلے بھی مستند ہوں گے۔(11)

مسجد، مدرسہ، خانقاہ، یہی تین دراصل اسلام کے اصلی مراکز ہیں اور یہ تینوں مراکز اہلسنت کے حوالے سے حضرت رضا بریلوی کے فیضان وعرفان سے آباد ہیں باطل نظریات کی بیخ کنی کے لئے جب بحث ومباحثہ کی ضرورت پڑتی ہے تو آپ ہی کے افکار عالیہ کام آرہے ہیں۔فسطائی نظریات جب اسلام تصورات کو چیلنج کرتے ہیں تو آپ ہی کی شمع افکار سے قلوب واذہان میں چراغاں کیا جاتا ہے۔غرض کہ جہاں بھی اور جیسی بھی دینی، روحانی ضرورت سامنے آتی ہے آپ ہی کی تصنیفات و تالیفات سے ہر ضرورت کی تکمیل ہو رہی ہے اور انشاء اللہ دین وملت کی سچی خدمت اور مذہب اہلسنت کی اصلی تبلیغ واشاعت آپ ہی کے مسلک جو مسلک اعلیٰ حضرت سے موسوم ہے، سے ہوتی رہے گی۔

Marfat.com

# حوالے

# حضرت رضا بریلوی کے تصور عشق کے

# عہد مابعد پر اثرات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | سیرت اعلیحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا | ص63 |
| 2 | امام احمد رضا اور مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار | ڈاکٹر جمال الدین اسلم | ص19 |
| 3 | جہان رضا ماہنامہ لاہور پاکستان | نومبر 1996ء | ص42 تا47 |
| 4 | انتخاب حدائق بخشش | ترتیب نو ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص285 |
| 5 | دبستان رضا | مولانا یاسین اختر مصباحی | ص165 |
| 6 | محدث بریلوی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ص14 |
| 7 | دبستان رضا | مولانا یاسین اختر مصباحی | 118 |
| 8 | دبستان رضا | // // | ص119 |
| 9 | سوانح اعلیحضرت | مولانا بدر الدین رضوی | ص388 |
| 10 | سیرت اعلیحضرت مع کرامات | مولانا حسنین رضا | ص7 |
| 11 | افکار رضا، سہ ماہی بمبئی | شمارہ 2رجلد 1 | ص30 |

Marfat.com

## حضرت رضا بریلوی کا تصورِ عشق

# عالمگیر تحریک عالمگیر ضرورت

کہنے والے نے یہ بات بڑی سچی کہی ہے کہ امام احمد رضا کا خمیر تین چیزوں کا مرکب تھا، علم...... عمل...... اور عشق...... کمال علم نے شاہراہ حیات و کائنات کی پیچیدگیاں واضح کیا۔ جلوۂ عمل نے شبستان رضا کی جلوت وخلوت میں امیدوں کا سویرا اور صبح یقین کا اجالا بکھیرا اور کیفیت عشق نے حال وقال محبوب کا وہ لبالب جام عطا کیا کہ رضا کے وجود سے عشق رسول کے شرارے پھوٹنے لگے، اور دنیا کی زبان پر ''عاشق مصطفٰے'' کا مقدس لقب جاری ہوگیا.......... ان کی ہر ادا عشق مصطفٰے کا ایک نیا عنوان تھی، مختلف انداز واسلوب میں آپ نے اپنا ''تصور عشق'' ایسا واضح فرمادیا کہ جو آگے چل کر رہروان کوچۂ محبوب کے لئے مینارہ نور ثابت ہوا۔ اور اب تو لوگ اسی اجالے میں دیار محبوب کا سفر کرنے میں فخر بلکہ قبولیت سرکار کی ضمانت سمجھنے لگے ہیں۔

جیسا کہ عرض کیا جاچکا ہے۔ حضرت رضا بریلوی نے ایک ایسے ماحول میں ہوش کی آنکھیں اور شعور کی زبان کھولی تھیں جہاں رہزن رہبر کے لباس میں بڑی عیاری سے کام کررہے تھے مومنوں کے دلوں سے عشق مصطفٰے کی سلگتی ہوئی چنگاری بجھادینے کے لئے نہ معلوم کیا کیا ہتھکنڈے آزمائے جارہے تھے، نبوت مصطفٰے، محبت مصطفٰے، عظمت مصطفٰے، معجزات وکمالات مصطفٰے جو اصل دین وایمان اور روح اسلام وقرآن ہیں، چن چن کر بڑی بے رحمی سے ان غنچوں کو مسلا اور کلیوں کو کچلا جارہا تھا۔ ایسے دلدوز، روح فرسا، المناک ماحول میں حضرت رضا بریلوی ہی تھے جو اس طرح کے ہر حملے کا بڑی پامردی سے دفاع فرمارہے تھے۔ ایک وفادار غلام کی طرح آقا کے دامن عظمت پر چلنے والے ہر تیر کے لئے اپنا سینہ سپر کئے ہوئے تھے، اور ایک مخلص جانثار کی طرح ہر وار پر تڑپ تڑپ جاتے تھے، غرض کہ آپ کے تمام تر کارناموں کا خلاصہ صرف عظمت رسالت کا تحفظ ہے، ان کی کتابوں سے جلوۂ عشق لٹاتے چند اقتباس پیش خدمت ہیں۔ جن سے امید ہے کہ محبوں کا دل باغ

Marfat.com

باغ اور منافقوں کا سینہ داغ داغ ہو جائے گا۔ ملاحظہ فرمایئے آسمان عشق رضا کے چند کھلتے ہوئے تارے اور گلشن عشق رضا کے چند مہکتے ہوئے پھول سجایئے ان تاروں سے اپنے دامن دل کو اور معطر کیجئے ان پھولوں سے اپنی حیات و کائنات کو۔

• ............."عبادت ان کی کفر اور بے ان کی تعظیم حبط (برباد نا قابل اعتبار، منہ پر مار دیئے جانے کے قابل) ایمان ان کی محبت و عظمت کا نام ہے۔ (1) اسی مفہوم کو آپ نے اشعار میں اس طرح ڈھالا ہے۔

اللہ کی سر تابقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ (2)

• .............اگر مسلمان ہو تو ماں باپ کی عزت کو اللہ و رسول کی عزت سے کچھ نسبت نہ مانو گے۔ ماں باپ کی محبت و حمایت کو اللہ و رسول کی محبت و خدمت کے آگے ناچیز جانو گے۔ تو واجب واجب، لاکھ لاکھ واجب سے بڑھ کر واجب کہ ان کے بدگو سے وہ نفرت و دوری وغیظ و جدائی ہو کہ ماں باپ کے دشنام دہندہ کے ساتھ اس کا ہزاروں حصہ نہ ہو (3)

اور حدائق بخشش میں فرماتے ہیں۔

نور الٰہ کیا ہے محبت حبیب کی
جس دل میں یہ نہ ہو وہ جگہ خوک و خر کی ہے
اور تم پر میرے آقا کی عنایت نہ سہی
منکر و کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

• ............."بوجہ اطلاق آیات حضور اقدس ﷺ کی تعظیم جس طریقے سے کی جائے گی حسن و محمود رہے گی۔ اور خاص خاص طریقوں کے لئے ثبوت جدا گانہ درکار نہ ہوگا...... نبی ﷺ کی تعظیم تمام اقسام تعظیم کے ساتھ جن میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ الوہیت میں شریک کرنا نہ ہو ہر طرح امر مستحسن ہے، ان کے نزدیک جن کی آنکھوں کو اللہ تعالیٰ نے نور بخشا ہے۔ (4)

اور حدائق بخشش میں فرماتے ہیں۔

Marfat.com

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب
اس برے مذہب پہ لعنت کیجئے
کیجئے چرچا انہیں کا صبح و شام
جان کافر پر قیامت کیجئے

• ............ ہر نعمت قلیل یا کثیر یا کبیر، جسمانی یا روحانی، دینی یا دنیوی، ظاہری یا باطنی روز اول سے اب تک، اب سے قیامت تک، قیامت سے آخرت تک آخرت سے ابد تک، مومن یا کافر، مطیع یا فاجر، ملک یا انسان، جن یا حیوان، بلکہ تمام ماسوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی یا ملتی ہے یا ملے گی اس کی کلی انہیں کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے اور کھلے گی، انہی کے ہاتھوں پر بٹی اور بٹتی ہے اور بٹے گی یہ سرالوجود، واصل الوجود وخلیفۃ اللہ الاعظم، وولی نعمت عالم ہیں ﷺ یہ خود فرماتے ہیں، انا ابوالقاسم، اللہ یعطی وانا قاسم، میں ابوالقاسم ہوں۔ اللہ دیتا اور میں تقسیم فرماتا ہوں۔ (5)

اسی مفہوم کو حدائق بخشش میں یوں شعر کے قالب میں پیش کرتے ہیں۔

بے ان کے واسطے کے خدا کچھ عطا کرے
حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے
لاورب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

• ............ حضور کے عالم حیات ظاہری میں حضور ظاہر تھا۔ اب حضور مزار پرانوار ہے اور جہاں یہ بھی میسر نہ ہو تو دل سے حضور پرنور کی طرف توجہ۔ حضور سے توسل، فریاد و استغاثہ طلب شفاعت کہ حضور ﷺ اب بھی ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔ مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں "روح النبی ﷺ حاضرۃ فی بیوت اھل الاسلام (ختم النبوۃ) اور اعتقاد الاحباب میں تحریر فرماتے ہیں...... " حضور نے حضرت نجاشی کی نماز جنازہ ادا فرمائی تو حضرت نجاشی کی میت سامنے نظر آ رہی تھی۔ حالانکہ وہ میت حبشہ میں موجود تھی اور حضور مدینہ منورہ میں تشریف فرماتے تھے یہ امر آپ کے شاہد کل ہونے پر دلالت کرتا ہے (6)

اسی مفہوم کو اپنے نعتیہ دیوان میں یوں شعر کا لبادہ بخشتا ہے۔

سر عرش پر ہے تیری گذر دل فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شی نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

Marfat.com

لامکاں تک اجالا ہے جس کا وہ ہے
ہر مکاں کا اجالا ہمارا نبی

• ............ انبیائے کرام کی حیات حقیقی، حسی، دنیاوی ہے۔ان پر تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لئے محض ایک آن کو موت طاری ہوتی ہے۔ پھر ویسے ہی ان کو حیات عطا فرمادی جاتی ہے، اس حیات پر وہی احکام دینوی ہیں، ان کا ترکہ بانٹا نہ جائے گا، ان کی ازواج کو نکاح حرام، نیز ازواج مطہرات پر عدت نہیں۔ قبور میں نماز پڑھتے، کھاتے پیتے ہیں۔(7)

اسی مفہوم کو نعت کے قالب میں یوں ڈھالتے ہیں۔؎

انبیاء کو بھی اجل آنی ہے
مگر ایسی کہ فقط آنی ہے
پھر اسی آن کے بعد ان کی حیات
مثل سابق وہی جسمانی ہے
روح تو سب کی ہے زندہ ان کا
جسم پر نور بھی روحانی ہے
تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
میری چشم عالم سے چھپ جانے والے

• ............ وہ بشر ہیں لیکن عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف واحسن وہ انسان ہیں، مگر ارواح وملائک سے ہزار درجہ الطف۔ وہ خود فرماتے ہیں۔ لست مثلکم میں تم جیسا نہیں۔ رواہ الشیخان۔ ویروی لست کھیئتکم، میں تمہاری ہیئت پر نہیں ویروی، ایکم مثلی تم میں کون مجھ جیسا ہے۔ آخر علامہ خفاجی کو فرماتے سنا آپ کا بشر ہونا اور نور درخشندہ ہونا منافی نہیں...... گویا؎

محمد بشر لا کا بشر
بل ھو یاقوت بین الحجر

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)(8)

اور حدائق بخشش میں یوں اظہار فرماتے ہیں ؎

اللہ کی سرتا بقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا
تیری خلق کو حق نے جمیل کیا

Marfat.com

کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا　　تیرے خالق حسن و ادا کی قسم

• ............ حضور پرنور سید عالم ﷺ بلا شبہ اللہ عزوجل کے نور ذاتی سے پیدا ہیں۔ حدیث میں وارد ہے۔ ان اللہ تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا (رواہ عبدالرزاق ونحوہ عندالبیہقی) حدیث میں نورہ فرمایا ہے جس کی ضمیر اللہ کی طرف ہے کہ اسم ذات ہے من نور جمالہ یا نور علمہ یانور رحمتہ وغیرہ نہ فرمایا۔ کہ نور صفات سے تخلیق ہو۔ علامہ زرقانی رحمہ اللہ اسی حدیث کے تحت فرماتے ہیں۔ من نورہٖ ای من نور ذاتہ (صلوٰۃ الصفاء)(9)

اس عقیدے کو آپ نے اپنے اشعار میں بھی بیان کیا ہے۔

وہی نورحق وہی ظل رب ہے انہیں سے سب ہے انہیں کا سب
نہیں ان کی ملک میں آسماں کہ زمیں نہیں کہ زماں نہیں
شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لئے آیا ہے سورہ نور کا
تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور اتیرا سب گھرانہ نور کا

سبحان اللہ ان منتخب اقتباسات میں سے آپ چاہے جس کو دیکھئے ہر اقتباس اپنی جگہ پر واقعی نور کا ٹکڑا ہے بارگاہ رسالت سے آپ کی وابستگی کتنے عروج پر تھی اس بلندی کا اندازہ لگانے کیلئے تو رضا بریلوی کی نظر اور رضا بریلوی کا دل ودماغ درکار ہے آپ نے نثر و نظم کے ذریعہ الفاظ کے پیکر میں عشق حبیب کا وہ علم بھر دیا ہے کہ مفاہیم کے پرت کے پرت کھولتے جایئے ان کے جذبے کی گہرائی ہاتھ نہیں آنے پاتی۔ اور ناچار یہی کہنا پڑتا ہے کہ ان کے احساسات وتصورات کی پاکیزگی ورنگارنگی تولی اور ناپی نہیں جاسکتی۔ وہ اداشناس ادب تھے اس لئے ان کی تخلیقی قدروں کی پیمائش کے لئے اولین شرط ادا شناس ادب ہونا ہے۔ ماہر رضویات ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری فرماتے ہیں۔

"رضا بریلوی کا مطالعہ ومشاہدہ بڑا وسیع تھا اس لئے ان کا ذہنی افق وسعتوں کو اپنے آغوش میں لئے ہوئے ہے ہم ان وسعتوں میں پرواز کرتے ہیں مگر پا نہیں سکتے، اس کی حدود کو چھو نہیں سکتے۔ ان وسعتوں کے باہر جانا تو بہت دور کی بات ہے فکروفن کے بھی سماوات ہیں ان کی پہنائیوں کو وہی پاسکتے ہیں جو اداشناس ادب ہوں (10)

Marfat.com

اس اداشناس عشق وادب نے پون صدی پہلے جو نغمے الاپے تھے۔ جو پھریرا لہرایا تھا جو پرچم بلند کیا تھا اور عالم اسلام کو بارگاہ رسول کی قربت ونسبت کا جو درس دیا تھا۔ آج زمانے کو اس پیغام کے ہر جزوکل کی ضرورت ہے اس لئے کہ آج عالم دگرگوں ہے ہولناک صدائیں سنتے سنتے لوگوں کے کان پک گئے ہیں نفرتوں سے دماغ کھول رہے ہیں۔ محبت کے چمن لٹ رہے ہیں۔ بھانت بھانت کی بولی بولی جارہی ہے نت نئے اور فاسد خیالات سے علم وادب کی فضا متعفن ہورہی ہے۔ ایسے میں تو پیغام رضا کی ضرورت اور شدید ہوگئی ہے، اس لئے کہ رضا بریلوی کا پیغام محبت کا پیغام ہے۔ رضا بریلوی کا پیغام سکون جان وتسکین قلب کا پیغام ہے۔ رضا بریلوی کا پیغام خوف خدا اور عشق مصطفٰے کا پیغام ہے، رضا بریلوی کا پیغام صالح فکر وشعور کا پیغام ہے۔ رضا بریلوی کا پیغام قرآن وحدیث اور فقہ وتصوف کا عطر ونچوڑ ہے ان کے پیغام میں وہ سب کچھ ہے جس کی زمانے کو ضرورت تھی، ہے، اور رہے گی، ان کے پیغام کی افادیت ہر دور میں اپنے اور غیروں سے اپنی عظمت کا لوہا تسلیم کرواتی رہے گی۔ اس لئے کہ ان کے پیغام میں افکار شریعت و طریقت کی گونج دور سے ہی کانوں میں رس گھولتی ہے انہوں نے عشق رسالت کی بدولت اس دور زبوں کار، زبوں حال میں دولت ایمان وعشق کی حفاظت فرمائی جس کی ہولناکی سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ وہ کیسا عاشق رسول تھا جس کے ہر موئے تن سے عشق وفا کی خوشبو پھوٹتی تھی۔ وہ کیسا عاشق رسول تھا جو ہر مومن کو اپنی ہر تحریک سے عاشق رسول بنانے کا آرزومند تھا۔ پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری تحریر فرماتے ہیں۔

''وہ عاشق رسول تھا اس کے عشق جہانتاب کے موافق ومخالف سب قائل تھے، وہ ادب آموز حیات تھا۔ وہ نہ ہوتا تو ہماری بے باکیاں، خود فراموشیاں اور گستاخیاں نہ معلوم کیا رنگ لاتیں۔ اس کی شدید تنقیدات نے بے راہ روی کے سیلاب کو یکلخت روک دیا۔ اور برصغیر میں ہم اس قابل ہوسکے کہ اپنے ملی تشخص کو برقرار رکھ سکیں اور اپنے دین ودنیا کی حفاظت کرسکیں (11)

حضرت رضا بریلوی کی حیات، خدمات وتخلیقات کا خلاصہ صرف تین چیزیں نظر آتی ہیں۔

(1) دنیا بھر کی ہر ایک لائق محبت ومستحق تعظیم چیز سے زیادہ اللہ ورسول کی محبت وتعظیم

(2) اللہ ورسول ہی کی خوشی کے لئے اللہ ورسول کے دشمنوں سے نفرت وعداوت

Marfat.com

(3) اللہ ورسول ہی کی رضا کے لئے اللہ ورسول کے دوستوں سے دوستی ومحبت (12)

آپ اپنی ساری عمر دنیا کو یہی بتاتے رہے کہ جس مسلمان کے دل میں ان تینوں باتوں میں سے ایک بات بھی کامل نہیں تو اس کا ایمان بھی کامل نہیں، الغرض آپ نے مسلمانان عالم کو شان الٰہی کا سچا ادب سکھایا۔ پیارے مصطفےٰ ﷺ کی تعظیم وتوقیر کا سبق پڑھایا۔ حضرات انبیاء ومرسلین علیھم الصلوٰۃ والسلام کی عزت وحرمت کا گن گانا بتایا۔ صحابہ واہلبیت عظام رضوان اللہ علیھم اجمعین کی محبت وعقیدت کا درس دیا۔ حضرات اولیاء قدست اسرارھم کے احترام واکرام کا چراغ روشن کیا۔ محبوبان بارگاہ الٰہی کے دشمنوں سے دور ونفور رہنے کا شرعی حکم سنایا۔ آپ کی یہ رباعی آپ کی زندگی کی عکاس ہے۔

نہ مرا نوش ز تحسیں نہ مرا نیش زطعن
نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم و کنج خمولی کہ نہ گنجد دروے
جزمن و چند کتابے و دوات و قلمے

حضرت رضا بریلوی کے تصورات عشق وعلم کا خلاصہ ان کی تمام تر صفات کا نچوڑ صرف تین چیزیں ہیں۔

(1) تصلب فی الدین۔

(2) عشق مصطفےٰ۔

(3) رد بدعات ومنکرات۔

تمام گوشۂ حیات اور اپنے ہر کردار وگفتار میں وہی انداز اختیار کرتے جو دین وایمان کی روح سے قریب تر ہوتا۔ اور اسلام کے قوانین وفرامین اور اس کی خصوصیات کو ہر قدم پر پیش نظر رکھتے۔ آپ کا ہر فیصلہ دینی فکر ومزاج کی روشنی میں ہوتا۔ اتباع شریعت کا اتنا خیال کہ اپنی نشست و برخاست، گفتگو وملاقات ہر چیز میں مزاج شریعت اور اسلامی آداب کی پابندی کرتے۔

عشق ومحبت رسول ﷺ جو آپ کا طرۂ امتیاز تھا اس کا سارا زمانہ قائل ہے۔ اس ضمن میں یہ نکتہ ہمیشہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ مخالفین اور گستاخان رسول کی ایمان سوز عبارتوں پر جو آپ نے شرعی گرفتیں کی ہیں۔ وہ بھی جذبۂ عشق رسول ہی کے تحت، اپنے رسول کی بارگاہ میں ایسا کوئی جملہ برداشت نہ کر سکے جس سے جناب رسالت مآب ﷺ کی شان مبارک میں گستاخی کا ثبوت ہوتا

Marfat.com

ہو۔ وہ سینہ ہی کیا جو عشق رسول کی تپش سے محروم ہو۔ حضرت رضا بریلوی کا یہ حال تھا کہ رسول ہاشمی ﷺ کے اسم مبارک پر ایک دو نہیں بلکہ کروڑوں جان قربان کرنے کی تمنا رکھتے تھے۔ عرض کرتے ہیں۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا، نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا، کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

رد بدعات ومنکرات کا جو عظیم الشان کارنامہ آپ نے انجام دیا اس کی نظیر آپ کے معاصرین میں نہیں ملتی، مسلم معاشرے میں پھیلی ہوئی بہت سی بدعتوں اور اوہام وخرافات کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کی سعی بلیغ کی اور جا بجا ان پر نکیر فرمائی اور ان کے مضرات ونقصانات سے ہر سائل و مستفتی کو باخبر اور ہوشیار کیا، آپ کی مطبوعہ کتب ورسائل اور فتاویٰ رضویہ کے مطالعہ سے یہ بات متحقق ہو جاتی ہے کہ آپ اپنے پورے عہد میں (1) تبحر علمی ، وسعت فکر ونظر اور واضح ومحکم فیصلہ کے لحاظ سے عدیم النظیر ہیں (13)

حضرت رضا بریلوی نے عشق مصطفےٰ ﷺ کو ملت کی فکری اساس قرار دیا۔ ان کے نزدیک زندگی عشق مصطفےٰ ﷺ سے عبارت ہے۔

پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری رقم طراز ہیں۔

"امام احمد رضا کی نظر میں جمال مصطفےٰ ﷺ ایسا سمایا ہوا ہے کہ نظروں میں کوئی جچتا نہیں، ان کے نزدیک ہماری ساری توانائیاں اور ہمارا مرنا جینا سب محمد مصطفےٰ کے لئے ہے۔ کیا خوب فرمایا ہے۔

دہن میں زباں تمہارے لئے بدن میں ہے جاں تمہارے لئے
ہم آئے یہاں تمہارے لئے اٹھیں بھی وہاں تمہارے لئے

امام احمد رضا نے دلوں کو عشق مصطفےٰ (ﷺ) کی گرمی سے گرمایا اور اس سلسلے میں امام احمد رضا نے ایک بھرپور تحریک چلائی آج کے دور میں اسی جذبۂ عشق کی ضرورت ہے جو کمزوروں کو توانا مغلوبوں کو غالب، محکوموں حاکم۔ اور غلاموں کو بادشاہ بنا دیا کرتا ہے۔ (14)

مدت العمر آپ نے عالم اسلام کو یہی پیغام دیا کہ محمد عربی ﷺ کے دامن مقدس سے وابستہ ہو کر ہی انسانیت اپنی منزل مقصود تک پہنچ سکتی ہے۔ ان کی تعلیمات مبارکہ پر ہی عمل کر کے دنیا کے مصائب وآلام کا خاتمہ ہو سکتا ہے اور سنت رسول علیہ التحیہ والثناء کی روشنی میں ہی بے قرار

Marfat.com

انسانیت کو راحت دل اور امن وسکون میسر آ سکتا ہے۔اپنے جذبات وخواہشات اپنے مفادات و مصالح اور اپنی جان و مال کو عظمت رسول ﷺ پر قربان کر دیا جائے اور رسول اکرم ﷺ کی ذات و صفات سے قرب حاصل کرنے کو مقصد حیات تصور کرلیا جائے۔حضرت رضا بریلوی کا یہ پیغام صرف بریلی کی آواز نہیں یہ تو عالمگیر آواز اور ہمہ گیر تحریک ہے۔اس کی آفاقیت اور اجتماعیت بول رہی ہے یہی وہ عالمگیر تحریک ہے جس سے خیالات وتصورات کی دنیا تہہ و بالا ہوئی تھی یہی وہ تحریک ہے جس سے دلوں کے آفاق فتح ہوئے تھے، یہی وہ تحریک ہے جس سے قیصر و کسریٰ کی شوکت و سطوت لرزتی تھی۔ یہی وہ تحریک ہے جس نے گردن فرازوں کے سر اپنے قدموں میں جھکا لئے تھے،اسی تحریک کو لے کر جب غلامان مصطفیٰ آگے بڑھے ہیں تو انہوں نے زمان ومکان کے نقشے بدل دیئے تھے۔ پھر تو عالم یہ ہوا کہ۔

جہاں پہونچے زمیں کو آسماں سے کر دیا اونچا
جہاں ٹھہرے درو دیوار کا نقشہ بدل آئے

اپنی عظمت رفتہ کو پانے کے لئے ،اپنی کھوئی ہوئی شان وشوکت کی تحصیل کے لئے ،اپنے گئے ہوئے باوقار ایام کی بازیابی کے لئے انگریزی و دیگر اسلام دشمن نظریات کے بندھن میں جکڑے ہوئے ذہن وفکر کی واگذاری کے لئے ،اپنے گنوائے ہوئے مقام ومنصب کی بحالی کے لئے ، دنیا کے امن وسکون کے لئے ،فرد کے چین اور جماعت کی راحت کے لئے ،ملک کی بہتری اور ملت کی برتری کے لئے ، دینی فکر ومزاج کی سلامتی وتحفظ کے لئے۔افکار وخیالات کی پاکیزگی اور آبیاری کے لئے ، معاشرت ومعیشت کی فلاح و بہبودی کیلئے ،قوم مسلم کی باآبرو اور سرخروزندگی کے لئے ، ایک مسلمان کو صحیح معنیٰ میں مسلمان بنانے اور بنے رہنے کے لئے اللہ کی رضا اور رسول کی خوشنودی کے لئے ، حضرت رضا بریلی کی چلائی ہوئی تحریک محبت کو سینے سے لگانے کی ضرورت ہے اسے اپنانے اور اپنا بنانے کی ضرورت ہے۔

قومیں عشق ہی سے زندہ رہتی ہیں ملت مسلمہ بھی عشق ہی سے زندہ ہوئی عشق ہی سے زندہ رہی عشق ہی سے زندہ رہے گی عشق جتنا محکم ہوگا زندگی اتنی پائندہ ہوگی۔ احمد رضا محبت کی موت کو ملت کی موت سمجھتا تھا اس لئے اس نے محبت کی خاطر ملک گیر تحریک چلائی دلوں کو مرنے نہ دیا زندہ رکھا۔ اس کو معلوم تھا عشق ومحبت نے صحابہ کو سرفراز کیا........... ان کا کہنا تھا کہ کوئی علم وفن اللہ اور اس کے رسول کے ذکر سے خالی نہ ہونا چاہئے ۔ یہ ایک ایسا انقلابی خیال تھا کہ اگر اس پر عمل

Marfat.com

کرلیا جاتا تو دل و دماغ اس طرح ویران نہ ہوتے جس طرح آج ویران ہیں دلوں کی اجڑی بستی کی باز آبادکاری کے لئے حضرت رضا بریلوی کا پیغام ہی عالمگیر تحریک اور عالمگیر ضرورت ہے۔

## حاصل باب

شخصیت یونہی نہیں بنتی اس کے پیچھے کتنے عوامل کارفرما ہوتے ہیں، کسان بیج زمین میں ڈالتا ہے، زمین اسے اپنا آغوش دیتی ہے، سورج تمازت دیتا ہے بارش نمی دیتی ہے تب زمین سے کومل کونپل نکلتی ہے، نازک پودا نکلتا ہے، اب شبنم اس کا چہرہ دھلاتی ہے، نسیم وصبا جھولا جھلاتی ہے، چاندنی اپنا دودھ پلاتی ہے، کسان خود رو پودوں سے اس کی حفاظت کرتا ہے، تب کلیاں کھلتی اور پھول مسکراتے ہیں، .................. حضرت رضا بریلوی کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ ہے، ان کی تعمیر شخصیت کے جو عوامل ہمیں نظر آتے ہیں ان میں کسی نے ان کے دامن حیات پر علم کے گل بوٹے سجائے ہیں، تو کسی نے عمل کی آئینہ بندی کی ہے، ان کی تربیت اخلاق وافکار کے یہ ظاہری وسائل وذرائع ہیں جو ہمیں نظر آتے ہیں، لیکن ان کے علم کی سمندر جیسی وسعت، ان کے عمل کی ہمالہ جیسی بلندی وصلابت، ان کے اخلاق وافکار کی پھول جیسی نزاکت ولطافت بول رہی ہے کہ علم ہو یا عمل ہر گلشن کی آبیاری عشق مصطفےٰ نے کی ہے، ان کی ہر چمک دمک میں مدینہ کی کرن کا اہم رول رہا ہے، آفتاب رسالت مدینہ میں جلوہ گر تھا اور اس کی کرن بریلی میں نور برسا رہی تھی۔ چوں کہ نوری پاور عالمی پاور ہاؤس سے ڈائرکٹ آرہا تھا اس لئے تجلیات کا دائرہ بھی محدود نہ تھا، علم وعمل، فکر ونظر، شعور آگہی، تجربہ ومشاہدہ، اخلاق وعادات، غرض کہ جس شعبہ پر اجالا پڑ گیا چمکتا چلا گیا، ذرہ پر اگر سورج کی کرن پڑ جائے تو اس میں بھی قوت پرواز آجاتی ہے تو پھر جس ہستی پر ماہتاب نبوت کی کرن پڑ جائے اس کی تجلیات اور پرتو فگنی کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔ اسے یوں سمجھئے ایک ہوتا ہے منور، اور ایک ہوتا ہے منور، منور کا فیض یافتہ ہی منور ہوتا ہے، جب منور سے اکتساب فیض کرکے منور چمک اٹھتا ہے، تو اب جو اس منور کے قریب آجائے، اس سے منسوب ہوجائے وہ بھی چمک اٹھتا ہے وہ بھی منور ہوجاتا ہے، افق حجاز سے نبوت کی کرن جگمگائی ''قد جاء کم من اللہ نور'' کی نوری شعائیں پھیلیں، میرا نبی منور بن کر نورانی کرن برسا رہا ہے، جماعت در جماعت لوگ آتے جا رہے ہیں صحابیت کے نور سے جگمگاتے جا رہے ہیں، منور بنتے جا رہے ہیں، منور نبی کی صحبت یافتہ صحابی بن کے چمکے، صحابی کا صحبت یافتہ تابعی بن کے چمکا،

Marfat.com

تابعی کا صحبت یافتہ تبع تابعی بن کے چمکا، علیٰ ہذالقیاس '' قرنا بعد قرن لوگ چمکتے جارہے ہیں منور بنتے جارہے ہیں۔ وہی کرن بغداد میں چمکی تو لوگوں نے غوث اعظم کہا۔ وہی کرن اجمیر میں چمکی لوگوں نے غیب نواز کہا۔ وہی کرن دلی میں چمکی لوگوں نے محبوب الٰہی کہا وہی کرن بریلی میں چمکی تو دنیا نے امام احمد رضا کہا۔ اب جوان سے قریب ہوگیا وہ بھی چمک گیا کوئی حجتہ الاسلام بن کے چمکا، کوئی مفتی اعظم بنکر چمکا، کوئی ملک العلماء بن کے چمکا، کوئی صدر الشریعہ بن کے چمکا، کوئی صدر الافاضل بن کے چمکا، اور جوان چمکنے والوں کے قریب ہوگیا وہ بھی سنورتا جارہا ہے، چمکتا جارہا ہے، روشنی ہے کہ پھیلتی جارہی ہے۔ مدنی کرن کا یہ فیضان ہے کہ حضرت رضا بریلوی نے ملک وملت اور فرد قوم کی جگمگاہٹ کا اہتمام وانتظام فرمادیا ہے۔ شمع جلا جلا کر آپ نے رکھ دی ہیں، جس کا جی چاہے منور ہو جائے، اور جس طرح چاہے منور ہوجائے، جس گوشے کو چاہے منور کرے۔ زبان وادب کو روشنی کی ضرورت ہے کنز الایمان، فتاویٰ رضویہ، اور حدائق بخشش سے حاصل کرلو، قوم وملت کو روشنی کی ضرورت ہے حجتہ الاسلام، مفتی اعظم ہند، ملک العلماء اور صدر الشریعہ کے چراغ سے لو ملالو، ملکی سیاست کو روشنی کی ضرورت ہے اعلام الاعلام، اور المحجتہ الموتمنہ سے اکتساب نور کرلو، حضرت رضا بریلوی کی شمع مدنی شمع ہے اس کا فیضان، فیضان رحمت اللعالمین کی طرح سب کے لئے عام ہے۔

وہ ایک ذرہ تھے مگر صحرا کی وسعتیں بھی ان کے دامن میں پناہ لیتی تھیں، وہ ایک قطرہ تھے مگر سمندر کی تشنہ کامی بھی سیراب ہوا کرتی تھی، وہ ضعیف تھے مگر نا قابل تسخیر چٹان بھی ان سے عزم واستقامت کی بھیک مانگا کرتی تھی، وہ تن تنہا تھے مگر اپنی شخصیت میں ایک بڑی جماعت تھے۔ وہ اکیلے تھے مگر سواد اعظم تھے، وہ ایک نقطہ تھے مگر جب پھیلے تو اتنا پھیلے کہ اعلیٰ حضرت بن کر پوری دنیا پر چھا گئے مگر جب سمٹے تو اتنا سمٹے کہ مجسم عشق مصطفیٰ بن گئے۔ سنئے سنئے رضا کے عشق کی یہ آواز

انہیں جانا انہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

تمت بالخیر

تشنۂ کرم۔ غلام مصطفیٰ نجم القادری

۲۴ / جمادی الثانی ۱۴۲۲ھ 16 / ستمبر 2001ء

Marfat.com

# حوالے

## حضرت رضا بریلوی کا تصورِ عشق

## عالمگیر تحریک عالمگیر ضرورت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | مجدد الف ثانی اور اعلیٰحضرت امام احمد رضا بریلوی مولانا غلام مصطفےٰ صاحب مجددی | | ص111 |
| 2 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | 105 |
| 3 | تمہید ایمان | امام احمد رضا | ص21 |
| 4 | فتاویٰ رضویہ | امام احمد رضا | ص78 |
| 5 | ختم النبوہ | امام احمد رضا | ص29 |
| 6 | اعتقاد الاحباب | امام احمد رضا | ص17 |
| 7 | الملفوظ ج4 | مرتب مفتی اعظم ہند مولانا مصطفےٰ رضا قادری | ص30 |
| 8 | مجدد الف ثانی اور اعلیٰحضرت امام احمد رضا بریلوی، مولانا غلام مصطفےٰ مجددی | | ص100 |
| 9 | مجدد الف ثانی اور اعلیٰحضرت امام احمد رضا بریلوی، مولانا غلام مصطفےٰ مجددی | | ص94 |
| 10 | انتخاب حدائق بخشش۔ ڈاکٹر مسعود احمد مظہری | | ص13 |
| 11 | مقدمہ امام احمد رضا اور رد بدعات و منکرات مولانا یاسین اختر مصباحی | | ص91 |
| 12 | سوانح اعلیٰحضرت | مولانا بدر الدین رضوی | ص136 |
| 13 | امام احمد رضا اور رد بدعات و منکرات | مولانا یاسین اختر مصباحی ملخصاً | ص29 تا 32 |
| 14 | محدث بریلوی | ڈاکٹر مسعود احمد مظہری | ص22,21 |

Marfat.com

## ماخذ و مراجع

# کتابیات

## الف


| | تصنیف | مصنف | اشاعت |
|---|---|---|---|
| 1 | الدولۃ المکیہ | امام احمد رضا | مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ، لاہور 1988ء |
| 2 | الحجۃ الموتمنہ | امام احمد رضا | مرکزی مجلس رضا لاہور 1994ء |
| 3 | اعتقاد الاحباب، | امام احمد رضا | رضا اکیڈمی بمبئی |
| 4 | الملفوظ | مفتی اعظم مولانا مصطفےٰ رضا قادری، | قادری مشن، نومحلہ مسجد، بریلی، یوپی |
| 5 | اکرام امام احمد رضا | مولانا برہان الحق جبل پور | مجلس العلماء مظفر پور، 1990ء |
| 6 | امام اہلسنت | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی |
| 7 | انتخاب حدائق بخشش | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | سرہند پبلی کیشنز، کراچی، 1995ء |
| 8 | اجالا | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1984ء |
| 9 | آئینہ رضویات | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی 1993ء |

10 امام احمد رضا اور رد بدعات و منکرات، مولانا یاسین اختر مصباحی، المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1981ء

11 امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں...... مولانا یاسین اختر مصباحی...... رضوی کتاب گھر، دہلی

12 امام احمد رضا اور تصوف...... مولانا محمد احمد مصباحی...... المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1988ء

13 امام احمد رضا کی فقہی بصیرت، مولانا محمد احمد مصباحی، المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1993

14 البریلویہ کا تحقیقی تنقیدی جائزہ، علامہ عبد الحکیم شرف قادری۔ رضا دار الاشاعت نشتر رور لاہور 1991ء

15 امام احمد رضا پر ایک الزام کی حقیقت // بزم رضویہ داتا نگر لاہور


Marfat.com

16 امام احمد رضا اور مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار، ڈاکٹر غلام یحیٰ انجم۔ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی 1991ء

17 انوارالحدیث مفتی جلال الدین امجدی کتب خانہ امجدیہ۔ براؤں شریف

18 انوار احمدی علامہ محمد انوار اللہ حیدر آبادی مکتبہ جام نور دہلی

19 اقبال اور عشق رسول رئیس احمد جعفری کتاب منزل کشمیری بازار، لاہور 1956ء

20 ازہار العرب ابو عبداللہ محمد بن یوسف مکتبہ غریب نواز الہ آباد

21 اصول تحقیق و ترتیب متن ڈاکٹر تنویر علوی ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس 1994ء

22 امام احمد رضا کے منصوبہ (1912ء، کا تجزیہ، ڈاکٹر محمد ہارون، ترجمہ عبدالنعیم عزیزی

23 اردو غزل میں تصوف ولی سے اقبال تک، ڈاکٹر اعجاز مدنی، رضوی کتاب گھر، دہلی 1996ء

24 اقبال اور احمد رضا...... راجا رشید محمود گلوب آفسٹ پرنٹرز دہلی، 1982ء

25 اقبال کے تصورات عشق و خرد...... ڈاکٹر وزیر آغا، ماڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی، 1988ء

26 امتیاز حق راجا غلام محمد المجمع الاسلامی، مبارک پور

27 الجہد المقل مولوی محمود الحسن المطبع البلال سادھورہ

28 البشریٰ مرزا غلام احمد قادیانی جنرل اسٹور گاؤ شالہ موڑ لائیلپور پاکستان

29 افکار رضا مولانا قمر الحسن رضوی کتاب گھر بھیونڈی 1992ء

## ب

30 بدر الانوار فی آداب الآثار امام احمد رضا۔ المجمع الاسلامی، مبارک پور یوپی

31 بخاری شریف، امام محمد بن اسماعیل بخاری، ترجمہ مولانا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری اعتقاد پبلشنگ ہاؤس سوئی والان دہلی

32 باغی ہندوستان علامہ فضل حق خیر آبادی المجمع الاسلامی، مبارک پور یوپی 1984ء

33 بال جبرئیل ڈاکٹر محمد اقبال ایجوکیشنل بک ہاؤس۔ علی گڈھ


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 34 | براہین قاطعہ | مولوی خلیل احمد انبیٹھوی | کتب خانہ دیوبند، یوپی |

## ت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 35 | تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین | امام احمد رضا | مرکزی مجلس رضا لاہور، 1994ء |
| 36 | تمہید ایمان | امام احمد رضا | مکتبۃ الحبیب، الٰہ آباد، یوپی |
| 37 | تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطوغیٰ | علامہ فضل حق خیر آبادی | المجمع الاسلامی مبارکپور، یوپی |
| 38 | تنقیدات وتعاقبات | پروفیسر مسعود احمد مظہری | مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور |
| 39 | توحید کے نام پر | پروفیسر مسعود احمد مظہری | اکیڈمی مشائخ قادریہ رضویہ بنارس |
| 40 | تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ | مولانا عبد المجتبیٰ | رضوی کتاب گھر بھیونڈی 1990ء |
| 41 | تاریخ نعت گوئی میں حضرت رضا بریلوی کا منصب | شاعر لکھنوی | انجمن طبائے اسلام پاکستان 1993ء |
| 42 | تصنیف وتحقیق کے اصول | ڈاکٹر قاضی عبد القادر | مطبوعہ اسلام آباد 1992ء |
| 43 | تقویۃ الایمان | مولوی اسماعیل دہلوی | راشد کمپنی، دیوبند، یوپی |
| 44 | تجلیات امام احمد رضا | قاری امانت رسول پیلی بھیتی | مکتبہ المصطفیٰ بریلی 1987ء |

## ج

| | | | |
|---|---|---|---|
| 45 | جامع الرضوی | مولانا ظفر الدین | حیدر آباد سندھ 1993ء |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 46 | جامع الحیثیات | ابوزہرہ رضوی | رضا ریسرچ اینڈ پبلشنگ بورڈ برطانیہ |

## ح

| | | | |
|---|---|---|---|
| 47 | حسام الحرمین | امام احمد رضا | پرنٹنگ پریس لاہور، 1989ء |
| 48 | حدائق بخشش | امام احمد رضا | رضا دار الاشاعت ضلع بریلی، 1412ھ |
| 49 | حیات مولانا احمد رضا | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا بمبئی 1990ء، |
| 50 | حیات اعلیٰ حضرت | مولانا ظفر الدین بہاری | مکتبہ رضویہ فیروز شاہ اسٹریٹ، کراچی |

## خ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 51 | ختم النبوۃ | امام احمد رضا | پرنٹنگ پریس لاہور 1989ء |
| 52 | خلفائے اعلٰحضرت | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی |
| 53 | خطبات یوم رضا | مولانا محمد عالم، مختار حق | مرکزی مجلس رضا لاہور 1994ء |

## د

| | | | |
|---|---|---|---|
| 54 | دوام العیش | امام احمد رضا | مرکزی مجلس رضا لاہور |
| 55 | دین مصطفٰے | مولانا سید محمد احمد رضوی | مکتبہ جام نور دہلی |
| 56 | دبستان رضا | مولانا یاسین اختر مصباحی | رضوی کتاب گھر دہلی 1995ء |

## ذ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 57 | ذکر جمیل | مولانا محمد شفیع اوکاڑوی | المجمع النوری، مالیگاؤں 1996ء |

Marfat.com

## ر

58 رسائل رضویہ — امام احمد رضا — مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ لاہور 86ء

59 روحوں کی دنیا — امام احمد رضا — رضا اکیڈمی بمبئی 1998ء

60 رہبر ورہنما — پروفیسر محمد مسعود احمد — رضوی کتاب گھر دہلی

61 ردتقویۃ الایمان سے متعلق اہم تاریخی دستاویز مولانا بدرالدین...... رضا اکیڈمی بمبئی 1985ء

62 رضا بریلوی کی نعتیہ شاعری...... ڈاکٹر غلام مصطفٰے، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی 1994ء

## ز

63 زلزلہ — علامہ ارشد القادری — مکتبہ جام نور دہلی

64 زیروزبر — // — //

## س

65 سرور القلوب — مولانا نقی علی خاں — رضا اکیڈمی بمبئی 87ء

66 سیرت اعلیٰ حضرت مع کرامات — مولانا حسنین رضا خاں — سنی رضوی اکیڈمی ماریشش افریقہ 93ء

67 سبع سنابل شریف — خواجہ میر عبدالواحد بلگرامی — رضوی کتاب گھر دہلی

68 سوانح اعلیٰحضرت — مولانا بدرالدین — مدرسہ اہلسنت گلشن رضا بکارو اسٹیل سیٹی 1994ء

69 سیرت رسول عربی اور ہماری زندگی ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری دارالعلوم قادریہ چریا کوٹ اعظم گڈھ

70 سواد اعظم...... مولانا یاسین اختر مصباحی...... رضی کتاب گھر...... دہلی

71 سیرت امام احمد رضا...... علامہ اختر شاہجہاں پوری...... رضوی کتاب گھر بھیونڈی 1994ء

72 سرسید احمد خاں اور ان کا عہد...... پروفیسر ثریا حسین ایجوکیشنل بک ہاؤس۔ علی گڈھ 93ء

Marfat.com

## ش

| | | | |
|---|---|---|---|
| 73 | شفاء الوالہ | امام احمد رضا | رضا اکیڈمی لاہور پاکستان |
| 74 | شرح سلام رضا | مفتی محمد خان قادری | مکتبہ نظامی بھیونڈی 1994ء |
| 75 | شریعت و طریقت | حضرت شاہ ابوالحسین احمد نوری | مکتبہ جام نور دہلی |
| 76 | شمع ہدایت | مفتی محمد عبدالحفیظ | مطبوعہ کراچی |
| 77 | شرح اسرار خودی | پروفیسر یوسف سلیم چشتی | ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڈھ |

## ص

| | | | |
|---|---|---|---|
| 78 | صحیح مسلم (شرح نووی) | ترجمہ مولانا وحید الزماں | اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی |
| 79 | صحیفۂ کمال | پروفیسر نکہت شاہجہاں پوری | نکہت منزل شاہجہانپور 1973ء |
| 80 | صراط مستقیم | مولوی اسماعیل دہلوی | کتب خانہ رحیمیہ دیوبند یوپی |
| 81 | صحائف اشرفی | مرتب حضرت اشرفی میاں صاحب | ادارہ فیضان اشرف بمبئی 1984ء |

## ع

| | | | |
|---|---|---|---|
| 82 | عاشق رسول | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | مرکزی مجلس رضا لاہور 1977ء |
| 83 | عشق ہی عشق | ″ | المختار پبلیکیشنز سینٹر کراچی 93ء |
| 84 | عشق رسول | ڈاکٹر طاہر القادری | گلشن پبلشرز سری نگر، کشمیر 1992ء |
| 85 | عشق رضا کی سرفرازیاں | مولانا مبارک حسین مصباحی | المجمع المصباحی مبارک پور |

Marfat.com

## ف

| | | | |
|---|---|---|---|
| 86 | فتاویٰ رضویہ | امام احمد رضا | رضا اکیڈمی - 1994 |
| 87 | فتاویٰ افریقہ | امام احمد رضا | مکتبہ کلیمی، ناظر باغ کان پور |
| 88 | فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں | پروفیسر محمد مسعود احمد مظہری | ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور |
| 89 | فاضل بریلوی اور ترک موالات | // // // | ضیاءالقرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور |
| 90 | فقیہ اسلام | ڈاکٹر حسن رضا خان پٹنہ | اسلامک پبلیکیشن سینٹر پٹنہ 1981ء |
| 91 | فیضان سنت | مولانا محمد الیاس قادری | المکتبۃ المدینہ، مینارہ مسجد بمبئی 1409ھ |
| 92 | فتاویٰ رضویہ اور فتاویٰ رشیدیہ کا تقابلی مطالعہ | مفتی مکرم احمد دہلی، | رضوی کتاب گھر دہلی 1996ء |
| 93 | فیض الادب | مولانا محمد بدرالدین | رضوی کتاب گھر بمبئی |
| 94 | فتاویٰ رشیدیہ | مولانا رشید احمد گنگوہی | محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی |
| 95 | فقیہ اسلام بحیثیت شاعر و ادیب پروفیسر مجید اللہ قادری | ادارہ تحقیقات | امام احمد رضا کراچی 91ء |

## ق

| | | | |
|---|---|---|---|
| 96 | قرآن، سائنس اور امام احمد رضا، | ڈاکٹر مجید اللہ قادری | مکتبہ المدینہ بینارہ مسجد بمبئی 1995ء |
| 97 | قائدین تحریک آزادی | مولانا یاسین اختر مصباحی | رضا اکیڈمی بمبئی 97ء |

Marfat.com

## ک

| | | | |
|---|---|---|---|
| 98 | کنزالایمان | امام احمد رضا | رضا اکیڈمی بمبئی |
| 99 | کشف حقائق واسرار دقائق | امام احمد رضا | مکتبۃ الحبیب جامعہ حبیبیہ مسجد اعظم الٰہ آباد |
| 100 | کتاب الشفاء | قاضی عیاض مالکی | مفتی اعظم اکیڈمی گاندھی نگر دہلی 94 |
| 101 | کشف المحجوب | داتا گنج بخش علی ہجویری | رضوی کتاب گھر بھیونڈی 88ء |
| 102 | کلام رضا | اصغر حسین نذیر لدھیانوی | المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1982ء |
| 103 | کلیات اقبال | ڈاکٹر محمد اقبال | مطبوعہ دہلی |

## گ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 104 | گناہ بے گناہی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | المجمع الاسلامی مبارک پور یوپی 93 |
| 105 | گلشن رضا | حافظ محمد طاہر رضا | رضا اکیڈمی لاہور |
| 106 | گنج ہائے گرانمایہ | پروفیسر رشید احمد صدیقی | ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڈھ |

## ل

107 لطائف اشرفی، حضرت سید مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی، ترجمہ مفتی محمد خلیل خاں برکاتی (دانش بکڈ پو ٹانڈہ) 1995ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| 108 | لالہ زار | علامہ ارشد القادری | مکتبہ جام نور دہلی |


Marfat.com

## م

| | | | |
|---|---|---|---|
| 109 | مزارات پر عورتوں کی حاضری | امام احمد رضا | المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی |
| 110 | مقال عرفاء باعزاز شرع وعلماء | امام احمد رضا | سمنانی کتب خانہ میرٹھ یوپی |
| 111 | مرأت المناجیح، شرح مشکوۃ المصابیح | مفتی احمد یار خان نعیمی | ادبی دنیا مٹیا محل دہلی |
| 112 | مدارج النبوۃ شریف | شیخ عبدالحق محقق دہلوی | ادبی دنیا مٹیا محل دہلی |
| 113 | مکاشفۃ القلوب | امام غزالی | رضوی کتاب گھر غیبی نگر تھانہ بمبئی |
| 114 | مقام نبوت | سید افتخار الحسن زیدی | مکتبہ نعیمیہ سنبھل، یوپی |
| 115 | منازل ولایت | مولانا عالم فقری | رضوی کتاب گھر بھیونڈی تھانہ 94ء |
| 116 | مثنوی مولانا روم | مولانا جلال الدین رومی | سب رنگ کتاب گھر دہلی |
| 117 | محاسن کنزالایمان | علامہ غلام رسول سعیدی | مرکزی مجلس رضا لاہور |
| 118 | مولانا احمد رضا خاں کی نعتیہ شاعری | ڈاکٹر غلام مصطفٰے | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی |
| 119 | مجدد الف ثانی اور اعلحضرت امام احمد رضا | ڈاکٹر غلام مصطفٰے | مرکزی مجلس رضا لاہور پاکستان |
| 120 | محدث بریلوی | ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی 1993ء |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 121 | مجدد اسلام | مولانا نسیم احمد صابر القادری | مکتبہ امجدی بچھڑ وا بازار، گونڈہ یوپی |
| 122 | مولانا احمد رضا بریلوی ایک ہمہ جہت شخصیت | مولانا کوثر نیازی | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی |
| 123 | مولانا اسماعیل دہلوی اور تقویۃ الایمان | شاہ ابوالحسین زید فاروقی | شاہ ابوالخیر اکاڈمی دہلی 1950ء |
| 124 | مکتوبات سید احمد شہید محمد جعفر تھانیسری | منڈی بہاء الدین | گجرات |
| 125 | مشاہدات کابل ویاغستان محمد علی قصوری | انجمن ترقی اردو | کراچی |
| 126 | مکتوبات صدی حضرت شرف الدین یحیٰ منیری | کتبہ بیت الشرف بہار شریف 1993ء | |
| 127 | محمد تقی میر | ڈاکٹر جمیل جالبی | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی 1983ء |
| 128 | مکتوبات امام احمد رضا | مولانا محمود احمد قادری | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی |
| | | ن | |
| 129 | ننگ دین ننگ وطن | پروفیسر فیاض کاوش | مکتبہ نظامی بھیونڈی بمبئی |
| 130 | نقش حیات | مولانا حسین احمد مدنی | مطبوعہ دہلی 1954 |
| | | و | |
| 131 | وصایا شریف | مولانا حسنین رضا بریلوی | المجمع الاسلامی مبارکپور یوپی 1983ء |
| | | ی | |
| 132 | یادگار رضا | 1994ء | رضا اکیڈمی بمبئی |

Marfat.com

## رسائل


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سنی دنیا | بریلی شریف یوپی | | |
| 2 | اشرفیہ | مبارکپور یوپی | | |
| 3 | قاری | امام احمد رضا نمبر | دہلی | |
| 4 | الکوثر | | سہسرام بہار | |
| 5 | الحسنات | شخصیات نمبر | رام پور، یوپی | |
| 6 | افکار رضا | سہ ماہی | بمبئی | |
| 7 | حجاز جدید | | دہلی | |
| 8 | نور ونظر | | کرناٹک | |
| 9 | تحفۂ حنفیہ | | پٹنہ بہار | |
| 10 | پیغام رضا | 1996/1417 | پوکھریرا | |
| 11 | پاسبان | مارچ اپریل 1992ء | الہ آباد | |
| 12 | جہان رضا | | لاہور پاکستان | |
| 13 | فروغ اردو | غالب نمبر نومبر دسمبر 1968 | لکھنؤ | |
| 14 | ہدیٰ اسلامی ڈائجسٹ | دسمبر 1995ء | دہلی | |
| 15 | معارف | فروری 1926 | اعظم گڈھ | |
| 16 | معارف رضا | | لاہور پاکستان | |
| 17 | نقوش | شمارہ 35 | قاضی عبدالودود | |


## لغات


| | | |
|---|---|---|
| 1 | المنجد | مکتبہ مصطفائیہ دیوبند |
| 2 | کشوری | نول کشور پریس لکھنؤ 1981 |
| 3 | فیروز اللغات | اعجاز پبلشنگ ہاؤس دہلی 1994ء |
| 4 | لسان العرب جلد دہم | مطبوعہ بیروت |


Marfat.com

۷۸۶

۹۲

# آئینۂ مولف

تالیف ............ امام احمد رضا اور عشق مصطفےٰ

مولف ............ غلام مصطفےٰ نجم القادری۔ (ڈگریاں صرف نجم القادری کے نام سے ہیں)

ولادت ............ ۱۱؍جون ............ ۱۹۶۵ء۔

وطن مالوف ............ ردولی شریف، پوسٹ ہمایوں پور، وایا نان پور۔ ضلع سیتامڑھی۔ بہار

ابتدائی تعلیم ............ والدگرامی مرحوم عابد حسین صاحب۔ جدامجد حافظ محمد ادریس صاحب۔ وحافظ محمد زین الدین صاحب

درس نظامی ............ شرح جامی تک۔ گہوارۂ علم وفن جامعہ قادریہ مقصود پور۔ مظفر پور۔

فاضل دینیات ............ مرکز اہلسنت جامعہ رضویہ منظر اسلام ............ بریلی شریف۔ یوپی

شیخ طریقت ............ تاجدار اہلسنت، نور دیدۂ اعلحضرت حضور مفتیٔ اعظم ہند، حضرت مولانا الشاہ محمد مصطفےٰ رضا قادری بریلی شریف۔

ممتاز اساتذۂ کرام ...... (۱) استاذ العلماء حضرت علامہ محمد احسان علی صاحب علیہ الرحمہ محدث اعظم بہار۔

(۲) جانشین حضور مفتی اعظم ہند تاج الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان صاحب قبلہ بریلی شریف

(۳) ...... صدر العلماء حضرت علامہ مولانا محمد تحسین رضا خانصاحب قبلہ سابق شیخ الحدیث جامعہ رضویہ منظر اسلام ............ بریلی شریف

(۴) ...... مناظر اہلسنت فخر بہار حضرت علامہ مفتی محمد اسلم رضوی صاحب خلیفہ حضور مفتی اعظم ہند بریلی شریف ...... بانی ومہتمم جامعہ قادریہ، مقصود پور۔ مظفر پور بہار۔

Marfat.com

فون: 56963932/6700767

# سجادہ نشین خانوادۂ عالیہ قادریہ چشتیہ حقانیہ بنگلور
# و
# صدر سنی جمعیۃ العلماء آل کرناٹکا۔ و صدر جمعیۃ الصوفیہ، جنوبی ہند

حضرت علامہ مولانا مفتی سید شاہ حسن محمد شمس الحق الحسنی والحسینی الحقانی القادری البغدادی کی ذات گرامی کوئی محتاج تعارف نہیں۔ حضرت والا کا شمار ہندوستان میں چوٹی کے علماء مشائخ میں ہوتا ہے، آپ سید السادات آل رسول، اولادِ غوث پاک میں سے ہیں۔ حضرت والا شمس العلماء والمشائخ کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔ آپ ہمہ وقت دین وسنیت کی خدمت کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ تقریباً پچیس سال سے سنی جمعیۃ العلماء کے صدارت کے عہدہ پر فائز ہیں آپ مفتی اعظم آل کرناٹکا بھی ہیں، ریاست وغیر ریاست سے آپ کی بارگاہ میں فتاوے ہمہ وقت آتے رہتے ہیں اور آپ کا جواب پاکر مطمئن ہوتے ہیں، آپ ہمہ وقت قوم وملت کے اصلاح کی فکر رکھتے ہیں اور جہاں جیسی ضرورت ہوتی ہے وہاں ویسی خدمت انجام دے کر دین متین کی تبلیغ فرماتے ہیں ۔یہی وجہ ہے کہ آپ کی بارگاہ میں ہمیشہ لوگوں کا آنا جانا رہتا ہے، آپ ہمیشہ فکر کرتے ہیں، جس طرح بھی ہو مسلمان اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنے والا بن جائے اور بزرگان دین کے دامن کرم سے وابستہ ہو کر اپنے عقبیٰ کی دولت سے مالا مال ہو جائے۔ آپ جہاں جاتے ہیں چاہے اپنوں کی محفل ہو یا غیروں کی سب کو آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کی دعوت دیتے ہیں اور حق بات کہنے سے کسی کا پاس ولحاظ نہیں فرماتے۔ آپ کے دین وسنیت کے خدمات صرف ہندوستان میں نہیں بلکہ پورے ایشیاء یورپ وافریقہ کے بیشتر علاقہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔ آپ جہاں ایک عالم باعمل ہیں وہی مشائخ بھی آپ کے مریدین کا حلقہ دنیا بھر میں پھیلا ہوا ہے۔ خاص طور پر سنگاپور، ملیشیا، انڈونیشیا، فلپائن، بنکاک، برونئی، دارالسلام، سری لنکا، مالدیپ، امریکہ، سعودیہ عربیہ، انگلینڈ قابل ذکر ہیں۔ حضرت والا اپنے بزرگان دین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مصطفےٰ جانِ رحمت کی پیاری امت کو رشد وہدایت بھی فرماتے ہیں اور اصلاح نفس کی خاطر بکثرت ذکر واذکار کی محفلیں قائم فرماتے ہیں۔ پھر لوگوں کو رشد وہدایت بھی فرماتے ہیں یہ طریقہ آپ کے دادا جان حضرت قطب الاقطاب سید محمد سرصاد بادشاہ قادری البغدادی قدس اللہ سرہ کا تھا جو حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ کے حکم پاک سے بغداد سے ہندوستان تشریف لائے اور ریاست میسور کرناٹک شہر بنگلور میں قیام فرمائے۔ آپ کے رشد وہدایت سے ایک عالم نعمت عقبیٰ سے مالا مال ہوئے عرب ممالک کو چھوڑ کر صرف ہندوستان میں اس دور میں چھ لاکھ سے زائد مریدین تھے، آپ باکرامت بزرگ تھے آپ کی بے شمار کرامتیں تھیں جو کئی بار آل انڈیا ریڈیو دہلی سے نشر کی گئیں لوگوں نے حضرت کے کرامت کو سنا اور اپنے ایمان کو تازہ کیا۔ ان کرامتوں سے ایک ریاست میسور کے

Marfat.com

مہاراجہ کے دیوان پی کرشنا مورتی کی اکلوتی بیٹی کا بھی ہے جو سنِ بلوغ کو پہونچنے کے بعد آسیب کے خلل سے اپنے بدن کے کپڑے اتار پھینکتی ہے اور مادر زاد ننگی رہنے لگتی ہے، تقریباً یہ سلسلہ بارہ سال تک رہا اس دوران ریاست و غیر ریاست سے نہ جانے کتنے عامل کامل سادھو سنت آئے علاج کے لئے ،لیکن کسی کو بھی کامیابی نہیں ملتی ہے ہر کوئی ناکام و نامراد لوٹے ہیں یا تو لڑکی کے حملے میں اپنی جان تک گنوا بیٹھے ہیں، شدہ شدہ حضرت قطب الاقطاب کی خبر جب دیوان پی کرشنا مورتی کو ملتی ہے حضرت کی بارگاہ میں سوالی بنکے آتا ہے، اپنی پریشانی جو بارہ سال سے جھیل رہا تھا، حضرت کو سناتا ہے حضرت کو اس کے حال پر رحم آتا ہے، آپ پی کرشنا مورتی کے محل میں تشریف لے جاتے ہیں، اس وقت آپ کے ہمراہ تقریباً پانچ چھ ہزار لوگوں کا مجمعہ تھا اور آپ پی کرشنا موریتی سے ارشاد فرماتے ہیں اپنی بیٹی کو بلاؤ، پی کرشنا مورتی کو حضرت کے ارشاد سے آنکھوں میں آنسو بھر جاتا ہے اور عرض گذار ہوتا ہے حضرت وہ تو بارہ سال سے ننگی ہے ہم نے بارہ سال سے اپنی چہیتی بیٹی کو نہیں دیکھ پایا ہے۔ اتنے سارے غیر مردوں میں کیسے آئے گی، تو آپ ارشاد فرماتے ہیں ہم نے کہانا، جاؤ اپنی بیٹی کو بلاؤ،، مجبوراً پی کرشنا مورتی دیوان اپنی بیوی سے کہتا ہے، بیوی بیٹی سے کہتی ہے، حضرت بلا رہے ہیں، اتنا سننا تھا کہ بارہ سالہ مریضہ امی سے کپڑے مانگتی ہے، الغرض یہ کہ ماں کپڑے لاکر دیتی ہیں اور بیٹی کپڑے پہن کر حضرت قطب الاقطاب کی بارگاہ میں حاضر ہوتی ہے حضرت قطب الاقطاب ارشاد فرماتے ہیں بیٹی دوبارہ ایسی شرارت نہ کرنا، بس بارہ سالہ مریضہ کا علاج ہو گیا، لوگ حیران ہیں، دیوان کرشنا مورتی خوشی کے آنسو روتا ہے اور حضرت کے قدموں پر اپنی جبینِ عقیدت کو جھکا دیتا ہے۔ اس کرامت کو دیکھ کر کئی ایک غیر مسلم مشرف با اسلام ہو گئے۔ حضرت قطب الاقطاب سید محمد مرصاد شاہ قادری البغدادی قدس سرہ العزیز نے یوں تو کئی بار حج و زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے ،لیکن ایک دفعہ کا حج قابل ذکر ہے۔ جب حضرت قطب الاقطاب اگبوٹ میں حج کے لئے روانہ ہوئے، بیچ سمندر جہاز طغیانی میں پھنس جاتا ہے۔ ہزار کوششوں کے باوجود جہاز کا کپتان جو انگریز تھا جہاز کو بچانے سے عاجز ہو کر اعلان کر دیتا ہے ہر کوئی اپنے اپنے معبودوں کو یاد کرے کیونکہ مرنا یقینی ہے، کوئی امداد نہیں پہنچ سکتی ، طغیانی زوروں پر ہے اور جہاز کا کچھ حصہ زیر آب ہو چکا ہے، مسافروں میں ہلچل مچ گیا، غرض یہ کہ ہر طرف موت ہی موت نظر آ رہی تھی ایسے ماحول میں جہاز کا کپتان اس کیبن میں آتا ہے، جہاں حضرت قطب الاقطاب جلوہ فرما تھے۔ کپتان نے خبر دی کہ جہاز اب چند لمحوں میں غرق ہو جائے گا لیکن اس مجلس کے لوگ کوئی ٹس سے مس نہ ہوئے، انگریز کپتان سونچتا ہے یہ کیسے لوگ ہیں جنہیں کچھ بھی فکر نہیں ہے انگریز کپتان حیرت بھرے لہجے میں حضرت قطب الاقطاب سے سوال کرتا ہے کیا آپ لوگوں کو جہاز کے غرق ہونے کی خبر نہیں ہے، جو آپ سب اطمینان سے بیٹھے ہوئے ہیں، پورے جہاز میں ہلچل مچ رہی ہے، حضرت قطب الاقطاب انگریز کپتان سے پوچھتے ہیں تم کیوں پریشان ہو، انگریز کہتا ہے کہ ہم جہاز میں اور جہاز سمندر میں اور سمندر میں طوفان ہے۔ بچنے کی کوئی امید نہیں، حضرت قطب الاقطاب قدس سرہ نے ارشاد فرمایا کہ تم اس

Marfat.com

لئے روتے ہو کہ تم سمندر میں ہو اور ہم اس لئے مطمئن ہیں کہ ایسے کئی سمندر ہمارے میں گم ہیں۔ جس کو تم سمندر کہتے ہو وہ ایک قطرہ ہے سمندر ہم ہیں۔ سمندر ہمیں کیسے غرق کرے گا، فرمایا سمندر میں جل ہے، جل میں لہر اور لہر میں ہم ہیں تو کپتان نے اپنی ٹوپی قطب الاقطاب کے قدموں میں رکھدی اور دعا کی درخواست کی، قطب الاقطاب نے ہاتھ اٹھایا اور سورۂ یاسین شریف پڑھنا شروع فرمایا جیسے جیسے پڑھتے جاتے تھے ویسے ویسے طوفان تھمتا جاتا تھا اور سمندر کے اندر جتنا حصہ غرق ہوگیا تھا وہ بھی باہر آ گیا۔ یہ کرامت دیکھ کر کپتان اور کئی غیر قوم مسافرین حضرت قطب الاقطاب کے دست حق پرست پر مشرف با اسلام ہوگئے۔ یہ ہے اللہ والوں کی شان، دین متین کی تبلیغ، ایسے باکرامت بزرگ کے پوتے اور حضرت عارف باللہ ولی کامل حضرت مولانا سید شاہ محمد امیر الحق بادشاہ قادری قدس اللہ سرہ العزیز جو ایک باکمال ولی گذرے ہیں جن سے بھی کئی کرامتوں کا صدور ہوا ہے، جس کے لئے ایک علیحدہ کتاب درکار ہے۔ آپ کے فتاوے نہ صرف ہندوستان میں بلکہ عربستان میں بھی عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ آپ کے فرزند اکبر صدر سنی جمعیۃ العلماء حضرت علامہ مولانا مفتی سید حسن محمد شمس الحق الحسنی والحسینی الحقانی القادری البغدادی ہیں جو حقیقی جانشین ہیں۔ حضرت قطب الاقطاب کے اور حضرت قطب الاقطاب اور اپنے والد بزرگوار قدس اللہ سرہ کے مشن کو جاری وساری رکھے ہوئے ہیں۔ حضرت جانشین پیر طریقت رہبر شریعت مفتی سید شاہ حسن محمد شمس الحق الحسنی والحسینی الحقانی القادری البغدادی کا قیام حضرت لقاء اللہ شاہ قادری المعروف حضرت لنگر شاہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کے آستانے کے عقبی حصے میں جہاں آپ کے آباء واجداد نے خانقاہ شریف تعمیر فرمایا تھا جن کے آپ سجادہ نشین ہیں۔ لوگ آتے ہیں آپ کے فیوض وبرکات سے مالا مال ہوکر اپنے ایمان وعقیدے کو مضبوط کرتے ہیں، کئی ایک غیر مسلموں نے آپ کے دست اقدس پر ایمان لاکر دارین کے نعمتوں سے سرفراز ہوئے، بہت سارے بدعقیدہ آپ کے رشد وہدایت سے راہ راست پر آئے۔ اللہ رب العزت حضرت صدر سنی جمعیۃ العلماء کا سایہ سنیوں کے لئے تادیر قائم ودائم رکھے آمین بحرمۃ سید الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

Marfat.com

إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ

بے شک ہم نے عجیب قرآن سُنا جو بھلائی کی راہ دکھاتا ہے (القرآن)

# عجائب القرآن

مع

# غرائب القرآن

تالیف

شیخ الحدیث حضرت علامہ عبد المصطفےٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ۔ لاہور
Phone
0333-4383766
042-7213575

Marfat.com

Marfat.com


زبان میری ہے بات ان کی
ختم نبوت زندہ باد
شانِ رسول
تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبدالقادر
چشمۂ علم و حکمت
سیرتِ غوثِ اعظم
جہانِ انبیاء
فتوح الغیب
سر الاسرار
بزرگ
خطباتِ الٰہیہ
قرآن حکیم کا
تصورِ نبوت و ولایت
معجزاتِ رسولِ کریم
تذکرہ مجددینِ اسلام
کیا آپ جانتے ہیں؟
سیرت و خطباتِ غوثِ اعظم
قادری رضوی کتب خانہ
گنج بخش روڈ، لاہور

Marfat.com